Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

جنونی عشق

امان چوہدری

:آٹھ سال بعد

اسکی گاڑی کے پہلے ہارن پر ہی گارڈ نے ہمیشہ کی طرح بھاگ کر دروازہ کھولا۔ گاڑی اندر لاتے اسنے گاڑی کی ونڈو سے نظر آتے گارڈ کو سر کو خم دیتے شکریہ کہا تو وہ مسکراتے گیٹ بند کرنے لگے۔۔

ڈرائیونگ سیٹ کا دروازہ کھولتے اسنے اپنا بیگ اور کوٹ اٹھاتے مسکراتے سامنے دیکھا۔

لیکن اسکی مسکراہٹ مدھم پڑی تھی۔

اسنے اچنبھے سے خالی جگہ کو دیکھا جہاں روز کی طرح اسکی بیوی اسکے استقبال کے لیئے نہیں آئی تھی۔۔

اور پھر آج تو آیا بھی وہ دو دن بعد تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کچھ حیران ہوتا اندر کی طرف بڑھ گیا۔

آج ہمیشہ کی طرح اسکے بچے لاونج میں بیٹھے پڑھائی کے بہانے اسکا انتظار نہیں کر رہے تھے۔۔

اسے حیرانی ہوئی تھی۔وہ اتنا لیٹ تو نہیں آیا تھا۔

چونکہ وہ دو دون کے لیئے آوٹ اوف سٹی گیا ہوا تھا۔۔وہ جب بھی آفس سے واپس آتا دروازے پر ہی اسکی بیوی بچے ہستے مسکراتے چہروں کے ساتھ اسکے استقبال کے لیئے اسکی کھڑے اسکی تھکان دور کر دیتے تھے۔

لیکن اج وہ دو دن بعد گھر آیا تھا۔۔پھر بھی کوئی نہیں آیا تھا۔

سب روٹین کے مطابق آٹھ بجے ہی کھانا کھاتے اپنے کمروں میں جا چکے تھے۔۔

وہ سرد سانس چھوڑتا اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہستہ سے کمرے کا دروازہ کھولتے وہ اندر آیا تو اسکا استقبال اندھیرے نے کیا۔

وہ جتنا حیران ہوتا اتنا کم تھا۔۔وہ جانتا تھا اسکی بیوی اندھیرے سے کتنا ڈرتی ہے۔

خیر ہاتھ مار کر اسنے لائیٹس اون کی تو سامنے ہی وہ دشمن جاں بیڈ پہ لیٹی ہوئی تھی۔اسکے پاس ہی تین سالہ میثم بلکل اسی کے سٹائل میں سو رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

دو دن تک اسے دیکھے بنا رہنے اسکی جان سولی پہ لٹکانے کے مترادف تھا اور اس پر تضاد وہ اسکے جانے پر اس سے ناراض ہوتی دو دن سے بات بھی نہیں کر رہی تھی۔۔

دھیمی مسکراہٹ لبوں پر سجائے وہ دبے قدموں سے بیڈ کی طرف بڑھا۔۔

جھک کر میثم کا ماتھا چومتے اسنے نرمی و احتیاط سے اسے اٹھاتے کمرے میں رکھے اسکے چھوٹے سے بیڈ پر ڈالا اسکے ارد گرد تکیے رکھتے وہ اسکے ادھ کھلے ہونٹوں کو دیکھتا مسکرایا۔

وہ نا صرف اپنی ماں جیسا دکھتا تھا بلکہ اسکی ہر ایک عادت بھی اپنی ماں جیسی تھی سوائے آنکھوں کے اسنے اپنے باپ سے کچھ نہیں لیا تھا۔

بے اختیار جھکتے اپنے بیٹے کے ادھ کھلے ہونٹوں پر بوسہ دیتے پیچھے ہوا تھا۔

وہ ماں کی طرح منہ بگاڑتا کسمسا کر دوبارہ سو گیا۔

وہ اسکی حرکت پر مدھم سا ہستا اپنی متاعِ جاں کی طرف بڑھا۔۔

پاؤں کو شوز کی قید سے آزاد کرتے کہنی کے بل اسکے قریب نیم دراز ہوتے وہ چہرہ جھکائے اسے دیکھنے لگا۔

آٹھ سال گزر گئے لیکن اسکی بیوی کی خوبصورتی میں زرا برابر بھی فرق نہیں آیا تھا بلکہ وہ دن بہ دن خوبصورت سے خوبصورت ترین لگتی تھی اسے۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے نیم وا کھلے ہونٹوں کو دیکھ وہ مسکرایا۔۔

جانم۔۔ سرگوشی میں کہتے اسنے اسکے ماتھے پر لب رکھے تو اسے لگا جیسے جلتے انگارے کو چھو لیا ہو۔

وہ تڑپ کر سیدھا ہوا تھا۔۔

مہر میر جان آنکھیں کھولیں۔۔ اسکے چہرے سے بال ہٹاتا وہ بے چینی سے بولا تھا۔

مرتسم کی آواز سنتے مہر نے نیم وا آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔۔

اسے اپنے سامنے دیکھتے اسکی نیم وا آنکھیں پوری کھولیں تھیں۔

اسنے بے یقینی سے اسے دیکھا وہ واقعی میں آگیا تھا۔۔

مہر نے ہاتھ اٹھتے اپنی آنکھیں مسلیں۔۔

جیسے ہی اسکا ہاتھ ہلا اسکے ہاتھ میں پہنی چوڑیاں چھنک اٹھیں۔

جانم دو ہی دن میں یہ کیا حال کر لیا ہے آپ نے اپنا۔۔ وہ اسکے سر کے نیچے ہاتھ رکھتا اسے اٹھا کر بٹھاتا فکر مندی اور پریشانی سے بولا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیڈ کروان سے ٹیک لگاتے اسنے میثم کی تلاش میں نظریں گھمائیں تو وہ اسے سامنے ہی اپنے بیڈ پر لیٹا نظر آیا۔۔

نظریں پھیرتے اسنے کچی نیند کے خمار سے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

اسے اچانک اپنے سامنے دیکھتے آنکھوں میں تیزی سے نمی اتری تھی وہ چہرہ موڑ گئ۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہر میری جان۔۔وہ اسکے چہرہ موڑنے پر تڑپ کر اسکے قریب ہوا تھا۔۔

کب سے ہے یہ حالت آپکی اور اپنے مجھے بتایا کیوں نہیں۔۔وہ تھوڑی سے تھام کر اسکا چہرہ اپنے سامنے کرتا خفگی بولا تھا۔۔

اسکے وجود سے جیسے بھانپ نکل رہی تھی۔

وہ شکوہ کناں نظروں سے اسے دیکھتی رہی لیکن بولی کچھ نہیں۔

جانم کچھ تو بولیں۔وہ اسکی آنکھیں چومتا اسکی آواز سننے کو بے قرار سا بولا تھا۔۔

وہ نظریں جھکائے بیٹھی رہی۔۔

اب ایسے سزا دیں گی اپنے شاہ کو۔۔وہ اسے نرمی سے اپنی گود میں بٹھاتا بولا۔۔

اسکی بے باکی پر مہر نے گھبرا کر میثم کو دیکھا تھا جو انکی طرف سے کروٹ لیے گہری نیند میں سو رہا تھا۔۔

جان۔۔وہ اسکا دھیان اپنی طرف کرتا سرگوشی میں بولا۔۔

مہر کے وجود کی تپش سے اسے اپنا وجود بھی جھلستا محسوس ہو رہا تھا۔۔

اب کیوں آئے ہیں۔۔وہ اسکی سرگوشی پر نروٹھے پن سے بولی۔

مجھے تو آنا ہی تھا اپکے پاس۔۔وہ اسے خود میں بھینچتا مدھم لہجے میں بولا۔۔

نہیں آتے وہیں رہ جاتے جیسے دو دن پہلے مجھے چھوڑ کر چلے گئے تھے۔۔

وہ اسکے سینے پر تھوڑی ٹکائے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

لہجے میں خفگی تھی۔۔

جانم کام بھی تو ضروری ہے نا۔اور یہ سب آپکے لیئے ہی تو کر رہا ہوں۔

تا کے آپکی ہر خواہش پوری کر سکوں۔۔وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے نرمی سے بولا۔۔

میری کوئی خواہش نہیں ہے شاہ آپ پلیز مجھ سے اس طرح سے دور مت جایا کریں آپکو یاد ہے نا پہلے بھی دو بار آپ میرے منع کرنے کے باوجود چلے گئے تھے اور کونسی قیامت آتے آتے رہ گئی تھی۔۔وہ اسکی گردن میں بانہیں ڈالتے اسکے سینے میں چہرہ چھپائے بولی۔

مرتسم نے بے بسی سے اسے دیکھا۔

وہ آج بھی اس حادثے سے خوفزدہ تھی۔

آخری بار ہارون شاہ کے حویلی میں حملہ کرنے والا حادثہ وہ بامشکل ہی بھلا پائی تھی دوسرے حادثے نے اسے بری طرح سے خوفزدہ کر دیا تھا۔

اتنا خوفزدہ کے وہ مرتسم کو اپنی نظروں سے دور نہیں کرتی تھی۔۔

چار سال گزر گئے اس حادثے کو لیکن وہ ابھی بھی پہلے دن کی طرح اس حادثے کو یاد کرتے ڈر جاتی تھی۔۔

اچھا میری جان آئیندہ نہیں جاؤں گا۔۔پرامس۔۔وہ اسے خود میں بھینچتے محبت سے بولا۔جانتا تھا یہ بخار بھی اسنے دو دن اسکی فکر میں نڈھال ہوئے چڑھایا ہو گا۔

Posted On Kitab Nagri

کب سے ہے بخار آپکو کل تک تو ٹھیک تھیں آپ۔۔وہ فکر مندی سے اسکا ٹیمپریچر چیک کرتا پوچھ رہا تھا۔

کل رات سے ہے۔۔وہ لاپرواہی سے بولی۔

اور آپ نے مجھے بتانا ضروری بھی نہیں سمجا۔وہ اسے گھورتے بولا۔

مینے میڈیسنز لی ہیں شاہ۔وہ اسکی شرٹ کے بٹنوں سے کھیلتی سائیڈ ٹیبل کی طرف اشارہ کرتی بولی۔

مرتسم نے چہرہ موڑتے دیکھا وہاں کچھ میڈیسنز پڑی تھیں جن میں سے دو، دولی ہوئ تھیں۔

لیکن ٹیمپریچر تو آپکو ابھی بھی بہت زیادہ ہے۔۔وہ اسکا گرم ماتھا چھوتے بولا۔۔

نہیں شاہ میں بلکل ٹھیک ہوں یہ شائید مینے بلیکنٹ لیا ہوا تھا اس لیے اتنا باڈی ہیٹ اپ ہو رہی ہے۔۔

وہ ہنوز لاپرواہی سے بول رہی تھی۔۔

مرتسم نے تاسف سے اسے دیکھا جانتا تھا اب اسنے کہہ دیا ٹھیک ہے تو وہ کسی بھی طرح نا تو اب کوئ میڈیسن لے گی نا ہی ڈاکٹر پاس جائے گی۔۔

مجھے مس کیا۔۔وہ بیڈ کروان سے ٹیک لگاتا اسے خود پہ گرائے پوچھنے لگا۔

مہر نے نروٹھے پن سے اسے دیکھا۔۔

بلکل بھی نہیں۔ناک چڑھاتے کہا تھا۔

مرتسم نے لب دباتے مسکراہٹ روکی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا لیکن مینے تو آپکو بہت مس کیا۔۔اسکا ماتھا چومتے جذبات سے چور لہجے میں بولا۔۔

مہر مسکائ تھی۔۔ستا ہوا چہرہ اچانک کھل اٹھا تھا اسکی موجودگی سے۔۔

میری پرنسسز اور شہزادہ کہاں ہے۔۔مرحا اور حازق کے بارے میں پوچھتے اسکے لہجے میں چھلکتی محبت پر وہ مسکرائ تھی۔۔

اپنے کمرے میں۔۔وہ سامنے دروازے کی طرف اشارہ کر گئ۔۔

مرتسم کے کمرے میں جہاں پہلے بک ریک بنا ہوا تھا جو مرتسم اور مہر کے کمرے کو ملاتا اب اسکی جگہ خوبصورت سے دروازے نے لے لی تھی۔۔

مہر کا کمرہ اب انکے بچوں کا کمرہ بن چکا تھا۔جسکا ایک دروازہ مرتسم اور مہر کے کمرے میں تھا۔

وہ دروازہ ایسے لگایا گیا تھا کہ جیسے خوبصورت سی دیوار سجائی گئ ہو۔

غور سے دیکھنے پر ہی معلوم ہوتا تھا کہ وہ کوئ دروازہ ہے۔۔

میں انسے مل کے ابھی آیا۔۔

وہ اسے بیڈ پہ بٹھاتا بولا۔

میں بھی آپکے ساتھ چلتی ہوں۔شام سے مینے انہیں نہیں دیکھا۔

وہ اپیا کے پاس تھے۔

پتہ نہیں کھانا بھی کھایا ہو گا یا نہیں۔وہ ڈوپٹہ اٹھاتے فکرمندی سے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جانتی تھی اسکے بچے باپ یاماں کی موجودگی کی بغیر کھانا نہیں کھاتے تھے۔

باپ کی سچویشن تو وہ پھر بھی سمجھ جاتے تھے لیکن ماں کے لیئے حد درجہ پوزیسیسو تھے۔

وہ تینوں بچے اپنی ماں کے لاڈلے تھے۔

لیکن باپ کے معاملے میں وہ آج بھی دوسرے نمبر پر تھے کیونکہ پہلے نمبر تو انکی ماں تھی جو انکے باپ کی لاڈلی تھی۔۔

آہستہ سے دروازہ کھولتے وہ دبے پاؤں اندر آئے تھے۔۔

پورا کمرہ بچوں کی چیزوں سے سجا پڑا تھا۔۔

ایک طرف کا سارا حصہ پنک تھا تو دوسری طرف کا بڑا حصہ بلو تھا۔

پنک والے حصے کی طرف انکی آٹھ سالہ پرنسسز اپنے بیڈ پر کرٹنز کے بیچ سو رہی تھی۔ تو دوسری طرف بلو والے حصے میں انکا شہزادہ سو رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکے ساتھ کا ایک بیڈ تھا وہ خالی تھا جو کہ میسم کے لیئے لیکن وہ ابھی چھوٹا تھا اس لیے وہ انکے ساتھ ہی سوتا تھا۔

کمرے میں آہٹ پاتے ہی انکے زہین بیٹے کی چھٹی حس بید ہوئی تھی اسنے سرعت سے آنکھیں کھولتے اپنے سامنے پنک کرٹنز میں سوئی اپنی گڑیا کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ٹھیک تھی لیکن اسے آہٹ اپنے پیچھے محسوس ہوئی تھی۔۔

مرتسم اور مہر مسکراہٹ دبائے اپنے بیٹے کی حرکتیں دیکھ رہے تھے۔۔

وہ تھا تو آٹھ سال کا لیکن وہ نہایت ذہین بچہ تھا۔

مہر نے صرف اسے ایک بار کہا تھا کہ مرحا تمہاری بہن ہے جسکی حفاظت تمہیں ایسے کرنی ہے جیسے تم اپنی جان کی کر رہے ہو چاہے تم چھوٹے ہو یا بڑے اس پر آئی مصیبت تمہیں خود پر لینی ہے اپنی جان پر کھیل کر بھی تمہیں اسکی حفاظت کرنی ہے۔۔

اور اسنے یہ بات زہن نشین کرلی تھی جیسے کوئی روبوٹک مشین اپنا کمانڈ لیتی ہے۔۔

صرف انہیں ہی نہیں شاہ ولا کے ہر بچے کو ایسی چھوٹی چھوٹی ٹرکس سکھائی گئی تھیں جس سے وہ مشکل وقت میں خود کو بچا سکیں۔۔

وہ سانس روکے پڑا رہا جب اسے اپنے سر پر مہربان لمس محسوس ہوا تھا۔

بابا۔۔ سرگوشی میں کہتا وہ سرعت سے اٹھا تھا۔۔

مرتسم کو اپنے سامنے دیکھ وہ خوشی سے اونچی آواز میں اسے پکارتا اسکے بازوں میں سما گیا۔۔

آئی رئیلی مس یو بابا۔۔ وہ اسکی گردن میں بانہیں ڈالتے بولا تو مرتسم نے مسکراتے اسے خود میں بھینچا۔

بابا مس یو مور میرے شیر۔۔ وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔۔

انکے تینوں بچوں میں ایک وہی تھا جو باپ جیسا دکھتا تھا لیکن اسکی آنکھیں ماں جیسی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مہر مسکراتے انہیں دیکھ رہی تھی جب انکی آواز سنتے پاس سوئی اٹھ سالہ مرحا آنکھیں مسلتی اٹھ بیٹھی۔۔

ننھے ہاتھوں سے وہ ریشمی پردہ پیچھے کھسکاتے اسنے سامنے دیکھا لیکن باپ کو دیکھتے اسکی نیند بھک سے اڑی تھی۔

بابا۔۔وہ بھوری آنکھوں میں چمک لیے سرعت سے باپ کے پاس بھاگی تھی۔۔

ان تینوں نے چونک کر اسے دیکھا۔جو حازق کے بیڈ پہ چڑھتی تیزی سے مرتسم سے لپٹی تھی۔

بابا مرحا نے نے آپکو بہتتتت مس کیا۔۔

وہ اسکی گردن میں بانہیں ڈالتی بہت پہ زور دے کر بولی۔۔

مرتسم نے نرمی سے اسے اٹھاتے اسکا سر پہ بوسہ دیا۔۔

بابا نے بھی مرحا کو بہت سارا مس کیا۔۔اسکے پھولے گال چومتے وہ نرمی سے بولا تو وہ کھکھلا کر ہس دی۔۔

وہ پوری کی پوری ماں کی کاپی تھی۔میسم اور مرحا دونوں نا صرف شکل وصورت میں بلکہ اپنی عادتوں میں بھی بلکل ماں پر گئے تھے۔۔

مام آپکی طعبیت کیسی ہے اب۔۔حازق پاس کھڑی مہر کے چہرے پر ہاتھ رکھتے فکر مندی سے پوچھنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لہجے میں معصومیت تھی۔۔

مام کی جان۔مام بلکل ٹھیک ہیں۔۔وہ اسکا ہاتھ چومتی نرمی سے بولی۔۔

بابا آپکو پتا ہے ماما کو کل سے بہت زیادہ فیور ہے لیکن پھر بھی انہوں نے کھانا بھی نہیں کھایا اور میڈیسن بھی نہیں لی۔۔

مرحامر تسم کے کندھے کی اوٹ سے مہر کو دیکھتے معصومیت سے بولی۔۔

مہر نے اسے مصنوعی گھورا۔۔

ماما ٹھیک ہے بابا کی پرنسز۔۔مرتسم مہر کو اپنے بازو کے حلقے میں لیے پیار سے بولا۔۔

تو وہ سر ہلاتی مہر کا ماتھا چومتے بلکل باپ کی طرح اسے ڈانٹنے لگی کہ وہ اپنا خیال کیوں نہیں رکھتی۔

جبکہ مہر ہس دی۔۔

اسے ہستے دیکھ وہ تینوں بھی مسکرا دیئے۔۔

وہ تینوں بچے اپنی ماں کے دیوانے تھے۔۔

ماں کو زرا سی خراش آنے پر وہ باپ کی طرح پورا گھر سر پہ اٹھا لیتے تھے۔

یہاں تک کہ مہر خود کبھی کبھار حیران رہ جاتی تھی کیونکہ وہ دونوں بہت چھوٹے تھے۔

محض آٹھ سال کے تھے وہ دونوں ہی بلا کے ذہین تھے باپ کی ایک ایک حرکت کو غور سے دیکھتے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ جس طرح مہر کو نرمی سے ٹریٹ کرتا تھا۔

بچے بہت کچھ سیکھتے تھے۔۔

لیکن وہ انجان تھی کہ یہ سب مرتسم کے سکھائے گئے کاموں کا نتیجہ بھی ہے۔

مہر نہیں جانتی تھی کہ مرتسم ہر ویکینڈ پہ جب انہیں باہر لے کر جاتا تھا تو انہیں ہمیشہ ایک نئی بات سکھاتا تھا۔۔

سب سے بڑھ کر اپنی ماں کو ٹریٹ کرنا۔

لیکن وہ بچے تھے سنتے نہیں دیکھتے ہیں۔

وہ جب مرتسم کے ساتھ باقی سب کو بھی دیکھتے کہ کیسے وہ اپنی ماؤں کو ٹریٹ کرتے ہیں۔

اپنے بہنوں کو وہ وہی بات زہن نشین کر لیتے تھے۔

اور سب سے بڑی بات باپ کی ہر حرکت کو کہ وہ انکی ماں سے کتنی عزت سے پیش آتا تھا۔

جب مہر غصے میں ہو تو وہ کیسے نرمی سے اس سے ڈیل کرتا تھا۔

اسکے رونے پر بھی جھنجھلاتا نہیں تھا بلکہ بہت پیار سے اسے چپ کرواتا تھا۔

اسکی ہر خواہش سر آنکھوں پر رکھتا تھا۔۔

خود بھی غصے میں ہو تو انکی ماں سے نرمی سے بات کرتا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں باپ کو دیکھتے یہ بات زہین نشین کر لیتے تھے کہ ماں کو ہر حال میں خوش رکھنا ہے۔ صرف ماں کو ہی نہیں بلکہ باپ کو بھی۔

اگر وہ مر تسم سے سیکھتے تھے تو مہر ماہ سے بھی سیکھتے تھے۔

باپ کی عزت کرنا اسکے ہر فیصلے پر اسکے ہم قدم ہونا، باپ کے گھر آتے ہی ہر لڑائ، جھگڑے کو دور رکھتے مسکرا کر اسکا استقبال کرنا۔

اسکے غصے میں ہوتے ہوئے بھی اسکی پریشانی جاننے کی کوشش کرنا۔۔

ویسے تو شاہ ولا کے سارے بچے ہی ایسے تھے لیکن

حازق، مرحا اور میسم یہ تینوں بچے ایسے تھے کہ وہ اپنے ماں باپ کی بات پتھر کی لکیر سمجھتے تھے۔

انکے ایک بار سمجھانے پر مان جاتے تھے۔

لیکن وہ تینوں ہی اپنے ماں باپ کو لے کر حد درجہ کے پوزیسیو تھے۔۔

اور اس بات سے پورا خاندان آگاہ تھا۔

آگاہ تو وہ بھی تھی لیکن اسے فرق نہیں پڑتا تھا۔

وہ حازق میر شاہ کی اپنی ماں کے لئیے پوزیسیو نیس کو ناک سے مکھی کی طرح اڑا دیتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مہر نے اسے آنکھیں دکھائیں لیکن وہ اسے آنکھ ونک کرتا نرمی سے اسکی آنکھیں چوم گیا۔۔

مہر منہ کھلے کبھی اسے تو کبھی اپنے بچوں کو دیکھنے لگی جو باپ کی بے باکی پر منہ پر ہاتھ رکھتے اپنی ہسی روکتے کھانے کی طرف متوجہ ہو گئے۔

مرتسم خود ہی انکے لیئے نیچے سے کھانا لایا تھا۔۔

بچے تو خود کھا رہے تھے لیکن وہ بچوں کی موجودگی کی پرواہ کیے بغیر اسے اپنے قریب آتا اپنے ہاتھوں سے کھلا رہا تھا۔۔

وہ بچوں کی موجودگی میں بھی اکثر ہی بے باک حرکتیں کر دیا کرتا تھا کہ وہ شرم سے سرخ پڑتی اس کے سینے میں چہرہ چھپا جاتی تھی۔

جبکہ بچوں کو اب عادت ہو چکی تھی اپنے باپ کی بے شرمی کی وہ رئیکیٹ کیے بغیر اپنے کام کی طرف متوجہ رہتے تھے۔

ابھی بھی انہیں اگنور کیے وہ دونوں نفاست سے کھانا کھا رہے تھے۔۔

مہر نے اسے گھورتے اسکے ہاتھ سے نوالہ لیتے اسکی انگلی کو زرا سا دانتوں میں دبایا۔

مرتسم بچوں کی موجودگی میں بعد میں بدلہ لینے کا اردہ کرتا مسکراتا رہا۔۔

بس بابا ہو گیا۔۔وہ دونوں اپنا کھانا ختم کرتے اٹھ گئے۔۔

چلو پھر سوتے ہیں۔مہر انکا ہاتھ پکڑتی اٹھی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اس سے پہلے کہ وہ اٹھ کر جاتی مرتسم نے سرعت سے اسکا ہاتھ پکڑتے اپنی طرف کھینچا تھا۔

وہ اسکے سینے سے الگی۔۔

آنکھیں پھاڑے وہ اسے دیکھنے لگی جو بچوں کی طرف متوجہ تھا۔

ڈونٹ وری مام جان میں مرحا کو سلا دوں گا۔ آپکی طعبیت ٹھیک نہیں ہے نا آپ ریسٹ کریں۔۔

وہ مرحا کا ہاتھ پکڑ کر انکے قریب اتا سمجھداری سے بولا۔

۔۔

یس بابا آپ ماما کا خیال رکھیں میں بھائی کے ساتھ سو جاؤں گی۔۔

مرحا بھی معصومیت سے اسے دیکھتی بولی۔۔

مرتسم کو ٹوٹ کر دونوں پر پیار آیا وہ بے ساختہ اٹھتے انہیں خود میں بھینچ گیا۔

میرے بچے بہت سمجھدار ہو گئے ہیں۔

دونوں کا ماتھا چومتے وہ مہر کو دیکھتے بولا جو مسکراتے انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔

اسکے کہنے پر وہ سر ہلاتی دونوں کو اپنی طرف کرتی باری باری انکے گال چومے تو وہ دنوں مسکا دیئے۔۔

گڈ نائیٹ ماما۔۔وہ روز کی طرح اسکا گال چومتے بولے۔۔

گڈ نائیٹ بابا۔۔مرتسم کے ماتھے پر لب رکھتے کہتے وہ دونوں اپنی منی کمرے کی طرف چلے گئے۔۔

انکے جاتے مہر نے کن اکھیوں سے اسے دیکھا وہ بچوں کی طرف ہی متوجہ تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

وہ لب دباتے تیزی سے اٹھی تھی لیکن اتنی ہی تیزی سے مرتسم نے اسے پکڑتے خود پر گرایا۔
وہ اسکی چلاکی پر منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔۔

Posted On Kitab Nagri

کدھر بھاگ رہی ہیں جانم۔۔سنا نہیں اپکے بچوں نے بولا ہے آپکا خیال رکھوں۔۔وہ اسکے چہرے سے بال ہٹاتا گہری نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔۔

مہر سٹپٹاتی اسے دیکھنے لگی۔۔

میں ناراض ہوں آپسے۔۔کچھ اور نا سوجھا تو اسے جتاتی بولی۔۔

میں منانے ہی لگا ہوں اپکو۔۔وہ کروٹ بدلتا بولا۔۔

مہر اسکے ارادوں پر حلق تر کرتی اسے دیکھنے لگی وہ آنکھوں میں شرارت لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

دیکھیں میں آپکو بتا رہی ہوں خبر دار جو آپ میرے قریب ائے۔۔وہ اسکی شرٹ جکڑتی اسے آنکھیں دکھاتے بولی۔۔

مرتسم اسکے انداز پر لب دبائے اسے دیکھنے لگا۔

وہ اسے یوں دھمکاتی اتنی پیاری لگی کہ وہ بے ساختہ اسے خود میں بھینچ گیا۔

مہر کے سارے الفاظ دم توڑ گئے۔۔

وہ تھکی سی سانس چھوڑتا اسکی گردن میں چہرہ چھپا گیا۔۔

اسکی تھکن کا خیال کرتے مہر خاموشی سے اسکے بالوں میں انگلیاں چلانے لگی۔۔

ابھی تو کوئی کہہ رہا تھا خبر دار جو میں کسی کے قریب آیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اپنے بالوں میں چلتی اسکی انگلیوں سے سکون محسوس کرتا وہ اسکی گردن کو لبوں سے چھوتا مدھم لہجے میں بولا۔۔

مہر نے نچلہ لب دباتے اسے دیکھا۔

ہاں تو میں اب بھی کہہ رہی خبر دار جو اپنے اس سے زیادہ میرے قریب آئے۔۔۔

وہ اسے گھورتی اپنے لفظوں پر غور کیے بنا بولی تو مرتسم کا مدھم قہقہ گونجا تھا۔۔

جبکہ اب اپنے لفظوں پر غور کرتی سٹپٹاتے چہرہ موڑ گئ۔۔

لیکن میں تو آؤں گا۔۔وہ شرارت سے کہتا اسکے گال اور گردن پر اپنی بئیرڈ سہلانے لگا۔

مہر اسکی بئیرڈ کی چبھن سے کسمکسانے کی بجائے کھکھلا دی۔۔

کیونکہ وہ اسکے پیٹ میں پر انگلیاں چلاتا اسے کھکھلانے پر مجبور کر رہا تھا۔

ہاہاہاہاہا۔۔شاہ نو۔۔اسکی کھکھلاہٹ کمرے میں گونج رہی تھی جبکہ اسکی کھکھلاہٹ سے مرتسم کو اپنے دو دن کی تھکان منٹوں میں غائب ہوتی محسوس ہوئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرتسم نے سر جھکاتے اسے دیکھا وہ اس سے باتیں کرتے کرتے ہی سو گئ تھی۔۔

اسکا ماتھا چومتے مرتسم نے نرمی سے اسکا سر تکیے پر رکھا وہ زرا سا کسمسای لیکن پھر سو گئ۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے ایک نظر دیکھتا دبے پاؤں بچوں کے کمرے کی طرف بڑھا۔

جاتے ہوئے ایک نظر میثم پر ڈالی جو ہنوز گہری نیند میں سو رہا تھا۔

وہ مسکراتا دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا۔۔

کمرے میں مدھم روشنی تھی۔۔

وہ دبے قدموں سے دونوں کے بیڈ کے قریب آیا دونوں کے بیڈ کے قریب اتنا فاصلہ نہیں تھا اس لیے

وہ دونوں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے گہری نیند میں سو رہے تھے۔۔

مرتسم نے احتیاط سے دونوں کا ہاتھ الگ کرتے سہی سے رکھا۔

دونوں پر بلینکیٹ سہی کرتی وہ مطمئن ہوتا اپنے کمرے میں آ گیا۔۔

ہمیشہ کی طرح شرٹ اتار کر کاوچ پر پھینکتے وہ بیڈ کی طرف بڑھ گیا۔

سوئی ہوئی مہر کا سر اپنے سینے پر رکھتے وہ اسے خود میں بھینچے آنکھیں موند گیا۔

مہر نے نیند سے بھری آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

دیکھ آئے بچوں کو۔۔وہ نیند سے بند ہوتی آنکھوں کو بامشکل کھولتے بولی۔۔

بے فکر ہو کر سو جائیں جانم وہ دونوں سو رہے ہیں۔۔وہ بند آنکھوں سے اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتا بولا تو وہ مطمئن ہوتی پھر سے آنکھیں بند کر گئی۔۔

جبکہ کچھ ہی دیر میں مرتسم خود بھی گہری نیند میں سو گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

چہرے پر پڑتی روشنی نے اسنے ناگواری سے آنکھیں کھولیں۔۔

گڈ مارننگ۔۔کرٹنز پیچھے کرتی زرنور نے مڑتے اسے دیکھتے کہا۔

وہ ہیزل گرین آنکھوں میں بیزاری سمیٹے کرٹنز کو گھور رہی تھی۔

زرنور نے مسکراہٹ دبائی۔

اپنی پھوپھو کی طرح اسے بھی بلکل پسند نہیں تھا کہ کوئی اسکی نیند خراب کرے۔۔

نوٹ مارننگ ماما۔

I want to sleep…

وہ جمالی لیتی پھر سے لیٹ گئی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل ہم لوگ مہر کی طرف جا رہے تھے لیکن تمہیں تو سونا ہے کوئی بات نہیں تم سو جاؤ ہم لوگ چلے جاتے ہیں۔

زرنور مصنوعی سنجیدگی سے کہتی دروازے کی طرف بڑھ گئی۔۔

ویٹ ماما۔۔ مینے کب کہا مجھے سونا ہے۔میں بس دو منٹ میں ریڈی ہو کر آئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کا نام سنتے وہ چھلانگ لگا کر اٹھی تھی۔۔

پکانا تمہیں سونا نہیں۔وہ پیچھے مڑتے مصنوعی حیرانگی سے بولی۔

یس ماما پکا۔۔وہ اسے جواب دیتی واشروم کی طرف بڑھ گئ۔

زرنور نفی میں سر ہلاتے ہستے نیچھے آ گئ۔۔

جہاں غازی نو سال کے آبان اور چار سال کے زیان کو کھانا کھلا رہا تھا۔۔

زیان ایزل سے چار سال چھوٹا تھا۔

وہ نہایت شرارتی اور صحت مند بچہ تھا جو بلکل اپنی ماں پر گیا تھا۔۔

چھوٹی چھوٹی باتوں سے ڈرنے والا وہ بہت جلدی سہم جاتا تھا۔ایزل تو ایسے دیکھتے ناک چڑھا کر کہہ دیتی تھی کہ یہ ڈرپوک اسکا بھائ ہو ہی نہیں سکتا۔۔

ارسل کو بھی اللہ نے ایک اور بیٹے سے نوازہ تھا۔جسکا نام ارحم تھا۔وہ بھی زیان کا عمر تھا اس سے کچھ ماہ چھوٹا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جبکہ ولی اور زہرہ کی دو بیٹیاں تھی۔

سات سال کی زمل اور دو سال کی ایناره۔۔

زمل۔۔وہ سات سال کی بچی جو دکھتی تو اپنے باپ جیسی تھی لیکن نہایت سنجیدہ سی۔

جبکہ ایناره زہرہ جیسی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی سانولی سی رنگت ہر کسی کو بری طرح سے ایٹریکٹ کرتی تھی۔

وہ نہایت شرارتی بچی تھی۔

وہ دونوں اس گھر میں رہتے ہر فرد کی لاڈلی تھی۔

اسکے باپ کے علاوہ غازیان اور ارسل کو بھی وہ بہت پیاری تھیں۔

ارسل کی تو جان بستی تھی ان میں۔

اسے اللہ نے کوئ بیٹی تو نہیں دی تھی لیکن پھر بھی اس گھر میں رہتی ان تین پریوں میں اسکی جان تھی۔

ایزل کو بھی وہ دونوں بہت پیاری تھی۔وہ بلکل بڑی بہنوں کی طرح اسکا خیال رکھتی تھی۔

اگر زمل کسی کو پسند نہیں تھی تو وہ تھا آبان۔جانے کیوں وہ اس سے چڑ جاتا تھا نا اس سے کھیلتا اور نا اپنے بھائ کو اس سے کھیلنے دیتا۔۔

اینارہ سے اسے کوئ مسلہ نہیں تھا لیکن زمل اسے زہر لگتی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب چلتے ہیں شاہ ولا کی طرف جہاں ہمیشہ کی طرح رونق لگی ہوئ تھی۔۔

لیکن روز کی نسبت آج وہ تینوں خاموشی سے بیٹھے ہوئے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

دس سالہ ہانم انہیں خاموش دیکھتے خود بھی خاموشی سے انکے پاس بیٹھی تھی۔

جبکہ چودہ سال کے ہاشر اور ہانیا کبھی انہیں دیکھتے تو کبھی ماہم کو جو میسم کو کھانا کھلا رہی تھی۔۔

تبھی وہ ہمیشہ کی طرح شور کرتی گھر میں داخل ہوئی۔

سب بچے باقی بچوں کو دیکھتے کھل اٹھے تھے۔

اسلام و علیکم !!دادو،(اہانہ ماما,روحاماما اور رضوانہ ماما)

بی جان اس عرصے میں ان سے بچھڑ چکی تھیں۔

آسلام و علیکم !!بڑی ماما(ماہم اپیا اور ماہین بھابھی)

وعلیکم السلام میرا بچہ !!وہ جواب دیتی باری باری سب بچوں سے ملنے لگے۔۔

مہر پھوپھو کہاں ہے۔۔ سب بڑے آپس میں ملنے لگے تو وہ ہیزل آنکھیں گھماتی بے چینی سے بولی تھی۔

اسکے پوچھنے پر زہرہ سے ملتے حازق نے اسے گھورا تھا۔۔

آپکی مہر پھوپھو اوپر ہیں۔ جاؤ مل لو۔۔

ماہم اپیا نے کہا تو وہ سر ہلاتی تیزی سے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئی۔۔

مہرا بھی تک سو رہی ہے طعبیت ٹھیک ہے نا اسکی۔۔ایزل کے جاتے ولی نے ماہم سے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہاں ٹھیک ہے بس ہلکا بخار تھا۔۔

ماہین بھابھی نے کہا تو وہ سب پریشان ہو گئے۔

آپ نے ہمیں بتایا بھی نہیں۔کب سے ہے بخار اور ڈاکٹر کو نہیں دکھایا۔۔

غازی بے چینی سے بولا تھا۔

فکر مت کرو غازیان وہ بلکل ٹھیک ہے مرتسم دو دن سے شہر سے باہر ہے اور ہم سب جانتے ہیں کہ مہر ابھی تک اس چار سال پہلے کے حادثے کو بھول نہیں پائی اسکے باہر جانے پر وہ پریشان ہو جاتی ہے۔۔

روحامامانے کہا تو وہ سر ہلا گیا۔

سب جانتے تھے اس حادثے کے بعد وہ کیسے سنبھلی تھی۔۔

چلیں ہم بھی اوپر ہی اس سے ملنے چلتے ہیں۔۔

ماحول کو سنجیدہ ہوتے دیکھ زرنور چہک کر بولی تو وہ سب متفق ہوتے بچوں کے پیچھے ہی اوپر کی طرف چلے گئے۔

وہ سب انجان تھے کہ مرتسم رات سے ہی واپس آچکا ہے۔۔

دروازے پر ہوتی زوردار دستک سے اسکی آنکھ کھل گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آنکھیں کھولتے اسنے سامنے دروازے کی طرف دیکھا جو بار بار تیزی سے نوک ہو رہا تھا۔

جمالی لیتے اسکی نظر گھڑی پر پڑی جو صبح کے دس بجا رہی تھی۔

وہ تیزی سے اٹھی لیکن اپنے گرد بندھے مرتسم

کے بازوں کی وجہ سے وہ دوبارہ اسکے سینے پر گری۔۔

شاہ۔۔

اسکے شرٹ لیس سینے پر ہاتھ رکھتے پیچھے ہونے کی کوشش کی۔

سونے دیں جانم۔۔وہ کروٹ لیتا اسے خود میں بھینچتے بھاری آواز میں بولا۔

میر دس بج گئے ہیں۔اور ڈور نوک ہو رہا ہے بار بار۔۔

وہ اسکا حصار توڑنے کی کوشش کرتی بولی۔۔

مرتسم نے نیند سے بھری آنکھیں کھولتے چونک کر اسے دیکھا۔۔

دس بج گئے۔حیرانگی سے چہرہ موڑتے سامنے وال کلاک کر دیکھا جہاں سچ میں دس ہی ہو رہے تھے۔۔

تبھی پھر سے زور و شور سے دروازہ بجا تھا۔۔

شاہ ب۔باہر۔۔اسے اندازہ ہو رہا تھا باہر سب لوگ ہیں۔اس لیے روہانسے ہوتے کہا۔

اتنی لیٹ سوتے رہے ہیں۔سب کیا سوچیں گے۔۔وہ زبردستی اسکا حصار توڑتی اٹھ بیٹھی۔۔

اب مجھے کیا دیکھ رہے ہیں ش۔شرٹ پہنے۔۔وہ نظریں چرا کر کہتی بالوں کا بن بنانے لگی۔۔

Posted On Kitab Nagri

مرتسم اسکی ہڑبڑاہٹ پر نفی میں سر ہلاتا اٹھا۔

ریلیکس جانم کچھ نہیں ہوا۔ویسے بھی آج سنڈے ہے۔وہ اسکا سر چومتے وہ شرٹ پہنتا دروازے کی طرف بڑھا۔

جہاں سے پہلے بچوں کی آواز رہی تھی لیکن اب اسے زرنور اور آیت کی بھی آواز آرہی تھی۔۔

مرتسم کے دروازہ کھولتے ہی سب بچے تیزی سے اندر آئے تھے۔

ڈوپٹہ ٹھیک کرتی مہر چونک گئ۔۔

اسلام وعلیکم!!مرتسم ماموں۔۔ایزل اسے دیکھتی چہک کر بولتی بیڈ پر بیٹھی مہر کی طرف بڑھی۔۔۔

مرتسم تم کب ائے۔۔ماہم اپیا نے چونک کر اسے دیکھا۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

وہ اپیا میں رات میں آیا تھا۔۔وہ بالوں میں ہاتھ چلاتا بولا۔۔

وہ سر ہلاتی خود اندر آ گئیں جبکہ دروازے میں کھڑے ارسل،غازی اور ولی نے اسے گھورا۔۔

وہ ائیبرو آچکا کر انہیں دیکھنے لگا۔

پرائیویسی نام کی بھی کوئ چیز ہوتی ہے۔یہ سب تو بچے ہیں تم لوگ تو بچے نہیں جو صبح ہی صبح ٹپک پڑے۔۔

وہ دانت پیس کر بولتا سائیڈ ہو گیا۔۔

اب ہمیں خواب تو نہیں آیا ہو گا کہ تو رات سے ہی ٹپکا ہوا ہے۔

ولی اسے گھورتا بولا۔۔

اور تیری انفارمیشن کے لیئے بتادوں صبح نہیں دس ہو رہے ہیں۔۔۔غازی اسے سائیڈ کرتا خود اندر آتا بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم مہر پھو پھو!!وہ اسے کہتی تیزی سے اسکی بانہوں میں سمائ تھی۔

وعلیکم السلام!!میرا بچہ۔۔

کیسی ہے میری شہزادی۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولی۔۔

میں بلکل ٹھیک ہوں۔آپ کیسی ہیں پھو پھو۔۔وہ بلکل اسی کی طرح اسکا ماتھا چومتے بولی تو سب اسکے پیار پر ہس دیئے۔۔

جبکہ آٹھ سالہ حازق نے ناگواری سے اسے دیکھا تھا۔

اسے اگر اس دنیا میں کوئ ناپسند تھا تو وہ تھی ایزل غازیان شاہ۔۔

کیونکہ وہ اسکی ماں کی لاڈلی تھی اور ماں کی توجہ بٹتے دیکھ وہ جل بھن جاتا تھا۔۔اسکا بس نہیں چلتا تھا وہ کسی طرح اسے اٹھا کر اپنی ماں سے میلوں دور چھوڑ آئے۔۔

لیکن ہائے وہ کچھ کر نہیں سکتا تھا کیونکہ اسکی ماں کی جان بستی تھی ایزل شاہ میں۔۔

پھو پھو آپکو پتا ہے ہم نے آپکو اتنا سارا مس کیا۔سات سالہ زمل معصومیت سے بولی تو مہر کو اس پر ٹوٹ کر پیار آیا۔

Posted On Kitab Nagri

آلے میرا بچہ پھوپھو نے بھی آپ سب کو بہتتتت سارا مس کیا۔۔وہ دوسرے ہاتھ کے حلقے میں اسے لیتی بولی۔۔

ان سب بچوں کی مہر اور وشہ فیورٹ تھیں کیونکہ وہ دونوں انکے ساتھ بلکل بچوں جیسی ہی ہوتی تھیں۔

بچوں سے فرصت ملے تو کسی اور طرف بھی نظریں ڈال لو۔۔زرنور اسے گھورتے بولی۔۔

مہر ہس دی۔۔

چلو بچو پھوپھو سے مل لیا نا اب جاؤ نیچے سب کھیلو۔۔آیت نے کہا تو وہ اب سر ہلاتے باہر کی طرف بڑھ گئے۔

سوائے ایزل،اور حازق کے۔۔

میسم،اور ایناره چونکہ وہ دونوں سب سے چھوٹے تھے اس لیے وہ نیچے روحاماما کے پاس تھے۔۔

تم بھی بچوں میں ہی آتی ہو۔زرنور نے ایزل سے کہا تو وہ نفی میں سر ہلاتی مہر سے لپٹ گئ۔۔

حازق نے سرد نظروں سے اسے گھورا اور آگے بڑھتے اسے مہر سے الگ کیا۔

مہر سمیت سب نے چونک کر اسکے ریکشن کو دیکھا تھا۔

مام اپکا فیور اتر گیا۔۔وہ سب کی نظریں خود پر محسوس کرتے بھی نظر انداز کرتے مہر کے ماتھے پر ہاتھ رکھتے پوچھنے لگا۔

اسکا انداز بلکل مرتسم جیسا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل نے بھری آنکھوں سے اسے دیکھا۔۔

جبکہ مرتسم نے نچلہ لب دباتے اسے دیکھا۔

مام کی جان مام بلکل ٹھیک ہیں بس ہلکا سا فیور ہی تھا۔۔

آپ ایزل کے ساتھ جاؤ نیچے سب کے ساتھ کھیلو مام بس فریش ہو کے آتی ہیں۔۔وہ اپنے لیے اسکی پوزیسیونیس سے واقف تھی اس لیے اسکا ہاتھ چومتی پیار سے بولی۔۔

اسنے ایک نظر خود کو گھورتی ایزل کو دیکھا اور بظاہر پیار سے اسکا ہاتھ پکڑ تا وہاں سے لے گیا۔۔

حازق تو تمہیں لے کر کچھ زیادہ ہی پوزیسیو ہے۔۔انکے جاتے ہی ولی مہر کے پاس بیٹھا بولا تو وہ ہس کر سر ہلا گئ۔۔

فیور تو اتر گیا ہے۔۔اب طعبیت ٹھیک ہے نا۔۔غازی اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھتے فکر مندی سے بولا تو وہ سر ہلا گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب بلکل ٹھیک ہوں بھائ۔۔وہ اسکا ہاتھ پکڑتی مسکراتے لہجے میں بولی۔

کوئ مجھے بھی پوچھ لو مجھے کل سے شدید بخار فیل ہو رہا ہے۔۔

ارسل نے سیریس ماحول میں چٹکلہ چھوڑا تو سب نے اسے گھورا۔۔

ارسل بخار ٹھیک ہے نا تیری تو خیر ہے۔۔مہر نے آنکھیں پٹپٹاتے اسے کہا تو سب کا قہقہ گونجا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں آج بھی بلکل ویسے ہی تھے۔لڑتے۔جھگڑتے لیکن وقت آنے پر دونوں کرائیم پاٹنر کے نام سے جانے جاتے۔۔

میں بات ہی نہیں کر رہا کسی سے وہ پیر پٹخ کر بولتا باہر چلا گیا۔

ولی اور غازی اسکی ایکٹینگ پر نفی میں سر ہلاتے خود بھی اسکے پیچھے چلے گئے۔۔

مرتسم اب صرف لڑکیوں کے دیکھتے لب دباتے سٹڈی روم کی طرف بڑھ گیا۔۔

تم لوگ باتیں کرو میں بچوں کو دیکھتی ہوں نیچے ماما کو تنگ کر رہے ہونگے۔

ماہم کہتی خود بھی نیچے چلی گئ۔۔

اب وہ چاروں رہ گئ تھیں۔

زہرہ تو خاموشی سے صوفے پر بیٹھی تھی لیکن آیت اور زرنور اسے معنی خیز نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

کیا ہے۔ایسے کیا گھور رہی ہو نظر لگانی ہے۔۔وہ انکی نظروں سے جھنجھلاتی بولی۔۔

ہم سب وہاں تیری فکر میں گھل رہے ہیں اور یہاں میڈم سیاں جی کی بانہوں میں مزے سے آرام فرما رہی ہیں۔۔

آیت مسکراہٹ ضبط کرتے بولی تو مہر کا چہرہ بے ساختہ سرخ پڑا تھا۔

زہرہ نے بھی دلچسپی سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

شرم تو نہیں آتی تمہیں ایسی باتیں کرتے ہوئے۔وہ جھنپ کر کہتی اٹھتے خود آئینے کے سامنے آ گئ۔۔

جب تمہیں عمل کرتے ہوئے نہیں آتی تو ہمیں کہتے ہوئے کیوں ائے۔۔

زرنور آیت کے ہاتھ پر ہاتھ مارتے ہستے ہوئے بولی تو وہ دونوں کو گھورتی ڈوپٹہ ہٹاتے کھلے بالوں کو پھر سے باندھنے لگی اسکا بنایا ہوا بن بار بار کھل رہا تھا۔

اسنے جیسے ہی ڈوپٹہ ہٹاتے گردن سے سارے بال پیچھے کرتے اوپر اٹھائے سامنے شیشے میں اپنی گردن پر بنے نشانوں کو دیکھتی سٹپٹا کر ہاتھ نیچے گرا گئ۔۔

جبکہ پیچھے بیٹھی اسے دیکھتی آیت،زرنور اور زہرہ کا قہقہ بے ساختہ تھا۔۔

وہ جھنپ گئ۔۔

فریش ہو کے آجاؤ ہم نیچے انتظار کر رہے ہیں۔۔

زرنور اسے کہتی آیت اور زہرہ سمیت نیچے چلی گئ۔۔

وہ مرتسم کے انے سے پہلے ہی کپڑے لیتی واشروم میں بند ہوئ تھی۔۔

وہ باتھ لے کر آئ تو مرتسم لیپٹاپ لیئے بیٹھا تھا۔

اسکے بال گیلے تھے وہ شائید بچوں کے روم سے شاور لے کر آیا تھا۔۔

وہ اسے ایک نظر دیکھتی آئینے کے سامنے آتی جلدی جلدی بال سکھانے لگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بال سکھاتے اسنے ہاتھوں میں چوڑیاں پہنی اور گلے میں وہی چین جو ہمیشہ اسکے گلے میں ہوتی تھی۔۔

ہونٹوں پر لائیٹ سی لپسٹک لگاتے وہ جیسے ہی ڈوپٹہ اٹھانے کے لیئے مڑی اپنے پیچھے کھڑے مرتسم کو دیکھتے اچانک اسکی چیخ نکلی تھی۔۔

افف ڈرادیا اپنے شاہ۔۔وہ سینے پر ہاتھ رکھتے اپنی سانس بحال کرتے بولی۔

اسے پتہ ہی نا چلا مرتسم کب اسکے پیچھے آ کھڑا ہوا۔۔

کہاں جارہی ہیں۔۔وہ کیچر سے اسکے گیلے بال آزاد کرتا بولا۔۔

پہلے تو آپ پیچھے ہوں نا۔۔وہ ڈریسینگ ٹیبل سے لگتی اسکے سینے پر انگلی رکھتی بولی۔۔

ناہوں تو۔وہ اسکے ارد گرد ہاتھ رکھتا اس پر جھک ایا۔

شاہ تنگ نہیں کرے پہلے بھی آپکی وجہ وہ تینوں مجھے تنگ کررہی تھیں۔۔

وہ آیت لوگوں کے بارے میں کہتی منہ بناتے اسے دیکھنے لگی۔۔

ٹھیک ہے جانم نہیں کرتا تنگ لیکن میرا ادھار ہے آپکے پاس۔۔

وہ اسکے گیلے بالوں میں منہ چھپائے گہری سانس بھرتا بولا۔۔

کونسا ادھار۔۔وہ سرخ پڑتی بولی۔۔

میری مارنگ کس۔۔وہ اسے آنکھ ونک کرتا بولا۔۔

شاہ اپ۔۔وہ اسے کچھ کہتی کہ وہ تیزی سے جھکتے اسکے لفظ خود میں قید کرگیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ تیزی سے اسکا کالر جکڑ گئ۔۔

جبکہ وہ ہمیشہ کی طرح مدہوش سا اسکے ہونٹوں کا جام پینے میں مصروف تھا۔۔

کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوا تو وہ گہری سانس بھرتی اسکے کندھے پر سر ٹکا گئ۔۔

بہت برے ہیں آپ۔۔۔وہ اسکے کندھے پر مکا مارتی پیچھے مڑتی اپنے بال باندھنے لگی۔۔

لیکن اپنی لپسٹک غائب دیکھ اسنے غصے سے اسے دیکھا جو اسے آنکھ ونک کرتا کندھے اچکا گیا۔

غصہ نہیں کرتے جانم۔میری شدت کی سرخی زیادہ اچھی لگتی ہے۔۔وہ اسکے سر پہ ڈوپٹہ دیتا مدھم گھمبیر لہجے میں بولا۔۔

وہ لب دباتی نظریں چرا گئ۔۔

وہ اسے کھینچتا باہر لان میں لے آیا۔۔

حازق چھوڑو مجھے۔۔وہ اس سے اپنا بازو چھڑوانے کی کوشش کرتی چیخی تھی۔۔

حازق نے ناگواری سے اسکا چیخنا دیکھا اور جھٹکے سے اسے چھوڑا۔

وہ گرتے گرتے بچی تھی۔۔

تمسے مینے کہا تھا نا میری مام سے دور رہا کرو۔۔وہ غصے سے اسے دیکھتا بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

پہلی بات وہ تمہاری ماما ہیں تو میری پھوپھو ہیں۔اور دوسری بات تمیز سے بات کرو مجھ سے بڑی ہوں میں تمسے۔۔

وہ اپنا بازو سہلاتی آنکھوں میں نمی لیے بولی۔

وہ دونوں کہیں سے بھی آٹھ،نو سالہ بچے نہیں لگ رہے تھے۔۔

تم۔۔ابھی وہ کچھ کہتا کہ اپنے نام کی پکار پر دونوں نے پیچھے مڑتے دیکھا تھا۔

حازق بیٹا یہاں کیا کر رہے ہو اپ۔۔زرنور ان دونوں کو دیکھتی پریشانی سے بولی۔۔

حازق نے نرم نظروں سے اسے دیکھا تھا۔

کچھ نہیں مامی ایزل سے بات کر رہا تھا۔۔وہ نرمی سے بولا۔۔

اپنی ماں کے بعد اسے اگر کسی سے شدت والی محبت تھی تو وہ زرنور اور زہرہ تھی۔

وہ سب سے بہت پیار کرتا تھا سبکی عزت کرتا تھا لیکن زرنور مامی اور زہرہ مامی اسکے دل کے بہت قریب تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صرف مامی ہی نہیں بلکہ اسکے دونوں ماموں بھی اسے بہت عزیز تھے۔۔

اپنے ماں باپ کے بعد وہ اگر کسی کے بات نہیں ٹالتا تھا تو اپنی زرنور اور زہرہ کی۔۔

لیکن مجھے ایسا کیوں لگا جیسے تم دونوں لڑ رہے تھے۔۔وہ اسکے چہرے کو جانچتی نظروں سے دیکھتے بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں مامی ہم کیوں لڑے گیں۔ہے نا ایزل۔۔ وہ پہلے نرمی سے زرنور اور پھر ایزل کو آنکھوں ہی آنکھوں میں وارننگ دیتے کہا۔

وہ اسے غصے سے دیکھتی ہاں میں سر ہلا گئ۔۔

آجائیں اندر چلتے ہیں یہاں بہت گرمی ہے۔۔وہ اسکا ہاتھ پکڑتا اندر کی طرف بڑھ گیا۔

پیچھے ایزل اسے سلگھتی نظروں سے دیکھتی پیر پٹکتی خود بھی انکے پیچھے چل دی۔۔

وہ سب اس وقت باہر لان میں جمع تھے۔۔

ہر ویکینڈ وہ لوگ شاہ ولا اکھٹے ہوتے تھے۔کبھی اوٹنگ پر جاتے تو کبھی گھر میں کوئ مووی کا پلان بناتے۔

ان شورٹ وہ اپنا ہر ویکینڈ یادگار بناتے تھے۔۔

آج بھی وہ لوگ رات سیخ کباب کا پلان بنا رہے تھے۔۔

ماما۔۔وشہ پھوپھو اور عادی چاچو کب آئینگے۔۔۔سب بچوں سے کھیلتی مرحا اچانک مہر سے بولی۔۔

وشہ عادی، نیناں اور شہریار کی کچھ ماہ پہلے ہی شادی ہوئ تھی اس لیے وہ لوگ اپنے ہنی مون کے لیئے سوات گئے ہوئے تھے۔۔

آجائیں گے بیٹے۔۔مہر نے نرمی سے کہا تو وہ سر ہلاتی بچوں کی طرف متوجہ ہو گئ۔۔

Posted On Kitab Nagri

سب بچوں میں ایزل اور حازق ہی تھے جو سنجیدگی سے بیٹھے تھے۔۔

ایزل مہر کے پاس بیٹھی تھی۔ وہ ایسی ہی تھی جب بھی وہ یہاں آتی تھی مہر سے ایک سیکینڈ کے لیئے بھی جدا نہیں ہوتی تھی۔ وہ روز یہاں آتی تھی سکول سے واپسی پر مہر سب بچوں کو ہوم ورک کرواتی تھی کبھی کبھار وہ نہیں آتی تو پورا گھر سر پہ اٹھا لیتی تھی کہ وہ مہر پھوپھو کو مس کر رہی ہے۔۔

میثم کے پاس بیٹھا حازق ایک سرد نظر اس پر بھی ڈال لیتا جو مہر کے بازو سے چپکی اس سے کوئ فرمائش کر رہی تھی۔

جس طرح سے یہ تمسے اٹیچ ہے مہر میں تو کہتی ہو تم اسے ہی اپنی بہو بنالینا پھر پھوپھو بھتیجی ساری زندگی ساتھ ہی رہنا۔۔

اسے مہر سے اٹھکیلیاں کرتے دیکھ ارسل شرارت سے بولا۔۔

اسکی بات کو سب مزاق سمجھتے ہس دیئے۔۔

انشاءاللہ ایسا ہی ہو گا۔۔ مہر زیر لب کہتے مسکرا دی۔۔

جبکہ کچھ دور بیٹھے حازق کے چہرے پر دبا دبا سا غصہ تھا وہ لفظ بہو کا مطلب بہت اچھے سے جانتا تھا۔

روحا دادی کو اسنے اکثر بہت لوگوں کو کہتے سنا تھا کہ مہر انکی بہو ہے۔۔

جبکہ دو بھوری آنکھوں نے گہری نظروں سے اسکے تاثرات دیکھے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

یہ بہت غلط بات ہے عالم۔۔وہ خفگی سے بولی۔۔ پچھلے چھ سال سے اسنے پاکستان میں قدم نہیں رکھا تھا۔۔

(عالم اور نورین کے دو بچے تھے اور ایک بیٹی تھی اور ایک بیٹا۔۔

بدر عالم شاہ جو کہ چھ سال کا تھا۔۔نیلی آنکھوں والا سنجیدہ سا بچہ جو کچھ کچھ اپنی ماں جیسا دکھتا تھا مہر نے اسے ان چھ سالوں میں شائید ہی چھ بار دیکھا ہو جب وہ تین سال کا تھا تب سے نورین نے اسکی پکچرز بھیجنا بھی بند کر دیں تھیں۔اور اگر کال پر ہو تو وہ سکرین کے سامنے ہی نہیں آتا تھا۔

مہر کبھی کبھار بہت حیران ہوتی تھی جیسے شائید وہ بدر کو اس سے چھپا رہے ہوں لیکن اپنی غلط فہمی سمجھ کے سر جھٹک دیتی۔۔

جبکہ اس سے چار سال چھوٹی بریرہ جو کہ بلکل عالم کا عکس تھی نہایت شرارتی بچی۔جو نورین کے ناک میں دم کیے رکھتی تھی۔۔)

مہر یار سمجھنے کی کوشش کر میرا ابھی واپس پاکستان آنا بہت مشکل ہے کم از کم پانچ سالوں تک تو بہت زیادہ مشکل ہے۔۔

اپنے نئے شروع کیے گئے بزنس کی وجہ سے وہ واقعی نہیں جا سکتا تھا۔

ہاں ٹھیک ہے تو خود نا ائیں لیکن بھابھی اور بچوں کو بھیج دے۔وہ سر جھٹک کر بولی۔۔

اور میں اپنی بیوی بچوں کے بغیر کیسے رہوں گا۔وہ اسے گھور کر بولا۔

Posted On Kitab Nagri

جیسے پہلے رہتے تھے۔۔وہ مسکراہٹ دباتے بولی۔۔

پہلے تو ہم دونوں خود بچے تھے ہمیں دور رہنا ہی تھا۔

وہ اسے آنکھ ونک کرتا بولا۔

مہر تو اسے گھور کر رہ گئ جبکہ اسکے ساتھ بیٹھی نورین سٹپٹا کر اسے چٹکی کاٹ گئ۔۔

جبکہ اسکا سرخ چہرے دیکھتے مہر کا قہقہ بے ساختہ تھا۔۔

کچھ دیر تک اس سے بات کرنے کے بعد وہ نیچے اگئ۔وہ کبھی دیر پہلے ہی ہاسپٹل سے آئ تھی۔۔

عالم کی کال آگئ تو وہ اس سے بات کرنے لگی۔۔

بچوں بھی سکول سے آنے والے تھے اس لیے وہ ماہم ایبا کے ساتھ ان کے لئیے لنچ تیار کرنے لگی۔۔

کچھ ہی دیر میں بچے آگئے تو سب مل کے لانچ کرتے کچھ دیر آرام کے لئیے اپنے کمروں میں چلے گئے۔۔

رات کا وقت تھا۔مرتسم بھی آج آفس سے جلدی آگیا تھا۔اس لیے آج بچے اسے اپنا ہوم ورک چیک کروا رہے تھے۔۔

خود وہ ایک کیس کی فائل ریڈ کر رہی تھی جب تین سالہ میسم ننھے قدم اٹھاتا اسکے پاس ایا۔۔

ماما۔۔وہ اسکا ڈوپٹہ کھینچتا اسکے پہلو میں منہ چھپانے لگا۔۔

مہر نے مسکراتے اسے اپنے سامنے کرتے اپنی گود میں بٹھایا وہ سمجھ گئ تھی اسے بھوک لگی ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

تھوڑی دیر میں ہی ڈنر کرنا تھا اس لیے اسنے سائیڈ ڈرار سے اسے چاکلیٹ نکالتے دی جو وہ خوشی سے اس سے لیتا کھانے لگا۔۔

اسکی آواز دور بیٹھے مرتسم کے کانوں میں بھی پڑی تھی۔

ابھی وہ اسکے ہاتھ میں چاکلیٹ پکڑاتے سیدھی ہوئ ہی تھی کہ نظر سامنے خود کو دیکھتے مرتسم پر پڑی۔۔

وہ معنی خیز نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

یقیناًوہ میثم کو اسکے پہلو میں منہ چھپاتے دیکھ چکا تھا۔

مہر نے اچھنبے سے اسے دیکھا۔

مرتسم نے ایک نظر اسے دیکھا اور پھر اپنے سامنے بیٹھے بچوں کو۔۔

حازق، مرحابے بی آپکو بھوک تو نہیں لگی۔۔وہ نرمی سے پوچھ رہا تھا۔

جبکہ اسکے ایسے پوچھنے پر مہر کا چہرہ سرخ پڑا تھا۔

وہ سمجھ گئ تھی وہ کیوں اسے ایسے دیکھ رہا تھا۔

وہ مسکراہٹ دباتے سر جھکا گئ۔بے ساختہ وہ خوبصورت لمحے آنکھوں کے سامنے گھوم گئے۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

یہ مہر کے گھر آنے کے ایک ہفتے بعد کی بات تھی۔۔

مہر کے ساتھ ایک ہفتہ روحاماہی کمرے میں تھی مرتسم احتجاج کرتا رہ گیا لیکن کسی نے اسکی ایک نہیں سنی۔۔

کہ مہرا کیلی ابھی دو بچوں کو اکیلی کیسے سنبھالے گی۔۔

دن میں بھی وہ جب بھی روم میں آتا تو مہر یا تو سو رہی ہوتی یا بچوں سے ہی کھیل رہی ہوتی۔

ایک ہفتہ اسنے جیسے تیسے گزار لیا لیکن پھر اسکی بس ہو گئ اسنے کہہ دیا کہ وہ خود ہی بچوں کو سنبھلا لے گا۔

لیکن وہ سوئے گا اپنی بیوی بچوں کے ساتھ ہی۔۔

سب اسکی بے قراری پر ہس دیئے۔۔

وہ جب روم میں آیا تو وہ تینوں سو رہے تھے وہ انہیں دیکھ کر مسکراتا انکے پاس ہی ٹک گیا۔

اپنی پرنسز اور پرنس کو پیار کرتے اسنے احتیاط سے انہیں بیڈ کی دوسری سائیڈ لٹاتے انکے ارد گرد تکیے رکھ دیئے۔

خود مہر کی طرف آتے وہ اس پر جھکا اگلے ہی پل اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے وہ کروٹ بدل گیا۔۔

اب مہرا اسکے سینے پر تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ہلکا سا کسمسای۔

نیم وا آنکھیں کھولتے اسے دیکھا مرتسم کو دیکھتے وہ ہلکا سا مسکرائ۔

مطمئین ہوتے وہ اسکے سینے میں چہرہ چھپاتے سو گئ۔۔

مرتسم گہری نظروں سے اسکی ایک ایک حرکت دیکھتا رہا۔۔

اسکے مطمئین ہو کر سونے پر اسکے مسکراہٹ گہری ہوئ تھی۔

وہ اسکے سر پہ لب رکھتا آنکھیں موندتے اسکے بالوں میں انگلیاں چلانے لگا۔

نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔

رات کا جانے کونسا پہر تھا۔۔جب مرحا کے رونے کی آواز ائ۔

وہ سو تو نہیں رہا تھا بس آنکھیں بند کی ہوئ تھیں۔۔

آنکھیں کھولتے اسنے زرا برابر اکی دوری پر روتی مرحا کو دیکھا۔

پھر اپنے سینے پر سوئی مہر کو۔

نرمی سے اسکا سر تکیے پر رکھتے وہ اٹھ کر مرحا کی طرف بڑھا۔

احتیاط سے اسے اٹھاتے وہ تھپکنے لگا۔لیکن وہ اور شدت سے رونے لگی۔

مرتسم اسکے یوں رونے پر پریشان ہو گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ننھا وجود رونے کی وجہ سے سرخ پڑ گیا تھا۔

ابھی وہ اسی کے ساتھ الجھا تھا کہ پاس سویا حازق بھی رونے لگا۔

وہ یوں دونوں کے ایک ساتھ رونے پر ہڑبڑا گیا۔۔

وہ دونوں اتنا اونچا رو رہے تھے کہ سوئی ہوئی مہر بھی تیزی سے اٹھی تھی۔۔

ک۔کیا ہوا۔۔وہ آنکھیں مسلتے حازق کو اٹھاتے حیران پریشان سی بولی۔۔

پتہ نہیں جانم یہ دونوں کب سے روئے جا رہے ہیں۔وہ خود پریشان سی آواز میں بولا۔

یہ دونوں رات میں اسطرح بہت بار روتے ہیں شاہ۔۔وہ حازق کو چپ کروانے کی کوشش کرتے بولی۔۔

پتہ نہیں ماما کیسے چپ کرواتی تھیں۔۔وہ حازق کو تھپکتے بڑبڑائی تھی۔

لیکن وہ دونوں اور شدت سے رونے لگے۔۔

یہ چپ کیوں نہیں ہو رہے۔وہ دونوں بچوں کو ایک ساتھ روتے دیکھ روہانسے ہوتے بولی تھی۔۔

ریلیکس جانم بچے ہیں اور بچے ایسے ہی روتے ہی۔۔وہ اسے خود سے لگاتا ساتھ اپنی بیٹی کو چپ کروانے کی کوشش کرتا بولا تھا۔۔

جبکہ مہر اسکی بات سنتے اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

اسے یاد آیا کہ پچھلے ایک ہفتے میں وہ کافی بار رات کو ایسے اٹھتے تھے کبھی تو روحاما انہیں پتہ نہیں کیا کیا کرتی سلا دیتی تھیں۔

لیکن کبھی وہ بھوک کے مارے روتے تھے۔ابھی وہ چپ نہیں ہو رہے تھے تو مطلب بھوک کی وجہ سے رو رہے تھے۔۔

کیا ہوا۔۔اسے یوں خود کو دیکھتے پوچھا۔۔

آپ جائیں شاہ میں انہیں چپ کروالوں گی۔۔وہ اسکے ہاتھ سے مرحا کو پکڑتے بولی۔

اسنے چونک کر اپنی بیوی کو دیکھا جو بچوں کے رونے پر خود بھی رونے والی ہو گئ تھی۔

جانم اکیلی کیسے کروائیں گی ایک کو آپ سنبھلا لیں دوسرے کو میں سنبھالتا ہوں۔وہ نرمی سے بولا۔

یہ ایسے چپ نہیں ہونگے شاہ انہیں بھوک لگی ہے۔۔وہ روہانسے ہوتے بولی تھی۔۔

تو۔۔اسنے اچھنبے سے اپنی بیوی کا سرخ چہرہ دیکھا۔

تو یہ کہ مجھے انہیں فیڈ کروانا ہے آپ باہر جائیں۔۔وہ نظریں چراتے تیزی سے بولی تھی۔۔

جبکہ اسکی بات سنتے مرتسم جو حیران سا اسے دیکھ رہا تھا اسکا قہقہ گونجا تھا۔۔

اسے اپنی بیوی کی شرم وحیا پر ٹوٹ کر پیار ایا۔۔

جانم میں شوہر ہوں اپکا۔۔مجھ سے کوں شرما رہی ہیں،میری جان مجھ سے کیسی پردہ داری۔۔

وہ اسے خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں بولا تو وہ جھنپ کر سر جھکا گئ۔۔

Posted On Kitab Nagri

ماما،ماما، میسم کی آواز پر وہ ہڑبڑا کر ہوش میں ائی۔۔

جی ماما کی جان۔۔اسکا منہ صاف کرتے پیار سے کہا۔۔

ایک چور نظر مرتسم پر ڈالی وہ آنکھوں میں چمک لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

یقیناًوہ بھی وہی سوچ رہا تھاوہ سٹپٹا کر نظریں پھیر گئ۔جبکہ مرتسم کا مدھم قہقہ گونجا تھا۔

اسکے یوں قہقہ لگانے پر مرحا اور حازق نے حیرانگی سے اسے دیکھا۔

وہ بچوں کی موجودگی میں قہقہ ضبط کرتا نچلہ لب دبا گیا۔

ورنہ مہر کا گلابی ہوتا چہرہ اسے کوئ جسارت کرنے پر مجبور کر رہا تھا۔۔

نفی میں سر ہلاتے اسنے حازق اور مرحا کا ماتھا چوما اور بکس بند کرنے کا کہتے وہ پانچوں نیچے ڈنر کے لیئے چلے گئے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آیت یہ والا ٹھیک ہے۔۔زرنور لیپٹاپ کی سکرین پر انگلی رکھتے اسے کچھ دکھاتے بولی۔۔

نہیں یہ نہیں اسکا کلر بہت ڈل ہے۔۔آیت کی جگہ زہرہ نے کہا۔۔

کیا ہو رہا ہے لیڈیز۔۔تبھی لاؤنج میں آتا ارسل شوخ آواز میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

بچے اس وقت ولی اور غازی کے ساتھ بازار سے گروسری کا کچھ سامان لینے گئے تھے۔۔

ارسل تمہیں کتنی بار کہا ہے لیڈیز مت بول کرو گرلز بولا کرو۔زرنور اسے گھورتے بولی۔

گرلز والی شکل ہے تم لوگوں کی۔۔اماں بن گئ بچوں کی ابھی بھی گرلز۔۔وہ جوابا اسے زچ کرتا بولا۔۔

ارسل۔۔وہ تینوں ایک ساتھ چیخی تھیں۔

آہستہ کان پھاڑ دیئے میرے۔۔وہ کانوں پہ ہاتھ رکھتا بولا۔

بچوں کی اماں لگتی ہوں نا میں آپکو تو خبر دار اپنے آج میرے کمرے میں قدم رکھا تھا۔آیت رعب سے بولی۔۔

زرنور اور زہرہ نے مسکراہٹ دباتے اسے دیکھا۔

ایسی بات ہے بیوی۔۔وہ داڑھی کھجاتا مصنوعی حیرانگی سے بولا۔۔

بلکل ایسی ہی بات ہے۔وہ ناک چڑھا کر بولی۔۔

اچھا ٹھیک ہے لیکن تمہارے ساتھ تو قدم رکھ سکتا ہوں نا۔۔وہ کچھ سوچ کر بولا۔۔

کیا مطلب۔۔اسنے اچھنبے سے اسے دیکھا۔۔

ابھی سمجھاتا ہوں ڈارلنگ۔۔وہ کہتا تینوں کو سمجھنے کا موقع دیئے بغیر اسے بانہوں میں اٹھا چکا تھا۔

جبکہ وہ تینوں منہ کھولے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے لگی۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارسل نیچے اتارے مجھے۔۔وہ ان دونوں کے سامنے شرم سے سرخ پڑتی اسکے سینے پر مکے برساتے بولی۔۔

جبکہ زہرہ اور زرنور سٹپٹاتی وہاں سے بھاگ گئیں۔۔

نہیں اتار رہا ڈارلنگ کر کو جو کرنا ہے۔۔وہ زچ کر دینے والی مسکراہٹ سے بولتا اسے لیے کمرے میں اگیا۔۔

ارسل آپ انتہا کے بے شرم اور ڈھیٹ انسان ہیں۔۔وہ منمنائی تھی۔۔

وہ تو میں ہوں۔۔وہ فتح مند نظروں سے اسے دیکھتا بیڈ پہ اسے اتر تا بولا۔۔

ارسل۔۔وہ اسکے ارادوں سے گھبراتی اسے پکار بیٹھی۔۔

یس جان ارسل۔۔وہ اسے کھینچ کر خود پہ گراتا گھمبیرتا سے بولا۔۔

ک۔کیا کر رہے ہیں۔۔وہ اپنے گال پر اسکی بئیرڈ کی چھبن سے کسمسائی۔۔

تم بچی تو نہیں۔۔وہ اسکے لبوں کو چھوتا مدھم لہجے میں بولا۔۔

ارسل سنے نا۔۔وہ اسے پیچھے کرنے کی کوشش میں ہلکان ہوئی۔۔

سننے کا وقت گیا جان ارسل۔۔وہ اسکی گردن کو اپنی شدت سے سرخ کرتا خمار آلودہ لہجے میں بولا۔

ا۔ارسل۔۔وہ حلق تر کرتی اسکے کندھوں پر ہاتھ رکھ گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

شش جان ارسل تم سنو۔ کیا کہہ رہی ہیں یہ۔۔ وہ اسکا ہاتھ اپنے سینے پر رکھتا اپنی بڑھتی دھڑکنوں کی تال میل سناتا مکمل اسے اپنے حصار میں لیتا خود میں گم کر گیا۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

انہیں مارکیٹ سے آتے کافی لیٹ ہو گیا تھا۔

شام کے چھ بجے گئے وہ لوگ نو بجے لوٹے تھے۔۔

وہ لوگ ابھی گاڑی سے نکل کر اندر جا رہے تھے جب زمل جو کبھی کبھی ہی شرارتیں کرتی تھی۔

زیان کو چڑانے کے لئیے وہ اسکے ہاتھ سے چاکلیٹ لیتے گاڑی سے اترتے بھاگ گئ۔

جبکہ چار سالہ زیان منہ بسورے اسکے پیچھے بھاگا تھا۔۔

وہ تیزی سے اندر کی طرف بھاگ رہی تھی جب اسکا پیر مڑا اور وہ اپنے ساتھ چلتے آبان سے ٹکرا گئ۔۔

وہ بامشکل اسکے سہارے خود کو گرنے سے روک پائ تھی۔

جب آبان نے اسے خود سے دور جھٹکا۔۔

وہ دونوں اینٹرس پر بنی چار سیڑھوں میں سے پہلی سیڑھی پر کھڑے پر۔

اسکے دھکا دینے پر وہ لڑکھڑائ اور اوندھے منہ نیچے گری۔۔

اسکے حلق نکلتی چیخ نے درودیوار ہلا دیئے۔۔

اسکے یوں گرنے پر چار سالہ زیان ڈر کے مارے کانپنے لگا۔۔

جبکہ ساکت تو آبان بھی کھڑا تھا۔۔

آیت جو آئینے کے سامنے کھڑی بال سکھا رہی تھی گاڑی کی آواز پر وہ مسکراتی ونڈو کی طرف بڑھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کھڑکی سے بچوں کو اندر آتے دیکھ جو ابھی نیچے جاتی کہ زمل کے یوں بھاگنے پر وہ رک کے اسے دیکھنے لگی۔

اسکے دیکھتے ہی آبان نے خود کے سہارے زمل کو دھکا دیا اور وہ خون سے تر ہو گئ۔۔

زمل کی فلک شفاف چیخوں ہر وہ اندھا دھند نیچے بھاگی تھی۔۔

اوندھے منہ لیٹا ارسل بھی ہڑبڑاتا اٹھا تھا۔

شرٹ پہنتے وہ تیزی سے نیچے بھاگا۔۔

غازی لوگ جو ابھی سامان اندر رکھ رہے تھے زمل کی چیخ سنتے وہ لوگ بھی باہر بھاگے تھے۔۔

زمل۔۔اسے خون سے لت پت دیکھتے زہرہ چیخی تھی۔۔

زمل میری گڑیا۔۔ولی نے کانپتے ہاتھوں سے اسے سیدھا کیا لیکن وہ ننھی پری بے سود پڑی تھی۔۔

ولی گاڑی نکالو اسے ہوسپٹل لے جانا ہے۔۔غازی اسے اٹھاتا چیخا تھا۔

جبکہ پیچھے آتا ارسل اسکی بات سنتے تیزی سے گاڑی کی طرف بڑھا تھا۔

آنافانا وہ لوگ اسے لیے ہوسپٹل کے لئیے نکلے تھے۔۔

زرنور کو بچوں کی وجہ سے رکنا پڑا تھا۔۔

زرنور نے مہر کو فون کرتے جلدی سے ساری سچویشن سمجھائے تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے تسلی دیتے پانچ ہی منٹ میں سب اسکے پاس تھے۔

آپی آپ بچوں کے ساتھ بھابھی کے پاس رکیے میں اور مہر ہو سپٹل جارہے ہیں۔۔وہ ماہم اپیا سے کہتا مہر کو لیے باہر کی طرف بڑھ گیا۔۔

ڈاکٹر میری بیٹی۔ڈاکٹر کے روم سے آتے ہی ولی بے تابی سے انکی طرف بڑھا تھا۔۔

ڈونٹ وری آپکی بیٹی ٹھیک ہے۔ لیکن سر پہ گہری چوٹ آئی تھی اس لیے ہمیں انہیں سٹیچیز لگانے پڑے۔۔

وہ پروفیشنل انداز میں کہہ رہے تھے۔۔

بچی جہاں گری تھی وہاں شائید کوئی تیز دھار چیز بھی تھی جو بہت گہرائی سے اسے لگی تھی۔

لیکن اللہ کا شکر ہے بہت زیادہ گہری نہیں لگی۔

آپکی بیٹی ٹھیک ہے۔وہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے چلے گئے۔۔

بیٹی کی تکلیف کا سنتے اسکی آنکھوں میں نمی ابھری تھی۔

زہرہ تو پہلے ہی ہچکیوں سے رو رہی تھی۔۔

ارسل اور غازی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے اسے تسلی دی۔

جبکہ ارسل کی خود کی آنکھیں نم تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

یہ کہنا غلط نہیں ہو گا کہ زمل اسے اسکے بچوں سے بھی زیادہ پیاری تھی۔۔

بھائی۔۔مہر کی بے چین سی آواز سنتے ولی سمیت سب نے پیچھے دیکھا جہاں وہ ہڑبڑائی سی کھڑی تھی۔۔

زمل کہاں ہے۔کیا ہوا وہ ٹھیک ہے نا۔ڈاکٹر نے کیا کہا۔۔

وہ ولی کے سامنے آتے تیزی سے بول رہی تھی۔

جبکہ آنکھوں سے بھل بھل کے آنسو نکل رہے تھے۔۔

اپنے بھائیوں کے بچوں میں اسکی جان بستی تھی۔۔

زمل ٹھیک ہے بچے۔۔بھاگتے ہوئے گر گئی تھی اسی سے چوٹ لگ گئی۔۔

ولی اسے اپنے حصار میں لیتے نرمی سے بولا تھا۔وہ جانتا تھا مہر بچوں کو لے کر کتنی حساس ہے۔۔

جبکہ مرتسم غازی اور ارسل سے ساری سچویشن پوچھ رہا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

آیت، آیت زہرہ کو پانی دیتے اسکی نظر آیت پر پڑی جو ساکت سی جانے کیا سوچ رہی تھی۔

ہاں کیا ہوا۔۔وہ چونک کر اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

تم ٹھیک ہو نا ایت۔زہرہ اسکا اڑا رنگ دیکھتے بولی۔۔

میں ٹھی۔۔وہ ابھی اپنی بات پوری کرتی جب اسکی نظر سامنے کھڑے آبان پر پڑی۔۔

مہر نے اسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھا۔

وہ یہ ضد کر رہا تھا اسلیے اسے ساتھ لے آئی۔۔وہ سمجھی شائید وہ اسے وہاں دیکھ کر پریشان ہو گی۔

جبکہ اسکے برعکس آیت تیزی سے اسکی جانب بڑھی تھی۔

آبان نے تھوک نگلتے اسے اپنی طرف آتے دیکھا۔

وہ اسکے سامنے آتے رکی اور اگلے ہی پل اسنے آبان کے گال پر زور دار تماچہ دے مارا۔وہ بچہ تھا اسکے زور دار تماچے کو برداشت نا کرتے زمین پر جا گرا۔۔

آیت۔۔ارسل کی دھاڑ نے آج اسے کانپنے پر مجبور نہیں کیا تھا۔۔

ولی نے تیزی سے آبان کو اٹھاتے خود سے لگایا تھا۔۔

کیا کر رہی ہو آیت پاگل ہو گی ہو۔۔

مہر اسکا بازو پکڑتے چیخی تھی جو پھر سے آبان کی طرف بڑھ رہی تھی۔

پاگل میں نہیں پاگل یہ ہو گیا ہے۔بھائی جسے آپ اپنی آغوش میں بھرے بیٹھے ہیں اسی کی وجہ سے زمل اس حال میں ہے۔۔

وہ ولی کے بازو میں تھر تھر کانپتے آبان کو کھینچتے بولی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سب حیرت و بے یقینی سے اسے دیکھ رہے تھے۔

آیت بچے کیا کہہ رہی ہو بچے ہیں کھیل کود میں گر جاتے ہیں اس میں آبان کا کیا قصور۔

غازی نے اسے نرمی سے سمجھایا۔۔

نہیں بھائی زمل کھیل میں نہیں گری وہ تو زیان سے چاکلیٹ چھینتے بھاگ رہی تھی اور اس سے ٹکرا گئی۔۔

اسنے سہارے کے لیئے اسکا بازو پکڑا تو اسنے اسے دھکا دیتے نیچے پھینکا تھا۔

وہ اسے ایک اور تھپڑ رسید کرتے بولی۔۔

آیت پاگل بنو مت۔۔زہرہ نے آبان کو اس سے چھڑوایا تھا۔۔

وہ زہرہ کی آغوش میں آتا پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔۔

آیت تم سچ کہہ رہی ہو۔۔ارسل اسکے مقابل آتا سنجیدگی سے بولا۔

آیت نے اسے دیکھتے ہاں میں سر ہلا دیا۔۔

ارسل نے بے یقینی سے آبان کو دیکھا۔۔

وہ دونوں اسکے ماں باپ تھے وہ اسکی زمل کے لیئے ناپسندیدگی کو جانتے تھے لیکن اس حد تک نہیں۔۔ارسل غصے سے اسکی جانب بڑھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارسل خبردار تم نے اب آبان کو ہاتھ بھی لگایا تو۔۔مرتسم نے زبردستی اسے روکا تھا۔۔۔

آیت بچے ہیں کیا پتہ غلطی سے ہو گیا ہو۔۔زہرہ کانپتے ہوئے آبان کو چپ کروانے کی کوشش کرتے بولی۔۔

ایک منٹ۔۔مہر آبان کو زہرہ کے حصار سے لیتے سامنے بینچ پر بٹھاتی بولی۔۔

آبان، پھوپھو کا اچھا بیٹا ہے نا۔پھوپھو کا لاڈلہ بچہ۔۔مجھے تو بتاؤ اپنے زمل کو دھکا دیا تھا۔۔وہ اسے پانی پلاتے پیار سے بولی۔۔

آبان نے ایک سہمی ہوئی نظر اپنے ماں باپ کر ڈالی جو غصے سے اسے دیکھ رہے تھے اور ہاں میں سر ہلاتے تیزی سے مہر کی گردن میں بازو ڈالتے اپنا چہرہ چھپا گیا۔۔

لیکن کیوں بچے۔۔وہ ہنوز نرمی سے بولی۔۔

ایم سوری پھوپھو۔ وہ مجھے بلکل اچھی نہیں لگتی۔اسنے میرا بازو پکڑا تو مینے غصے سے اسے پھینک دیا۔۔وہ بری طرح سے روتا بولا تھا۔۔

ارسل نے ایک جتاتی نظر ولی پر ڈالی۔۔

سب کے لاڈ پیار نے اسے سر چڑھا دیا ہے۔۔بگاڑ کے رکھ دیا ہے اسے تو میں ٹھیک کرتی ہو۔آیت غصے سے بولتے اسکی طرف بڑھی۔۔

آیت نہیں۔۔زہرہ نے تیزی سے اسے روکا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارسل، آیت کیا کر رہے کو اگر اسنے غلطی کی ہے تو وہ ایکسپیٹ بھی تو کر رہا ہے۔یہی کافی ہے۔۔

ولی آبان کو اٹھاتا سنجیدگی سے سب کو دیکھتا بولا۔۔

وہ تینوں اگر ایک ساتھ ایک چھت کے نیچے رہتے تھے تو تینوں کے بچوں کو آج تک نہیں پتا تھا کہ انکے باپ ایک دوسرے کے اصلی بھائی نہیں ہیں۔

وہ بچوں میں کبھی فرق نہیں کرتے تھے ہر کسی کو ایک جیسا پیار کرتے تھے۔۔

اس لیے ابھی بھی ولی آبان کو اٹھائے باہر کی طرف بڑھ گیا۔کیونکہ وہ رو رو کر بے حال ہو گیا تھا۔

آیت بے شک آبان نے غلطی کی لیکن اس طرح سے اس پر ہاتھ اٹھا کر تم اسے خود سے بدگمان کر دو گی۔

ہم سب جانتے ہیں آبان کو شروع سے ہی سب کو توجہ کا مرکز بننا پسند ہے شائید اسے زمل اس لیے اچھی نہیں لگتی کیونکہ زمل کے آنے بعد ساری توجہ اسے ملنے لگی تھی۔

آبان سے آپ سب کی توجہ کافی کم ہو گی تھی یہ آپ لوگوں کی غلطی ہے۔۔

مہر اسکے پاس بیٹھتے سنجیدگی سے بول رہی تھی۔

مہر بلکل ٹھیک کہہ رہی ہیں بچے کو اس طرح سے مار کر ہم اسے بس ڈھیٹ بنا سکتے ہیں اسے پھر ماں باپ کی ڈانٹ،ڈپٹ کا ڈر بھی ختم ہو جاتا ہے۔۔مرتسم غصے سے بپھرتے ارسل کو ریلیکس کرتے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ غازی اور زہرہ ولی کے پیچھے ہی گئے تھے۔۔۔

آبان میرا بہادر بیٹا ہے نا، بس رونا بند کرو، بڑے پاپا کے ہوتے ہوئے اپکو کوئی کچھ نہیں کہے گا۔۔ ولی اسے باہر رکھے بینچ پر بٹھاتا اسکے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھتا نرمی سے بولا۔

وہ ہچکیاں بھرتا بری طرح سے سہم گیا تھا۔

اسکے نازک گالوں پر آیت کی انگلیوں کے نشان بری طرح سے پڑ گئے تھے۔۔

بڑے پاپا آئی سویر مینے زمل کو ہرٹ نہیں کیا میں تو بس اسے دور کر رہا تھا۔

وہ سختی سے اسکے ہاتھ تھامتا سہمی نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔

میری جان ہمیں پتا ہے۔۔ ولی سے پہلے زہرہ نے جواب دیا تھا۔

لیکن چیمپئن زمل آپکو کیوں اچھی نہیں لگتی۔

وہ تو اتنی پیاری سی گڑیا ہے۔۔ غازی اسکے دوسرے طرف بیٹھتا بولا۔۔

کیونکہ سب اس سے پیار کرتے ہیں۔ ڈیڈ، ماما آپ بھی وہ خفگی سے اسے دیکھتا بولا۔۔

آپکو ایسا کیوں لگتا ہے۔ کیا ہم آپسے پیار نہیں کرتے۔۔ ولی اسکے آنسو صاف کرتا نرمی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

اپنی بیٹی کی تکلیف پر اسے بھی تکلیف ہو رہی تھی لیکن کبھی بچوں میں فرق جو نہیں کیا تھا اس لیے اس سے آبان کا ایسے رونا اور آیت کا اسے مارنا دیکھا نہیں گیا۔۔

وہ جانتا تھا بچوں کے دل میں اگر شک کا بیج آ جائے تو وہ بڑے ہوتے نفرت کا پودا بن جاتا ہے۔اس لیے وہ اسکی ساری غلط فہمی مٹانا چاہتا تھا۔

کرتے ہیں۔۔وہ زور و شور سے سر ہلا گیا۔

پھر۔۔زہرہ اسکے گالوں پر انگلیوں کے نشان دیکھتے رو دی۔۔اگر زمل کی تکلیف پر اسے تکلیف ہوئی تھی تو آبان کی تکلیف پر اس سے کی گناہ زیادہ ہوئی تھی

چینپ اپنے جو کیا غلط کیا لیکن یہ مان کہ کہ اپنے غلطی کی ہے اچھا کیا ہے۔اسلیے سب آپکو معاف کر رہے ہیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن یہ بہت غلط بات ہے بیٹے۔سب آپسے بہت پیار کرتے ہیں آپ ایسے زمل گڑیا سے روڈ بیہو کرو گے اسے ہرٹ کرو گے تو سب آپکو ہیٹ کریں گے۔پھر ہم میں سے بھی کوئی آپکو پیار نہیں کرے گا کیونکہ آپ بیڈ بوائے بن جاؤ گے۔۔

Posted On Kitab Nagri

غازی،ولی کو زہرہ کو یہاں سے لے جانے کا شارہ کرتا نرمی سے آبان کو سمجھانے لگا۔

اب اپنے سب سے سوری کرنی ہے اور زمل سے بھی اوکے۔۔اسے کافی دیر سمجھانے کے بعد غازی نے کہاتو وہ سر ہلا گیا۔

وہ کافی حد تک ریلیکس ہو گیا تھا۔۔

سائیں یہ سب کیا ہو رہا ہے ہمنے تو کبھی بچوں میں فرق نہیں کیا انہیں یہ سب نہیں سکھایا۔۔وہ بری طرح سے روتی بولی تھی۔

سائیں کی جان سب ٹھیک ہے کچھ نہیں ہوا۔۔

آبان بچہ ہے وہ بس اپنی اگنورینس برداشت نہیں کر پا رہا تھا۔اور زمل بھی تو بلکل ٹھیک ہے۔

لیکن اب تم مجھے اس طرح سے رو کر پریشان کر رہی ہو میری جان ۔۔وہ نرمی سے اسکی کمر سہلاتا بولا۔۔

آیت کو آبان کو ایسے نہیں مارنا چاہئیے تھا آپنے دیکھانا کیسے نشان پڑ گئے ہیں اسکے گال پر اور وہ کتنا ڈر گیا ہے۔۔

وہ دور بیٹھے آبان کو دیکھتے پریشانی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہم آیت کو سمجھائیں گے اور آبان ہم سب کے پیار سے ٹھیک ہو جائے گا پریشان مت ہو۔اسکے آنسو صاف کرتے ولی نے نرمی سے کہاتو وہ سر ہلا گئ۔۔

اسے رات بھر انڈر ابزرویشن رکھا گیا تھا۔

رات وہاں صرف ولی اور مرتسم رکے تھے باقی سب کو گھر بھیج دیا گیا تھا۔۔

وہ رات سے ہی بے ہوش تھی۔ڈاکٹرز نے خود اسے نیند میں ہی رکھا تھا کیونکہ وہ کافی ڈر چکی تھی اس سے اسکے زخم پر مزید افیکٹ ہوتا۔

صبح ہی اسے ہوش آیا تھا۔وہ مندی مندی آنکھوں سے مرتسم اور ولی کو دیکھنے لگی۔۔

جبکہ سر میں اٹھتی تکلیف سے وہ بری طرح سے رو دی تھی مجبوراً ڈاکٹرز کو اسے پھر سے پین کلر کے ساتھ نیند کا انجیکشن دینا پڑا۔۔

وہ لوگ اسے سوتے ہوئے ہی گھر لے آئے تھے۔۔

اب دو گھنٹے بعد وہ پھر سے ہوش میں تھی۔

اسکا درد کم تھا لیکن اتنا کم بھی نہیں تھا وہ زہرہ کی گود میں دبک کر بیٹھی ہوئ تھی۔

سفید رنگت میں زردیاں گھلی ہوئ تھیں۔آنکھیں درد سے نم تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

زمل پھوپھو کی جان پھوپھو پاس اجاو۔۔مہر اسکے پاس بیٹھتے بازو وا کرتے بولی تو وہ تیزی سے اسکے بازوں میں سمائ تھی۔۔

زہرہ اسے ایسے دیکھ مسکرا دی وہ جانتی تھی بچے مہر سے کتنا اٹیچ تھے۔۔

سب لوگ اسکے اس پاس تھے لیکن وہ کچھ بول ہی نہیں رہی تھی۔

میری گڑیا کو درد تو نہیں ہو رہا۔۔مہر ہولے ہولے اسکا سر سہلاتے محبت سے بولی۔۔

جب اسی وقت کمرے میں ولی ارسل اور آبان آئے تھے۔

وہ آبان کو دیکھتی سفید پڑ گئ۔۔

جبکہ آبان شرمندگی اور سہمی نظروں سے اسکے سر پہ بندھی پٹی دیکھ رہا تھا۔۔

زمل۔۔ولی نے نرمی سے اسے پکارا۔

اسکے پاس بیٹھتے اسنے مہر کی گود سے اسے اپنے گود میں لٹالیا۔

ب۔ابا۔ٹوٹ کر لفظ ادا ہوئے تھے۔

بابا کی جان، میری گڑیا کو کیا ہوا کہیں پین ہو رہا ہے۔۔وہ اسکے یوں تو رونے اسکے ماتھے پر لب رکھتے نرمی سے بولا۔۔

باقی سب بھی پریشان سے اسے دیکھ رہے تھے ابھی تو وہ بلکل ٹھیک تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بابا مجھے یہاں پین ہو رہا ہے۔ وہ سر پر بندھی پٹی کو چھوتے زخم والی جگہ پہ ہاتھ رکھتے ہچکیوں سے روتے بولی تھی۔

بس اتنی سی بات یہ پین تو یوں چلا جائے گا۔۔

ابھی کوئی کچھ کہتا جب دانین کی شوخ سی آواز نے سب کو دروازے کی طرف دیکھنے پر مجبور کیا تھا۔

وہ ہمیشہ کی طرح بلیک چاک والی شرٹ اور بلیک ہی جینز میں تھی۔۔

تین بچوں کے بعد بھی اسکے فگر میں زرا بھی بدلاو نہیں آیا تھا۔

دانین کی دو بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا۔

رمشاء جو کہ سب سے بڑی تھی وہ چھ سال کی تھی۔

اس سے دو سال چھوٹا چار سالہ براق اور براق سے

دو سال چھوٹی دو سالہ دور فشاں۔۔

وہ تینوں کے تینوں بچے اپنے ماں باپ کی طرح انتہا کے شرارتی تھے۔۔)

نین چاچی۔۔بچے جو سہمے ہوئے سب کھڑے تھے اسے دیکھتے ایک ساتھ چیختے اسکی طرف بڑھ تھے۔

ارے اجاو میرے چھوٹے چھوٹے ایجینٹس۔۔ وہ تیزی سے نیچے بیٹھے سبکوں ایک ساتھ بانہوں لیتے بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آبان اور زمل کے سوا سبھی اس سے لاڈ کرنے میں مصروف تھے۔

ارے یہ میرے سب سے بہادر ایجینٹ کو چوٹ کیسے اگئ۔

اونو ہمیں تو ایک ضروری کیس میں جانا تھا۔۔وہ زمل کے پاس بیٹھتے مصنوعی پریشانی سے بولی تھی۔

(دانین اور بچوں کا بونڈ ایسا تھا جیسے پولیس والے اور اسکے سپاہیوں کا۔

جیسے آرمی کے کیپٹن اور اسکے ایجنٹس کا۔۔

وہ جب بھی گھر آتی سب بچوں کو ایک ساتھ لیے وہ اپنے مشن میں مجرموں کو تنگ کیسے کرنا ہے کیسی کی کمزور کو کیسے پکڑنا ہے انہیں سب بتاتی تھی۔

کبھی کبھار تو بچے بھی اسے ائیڈیاز دیتے تھے۔۔

سپیشلی حازق اور ایزل۔۔)

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن آج وہ دونوں ابھی سکول گئے ہوئے تھے۔مرحا بھی انکے ساتھ ہی گئ ہوئ تھی۔

چونکہ ایناره،زیان ارحم اور میسم ابھی چھوٹے تھے تو وہ لوگ ابھی سکول نہیں جاتے تھے۔

آبان کو کل سے تیز بخار تھا اس لیے اسے نہیں بھیجا گیا تھا۔۔)

Posted On Kitab Nagri

کوئی بات نہیں چاچی یہ تو چھوٹی سی چوٹ ہے ایجنٹس کو ایسی چوٹیں لگتی رہتی ہیں۔وہ دانین کو سامنے دیکھ کھل اٹھی تھی اسلیے اسکا ہمیشہ کہا جانے والا جملہ دہرا گئی۔

یہ ہوئی نا بات۔۔دانین اسکے پھولے گالوں پر لب رکھتی بولی تو وہ بھی کھکھلا دی۔

اسکی کھکھلاہٹ پر سب نے سکون کا سانس لیا تھا۔

ولی اپنی نم آنکھیں رگڑتا اٹھ گیا وہ جانتا تھا اب دانین زمل کو پین فیل ہی نہیں ہونے دے گی۔۔

بیٹی کی تکلیف اسے حد سے زیادہ تکلیف دے رہی تھی۔اسنے بہت نازو سے پالا تھا اپنی دونوں بیٹیوں کو بلکہ سب بچوں کو ہی کب کسی نے ایک کانٹا بھی چبھنے دیا تھا۔۔

لیکن اب اچانک سے سب بگڑ گیا تھا۔۔

ارے ہمارا چیمپیئن وہاں کیوں کھڑا ہے۔۔ادھر او۔۔وہ دور کھڑے نڈھال سے آبان کو دیکھتے بولی۔۔

اسکے چہرے پر انگلیوں کے نشان دیکھتے اسنے آیت کو گھوراوہ نظریں چرا گئی۔۔

وہ دونوں بھی تو رات سے بیٹے کی حالت پر کڑھ رہے تھے۔۔کوئی دشمن تو نہیں تھے اس کے اسکی تکلیف پر خود بھی بے چین تھے لیکن زمل کی تکلیف اسکے آگے کچھ بھی نہیں تھی۔۔

جبکہ اسے اپنی طرف آتے دیکھ زمل کا بہال ہوتا سانس اٹکا تھا اور رنگ تیزی سے سفید پڑا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جیسے ہی آبان دانین کے پاس آیا وہ تیزی سے دانین کے بازوں سے نکلتی پاس بیٹی مہر کی طرف لپکی تھی

۔

پھو پھو بچاؤ وہ اسکی گردن میں بانہیں ڈالتے چہرہ چھپاتے سسکتے بولی تھی۔

اسکے ریکشن سے سب کو دھچکا لگا تھا۔۔

پھو پھو کی جان کیا ہوا کس سے ڈر لگ رہا ہے میرے بیٹے کو۔۔

وہ نرمی سے اسکا سر سہلاتے بولی۔۔

م۔مو۔نسٹر۔۔وہ ہکلاتے بولی تھی۔۔

آیت نے لب بھینچے تھے جبکہ زہرہ بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گئ۔۔

دانین نے مہر کو دیکھا جسنے آنکھوں سے ابان کو وہاں سے لے جانے کا اشارہ کیا۔۔

وہ سر ہلاتی سہمے ہوئے ابان کا ہاتھ پکڑتے وہاں سے لے گئ۔۔

پھو پھو کی جان کوئ مونسٹر نہیں ہے یہاں پہ بیٹے آبان بھائ ہے نا۔۔

وہ اسے پیار سے سمجھاتے بولی۔۔

ن۔نہیں پھو پھو وہ گ۔گندا ہے۔وہ ہمیشہ زمل کو ہرٹ کرتا ہے۔پھو پھو وہ پھر سے ہرٹ کرے گا۔۔وہ نفی میں سر ہلاتے روتے ہوئے بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر خود ڈاکٹر تھی وہ اسکی سائیکی سمجھ رہی تھی۔اسکے دماغ میں آبان کا جو ڈر بیٹھ چکا تھا وہ شائید ہی کبھی جاتا۔۔

دانین اسے نیچے لائی تو ارسل جو سر ہاتھوں میں گرائے بیٹھا تھا اسنے چونک کر اسے دیکھا۔۔

ارسل کی سرخ آنکھیں دیکھ وہ لب بھینچتے آبان کو اسکے پاس بٹھاتی اسے اشارہ کرتی خود ولی لوگوں کی طرف بڑھ گئ۔۔

وہ خوف سے سہمتے ہوئے ارسل کو دیکھ رہا تھا۔۔

ارسل نے اسکی سہمی آنکھوں کو دیکھا تو خود پر سو بار لعنت بھیجی تھی۔۔

اسنے ہاتھ بڑھاتے نرمی سے اسے اپنی آغوش میں بھر لیا۔

وہ باپ کے پاس آتے ہی سسک پڑا۔

بابا مینے جان بوجھ کر نہیں کیا آئ سویئر۔۔وہ سسکیاں بھرتا بولا تھا۔

بابا کو آپ پہ یقین ہے میری جان۔۔وہ اسکے سوجھے گال سہلاتا نرمی سے بولا۔

آیئم سوری میرا بچہ ماما نے آپکو مارا، بابا نے آپ پر غصہ کیا۔بابا کو معاف کر دو۔۔وہ اسکی آنکھیں چومتا نم لہجے میں بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

آبان آپ میرے بہادر بیٹے ہو۔اپ جیسا کوئ نہیں ہے۔ہر کسی کی اپنی جگہ ہے بیٹا۔زمل اور باقی سب بچے مجھے اتنے ہی عزیز ہیں جتنے تم۔شائید تم سب سے زیادہ عزیز ہو کیونکہ تم میری پہلی اولاد ہو۔۔ہم کسی سے زیادہ یا کم پیار نہیں کرتے بیٹا پھر آپ کیوں زمل کو ہیٹ کرتے ہو۔اپکو پتا ہے اس طرح اللہ جی بھی ناراض ہو جاتے ہیں۔۔

وہ اسے نرمی سے سمجھا رہا تھا جبکہ آبان غور سے آسکی باتیں سنتا سر ہلاتا رہا۔

وہ کافی دیر اسے سمجھاتا رہا۔۔

اسے لگا اب شائید سب ٹھیک ہو گیا ہے لیکن سیڑھیوں سے تیزی سے اترتی آیت کو دیکھ اسکی آنکھوں میں واضح ڈر چمکا تھا۔

کیا کوئ آور آزمائش باقی ہے۔۔وہ سوچ کر رہ گیا۔نہیں جانتا تھا کہ اصل آزمائش تو اب شروع ہو گی۔۔

کیا ہوا آیت اتنی گھبرائ ہوئ کیوں ہو۔۔

ارسل آبان کو صوفے پر بٹھاتے نیچے آتی آیت سے بولا۔۔

آیت ابھی کچھ بولتی کہ اسکی نظر آبان پر پڑی جو سہمی نظروں سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

وہ آنکھوں میں آئ نمی کو اندر اتارتے اسکی طرف بڑھی۔۔

مما کا بیٹا ناراض ہے مجھ سے۔۔وہ اسکے پاس بیٹھتے اسکے ہاتھ تھامتے بولی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آبان سر جھکائے بیٹھا رہا۔

آبان ماما کی جان ادھر دیکھو۔۔ماما بہت زیادہ سوری ہیں اپسے۔بہت گندے والا غصہ کیا تھا نا مینے۔۔

وہ اسکا چہرہ اٹھاتے نم لہجے میں بولی۔۔

ارسل خاموشی سے دونوں کو دیکھتا انکے قریب ہی ٹک گیا۔۔

میرا بیٹا اتنا ناراض ہے کہ ماما کو معاف بھی نہیں کرے گا۔۔وہ اسکے سوجے گالوں پر لب رکھتے بولی۔۔

آنکھوں سے بے ساختہ آنسو ٹوٹ کر گرے تھے۔۔

آیت کو روتے دیکھ ابھی ارسل کچھ کہتا کہ آبان تیزی سے نفی میں سر ہلا گیا۔

نہیں ماما آبان آپسے ناراض نہیں ہے۔۔آبان آپسے سوری ہے۔مینے آپ سب کو ہرٹ کر دیا نا۔

زہرہ ماما، ولی بابا سبکو۔۔وہ اسکے آنسو صاف کرتا ہچکیاں بھرتا بولا۔

آیت نے تڑپ کر اسے خود میں چھپایا تھا۔

نہیں میری جان کوئ بھی آپسے ناراض نہیں ہے۔اپنے مسٹیک کی اور اسے ایکسیپٹ بھی کر لیا نا۔اس لیے اب آپسے کوئ ناراض نہیں ہے۔

وہ اسکے سر پر لب رکھتے بولی۔

آپ ماما سے ایک وعدہ کرو آئیندہ کبھی بھی زمل کو ہرٹ نہیں کروگے۔۔وہ اسے اپنے سامنے کرتے بولی تو اسنے جھٹ سے اسکے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ دیا۔

Posted On Kitab Nagri

پر امس ماما۔۔وہ اسکے ہاتھوں پر بوسہ دیتا بولا۔۔

میرا بچہ۔۔وہ اسکی آنکھیں چومتی کتنی ہی دیر اسے خود سے لپٹائے بیٹھی رہی۔۔

جب مہر کی آواز پر چونکی۔۔

وہ اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھی ارسل کو کچھ کہہ رہی تھی۔۔

آبان بیٹے جاؤ اوپر روم میں ریسٹ کرو ماما آتی ہیں۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولی تو وہ سر ہلاتا اوپر چلا گیا۔۔

مہر زمل ٹھیک ہے نا۔۔آبان کے جاتے وہ بے چین سی بولی تو مہر نے سنجیدگی سے اسے دیکھا اور اگلے ہی پل چہرہ موڑ گئی۔۔

آیت نے بے بسی سے اسے دیکھا وہ کل سے اس سے بات نہیں کر رہی تھی جب اسنے آبان پر ہاتھ اٹھایا تھا۔۔

اوے زیادہ نخرے نا کر۔مانا کے آیت کی غلطی ہے لیکن اس وقت سچویشن بھی تو کچھ ایسی تھی۔۔

آیت کی آنکھوں میں ٹھہری نمی دیکھ وہ گھور کو مہر کو دیکھتے بولا۔

مہر نے ابیر بروا چکاتے اسے دیکھا جسنے آنکھوں سے اسے اشارہ کیا تھا۔۔

وہ گہری سانس بھرتی آیت کی طرف مڑی۔

Posted On Kitab Nagri

جو بھی تھا آیت تمہیں اس طرح آبان پر ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیئے تھا۔اس طرح سے اسکے دل میں یہ بدگمانی اور بڑھ جائے گی کہ ہم زمل کو اس سے زیادہ پیار کرتے ہیں۔۔وہ نرمی سے بولی تو وہ دونوں اسکی بات سے متفق نظر آئے۔۔

خیر اب جو بھی ہو گیا سو ہو گیا آئیندہ آبان پر ہاتھ مت اٹھانا۔۔ پیچھے سے آتی دانین آیت کو گھورتے بولی تو وہ خفگی سے سبکو دیکھنے لگی۔

سب لوگ مجھے ہی گھور لو جیسے سارا قصور ہی میرا ہو۔۔وہ پیر پٹخ کر بولتی اوپر کی طرف بڑھ گی۔۔

شرم کرو تم دونوں میری چھوٹی سی بیوی کو ناراض کر دیا۔۔ارسل مسکراہٹ دباتے بولا ارادہ جاتی ہوئ آیت کو سنانے کا تھا جو وہ سن کے بھی ان سنا کر گئ۔

دانین اور مہر کا مدھم قہقہ گونجا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دو دن انکے بہت پر سکون گزرے تھے۔زمل کا زخم بھی اب آہستہ آہستہ بھر رہا تھا۔۔

دو دن بعد کی بات تھی زرنور اسے باہر لے آئ کہ وہ مسکراتے کمرے سے نکلی لیکن سیڑھیوں تک پہنچتے جانے اسے کیا ہوا وہ سفید پڑ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

زمل آجاؤ گڑیارک کیوں گئ۔زرنور نے پیچھے مڑتے کہا لیکن اسے کانپتے دیکھ وہ سرعت سے اسکے پاس آئ۔۔

زمل میری جان کیا ہوا۔۔

لیکن اسکی نظریں اوپر آتے آبان پر تھیں۔

م۔ا۔ما۔۔وہ اچانک چیختی زرنور سے لپٹ گئ۔۔

نیچے سب جولاؤنج میں بیٹھے تھے اسکے چیخنے کی آواز سنتے تیزی سے اوپر بھاگے تھے۔۔

آبان وہیں رک گیا۔۔

بھابھی کیا ہوا۔۔۔مہر نے زمل کو دیکھتے پوچھا وہ زرنور سے لپٹی کانپتے ہوئے نفی میں سر ہلا رہی تھی۔۔

زمل میرا بچہ کیا ہوا۔۔وہ تیزی سے زمل کی طرف بڑھی۔

لیکن اس سے پہلے ہی وہ ہوش وحواس سے بیگانہ ہوتے زرنور کے بازوں میں جھول گئ۔۔

زمل۔۔ارسل نے تیزی سے اسے اٹھایا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زہرہ اسکا چیک اپ کر رہی تھی۔۔لیکن اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ اچانک اسے کیا ہوا ہے۔۔

ڈر کی وجہ سے بے ہوش ہوئ ہے۔لیکن مجھے سمجھ نہیں آرہا تھا یہ ڈری کس چیز سے۔۔

ولی کو دیکھتے بھرائ آواز میں کہا۔انکی ہستی کھیلتی بیٹی کو اچانک کیا ہو گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

سیڑھیوں سے اور آبان سے۔۔مہر کی سنجیدہ آواز نے سب کو اسکی طرف دیکھنے پر مجبور کر دیا۔۔

کیا مطلب سیڑھیوں سے اور آبان سے۔۔غازی نے حیران ہوتے پوچھا۔

زمل اونچائی اور آبان سے ڈرنے لگی ہے۔

وہ اسکی مینٹلی حالت سمجھ چکی تھی۔۔

اب کیا ہو گا۔۔۔آیت کی کانپتی آواز نے سب کو سوچنے پر مجبور کر دیا تھا۔۔

یہیں کرنا پڑے گا کہ آبان اور زمل کا سامنا ناہو۔وہ جب جب آبان کو دیکھے گی ایسے ہی ریئکٹ کرے گی۔۔

اونچائی سے اسکا ڈر سیڑھیوں کی حد تک کم ہو جائے گا اسکے آگے نہیں پتہ۔۔

وہ سنجیدگی سے بول رہی تھی۔۔

ولی نے ہاتھوں میں سر گرا لیا۔

زمل اور آبان دونوں ہی اسے عزیز تھے ایسا کیسے ہو سکتا تھا کہ دونوں ایک ہی گھر میں رہیں اور انکا سامنا ناہو۔۔

اور اگر آبان اسے نظر نا آئے تو۔۔

ارسل کی آواز پر سب چونک گئے۔

کیا مطلب۔۔مرتسم نے اچھنبے سے اسے دیکھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہم آبان کو ہوسٹل بھیج دیں گے۔۔اسنے آیت کو دیکھتے کہا۔۔

وہ اسکی بات پر تیزی سے نفی میں سر ہلاتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔

کیسی باتیں کر رہے ہو ارسل۔ابان کیوں ہوسٹل جائے گا۔

زمل ٹھیک ہو جائے گی لیکن ایسا ویسا کچھ مت سوچو تم۔۔

ولی نے سختی سے کہا۔۔

میرے خیال میں ارسل ٹھیک کہہ رہا ہے آبان کا ہوسٹل میں رہنا ہی مناسب ہے۔۔

آیت نے نم لہجے میں کہا تھا۔۔

لیکن ارسل آبان کیسے رہے گا۔وہ تو کبھی ایسے دور نہیں رہا اور جانتا ہے نا وہ آیت کے بغیر نہیں رہتا۔۔مہر نے پریشانی سے اسے دیکھا۔

نہیں رہتا تو رہ لے گا۔بچہ نہیں ہے دس سال کا ہونے والا ہے۔۔

وہ دوٹوک انداز میں بولا۔

لیکن ارسل بھائی۔۔زہرہ کچھ کہتی کہ ارسل اسے ٹوک گیا۔

زہرہ بھابھی آپ یہ مت سوچیئے گا کہ زمل کی وجہ سے آبان ہم سے دور ہو رہا ہے۔

یہ سب آبان کا اپنا کیا دھرا ہے۔زمل مجھے آبان جیسی ہی پیاری ہے میں نہیں چاہتا تھا اتنی کم عمر میں اسکے دماغ پر کوئی بھی گہرا یا برا اثر ہو۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ نرمی سے بولا۔۔

ارسل ایک بار پھر سے سوچ لو کہیں تم آبان یا آیت کے ساتھ زیادتی نا کر جاو۔۔

غازی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہا۔۔

نہیں غازی بھائی ارسل کا فیصلہ مجھے منظور ہے۔۔

ارسل جو کہہ رہے ہیں وہ ٹھیک کہہ رہے ہیں دوسری بار ہے ایسے زمل آبان کو دیکھتے خوف سے بے ہوش ہوئی ہے اللہ نا کرے اگر اسکی زہنی حالت بگڑ گئی تو ہم کیا کرے گیں اس سے اچھا یہی ہے کہ ہم اسے ہوسٹل ہی بھیج دیں۔۔

وہ سر جھکائے بولی تھی۔

اسکا دل تڑپ رہا تھا اپنے بیٹے کے دور جانے کا سنتے لیکن وہ جانتی تھی یہی سب کے حق میں بہتر رہے گا۔۔

لیکن۔۔ولی کچھ کہتا کہ مرتسم نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے نفی میں سر ہلایا۔۔

ارسل کا فیصلہ بلکل ٹھیک ہے۔۔اسنے دھیمے سے کہا تو وہ لب بھینچ گیا۔۔

جبکہ مہر خاموش کھڑی تھی اسکی نظر سامنے مرر پر تھیں جسمیں باہر کھڑا آبان صاف نظر آرہا تھا۔۔

وہ سر جھکائے نچلہ ہونٹ کچلتا سب کو سنتا رہا۔

اسے بے ساختہ اس پر پیار ایا۔اتنا بڑا جرم تو نہیں تھا اسکا لیکن قسمت نے بنا دیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

آبان اندر آؤ بیٹا۔۔مہر نے اونچی آواز میں کہا تو سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

جبکہ باہر کھڑا آبان بھی چونک گیا۔۔

اندر آو چینپ۔۔مرتسم نے اسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھتے کہا تو وہ ہونٹ کچلتا اندر آگیا۔۔

وہ سیدھا زہرہ کے پاس آیا۔۔

زہرہ ماما ایم سوری میری وجہ سے زمل اتنی ہرٹ ہو گئی ہے۔بٹ ڈیڈ نے جو کہا ہے میں اب وہی کروں گا۔ مینے زمل کو ہرٹ کیا ہے اسلیے اب میں اسکے سامنے نہیں آؤں گا۔۔

وہ اسکے ہاتھ تھامتا نرمی سے بولا۔۔

آپ سب میں سب سے دور رہ لوگے۔۔زہرہ نے اسے خود میں بھینچتے کہا۔۔

آپ لوگ مجھ سے ملنے نہیں آئیں گے کیا۔۔وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔۔

کیوں نہیں میری جان ہم ہر ویکینڈ پر آئیں گے۔۔ مرتسم اسکے بال بگاڑتا بولا۔۔

تو پھر میں دور کیسے ہوا۔۔وہ نم آنکھیں رگڑتے بولا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب نے شکر کا سانس لیا کہ آبان مان گیا ہے۔۔ آیت بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھتی وہاں سے چلی گئی۔۔

باقی سب باتوں میں لگ گئے جبکہ آبان کی نظریں اب زمل پر تھیں جانے کیسی تپش تھی اسکی نظروں میں جسنے مہر اور ولی کو حیران کیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن وہ دونوں ہی وہم سمجھتے سر جھٹک گئے۔۔

ایک ہفتے تک اسکے ہوسٹل کا سارا انتظام ہو گیا تھا اس ہفتے میں زمل شاہ ولا رہی تھی جہاں سب نے اسکا بہت خیال رکھا تھا۔اس لیے وہ بہل گئ۔۔

جبکہ ایک دو بار مہر کے ساتھ ڈر ڈر کے سیڑھیاں بھی اتری تھی۔۔

آج آبان کے جانے کا دن تھا۔۔

زمل کو روحاما کے پاس چھوڑتے وہ سب اس سے ملنے گئے تھے۔۔

سب بچے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھ رہے تھے کیونکہ بچے ایک دوسرے سے بہت اٹیچ تھے اب اچانک یوں ایک کا دور ہونا انہیں اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔

وہ بچوں سے ملتا باری باری سب بڑوں سے ملنے لگا۔۔

ہم سب آپسے بہت پیار کرتے ہیں میری جان یہ مت سمجھنا کہ زمل کے لیئے ہم اپکو دور کر رہے ہیں ۔ہم ہر ویکینڈ آپسے ملنے آئیں گے اور روز بات کریں گے۔۔مہر اسکا سر چومتے بولی تو وہ مسکراتا سر ہلا گیا۔۔

سب سے ملنے کے بعد وہ آیت سے ملا تو نا چاہنے کے باوجود وہ بے آواز رو دیا۔۔

بامشکل اسے چپ کرواتے ارسل،ولی اور مرتسم اسے ہاسٹل کے لیئے نکلے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ساری فورمیلیٹیز پوری کرتے اسنے سر جھکائے بیٹھے آبان کو دیکھا۔

ولی اور مرتسم نے ایک دوسرے کو دیکھا اور آبان سے ملتے ارسل کو گاڑی میں ویٹ کا کہتے خود چلے گئے۔۔

گہری سانس ہوا کے سپرد کرتے وہ اسکی طرف بڑھا۔۔

اسکے ساتھ بیٹھنے پر بھی آبان نے کوئی رسپونس نہیں دیا۔

ڈیڈ سے ناراض ہو۔۔وہ اسکے ہاتھوں کو دیکھتا بولا۔۔

آبان نے نفی میں سر ہلا دیا۔

ڈیڈ مجبور تھے بیٹا ورنہ کبھی آپکو یوں خود سے دور نہیں کرتے۔۔وہ اسے خود میں بھینچے بھرائی آواز میں بولا۔

زندگی میں پہلی بار وہ یوں سب سے دور ہوا تھا۔

آئی نو ڈیڈ۔۔ آبان سب سے زیادہ پیار اپنے ماما، ڈیڈ سے کرتا ہے اور ماما اور ڈیڈ آبان سے۔۔وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

ارسل نے نم آنکھوں سے سر ہلا دیا۔

بلکل آبان میں جان ہے ڈیڈ کی۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

خدا حافظ چینپ ڈیڈ آپسے ویکینڈ پر ملنے آئیں گے۔۔کچھ دیر باتیں کرنے کے بعد وہ نظریں چراتے بولا۔۔

آبان نے خاموشی سے سر ہلا دیا۔

ایک آخری بار اسے خود میں بھینچتے وہ اسے دیکھے بغیر وہاں سے نکل ایا۔۔

آبان بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھتا رہا جب تک کہ وہ اسکی نظروں سے اوجھل نا ہو گیا۔۔

تھکی سی سانس خارج کرتے وہ سیٹ سے سر ٹکا گیا۔

وہ لوگ واپس جا رہے تھے۔

ارسل تو ٹھیک ہے۔ولی نے فکر مندی سے اسے دیکھتے پوچھا۔۔

وہ بند آنکھوں سے سر ہلا گیا۔

دل پہ ایک بوجھ سا ہے یار پہلی بار وہ نظروں سے اوجھل ہوا ہے۔۔

وہ تینوں دوست آج بھی ایک جیسے تھے کسی سے کچھ نہیں چھپاتے تھے۔اسلیے وہ بغیر جھجھکے سچ بول گیا۔۔

دل تو میرا ابھی نہیں مان رہا یار لیکن حالات نے ہم سب کو مجبور کر دیا ہے۔۔تونے مجھ پہ بہت بڑا احسان کر دیا ہے اپنے دل پہ پتھر رکھ کے۔ولی گہری سنجیدگی سے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارسل نے پیچھے مڑتے اسے گھورا۔

کیا۔۔اسنے ائیبرو اچکاتے اسے دیکھا۔

بکواس مت کیا کر۔کیا ہمنے کبھی بچوں میں کوئ فرق کیا ہے جو تجھے یہ احسان لگ رہا ہے۔ وہ اسے گھورتے بولا

اور زمل تجھ سے زیادہ میری بیٹی ہے۔اور انشاءاللہ بہو بھی میری ہی بنے گی۔۔

وہ اسے جتا کر بولا۔

مرتسم دونوں کو دیکھتا نفی میں سر ہلا گیا۔۔

مرتسم میں سوچ رہا تھا آج مہر کو یہیں روک لیں۔ آیت اور زہرہ بھا بھی پریشان ہونگی اس طرح کچھ حوصلہ ہو جائے گا۔۔

وہ ولی کو اشارہ کرتا آنکھیں پٹپٹاتے بولا۔۔

مرتسم کا بے ساختہ بریک پر پاؤں گیا تھا۔

اسنے دانت کچکچاتے اسے دیکھا۔

وہ ارسل تھا کیسے ممکن تھا کہ زیادہ دیر سیریس رہ لے۔۔

سوچنا بھی مت۔۔غصے سے کہتے وہ گاڑی دوبارہ سڑک پر ڈال گیا۔۔

ولی اور ارسل کا بے ساختہ قہقہ گونجا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ مرتسم نفی میں سر ہلا گیا۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

بش،بش میلا بچہ۔۔تین سالہ میسم نے دو سالہ روتی ہوئی اینارہ کو اپنے ننھے ہاتھوں سے تھپکتے کہا۔۔

وہ سب آبان کے جانے کے بعد اداس سے بیٹھے تھے جب میسم کی آواز پر چونک گئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بلکل مہر کے انداز میں کبھی ایناہ کا ماتھا چومتا کبھی اسکے ہاتھ تو کبھی اسے خود سے لگانے کی کوشش کرتے اسے تھپکتا۔۔

وہ سب نم آنکھوں سے ہس دیئے۔۔

ماں صدقے۔۔مہر نے بے ساختہ اسے خود میں بھینچا۔۔

کچھ دن یونہی اداسی کے نظر ہو گئے۔لیکن آہستہ آہستہ سب کو عادت ہو گئ۔

وہ لوگ ویکینڈ پر آبان سے ملنے گئے تھے۔۔

وہ بھی وہاں کے ماحول کا عادی ہو گیا تھا اسلیے مسکراتے ان سے ملا۔۔

اس واقع سے ایک ماہ بعد کی بات تھی ارزم مرتسم کا دوست اسکے چھوٹے بھائ کی شادی تھی۔

وہ لوگ اسلامباد میں ہی تھے۔سب کو انکی شادی پر جانے پر خاص انوٹیشن آیا تھا۔۔

اس لیے منع کرنا مناسب نہیں لگا سو وہ لوگ جانے کی تیاری کرنے لگے۔۔

شادی کافی گرینڈ تھی اور وہ لوگ سارے فنکنشنز کر رہے تھے۔

آج قوالی نائیٹ تھی جسکا تھیم بلیک تھا۔

لڑکیوں کی بلیک ساڑھی تھی جبکہ لڑکوں کی بلیک شلوار قمیض۔۔

Posted On Kitab Nagri

لڑکیوں کی ساڑھی سیم تھی۔۔اس لیے ان لوگوں نے یہاں بھی سب لڑکیوں کی ساڑھیاں خود ہی بھیجی تھیں۔

مہر نے تو دیکھتے ہی پہننے سے انکار کر دیا۔زرنور، آیت اور زہرہ کا بھی یہی حال تھا۔۔

لیکن پھر انہوں نے کہا تھا لڑکے اور لڑکیوں کی ارینجمینٹس الگ الگ تھیں۔

اس لیے مجبوراً انہیں راضی ہونا پڑا۔۔

اب شام کے چھ بج رہے تھے وہ حازق، مرحا اور میسم کو کھانے کھلا کر اب خود روم میں تیار ہونے آئی تھی۔۔

ساڑھی سیٹ کرتے اسنے جلدی جلدی لائیٹ سا میک اپ کیا کانوں میں ائیر رینگز پہنتے اسنے چاکلیٹی بال کھلے چھوڑ دیئے۔

بالوں کو نیچے لوز کرلز ڈالے تھے۔۔۔

تیاری مکمل کرتے اسنے خود کو آئینے میں دیکھا تو ایک پل کے لیئے خود بھی سٹپٹا گئ۔۔

بلیک نیٹ کی ساڑھی اسکا بلاؤز کا مدار تھا۔۔

اسمیں اسکا نازک سراپا نمایاں ہو رہا تھا۔۔

لب کچلے اسنے چینج کرنے کا سوچا۔۔

Posted On Kitab Nagri

Mom you are looking gorgeous

حازق کی چہکتی آواز سنتے اسنے پیچھے مڑتے دیکھا۔

حازق اور مرحا دونوں ہی مبہوت سے اسے دیکھ رہے تھے۔

Thanks mom ki Jan..

انکے قریب جاتے مسکراتے لہجے میں کہا۔۔

ماما مرحا کو بھی آپ جیسا بننا ہے۔۔مرحا اسکی ساڑھی کا پلو کھینچتے بولی۔

مہر کی نسبت اسے تیار ہونے کا کافی شوق تھا۔

مہر ہس پڑی جبکہ حازق نے ماتھا پیٹا۔

آوہو مرحا بے بی ابھی تم چھوٹی ہو جب تم بڑی ہو جاؤ گی تب تم ایسی بن سکتی ہو۔۔

وہ تاسف سے اسے دیکھتا ایسے انداز میں بولا کہ مہر قہقہ لگا گئ۔۔

اندر آتا مرتسم ٹھٹک کے رکا تھا۔

بلیک نیٹ کی ساڑھی میں وہ قیامت ڈھا رہی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ماما آج ہم روحادادو کے پاس سوئیں گے اس لیے ہم نیچے جا رہے ہیں۔۔

حازق اور مرحا باری باری اسکا گال چومتے نیچے بھاگ گئے۔۔

وہ مسکراتے مڑی لیکن سامنے ساکت کھڑے مرتسم کو دیکھتے لب دبا گئ۔۔

وہ کب سے اسکی گہری نظریں اپنے وجود پر محسوس کرتے خود میں سمٹ رہی تھی لیکن وہ بھی ڈھیٹ ابن ڈھیٹ تھا۔۔

کانوں میں ائیر رینگز پہنتی زرنور نے اسے گھورا لیکن وہ اسکے گھورنے کی پرواہ کیے بغیر بقول زرنور کے اسے تاڑے جا رہا تھا۔

یقیناً اگر ایزل اور زیان کمرے میں نا ہوتے تو وہ اب تک اپنی شدتوں سے اسے بوکھلا کر رکھ دیتا۔

ایزل بابا کی جان جاؤ دیکھو زہرہ ماما اور آیت ماما ریڈی ہوئ کہ نہیں۔۔

نظریں زرنور پر جمائے ایزل سے کہا۔

زرنور اسکا بھاری لہجہ محسوس کرتے نچلہ لب دبا گئ۔۔

اوہو بابا سیدھا کہیں نا آپکو پرائیویسی دے دوں۔۔ ایزل سر پہ ہاتھ مارتی اس انداز سے بولی کہ زرنور کھکھلا دی۔۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ غازی بھی ہس پڑا۔

ایزل منہ بناتی زیان کو اٹھائے نیچے چلی گئ۔۔

انکے جاتے ہی غازی تیزی سے اٹھتا باہر بھاگتی زرنور کو قابو کر چکا تھا۔۔

کدھر بھاگ رہی زرجان اتنی دیر سے جو مجھے تڑپایا جارہا ہے اسکا حساب تو دیتی جاو۔۔

وہ اسکی پشت کو خود میں بھینچے گھمبیر لہجے میں بولا۔۔

بلیک نیٹ کی ساڑھی میں وہ سہی معنوں میں غازی کے ہوش اڑا گئ تھی۔۔

غاز کیا کر رہے ہیں میری ساڑھی خراب ہو جائے گی۔۔

وہ اسکے ہاتھ اپنے پیٹ پر محسوس کرتی سٹپٹاتے بولی تھی۔۔

ڈارلنگ میرا دل کر رہا ہے تمہیں خود میں قید کر لو کہ کوئ تمہیں اس روپ میں دیکھ نا سکے۔۔

وہ اسکے گردن پر لب رکھتا شدت سے بولا۔۔

غ۔غاز۔۔وہ اسکی اتنی سی قربت پر کپکپا گئ۔۔

غازی اسکا رخ اپنی طرف کرتا اسکے لبوں پر جھکتا کہ وہ تیزی سے ہاتھ اسکے لبوں پر رکھ گئ۔۔

م۔میری لپسٹک خراب ہو جائے گی۔۔وہ روہانسے ہوتے بولی۔۔

غازی نے لب دبائے اسے دیکھا۔

اگلے ہی پل وہ اسکا ہاتھ ہٹاتا اسکی شہ رگ پر لب رکھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ محلت صرف فنکشن تک دی ہے زرجان اسکے بعد اپنی خیر منالینا۔۔ ہلکے سے اسکے لبوں کو چھوتا بھاری گھمبیر لہجے میں بولا تو وہ جلدی سے سر ہلا گئ۔۔

اسکے تیزی سے سر ہلانے پر وہ مسکراہٹ دباتا اسے چھوڑ گیا۔

ارسل یہ ٹھیک نہیں ہو رہی۔۔وہ جھنجھلاتے بولی تھی۔۔

ارسل جو بیڈ پہ بیٹھا مزے سے اسے دیکھ رہا تھا اسکے جھنجھلانے پر نفی میں سر ہلاتا اٹھا تھا۔۔

ادھر آؤ۔۔اسے اپنے سامنے کھڑا کرتے وہ اسکی ساڑھی ٹھیک کرنے لگا۔۔

پانچ منٹ میں ہی وہ سیٹ کر چکا تھا لیکن جان بوجھ کر وہ اپنی انگلیوں کے پور سے کبھی اسکے پیٹ کو چھوتا تو کبھی کمر کو چھوتا اسے اچھلنے پر مجبور کر گیا۔۔

وہ اسکے اچھلنے پر قہقہ لگایا۔۔

افف سویٹ ہارٹ قیامت لگ رہی ہو۔۔وہ لوفرانہ انداز میں بولتا اسے گہری نظروں سے دیکھنے لگا۔۔

آپکی لوفر حرکتیں ختم ہو گئیں ہو توں باہر اجائیں۔کشن اٹھا کہ اسے مار کر بولتے خود باہر کی طرف چلی گئ۔

وہ گہری سانس بھرتا اسکے پیچھے ہی چل دیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں پتہ مجھے اس ساڑھی سے کتنی رقابت محسوس ہو رہی ہے کہ میری جگہ یہ تمہارے وجود سے لپٹی ہے۔۔

وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسکے کندھے پر تھوڑی ٹکائے گھمبیر تا سے بولا۔۔

زہرہ نے پلکوں کی اوٹ سے اسے دیکھا۔۔

ایسے دیکھ کر کیوں ظلم کر رہی ہو بیوی۔۔وہ اسکے ایسے دیکھنے پر اسکا رخ اپنی طرف کرتا بولا۔۔

سائیں ہمیں نیچے چلنا چاہئے۔۔وہ ہولے سے لب تر کرتی بولی۔۔

سائیں کی جان اتنا ظلم میرے ہی سامنے پیسٹری بن کے گھوم رہی ہو اور میں تمہیں چھک بھی نہیں سکتا۔۔وہ اسکے گیلے لبوں کو ہلکے سے چھوتے مخمور لہجے میں بولا۔۔

زہرہ کا وجود کپکپا گیا۔۔

ا۔اپ ا۔اتنے بے شرم کیوں ہیں س۔سائیں۔۔

وہ کپکپاتے لہجے میں بولی تھی۔۔

اسکی بات سنتے ولی کا قہقہ بے ساختہ تھا۔۔

کیا کروں تم مجھے بے شرم بننے پر مجبور کر دیتی ہو بیوی۔۔وہ اسکے گال پر لب رکھتے بولا۔۔

اب چلو اس سے پہلے کہ میں جانا کینسل کر دوں۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے سر پہ لب رکھتے کہا تو وہ تیزی سے اسکے حصار سے نکلتے باہر بھاگی تھی۔

اسکی سپیڈ دیکھتے ولی کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔۔

آپکے کپڑے نکال دیئے ہیں شاہ چینج کر لیں۔۔اسکی گہری نظریں مستقل خود پر محسوس کرتے وہ آئینے کے سامنے جاتے اپنے بال ٹھیک کرتے بولی۔۔

لیکن دروازہ بند ہونے کی آواز پر چونکی۔ناصرف بند تھا بلکہ لاک۔

حلق تر کرتے اسنے مرتسم کو دیکھا جو ٹائ کی نٹ ڈھیلی کرتا اپنا کورٹ اتارتے صوفے پر پھینک چکا تھا۔۔

وہ ابھی ایک ضروری میٹینگ سے لوٹا تھا۔۔

مجھے بہکانے کی پوری تیاری کر رکھی ہے جانم پھر کہتی ہیں میں بے شرم ہوں۔۔

وہ اسے پیچھے سے ہگ کرتا اسکے بالوں میں منہ چھپائے گہری سانس کھینچتے بولا۔۔

فنکشن پہ جانا تھا ناشاہ۔۔وہ لبوں پر زبان پھیرتے آہستہ سے بولی۔۔

آپ تھک گئے ہونگے فنکشن شائید لیٹ نائیٹ تک چلے آپ شاور لے لیں بیٹر فیل ہو گا۔۔وہ آہستہ سے اسکے حصار میں پلٹتی بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

تھک گیا ہوں جانم لیکن یہ تھکان شاور لینے سے نہیں جائے گی۔۔وہ اسے کمر سے تھامتے اپنے قریب کرتا بھاری ہوتے لہجے میں بولا۔۔

پ۔پھر کیسے جائے گی۔۔اسکی شرٹ کے بٹن سے کھیلتے پوچھا۔۔

آپکے وجود میں اتر کے۔۔وہ مخمور لہجے میں کہتا اسکے رخسار کو لبوں سے چھونے لگا۔۔

مہر نے ایک جھٹکے سے اسے پیچھے دھکیلا۔۔

آپکے ارادے بلکل ٹھیک نہیں لگ رہے مجھے۔۔خبردار جو اپنے میرا میکاپ خراب کیا۔۔وہ تیزی سے پیچھے ہوتے سرخ پڑتی

بولی۔۔

مرتسم مسکراہٹ دبائے گہری نظروں سے اسے دیکھے گیا۔۔

ارادے تو واقعی میں ٹھیک نہیں ہیں جانم اور رہی میکاپ کی بات تو ہوش کسے رہے گا۔۔

وہ بے باکی سے اسکے پر نظریں گاڑھے اسکی طرف قدم بڑھاتا بولا۔۔

شاہ شرافت سے چینج کریں ہم لیٹ ہو رہے ہیں۔۔وہ قدم پیچھے لیتی جھنپ کر بولتی سیدھا اسکے دل میں اترتی تھی۔۔

بیوی کے سامنے کون شرافت دکھاتا ہے جانم۔بیوی وہ بھی جو ایسے روپ میں انتظار کر رہی ہو۔۔وہ اسکے دیوار سے لگنے پر اس پر جھک کر بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

م۔میر۔۔وہ لبوں پر زبان پھیرتے ابھی کچھ کہتی کہ مرتسم تیزی سے جھکتے اسکے لفظوں کا گھلا گھونٹ گیا۔۔

وہ بوکھلا کر اسے کندھوں سے تھام گئ۔۔

وہ دھیرے دھیرے اسکے لبوں کی سرخی چنتا اسکی سانسیں بے ترتیب کر گیا۔۔

اب بولیں کیا کر رہی تھیں۔۔وہ اسکے لبوں کر آزاد کرتا اسکی گردن میں چہرہ چھپاتے گھمبیرتا سے بولا۔۔

وہ سر تا پاوں سرخ پڑتی سختی سے آنکھیں مینچ گئ۔۔

وہ اسکے بال مٹھی میں بھرتے اسکا چہرہ اوپر اٹھا گیا۔۔

مہر نے سہم کر اسے دیکھا اسکی گرفت نرم تھی لیکن وہ اسکے ارادوں سے سہم گی تھی۔۔

وہ ایک نظر اسکی سہمی آنکھوں کو دیکھتا اسکی گردن پر جھک گیا۔۔

نرمی سے اسے لبوں سے چھوتا وہ اسکی بیوٹی بون پر شدت سے دانت گاڑھ گیا۔۔

مہر کی مدھم چیخ نکلی تھی۔۔

وہ اسے یونہی نرمی سے چھوتا اسکی جان نکال دیا کرتا تھا۔۔

گندے شاہ۔۔وہ اسکے سینے پر مکے برساتے چیخی تھی۔۔

مرتسم کا مدھم قہقہ گونجا۔۔

Posted On Kitab Nagri

کرلی نا اپنی منمانی اب ہٹیں پیچھے مجھے نیچے جانا ہے۔۔وہ گردن پر ہوتی جلن محسوس کرتے خفگی سے بولی۔۔

مرتسم نے لب دبائے اسے دیکھا۔۔

اسے سمجھنے کا موقع دیئے بغیر وہ پھر سے اسکے لبوں پر جھک ایا۔۔

ارد گرد کا ہوش بھلائے وہ اسکے لبوں کا جام پینے میں مدہوش تھا۔۔

اسکے لمس میں شدت کے ساتھ جنون محسوس کرتے وہ سختی سے اسکی شرٹ تھام گئ۔۔

اسکے نچلے لب پر ہولے سے دانت گاڑھتے وہ کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوا تھا تو دونوں کی سانسیں بری طرح سے پھول رہی تھیں۔۔

اسکے لبوں پر ٹکی خون کی بوند کو دیکھتے وہ معنی خیز سا مسکرایا تھا۔۔

اب جا کر دکھایئے نیچے۔۔وہ اسکے نچلے پر اپنی شدت کے نشان دیکھتا معنی خیز سے بولا۔۔

جبکہ وہ اسکے کندھے پر سر ٹکائے اپنی سانسیں بحال کرنے لگی جب اپنی ساڑھی کا پلو کھسکتا ہوا محسوس ہوا۔۔

اسنے تڑپ کر مرتسم کو دیکھا وہ اسکی گردن میں چہرہ چھپائے جھٹکے سے اسکا پلو نیچے گرا گیا۔۔

اسنے بوکھلا کر گرتا ہوا پلو پکڑنا چاہا لیکن مرتسم نے تیزی سے اسکے ہاتھ دیوار سے پن کر دیئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ش۔شاہ کیا ک۔کر رہے ہیں۔س۔سب ہمارا ا۔انتظار کر رہے ہیں۔۔وہ نفی میں سر ہلاتے بوکھلا کر بولی۔۔

مرتسم نے خمار آلودہ نظروں سے اسے دیکھا۔۔اگلے ہی پل اسے کمر سے تھامتے وہ اسکے ہاتھ اسکے سر کے اوپر دیوار سے لگا گیا۔۔

آپسے کسنے کہا ہم جا رہے ہیں۔۔کوئی پاگل ہی ہو گا جو اپنی اتنی خوبصورت بیوی کو چھوڑ کر کہیں جائے گا۔۔

وہ انگلی اسکی گردن پر ٹریس کرتا مدھم گھمبیر انچ دیتے لہجے میں بولا۔۔

م۔میرس۔سب ناراض ہو۔جائیں۔گے۔۔وہ اسکی خمار سے سرخ ہوتی آنکھیں دیکھتی روہانسے ہوتے بولی۔۔

سب کی ناراضگی کی نہیں جانم اپنے شوہر کے سکون کی فکر کریں جو اس وقت آپسے چاہیئے۔۔وہ اسے بانہوں میں بھرتا مخمور لہجے میں بولتا اسے چہرہ چھپانے پر مجبور کر گیا۔۔

م۔میں نا۔راض ہو جاؤں گی۔۔وہ بے ترتیب ہوتی سانسوں سے بولی۔۔

میں منالوں گا جانم۔۔اسے بیڈ پہ اتارتے وہ متبسم ہوتے بولا۔۔

وہ اسے شرٹ اتارتے دیکھ تکیے میں منہ چھپا گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

خبر دار جو اپنے مجھ سے نظریں چرائیں اج۔۔ وہ اسے سیدھا کرتے اس پر اپنے بھاری وجود کا سایہ کرتے مدھم لہجے میں بولا۔۔

تو۔ک۔ا۔ ا۔اپکی۔طر۔ح بے شرم بن جاوں۔۔ وہ جھٹپٹا کر بولتی اسکے شرٹ لیس سینے پر اپنے ناخنوں سے گہری خراشیں ڈال گئ۔۔

بن جائیں جانم یقیناً وہ دلچسپ ہو گا۔۔وہ اسکے ہاتھ قابو کرتا تکیے سے لگاتا مسکراہٹ دبائے بولا۔

وہ سٹپٹا کر چہرہ موڑ گئ۔۔

وہ اسکے بدن کی گہرائیوں کو دیکھتا حلق تر کرتا اس پر جھک ایا۔۔

اسکے بلاؤز کی ڈوری کو جھٹکے سے کھینچتے وہ اسے کپکپانے پر مجبور کر گیا۔۔

کندھوں سے بلاؤز کھسکاتے وہ مدہوش سا اس پر جھکا تھا۔۔

جبکہ ہاتھ بے باکی سے اسکے بدن کو چھوتے اسے پاگل کر رہے تھے۔۔

آپ مجھے دن بادن پاگل کر رہی ہیں جانم۔۔اسکے کان کی لو کو لبوں میں دباتے سرگوشی کی تھی۔

وہ سسکی بھرتے اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئ۔۔

مرتسم متبسم ہوتا ریموٹ سے لائیٹس اوف کرتا انکے بیچ کا ہر پردہ گراتا اسے باہر کی دنیا سے بیگانہ کر گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

مرتسم بھائی اور مہر بھابھی کہاہیں؟ارزم کے چھوٹے بھائی موحد نے ان سب کو دیکھتے پوچھا۔۔۔

وہ مرتسم کی طعبیت کچھ ناساز تھی اس لیے نہیں ائے۔۔ارسل جلدی سے بولا۔

وہ لوگ کافی دیر تک انتظار کرتے رہے تھے لیکن مہر اور مرتسم دونوں ہی نیچے نہیں ائے۔لیکن مرتسم نے ارسل کو میسیج کر دیا تھا کہ اسکی طعبیت کچھ ٹھیک نہیں اسلیے مہر بھی نہیں جا رہی۔۔

طعبیت تو خراب ہو گی بے چارے مہر بھابھی جیسی خرانٹ بیوی کے ساتھ رہتے ہیں جنکا کوئی پتہ نہیں کب غصے میں سر پھاڑ دیں۔وہ ہستے ہوئے بولا تھا۔

لیکن سب کو خود کو گھورتے دیکھ لب دبا گیا۔۔

ہاں مجھے بھی اسکا میسیج آیا تھا تجھے بتانا یاد نہیں رہا۔۔ارزم نے کہا تو وہ سب مطمئین ہوتے فنکشن کی طرف متوجہ ہو گئے۔۔

رات گئے تک وہ لوگ واپس لوٹے تھے۔۔

وہ اوندھے منہ سویا گہری نیند میں تھا۔۔

کھٹ پٹ کی آواز پر اسنے مندی مندی آنکھیں کھولیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

جمائیاں لیتے وہ سیدھا ہوا تو نظر سیدھا ڈریسینگ ٹیبل کے سامنے کھڑے وجود پر گئ۔

اسکی پشت پر بکھرے بال گیلے تھے جسکی وجہ سے پیچھے سے ساری فراق بھی گیلی ہو چکی تھی۔شائید وہ ابھی شاور لے کر آئ تھی۔

تکیے پر پڑی اپنی شرٹ پہنتے وہ لب دباتا اٹھا۔۔

گڈ مارننگ جانم۔۔اسکے قریب جاتے مدھم لہجے میں کہا۔۔

مہر نے غصے سے اسے دیکھا ہاتھ میں پکڑا باڈی سپرے پٹختے بالوں کو سلجھانے لگی۔۔

وہ اسکی روٹھی آنکھوں کو دیکھتا بامشکل مسکراہٹ کنٹرول کر پایا تھا۔

کیا بات ہے جانم اتنا غصہ کیوں کر رہی ہیں۔۔

وہ اسکے ہاتھ سے برش لیتا نرمی سے بولا۔۔

مہر نے نروٹھے پن سے اسے گھورا۔

آپکو بلکل شرم نہیں آتی ناشاہ۔اب میں نیچے کیسے جاؤں گی اور کیا کہوں گی سب کو کہ رات میں ہم لوگ کیوں نہیں گئے انکے ساتھ۔۔

وہ خفا خفا سی بولی۔۔

مرتسم نے گہری سانس بھری۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈونٹ وری جانم کوئی آپسے کچھ نہیں پوچھے گا۔۔وہ اسکے بال سلجھاتا محبت پاش نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔۔

کیوں۔۔وہ حیرانگی سے مڑتے اسے دیکھنے لگی۔۔

وہ آپ خود دیکھ لیجئیے گا کوئی آپسے کچھ نہیں پوچھے گا۔۔

بس دو منٹ میں فریش ہو کے آتا ہوں پھر ساتھ چلتے ہیں نیچے۔۔وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتا کپڑے لیتا فریش ہونے چلا گیا۔

مہر اسکی پشت کو گھور کر رہ گئی۔۔

کچھ دیر بعد وہ دونوں اکھٹے نیچے آئے تو سب ناشتے کی ٹیبل پر جمع تھے۔۔

اگر کسی نے مجھے تنگ کیا نا شاہ تو میں آپکے رومینس کی ایسی کی تیسی کر دوں گی۔۔وہ دانت پیستے دھیمے لہجے میں بولی۔۔

مرتسم نے بامشکل قہقہ دبایا تھا۔۔

گڈ مارننگ بابا۔۔حازق اور مرحا انہیں نیچے آتے انکے پاس آئے تھے۔

وہ دونوں اس وقت سکول یونی فارم میں تھے۔

کچھ دیر پہلے ہی مہر نے انہیں ریڈی کر کے نیچے بھیجا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میثم کو صبح ہی وہ عالم بابا کو دے آئی تھی کیونکہ وہ صبح صبح لان میں واک کرتے تھے تو وہ انکے پاس ہی رہتا تھا۔۔

مارنگ۔۔وہ دونوں کے سر پہ بوسہ دیتا مسکراتے لہجے میں بولا۔۔

مرتسم طعبیت کیسی ہے تمہاری ارسل بتا رہا تھا کہ رات تمہاری طعبیت خراب تھی۔۔وہ چیئر کھینچ کر بیٹھا تو وجدان بھائی اسے دیکھتے بولے۔

مہر جو نظریں جھکائے حازق اور مرحا کو ناشتہ کروا رہی تھی اسنے چونک کر انہیں دیکھا۔

بہتر ہے بھائی بس رات کو تھکان کی وجہ سے کچھ خراب ہو گئی تھی۔۔وہ مہر کی طرف دیکھتا معنی خیز لہجے میں بولا۔۔

سب کو یہی لگا کہ وہ طعبیت خراب ہونے کی بات کر رہا ہے۔

ہاں تو بچے دن رات کام کرو گے تو تھکان تو ہو گی نا۔۔ماہم اپیا خفگی سے بولیں تو وہ مسکرا دیا۔۔

(قاسم بابا اور رضوانہ ماما گاؤں حویلی میں ہوتے تھے مہر کے علاوہ باقی سب وہاں چکر لگاتے رہتے تھے۔ مہر کے ناجانے کی بھی ایک وجہ تھی۔۔)

طعبیت نہیں نیت خراب تھی انکی کل رات۔۔مہر منہ میں بڑبڑائی تھی۔جبکہ اسکے ساتھ بیٹھی ماہین بھابھی کو پانی پیتے اچھو لگا تھا۔

انہوں نے حیرانگی سے مہر کو دیکھا وہ اسکی بڑبڑاہٹ سن چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر انکے دیکھنے پر دانتوں تلے لب دباتی میثم کی طرف متوجہ ہو گئ۔۔

ماہین بھابھی نے بامشکل اپنی امڈنے والی ہسی روکی تھی۔ورنہ دل تو کر رہا تھا کہ زوردار قہقہ لگائیں مہر کی حالت پر۔۔

اللہ حافظ مام،بڑی ماما،حازق،مرحا،ہانیا،عاشر اور ہانم سب کو بائے کہتے چلے گئے۔ڈرائیور انکا منتظر تھا۔

ہائے مرحا،ہانم۔۔ایزل اور زمل انہیں گاڑی سے اترتے دیکھ انکی طرف اگئیں۔

وہ سب بچے ایک ہی سکول میں پڑھتے تھے۔

اسلام وعلیکم!!ایزل مرحا کو دیکھتی خوش ہو گئ۔۔

ایزل ان تینوں سے ایک سال ہی بڑی تھی لیکن پھر بھی وہ اسے نام سے ہی بلاتے تھے یہ بھی اسنے ہی کہا تھا۔جبکہ زمل ان سے تین سال چھوٹی تھی اسلیے آپی بلاتی تھی۔

ایزل کی ضد کی وجہ سے اسے مرحا لوگوں کے ساتھ ہی ایک سال لیٹ ایڈمیشن کروایا گیا تھا اس لیے وہ چاروایک کلاس میں تھے۔

لیکن اب آبان ہوسٹل چلا گیا تھا تو وہ تین ہی رہ گئے تھے۔

زمل ان سے تین کلاسز پیچھے تھے۔جبکہ ہانم ایک کلاس آگے تھی۔

ہانیا اور عاشر کا لاسٹ ائیر تھا اسکے بعد ان لوگوں کا کالج سٹارٹ ہو جاتا۔۔

Posted On Kitab Nagri

زمل گڑیا آپکی طعبیت کیسی ہے۔۔حازق ناگواری سے ایزل کو دیکھتا نرمی سے زمل سے بولا۔۔

میں ٹھیک ہوں بھائی۔۔وہ اسے دیکھتی ہلکا سا مسکرائی۔

ہانم آپی، مرحا آپ لوگ کلاس میں جائیں میں زمل گڑیا کو چھوڑ کے آتا ہوں۔۔وہ ان دونوں کو دیکھتا بولا۔

ایزل نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا اور مرحا اور ہانم کا ہاتھ پکڑتی آگے بڑھ گئ۔۔

وہ سر جھٹکتا زمل کی طرف متوجہ ہوا یہ اسکا روز کا معمول تھا کہ وہ زمل اور رمشاء کو انکی کلاس میں چھوڑ کے پھر اپنی کلاس میں جاتا تھا۔۔

رمشاء بھی آگئ تو وہ ان دونوں کو کلاس میں چھوڑتا اپنی کلاس کی طرف بڑھ گیا۔۔

کلاس میں انٹر ہوتے ہی اسے ایزل کے چیخنے کی آواز ائ۔۔

افف اس مصیبت نے پھر سے کچھ کر دیا۔۔وہ بڑبڑاتا جلدی سے آگے بڑھا تھا۔

جہاں وہ ایک لڑکے کا گریبان پکڑے کھڑی تھی۔

جبکہ اس لڑکے کے ہاتھ ایزل کے بازوں پر تھے جسے دیکھتے اسکی آنکھوں میں شرارت پھوٹے تھے۔۔

وہ انکی کلاس کا نہایت اوباش قسم کا لڑکا تھا۔

یو باسٹرڈ۔۔وہ چیختا ایک ہی جست میں اس لڑکے کو ایزل سے دور کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

تمہاری ہمت کیسے ہوئے اسے ہاتھ لگانے کی۔وہ اس لڑکے کو گریبان سے پکڑ تا چیخا تھا۔۔

اس میں ایک یہی بات بری تھی کہ وہ اپنا غصہ کنٹرول نہیں کر پاتا تھا۔

اس نو سال کے بچے میں اتنا غصہ تھا لوگ حیران رہ جاتے تھے۔سب کہتے تھے کہ وہ اپنے باپ جیسا ہے لیکن ایزل کہتی تھی مرتسم ماموکو اتنا غصہ نہیں آتا کیونکہ وہ کسی بھی سچویشن میں اپنے غصے پر قابو پالیا کرتا تھا جبکہ حازق اتنی سی عمر میں ہی غصے کا بہت برا تھا۔جس سے اسکے ماں ،باپ دونوں بے خبر تھے۔۔

انکی پہلی کلاس کی ٹیچر آج نہیں آئی تھیں اسلیے کلاس ابھی خالی تھی۔)

لڑکیاں اس دیکھتی ڈر کر پیچھے ہو گئ تھیں۔مرحا سہم کر ایزل کا بازو پکڑ گئ اسنے آج تک اپنے گھر میں کسی کو اتنے غصے میں نہیں دیکھا تھا اسلیے وہ ایسے سہم گئ تھی۔۔

جبکہ ایزل اسکا یہ روپ کافی بار دیکھ چکی تھی لیکن فلحال وہ بھی معاملہ بڑھتے دیکھ ڈر گئ۔۔

مینے نہیں لگایا ہاتھ اسے پہلے اسنے میرا گریبان پکڑا تھا۔اپنی کزن تو تمسے سنبھلتی نہیں ہے آئے بڑے مجھ پر روعب جمانے والے۔۔

وہ لڑکا اسے دھکا دیتا چیخا تھا۔۔

حازق نے پیچھے مڑتے ایزل کو دیکھا جو اب اسے دیکھتی سہم گئ تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے جھٹکے سے ایزل کو بازو سے کھینچتے اپنے سامنے کیا۔

جبکہ مرحا اب ڈر سے رونے لگی تھی۔اسکی دوستیں جلدی سے اسکی طرف بڑھیں۔

تم سے کتنی بار کہا ہے اپنی یہ غنڈا گردی یہاں مت دکھایا کرو۔اس جگہ پر ہم تعلیم سیکھنے آتے ہیں یہ جاہل پنہ نہیں۔۔وہ اسے بازو سے پکڑ کر اپنے سامنے کرتا دبی آواز میں چیخا تھا۔۔

بازو پر گرفت حد سے زیادہ مضبوط تھی۔

چ۔چھوڑو م۔میر۔۔م۔میرا بازو ٹ گیا۔۔وہ درد سے روتے بولی تھی۔۔

حازق نے اسے یوں روتے دیکھ تیزی سے اسکا بازو چھوڑا تھا۔۔

کیوں مارا تھا تم نے اسے۔۔وہ غصے سے اس لڑکے کو دیکھتے ایزل سے بولا۔۔

مینے ک۔کچھ نہیں کیا۔ی۔یہ مرحا کے ب۔بال کھینچ کر اسے تن۔گ کر رہا تھا۔ب۔بیڈ ٹچ کر رہا تھا۔ا۔اسے لیے مارا۔۔وہ اپنے بازو کو پکڑتی ہچکیوں سے روتی بولی تھی۔۔

حازق نے سرعت سے مرحا کو دیکھا جو روتی اثبات میں سر ہلا گئ تھی۔

اسنے مڑتے اس لڑکے کو دیکھا جو لبوں پر زبان پھیرتا اب ڈر سے حازق کو دیکھتا اس سے پہلے کہ کلاس سے بھاگتا حازق نے تیزی سے اسے پکڑا تھا۔

اسنے اتنی شدت سے اسے مارا تھا کہ وہ لڑکا نڈھال ہو گیا۔

کچھ بچے جا کے ٹیچرز کو بلا لائے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ٹیچرز اس بچے کو حازق سے چھڑواتے جلدی سے باہر لے گئے جبکہ حازق کو بھی اچھا خاصہ ڈانٹا تھا۔۔
کچھ ہی دیر میں انکے گھر پہ کالز جا چکی تھیں۔

وہ بے یقینی سے ٹیچر کی بات سنتی سامنے کھڑے حازق کو دیکھ رہی تھی جسکے ناک سے نکلتا خون جم چکا تھا۔۔
مرتسم انسے کچھ دور صوفے پر بیٹھاروتی ہوئی ایزل اور مرحا کو خود سے لگائے چپ کروا رہا تھا۔۔
وہ دونوں ہی حازق کے اس قدر شدید غصے پر حیران تھے۔۔

حازق بہت ہونہار اور سمجدار بچہ ہے آج پہلی بار اسکی یوں شکایت آئی ہے۔ ہمیں سمجھ نہیں آرہا ہے کہ اتنے سے بچے میں اتنا غصہ آکہاں سے گیا۔
دیکھیں کتنے برے طریقے سے مارا ہے حازق نے اس بچے کو۔
پرنسپل اسے دیکھتے سختی سے بول تھیں۔
دوسری طرف اس لڑکے کے والدین بھی بیٹھے تھے۔
وہ لڑکا بھی جسکی اب بینڈیج وغیرہ کر دی گئی تھی لیکن صاف واضح ہو رہا تھا کہ پرنسپل کی بات سچ ہے واقعی اسے بہت برے طریقے سے مارا گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کیوں مارا ہے آپنے اسے۔۔وہ ابھی بھی بے یقینی سے کی سی کیفیت میں تھی۔۔

حازق نے سر اٹھاتے ایک نظر اپنے باپ سے لگی ایزل اور مرحا کو دیکھا اور پھر اس لڑکے کو۔

اسنے میری بہنوں کو غلط طریقے سے ٹچ کرنے کی کوشش کی تھی۔۔وہ جس ضبط سے بولا تھا وہی جانتا تھا ورنہ اسکا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اسے جان سے مار ڈالتا جسنے اسکی بہن پر بری نظر رکھی تھی۔۔

اسکی بات سنتے مہر اور مرتسم سمیت وہاں موجود ہر انسان کا چہرہ فق ہوا تھا۔۔

مرتسم نے سرعت سے ایزل کو مرحا کو اپنے سامنے کیا۔۔

انہیں تو ابھی یہی لگ رہا تھا کہ شائید حازق کی کسی نے لڑائی ہوئی ہے جسے دیکھتے وہ دونوں ڈر گئی ہو گی۔۔

ایزل، مرحا آپ۔ آپ دونوں ٹھیک ہو بیٹے آپکو کہیں چوٹ تو نہیں آئی نا۔۔وہ دونوں کے بازو، ہاتھ ٹٹولتا انجانے سے خوف سے بول رہا تھا۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھتیں اثبات میں سر ہلا گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جبکہ بیڈ ٹچ سے مہر کے سامنے انوشے کا خون سے لت پت وجود لہرایا تھا۔۔

یہ آپ کیا کہہ رہے ہو حازق بیٹا۔ پرنسپل ان دونوں میاں بیوی کے چہرے دیکھتی جلدی سے بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

میں بلکل ٹھیک کہہ رہا ہوں مام اس باسٹرڈ نے مرحا کو ٹیز کیا تھا اور پھر ایزل کو۔۔ وہ مہر کا ہاتھ پکڑتا نرمی سے بولا۔

ایک یہی عورت تو تھی جسکے سامنے وہ اپنے غصہ بھی ضبط کر جاتا تھا۔

مہر کی آنکھوں میں چنگاریاں سی پھوٹ پڑیں۔

اسنے تیزی سے مڑتے اس لڑکے کو دیکھا۔

جو اپنی ماں کے پہلو سے چپک گیا تھا۔ اگلے ہی پل وہ کسی کو سمجھنے کا موقع دیئے بغیر اس لڑکے کی طرف بڑھی اور اسے اپنے سامنے کرتے رکھ کے لگاتار دو تین تھپڑ رسید کیے تھے۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری بیٹیوں کو ہاتھ لگانے کی۔۔ وہ چیخی تھی۔

پرنسپل گھبرا گئی۔

مرتسم نے تیزی سے اٹھتے مہر کو سنبھلا۔

اس بچے کی والدین بھی اب غصے سے مہر کو دیکھ رہے تھے انہیں خود سمجھ نہیں آیا کہ ابھی ہوا کیا ہے۔

مرحا اور ایزل کو ایک ٹیچر وہاں سے لے گئی تھی۔۔

میم یہ صرف آج ہی نہیں ہے یہ پہلے ہی بہت بار لڑکیوں کو ایسے تنگ کرتا ہے مینے بہت بار اسے وارننگ دی ہے لیکن اسے میری بات سمجھ نہیں آتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

یہاں تک کہ یہ لوگ سموکنگ بھی کرتے ہیں اور فون بھی سکول لاتے ہیں۔وہ ایک کے بعد ایک راز افشاں کر رہا تھا۔

سب ساکت سے اسے دیکھ رہے تھے۔

پرنسپل کے کہنے پر اس لڑکے کے پورے گروپ کو بلایا گیا اور انکے بیگز چیک کیے گئے جن سے حازق کے کہنے مطابق سگریٹ اور فون نکلے تھے۔۔

پرنسپل نے فون چیک کیے تو انکے فون میں چلتی ویڈیوز کو دیکھتے وہ دنگ رہ گئ تھیں۔

مہر اور مرتسم نے انکے تاثرات دیکھتے ایک دوسرے کو دیکھا۔

مہر نے انکے ہاتھ سے فون لیا تو سامنے ہی اس بے ہودا ویڈیو کو دیکھتے فون اسکے ہاتھ سے ڈگمگایا تھا۔۔

حازق سنجیدگی سے انہیں دیکھتا رہا اسے نا تو اس ویڈیو میں کوئ انٹرسٹ نا ان ہی ان لڑکوں میں اسے تو بس وہی ایک لڑکا چاہیئے تھا تاکہ وہ اسے سبق سکھا سکے۔۔

جانے وہ لوگ کب سے یہ سب دیکھتے ایسی راہ پر چل پڑے تھے۔۔

جب ان لڑکوں سے پوچھا گیا تو انہوں نے بغیر جھوٹ کے صاف کہا تھا کہا یہ سب انہیں انکے سائنس کے ٹیچر نے دیا ہے۔۔

ایک کے بعد ایک انکشاف نے مہر کو اپنے پیروں پر کھڑا نہیں رہنے دیا اور وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتی مرتسم کے بازوں میں جھول گئ۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہر،مہر،مام۔ اسے ایسے دیکھتے ان دونوں کے ہاتھ پاؤں پھولے تھے۔۔

میں آپکے سکول کے خلاف سخت ایکشن لوں گا۔اپکے سکول میں بچوں کو تعلیم کی بجائے بے ہودگی سکھائی جاتی ہے۔بچوں کو انسان نہیں جانور بنایا جاتا ہے۔۔

وہ غرایا تھا۔

پرنسپل کا چہرہ سفید پڑا تھا۔مرتسم میر کی شہرت سے کون نہیں واقف تھیں۔

💞💞💞

وہ مہر سمیت،انہیں اپنے فلیٹ لے آیا تھا۔فلحال وہ گھر جا کر سب کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔

مہر کو بیڈ پہ لٹاتے اسنے نیم بے ہوشی میں بھی اسکے چہرے پر قرب کے تاثرات دیکھے تھے۔وہ جانتا تھا اسے کیا یاد آیا ہے۔۔

گہری سانس چھوڑتے اسنے تکیہ سہی کیا اور اسکے سر پہ بوسہ دیتے باہر کی طرف بڑھ گیا۔۔

جہاں وہ تینوں خاموشی سے بیٹھے تھے۔۔

مرتسم نے صوفے پر بیٹھے ایزل اور مرحا کو دیکھا جو رو رو کر ہلکان ہو چکی تھی انہوں نے پہلی بار ایسی کوئی سچویشن فیس کی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

ماما کو کیا ہوا ہے۔۔وہ دونوں اسے دیکھتی تیزی سے اسکے پاس ائیں۔

کچھ نہیں ہوا میری جان بس ماما کو تھوڑا سا لو فیل ہو رہا تھا اس لیے وہ ریسٹ کر رہی ہیں۔۔وہ دونوں کو دیکھتا ہلکا سا مسکرایا۔۔

انکے سہمے ہوئے چہرے دیکھ وہ کچھ پل انہیں دیکھتا رہا۔۔

آپکو پتہ ہے ایزل، مرحا میرے پاس نا دو شیر نیاں تھیں جو اس وقت بھیگی بلی بنی ہوئی ہیں۔۔وہ انکی گرد بازو باندھتا اداسی سے بولا۔۔

ان دونوں نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

نو بابا، نو ماموں۔۔وہ دنوں ایک ساتھ بولیں۔

اب دونوں میری بریو بیٹیاں ہوں نا اب شاباش بابا کو بتاؤ کیا ہوا تھا۔۔وہ دونوں کو اپنے سامنے بٹھاتا محبت سے بولا۔۔

وہ چاہتا تھا کہ وہ دونوں اس سے ساری بات شئیر کریں۔

ورنہ یہ حادثہ انکے زہن پر بری طرح سے بیٹھ جائے گا۔۔

ماموں جب ہم کلاس میں انٹر ہوئے نا تو دانیال (وہی بچہ) ہمارے سامنے آ گیا تھا۔بٹ ہم اسے اگنور کر کے اپنی سیٹ پر آ گئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

جب ہم جسے پر بیٹھے تو وہ ہمارے پیچھے آکر بیٹھ گیا۔اور مرحا کے بال کھینچنے لگا۔ایزل خاموش ہوتی مرحا کو دیکھنے لگی۔

مینے اپنے بال اس سے چھڑائے تو اسنے یہاں ٹچ کیا۔اسنے اپنے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ایزل نے جب دیکھا تو وہ اس سے لڑنے لگی پھر حازق اگیا۔۔

وہ معصومیت سے اسے دیکھتے بول رہی تھی۔۔

میرا بریو بچہ۔۔مرتسم نے دونوں کا سر چوما۔۔

دیکھو میری جان جیسے آج اسنے آپکو ٹچ کیا تو ایزل نے اس سے لڑائی کی ایسے ہی اگر کوئی بھی کبھی بھی ایسے آپکو ٹچ کرے جیسے ماما نے بتایا تھا تو ڈرنا نہیں ہے اور نا ہی رونا ہے بلکہ اسنے پنچ کرنا ہے جیسے بابا نے سکھایا تھا۔۔

وہ مرحا کے ہاتھ تھامتا نرمی سے بولا۔

ماموں کو آپ پہ بہت پراوڈ ہے میرا بچہ لیکن ایسے موقع پر لڑائی کرتے وقت بھی انکے قریب نہیں جاتے بیٹے اور نا ہی انہیں ٹچ کرتے ہیں بس اپنی سیفٹی کے لیئے کچھ نا کچھ کرنا ہوتا ہے اوکے۔۔وہ اب ایزل کے گال سہلاتا بولا تو وہ اثبات میں سر ہلا گئ۔۔

ویری گڈ اور آج جو بھی ہوا اس بارے میں گھر میں کسی کو کچھ نہیں بتایا اور نا ہی اپنے زہن پر سوار کرنا ہے۔۔بس جو ہوا بھول جاو۔جیسے ماما ہمیشہ کہتی ہیں جو ہوتا ہے اچھے کے لیئے ہوتا ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

اب جاؤ شاباش اس روم میں جاکے فریش ہو جاو میں آپ لوگوں کے لیئے کھانا منگواتا ہوں۔۔ وہ دونوں کے گال چھوتا بولا تو وہ سر ہلاتی سامنے کمرے کی طرف بڑھ گئیں۔۔

وہ دونوں چلی گئیں تو مرتسم نے حازق کو دیکھا جو سر جھکائے بیٹھا جانے زمین پر کیا دیکھ رہا تھا۔۔

حازق ادھر آؤ۔۔ اسنے سنجیدگی سے اسے پکارا۔۔

حازق نے سر اٹھاتے اسے دیکھا اور آہستہ سے چلتا اسکے قریب آتا بیٹھ گیا۔۔

آپنے آج جو کیا بہت اچھی بات ہے اپنی بہنوں کو پروٹیکٹ کرنے کے لیئے کیا۔ لیکن میرے شیر اتنا غصہ۔ اتنا غصہ کہاں سے آگیا آپ میں۔ کہاں سے سیکھ لیا اتنی غصہ کرنا۔ وہ اسے نرمی سے سمجھا رہا تھا۔

ڈونٹ نو بابا بٹ مجھے غصہ آگیا۔۔ وہ دھیمے سے بولا۔۔

مرتسم کچھ پل اسے دیکھا رہا پھر بولا۔

آپکو پتہ ہے حازق آپکی مام سب بچوں سے بہت پیار کرتی ہیں لیکن آپ میں انکی جان بستی ہے۔ جانتے ہو کیوں۔۔ وہ اسے دیکھتا پوچھ رہا تھا۔

کیوں۔۔۔ وہ نا سمجھی سے سر اٹھائے اپنے باپ کو دیکھنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ آپ میرے جیسے ہو بلکل میرا عکس۔بس آپکی آنکھیں اپنی مام پر ہیں باقی ہر عادت اور نین نقش مجھ پر ہیں۔

وہ ہلکا سا مسکراتے بولا۔۔

حازق نے غور سے اپنے باپ کو دیکھا۔صرف اسکی مام کے زکر پر ہی مرتسم کے چہرے پر مسکراہٹ آگئ تھی۔ایسی مسکراہٹ کہ وہ سامنے ہوتی تو جان نثار ہوتی۔۔

لیکن حازق مینے تو کبھی اتنا غصہ نہیں کیا۔ مجے غصہ آتا ہے بہت آتا ہے لیکن اپنی عورتوں کے سامنے اس غصے پر کنٹرول رکھتا ہوں۔یہاں تک کہ آپکی مام میرے غصے کی آخری حد تک آزماتی ہیں مجھے پھر بھی میں انکے سامنے غصے پر قابو رکھتا ہوں۔

کیوں۔۔تاکہ وہ مجھ سے خوفزدہ نا ہوں۔۔ایسا ہو گا تو وہ بیٹے وہ اپسے ایک فاصلے پر ہو جائیں گے وہ آپکے ڈر سے آپکو کچھ کہہ نہیں پائیں گے۔آپ سمجھ رہے ہو نا میری بات۔۔

کیا آپنے کبھی دیکھا ہے گھر میں کسی کو ایسے غصہ کرتے ہوئے۔۔

وہ اب سنجیدگی سے اسے دیکھتے پوچھنے لگا۔

ایم سوری بابا۔مجھے واقعی میں تھوڑا کنٹرول کرنا چاہیئے تھا۔۔وہ دھیمے لہجے میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

بابا کو اپکا سوری نہیں پرامس چاہئیے۔ آئیندہ کچھ بھی بہنوں کے سامنے غصے پر کنٹرول رکھو گے اوکے۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔۔

حازق نے مسکرا کر سر ہلا دیا۔

جاؤ آپ بھی فریش ہو جاو۔۔مرتسم نے کہا تو وہ سر ہلاتا مرحالو گوں کے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔

اسنے ایک نظر مہر کی کمرے کی طرف دیکھا اور پھر گہری سانس چھوڑتا اس طرف بڑھ گیا۔

💞💞💞

انو۔نہیں۔پلیز اسے چھوڑ دو۔

عارض نہیں۔انو۔۔وہ سر ادھر سے ادھر پٹکتی نیند میں دبا دبا سا چیخ رہی تھی۔

مرتسم جو ابھی کمرے میں آیا تھا وہ تیزی سے اسکا طرف بڑھا۔

مہر۔۔مرتسم نے اسکا کندھا ہلایا۔

مہر آنکھیں کھولیں۔۔اسکا گال تھپتھپاتے وہ اسکے پسینے سے تر ہوتے چہرہ کو دیکھ سہی معنوں میں پریشان ہوا تھا۔۔

مہر کچھ نہیں ہوا آنکھیں کھولیں۔مرتسم نے اسے جھنجھوڑ ڈالا۔

وہ ہڑبڑا کر اٹھی تھی۔

انو،نوشے وہ ع۔عارض۔۔وہ خوف سے سفید پڑتی بے ربط الفاظ بول رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کوئ نہیں ہے یہاں پہ۔ہوش میں آئیں دیکھیں کوئ نہیں ہے۔۔

مرتسم کی آواز اونچی تھی جس سے وہ خاموش ہوتی اسے دیکھنے لگی۔۔

ش۔شاہ۔وہ انو،عارض وہ اسکے سینے سے لگتے سہمے لہجے میں بولی۔۔

میری جان کچھ نہیں ہوا ہے۔بھول جائیں وہ سب ماضی تھا ایک برے خواب جیسا۔۔اسکے بال سہلاتے نرمی سے کہا۔

مرحا،میری بیٹیاں شاہ ایزل اور مرحا۔۔

وہ ہوش میں آتی اس سے دور ہوتی تیزی سے بولی۔

سب ٹھیک ہے مہر۔مرحا اور ایزل بلکل سیف ہیں کچھ نہیں ہوا ہے۔۔

وہ بس ایک حادثہ تھا لیکن شکر ہے خدا کا وقت رہتے ہمنے اپنی بچیوں کو اس غلاظت سے نکال لیا۔۔وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھر تا نرمی سے بولا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاہ میں اپنی بیٹیوں کو ایک خراش بھی نہیں آنے دوں گی۔میں ان پر عارض جیسے مرد کا سایہ بھی نہیں پڑنے دوں گی۔وہ شدت سے روتے بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

بلکل شاہ کی جان ایسا کبھی نہیں ہو گا۔اب رونا بند کریں شاباش بچے آپکو ایسے دیکھ کر ڈر جائیں گے۔پہلے ہی مشکل سے تھوڑا سنبھلے ہیں۔

وہ اسکے آنسو صاف کرتا بولا۔

شاہ حازق کہاں ہے۔۔اسے اچانک حازق کا غصہ یاد ایا۔

وہ باہر ہی ہے آپ فریش ہو جائیں میں بھیجتا ہوں اسے۔اب رونا بلکل نہیں ہے اوکے۔۔

وہ اسے کھڑا کرتا کچھ سختی سے بولا تو وہ سر ہلا گئ۔۔

وہ فریش ہو کر آئ تو وہ تینوں اسکے کمرے میں موجود تھے۔۔

مام۔۔آپکو کیا ہوا تھا۔وہ انکے قریب آئ تو حازق اٹھتا فکر مندی سے اسکے ہاتھ تھامتا بولا۔۔

کچھ نہیں میری جان بس تھوڑی ویکنیس ہو گئ تھی۔۔وہ اسکے گال تھپتھپاتے بولی۔۔

لیکن وہ مطمئین نہیں ہوا۔

ایم سوری مام میری وجہ سے آج اتنا تماشہ ہو گیا اور آپکی طعبیت بھی خراب ہو گئ۔۔

وہ اسکے ہاتھوں پر بوسہ دیتے آہستہ سے بولا۔

نہیں میری جان آپکی وجہ سے کچھ نہیں ہوا انفیکٹ ماما پر اوڈ اوف یو اپنے اپنی بہنوں کو کسی بہت بھیانک حادثے سے بچا لیا ہے۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولی تو وہ ہلکا سا مسکرایا۔

کیا ہو رہا ہے۔۔وہ ایزل اور مرحا کے پاس بیٹھتی بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں اسے دیکھتی جلدی سے اس سے لپٹ گئیں۔

اپنے ہمیں ڈرادیا۔۔وہ دونوں ایک ساتھ بولیں تو وہ ہس دی۔۔

دیکھ لو کبھی کبھار ماما بھی ڈرا سکتی ہیں صرف بچے ہی نہیں۔وہ شرارت سے بولی تو وہ دونوں خفگی سے اسے دیکھنے لگیں۔

آہو میلا بے بی ناراض ہو گیا۔۔وہ ایزل اور مرحا کے گال کھینچتے کچھ اداسی سے بولی تو وہ دونوں اسکی ایکٹینگ پر ہس دیں۔

لنچ ٹائم ہونے والا تھا۔اس لیے مرتسم نے انکے کے لئیے کھانا آڈر کر دیا۔۔

لنچ کے بعد وہ سب شاہ ولا کے لئیے چلے گئے۔۔

مرتسم نے ولی، ارسل اور غازی کو پہلے ہی فون کر دیا تھا اس لیے کسی نے کوئ سوال نہیں کیا۔

ایک گھنٹے بعد باقی سب بچے بھی اچکے تھے۔۔

اب وہ سب شاہ ولا کے لاؤنج بیٹھے تھے جبکہ مرتسم آہستہ آواز میں کچھ کہہ رہا تھا جسے سنتے سب کے چہرے پر ایک رنگ آرہا تھا تو ایک جارہا تھا۔۔

شہر کا اتنا جانا مانا سکول اور اسکے ٹیچرز یہ سب کر رہے ہیں۔۔ارسل کی آواز میں بے یقینی تھی۔۔

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے جو کچھ بہت برا ہونے سے پہلے ہمیں سب کچھ معمول ہو گیا۔۔

زہرہ نے کہا تو سب نے اسکی بات سے اتکاف کیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اب کیا کرنا ہے۔۔ اس ٹیچر کو ایسے ہی تو نہیں جانے دے سکتے ۔۔ غازی کی آواز میں دبا دبا سا غصہ تھا۔۔

سکول اور اس ٹیچر کے خلاف سٹریکٹ ایکشن ہو گا۔ دانین نے سپاٹ لہجے میں کہا تھا۔

میں آج ہی ابھی سر سے بات کرتا ہوں اور سکول کے لیئے وارنٹس نکلواتا ہوں۔ پریشان مت ہوں انکا گناہ کابل معافی نہیں ہے اسکی سزا تو انہیں ملے گی۔۔

زین کی پرسوچ آواز گونجی تھی۔

💞💞💞

زین کے کہے مطابق سکول اور اس ٹیچر کے خلاف سخت کاروائی کی گئ تھی کورٹ کے فیصلے کے مطابق سکول کو کچھ وقت کے لیئے بین کیا گیا تھا جبکہ اس ٹیچر کو عمر قید کی سزا سنائی گئ تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک ہفتے میں بچوں کی دوسرے سکول میں مائیگریشن کروادی گئ جس سے پہلے پہل تو وہ کافی ڈسٹرب ہوئے لیکن پھر آہستہ آہستہ مینیج ہو گئے۔

اور پھر انہی دنو وشہ اور عادی واپس دو ماہ کے ٹرپ کے بعد واپس آتے سب کو سرپرائز دیتے خوش کر گئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہمنے آپکو بہتتتت مس کیاوش چاچی۔۔مرحا اسکے ڈوپٹے کا پلو کھینچتے بولی تو وہ ہس دی۔۔

پر چاچی نے تو آپکو زرا بھی مس نہیں کیا۔وہ سیاہ آنکھوں میں شرارت لیئے بولی۔۔

مرحا نے خفگی سے اسے دیکھتا تو وہ قہقہ لگا گئ۔۔

ان آٹھ سالوں میں انکی شخصیت میں کافی نکھار آیا تھا۔

وہ کوئ اب تین اپچ بچی نہیں رہی تھی۔

بڑی بڑی سیاہ آنکھیں،سیاہ بال جو آج بھی شولڈر سے تھوڑا نیچے تھے۔ہاں لیکن ڈریسینگ میں زمین ، آسمان کا فرق تھا۔پہلے وہ جو کرتا جینز پہنتی تھی اب فل سوٹ پہنتے ڈوپٹے کے ساتھ اُلجھتی رہتی تھی۔

تھوڑا سی سمجھدار بھی ہو گئ۔عادی کی سنگت میں اسکے چہرے پر گھلی گلابیاں اسکی خوشی کا پتہ دیتی تھیں۔

جبکہ عادل شاہ گھر کا سب سے چھوٹا سپوت جو کہ اب چھوٹا نہیں لگتا تھا۔

گرے آنکھوں میں آج بھی ہمہ وقت شرارت چمکتی تھی جبکہ اسکو دیکھنے پر وہ کافی بدلا سا لگتا تھا۔

لہجے میں ایک ٹھہراؤ آیا تھا۔چہرے ہر ہلکی ہلکی سی داڑھی اور ٹھہرا ہوا سا لہجہ اسکی شخصیت میں روعب سا پیدا کرتا تھا۔

جب سے اسنے بزنس جوائین کیا تھا لوگوں کا کہنا تھا کہ اسمیں مرتسم شاہ کی جھلک دکھتی تھی۔جسے وہ بڑے فخر سے مسکراتے قبول کرتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

دن گزرتے گئے سب اپنی اپنی زندگیوں میں پہلے کی طرح مصروف ہو گئے۔
گرمی اپنے عروج پر تھی۔اتنی زیادہ کے دو پل بھی پنکھے یا اے۔سی کے بغیر کھڑے رہنا مشکل ہو گیا تھا۔
سکول،کالجز یہاں تک کہ یونی والوں کو بھی گرمی کی وجہ سے سمر وکیشنز دے دی گئ تھیں۔
بچوں کو چھٹیاں ہوئ تو وہ یہ چھٹیاں گاؤں میں گزارنا چاہتے تھے۔انکی اس بات سے سب بڑے بھی راضی تھے سوائے مہر ماہ کے۔جو کسی صورت بھی راضی نہیں تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

لیکن مہر ایک بار۔۔آیت ابھی کچھ کہتی کہ وہ سختی سے اسکی بات کاٹ گئ۔
مینے ایک بار کہہ دیا تو کہہ دیا میں اپنے بچوں پر اس منحوس حویلی کا سایہ بھی نہیں پڑنے دوں گی۔۔
اسکے لہجے میں سمٹا درد وہاں بیٹھے ان تینوں نے محسوس کیا تھا

Posted On Kitab Nagri

لیکن۔زرنور کچھ کہتی کہ ارسل نے ان دونوں کو دیکھتے نفی میں سر ہلایا۔

اچھا ٹھیک ہے پریشان مت ہو جیسا تو کہے گی ویسا ہی ہو گا۔۔ارسل نے اسے خود سے لگاتے تسلی دیتے کہا۔۔

کچھ دیر تک اسکے پاس بیٹھنے کے بعد وہ لوگ نیچے اگئے۔۔

کیا ہوا نہیں مانی۔۔؟انہیں آتے دیکھ ولی نے پریشانی سے پوچھا۔۔

نہیں بھائی وہ تو حویلی کا نام تک سننے کو تیار نہیں تھا۔

آیت نے مایوسی سے کہا۔

مایوس مت ہو آیت ہم سب جانتے ہیں وہ حویلی سے کس قدر خوفزدہ ہو چکی ہے۔۔اگر ہم اسے مجبور کریں گے تو اسکی طعبیت پر اثر پڑے گا۔۔ماہم اپیا نے کہا تو وہ خاموشی سے سر ہلا گئ۔

لیکن ایسے تو نہیں چلے گا نا پچھلے چار سال سے مہر نے وہاں قدم نہیں رکھا ناہی بچوں کو وہاں جانے دیا ہے۔

مرتسم پیراپور کا سردار ہے اور اسکی بیوی ہونے کے ناطے مہر کی گاؤں کے عوض کچھ ذمہداریاں بنتی ہیں۔گاوں والے مرتسم کے بچوں کو دیکھنا چاہتے ہیں۔۔

اگر وہ یونہی خوفزدہ رہے گی تو کیسے چلے گا۔۔

Posted On Kitab Nagri

روحاما نے سنجیدگی سے کہا۔

ٹھیک کہہ رہی ہیں آنٹی مہر کے خوف کو کسی طرح ختم کرنا ہی پڑے گا۔۔

ولی انکی بات سے متفق ہوا تھا۔۔

لیکن وہ تو گاؤں کا نام سنتے ہی آؤٹ اوف کنٹرول ہو جاتی ہے۔۔زرنور نے پریشانی سے کہا۔

اب کہ سبکی نظریں کب سے خاموش بیٹھے مرتسم پر گئ تھیں۔

مرتسم کرے گا اس سے بات۔اسکی بات تو سنتی ہے۔۔غازی نے اسے دیکھتے کہا جو ہنوز گہری سوچ میں گم تھا وہ یہاں ہو کے بھی نہیں تھا۔

مرتسم کروگے نا مہر سے بات۔ارسل نے اسکا کندھا ہلایا۔

وہ چونک گیا۔

کیا ہوا۔اسنے نا سمجھی سے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مہر سے بات کروگے نا گاؤں کے لیئے۔ماہم نے حیرانگی سے اسے دیکھتے کہا۔

اسنے گہری سانس بھری۔۔

آپ لوگ پریشان مت ہوں میں کروں گا مہر سے بات لیکن میں انہیں فورس نہیں کر سکتا میں سمجھا سکتا ہوں اگر وہ راضی ہو جائے تو۔۔

Posted On Kitab Nagri

سنجیدگی سے کہتے وہ وہاں سے اٹھ گیا۔

سب نے پر سوچ نظروں سے اسکی پشت کو دیکھا تھا۔۔

💞💞💞

وہ کمرے میں آیا تو کمرہ خالی تھا۔باتھروم میں پانی گرنے کی آواز آرہی تھی۔وہ شائید شاور لے رہی تھی۔

پاؤں سے شوز نکالتے اسنے شرٹ بھی اتار دی۔لائیٹس اوف کرتے وہ اوندھے منہ بیڈ پر گرتے آنکھیں موند گیا۔۔

وہ شاور لے کر آئی تو کمرے میں اندھیرا دیکھتے چونک گئی۔۔

وہ مرتسم کی خوشبو سے جان چکی تھی کہ وہ کمرے میں موجود ہے۔

مدھم لائیٹ جلاتے اسنے چونک کر اسے دیکھا جو اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا۔

بالوں کو تولیے سے آزاد کرتے اسنے گیلے بالوں کو سلجھایا۔ہلکا ہلکا سکھاتے وہ بیڈ کی طرف بڑھی۔۔

شاہ۔۔۔کہنی کے بل اسکے قریب نیم دراز ہورے اسنے مدھم لہجے میں پکارا۔

شاہ۔۔پھر سے پکارا ساتھ بالوں میں انگلیاں چلائیں۔

Posted On Kitab Nagri

جی۔۔وہ ہلکا سا کسمسایا۔

طعبیت ٹھیک ہے آپکی۔۔۔وہ اسکے بال میں انگلیاں چلاتی فکر مندی سے بولی۔۔

مرتسم خاموش رہا۔

مرتسم۔۔اسکی آواز میں اب پریشانی گھلی تھی۔

وہ جو صرف آنکھیں بند کر کے لیٹا ہوا تھا۔گہری سانس بھر کے رہ گیا۔

آہستہ سے سیدھا ہوتے اسنے مہر کو دیکھا۔

ہم ٹھیک ہوں میں۔۔اسکی بھوری آنکھوں میں دیکھتے کہا۔

وہ الجھی نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی کیونکہ وہ کبھی ایسے نہیں کرتا کمرے میں آتے ہی جب تک وہ اسے دیکھ کر روز کی طرح اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے اسے خود سے لگاتے سارے دن کی روادار پوچھتا تھا پھر فریش ہوتا تھا لیکن اج۔

وہ کچھ پل اسے دیکھتا رہا پھر اسے کہنی سے کھینچتے خود پر گرا گیا۔

آپ پریشان ہیں شاہ۔۔اسکے سینے سے سر اٹھاتے پوچھا۔

ہم تھوڑا سا۔۔بند آنکھوں سے جواب دیا۔

کیوں پریشان ہیں۔۔مدھم لہجے میں پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

گاؤں جانے کے معاملے کی وجہ سے۔۔مرتسم نے سنجیدہ لہجے میں کہا تھا۔جانتا تھا اگر زرا سی نرمی برتے گا تو وہ بات سنے گی بھی نہیں۔

گاؤں کے نام سے مرتسم کے بازو پر چلتی اسکی انگلیاں تھمی تھیں۔

اگلے ہی پل وہ پیچھے ہوتی کہ مرتسم نے سختی سے اسکے گرد حصار باندھا تھا۔

یہ پل میرے سکون کے ہوتے ہیں جانم۔۔یوں مجھ سے دور جا کر میرے سکون کو بے سکون نا کیا کریں۔وہ نرمی سے بولا۔

مہر کی مزاحمت رک گئی۔اسنے سر اٹھاتے شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھا۔

وہ اسکی آنکھوں میں شکوہ پڑھتا بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

مہر وہ بس ایک حادثہ تھا یار۔۔بھول کیوں نہیں جاتی ہیں آخر اپ۔۔وہ بے بسی کی سی کیفیت میں بولا۔

بھول جاؤں اس وقت کو جب میرے سر پر سوتن کا سایہ منڈلا رہا تھا۔

آپ کہہ رہے ہیں بس ایک حادثہ شاہ۔اس ایک حادثے میں مجھے بیوہ کرنے میں کوئی کثر نہیں چھوڑی تھی شاہ۔

وہ تلخی سے بولی۔۔

ٹھیک ہے میں مانتا ہوں یار اسے بھولنا مشکل ہے۔لیکن اس حادثے کی بنا پر ہم اپنی زندگی کو یہیں روک تو نہیں سکتے نا۔وہ تھوڑا سا اوپر ہوتے بیڈ کروان سے ٹیک لگاتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر ابھی بھی اسی پوزیشن میں تھی۔

میں آپکو مجبور نہیں کر رہا جانم۔ لیکن میں اپنی زمہ داریوں سے بھی تو نہیں بھاگ سکتا نا۔ پیر اپور میری زمہداری ہے۔ وہاں کا سردار، سربراہ میں ہوں۔ انکا والی وارث میں ہو جانم۔۔

انکی مشکلات میں انکا ساتھ دینا، انہیں حل کرنا، انکی مدد کرنا، ہر چھوٹی سی چھوٹی بات کو دیکھنا یہ سب میرے ذمے ہے میں کیا اس بات سے بھی منہ موڑ جاوں۔

وہ اسکو آہستہ آہستہ تھپکتا نرمی سے بول رہا تھا۔

لیکن میں آپکو تو نہیں روکتی ناشاہ۔۔ وہ اسکی بات کاٹتے بولی۔۔

آپ مجھے نہیں روکتی ہیں وہاں جانے سے لیکن مہر آپ خود سوچیں جب بھی میں گاؤں جاتا ہوں آپ سارا دن، ساری رات میری فکر میں گھلتے پریشان رہتی ہیں۔ اور ادھر میں بھی یہی سوچ کر پریشان رہتا ہوں کہ اب آپ پریشان ہونگی، خود کا خیال نہیں رکھیں گی، بچوں کو وقت نہیں دے پائیں گی۔

نا آپ سکون سے یہاں رہتی ہیں نا میں سکون سے وہاں رہتا ہوں۔

تو ذمہداریاں کیا خاک نبھاؤں گا۔۔ وہ ہنوز نرمی سے بول رہا تھا۔۔

میں مانتا ہوں اس حادثے کو بھلانا مشکل ہے نا ممکن تو نہیں۔

اور تو اور آپ بچوں کو بھی نہیں جانے دیتی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر میں پیراپور کا سردار ہوں یار میرے بچوں پر انکا بھی حق ہے۔وہ بچوں کو دیکھنا چاہتے ہیں ملنا چاہتے ہیں۔

اور کیا آپ نہیں چاہتی کہ ہمارے بچے ہمارے پرکھوں کی سینچ کر رکھی گئ ان امانتوں کو دیکھیں انکے بارے میں جانیں۔

وہ گاؤں جہاں مینے بچپن گزارا ہے،میری ماں وہاں شادی کر کے گئ تھی وہ کیسے میرے لیے منحوس ہو سکتا ہے یار۔میں چاہتا ہوں میرے بچے وہاں رہ نہیں سکتے لیکن کم از کم کوئ رشتہ ناطہ تو رکھیں اس گاؤں سے۔۔

وہ اسکا چہرہ سامنے کرتا کچھ بے بسی سے بولا تھا۔

لیکن شاہ مجھے ڈر لگتا ہے اگر اس بار پھر سے کچھ ہو گیا تو۔میں سچ کہہ رہی ہوں اس بار میں واقعی میں برداشت نہیں کر پاؤں گی۔۔

وہ اسکے چپ ہونے پر رندھے لہجے میں بولی۔

خدا پر بھروسہ رکھیں میری جان کچھ نہیں ہو گا۔۔مرتسم نے نرمی سے اسے خود میں بھینچا۔۔

وہ نیم رضامند ہو گئ تھی تو کل تک پوری طرح سے راضی بھی ہو جاتی۔۔وہ نرمی سے اسے تھپکتا رہا جانتا تھا آج کی رات وہ پھر سے خوف کی زد میں گزارے گی۔

اسلام علیکم!

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس لیے وہ پوری رات ایک پل کے لئیے نہیں سویا۔

مہر دوبار نیند میں ڈری تھی اور بری طرح سے ڈری تھی۔

وہ ایک حادثہ کسی برے آسیب کی مانند ان سے چپک گیا تھا جسے نا تو اسکی بیوی خود بھولتی تھی نا اسے بھولنے دیتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کا چہرہ دیکھتے وہ بس سوچ کر رہ گیا۔

روشن صبح کئ زندگیوں میں ایک نئ امید کے کر بیدار ہوئ تھی۔

طلوح ہوتا سورج ہر کسی کو اپنے کام پر جلدی بھاگنے پر مجبور کر رہا تھا۔

جبکہ شاہ ولا میں آج سب پر سکون سے ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھے تھے۔

آج سارے لڑکے بھی گھر پہ موجود تھے۔۔مہر کے رضامند ہونے کے بعد وہ لوگ آج شام ہی گاؤں کے لئیے نکلنے والے تھے۔۔

مرحا اور حازق آج دوسری بار گاوں جا رہے تھے۔جسکے لئیے وہ بہت ایکسائیٹڈ تھے۔۔

حازق، مرحا آپ دونوں نے کوئ شرارت نہیں کرنی اور میرے ساتھ ہی رہنا ہے بلکل بھی باہر اکیلے نہیں نکلنا اوکے۔۔

گاؤں پہنچتے وہ لوگ جب گاڑی سے نکلے تو وہ ایک ہاتھ سے میثم کو جھلاتے ان دونوں کو دیکھتے نرمی سے بولی۔ایک انجانی سا خوف تھا جو کنڈلی مارے بیٹھا تھا۔

ارسل نے نفی میں سر ہلاتے تاسف سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

پریشان مت ہو کسی پرائی جگہ نہیں آئے وہ۔۔اسکے ہاتھ سے میثم کو لیتے وہ کچھ خفگی سے بولا تو وہ سر جھٹک گئ۔۔

چلیں۔سب لوگ اندر چلے گئے تو مرتسم نے اس سے کہا جسنے ایک بار بھی اس حویلی پر نظر نہیں ڈالی تھی۔۔

اسنے مرتسم کے بڑھے ہوئے ہاتھ کو دیکھتے اپنا کانپتا ہاتھ رکھ دیا اور اسکے ساتھ آگے بڑھ گئ۔

حویلی کی طرف بڑھتے اسکے سامنے چار سال پہلے کے وہ منظر کسی فلم کی مانند چلنے لگے تھے۔وہ چیخیں، سسکیاں اسکے کانوں میں گونجنیں لگی تو اسکا وجود لرزنے لگا۔۔

مرتسم کے ہاتھ پر اسکی گرفت بڑھی تھی۔۔

اس شخص نے میرے ساتھ زبردستی کی ہے۔۔اسکے کانوں میں کسی لڑکی کا چیختا ہوا جملہ گونجا۔

پنچایت مرتسم شاہ کو کوڑھے مار کر اسکے وجود کو مسمار کرنے کی اجازت بھی دے سکتی ہے۔۔کسی کا چھبتا ہوا جملہ گونجا۔

اس آگ کی لپیٹ میں مرتسم شاہ آچکا ہے۔ہاں مرتسم شاہ مر چکا ہے۔۔ارسل نے اسے جھنجھوڑا تھا۔ اسکے قدم لڑکھڑائے تھے۔۔

مرتسم نے اسکے چہرے پر زلزلے کے آثار دیکھتے اسکے گرد بازو پھیلاتے اسے اپنے حصار میں لے لیا۔

Posted On Kitab Nagri

آس پاس کھڑی ملازمائیں سر جھکاتی اپنی مسکراہٹ دبا گئیں۔۔

اسنے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھا۔دوبارہ پھر سے اس حویلی کی دہلیز پار کرنا اسے دنیا کا مشکل ترین امر لگ رہا تھا۔۔

میں ہونا آپکے ساتھ۔۔مرتسم نے آہستہ سے کہتے اسکے ساتھ ہی دہلیز پار کی تھی۔

اسنے بھیگی آنکھوں سے اس حویلی کو دیکھا جو کہ اب کافی بدل چکی تھی۔

گہری سانسیں لیتے اسنے خود پر قابو پایا تھا۔

واٹ ہیپنڈ پھوپھو۔وائے آر یو کرائینگ۔۔ایزل جو بچوں کے ساتھ حویلی دیکھ رہی تھی مہر کو آتے دیکھ اسکی طرف بڑھی تھی۔

نتھگ پھوپھو کی جان بس کچھ یاد آگیا۔۔وہ نفی میں سر ہلاتے اسکے قریب جھکتے اسکا گال چومتے بولی۔

تو پھر رو کیوں رہی ہیں یاد آگیا تو یاد کر کے بس سمائل کریں آپ ہی تو کہتی ہیں گزر جانے والے مومنٹس کو یاد کر کے سمائل کرتے ہیں پھر وہ اچھے ہوں یا برے کیونکہ وہ گزر گئے ہوتے ہیں۔۔

وہ اسکے بھیگی آنکھیں صاف کرتے بلکل اسی کے انداز میں بولی تو مہر ناچاہتے ہوئے بھی ہس دی۔۔

بلکل میری جان۔۔اسے خود سے لگاتے کہا۔۔

جاؤ آپ کھیلو پھوپھو ٹھیک ہیں۔مہر نے مسکراتے کیا تو وہ جی کہتی وہاں سے بھاگ گئ۔۔

اسنے چور نظروں سے سامنے اس کمرے کو دیکھا جس سے اسکی بہت بری یادیں جڑی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

کمرے کو دیکھتے وہ زور سے آنکھیں مینچ گئ۔

جب اپنی انکھوں پر نرم گرم سے لمس پر چونکی۔

اسنے سٹپٹا کر سامنے دیکھا جہاں سب تین گھنٹے کے سفر سے تھک کر اب آرام سے بیٹھے تھے۔

نظریں پھیرتے اسے دیکھا جو بھرے لاؤنج میں بھی گستاخیوں سے باز نہیں آتا تھا۔

ایسے کیوں دیکھ رہی ہیں اب آپ خود ہی مجھے مجبور کرتی ہیں تو میں کیا کر سکتا ہوں۔وہ کندھے اچکا کر بولتا باقی سبکی طرف بڑھ گیا۔۔

مہر نے دانت کچکچاتے اسے دیکھا اور پیر پٹکتے اسکے پیچھے بڑھ گئ۔۔

💞💞💞

چار سال پہلے:

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ ان دنو کی بات تھی جب وہ سب عاشر اور ہانیہ کے عقیقے کے لیئے گاؤں گئے ہوئے تھے۔حازق اور مرحا اس وقت چار سال کے تھے۔۔

مہر کو بہت مشکل سے مرتسم نے دوبارہ حویلی جانے کے لیئے منایا تھا۔وہ بہت ڈر گئ تھی گاؤں سے اور حویلی سے۔لیکن سب کے زور دینے پر اسے آنا پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

تبریز شاہ جو ہارون شاہ کا بڑا بھائی تھا وہ مرتسم سے بدلہ لینے کے لیئے کوئی موقع ڈھونڈ رہا تھا اور اسے موقع مل گیا۔

عقیقہ کافی بڑے پیمانے پر تھا۔رات گئے تک وہ لوگ کچھ انتظام ختم کرتے اپنے اپنے کمروں میں سونے کے لیئے جا چکے تھے۔

دور پرے کے جو دوست اور مہمان تھے انہیں مہمان خانے میں ٹھہرایا گیا تھا۔۔

مرتسم کو مہر کے پاس جانے کا زرا بھی وقت نہیں ملا۔وہ بس اسے ڈیرے پر جانے کا کہتے چلا گیا۔

مہر نے اسے روکنے کی بہت کوشش کی لیکن وہ اسے صرف ایک گھنٹے کا کہتے چلا گیا۔کیونکہ اسے اپنی ایک آن لائین میٹینگ اٹینڈ کرنی تھی اس لیے وہ ڈیرے پر سگریٹ پھونکتے اپنی میٹینگ اٹینڈ کر رہا تھا۔

میٹینگ ختم کرتے اسے کافی وقت ہو گیا تھا فجر کی اذانیں اسکے کانوں میں گونجیں۔

وہ نماز پڑھ کے سونے کا سوچتے گاڑی کی طرف قدم بڑھا گیا۔

نیند اس قدر حاوی تھی کہ اسے ڈیرے پر بنے کمرے کو لاک کرنا بھی یاد نہیں رہا۔۔

وہ انجان تھا کہ اس پر کسی نے نظر رکھی ہوئی ہے۔اسے جاتے دیکھ دور ایک درخت کے سائے تلے چھپے آدمی نے پریشان ہوتے کسی کو فون کیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے بھی گاڑی کا دروازہ کھولا ہی تھا کہ کسی نے پیچھے سے اسکے سر پر وار کیا وہ لڑکھڑایا اس سے پہلے کہ پیچھے مڑتا دوسری ضرب سے وہ ہوش وحواس سے بیگانہ ہو گیا۔

جلدی لے کر چلو۔۔

تبریز شاہ کے ملازم اسکے بے ہوش وجود کو ڈیرے کے کمرے میں چارپائی پر پھینکتے جلدی سے باہر چلے گئے۔۔

یہی ہے وہ۔۔انکے ساتھ کھڑی لڑکی اشتیاق سے مرتسم کو دیکھتے بولی۔

ہاں یہی ہے اب جلدی سے اسے ہوش میں لا اور اپنا ناٹک شروع کر۔

ہم گاؤں والوں کو لاتے ہیں۔

وہ اسکی آنکھوں میں مرتسم کے لیئے ستائش دیکھتا جھڑک کر بولا۔

وہ ہنہ کرتی سر جھٹک کر آگے بڑھ گئی۔۔

ہائے کتنا سونا ہے یہ۔کیا ٹوٹ کر حسن دیا ہے تجھے رب نے۔۔

وہ مرتسم کے پاس بیٹھتے اسکی چہرے پر انگلیاں چلاتے بولی۔۔

کاش تو سچ میں میرے ساتھ زبردستی کر لیتا میں تو خود تجھ جیسے شہزادے کی بانہوں میں بکھر جاتی۔۔

وہ اسکی شرٹ کے بٹن کھولتی مبہوت سی اسے دیکھتے بول رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

باہر سے کھٹکے کی آواز آئی تو سر جھٹکتے جلدی سے اپنی چادر اتارتے اسنے خود کو بے لباس کرتے وہاں پڑی بڑی سی چادر اوڑھ لی۔

اسکے بازو، گردن اور چہرے پر کافی نشان تھے نوچے جانے کے۔۔

چل تیرے ہوش میں آنے کی باری آگئ عربی شہزادے۔۔ وہ شیطانی ہسی ہستے وہاں پڑا پانی کا جگ اسکے چہرے پر پھینک گئ۔۔

اپنے ساتھ لائی ہوئی گلیزرین آنکھوں میں ڈال لی جس سے اسکی آنکھیں کچھ سرخ ہو گئیں اور پانی کی طرح آنسو بہنے لگے۔۔

مرتسم جو اسکے پانی پھینکنے پر کسمسایا تھا۔ سر پر ہاتھ رکھتے وہ اٹھ بیٹھا۔

سر کو جھٹکا دیتے اسنے خود کو ہوش میں لانے میں کوشش کی تو نظر سامنے صرف ایک چادر میں لپٹی لڑکی پر گئ۔

وہ جھٹکے سے اٹھ بیٹھا۔ کون ہو تم اور یہاں اس حالت میں کیا کر رہی ہو۔

وہ پاس پڑے اسکے کپڑے اور اپنی شرٹ کے کھلے بٹن دیکھتا سچویشن سمجھنے کی کوشش کرتا بولا۔۔

جبکہ وہ لڑکی اسکی بات سنتے سسکیاں بھرتی اونچی آواز میں رونے لگی۔

تم۔۔ ابھی مرتسم کچھ کہتا کہ وہ لڑکی یونہی باہر بھاگ گئ۔

ہے رکو تم ایسے نہیں جا سکتی۔۔ وہ اسکے پیچھے بھاگا۔۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھو لو گاؤں والوں اپنی آنکھوں سے مینے کہا تھا میں کل رات مرتسم سائیں کو یہاں ایک لڑکی کے ساتھ دیکھا تھا۔۔

تبریز شاہ کا ملازم جو ابھی لوگوں کو لے کر وہاں پہنچا تھا لڑکی کو یوں باہر نکلتے اور مرتسم کو اسکے پیچھے بھاگتے دیکھ تمسخر سے بولا۔

اس لڑکی کو دیکھتے لوگوں کی نظریں جھک گئ کیونکہ اسکی حالت دیکھنے میں کافی بری لگ رہی تھی۔

مرتسم اپنی شرٹ کے بٹن بند کرتا اس سے پہلے کہ آگے بڑھتا وہ لڑکی چیخنے لگی۔

مجھے بچالو۔ پلیز مجھے اس درندے سے بچالو اسنے کل رات میری عزت لوٹ لی اور اب مجھے جان سے مارنے گا تھا۔ خدا کے لیئے مجھے بچالو۔

وہ لڑکی گاؤں والوں کو دیکھتی سہمے ہوئے لہجے میں سسکیاں بھرتی چیخ کر بول رہی تھی۔۔

جبکہ مرتسم حیرانگی سے اسے دیکھنے لگا۔

کیا بکواس کر رہو میں تو تمہیں جانتا تک نہیں ہو۔ وہ اسکی طرف بڑھتا چیخا تھا۔

بس مرتسم شاہ بس۔ اور کتنا ظلم کروگے اس معصوم پر۔۔

تبریز شاہ اچانک اسکے سامنے آتا بولا۔

مینے کچھ نہیں کیا ہے۔۔ وہ دھاڑا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں گاؤں والوں میری بات پر تو یقین نہیں تھا نا اب دیکھ لیا اپنی آنکھوں سے یہی سب ہے تمہارے سردار کا یہ روز نت نئے لڑکیوں کے ساتھ رات رنگین کرتا ہے۔ گاوں کا سردار ہونے کا فائیدہ اٹھاتے لڑکیوں پر بری نظریں ڈالتا ہے۔

تبریز شاہ اونچی آواز میں چیخا تھا۔

بکواس بند کرو اپنی مینے کچھ نہیں کیا ہے میں تو اسے جانتا تک نہیں ہوں۔ جھوٹ بول رہی ہے یہ لڑکی۔۔ مرتسم بے بسی سے چیخا تھا۔۔

اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ یہ سب ہو کیا رہا ہے۔۔

کیا ہو رہا ہے یہ سب۔۔۔ قاسم شاہ کی دھاڑ نے سب کو خاموش ہونے پر مجبور کر دیا۔۔

حویلی والوں کو کسی نے خبر کر دی تو وہ لوگ ہڑبڑاہٹ میں یہاں آئے تھے۔۔

آیئے قاسم شاہ دیکھیئے اپنے سپوت کے کارنامے۔

وہ تمسخر سے انہیں دیکھتا بولا۔

میرے بابا سے عزت سے بات کرو۔۔ مرتسم اسے دیکھتا دھاڑ تھا۔۔

عزت ہے تم جیسے لوگوں کی۔۔ وہ بھی جوابا چیخا تھا۔

لوگوں میں چہ مگوئیاں ہونے لگی تھیں۔

ولی اور غازی مرتسم سے معاملہ سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جبکہ ارسل،وجدان بھائی اور بابا اب باقی لوگوں سے کچھ پوچھ رہے تھے۔

اگلے آدھے گھنٹے میں جرگہ بیٹھ چکا تھا۔

بولو بیٹی کیا ہوا تھا ہمیں ساری بات بتاو۔۔مصطفیٰ شاہ نے اس لڑکی کو دیکھتے نرم لہجے میں کہا۔۔

اب وہ اپنے پھٹے کپڑوں میں ملبوس تھی۔۔

میرا نام سمرین ہے۔یتیم ہوں میں ساتھ والے گاؤں کی ایک حویلی کی ملازمہ ہوں۔اج اپنی دوست سے ملنے آئی تھی۔راستے میں جاتے ہوئے مجھے دیر ہو گئی۔مغرب کے وقت راستے میں مجھے یہ دکھے تو میں انسے مدد لینے پہنچ گئی۔

لیکن مجھے کیا پتہ تھا کہ یہ درندہ میری عزت کو یوں تار تار کر دیگا۔۔وہ سسکیاں بھرتی اونچی آواز میں روتی بولی تھی۔

سبکی بے یقین نظریں مرتسم پر تھیں۔

انہوں نے مجھے کہا کہ یہ میری مدد کریں گے میں انکے ساتھ آگئی لیکن یہ مجھے یہاں بند کر کے خود جانے کہاں چلے گئے۔

میں روتے،ڈرتے وہیں بیٹھی تھی کہ آدھی رات کو یہ وہاں آگئے اور میرے ساتھ۔۔۔اتنا کہتے وہ منہ پر ڈوپٹہ رکھتی زمین پر بیٹھتے بری طرح سے رونے لگی۔

ایک بار تو تبریز شاہ بھی اسکی ایکٹینگ پر حیران ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے چہرے، بازو اور گردن پر بنے نشان بلکل اسکی بات کی عکاسی کر رہے تھے۔۔

انہوں نے میرے ساتھ زبردستی کی میں۔کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہی۔مجھے انصاف چاہئیے خدا کے لئیے میرے لئیے انصاف کریں۔۔وہ سامنے بیٹھے سرداروں کے آگے ہاتھ جوڑتے بولی۔۔

مرتسم سمیت وہ چار و مٹھیاں بینچتے سرخ آنکھوں سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔

ایسا کیسے ہو سکتا ہے ہم لوگ مرتسم سائیں کو اتنے سال سے جانتے ہیں وہ ایسا کر ہی نہیں سکتے۔

ہاں بلکل ٹھیک کہہ رہے ہو مرتسم سائیں کبھی ایسا نہیں کر سکتے۔

یہ عورت جھوٹ بول رہی ہے ہمیں مرتسم سائیں پر پورا یقین ہے۔

گاؤں کے لوگ اس عورت کی بات سنتے غصے میں چیخ چلانے لگے تھے۔

تبریز شاہ اور وہ عورت دونوں اب گھبرا گئے۔۔

خاموش رہیں سب۔۔مصطفیٰ شاہ نے ہاتھ اٹھاتے سب کو خاموش کروایا۔۔

مرتسم تم کیا کہنا چاہو گے۔۔انہوں نے مرتسم کو دیکھا۔

میں بس اتنا کہوں گا میں اس عورت کو نہیں جانتا۔یہ جھوٹ بول رہی ہے اس سے زیادہ میں اپنے کردار کی گواہی نہیں دوں گا۔۔

وہ پختہ لہجے میں سکون سے بولا تھا۔جبکہ چہرہ ضبط سے سرخ پڑ رہا تھا۔اسکے اندر کا آتش فشاں پھٹنے کے قریب تھا۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن یہ تمہارے ڈیرے پر اس حال میں تمہارے ساتھ کیا کر رہی تھی۔۔ قاسم شاہ نے اسے گھورتے پوچھا۔

اسی لیے انہیں اسکا رات کو ڈیرے پر جانا بلکل پسند نہیں تھا۔وہ جانتے تھے ہارون شاہ کا بدلہ لینے کے لئیے اسکا بھائی کسی بھی حد تک جائے گا۔۔

میں نہیں جانتا میں تو گھر واپس جا رہا تھا کہ کسی نے پیچھے سے میرے سر پر کچھ مارا تو میں بے ہوش ہو گیا۔جب ہوش میں آیا تو یہ لڑکی سامنے تھی جبکہ میں تو اسے جانتا تک نہیں۔وہ ہنوز اطمنان سے بول رہا تھا۔

یہ جھوٹ بول رہے ہیں۔یہ ساری رات یہیں تھے۔خدا کے لئیے میرے ساتھ انصاف کریں۔مجھے انصاف دلائیں۔کیا ایک لڑکی اپنے بارے میں ایسا کچھ کہ سکتی ہے۔وہ لڑکی اسکے پختہ لہجے پر گھبرا کر چیخ اٹھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپکو لوگوں کو یقین نہیں آرہا تھا تو یہ نشان دیکھیں۔یہ اس درندے کی درندگی کے نشان۔۔ وہ اپنی چادر اتارتے اپنی گردن اور بازو سامنے کر گئ۔

بس۔۔ اسکے چادر اتارنے پر وہاں بیٹھے دوسرے سردار دھاڑے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

مرتسم شاہ تمہارے پاس کل تک کا وقت ہے اپنی بے گناہی کا ثبوت لاؤ ورنہ تمہیں یا تو اس لڑکی سے نکاح کرنا پڑے گا یا پھر تمہیں کوڑوں کی سزا سناتے مسمار کر دیا جائے گا۔۔اور تمہارے خاندان کو اس گاؤں سے دربدر کر دیا جائے گا۔۔

منظر شاہ اسے دیکھتے فیصلہ کن لہجے میں بولے۔

ٹھیک ہے مجھے منظور ہے لیکن یہ لڑکی تب تک میری ہی حویلی میں رہے گی آپ چاہئیے تو اسکی نگرانی کے لئیے اپنی ملازماؤں کو ساتھ بھیج سکتے ہیں۔۔

وہ قہر برساتی نظروں سے اس لڑکی کو دیکھتے بولا۔

ٹھیک ہے مرتسم۔میری دو ملازمائیں تمہارے ساتھ جائیں گی۔ مصطفی شاہ اسکے بات سنتے بولے۔

انکا فیصلہ سنتے باقی سردار بھی وہاں سے ہٹ گئے۔تو لوگوں کا ہجوم بھی آہستہ آہستہ وہاں سے ہٹنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

حویلی تک خبر پہنچی تو خوشی کا ماحول غم،اداسی اور آنسوں میں بدل گیا۔

مہر ساکت سی اس ملازمہ کو دیکھ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اس لڑکی نے مرتسم سائیں پر زبردستی کا الزام لگایا ہے۔

اور اسکی حالت کافی بری ہے۔وہ لوگ یہیں آرہے ہیں۔وہ ملازمہ بولتی جارہی تھی جبکہ اسے لگ رہا تھا جیسے کوئی آہستہ آہستہ اسکے کانوں میں زہر گھول رہا ہو۔

تبھی باہر گاڑی رکنے کی آواز آئی۔وہ جھٹکے سے ہوش میں آتی نیچے بھاگی تھی۔

مہر۔اسے ننگے پاؤں بھاگتے دیکھ۔ایت چیختی اسکے پیچھے بھاگی۔۔

وہ ننگے پاؤں دو،دو سیڑھیاں ایک ساتھ پھلانگتی تیزی سے نیچے بھاگ رہی تھی۔

دروازے تک پہنچتے تیزی کی وجہ سے اسکا پاؤں کارپٹ میں رپٹا اس سے پہلے کہ وہ منہ کے بل نیچے گرتی کسی نے تیزی سے اسے اپنے حصار میں لیا تھا۔۔

شاہ۔۔وہ زیرلب کہتی جلدی سے سیدھی ہوئی۔

شاہ وہ۔وہ ملازمہ وہ پتہ نہیں کیا بول رہی تھی۔اپ وہ۔۔

تیز بھاگنے کی وجہ سے اسکا سانس تک پھول گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شش۔کچھ نہیں ہوا ہے۔۔مرتسم اسکا سر چومتا اسے خود سے لگا تا نرمی سے بولا۔۔

اسکے یوں سرعام ایسے مہر کے سر پہ بوسہ دینے پر ملازموں نے معنی خیز نظروں سے اس لڑکی کو دیکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جو چھبتی نظروں سے مرتسم کے سینے میں چھپی اس لڑکی کو دیکھ رہی تھی۔

روم میں جائیں میں آرہاہوں۔۔نرمی سے اسے خود سے الگ کرتے کہا۔وہ نفی میں سر ہلاتے اسکا بازو پکڑ گئ۔

ایک منٹ۔۔مرتسم نے اپنا بازو چھڑواتے اس سے کہا۔

وہ دو قدم پیچھے آتا اس لڑکی تک پہنچا اور اسکا بازو پکڑا۔۔

سنبھالو اسے دانین یہ اس سے سچ کیسے اگلوانا ہے یہ تمہاری زمہدار ہے۔۔وہ اسے دانین کے پاس پھینکتے نفرت سے پھنکارا تھا۔۔

آپ لوگ پریشان مت ہوں کچھ نہیں ہوا ہے۔بس تبریز شاہ اور اس لڑکی نے اپنی موت کو دعوت دی ہے جسکا انتظام بھی خود ہی کیا ہے۔۔وہ ایک ایک لفظ چبا کر بول رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ نہیں ہوا ہے ماں پلیز پریشان مت ہوں۔وہ روتی ہوئ روحا کو خود سے لگاتا نرمی سے بولا۔

چلیں۔مہر کو ہنوز وہیں کھڑے دیکھ وہ اسکے قریب ایا۔۔

وہ سر ہلاتی اسکے ساتھ چل پڑی۔

اسے کمرے میں لے جاؤ۔۔ماہم اپیا سمرین کے پھٹے کپڑے دیکھ سنجیدگی سے ملازمہ سے بولی۔

باقی سب بھی اندر کی طرف بڑھ گئے۔

Posted On Kitab Nagri

کتنا پیار کرتے ہیں ہیں مرتسم سائیں۔مہربی بی سے۔

انکے جانے کے بعد ملازمائیں سرگوشی میں ایک دوسرے سے کہنے لگیں۔

ہاں انکی آنکھوں میں زرا سا آنسو برداشت نہیں کرتے۔دیکھا نہیں کیسے ابھی بھی انہیں بانہوں میں بھرے کھڑے تھے سب کے سامنے بھی۔۔دوسری ملازمہ اسکی تاکید کرتی بولی۔

جبکہ وہاں سے گزرتی سمرین کے کانوں میں یہ جملے پڑے تو وہ مٹھیاں بینچ کر رہ گئ۔

💞💞💞

یہ سب کیا ہے مہر ایسے چھوڑ کر گیا تھا میں اپکو۔۔

وہ اسکے بکھرے بال، سرخ ہوتی آنکھیں دیکھ خفگی سے بولا۔

شاہ سب باہر ملازمہ کیا بول رہی تھی۔اور وہ لڑکی کون ہے۔

آپ اسے یہاں کیوں لائے ہیں۔۔

وہ اسکے شرٹ جکڑتے غرائی تھی۔

جانم میں بتاتا ہوں آپکو ایک سیکینڈ۔۔وہ اسکے خونخوار روپ پر متبسم ہوتا بولا۔

اسکے اندر کا آتش فشاں مہر کو دیکھتے کہیں دب گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہر نے نا سمجھی سے اسے دیکھا جو اپنی شرٹ اتار رہا تھا۔

میری بات کا جواب دیں اور۔شرٹ کیوں اتاری ہے اپنے شاہ۔وہ غصے سے بولی۔۔

کیونکہ میں نہیں چاہتا اس لڑکی کے ہاتھ لگی کوئی بھی چیز آپ چھوئیں۔۔

وہ سنجیدگی سے بولتا شرٹ اتارتے صوفے پر پھینک گیا۔

ک۔کیا مط۔لب اسنے اپکی۔ ش۔شرٹ کو۔۔۔ وہ سوکھتے لبوں پر زبان پھیرتے ٹوٹے الفاظ میں بولی۔۔

افف مرتسم نے کراہ کر آنکھیں مینچیں۔یہ اسے اپنی بیوی کے سامنے نہیں بتانا چاہیئے تھا۔

مہر میں آپکو سمجھاتا ہوں۔۔وہ دوسری شرٹ نکال کر پہنتا تحمل سے بولا۔

کیا بتائیں گے اس گندی چڑیل نے آپکو ہاتھ ٹچ کیا۔اسنے آپکو، آپکی شرٹ کو ہاتھ بھی کیسے لگایا۔۔

وہ چیخی تھی۔

مرتسم شرٹ کے بٹن ایسے ہی کھلے چھوڑے اسکی طرف بڑھا۔

جانم میری بات تو۔۔لیکن اسکی بات پوری ہونے سے پہلے ہی وہ اس پر جھپٹی۔

آپ اسے گھر لے ائے۔۔وہ غصے سے اسکے سینے پر ناخون سے خراشیں ڈالتے چیخی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی ہمت کیسے ہوئی آپکو ہاتھ لگانے کی میں اسکے ہاتھ توڑ ڈالوں گی۔۔وہ اسنے کندھے پر دانت گاڑھتے تیزی سے پیچھے ہوتے غرائی تھی۔۔

مرتسم اسکے ارادے سمجھتا اسے پکڑتا لیکن اس سے پہلے ہی وہ تیزی سے کمرے سے باہر بھاگی تھی۔۔

شٹ۔۔وہ اسکے پیچھے بھاگا۔

مہرر کیں میری بات سنیں۔وہ اسکے پیچھے بھاگتا ہڑبڑاہٹ میں بولا۔

اسے یہ بھی ہوش نہیں رہا کہ اسکی شرٹ کے بٹن کھلے ہیں اور سینے پر دی گئی مہر کی سوغاتیں صاف نظر ارہی تھیں۔

لاؤنج میں بیٹھے سب جنہیں ولی اور ارسل تمام بات بتارہے تھے چونک گئے۔۔

غصے سے لال، پیلی ہوتی مہر کو نیچے آتے اور اسکے پیچھے کھلی شرٹ میں بھاگتے مرتسم کو دیکھ سب کے منہ کھل گئے۔۔

کہاں ہے وہ چڑیل۔وہ نیچے آتے ملازمہ کو دیکھتے بولی۔

وہ سامنے والے کمرے میں۔۔ملازمہ اسکے غصے سے ڈرتے جلدی سے بولی۔

مرتسم کیا ہوا ہے۔۔ولی بامشکل اپنی ہسی روکتا بولا۔

مجھ سے مت پوچھو اپنی بہن کو روکو ورنہ وہ اس چڑیل کو جان سے مار ہی ڈالیں گی۔

وہ سب کی نظروں سے خجل ہوتا مہر کے پیچھے گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر جھٹکے سے دروازہ کھول کے اندر آئی۔۔

سمرین جو ابھی ماہم کے دیئے گئے کپڑے تبدل کر کے بیڈ پہ بیٹھی تھی چونک گئی۔

اسکے ساتھ وہاں کھڑی وہ دو ملازمائیں بھی چونکیں۔

تمہاری اتنی ہمت کے تم میرے شاہ کو ہاتھ لگاو۔انکی شرٹ کو ٹچ کرو۔۔

وہ دھاڑتے اسکی طرف بڑھی تھی۔

سمرین گھبرا کر اٹھ کھڑی ہوئی اسے مرتسم شاہ کی بیوی سے اتنی بہادری کی امید نہیں تھی اسے لگا تھا کہ وہ کمرے میں چھپ کر رو رہی ہو گی۔۔

ہاتھ کیسے لگایا تمنے انہیں ہاں۔وہ اسکی طرف بڑھتی چیخی تھی۔

سارا گاؤں جانتا تھا مرتسم شاہ پر صرف مہر ماہ شاہ کا حق ہے پھر تمنے کیسے ہاتھ لگایا۔۔مہر اسے بالوں سے پکڑ کر اپنے سامنے کرتے ڈھاڑی۔۔

تمنے میرے شاہ پر الزام لگایا۔میرے شاہ پر کیسے۔۔وہ اسکے چہرے پر تھپڑ مارتی اسکے بال نوچتے ہزیانی ہو رہی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرتسم جو باقی سبکے ساتھ دروازے میں کھڑا تھا وہ لڑکی یہ سب ڈیزرو کرتی ہے لیکن اب مہر کے غصے کو دیکھتے وہ بھی گھبرا گیا۔

مہر بس۔بس ہو گیا چھوڑ دیں اسے بس۔۔مرتسم تیزی سے اسکی طرف لپکتا اسے اس لڑکی سے الگ کرتا بولا۔

آپکو کیوں اس چڑیل سے ہمدردی ہو رہی ہے۔۔وہ مرتسم کے بازو پر ناخن مارتے غصے سے اسے دیکھتے بولی۔

جبکہ سب لوگ اس سچویشن پر پریشان ہونے کی بجائے دبی دبی سی مسکان سے انہیں دیکھ رہے تھے۔

بس ہو گیا نا میری شیرنی بس کریں کچھ جرگے کے لیئے بھی چھوڑ دیں۔۔وہ اسے قابو کرنے کی کوشش کرتا بولا۔

سمرین اب سہی معنوں میں سہم کر اسے دیکھ رہی تھی۔

اسنے میرے ساتھ زبردستی کی ہے اور آپ لوگ بھی مجھے ہی قصوروار سمجھ رہے ہیں۔وہ چیخی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سردار مرتسم شاہ کو کوڑھے مار کر اسکے وجود کو مسمار کرنے کی اجازت بھی دے سکتے ہے تو تمنے جو میرے ساتھ کیا ہے تمہیں بھی سزا دی جائے گی۔۔۔اسکا رندھا ہوا لہجہ کچھ چھبتا ہوا بھی تھا۔

بتاتی ہوں میں تمہیں کیسے زبردستی کی ہے۔۔میں بھی دیکھتی ہوں کس میں اتنی ہمت ہے جو میرے شاہ کو سزا دیں۔۔وہ مرتسم کے بازوں سے نکلتی اسکا گلا پکڑتی چیخی۔

بکواس بند کرو اپنی مرنا ہے تمہیں میری بیوی کے ہاتھوں سے۔مرتسم مہر کو زبردستی پیچھے کرتا اسے لڑکی کو غصے سے دیکھتا ڈھاڑا۔۔

مرتسم نے مچلتی ہوئی مہر کو اپنی بازوں میں اٹھایا۔

اگر اپنے اب زرا سی بھی مزاحمت کی مہر تو میں سبکی موجودگی کا بھی خیال نہیں کروں گا اور نا ہی اگلے دو دن آپکو کمرے سے باہر قدم رکھنے دوں گا۔وہ مسلسل اسے مزاحمت کرتے دیکھ اسکے کان میں سرگوشی کرتے اسکی مزاحمت روک گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مہر نے خفگی سے اسے دیکھا اور پیچھے سب کو دیکھتی وہ لب دباتی اسکی گردن میں چہرہ چھپا گئ۔۔

مرتسم سب کی مسکراتی نظروں کو دیکھتے جھنپ کر اسے لیے اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔

انکے جاتے سب کا مشترکہ قہقہ گونجا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

قہقہوں کی گونج اتنی زیادہ تھی کہ پوری حویلی گونج اٹھی۔

ہائے میں صدقے میری شیرنی نے کیا سبق سکھایا ہے۔۔

ارسل سمرین کی بگڑی حالت اور سہما ہوا چہرہ دیکھ مزے سے بولا۔۔

اور نہیں تو کیا میری بہن نے بہت اچھے سے جواب دیا۔۔غازی سرد نظروں سے اسے دیکھتا جتا کر بولا۔

حویلی کی ملازمائیں تک مرتسم شاہ کی مہرماہ شاہ کے لیئے محبت اور مہر کی اسکی کے لیئے پوزیسیسونیس سے واقف تھیں۔

اس لیے اب انکی چھبتی ہوئی، تمسخر بھری نظروں کا مرکز سمرین تھی جو اب ہچکیاں بھرتی بیڈ کے کونے سے چپکی بیٹھی تھی۔

اسے شدت سے اپنی غلطی کا احساس ہو رہا تھا کہ اسنے غلط لوگوں سے دشمنی مول لی ہے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

اتنا غصہ جانم۔۔وہ اسے بیڈ پہ ڈالتا متبسم ہوتے بولا۔

مہر نے خفگی سے منہ موڑ لیا۔وہ جتنا غصہ کر سکتی تھی کر گئی تھی۔اب وہ خود کو اور رونے سے نہیں روک پائی۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ جانتی تھی جتنا یہ معاملہ آسان سمجھا جارہا تھا تھا ہو گا نہیں۔۔

جانم۔۔اسے منہ موڑتے دیکھ مرتسم نے اسکے گال پر ہاتھ رکھتے اسکا چہرہ اپنی طرف کیا۔

کیا ہے آپکو۔ابھی بھی جائیں گزاریں رات وہیں کتنا منع کیا تھا مینے آپکو کہ مت جائیں لیکن مجھ سے جھوٹا وعدہ کر کے چلے گئے۔دیکھ لیا نا انجام۔۔

وہ رندھے لہجے میں بولی تھی۔انسو پھسل پھسل کر مومی گالوں پر بہتے جارہے تھے۔۔

مہر میری جان یار اب رو کیوں رہی ہیں۔۔اپ تو بہت بریو ہیں میری جان۔اور کچھ نہیں ہوا ہے بس غلط فہمی ہوئی ہے جو بہت جلدی ختم ہو جائے گی۔۔

مرتسم اسے اٹھاتے خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں بولا۔۔

کیسے ٹھیک ہو گا شاہ۔اس لڑکی نے آپ پر ریپ کا الزام لگایا ہے۔اپ جانتے ہیں یہ کیسا الزام ہے۔۔یہ اپنے نہیں کیا ہے شاہ لیکن اگر آپ یہ ثابت نا کر سکے تو اسکی سزا آپ سمیت ہماری سات نسلوں کو بھگتنی پڑے گی شاہ۔۔وہ رونے کے باعث بھاری ہوتی آواز سے بولی تھی۔

ایسا نہیں ہو گا۔جب مینے کچھ غلط کیا ہی نہیں تو پھر ایسا ہو گا کیوں کر۔میں سچا ہوں میرا گواہ خدا ہے اور وہی ہمیں اس مشکل سے نجات دلائے گا۔اپ پریشان مت ہوں۔اپ اس طرح سے روئیں گی تو میں

Posted On Kitab Nagri

کمزور پڑوں گا مہر۔اپ میری ہمت ہیں۔اور اگر ہمت ہی کمزور پڑ جائے تو میں کیسے آگے بڑھ پاؤں گا۔۔

وہ اسکے آنسو صاف کرتا نرمی سے بولا۔۔

مہر نے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھا تو مر تسم نفی میں سر ہلاتے اسے خود میں چھپا گیا۔۔

💞💞💞

وہ لوگ تب سے گئے تھے اور اب رات تک بھی نہیں لوٹے تھے۔جانے کہاں گئے ہوئے تھے وہ پانچوں۔

رات نو بجے سب سے پہلے گھر میں غازی داخل ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آیئے لاڈ صاحب فرصت مل گئی اپکو۔عالم بابا کا بھیگا ہوا تنز سنتے اسنے بے بسی سے سب کو دیکھا۔

ارے دیکھو تو ساتھ چودھویں کا چاند بھی آیا ہے۔اسکے پیچھے ارسل کو آتے دیکھ وہ جس لہجے میں بولے تو ان دونوں کے سوا سب نے مسکراہٹ دبائی تھی۔۔

دیکھو تو چھوٹی عید،بڑی عید کے چاند بھی اگئے۔اب یہ بھی بتادو عید کب آئے گی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ولی اور زین کو آتے دیکھ ان پر طنز کرتے مرتسم کے بارے میں پوچھنا نہیں بولے تھے۔

عید پارکینگ کر رہی ہے بابا بس آتی ہی ہو گی۔۔زین جس قدر معصومیت سے بولا تو عالم بابا دانت کچکچا کر رہ گئے۔۔

کہاں تھے تم تم سب کے سب۔

اب فرصت مل رہی ہے گھر آنے کی۔اتنا بڑا جو تماشہ لگایا ہوا ہے کچھ ہوش ہے کل کیا جواب دینا ہے۔۔وہ مرتسم کو آتے دیکھ اب سنجیدگی سے بولے تھے۔۔

آپ اسکی فکر مت کریں بابا کل کا انتظام بہت اچھے سے کر لیا ہے۔۔

وہ پانچوں ایک دوسرے کو معنی خیز نظروں سے دیکھتے بولے تھے۔

وہ تو کل دیکھیں گے۔۔عالم بابا انہیں گھورتے بولے تو وہ کھسیانی سے ہسی ہستے وہاں سے رفعوں چکر ہو گئے۔۔

دیکھ لیں آپ اپنے سپوتوں کے کارنامے آپ لوگوں نے ہی سر چڑھا کے رکھا ہے۔

وہ سامنے بیٹھی،روحاماما اور اہانہ ماما کو دیکھتے چڑتے ہوئے بولے تھے۔

کیوں غصہ کر رہے ہیں بھائی صاحب جب بچوں نے کہا ہے کہ وہ لوگ سب سنبھال لیں گے پھر پریشان مت ہوں وہ سنبھال لیں گے۔۔روحاماما نے انہیں تسلی دیتے کہا۔۔

وہ سر جھٹکتے اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ رات سب نے انتظار کرتے ہی گزاری تھی۔

💞💞💞

اگلی صبح ان سب کے لیئے ایک انجانے ڈر اور خوف کا پیغام لائی تھی۔

صبح نو بجے ہی جرگہ شروع ہو چکا تھا۔۔

سب کے لبوں پر بس انصاف کی دعا کی تھی۔

کہو مرتسم کیا ثبوت لائے ہو اپنی بے گناہی کا۔میرا سب سے بڑا ثبوت ہے میرے ڈیرے کے کمرے میں لگے ہوئے خفیہ کیمروں کی ریکارڈنگ۔۔وہ جس سکون سے بولا تھا۔

اتنی ہی تیزی سے تبریز شاہ، اسکے ملازموں اور سمرین کا چہرہ سفید ہوا تھا۔یہ تو انہوں نے سوچا بھی نہیں تھا۔

کل رات میں ڈیرے پر ہی تھا۔میرے ایک میٹینگ جو مجھے انلائین اٹینڈ کرنی تھی اس لیے میں نے ساری رات یہیں گزاری۔فجر کے وقت جب میں وہاں سے جانے لگا تو اچانک کسی نے مجھ پر حملہ کیا جسکے بعد میں ہوش میں نہیں رہا۔اور یہ میرے خفیہ کیمروں میں ریکارڈ ہوتا رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جیسے جیسے بولتا جارہا تھا۔

ان لوگوں کے چہرے فق ہوتے جارہے تھے۔

لیکن افسوس کے میرے لیپٹاپ کے ساتھ وہ کیمرے اٹیچ تھے جسمیں کوئ خرابی ہو گئ ہے اور وہ چل نہیں رہا۔

اسنے کن اکھیوں سے انہیں دیکھتے یہ کہا تھا۔

جبکہ انکے اٹکے سانس جیسے بہال ہوئے تھے۔۔

ک۔کوئ سچ ہو گا تو ثبوت ہو گا۔م۔ینے پہلے ہی کہا تھا یہ جھوٹ بولا رہا ہے۔خدا کے لیئے میرے ساتھ انصاف کریں۔یہ جان بوجھ کر یہاں آپ لوگوں کا وقت ضائع کر رہا ہے تا کے آپ سب کو بھٹکا کر مجھے جان سے مار دے۔

کل رات اسکی بیوی نے بھی مجھے جان سے مارنے کی کوشش کی ہے۔۔ یہ ملازمائیں بھی وہیں تھیں۔سمرین تبریز شاہ کے اشارہ کرنے پر لڑکھڑاتے لہجے میں بولی۔

بھرے جرگے میں اپنی بیوی کے زکر پر مرتسم کے چہرے قہر کے آثار چھلکے تھے۔۔اسکے ساتھ کھڑے ان چاروں کے چہرے پر بھی ناگوار تاثرات تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ایسا تو کچھ بھی نہیں ہوا تھا سائیں۔ ہمیں تو اس بات کی کچھ خبر نہیں۔ منظر شاہ نے ان ملازماؤں کی طرف دیکھا تو وہ دونوں کمال اطمنان سے بولی تھیں۔

سمرین نے فق ہوتے چہرے سے انہیں دیکھا۔

ی۔ یہ ج۔ جھوٹ بول رہی۔ یہ انسے ملی ہوئی ہیں۔ اسنے واقعی میں مجھے مارنے کی کوشش کی تھی۔۔ یہ نشان بھی۔

وہ ہڑبڑاہٹ میں بول رہی تھی۔ جبکہ اسکے نشان باقی نشانوں کے ساتھ مکس ہو گئے تھے کہ وہ کل والے نشان ہی لگ رہے تھے۔

وہ بے بسی سے تبریز شاہ کو دیکھ کر رہ گئ۔۔

میں معزرت چاہتا ہوں میری وجہ سے آپ لوگوں کا اتنا وقت ضائع ہوا لیکن۔ میں شام تک کی مہلت چاہتا ہوں میرا لیپٹاپ ٹھیک ہو جائے گا شام تک میری بے گناہی کے ثبوت آپکے سامنے ہونگے۔۔ وہ مصطفیٰ شاہ سے بولا تو وہ کچھ دیر سوچنے کے بعد سر ہلا گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تبریز شاہ حیران تھا کہ آخر اسنے شام تک کا وقت کیوں مانگا۔

اسے اب کسی بھی صورت اسکا لیپٹاپ حاصل کرنا تھا۔۔

مرتسم کو شام تک کا وقت دے دیا گیا تھا۔ جس سے وہ تو سکون میں تھا لیکن وہ سب اتنے ہی بے سکون۔۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

اسنے تھکے قدم کمرے میں رکھے تو جان سے پیاری بیوی کی سسکیوں نے اسکا استقبال کیا۔

م۔مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے شاہ۔اگر جرگے نے اس عورت کے حق میں فیصلہ دیا تو میں کیا کروں گی۔۔

وہ اسکے تصویر کو سرخ بھیگی آنکھوں سے دیکھتی معصومیت سے بولی تھی۔۔

می۔میں تو اپکے بغیر نہیں رہ سکتی۔میں کیسے رہوں گی شاہ۔

اگر انہوں نے آپکو کو سزا سنائی تو مہر کیا کرے گی۔میں تو آپکی تکلیف بھی نہیں دیکھ سکتی۔۔

(کچھ دیر پہلے ہی وہ نیچے ملازماؤں کی باتیں سن کے آرہی تھی جو کہہ رہی تھیں کہ مرتسم کے پاس اپنی بے گناہی کے ثبوت نہیں ہے شائید اب سردار اسے اب لڑکی سے شادی کے لئیے مجبور کریں گے یا پھر اسے کوڑوں کی سزا سنائیں گے۔وہ مرتسم کی تکلیف نہیں دیکھ سکتی تھی لیکن اسے ڈر لاحق تھا کہ دوسری صورت کیا مرتسم اسے چھوڑ دے گا۔)

وہ سسکیاں بھرتی جس معصومیت سے بولی تھی دروازے پر کھڑے مرتسم کو ٹوٹ کر اس پر پیار آیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے پاؤں کی ٹھوکر سے دروازہ بند کیا اور اسکی طرف دیکھا جو دیوانی کی سی حالت میں اسے دیکھ رہی تھی۔

مہر نے تڑپ کو اسے دیکھا۔

اسنے آہستہ سے اپنے بازو وا کیے تو مہر سیکینڈ سے پہلے بھاگتے اسکے بازوں میں سمائ تھی۔

شال میں لپٹا بازو اسکے گرد پھیلاتے اسے اتنی شدت سے خود سے لپٹایا تھا کہ مہر کے پاؤں زمین سے اونچے ہوتے اسکے پاؤں پر آئے تھے۔۔

میری جان، میری زندگی کیوں ایسے تو رو کر خود کو اور مجھے ازیت دے رہی ہیں۔

وہ اسے خود میں بھینچتا تڑپ کر بولا تھا۔

م۔ مینے کہا تھان۔ا آپسے۔ی۔یہ حویلی ب۔بہت منہوس ہے میرے لیئے۔ی۔یہ گاؤں منہوس ہے۔یہ مہر سے اسکاس۔سب کچھ چھین۔لیں گے۔

م۔مجھے لے چلیں یہاں سے ن۔نہیں رہنا یہاں۔۔گھر جانا ہے ا۔اپنے گھر۔

وہ سسکیاں بھرتے تکلیف وازیت کی شدت سے بولی تھی۔مر تسم بے بسی سے لب بھینچ کر رہ گیا۔۔

وہ نا تو خود یہاں سے جا سکتا تھا نا مہر کو خود سے دور کرنے کا رسک لے سکتا تھا۔۔

مہر ادھر دیکھیں کچھ نہیں ہو گا۔سب ٹھیک ہے۔شام تک سب کو سچ پتہ چل جائے گا انشاء اللہ پھر ہم اپنے گھر واپس چلیں گے ہم۔اب رونا بند کریں۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکا چہرہ سامنے کرتا بولا۔۔

وہ سر ہلا گئ۔ جبکہ چہرے پر ابھی بھی خوف کے اثرات تھے۔۔

شام تک مرتسم کے کہے مطابق سب کو سچ پتہ چل گیا اسنے واقعی میں اپنے خفیہ کیمروں میں ریکارڈ کی گئ ویڈیو دکھائ تھی۔شام تک وہ اس لیے رکا تھا کیونکہ زین اس لڑکی کے بارے میں ابھی پوری ڈیٹیل نہیں نکلوا پایا تھا۔

لیکن شام تک انسے ساری ڈیٹیلز نکلوالیں تھی۔وہ کسی کوٹھے کی رہنے والی تھی۔ تبریز شاہ کچھ پیسوں کے عوض اسے خرید کر لایا تھا۔

اسنے خود ہی ساری سچائ بتائ تھی۔ تبریز شاہ تب سے غائب تھا۔

سب لوگ اب پر سکون تھے نہیں تھا اگر کوئ تو مہر۔جسنے مرتسم سے شام سے ہی ضد کی ہوئ تھی اسے گھر واپس جانا ہے۔ لیکن مرتسم نے اسے بہت مشکل سے منایا تھا کہ کل صبح چلیں گے۔

یہ تیسری بار تھا کہ انسے مرتسم سے کوئ ضد کی بہت زیادہ اور مرتسم نے اسکی بات نہیں مانی تھی۔اور پھر رات تک اسکا ڈر واقع میں سچ ثابت ہوا تھا۔وہی ہوا جسکا کسی نے سوچا بھی نہیں تھا۔۔

💞💞💞

وہ گہری نیند میں تھی جب کسی برے خواب کی وجہ سے وہ نیند میں ڈرتی جھٹکے سے اٹھی۔

Posted On Kitab Nagri

شاہ۔۔لبوں سے سرگوشی کی مانند نکلا تھا۔

سائیڈ ٹیبل سے پانی کا گلاس اٹھاتے اسنے جلدی سے لبوں سے لگایا۔ایک ہی گھونٹ میں ختم کرتے اسنے گہری سانسیں لیں جیسے وہ کہیں سے بھاگ کر آئی ہو۔

کچھ نہیں ہوا مہر خواب تھا۔وہ سینے پر ہاتھ رکھتے آنکھیں موندے بڑبڑائی۔

خود کو ریلیکس کرتے اسنے گھڑی پر وقت دیکھا شام کے اٹھ بج رہے تھے باہر اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔

وہ شکرانے کے نفل ادا کرتے کب گہری نیند سوئے اسے پتہ ہی نہیں چلا۔

جلدی سے فریش ہوتے وہ باہر آئی تو مرتسم کے علاوہ باقی باہر ہی بیٹھے تھے۔

شاہ ابھی تک واپس نہیں ائے۔اسنے حیرانگی سے ماہم اپیا کو دیکھتے پوچھا۔

مرتسم کسی کام سے گیا ہے کچھ دیر تک جائے گا۔پریشان مت ہو۔ماہم اپیا اسکا گال تھپکتے بولیں۔لیکن جانے کیوں اسے بے چینی سے ہونے لگی۔

لیکن وہ خاموشی سے سب کے ساتھ بیٹھ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرحا اور حازق کو کھانا کھلایا اور انہیں سلاتے خود عیشاء کی نماز پڑھنے چلی گئی۔

مرتسم کی سلامتی کی دعا مانگتے اسنے جائے نماز تہہ کر کے رکھا اور تسبیح اٹھالی۔

ابھی اسنے آدھی تسبیح کی تھی کہ اسے باہر سے کچھ عجیب سے آوازیں ائیں۔

وہ تسبیح رکھتے باہر کی طرف بڑھی۔اسنے نیچے جھانکا جہاں عجیب سا ماحول ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ نا سمجھی سے سب کو دیکھتے سیڑھیوں کی طرف بڑھی۔ابھی وہ اخری سیڑھی سے کچھ تین چار سیڑھیوں پر ہی تھی کہ اسے وجدان بھائی کی آواز سنائی دی۔

پتہ نہیں ماما لیکن جب آگ لگی تو مرتسم کو ڈیرے پر ہی دیکھا گیا تھا۔میں وہیں جارہا ہوں آپ لوگ دعا کریں سب ٹھیک ہو۔

وہ بے ساختہ لڑکھڑائی تھی لیکن آج اسے سنبھالنے کے لئیے وہ دو مضبوط بازو اسکے گرد نہیں بندھے تھے۔وہ لڑکھڑاتے نیچے گری تھی۔

کھٹکے کی آواز پر سب نے پیچھے مڑ کے دیکھا تو وہ نیچے گری بے یقینی سے وجدان بھائی کو دیکھ رہی تھی۔

مہر تم ٹھیک ہو۔کیسے گر گئی دھیان کہا تھا تیرا۔ارسل اسے اٹھاتا بولا۔

ش۔شاہ۔شاہ ک۔کہاں ہیں۔۔لبوں پر زبان پھیرتے اسنے ارسل سے پوچھا۔

بتائیں نا۔شاہ ک۔کہاں ہیں اور ما۔ما کیوں رو رہی ہیں۔وہ دھڑکتے دل سے پوچھ رہی تھی۔

بتائیں نا بھائی۔وہ چیخ پڑی۔۔

مرتسم ڈیرے پر تھا جہاں پر آگ لگی ہے۔اسکا ابھی کچھ اتا پتہ نہیں ہے۔وجدان بھائی بھاری ہوتی آواز سے بولے تھے۔

مہر کے سامنے یک دم اندھیرا چھا گیا۔اگر ارسل نے اسے تھام نا رکھا ہوتا تو وہ اب تک گر چکی ہوتی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ا۔ایسے کی۔سے نہیں ہیں۔ می۔ں د۔دیکھتی ہوں وہ و۔ہیں ہو۔نگے۔۔وہ ٹوٹ ہوتے الفاظ بول رہی تھی۔

ہاں کچھ نہیں ہوا ہے مر تسم کو وہ ٹھیک ہو گا ہم دیکھتے ہیں۔

ارسل اس سے نظریں چراتے بولا۔

وہ اسکی بات انسنی کرتے لڑکھڑاتے قدموں سے باہر کی طرف بھاگی تھی۔

مہر۔۔وجدان بھائی اور ارسل اسکے پیچھے بھاگے۔

ماما سنبھلایئے خود کو مر تسم ٹھیک ہو گا۔ماہین بھابھی انہیں تسلی دیتے بولیں۔

جبکہ وہ زورو قطار روئے جارہی تھی۔

ماہم آنسو پیتی بے چینی سے ادھر سے ادھر چکر لگانے لگی۔اسے پورا یقین تھا اسکا بھائی ٹھیک ہو گا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

مطلوبہ جگہ گاڑی پہنچتے وہ تیزی سے گاڑی سے اترتے بھاگی تھی۔

آگ بری طرح سے اس پاس پھیل چکی تھی جسے بجھانے کی ناکام کوشش کی جارہی تھی۔

اسنے غازی کو دیکھا جو کسی پولیس والے پر برس رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

پھر اسکی نظر ولی پر پڑی۔وہ آدمیوں کے شکنجے میں جکڑا آگ کی طرف اشارہ کرتا بے بسی سے چیخ رہا تھا۔

ب۔بھائی شاہ کہاہیں۔وہ تیزی سے غازی تک پہنچتی تھی۔

ارسل اور وجدان بھائی نے اسے دیکھا جو نفی میں سر ہلا گیا۔دونوں نے بے ساختہ ایک دوسرے کا سہارا لیا تھا۔

بھائی کہاں ہیں شاہ بولیئے نا۔۔وہ ایک طرف نڈھال سے بیٹھے ولی کو دیکھتے غازی کا بازو کھینچتے بولی۔۔

مہر۔وہ نہیں مل رہا۔پولیس نے بہت کوشش کی ہے ہم سب نے اسے ڈھونڈا لیکن وہ مل نہیں رہا۔

غازی کہتے خود کو رونے سے روک نا پایا۔۔

مہر نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

آپ۔اپ مزاق کر رہے ہیں نا بھائی شاہ کوئی بچے تھوڑی ہیں جو گم جائیں گے۔وہ یہیں کہیں ہونگے میں خود ڈھونڈتی ہوں۔وہ بے یقین لہجے میں کہتی ادھر ادھر اسے تلاشنے لگی۔

ارسل نے نم آنکھیں رگڑتے اس دیوانی کو دیکھا جو شاہ کی پکار کرتی پاگلوں کی طرح ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔

مہر مر تسم نہیں ہے۔وہ اس آگ کی لپیٹ میں آچکا ہے۔۔ارسل نے نم لہجے میں کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا بکواس کر رہے ہو۔ شاہ کو کچھ نہیں ہوا ہے۔اپ لوگ ایسے ہی رو رہے ہیں۔وہ اسکا ہاتھ جھٹکتی بولی۔

یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں میم۔ گاوں والوں نے آخری بار مرتسم شاہ کو اسی کمرے میں دیکھا تھا اور آپ دیکھ رہی ہیں یہاں ہر جگہ آگ پھیل چکی ہے۔ہمنے بہت کوشش کی لیکن ہمنے انکا کوئ نام ونشان تک نہیں ملا۔سوائے انکی اس واچ کے۔۔

پولیس آفیسر اسکے سامنے ایک واچ کرتا بولا۔

مہر نے جھپٹ کر اس سے وہ چھینی وہ مرتسم کی تھی وہ اچھے سے پہچانتی تھی۔

نہیں شاہ کو کچھ نہیں ہو سکتا شاہ کو کیسے۔۔

وہ نفی میں سر ہلاتے تیزی سے آگ کی طرف بھاگی تھی۔

مہر نہیں کیا کر رہی ہے پاگل ہو گئ ہے۔۔ارسل اور غازی نے بامشکل اسے پکڑا۔

ارسل وہ پولیس ولا کہہ رہا ہے شاہ وہاں اندر تھے تو وہاں ہونگے نا مجھے جانا ہے۔۔وہ اسکے حصار میں مچلتی بولی تھی۔

مرتسم اس آگ میں بھسم ہو چکا ہے اب وہاں کسے تلاشو گی تم۔۔غازی نم لہجے میں چیخا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ ایسے کیسے کہہ سکتے ہیں بھائی۔اپ میرے شاہ کے لیئے ایسے کیسے کہہ سکتے ہیں۔شاہ کو کچھ نہیں ہوا میں کہہ رہی ہوں نا۔۔وہ بے بسی سے چیخی تھی۔

مہر ہوش میں اس آگ کی لپیٹ میں مرتسم شاہ آچکا ہے۔مرتسم مرچکا ہے۔تیرا شاہ نہیں رہا اب اس دنیا میں۔۔ارسل نے اسے جھنجھوڑا۔

وہ تھم کر اسے دیکھنے لگی۔اچانک وہ بے جان سی ہوتی اسکے ہاتھوں سے ریت کی طرح پھسلتی زمین پر گر گئ۔

شاہ نہیں ہے۔شاہ مر گئے۔۔۔وہ انکے الفاظ دہراتی ازیت سے چیخی تھی۔

شاہ کیسے کر سکتے ہیں۔وہ کیسے مجھے چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔وہ کیسے مہر کو اکیلا کر سکتے ہیں۔وہ ہزیانی ہوتی چیخی تھی۔

آنسوں سے چہرہ پورا گیلا ہو چکا تھا۔

غازی نے اسے خود میں بھینچا وہ تڑپ تڑپ کر روتی بس شاہ کی فریاد کرتی جا رہی تھی۔

جو جیسے کوئ بچہ کھولنا مانگ رہا ہو۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

حویلی کے سامنے گاڑی روکتے ارسل نے چہرہ موڑتے اسے دیکھا جو رو رو کر نڈھال ہو چکی تھی۔وہ اچانک ہی چپ کر گئ تھی۔

مہر چلو۔۔ارسل نے گاڑی کا دروازہ کھولتے اسے باہر نکالا۔

وہ بے جان گڑیا کی طرح اسکے ساتھ چلتی جا رہی تھی۔

حویلی میں کہرام مچ گیا تھا۔حویلی کیا پورے گاؤں میں ماتم ہو رہا تھا۔

حویلی میں داخل ہوتے چیخ و پکار آہوں اور سسکیوں نے اسکا استقبال کیا لیکن پھر بھی اسے کوئ فرق نہیں پڑا۔وہ بس چلتی جا رہی تھی جہاں ارسل اسے لے جا رہا تھا۔

ارسل نے اسے آیت کے حوالے کیا اور خود مردوں میں چلا گیا۔۔

مہر۔ایت نے اسے بلایا لیکن وہ چپ بلکل خاموش تھی۔

میر بھائ نہیں رہے مہر۔۔آیت نے اسکا چہرہ سامنے کرتا روتے ہوئے کہا۔

اسے کوئ فرق نہیں پڑا جیسے آیت نے بٹھایا وہ بیٹھ گئ۔

ماما۔آیت نے اسکی حالت دیکھتے روحاماما جو پکارا جو خود سسکیوں سے رو رہی تھیں۔

ماما مہر کو دیکھیں نا اسے کیا ہو گیا ہے۔۔وہ خوفزدہ ہوتی چیخی۔

سب کی نظریں بے ساختہ اسکی طرف اٹھیں تھیں۔

مہر۔۔ماہم اپیا عورتوں سے خود کو چھڑواتے اسکی طرف بڑھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر میری جان مر تسم ہمیں چھوڑ کر چلا گیا۔دیکھو کیسے بیوفائی کر گیا ہے تمہارے ساتھ۔۔تم آج رو گی بھی نہیں۔وہ اسکا چہرہ سامنے کرتے بولیں۔

وہ پھر بھی چپ جیسے زندہ لاش ہو۔

ایک ایک کرتے بہت سے لوگوں سے اسے رلانے کی کوشش کی لیکن اسے کوئ فرق ہی نہیں پڑا۔

ارے اسے رلاؤ بچی کو سکتہ ہو گیا ہے۔۔ایک عورت اسکی حالت دیکھتے بولیں۔

لیکن کیسے رلائیں کتنی کوشش کی ہے وہ تو زرا سا پلک بھی نہیں جھپک رہی۔دوسری عورت منہ پر ہاتھ رکھتے بولیں۔

آیت اسے کمرے میں کے جاو۔ماہم اپیا نے اسکے حالت دیکھتے کہا۔

آیت اور زرنور اسے کمرے میں لے گئیں۔

پیچھے عورتوں کی چمگوئیاں پھر سے شروع ہو گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہ ایسے کیسے کر سکتا ہے۔ایسے کیسے جا سکتا ہے۔۔ارسل بے یقینی سے بولا تھا۔

ارسل وہ کیسے جا سکتا ہے۔وہ تو ہمارا جگر ہے نا۔کیسے ایسے ایک ہی جھٹکے میں۔مجھے ایسے لگ رہا ہے جیسے وہ ابھی ادھر سے مجھے گھورتا آئے گا۔

Posted On Kitab Nagri

اور کہے گا پورا حرامی سالا ہے۔۔

ولی ارسل کے کندھے پر سر رکھتے بولا۔انکھوں سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر بہہ رہے تھے۔

ولی وہ ہمارا جگر تھا تو جگر جیسے جدا ہو سکتا ہے یار۔مجھے یقین نہیں ہو رہا۔میرا دل نہیں مان رہا۔۔پتہ نہیں جیسے لگ رہا ہے وہ زندہ ہے۔لیکن ہماری نظروں سے اوجھل ہے۔۔

ارسل زمین کو گھورتے بول۔

اسکی بات وہاں آتے غازی نے بھی سنی تھی۔

میں ارسل کی بات سے اتفاق کرتا ہوں۔وہ سرخ آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

اگر ہاں تو پھر کیسے اور کہاں ہے وہ۔کیوں چھپ رہا ہے۔۔ولی دونوں کو دیکھتا بولا۔

تینوں نے بے ساختہ ایک دوسرے کو دیکھا اور تینوں کے چہروں پر ایک چمک سی آئی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وجدان یہ مر جائے گی کچھ کریں وجدان۔میں مرتسم کو کھو چکی ہوں اسے نہیں کھو سکتی۔خدا کے لئیے کچھ کریں۔

ماہم اپیاز مین پر بیٹھی مہر کو دیکھتے روتے ہوئے بولی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

وجدان نے بے بسی سے انہیں دیکھا۔

آج تین دن ہو گئے۔مرتسم کا واقعی کوئ پتہ نہیں چلا تھا۔سب کو اب جیسے یقین ہونے لگا تھا شائید وہ واقعی اس آگ میں جل چکا ہے۔

جبکہ مہر وہ تین دن سے یونہی تھی نا بولتی،نا روتی بس ایک جگہ کو دیکھتی رہتی۔

اسے اپنے بچوں تک کا ہوش نہیں تھا جو ماں باپ کے لیئے تین دن سے تڑپ رہے تھے۔

یہاں تک کہ ڈاکٹر اسکا چیکاپ کرتی اس سے بات کرنے کی کوشش کرتی لیکن پھر بھی کوئ فائیدہ نہیں ہوا۔

ارسل تم مہر سے بات کرونا۔

ولی تمہاری تو سنتی ہے نا اسے بولو ایسے نا کرے ہم اسے ایسے دیکھ کر مر جائیں گے۔۔

ماہم اپیا وہاں آتے ارسل اور ولی کو دیکھتے بولیں۔

آپ پریشان مت ہوں اپیا ہم دیکھتے ہیں۔۔

ولی انہیں تسلی دیتے بولا۔

وجدان بھائ انہیں وہاں سے لے گئے۔۔

ان دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا اور پھر اسے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ تین دن پہلے والے کپڑوں میں ہی تھی۔الجھے ہوئے بال، سوجھی ویران آنکھیں، پپڑی زدہ ہونٹ ۔کیا یہ مہر تھی وہی مہر جو مرتسم میر کی قریب میں کھلا ہوا گلاب ہوا کرتی تھی۔

وہ دونوں آہستہ سے آکر اسکے دائیں بائیں بیٹھ گئے۔

اسپر کوئی اثر نہیں ہوا۔وہ گود میں رکھی مرتسم کو تصویر کو دیوانہ وار دیکھے جارہی تھی۔

مہر۔ارسل نے اسے پکارا۔

تجھے پتہ ہے نامرتسم تجھ سے کتنا پیار کرتا ہے۔اگر وہ تجھے ایسی حالت میں دیکھے گا تو کیا گزرے گی اس پر کہ ہم اسکی امانت کی بھی حفاظت نہیں کر پائے۔۔ارسل اسکے ہاتھ سے مرتسم کی تصویر لیتا نرمی سے بولا۔

تو تو میری پیاری سی گڑیا ہے نا میری بات سنے گی نا۔ارسل نے اسے خود سے لگاتے دھیمے لہجے میں کہا۔

لیکن وہ ویسے ہی بیٹھی رہی۔

نہیں یہ ولی کا لاڈلہ بچہ ہے میری بات سنے گی ادھر دیکھو سنے گی نا میری بات۔۔

ولی اسے اپنے حصار میں لیتا بولا۔لیکن وہ تو پلک تک نہیں جھپک رہی تھی۔

وہ دونوں کافی دیر تک اسے سمجھاتے رہے لیکن وہ خاموشی سے انکے حصار میں بیٹھی رہی۔

مہر۔کچھ دیر بعد ولی نے اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے اسے پکارا۔

وہ آنکھیں موندے ہوئے تھی۔

Posted On Kitab Nagri

کیا یہ سو گئ۔اسنے خوشگوار حیرت سے کہا۔کیونکہ وہ تین دن سے سوئی ہی نہیں تھی۔

ارسل نے کچھ الجھ کر اسے دیکھا۔

ولی یہ سو نہیں رہی۔یہ بے ہوش ہو گئ ہے۔۔ارسل اسکی نبض چیک کرتا بولا۔

مہر۔۔ارسل نے جلدی سے اسکے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے لیکن وہ بے سدھ پڑی رہی۔

اسے اٹھاؤ ہو سپٹل لے کر چلتے ہیں جلدی کرو۔ارسل ولی کو کہتے نیچے بھاگا تھا۔۔

کیا ہوا اسے۔۔ولی کے بازو میں بے ہوش مہر کو دیکھتے غازی تیزی سے انکی جانب آیا تھا۔

سوال جواب کا وقت نہیں ہے اسے ہو سپٹل لے کر جانا ہے جلدی کرو۔۔

ولی کہتے باہر کی طرف بڑھا تھا۔

اسکے پیچھے ہی باقی سب بھی بھاگے تھے۔۔

مام۔۔حازق اسے دیکھتا چیختا اسکی جانب بھاگا تھا۔۔

حازق میری جان ماما کی طعبیت ٹھیک نہیں ہے وہ ابھی آجائیں گی۔۔

زرنور اسے اٹھاتے بولی لیکن وہ مچل رہا تھا مہر کے پاس جانے کو۔۔

اسنے بے بسی سے زہرہ کو دیکھ جو مرحا اور ایزل کو چپ کروا رہی تھی۔

وہ دونوں نہیں تھے تو پورا گھر بکھر گیا تھا۔

وہ دونوں اس گھر کی طاقت اس گھر کی جان تھے اور آج وہی دونوں سب کو بے جان کیے ہوئے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

بھاری بوجھ تلے جھکی پلکوں میں زرا سی جنبش ہوئ۔۔اسنے آنکھیں کھولنے کی کوشش کی لیکن بوجھ اس قدر تھا کہ وہ کھول نہیں پائ۔۔

اسے اپنا دائیاں ہاتھ کسی کی مضبوط گرفت میں محسوس ہوا۔

وہ لمس ہاں وہ اس لمس کو پہچانتی تھی۔اسنے بے چینی سے آنکھیں کھولنے کی کوشش کی۔

تبھی اسے اپنے پہلو پر سلگھتا سا لمس محسوس ہوا۔

اور اسنے دھیرے سے آنکھیں کھول دیں۔۔

اسے وہی سلگھتا لمس اپنی آنکھوں پر محسوس ہوا۔

شاہ۔۔۔بے آواز لب ہلے۔اور وہی لمس اسکے ادھ کھلے لبوں پر چھایا۔

جیسے جیسے وہ حرکت کر رہی تھی اسے اپنے چہرے پر جابجا وہ لمس محسوس ہو رہا تھا۔

آپکی لاپرواہی پر ہمارے بچے کو کچھ ہو جاتا تو میں آپکو کبھی معاف نہیں کرتا جانم۔۔

جان لیوا سرگوشی پر اسکی نیم وا آنکھیں پوری کھولیں۔

میر۔اپنے سامنے اسے دیکھتے وہ بے یقینی کی سی کیفیت میں بولی۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے بے ساختہ ہاتھ اٹھاتے اسکے چہرے کو چھوا۔

میر کی جان۔۔اپنے چہرے پر رکھے اسکے ہاتھ کو چومتا وہ آہستہ سے بولا۔

وہ خاموش سی اسے دیکھنے لگی۔

وہ جرگہ،وہ لڑکی وہ آگ سب پیچھے رہ گیا یاد تھا تو بس اتنا کہ وہ اسکے سامنے ہے اسکے پاس ہے۔

بے ساختہ اسکے لبوں سے ہچکی بلند ہوئ۔

اپنے مہر ماہ شاہ کو مار دینے میں کوئ کسر نہیں چھوڑی شاہ۔۔وہ سسکتے بولی تھی۔

مرتسم شاہ خود موت سے لڑتا آپ تک پہنچا ہے میری جان۔۔وہ اسے خود میں بھینچتے بولا۔۔

تین دن شاہ تین دن جانتے ہیں کیسے گزارے ہیں۔۔وہ اسکی شال جکڑتی سسکیوں سے بولی۔

تین نہیں پانچ دن میری جان۔مدھم لہجے میں کہتے مرتسم نے اسے اپنے سامنے کیا۔۔

پانچ۔مہر نے نا سمجھی سے اسے دیکھا۔

آپ دو دن سے بے ہوش تھیں۔اور سب کی جان سولی پر لٹکائ ہوئ تھی۔۔

اپنا نہیں تو میری امانت کا ہی سوچ لیا ہوتا جانم۔۔اسکے سر سے سر ٹکاتے اسکے پہلو پر انگلیاں چلاتے اسے میثم کے آنے کی خبر دی تھی۔

مہر نے تھم کر اسے دیکھا۔

ہمم۔۔اسکی بے یقین آنکھوں میں دیکھتا وہ متبسم ہوتے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپکی لاپرواہی کی وجہ سے آپکا میسکیرج ہوتے ہوتے بچا ہے مہر۔۔وہ سنجیدگی سے اسے دیکھتا بولا۔

احساس تشکر سے دونوں کی آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔

مہر نے شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھا۔

آپ کہاں چلے گئے تھے مجھے اکیلا کر کے شاہ۔وہ اسکے سینے پر سر رکھتے مدھم لہجے میں بولی۔

اور مرتسم اسے سب بتاتا چلا گیا۔

آگ لگنے سے دس منٹ پہلے وہ وہاں سے نکلا تھا۔جبکہ اسکی جگہ وہاں ساحر تھا۔خدا کا شکر تھا وہ بچ گیا تھا۔۔ساحر کو بچاتے اور تبریز شاہ کو پکڑنے کے لیے اسے تین دن تک منظر عام سے غائب رہنا پڑا۔۔

لیکن آپکی حالت دیکھتے میں خود کو اور نہیں روک پایا۔۔وہ اسکے نڈھال وجود کو دیکھتے بولا۔

ساحر کہاں ہے شاہ وہ ٹھیک ہے۔۔اسے ساحر کی فکر ستانے لگی۔۔

مرتسم نے گہری سانس چھوڑی۔آگ لگنے کے دوران ایک بھاری پلر اسکی ٹانگوں پر گرا تھا جسکے باعث اسکی ٹانگیں اب کام نہیں کر رہی۔۔وہ آہستہ سے بولا۔

شاہ اسکا کیا قصور تھا اسکے ساتھ یہ سب۔۔وہ منہ پر ہاتھ رکھتے اپنی ہچکیاں دباتے بولی۔۔

ڈونٹ وری وہ ٹھیک ہو جائے گا انشاءاللہ۔۔مرتسم نے نرمی سے کہتے اسے خود سے لگایا۔

ایسے تبریز شاہ کو پولیس کے حوالے کر دیا گیا جبکہ ساحر کو علاج کے لئیے مرتسم نے لنڈن بھجوایا تھا۔وہ خود اسکے ساتھ جانا چاہتا تھا۔لیکن ساحر کی ضد اور مہر کی حالت کی وجہ سے نہیں جا پایا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے بعد سے ان تک وہ حادثہ مہر ماہ شاہ کے لیئے نائیٹ میٹر بن چکا تھا۔ مرتسم کو کھو دینے کا جو خوف دل میں بیٹھا تھا وہ اب تک یونہی تازہ تھا۔ جسے شائید ہی وقت کے ساتھ ختم ہونا تھا۔

💞💞💞

حال:

ماضی کی تلخ یادوں کے ساتھ وہ لوگ ایک ہفتہ گاؤں میں گزارے واپس آئے تھے۔
انکے آتے ہی بچوں کی ایگزامز شروع ہوگئے اور باقی سب اپنی روزمرہ کی روٹین میں مصروف ہوگئے۔
ایسے میں وہ ایک خبر ان سب پر قیامت بن کر ٹوٹی تھی جسنے انکے خاندان کی مضبوط دیواریں ہلا کر رکھ دی تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

15 سال بعد:

Posted On Kitab Nagri

سارے ملازم ایک سائیڈ سر جھکائے کھڑے تھے۔ہر تھوڑی دیر بعد یک چور نظر سامنے کھڑے حازق میر شاہ پر بھی ڈال لیتے۔

جو چہرے پر سنجیدگی سجائے نفاست سے اپنا کام کر رہا تھا۔

بھوری آنکھوں میں سوچ کی رمق تھی۔چوڑی بے داغ پیشانی پر ہر تھوڑی دیر بعد ہلکا سا بل نمودار ہوتا۔ہلکی بئیرڈ اور اس پر عنابی ہونٹ جو بہت کم ہی مسکراتے تھے۔

وہ تھا تو مرتسم شاہ کی کاپی لیکن صرف دیکھنے میں۔

مرتسم شاہ خوش مزاج تھا وہ اتنا ہی اکھڑ مزاج تھا۔

مرتسم غصے کا تیز تھا لیکن وہ اپنے غصے پر قابو پانا جانتا تھا جبکہ حازق میر غصے کا بہت برا تھا۔اتنا برا کہ اسکا غصہ تباہی مچا دیتا تھا۔۔

نرمی اگر مرتسم کے مزاج کا حصہ تھی تو حازق میر میں وہ نرمی بہت کم پائی جاتی تھی۔

اپنے گھر کی عورتوں کے علاوہ آج تک اسنے شائید ہی کسی عورت سے مسکرا کر نرمی سے بات کی ہو۔

ایسا نہیں تھا کہ وہ بد تمیز تھا لیکن اسکا مزاج بہت سرد ہوتا تھا۔

ابھی بھی وہ چہرے پر سرد تاثرات سجائے کھانا بنانے میں مصروف تھا۔

یہ اکثر ہی ہوتا تھا۔جب سے کورٹ سے جلدی جاتا تو وہ خود کو کنگ کرتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

گھر کی عورتیں ساتھ والے گھر گئ ہوئ تھیں کیوں وہ نہیں جانتا تھا۔اسکی ماں کے سوا جو ساری رات ہوسپٹل میں ڈیوٹی کے بعد اب تک سو رہی تھی۔

اس لیے وہ سپیشل اپنی مام کے لیئے مینچورینئ بنا رہا تھا۔۔

کھانا ریڈی کرتے اسنے ایک نظر لائن میں کھڑے ملازموں کر ڈالی۔وہ کبھی بغیر وجہ کے انکے ساتھ روڈ نہیں ہوتا تھا پھر بھی وہ سب اس سے اکثر خائف ہی رہتے تھے۔وہ سر جھٹک گیا۔

کھانا لگاؤ۔۔بھاری روعب دار لہجے میں کہتے وہ وہاں سے واک آؤٹ کر گیا۔

ارادہ اوپر جا کر اپنی مام کو جگانے کا تھا۔کیونکہ وہ کافی دیر سے سو رہی تھی اور کچھ کھایا بھی نہیں تھا۔لیکن برا ہوا ابھی وہ باہر نکلا ہی تھا کہ ہی تھا کہ وہ اونچی آواز میں پھوپھو کی گردان کرتے گھر میں داخل ہوئ تھی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

حازق نے ناگواری سے آواز کی سمت دیکھا۔۔

مسٹرڈ کلر شارٹ فراق کے ساتھ بلو جینز پہنے گلے میں سٹالر ڈالا ہوا تھا۔نازک سرخ و سفید پاوں ہمیشہ کی طرح سینڈلز میں مقید تھے۔۔

لمبے چاکلیٹی بالوں کی پونی ٹیل جھلاتی وہ حازق میر کو زہر سے بھی بری لگی۔

جبکہ کھڑوس مان کو سامنے دیکھتے ایزل نے چھوٹی سی تیکھی ناک چڑھائی تھی۔ایسے کرتے وہ بہت کیوٹ لگ رہی تھی۔۔

لیکن مقابل پر کوئی فرق نہیں پڑا۔وہ سرد نظروں سے اسے گھورتا رہا۔

ایزل نے ہیزل گرین آنکھیں ادھر ادھر گھمائیں گھر میں کوئی بھی نہیں دکھ رہا تھا۔یعنی صرف یہ جن ہی گھر تھا۔گلابی لب دانتوں تلے دباتے سوچا۔۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں تمیز نہیں ہے کسی کے گھر آنے کی۔اتے ہی منہ پھاڑ کر چلانا شروع کر دیتی ہو۔وہ اسکے چہرے سے نظریں ہٹاتا سرد لہجے میں بولا۔

وہ اسکے چہرے کو بہت کم دیکھا کرتا تھا۔کیونکہ وہ چہرہ ہو بہو اسکی ماں کی کاپی تھا۔وہ ماں جس میں اسکی سانسیں بستی تھیں۔۔اس لیے وہ اسکے چہرے کو نہیں دیکھا کرتا تھا۔جبکہ ایزل کا وجود اسے اتنا ہی ناگوار گزرتا تھا۔۔

بقول حازق میر کے عجیب بچگانہ سی حرکتیں تھیں اسکی۔وہ کہیں سے بھی اسے خود سے ڈھیر سال بڑی چوبیس سالہ ڈاکٹر نہیں لگتی تھی۔

اوپر سے وہ اسکی ماں کے اتنے قریب تھی کہ حازق بس مٹھیاں بینچ کر رہ جاتا تھا۔کیونکہ اسے کچھ کہنے کا رسک نہیں لے سکتا تھا ورنہ وہ ہر بات منہ پھاڑ کر اسکی مام کو شکایتی لگاتی جس سے اسکی مام ہرٹ ہوتی بس اسی وجہ سے وہ ضبط کر جاتا تھا۔

جیسی بھی تمیز ہے تم جیسی نہیں ہے جو بات کرتے ہوئے بھی منہ سے برف کے طرح بھانپ چھوڑے۔۔وہ کہاں کم تھی۔طنزیہ لہجے میں اسکے سرد رویے کی طرف اشارہ کیا تھا۔

جو انسان جس لائق ہو اس سے ویسی ہی بات کی جاتی تھی۔اسے دیکھتے استہزائیہ انداز میں کہا۔

ایزل کا چہرہ تپ گیا۔وہ کیا کہنا چاہتا تھا کہ وہ اس لائق نہیں تھی کہ اس سے نرمی سے بات کی جائے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی کہ وہ سر جھٹک کر سیڑھیاں چڑھ گیا۔

افف یہ بدتمیز، گھمنڈی، اکڑو آئرن مین کسی دن میرے ہاتھوں سے قتل ہو جائے گا۔وہ نازک ہاتھ کی مٹھی دباتے بولی۔۔

اسے ایسے کرتے دیکھ پاس کھڑی ملازمائیں مسکراہٹ دبا گئیں۔

کیونکہ وہ ایسے کرتے مہرماہ شاہ جیسے نہیں مہرماہ ہی لگی تھی۔

یہ تو روز ہی ہوتا تھا۔حازق میر اور ایزل شاہ کی دشمنی کا بیر پورے خاندان کا بچہ بچہ یہاں تک کہ ملازم بھی جانتے تھے۔

وہ ایک دوسرے کے جانی دشمن تھے یہ کہا جائے تو کم نہیں تھا۔

ہنہ آیا بڑا میں کونسا مری جا رہی ہوں بات کرنے کے لیئے۔۔وہ سر جھٹک کر بولتی اسکے پیچھے ہی سیڑھیاں چڑھ گئ۔۔

حازق اپنے کمرے میں گیا تھا اس لیے وہ جلدی سے مہر کے کمرے میں آئ تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام و علیکم!!

مہر کا جاگتے دیکھ وہ خوشی سے نہال ہوتی اسکی طرف لپکی تھی۔

گڈ ایوننگ پھوپھو۔۔اسکو پیچھے سے ہگ کرتے محبت سے چور لہجے میں کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم سلام!! پھوپھو کا بچہ اتنی جلدی آگئ تم۔۔

مہر اسکا ماتھا چومتے بولی۔۔

یس اج میرا ڈیوٹی ٹائم اتنا ہی تھا۔۔وہ مسکرا کر بولی۔۔

مسکرانے سے اسکے گال میں گڈھے نمودار ہوئے تھے۔جبکہ نچلے ہونٹ کے دائیں طرف بنا بھورا تل بھی چمکا تھا۔

وہ بلاشبہ دیکھنے والوں کو مبہوت کر دیتی تھی۔

(ایزل نے اپنی پھوپھو کی طرح ڈاکٹری کے پیشے کو چوز کیا تھا۔وہ ایک آرمی ڈاکٹر تھی۔اپنی جاب کے لیئے اسنے اپلائے کیا ہوا تھا۔جو بہت جلد اسے مل بھی جانی تھی۔لیکن فلحال وہ مہر کے ہوسپٹل میں ہی کچھ وقت کے لیئے اپنی ٹرینینگ کر رہی تھی۔)

یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔اج ہم سارا ٹائم اکھٹے گزاریں گے۔اتنے دن بات تو فری ٹائم ملا ہے۔۔مہر اسے بیٹھے کا اشارہ کرتے اپنے بال سلجھانے لگی۔

جبکہ ایزل اسکی بات پر مسکرا کر اسے دیکھنے لگی۔۔

Posted On Kitab Nagri

جو آج بھی ویسی ہی تھی جیسی پندرہ سال پہلے۔۔ یہاں تک سمارٹ بھی اتنی ہی تھی۔اگر مرحا اور ایزل اسکے ساتھ کھڑی ہوں تو اکثر لوگ کہہ دیتے تھے آپ تینوں جڑواں ہوں۔کیونکہ ایک تو وہ دونوں تھی اسکے جیسی اوپر سے مہرماہ شاہ بھی ویسی ہی تھی۔۔

مہر تو شرمندہ ہو جاتی تھی کہ کوئی مانتا ہی نہیں تھا وہ تین جوان بچوں کی ماں ہے۔۔

یہ اتنی کوئی عجیب بات نہیں تھی آج کل کی جینریشن میں واقعی اس بات کا پتہ نہیں چلتا تھا کون ماں کون بیٹی۔اور مہرماہ شاہ پیشے سے ایک ڈاکٹر تھی اسنے اپنے آپکو فٹ ہی اتنا رکھا تھا کہ کبھی کبھار اپنے فٹ رہنے سے وہ خود بھی چڑ جاتی تھی۔۔

صرف مہر ہی کیوں زرنور، آیت اور زہرہ بھی اسکے جیسی ہی تھیں۔

ایزل سوچتے لب دبا گئی۔۔

فرق صرف اتنا تھا کہ زرنور کا وجود تھوڑا بھر گیا تھا۔جبکہ چہرے سے اج بھی لڑکی ہی لگتی تھی۔ناکہ دو جوان بچوں کی ماں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جبکہ آیت اکثر آبان کی وجہ سے بیمار رہتی تھی تو اسکے چہرے پر زردیاں سی گھلی رہتی تھیں۔وہ کافی کمزور ہو گئی تھی۔باقی اسکا حال بھی زرنور اور مہر جیسا تھا۔۔

رہی بات زہرہ کی تو بھی تھوڑی سی موٹی ہو گئی تھی چہرے پر ایک عدد چشمے کا اضافہ ہوا تھا جبکہ خوبصورتی میں زرا برابر کمی نہیں آئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

پھوپھو آپ کتنی پیاری ہیں نا۔۔وہ مبہوت سی اسے دیکھتے بولی۔

پلکوں پر مسکارا اور ہونٹوں پر لائیٹ سی لپسٹک سے ہی وہ بہت پیاری لگنے لگی تھی۔

مہر مسکرادی۔ایزل اکثر اس سے یہ بات کہتی تھی۔

تم سے کم میری جان۔چلو نیچے چلیں مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے۔۔

مہر اسکا ماتھا چومتے بولی تو وہ منہ بنا گئ۔

جانتی تھی نیچے اس کھڑوس مان سے سامنا کرنا پڑا گے۔

وہ دونوں نیچے آئیں تو وہ واقعی میں ڈائنگ پر کھانا لگاتے سرونٹس کو کچھ کہہ رہا تھا۔

حازق جانتا تھا وہ آفت اب آئ ہے تو اسکی مام اسکے ساتھ ہی نیچے آجائیں گی اس لیے وہ فریش ہوتا نیچے اگیا۔

مہر نے حیرت سے اسے دیکھا۔

آج تم اتنی جلدی اگئے۔۔وہ حیرانگی سے بولی۔کیونکہ پچھلے کافی دنوں سے وہ رات دیر سے گھر آرہا تھا۔

جی مام آج میرا جو کیس چل رہا تھا وہ ختم ہو گیا نا تو اس لیے۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے نرمی سے بولا۔

انداز بلکل اپنے باپ جیسا تھا۔۔

جبکہ اسکی نرمی پر ایزل نے سر جھٹکا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پیشے سے ایک وکیل تھا۔وکیل بننا اسکا جنون تھا۔جسے اسنے حاصل کر لیا تھا۔اور آج وہ شہر کے نامور کرائم وکیل کے نام سے جانا جاتا تھا۔ایک تو وہ کم عمری میں اس فیلڈ میں شامل ہوا تھا دوسرا اسکے ماں باپ کی شہرت کی وجہ سے وہ کچھ زیادہ ہی جلدی لوگوں کی نظروں میں آگیا تھا۔

تو کیا بنا کیس کا۔۔اپنے لیئے کھینچی گئ اسکی چیئر پر بیٹھتے مہر نے دلچسپی سے پوچھا۔

وہ پچھلے کافی ہفتوں سے اس کیس پر محنت سے کام کر رہا تھا۔

ایزل پہلے ہی چیئر کھسکھاتی بیٹھ چکی تھی۔

آپکو کیا لگتا ہے۔۔وہ متبسم ہوتے پوچھنے لگا۔۔

مجھے تو یہی لگتا ہے میر ابیٹا اگر سچ کے ساتھ تھا تو کبھی ہار نہیں سکتا۔۔

وہ پر یقین لہجے میں بولی۔

مہر کو کھانا سرو کرتے حازق کی مسکراہٹ گہری ہوئ تھی۔۔

جبکہ ایزل دونوں کی باتوں سے بے نیاز کھانا کھانے میں مصروف تھی۔جو بھی تھا حازق میر کے ہاتھ کا کھانا بہت زبردست ہوتا تھا جو کبھی کبھار ہی نصیب ہوتا۔

اور میں آپکا یہ یقین کیسے توڑ سکتا ہوں۔۔وہ نرمی سے بولا۔

مہر نے فخریہ نظروں سے اسے دیکھا۔

کیسا بنا ہے۔۔وہ اسکے کچھ نوالے کھانے کے بعد بے چینی سے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ایسا ہی تھا ماں کے معاملے میں وہ اپنی سرد مہری، اپنی سیریس لائیف ہر چیز کو پیچھے چھوڑ دیتا تھا۔

بہت زبردست۔۔مہر محبت سے اسے دیکھتے بولی۔

حازق مطمئین ہوتا خود بھی کھانے لگا۔

ایزل وہ ڈاکٹر ناصر نے تمہیں کوئ فائل دی تھی کل۔۔پانی پیتی مہر کو اچانک یاد ایا۔

جی پھوپھو دی تھی۔لیکن وہ ہوسپٹل میں رہ گئ اج۔وہ ٹشو سے منہ تپھتپھاتے بولی۔

تو تمنے مجھے کل ہی کیوں نہیں دی۔بیٹا وہ بہت امپیورٹمنٹ کیس ہے اگر جلدی ہی اسکا ٹریٹمنٹ سٹارٹ ناہوا تو شائید وہ ہمیشہ کے لیئے اپنا زہنی توازن کھو دے۔۔مہر تاسف سے اسے دیکھتے بولی۔۔

اسکی لاپرواہی پر حازق نے بھی اسے گھورا۔۔

پھوپھو میں آئ تھی کل شام کو آپکو دینے۔لیکن میر نے مجھے آپسے ملنے ہی نہیں دیا اور کہا کہ آپ تو ہوسپٹل چلی گئ ہیں۔

وہ آنکھیں پٹپٹاتے معصومیت سے بولی۔

جبکہ اسکے میر بولنے پر حازق نے غصے سے اسے گھورا۔۔

وہ واحد تھی جو پورے خاندان میں اسے میر بلاتی تھی اور اسی بات سے وہ چڑ جاتا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

حازق۔۔مہر نے خفگی سے اسے دیکھا۔۔

وہ تو کل شام گھر پہ ہی تھی۔ہوسپٹل تو وہ سات بجے گئ تھی۔

سوری مام۔اپ بابا کے ساتھ تھیں۔بابا نے منع کیا تھا کوئ ڈسٹرب نا کرے۔سو آپکو ڈسٹرب کرنا مناسب نہیں لگا۔

وہ جس قدر نارمل لہجے میں بولا تھا۔

مہر اتنی ہی تیزی سے سٹپٹائ تھی۔

جبکہ ایزل اسکی بات کا مطلب نا سمجھتے سر جھٹک گئ۔۔

کب شرم آئے گی آپکو شاہ۔اب تو آپکے بچے بھی بڑے ہو گئے ہیں۔وہ صرف سوچ کر رہ گئ۔

اچھا کوئ بات نہیں میں تمہارے کیبن سے خود ہی لے لوں گی۔۔مہر ایزل کو دیکھتے پیار سے بولی۔

جبکہ حازق اسکے یوں ایزل سے پیار جتانے پر لب بھینچ کر رہ گیا۔

وہ کسی صورت یہ برداشت نہیں کر سکتا تھا کہ اسکی موجودگی پر مہر کی توجہ بھٹکے وہ بھی اسکی جانی دشمن پر۔

پر ہائے وہ کچھ کر نہیں سکتا تھا۔اسکی جانی دشمن اسکی مام کی جان جو تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ صرف سوچ سکا کہہ کے اپنی مام کو ناراض تھوڑی کرنا تھا۔

💞💞💞

اب تو بس کر دو آبان۔اب کیا اپنی ماں کے مرنے پر آؤ گے۔۔

آیت اسکی ہمیشہ کی طرح نا آنے کی رٹ سنتی روتے ہوئے بولی تھی۔۔

لیپٹاپ کی سکرین پر چمکتی آبان کی گرے آنکھوں کی سرخی کچھ اور بڑھی تھی اپنی ماں کو روتے دیکھ۔۔

پندرہ سال گزر گئے لیکن اسنے آج تک اپنے گھر میں قدم نہیں رکھا تھا۔

اب تو وہ کوئی ٹین ایج بچہ نہیں رہا تھا۔بلکہ وہ تو ایک چوبیس سالہ سنجیدہ مرد تھا۔

ایک سفاک پولیس آفیسر۔۔وہ کراچی میں رہائش پزیر تھا۔

پچھلے سات سال سے وہ کسی سے نہیں ملا تھا۔

آپ روئیں مت ماما۔ٹھیک ہے میں کوشش کرتا ہوں اگر میرا ٹرانسفر اسلا آباد ہو جائے۔۔چہرے پر جتنی سنجیدگی تھی آواز میں اتنی ہی نرمی۔۔

واقعی تم سچ کہہ رہے ہو۔آیت امید کی نئی کرن کے ساتھ خوشی سے بولی۔کم از کم اسنے کہا تو سہی۔اگر کہا ہے تو وہ اپنا کہا پورا کرے گا۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی ماما بلکل سچ۔ لیکن آپ وعدہ کریں روئیں گی نہیں اور اپنا خیال رکھیں گی۔مجھے اپنی ماما ویسی ہی چاہیئے جیسی چھوڑ کر گیا تھا۔وہ خفگی سے بولا۔۔

آیت ہس دی۔ ہاں میری جان تم واپس آجاو میں وعدہ کرتی ہوں جو کہو گے وہی ہو گا۔بس ایک بار واپس آجاو۔۔وہ ہستے ہوئے رو دی اور روتے ہوئے ہس دی۔۔

کافی دیر تک اس سے بات کرنے کے بعد وہ یہ خوشخبری سنانے نیچے بھاگی تھی۔۔

جبکہ لیپٹاپ بند کرتے ہی آبان کا چہرہ سپاٹ ہوا تھا۔

وہ گھر جہاں سے صرف اس ایک لڑکی کی وجہ سے اسے در بدر کیا گیا تھا۔وہاں جانا اس کے لیئے کسی ازیت سے کم نہیں تھا۔

لیکن وہ اپنی ماں کو اب یوں روتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا۔۔

تیار ہو جاؤ زمل شاہ تمہاری بربادی آرہی ہے۔۔وہ گرے آنکھوں میں سرخی لیے بڑبڑایا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ارسل،نور،بھائی کہاں ہیں آپ سب۔۔وہ سیڑھیاں اترتے اونچی آواز میں بول رہی تھی۔

جبکہ اسکی بات سنتے سب حیرت سے آپ کام چھوڑتے لاؤنج میں آئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

سالوں بعد اسکے چہرے کی پرانی چمک دیکھتے سب حیران ہوئے تھے۔۔

آیت کیا ہوا۔۔ارسل اسکے چہرے کی مسکراہٹ دیکھتا بولا۔۔

ارسل آبان۔ابان واپس آرہا ہے۔۔وہ خوشی سے چیخی۔۔

ارسل ساکت ہوا تھا۔۔

باقی سب کے چہروں پر بھی خوشی کی لہر دوڑ گئ۔

و۔واقعی میں ابان۔۔ارسل لڑکھڑاتے لہجے میں بولا۔۔

اسکا بیٹا آخر کو پندرہ سال بعد واپس آرہا ہے۔۔سات سال بعد وہ اپنے بیٹے سے ملے گا۔۔

اسکی آنکھیں بے ساختہ نم ہوئ تھیں۔شکر الحمدللہ۔بے ساختہ منہ سے نکلا تھا۔

خدا کا شکر ہے۔۔ابان نے بھی دوبارہ گھر لوٹنے کا سوچا۔۔زہرہ احساس تشکر سے بولی تھی۔

ورنہ اب تک تو وہ بس گلٹ میں جی رہی تھی کہ زمل کی وجہ سے ایک ماں سے اسکا بیٹا الگ ہو گیا۔جبکہ آیت یا ارسل نے کبھی اس بات کا احساس نہیں ہونے دیا تھا اسے۔۔

او۔ایم۔جی چھوٹی ماما اپنے تو دھماکے دار نیوز سنائ ہے۔۔انیس سالہ زیان آیت کو گلے لگاتا خوشی سے چیخا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

آئی ایم سوہیپی ماما فائینلی بھائی گھر واپس آرہے ہیں۔۔زیان کے ساتھ ہی انیس سالہ اسکا بیسٹ گفرینڈ ارحم،

آبان کا چھوٹا بھائی آیت سے چپکا تھا۔۔

بس کرو تم دونوں تو اسکا قیمہ ہی بنادو گے۔۔زرنور دونوں کو آیت سے الگ کرتی بولی۔

بہت مبارک ہو ایت۔فائنلی اس گھر کا بڑا بیٹا لوٹ رہا ہے۔۔زرنور اسے گلے لگاتے بولی۔۔

میں بہت خوش ہوں زرنور۔مجھے بہت ساری تیاریاں کرنی ہے۔میرا بیٹا اتنے سالوں بعد آرہا ہے۔۔وہ خوشی سے بڑبڑا رہی تھی۔۔

آیت گڑیا وہ کوئی بچہ نہیں ایک پولیس آفیسر آرہا تھا۔اس لیے تیاریاں بھی اسی حساب سے کرنا۔۔غازی اسکی باتیں سنتا خوشگوار لہجے میں بولا تھا۔

کس چیز کی تیاریاں کرنی ہیں۔ولی اندر آتا حیرت سے بولا۔۔

بابا آبان بھائی واپس آرہے ہیں۔۔ارحم اسے دیکھتے چہک کر بولا۔

ولی نے سرعت سے مڑتے آیت کو دیکھا جو بھیگی آنکھوں سے ہس رہی تھی۔

یہ تو بہت خوشی کی بات ہے۔وہ کافی دیر بعد کچھ کہنے کے قابل ہوا تھا۔

ہر کوئی اسکے آنے پر خوش تھا۔۔خوشی جیسے انگ انگ سے پھوٹ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ ان سب سے دور کچن کے دروازے پر کھڑی بائیس سالہ زمل کچھ ڈر اور خوف سے سب کو دیکھ رہی تھی۔۔

کیا وہ سچ میں آرہا ہے۔۔وہ خود سے بڑبڑائی۔۔

بے ساختہ اپنے ماتھے پر بنے سٹچیز کے نشان کو چھوا۔۔

جبکہ اسکی حالت دیکھتے اسکے پیچھے کھڑی ہانم اور رمشا تاسف سے اسے دیکھ کر رہ گئ جو آج بھی آبان کے نام پر زرد پڑ جاتی تھی۔۔

کسی کے دیکھنے سے پہلے وہ دونوں اسے کھینچ کر وہاں سے لے گئ۔۔

💞💞💞

میثم۔۔میثم۔۔میثم پورے گروانڈ میں اسکے نام کا شور تھا۔۔

وہ اپنے نام کی پکار پر لبوں پر گہری مسکراہٹ سجائے سرمئ آنکھوں میں فتح کی چمک لیے مقابل کو دیکھ رہا تھا۔۔

وہ اس وقت جینز پر بلیک ویسٹ میں تھا۔جو اسکے سینے سے چپکی ہوئی تھی۔جبکہ شرٹ اسنے کھیلنے سے پہلے اتار دی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ فٹ بال کا چیمپئین تھا۔کوئ نہیں تھا جو آج تک اسے ہرا سکا تھا۔

اور آج بھی وہی ہوا۔ہمیشہ کی طرح وہی جیتا تھا۔۔

گہری مسکراہٹ لبوں پر سجائے اسنے ایک نظر پورے کالج میں دوڑائ تو ایک جگہ نظر ٹھہر گئ۔۔

سیاہ آنکھیں خفگی سے اسے تکتی اسکے دیکھنے پر اپنا نظارہ بدل گئیں۔

اسنے ائیں رو اچکاتے اپنی غلطی سمجھنے کی کوشش کی۔اج اسنے کیا کر دیا۔۔

تبھی اسکی نظر اپنی شرٹ پر گئ جو اسنے اپنے دوست کو دی تھی لیکن اب وہ کسی لڑکی کے ہاتھ میں تھی۔

اوہو تو یہ وجہ ہے۔۔نچلہ لب دباتے سوچا۔۔

فٹبال پھینکتے اسنے تیزی سے لڑکی کے ہاتھ سے شرٹ کھینچی اور اسکے پیچھے بھاگا جو اب خفگی سے وہاں سے جا رہی تھی۔

لڑکیوں نے مڑ کر دور تک اسے دیکھا تھا۔سب جانتے تھے وہ کس کے پیچھے بھاگ رہا تھا۔

میسم شاہ صرف ایک ہی لڑکی کے پیچھے تو بھاگتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اینارہ ولی احمد۔۔

کہنے کو تو وہ دونوں بیسٹ فرینڈز تھے۔۔

لیکن نا تو وہ اس پر یا اسکی چیزوں پر کسی دوسری لڑکی کی نظر برداشت کرتی تھی اور نا ہی میسم شاہ کسی لڑکے کو اسکے قریب رہنے دیتا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

دونوں کا کہنا تھا کہ دو دونوں ایک دوسرے کے بیسٹ فرینڈ ہیں تو کسی اور کی کیا ضرورت ہے۔۔

وہ دونوں واحد تھے پورے خاندان میں جو لڑتے نہیں تھے۔۔

وہ اسے "اینی" بلاتا تھا تو اسے "ثم"۔ کسی اور کو یہ اجازت نہیں تھی کہ اس نام سے انہیں کوئی اور پکار سکے۔۔

اینی۔۔اینی لسٹن۔۔وہ اسکے بھاگتا اسے پکار رہا تھا۔

لیکن وہ نظر انداز کرتی گراؤنڈ میں آکر بیٹھ چکی تھی۔

آج میثم کا میچ تھا اس لیے وہ دونوں سکینڈ ٹائم بھی یونی میں ہی رکے ہوئے تھے۔

اینی یار بات تو سنتی۔۔وہ اسکے مقابل بیٹھتا ہانپتا ہوا بولا۔

ایناره نے خفگی سے اسے دیکھتے پانی کی بوتل اسے پکڑا دی۔۔

وہ مسکراتا اسکے ہاتھ سے پانی لیٹ ایک ہی سانس میں پی گیا۔۔

آرام سے پیتے ہیں۔نروٹھے پن سے کہا۔۔

ناراض کیوں ہو۔اور وہاں سے کیوں آگئی۔۔وہ بوٹل اسے واپس دیتا بولا۔۔

مجھے نہیں لگا کہ میری ضرورت ہو گی۔ویسے بھی تمہیں چیراپ کرنے کے لیئے بہت سے لوگ تھے وہاں۔۔وہ خفگی سے بولتی اسے اتنی کیوٹ لگی کہ وہ بے ساختہ اسکے گال کھینچ گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہے۔۔ اینارہ نے اسے گھورا۔۔

یار اینی مینے نہیں دی تھی پتہ نہیں کیسے اسکے پاس میری شرٹ چلی گئ۔۔وہ بے چارگی سے بولا۔

پہلے تو یہ بات تم کہ شرٹ لیس ہو کر کھیلنے کی ضرورت ہی کیا ہے اگر اتنا ہی تمہیں چھبتی ہے تو ٹی شرٹ پہن کر آیا کرو۔۔وہ اسکی شرٹ کے بٹن لگاتے روعب سے بولی۔

اوکے جی جیسا آپکا حکم۔۔وہ سر خم کو تا بولا تو وہ کھکھلا دی۔۔

اسے ہستے دیکھ وہ بھی ہس دیا۔۔

چلو چلیں آج تو بہت لیٹ ہو گیا ہے۔۔وہ اسکا بیگ اٹھاتا بولا تو سر ہلاتی اسکے ساتھ چل دی۔۔

💞💞💞

بس بھی کرو زمل تم تو ایسے رو رہی ہو جیسے وہ تمہاری برات لے کر آرہا ہے۔۔

اسکے مسلسل رونے سے تنگ آتے ہانم نے چڑ کر کہا تھا۔

وہ پچھلے آدھے گھنٹے سے رو رہی تھی۔

اللہ نا کرے آپی۔۔وہ گہری کالی آنکھوں میں خوف لیے بولی تھی۔۔

اسکا انداز ایسا سہما ہوا تھا کہ ہانم اور رمشاء نے بامشکل مسکراہٹ دبائی تھی۔

تمہیں بہت ہسی آرہی ہے۔۔ وہ رمشاء کو گھور کر بولی۔ وہ وہ اس سے ایک سال چھوٹی تھی لیکن وہ دونوں بیسٹ فرینڈز تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مینے کیا کیا ہے۔تم فالتو میں آنسو بہا رہی ہو۔۔وہ خفگی سے بولی۔

زمل رمشاء ٹھیک کہہ رہی ہے تم ایسے ہی رو رہی ہو۔ہم مانتے ہیں آبان سے بچپن میں ایک غلطی ہوئی تھی جسکی سزا اسے بہت بڑی ملی ہے۔تمہارے ڈر کی وجہ سے وہ اتنے سال سب سے دور رہا ہے۔

کیا تم ولی چاچو اور زہرہ چاچی سے دور رہ لیتی اتنے سال۔۔ہانم سنجیدگی سے بولی۔

زمل نے تڑپ کر اسے دیکھا۔

ایسے مت دیکھو ہانم آپی بلکل ٹھیک کہہ رہی ہیں۔

رمشاء اسکی بھیگی آنکھیں دیکھتی بولی۔۔

وہ خاموش ہو گئی۔

آبان بھائی کا بھی حق ہے اپنے ماں باپ کے ساتھ رہنا۔کتنا کچھ مس کیا ہے انہوں نے اپنی ہر برتھ ڈے، ہر سپیشل ڈے، اپنے کریئر کا سٹارٹ یہاں تک کہ جب انکا جاب کا پہلا دن تھا تب بھی انکے پیرینٹس انکے ساتھ نہیں تھے وجہ کون تھی۔صرف تم۔تمہارا ڈر۔رمشاء بہت نرمی سے اسے سمجھا رہی تھی۔۔

وہ سر جھکا گئی۔۔

یہاں کیوں بیٹھی ہوئی ہو تم لوگ باہر آؤ دیکھو کتنی تیاریاں ہو رہی ہیں آبان بھائی کے آنے کی۔۔زیان اور ارحم انکے کمرے میں جھانکتے اندر آئے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہاں تو سیلاب آیا ہوا ہے۔زمل کی سوجھی آنکھیں دیکھ وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھتے تاسف سے بولے۔

چپ کرو تم دونوں۔رمشاء نے دونوں کو گھورا۔

سوری آپی ہم تو بس یہ کہنے آئے تھے کہ آج شاہ ولا جانا ہے ماما نے نیچے بلایا ہے۔مرتسم ماموں نے کل کہا تھا نا کہ آج رات ہم سب شاہ ولا انوائیٹڈ ہیں۔۔وہ دونوں جلدی سے سیدھے ہوتے بولے۔ (یہاں سب بچے مہر کو پھوپھو اور مرتسم کو ماموں کہتے تھے۔پھوپھو کے شوہر کو اکثر جگہوں پر ماموں ہی کہا جاتا ہے۔)

تم لوگ چلو آرہے ہیں ہم لوگ۔ہانم نے کہا تو وہ دونوں سر ہلاتے باہر چلے گئے۔

چلو اب اٹھو جلدی سے منہ دھو کے اوورنہ تمہیں ایسے دیکھ ارسل چاچو آبان کو پھر سے آنے کے لیئے منع نا کر دیں۔ایسے سب کا دل ٹوٹ جائے گا۔۔

ہانم نے کہا تو وہ خاموشی سے فریش ہونے چلی گئی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

میٹینگ روم میں اس وقت خاموشی چھائی ہوئی تھی۔جب ہیل کی ٹک ٹک سے انہوں نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا تھا۔

ٹی پنک کلر کی لانگ فراق کے ساتھ بلو جینز میں کوئ صنف نازک اندر آئ تھی۔۔

نازک گلابی پاؤں ہیلز میں مقید تھے۔

چاکلیٹی بال کا خوبصورت سا ہیئر سٹائل بنائے نیچے سے لوز کلرز کر کے کھلے چھوڑے ہوئے تھے جو اسکی کمر تک آتے تھے۔

کچھ آوارہ لٹیں گلابی چہرے پر جھول رہی تھیں۔

جبکہ ڈوپٹہ ترتتب سے کندھے پر رکھا ہوا تھا۔

وہ سامنے دیکھنے والوں کو مبہوت کر گئ تھی۔

اسنے سر اٹھاتے سامنے بیٹھے کلائینٹس کو دیکھا اور اعتماد سے چلتی انکے سامنے بیٹھی۔۔

زہانیت سے چمکتی بھرپور بھوری آنکھوں میں سنجیدگی لیے اسنے میٹینگ شروع کرنے کا اشارہ کیا۔

عنابی لبوں پر مخروطی انگلی سجائے وہ ٹانگ پر ٹانگ چڑھا کر بیٹھتے سامنے والے کی پریزینٹیشن دھیان سے دیکھنے لگی۔

جبکہ اسکے سامنے بیٹھے آدمی کی نظریں مستقل اس پر تھی۔

وہ پری وش تھی ہی اتنی خوبصورت کہ دیکھنے والا بے ساختہ اسے ہی دیکھتا رہ جاتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

گلابی رنگت اس پر بھوری آنکھیں اور مڑی ہوئی گھنی پلکیں۔ چمکتی ہوئی تیکھی ناک جسمیں ہمہ وقت ہیرے کی لونگ چمکتی تھی۔ عنابی لب اور نچلے ہونٹ کے دائیں طرف چمکتا سیاہ تل۔ کیا کوئی کہہ سکتا تھا کہ سامنے بیٹھی لڑکی مہر ماہ مرتسم شاہ نہیں۔ مرحامر تسم شاہ تھی انکی بیٹی۔

وہ اپنی ماں کی پرچھائی تھی۔ نقوش سے لے کر بولنے، چلنے کا سٹائل اعتماد ہر چیز اسکی ماں جیسا ہی تو تھا۔ اسکی ماں اگر ڈاکٹر تھی تو وہ بزنس وومن تھی۔ جس میں اپنے باپ کے بزنس کو آگے بڑھانے کا جنون تھا۔

مسٹر لیو آئی تھنک آپکو اس پروجیکٹ سے زیادہ مجھ میں انٹرسٹ ہے۔۔ بھوری آنکھیں سامنے بیٹھے آدمی کی طرف موڑتی وہ سنجیدگی سے بولی تو وہ سٹپٹا گیا۔

آپکو دیکھ کر لگتا ہے کہ شائید کبھی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی۔

میرے خیال میں آپکو اپنی وائف پر فوکس کرنا چاہئیے وہ یقیناً مجھ سے زیادہ خوبصورت ہونگی اگر اپنے کبھی باہر کی لڑکیوں سے نظریں ہٹا کر انہیں دیکھا ہو تو۔

سامنے بیٹھا آدمی اسکے باپ کی عمر کا تھا لیکن تھا ایک نمبر کا ٹھرکی جسے ٹھیک کرنا اسے خوب آتا تھا۔

سو پلیز لیو میرا کوئی ارادہ نہیں اس کمپنی سے یہ ڈیل کرنے کا جسے کمپنی سے زیادہ کمپنی کی اونر میں انٹرسٹ ہو۔۔

وہ سرد لہجے میں کہتی اپنے سیکٹری کو شارہ کرتی وہاں سے چلی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ وہ ہقابقا اسکے ایٹیٹیود کو دیکھ کر رہ گئے۔

انہوں نے سن رکھا تھا کہ مرتسم شاہ کی بیٹی انکے بزنس میں شامل ہو چکی ہے لیکن انہیں یہ نہیں پتا تھا کہ وہ اسمیں اس قدر اعتماد ہو گا۔۔

وہ اپنی حرکت پر افسوس کرتے ڈیل ہاتھ سے جانے پر تلملا کر رہ گئے۔۔

💞💞💞

ہمیشہ کی طرح آج رات بھی وہ لوگ ویکینڈ پر شاہ ولا جمع تھے۔۔

جہاں باربی کیو کا پلان تھا۔۔

کھلے لان میں نیچے زمین پر موٹے گدے بچھا کر اور اسپر سہارے کے لیئے نرم پلور رکھے ہوئے تھے۔

سب سے پہلے درمیان میں عالم بابا اور رضوانہ ماما بیٹھی کوئ تھیں۔انکے پاس میں چودہ سالہ ابراہیم بیٹھا ہوا تھا۔(وشہ اور عادی کا بیٹا)

روحاماما کی طعبیت ٹھیک نہیں تھی اس لیے وہ دوا کر لے اس وقت آرام کر رہی تھیں۔

(پندرہ سال پہلے جس دن وہ لوگ حویلی سے واپس آئے تھے اسکے کچھ مہینے بعد ہی قاسم شاہ، اہانہ شاہ، حسن بابا اور عائشہ ماماوہ لوگ عمرے کے لیئے گئے تھے۔چونکہ اس سے پچھلے سال ہی عالم شاہ انکی بیوی اور روحاماما گئے تھے اس لیے وہ لوگ اس سال نہیں گئے۔یا شائید قسمت نے نہیں جانے دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ عمرے سے واپسی پر ایک پلین کریش پہ وہ چارو اپنی جان سے گئے تھے اور یہ خبر شاہ والا کے لوگوں پر قیامت بن کر ٹوٹی تھی۔جسنے انکے خاندان کی مضبوط دیواریں ہلا دی تھیں۔

لیکن آخر ہونی کو کون ٹال سکتا تھا۔وقت نے انکے زخموں پر مرہم رکھا اور گزرے وقت کے ساتھ انکے زخم بھرتے چلے گئے۔۔)

عالم بابا کے ساتھ مرتسم اور اسکے ساتھ مہر بیٹھی تھی۔جبکہ انکے بلکل سامنے وجدان بھائ اور ماہم اپیا بیٹھے ہوئے تھے۔

ماہم اپیا کے ساتھ آیت اور پھر ارسل بیٹھا تھا۔

جبکہ انکے سامنے ولی اور زہرہ بیٹھے تھے۔زہرہ کے ساتھ زرنور اور پھر غازی بیٹھا ہوا تھا اور انکے سامنے زین اور دانین بیٹھے ہوئے تھے۔

زین کے ساتھ ہی عادی اور وشہ بیٹھے تھے۔۔

جبکہ انکے سامنے ہی بچوں کے لیئے الگ سے گدے بچھائے ہوئے تھے۔۔

جہاں پر سب سے پہلے حازق اور اسکے ساتھ عاشر بیٹھا ہوا تھا۔۔وہ دونوں حازق کے کیس کو ڈسکس کر رہے تھے۔۔

اور انکے سامنے ایزل اور مرحا بیٹھی تھیں جو حسب معمول زور و شور سے باتوں میں مصروف تھیں۔

اور انکے ساتھ ہی زیان، ارحم اور براق بیٹھے تھے۔جو فون پر کچھ دیکھنے میں مصروف تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ انکے سامنے ایمارہ اور میسم بیٹھے تھے۔ہمیشہ کی طرح ایمارہ زور و شور سے بول رہی تھی اور میثم ببل چباتے غور سے اسے سن رہا تھا۔

جبکہ انکے ساتھ ہی زمل اور رمشاء بیٹھی تھیں۔زمل کا چہرہ اترا ہوا تھا جبکہ رمشاء آہستہ سے بولتی اسے کچھ سمجھا رہی تھی۔

انکے سامنے ہانم اور ہانیہ بیٹھی تھیں۔

انکے ساتھ ہی انیس سالہ دور فشاں اور اس سے تین سال چھوٹی پریشے (عادی اور وشہ کی بیٹی) اور اسی کا ہم عمر کاشان (ماہم اپیا اور وجدان بھائ کا بیٹا) بیٹھے ہوئے تھے۔۔

💞💞💞

اسلام و علیکم!!انجانی آواز پر سب بچوں نے چونک کر سامنے دیکھا تھا۔

وعلیکم السلام!!کافی دیر ہو گئ۔مرتسم احان شاہ سے ملتا بولا۔

کیسی ہو گڑیا۔زارا کے سر پہ ہاتھ رکھتے مسکراتے پوچھا۔

میں بلکل ٹھیک ہوں بھائ آپ کیسے ہیں۔کافہ عرصہ ہو گیا اب تو ملے ہوئے۔۔زارا چہک کر بولی۔

تو مرتسم نرمی سے مسکرا دیا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر اس سے ملنے لگی تو احان شاہ بھی باقی سب سے ملنے لگے۔

دونوں کی شخصیت میں کافی بدلاو آیا تھا۔

زارا میں زیادہ نہیں تھا جبکہ احان شاہ میں اچھا خاصہ بدلاو تھا۔

سب سے ملتے وہ انکے ساتھ ہی بیٹھ گئے۔

یہ میرے کافی پرانے بزنس پاٹنر اور دوست بھی ہیں۔مرتسم بچوں کی سوالیہ نگاہوں کو دیکھتا بولا۔

اور یہ انکا بیٹا ہے داؤد آہان شاہ۔حال میں ہی انکے ساتھ ہمارا ایک نیا پروجیکٹ سائین ہوا ہے۔

ارسل سامنے کھڑے سنجیدہ سے لڑکے کو دیکھتے بولا۔

سرخ و سفید رنگت پر سیاہ گہری آنکھوں اس پر تضاد چہرے پر چھائی سنجیدگی اسے کچھ منفرد سا بنا رہی تھی۔

داؤد کی نظریں ہانیہ کے ساتھ بیٹھی ہانم پر تھیں۔

وہ تیز تیز بولتی اسی کوئی سٹوری سنا رہی تھی۔

اپنے نام پر اسنے چونک کر ارسل کو دیکھا اور نرمی سے مسکرا دیا۔

یہ آپکی بیٹیا ہیں۔۔دادو کے ساتھ کھڑی دو لڑکیوں کو دیکھتے مہر نے چونک کر کہا۔۔

ہاں یہ میری بڑی بیٹی روشانے۔وہ بیس سالہ روشانے کا ہاتھ پکڑتی سامنے کرتی بولی۔وہ داؤد سے سات سال چھوٹی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

داؤد کی پیدائش کے کافی عرصے تک انہیں کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی۔

پھر سالوں بعد روشانے کی آمد نے انکی زندگی میں پھر سے رنگ بھر دیئے تھے۔۔

وہ سانولی سی رنگت والی بااعتماد لڑکی تھی جو سامنے والے کو اپنی صلاحیتوں سے حیران کر دیتی تھی۔

اور یہ میری چھوٹی بیٹی نورالعین۔۔روشانے سے چار سال چھوٹی نورالعین کو بھی آگے کیا۔

روشانے کے مقابلے میں نورالعین کافی سہمی سی تھی۔

وہ اتنے سارے لوگوں کو دیکھتے زارا کا ہاتھ چھوڑتی داؤد کے کندھے میں چہرہ چھپا گئی۔

ریلیکس گڑیا۔۔اسے ڈرتے دیکھ داؤد نے نرمی سے اسے اپنے حصار میں لیا۔

اسکے سامنے آنے پر زیان اور ارحم کے ساتھ بیٹھے براق نے چونک کر اس گلابی گڑیا سی لڑکی کو دیکھا۔

بچوں کی طرح دو پونیا بنائے وہ سہمی نگاہوں سے سب کو دیکھتی کسی اور ہی جہان کی مخلوق لگی اسے۔۔

کیا ہوا بچی کو طعبیت تو ٹھیک ہے نا۔۔ رضوانہ ماما اسکے یوں ڈرنے پر حیرانگی سے بولی۔

جبکہ ساری ینگ جنریشن بھی حیران پریشان سی اسے دیکھ رہی تھی۔۔

ایم سوری وہ زیادہ لوگوں کو دیکھ کر ایسے ہی گھبرا جاتی ہے۔۔ احان شاہ اسے اپنے حصار میں لیتے بولے۔

جواب رونے لگی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

نور میری گڑیا کیا ہوا۔یہ لوگ کچھ نہیں کہہ رہے آپکو۔۔وہ اسے بہلانے لگے۔

باباوہ مجھے گھور رہا ہے۔۔وہ اہان شاہ کی شرٹ سے ناک رگڑتے سوں سوں کرتے بولی۔

کون کون گھور رہے میرے بیٹے کو۔۔

ابکی بار داؤد نے اسے اپنے بازوں میں لیتے پیار سے پوچھا۔

وہ لمبی مونچھوں والا انکل۔۔وہ براق کی طرف اشارہ کرتے معصومیت سے بولی۔۔

اسکے بولنے پر سب کو اندازہ ہوا اسکا ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہے۔۔

براق جسنے شوق سے اپنی گھنی مونچھیں اور داڑھی رکھی تھی اپنے بارے میں ایسے انکل سنتے وہ حق دق رہ گیا۔

وہ جان ہی نہیں پایا کب سے وہ اس پر اپنی گہری نظریں ٹکائے ہوئے تھا۔۔

جبکہ اسکے ایسے کہنے پر سب نے بامشکل مسکراہٹ دبائی تھی۔

اچھا سوری اب نہیں دیکھے گا وہ اپکو۔۔دانین اپنے بیٹے کو گھورتے پیار سے اس سے بولی۔

پولیس آنٹی۔۔وہ دانین کو دیکھتے خوشی سے چیخی۔۔

جبکہ اپنے لیے آنٹی سننے پر دانین نے صدمے سے اسے دیکھا۔

بابا یہ پولیس آنٹی۔وہی جوٹی۔وی پر آتی ہے۔ببل کھاتی ہے اور پسٹل بھی چلاتی ہے۔۔وہ دانین کو دیکھتے خوشی سے بول رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے دانین کو اکثر ٹی۔وی انٹرویوز میں دیکھا تھا۔کیونکہ وہ انکاونٹر کے معاملے میں کافی فیمس تھی۔

جی بیٹا یہ وہی ہیں۔اہان شاہ نرمی سے بولے۔

کیا میں آپکو ہاتھ لگالوں۔وہ بچوں کی سی معصومیت سے بولی۔

دانین نے اثبات میں سر ہلایا تو وہ اپنی انگلی سے اسکے بازو اور چہرہ چھونے لگی۔۔

اوکے بے بی بس ہو گیا۔چلو اب بیٹھتے ہیں سبکے ساتھ۔۔

روشانے اسکا ہاتھ پکڑتے بولی تو وہ سر ہلا گئ۔

جس سے اسکی دو پونیاں جھولی تھیں۔

آپ ہمارے ساتھ آجاؤ۔۔ پریشے اور کاشان نے اسے کہا تو وہ بچوں کو دیکھتی خوش ہوتی انکے ساتھ کھیلنے لگی۔۔

داؤد بھائ کیا ہوا نور العین کو۔۔آیت دکھ سے اسے دیکھتی بولی۔

بچپن نے سیڑھیوں سے گرنے کی وجہ سے وہ آج اٹھارہ سال کی ہو کر بھی آٹھ سال کی بچی ہے۔زرانم لہجے میں بولی۔

تو کیا آپ لوگوں نے کسی ڈاکٹر کو نہیں دکھایا۔

مہر نے حیرانگی سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

دکھایا کافی ڈاکٹرز کو لیکن یہ کسی کو پاس نہیں آنے دیتی۔نا ہی کوئی میڈیسن لیتی ہے۔دادو کی گھمبیر بھاری آواز گونجی تھی۔

آہان سر اگر آپ چاہیں تو کیا میں نور کا کیس دیکھ لوں۔۔مہر کچھ سوچ کر بولی۔

ہاں مہر بھی تو دماغ کی ہی ڈاکٹر ہے۔ولی آہان کو دیکھتے بولا۔

آہان شاہ نے زارا کی طرف دیکھا جسنے ہاں میں سر ہلایا تو وہ بھی ہاں کہہ گئے۔

لیکن فلحال تو ہم لوگ یہاں ڈنر کے لیئے جمع ہیں نور بھی خوش ہے۔ابھی کے لیئے نو مور سیڈ نیس۔۔ایزل سبکے اداس چہرے دیکھتے چہک کر بولی تو سب مسکرا دیئے۔

داؤد اب حازق اور عاشر کے ساتھ بیٹھ گیا اور روشانے ایزل لوگوں کے ساتھ بیٹھ گئ۔

کچھ دیر بعد سب نے ڈنر کیا اور انکے بہت اسرار پر وہ لوگ آج رات یہیں رک گئے۔۔

مرتسم بھائ اصل میں ہم لوگ آج یہاں کسی خاص مقصد سے آئے تھے۔۔

زارا گلا کھنکھار کر بولی۔

اسکے بولنے پر بچے بھی خاموش ہوتے اسکی طرف دیکھنے لگے۔

ہم لوگ آپسے کچھ مانگنے آئے ہیں اس امید کے ساتھ کے آپ ہمیں منع نہیں کریں گے۔۔وہ وجدان بھائ کو دیکھتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایسا بھی کیا مانگنا ہے۔اپ بولئے اگر ہمارے بس میں ہوا تو ضرور دیں گے۔۔پہلے حیرانگی اور پھر یقین سے کہتے ماہم نے اسے دیکھا۔

ہم لوگ اپنے بیٹے داؤد کے لیئے آپکی بیٹی ہانم کا ہاتھ مانگنے آئے ہیں۔

آہان کی آواز نے ماحول پر خاموشی طاری کر دی۔

سب لوگ خاموش ہوتے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔

صرف ہاتھ۔۔سنجیدہ ماحول میں ایزل کی صدمے بھری آواز گونجی تھی۔

سب نے چونک کر اسے دیکھا جبکہ حازق نے ناگواری سے۔۔

نہیں پوری کی پوری ہانم۔۔زارا نے مسکرا کر کہا۔۔

جبکہ ہانیہ کے ساتھ بیٹھی ہانم سرخ ہوتی چہرہ جھکا گئ۔۔

یہ ہماری ہی نہیں داؤد کی بھی خواہش ہے اور ہم اسکی پسند پر خوش ہیں۔زارا انکے تاثرات دیکھتے بولی۔

داؤد نے نامحسوس انداز میں ہانم کو دیکھا جو سر جھکائے انگلیاں چٹخا رہی تھی۔۔

یہ تو بہت خوشی کی بات ہے۔عالم بابا مسکرا کر بولے۔۔

لیکن داؤد نے تو آج پہلی بار ہانم کو دیکھا ہے تو پھر۔۔ولی نے الجھی نگاہوں سے انہیں دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں بھائی۔ مرتسم بھائی نے کہا تو ہے کہ کچھ ماہ پہلے ہی انکا کانٹریکٹ سائین ہوا ہے داؤد کے ساتھ۔ وہ ایک دو بار یہاں چکر لگا چکا ہے شائید آپ لوگ انجان ہیں۔۔ زارا اسکی حیرانگی پر مرتسم کو دیکھتے بولی۔

مرتسم نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

یہ تو بہت اچھی بات ہے داؤد کو مرتسم اور وجدان پہلے سے جانتے ہیں اور آپ لوگوں کو تو ہم کافی عرصہ پہلے سے جانتے ہیں۔ باقی بچوں سے انکی مرضی جان لیتے ہیں۔

ماہم نے مسکرا کر کہا۔

مرتسم نے مہر کو دیکھا۔۔

داؤد سے ہم دونوں ہی پہلے مل چکے ہیں بہت اچھا لڑکا ہے۔ ہماری ہانم کو خوش رکھے گا۔۔ وہ اسکے دیکھنے پر آہستہ سے بولے تو وہ مطمئن ہو گیا۔۔

ہانم بتاؤ بیٹا۔ اپ جو چاہتی ہیں وہی ہو گا۔۔ وجدان نے اس سے پوچھا تو وہ سب کے بیچ اتنی کنفیوز ہوئی کہ کچھ بھی کہے بغیر وہاں سے اٹھ کر اندر بھاگ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باقی سب ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگے۔

داؤد کا چہرہ بے ساختہ سرخ ہوا تھا۔

شائید گھبرا گی ہے۔ سب کے بیچ ایسے پوچھنا تھوڑا اوکورڈ تھا۔ مہر سب کے تاثرات دیکھتے بولی۔

میں بات کرتی ہوں ہانم سے وشہ مرتسم کے اشارے پر اٹھتی بولی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر بھی اسکے ساتھ چلی گئ۔۔

💞💞💞

وہ لاونج میں آتے گہری سانسیں لینے لگی۔۔ تیز تیز سانس لیتے وہ ایک ہی گھونٹ میں سامنے پڑا پانی کا گلاس چڑھا گئ۔۔

تو یہ داود شاہ تھا۔ اوارہ، لفنگا، چپکو انسان۔۔ وہ دانت پیستے بولی۔

کچھ دنوں سے اسے مسلسل پھولوں کے بکے اور چاکلیٹس آرہے تھے وہ پریشان تھی کہ آخر ایسا کر کون رہا ہے۔

کون چپکو۔۔ پیچھے سے مہر کی آواز سنتے وہ کرنٹ کھاتے مڑی تھی۔

افف مامی ڈرا دیا۔۔ سینے پر ہاتھ رکھتے بولی۔

ڈرا تو تمنے دیا ایسے کیوں اٹھ کے اگئ۔ وشہ اسے خفگی سے دیکھتے بولی۔

کیا وش چاچی اتنے سارے لوگوں کے بیچ پوچھا جائے کہ آپکو یہ رشتہ منظور ہے تو کیا منہ پھاڑ کر جواب دے دوں۔ وہ مہر سے چپکتے منہ بناتے بولی۔

وشہ اور مہر کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اب اکیلے میں پوچھ رہے ہیں اب بتادو۔وشہ اسے آنکھ مارتی بولی۔

لیکن آپ لوگوں کو میری شادی کی اتنی جلدی کیوں ہے۔وہ پریشان سی بولی۔۔

خدا کا خوف کرو جلدی پچیس کی ہونے والی ہو تم۔کیا بوڑھی کر کے کرنی ہے شادی۔۔پیچھے سے ارسل کی آواز سنتے وہ چونکی تھی۔

وہ لوگ اپنے بچوں سے ایک دوست کی طرح بات کرتے تھے اس لیے ہانم جھجکی نہیں تھی اسے دیکھ کر بھی۔۔

تو کیا ارسل چاچو عاشر بھائی اور ہانیہ آپی مجھ سے بڑے ہیں اور ابھی تو مینے اپنے بھائیوں کی شادی انجوائے کرنی تھی۔۔

وہ منہ بگاڑتی بولی۔۔

ہاں تو ہانی کا بھی تو نکاح ہو چکا ہے بھول کیوں رہی ہو۔۔مہر اسکے سر پر چپت لگاتی بولی۔۔

(ہانیہ کا نکاح اسکے ننھیال میں ماموں کے بیٹے کے ساتھ ہوا تھا۔پچھلے سال)

کیا کسی کو پسند کرتی ہو۔اگر ایسا ہے تو سچ سچ بتادو میں تمہیں بھگا دوں گا اسکے ساتھ۔ارسل اسکی طرف جھکتا سرگوشی میں بولا۔

اللہ معاف کرے ارسل چاچو۔میں کیوں بھاگنے لگی۔اور میں کسی کو پسند نہیں کرتی۔وہ فخر سے اسے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو پھر داؤد میں کیا پرابلم ہے۔۔مہر اسے دیکھتے بولی۔

وہ بات نہیں ہے مامی۔لیکن میں چاہتی ہوں کہ میں پہلے لڑکے کو جان سکوں اسے سمجھوں،کچھ وہ مجھے سمجھے میں ایسے کسی بھی انجان کو اپنی پوری لائیف کیسے دے دوں۔وہ سنجیدگی سے بولی۔

لو اتنی سی بات ہے سیدھا بولو نا لو میریج کرنی ہے اور ڈیٹ پر جانا ہے تمہیں۔وشہ چٹکی بجاتے بولی۔

ہانم سٹپٹا گئ۔

توبہ وش چاچی ایسے کب بولا مینے۔

یہ کوئ بڑی بات نہیں ہے۔تم وقت لے سکتی ہو ہم لوگ صرف ابھی بات طے کرتے ہیں اگر تم چاہتی ہو تو۔

ایک دوسرے کے ساتھ ٹائم سپینڈ کرو ایک دوسرے کو سمجھو اگر پھر مناسب لگے تو ہم بات آگے بڑھا دیں گے۔۔

ارسل اسے اپنے حصار میں لیتا بولا۔

یہی تو میں کہہ رہی ارسل چاچو۔وہ مسکراتے بولی تھی۔

تو مطلب رشتہ کے لیئے ہاں ہے۔مہر اسکے سر پہ بوسہ دیتے بولی تو وہ ہاں میں سر ہلا گئ۔۔

میں ابھی سب کو بتا کر آتی ہوں۔وشہ چہک کر بولتی باہر بھاگی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کون کہے گا یہ دو بچوں کی ماں ہے جو جوان ہو رہے ہیں۔۔ ارسل اسے بچوں کی طرح اچھلتے دیکھ ہس کے بولا۔۔

اور تجھے کون کہے گا تو بھی دو جوان بیٹوں کا باپ ہے جنکی شادی کی عمر ہے۔ لیکن باپ کا ٹھرکی پن ختم نہیں ہوتا۔ مہر اسے دیکھتے طنزیہ بولی۔

جسکی پرسنیلٹی آج بھی سامنے والے کو مرعوب کر دیتی تھی۔

کچھ دن پہلے ہی اسنے اسے ایک لڑکی کے ساتھ ڈنر کرتے دیکھا تھا۔ ارسل کی جس کمپنی کے ساتھ میٹینگ تھی وہ اسکی اونر تھی۔ مہر جانتی تھی لیکن اسے تنگ کرنے لیئے بولی تھی۔

اور خود کو دیکھا ہے۔ بیٹی نہیں بہن لگتی ہے مر حو تیری۔ وہ بھی جوابا ائیبرو آچکا کر بولا۔

حیرت تھی کون کہ سکتا تھا کہ وہ دونوں بہن بھائ جوان بچوں کے ماں، باپ تھے جو آج بھی بچوں کی طرح لڑھ رہے تھے۔ اور لڑ۔ بھی اس بات پہ رہے تھے کہ وہ دونوں آج بھی اتنے جوان کیوں تھے۔

ارسل تجھے پتہ ہے کچھ دن پہلے مینے تیرا فی میل ورجن دیکھا۔۔ وہ بہت سنجیدگی سے اسے دیکھتے بولی۔

کیا مطلب۔ اسمے ائیبرو اچکائے۔۔

مطلب کے کچھ دن پہلے مینے مینڈک کو دیکھا جو تیری طرح ٹر ٹر کرتی ادھر ادھر اچھل رہی تھی مینے پوچھا یہاں کیا کر رہی ہو تو کہتی کہ مینے اپنے ارسل مینڈک کو ڈھونڈ رہی ہوں۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جتنی سنجیدگی سے بولی تھی۔

ہانم کا قہقہہ گونجا تھا۔

ارسل نے صدمے سے اسے دیکھا۔

میں تجھے مینڈک لگتا ہوں۔میں ارسل شاہ لڑکی مرتی ہیں مجھ پہ اور تجھے میں مینیڈک لگتا ہوں۔وہ صدمے کی سی کیفیت میں بولا تھا۔

وہی تو لڑکیاں تجھے دیکھ کر مرتی ہیں۔شکل ہی ایسی ہے۔وہ جواباہس کے بولی۔

اتنی ساری لڑکیوں کو مارنے سے اچھا تم فرصت نکال کر مر کیوں نہیں جاتے۔وہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتی مزے سے بولی۔

تم۔۔ابھی ارسل کچھ کہتا کہ ہانم تیزی سے بول پڑی۔۔

بس کریں آپ دونوں۔حد ہوتی ہے بچے ہم لوگ ہیں لیکن آپ لوگ ایسے لڑ رہے ہیں جیسے آپ لوگ بچے ہوں۔ہانم خفگی سے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واقعی وہ دونوں آج بھی بچوں کی طرح لڑتے تھے۔

میں نہیں لڑتی یہ لڑتا ہے۔ہے ہی لڑاکو۔مہر کندھے اچکا کر کہتی باہر کی طرف بڑھ گئ۔

ارسل نے خفگی سے اسے دیکھا اور پیر پٹکتا خود بھی اسکے پیچھے اگیا۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ہانم کی ہاں نے خوشیوں کی ایک نئی لہر دوڑادی تھی۔ایک دوسرے کا منہ میٹھا کرتے وہ لوگ آج ایک نئے بندھن میں بندھ چکے تھے۔

حازق اور عاشر بھی داؤد کا انٹرویو لے چکے تھے اس لیے اب مطمئن تھے۔

لیکن داود بے چین سا بیٹھا کیونکہ ہانم واپس نہیں آئی تھی۔

جبکہ لڑکیاں اب اب اٹھ کے اندر جارہی تھیں۔۔

ہانم آپی بہت مبارک ہو جی آپکا رشتہ پکا ہو گیا۔۔ایزل اسے دیکھتے خوشی سے اچھلتی بولی۔

ہماری بٹیا سیاں جی کے گھر کی ہونے والی ہے۔ہائے میری تو آنکھیں بھر ائیں۔مرحا بوڑھی اماں کی طرح اسکی نظر اتارتے بولی تو سب لڑکیوں کا قہقہ گونجا تھا۔۔

ہانم جھنپ گئی۔شرم کرو تم دونوں کی بھی باری انی ہے۔وہ اپنی جھنپ مٹانے کو بولی۔۔

ماشاءاللہ بھابھی آپ کتنی پیاری ہیں۔روشانے اسکے شرمائے روپ کو دیکھتے مبہوت سی بولی۔۔

بھابھی ی ی ی ی۔۔اسکے بھابھی کہنے پر سب لڑکیوں نے اونچی آواز میں بھابھی پر زور دیتے نعرہ لگایا تھا۔

دفع ہو تم سب۔۔وہ انہیں کشن مارتی بولی۔۔

یہ ہمارے داؤد بھائیو کی دلہن بنے گی۔جیسے نوبیتا کی شیزوکا۔۔نور ہانم کو دیکھتے ایکسائیٹڈ سی بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ اسکے شیزوکا کہنے پر لڑکیاں پھر سے کھکھلائیں تھیں۔

کوئ نہیں میں شیزوکا نہیں بننا۔لیکن آپ میری فرینڈ بنو گے۔۔ہانم محبت سے اسے دیکھتے بولی۔۔

یس۔اب تو آپ میرے بھائیو کی برائیڈ بن جاؤ گی تو پھر پکی والی فرینڈ۔۔وہ بچوں کی طرح تالیاں مارتی خوشی سے اچھلی تھی۔۔

روشانے نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔کتنی پیاری تھی اسکی بہن لیکن قسمت نے کتنا بڑا کھیل کھیلا تھا اسکے ساتھ۔۔

وہ سوچ کر رہ گئ۔

چلو بچو اپنے اپنے کمرے میں جاؤ۔بہت رات ہو گئ ہے۔۔مہرانہیں ابھی وہیں دیکھتے بولی۔

آج رات سب لوگ یہیں تھے۔ولی اور ارسل احمد والا چلے گئے تھے باقی یہیں تھے۔۔

اوکے ماما گڈ نائیٹ، گڈ نائیٹ پھوپھو۔۔ایزل اور مرحا اسکا گال چومتی مرحا کے کمرے میں چلی گئیں۔

باقی سب لڑکیاں بھی اسے گڈ نائیٹ کہتے اپنے کمروں کی طرح بڑھ گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

کیا سوچ رہی ہیں جانم۔۔مرتسم کمرے میں آیا تو اسے آئینے کے سامنے کھڑے کسی گہری سوچ میں گم دیکھ اسے پیچھے سے حصار میں لیتا بولا۔۔

وہ مرتسم کی آواز پر چونک گئ۔سامنے آئینے میں اسے دیکھتے وہ مسکرائی۔۔

تیئس سال گزر گئے شاہ۔وقت کتنی جلدی گزر جاتا ہے نا۔ابھی کل کو ہمارے بچے کتنے چھوٹے تھے اور آج دیکھیں انکی شادی کی بات ہو رہی ہے۔۔وہ اسکے سینے سے پشت ٹکاتی بولی۔۔

ہم وقت کا پتہ ہی تو نہیں چلتا۔اپنی رفتار کے ساتھ وہ آگے بڑھتا جاتا ہے پیچھے صرف یادوں کو چھوڑ کے۔۔وہ اسکے سر پر بوسہ دیتا بولا۔۔

تھک گئی ہیں۔۔اسکے بند پلکوں کو چھوتے کہا۔۔

وہ اثبات میں سر ہلا گئ۔

مرتسم نے اسے دیکھا اور اگلے ہی پل اپنے بازوں میں اٹھا گیا۔۔

شاہ کیا کر رہے ہیں میں گر جاؤں گی۔۔وہ اسکے گلے میں بازو ڈالتے بولی۔۔

بھروسہ رکھیں جانم عمر چاہے جتنی بھی ہو جائے،چاہے جتنا بھی وقت گزر جائے میرے بازو میں ہمیشہ اتنا دم تو رہے گا کہ ہمیشہ آپکو اپنے حصار میں لینے کے لیئے اٹھ سکیں۔

وہ اسے اٹھاتے ٹیرس کی جانب بڑھتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹیرس پر ہلکی مدھم روشنی میں مرتسم نے اسے نیچے اترا ٹھنڈی ہوا نے دونوں کے وجود کو چھوتے روح کو سرشار کیا تھا۔

آپکا پیار کم کیوں نہیں ہوتا ہے شاہ۔۔وہ اسکے اسکے سینے پر سر رکھتے بولی۔۔

یہ تو آپکو پتہ ہونا چاہیئے اپ اتنی پیاری کیوں ہیں کہ میرا پیار آپکے لیئے بڑھتا ہی جارہا ہے۔۔

وہ اسکے آنکھیں چومتا محبت سے بولا۔۔

وہ ہستے نفی میں سر ہلا گئ۔۔

شاہ میں سوچ رہی تھی اب ہمیں حازق کے بارے میں بھی کچھ سوچنا چاہیئے۔۔

اسکی شرٹ کے بٹنوں سے کھیلتے کہا۔

جبکہ حازق جو فون پہ بات کرتا اوپر آیا تھا ٹیرس کا دروازہ کھولتے اسکا ہاتھ وہیں رک گیا۔۔

کیا سوچنا چاہیئے۔اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے مرتسم نے ناسمجھی سے اسے دیکھا۔

مطلب اسکی شادی کے بارے میں۔۔وہ اسکے سینے پر تھوڑی ٹکاتے بولی۔

ہمم سوچنا تو چاہیئے۔لیکن آپ آپنے لاڈلے سے پوچھیئے گا نا کہ اسے کوئ پسند ہے۔۔وہ اسکی بات سے متفق ہوتا بولا۔۔

مہر کا چہرہ پھیکا پڑا۔۔

کیا ہوا۔اسکے چہرے کو بغور دیکھتے مرتسم نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

شاہ ایزل کیسی رہے گی ہمارے حازق کے لیئے۔۔وہ اسکا چہرہ دیکھتے بولی۔

جبکہ باہر کھڑے حازق نے کراہ کر آنکھیں مینچیں تھی۔

ایزل اچھی ہے۔انگیجٹ بہت پیاری ہے۔لیکن وہ حازق سے بڑھی ہے اور جانم آپکو پتہ ہے نا دونوں کی بلکل نہیں بنتی۔۔مرتسم اسے سمجھانے کے انداز میں بولا۔۔

میں جانتی ہوں شاہ ایزل صرف ایک سال ہی تو بڑی ہے اور عمر سے کیا ہوتا ہے کیا ایزل بڑی لگتی ہے اس سے اور رہی بات دونوں کی بنتی نہیں ہے تو وہ بس بچپنا ہے دونوں میں۔جب ایک رشتے میں بندھ جائیں گے تو خود ہی دونوں قریب ہو جائیں گے۔اپکو پتا ہے نا مینے حازق کے لیئے ہمیشہ ایزل کو سوچا ہے۔

لیکن میں انکی مرضی بھی چاہتی ہوں اس لیے تو مینے کبھی بھی دونوں میں سے کسی کے دل میں بھی یہ بات نہیں ڈالی۔بچپن کے رشتوں کا انجام بہت برا ہوتا ہے میں جانتی ہوں۔

وہ سنجیدگی سے بول رہی تھی۔۔

جبکہ باہر کھڑے حازق اسکی باتیں سنتا کسی سوچ میں گم ہوا تھا۔

اگر وہ دونوں اپنی خوشی سے راضی ہونگے تو ٹھیک ہے لیکن اگر دونوں میں سے کوئ بھی کسی اور کو پسند کرتا ہو یا راضی نا ہو تو بھی مجھ کوئ پرابلم نہیں۔میرے بچوں کی خوشی میرے لیے زیادہ معنی رکھتی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ناہی میں یہ چاہتی ہوں کہ وہ دونوں میری خواہش کے احترام میں اس رشتے میں بندھیں۔ہاں لیکن اگر وہ دونوں اپنی مرضی سے راضی ہوں تو ہی میں بھی بات آگے بڑھانا چاہتی ہوں۔

وہ مسکرا کر نرمی سے بولی۔

اس سے پہلے کہ وہ دونوں باہر آتے وہ وہیں سے واپس چلا گیا۔۔

💞💞💞

ہانم اور داؤد کا رشتہ طے کر دیا گیا تھا۔۔لیکن فلحال منگنی وغیرہ کی کوئی رسم نہیں کی گئی تھی۔کیونکہ ہانم کے کہے مطابق اسے وقت دیا گیا تھا۔

انہی دنوں میں آبان کے گھر واپسی اور عالم لوگوں کے آنے کی خبر نے انکی خوشیوں کو دوبالا کر دیا تھا۔

برسوں کے انتظار کے بعد آج آخر کار وہ اپنے گھروں کو لوٹ رہے تھے۔

آبان کے استقبال کے لیئے پورے گھر کو سجایا گیا تھا۔اسکی پسند کی جیسے ہر چیز کو ڈھالا تھا۔یہاں تک کہ گھر میں بنی ہر چیز آبان کی پسند کی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب لوگ بے صبری سے آبان کا انتظار کر رہے تھے۔۔

سوائے ایک وجود کے زمل جو ضد کر کے بہانے سے اپنی دوست کے گھر چلی گئی تھی۔

پہلے تو زہرہ نے اسے بہت ڈانٹا لیکن پھر ولی کے سمجھانے پر کہ شائید وہ اچانک اسکی موجودگی سے ڈسٹرب ہو جاتی اسلیے زہرہ نے اسے جانے کی اجازت دے دی۔۔

Posted On Kitab Nagri

ان دونوں کے علاوہ باقی سب اسکی غیر موجودگی سے بے خبر تھے۔۔

آبان بھائی آ گئے۔۔ اینارہ کی خوشی سے بھرپور چیختی آواز پر سب بے چینی سے باہر کی طرف بڑھے تھے۔۔

پولیس کی گاڑیوں کے بیچ وبیچ اسکی گاڑی پروٹوکول کے ساتھ اندر داخل ہوئی تھی۔

گاڑی رکتے وہ باہر نکلا سب کو اسکا سائیڈ فیس نظر آیا تھا۔

جب وہ رخ موڑے اپنے گارڈز اور باقی گاڑیوں کو واپس جانے کا کہتے مڑا تو اپنے سامنے آج برسوں بعد اپنے باپ کو دیکھتے وہ تھم گیا۔۔

ارسل کی آنکھوں میں نمی ابھری تھی۔

وہ تیزی سے آگے بڑھتے اپنے جگر کے ٹکرے کو گلے لگا گیا۔۔

سالوں بعد شفقت بھرے اس حصار کر محسوس کرتے اسکی روح تک پر سکون سا احساس اترا تھا۔

وہ سرشاری کے عالم میں اپنے باپ کے گرد مضبوطی سے بازو باندھ گیا۔ بلکل ایک چھوٹے بچے کے جیسے۔۔

کتنے ہی لمحے گزر گئے جب ارسل نے اسے خود سے الگ نا کیا تو آبان نرمی سے پیچھے ہوا۔۔

آپکے مضبوط بازوں نے آج بھی میرا دم گھونٹ دیا ڈیڈ۔۔ وہ اپنی آنکھوں میں آئی نمی اندر دھکیلتے بظاہر ہس کے بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارسل بھی ہس پڑا۔ نفی میں سر ہلاتے اسکے یونیفارم کو دیکھتے ارسل نے فخر سے اسکا ماتھا چوما تھا۔۔

میرا شیر بیٹا۔۔ سرگوشی میں کہتے اسنے آبان کی پیٹ تھپتھپائی۔

باپ بیٹے کا ملن ہو گیا ہو تو اسے اندر بھی آنے دو۔۔

ولی دونوں کو دیکھتے بولا تو ارسل نے اسے گھورا۔

جبکہ آبان نرمی سے مسکرا دیا۔۔

بابا۔۔ولی کو دیکھتے وہ آگے بڑھتے خود اسکے گلے لگا تھا۔۔

ایس پی صاحب بس ہو گیا میری کمزور ہڈیاں توڑنی ہیں۔۔ولی اسکے مضبوط حصار کو محسوس کرتے مصنوعی کراہا تھا۔

آجا میرے شیر بہت انتظار کروایا ہے تونے۔۔ غازی اسے گلے لگاتا مصنوعی ناراضگی سے بولا تو آبان مسکرا دیا۔۔

ویلکم بیک چیمنپ۔۔ غازی کے بعد وہ مرتسم کے سامنے آیا تو مرتسم کے نرمی سے کہنے پر وہ مسکراتا اس سے ملا تھا۔۔

ان چاروں سے ملتا وہ اگے کی طرف بڑھا تو نظریں بے ساختہ دہلیز پر گئ تھیں۔جہاں سے سالوں پہلے اسکی ایک غلطی سے اسے یہ دہلیز پار کرنی پڑی تھی۔

سر جھٹک کر وہ آگے بڑھا تو نظریں بے ساختہ سامنے کھڑی اپنی ماں کی طرف گئ تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

ماں۔۔نم لہجے میں کہتے وہ آیت کے مقابل آتے رکا۔۔

آنکھوں میں آنسو لیے آیت نے سر اٹھاتے اپنی پہلی اولاد کو دیکھا جس سے قسمت نے پندرہ سال دور رکھا تھا وہ سسک پڑی۔

آبان نے تیزی سے اسے خود میں بھینچا تھا۔

آیت پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

جبکہ وہ جو خود سے وعدہ کر کے آیا تھا کمزوری نہیں پڑے گا۔سالوں بعد ماں کا لمس محسوس کرتے آنکھوں سے کئ آنسو نکلتے آیت کے بالوں میں جزب ہوئے تھے۔۔

اتنا کوئ انتظار کرواتا ہے۔کوئ ایسے بھی روٹھتا ہے ماں سے۔۔وہ سسک کر بولی۔

آبان نے تڑپ کر اسے دیکھا تھا۔

اب تو آگیا ہوں نا۔اب کہیں نہیں جاؤں گا آپکو چھوڑ کر۔۔اسکے ہاتھ چومتے وہ آنکھوں میں نمی لیے مسکراتے لہجے میں بولا۔

میرا بیٹا۔اسکا سر چومتے وہ روتے گئ۔۔

کتنا ترس گئ تھی تجھے دیکھنے کے کیئے۔اپنی آغوش میں بھرنے کے لیئے۔

اور دیکھ تو اب آیا ہے۔اور آج ماں کو اپنی آغوش میں بھرے کھڑا ہے۔۔وہ اسکی مضبوط قد و قامت دیکھتے روتے ہوئے ہسی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آبان نے لب بھینچتے بے ساختہ اسکا ماتھا چوما تھا۔

اب دیکھ لیں جتنا مرضی اب کہیں نہیں جاؤں گا۔۔اسے خود سے لگاتے وہ نم لہجے میں بولا۔۔

بس کرو تو رو کر دریا بہاؤ گئ کیا اب۔۔

سالوں بعد بیٹا آیا ہے مسکراتے ہوئے استقبال کرو اسکا۔۔روحا ماما نے اسے جھڑک کر کہا تو وہ چہرہ صاف کرتے سر ہلا گئ۔۔

ملازمہ سے سامان لیتے اسنے اسکی نظر اتاری تھی۔

کتنا بڑا ہو گیا ہے میرا چھوٹا سا آبان۔۔پھر سے اسکا ماتھا چومتے وہ نم لہجے میں بولی۔

آبان بس مسکرا دیا۔۔

آیت سے ملنے کے بعد وہ باقی سب سے ملنے لگا۔

افف آبان کیا تم وہی ہو جو چھوٹے سے تھے اور جب میری آنکھوں کو دیکھتے کہتے تھے زرنور ماما میری ایسی آنکھیں کیوں نہیں ہیں۔۔زرنور نے آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی تو وہ ہستے اس سے ملنے لگا۔

جب وہ زہرہ کے پاس آیا تو وہ سر جھکائے کھڑی رہی۔اسنے نا تو اسے دیکھا اور نا ہی آگے بڑھ کے خود سے لپٹایا۔۔

زہرہ ماما۔۔آبان نے اسکے جھکے سر کو دیکھتے اسکا چہرہ اوپر اٹھایا تھا۔

زہرہ نے آنسوں سے تر چہرہ اٹھاتے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے معاف کر دینا آبان۔۔وہ اسکے سامنے ہاتھ جوڑ گئ۔۔

ولی نے لب بھینچے تھے۔۔

آبان نے تڑپ کر اسکے ہاتھ پکڑے اور جھکتے ان پر عقیدت سے بوسہ دیا۔۔

ایسے کیوں کہہ رہی ہیں۔ معافی تو مجھے آپسے مانگنی چاہیئے۔۔ میری وجہ سے آپسے ایسے ہی اتنے سال گلٹ میں گزار دیئے۔ایک بار تو مجھ سے بات کی ہوتی۔وہ اسکے کبھی بات نا کرنے پر شکوہ کر گیا۔

کیسے کرتی جب میری ہی بیٹی ہی وجہ سے تم سب سے دور ہوے تو کبھی ہمت نہیں پڑی۔۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر روتے بولی تھی۔

ایسے تو مت کہیں کیا آپ میری ماں نہیں۔ابان اسے خود سے لگاتے تڑپ کر بولا تھا۔

بولیں کیا میں آپکا بیٹا نہیں۔وہ اسکے آنسو صاف کرتا نروٹھے پن سے بولا۔

زہرہ اسے دیکھتے ہاں میں سر ہلا گئ۔

تو پھر کیا مائیں بیٹوں سے معافی مانگتی ہیں۔ماں کو حق ہوتا ہے وہ اولاد کی غلطی پر سزا دے سکے۔

وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتا بولا۔۔

جب گئے تھے تو اتنے سے تھے اور آئے ہو تو دیکھو ہم سے بھی بڑا قد نکالا ہے۔۔

وہ اسکے قد پر شکوہ کرتی بولی تو وہ بے ساختہ اسکے سامنے جھکا تھا۔

زہرہ نے اسکے جھکنے پر اسکا ماتھا چومتے اسکی وردی کو دیکھتے فخر سے اسے دیکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آبان مسکراتے اسے خود سے لگا گیا۔۔

جب اسکی نظر پیچھے کھڑی مہر پر پڑی تھی جو مسکراتے ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔

مہر چاچی۔۔ ہلکے سے لب ہلے۔۔

زہرہ کو خود سے الگ کرتے وہ بے ساختہ اسکے طرف بڑھا۔۔

یہ وہ ہستی تھی جسنے تب اسکا ساتھ دیا تھا جب اسے ماں باپ کے ساتھ کی ضرورت تھی۔تب جب اسے اپنے ماں باپ کی فخریہ نظریں خود پر چاہیئے تھیں۔تب جب اسنے پولیس کے لیئے دیا گیا ایگزیم پاس کیا تھا۔

تب جب پہلے بار اسے یہ وردی ملی تھی۔ہر جگہ پر وہ اسکے ساتھ اسکے ہم قدم تھی۔۔

مرتسم اور ارسل کے علاوہ باقی سب انجان تھے کہ مہر ہر ہفتے آبان سے ملنے جاتی تھی۔

آخر کو وہ اسکے کرائم پاٹنر کی امانت تھی۔جب ارسل نے اسکے ہر برے اچھے وقت میں اسے سنبھالا تھا تو وہ پھر کیسے اسکے بیٹے کو اکیلا چھوڑ سکتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویلکم میری جان۔۔وہ مہر کے مقابل آیا تو وہ مسکراتے ہوئے بولی تھے۔

آبان نے اسکے ہاتھ تھامتے جھک کر بوسہ دیا تھا۔

یہ،ہاتھ،بازو ہمیشہ وقت پڑنے پر اسے اپنی آغوش میں لیتے تھے۔

مہر مسکرادی۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپکو پتہ ہے آبان ماں کے بعد سب سے زیادہ پیار کس کرتا ہے۔۔وہ ہمیشہ کی طرح اسکے پاس جھک کر سرگوشی میں بولا۔

مہر نے لب دباتے نفی میں سر ہلایا۔

سب نے دلچسپی سے انہیں دیکھا تھا۔آخر کو آبان نے کیا سرگوشی کی تھی۔

ماما کے بعد آبان سب سے زیادہ پیار مرتسم چاچو کی جانم سے کرتا ہے۔۔

وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے سرگوشی میں بولا۔

مہر کھکھلا دی۔

بے شرم۔۔اسکے کندھے پر ہاتھ مارتے مہر نے اسے آنکھیں دکھائیں۔۔

آپکی آنکھیں بہت پیاری ہیں یار ایسے مت دکھائیں۔۔وہ معصومیت سے بولا۔۔

اوئے۔۔مرتسم نے اسے گھورتے مہر کو اس سے الگ کیا۔

مت بھول یہ تیری چاچی ہیں۔پیاری آنکھوں والی جا کر اپنی بیوی ڈھونڈ لے۔خبردار جو تونے میری بیوی کی آنکھوں کو دیکھا تو۔۔

وہ مہر کو حصار میں لیتا مصنوعی روعب سے بولا۔۔

مہر بچوں کی موجودگی میں سرخ پڑ گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ آج بھی ایسا ہی بے شرم اور بے باک تھا۔اپنے بچوں کے زرا سا پیار کرنے پر وہ انہیں بھی ایسے ہی جھڑک دیتا تھا۔۔

شاہ۔۔بظاہر مسکراتے لیکن وارننگ دینے کے انداز میں مہر نے اسے دیکھا تو وہ منہ بناتا تھوڑا سا پیچھے ہو گیا۔

آبان بھائی اگر ایموشنل سینز ختم ہو گئے ہوں تو زرا نظریں کرم ہم پر بھی کریں۔۔

بچے جو کب سے سائیڈ پر کھڑے یہ سب دیکھ رہے تھے اپنی اگنورینس پر بری طرح سے تملمائے تھے۔

تبھی زیان اونچی آواز میں بولا۔

آبان پیچھے مڑتے دیکھا تو اپنے سامنے اپنے قد کاٹھ جیسے کزنز کو دیکھتے وہ لب دبا گیا۔

جب وہ گیا تھا سب کتنے چھوٹے تھے نا۔۔وہ سوچتا انکی طرف بڑھا تھا۔

باری باری سب سے ملتے وہ آخر میں حازق سے ملنے لگا اس سے وہ اکثر ملتا رہتا تھا دونوں کی اچھی بنتی تھی۔

آبان آپ تو تصویروں سے زیادہ ہینڈسم ہیں۔۔ایزل اشتیاق سے اسے دیکھتے بولی۔۔

وہ آئے روز خبروں کی زینت بنتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کی بات پر سب نے اتفاق کیا تھا جبکہ آبان کے ساتھ کھڑے حازق کو جانے کیوں اسکے منہ سے آبان کی تعریف بری طرح سے چبھی تھی۔جب سے وہ اپنی ماں کے خیالات سے آگاہ ہوا تھا۔ایزل پر حق ملکیت کا احساس سا ہو رہا تھا۔۔

ہاں واقعی قسم سے میں تو آپکو دیکھ کر فلیٹ ہو گئ۔ آپکے ساتھ کام کرتی لڑکیوں کا کیا حال ہو گا۔رمشاء دل پہ ہاتھ رکھتے بولی تو وہ مسکراتے نفی میں سر ہلا گیا۔

وہ واقعی اس قدر خوبرو تھا کہ کوئ بھی لڑکی اس پر دل ہار جاتی۔۔

چھ فٹ سے نکلتا قد، تیکھے نقوش، ہلکی گلابی رہنے والی گرے آنکھیں جنمیں زیادہ تر سنجیدگی ہی رہتی تھی۔

شیپ میں بنائ گئ بیرڈ جبکہ مونچھے ابھی اتنی گھنی نہیں تھیں۔

عنابی لب جو سیاہ سے تھے شائید وہ کثرت سے سگریٹ پیتا تھا۔فوجی کٹ ہیئر سٹائل جو اسکا فیورٹ تھا۔ اور اس پر تضاد پولیس کی وردی جو اسکے مضبوط چوڑے سینے سے چپکی ہوئی تھی۔شرٹ پر نیم پلیٹ پر واضح لفظوں میں ایس۔پی آبان ارسل شاہ لکھا ہوا تھا۔

آیت نے اسے دیکھتے دل ہی دل میں اسکی نظر اتاری تھی۔

اب کیا یہیں کھڑے رہنا ہے جاؤ فریش ہو جاو۔غازی نے کہا تو وہ سر ہلاتا اوپر کی طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

تادیر تک وہ سب محفل جمائے بیٹھے رہے جب رات کے کھانے کے بعد سب لوگ اپنی اپنی خواب گاہ کی طرف لوٹے تھے۔

جبکہ آبان آیت کی گود میں سر رکھے لیٹا ہوا تھا۔سالوں بعد اسے ممتا کی یہ آغوش نصیب ہوئی تھی جسے محسوس کرتے وہ آج کتنے عرصے بعد پر سکون نیند سویا تھا۔۔

اسکی بند آنکھوں کو دیکھتے آیت نے جھک کر اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

صوفے پر بیٹھے ارسل نے محبت بھری نظروں سے دونوں کو دیکھا۔

آیت کی اس پر نظر پڑی تو وہ مہبم سا مسکرادی۔۔

💞💞 💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تلاوت کرتے اسنے عقیدت سے قرآن چومتے واپس رکھا تو اسکے کمرے کا دروازہ نوک ہوا۔

وہ چونکی نہیں جانتی تھی اس وقت کون ہو سکتا ہے۔۔

سوچتے اسنے دروازہ کھولا تو حازق کو دیکھتے مسکرادی۔

خیریت اتنی صبح صبح ماں کی یاد آگئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے اندر آنے کا راستہ دیتے شرارت سے بولی۔۔

آپ تو ہر وقت آنکھوں کے سامنے ہوتی ہیں آپ بھولتی کب ہیں۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔

مہر نے مسکراتے اسے دیکھا وہ مرتسم میر شاہ کا بیٹا تھا، قد کاٹھ، نین نقش سب اسکے باپ کی پرچھائی تھی لیکن سوائے بھوری آنکھوں کے جو اس پر گئی تھیں۔

سفید کرتا جو اسکے کشرتی سینے سے چپکا ہوا تھا اسے مزید جاذب بنا رہا تھا۔وہ مبہوت سے اسے دیکھنے لگی۔

آج میرا دیر تک سونے کا دل کر رہا تھا اس لیے سوچا سونا ہی ہے تو تھوڑا سکون سے اپکی آغوش میں سو جاوں۔۔

وہ اسے بیڈ پہ بٹھاتا اسکی گود میں سر رکھتا بولا۔

ضرور میری جان۔۔مہر نے محبت سے اسے دیکھا اسکا ماتھا چوما۔

حازق مبہم سا مسکرا دیا۔اپنے بالوں میں چلتی مہر کی انگلیاں اسے سکون پہنچا رہی تھیں۔

وہ اور مرحا ہر سنڈے فجر ادا کر کے اسکے کمرے میں آجایا کرتے تھے اس دن انہیں لیٹ سونا ہوتا تھا

۔۔

اسے سوچتے ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ دروازہ پھر سے نوک ہوا اور مرحا اندر آئی۔

حجاب سٹال میں ڈوپٹہ لیئے وہ نماز پڑھ کے آرہی تھی۔

ماما نیند آرہی ہے آج میں دیر تک سوں گی۔۔وہ جمائی لیتی نیند سے چور بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن حازق کو دیکھتے برا سا منہ بنا گئ۔

یہ ہمیشہ میرے وقت پر آتے ہیں۔وہ خفگی سے بولی۔

تو کیا ہو گیا۔ادھر آؤ تم بھی اجاو۔مہر اسکی خفگی پر مسکراتی دوسرا بازو وا کر گئ تو وہ جھٹ سے اسکے بازو میں سمائی تھی۔۔

اسکا سر چومتے وہ اسکے بالوں کو سہلانے لگی۔

کچھ دیر تک وہ دونوں گہری نیند میں جا چکے تھے۔

جب مرتسم کمرے میں آیا۔

وہ ایک پل کے لیئے تھما تھا۔کتنا مکمل منظر تھا۔۔وہ بیڈ کروان سے ٹیک لگائے آنکھیں موندے ہوئے تھی جبکہ وہ دونوں کسی بچے کی طرح اسکی گود میں سر رکھے لیٹے ہوئے تھے۔

اسکی آنکھیں بند تھیں لیکن وہ سو نہیں رہی تھی۔وہ مرتسم کی موجودگی محسوس کرتی بند آنکھوں سے مسکرا دی۔۔

جب اپنی انکھوں پر نرم گرم سا لمس محسوس کرتے وہ بوکھلائ تھی۔۔

جانم آپکو پتہ ہے نا یہ سارا دن میرا ہے مجھے واپس آکر آپکو بانہوں میں بھر کے سونا ہوتا ہے پھر بھی آپ ہمیشہ انہیں میری جگہ پر سلاتی ہیں۔۔اسکے قریب جھکتے سرگوشی میں بولا۔

مہر نے اسے گھورا۔جبکہ مرتسم نے اپنے دونوں بچوں کو۔

Posted On Kitab Nagri

میرے بچوں کو ایسے مت گھوریں شاہ۔۔وہ اسکی گھوری پر خفا ہوتی بولی۔

مرتسم نے ائیبرو اچکاتے اسے دیکھا اور جھکتے نرمی سے مرحا کا سر تکیے پر رکھتے اسنے حازق کو بیڈ پہ سیدھا کیا۔

مہر نے اسے آنکھیں نکالیں۔لیکن وہ اسے ڈبل آنکھیں دکھاتا نرمی سے اپنی بانہوں میں اٹھا گیا۔

شاہ کیا کر رہے ہیں۔۔وہ اسکی گردن میں بازو ڈالتے دھیمے لہجے میں چلائی۔۔

مرتسم اسکے چلانے کی پرواہ کیے بغیر اسے لیے سٹڈی روم میں چلا گیا۔

جبکہ انکے جاتے ہی حازق نے سر اٹھاتے سٹڈی کے دروازے کو گھورا۔

ایک دن بھی جو انکے باپ نے سکون سے انکی ماں کو انکے پاس رہنے دیا ہو۔اسنے خفگی سے سوچا۔

وہ مرتسم کی آہٹ سے ہی بیدار ہو چکا تھا۔۔

سر جھٹک کر اسنے مرحا کو دیکھا جو ہلکا سا منہ کھولے اتنے کیوٹ انداز میں سو رہی تھی کہ وہ بے ساختہ جھکتے اسکا ماتھا چوم گیا۔۔

اس پر چادر ٹھیک کرتے وہ ایک نظر سٹڈی کے دروازے کو دیکھتا نفی میں سر ہلاتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

شاہ مجھے لگتا ہے آپکا دماغ ہل گیا ہے۔۔وہ اسکے بازوں میں مچلی تھی۔

مرتسم نے ہستے اسے صوفے پر اتارا۔

شرم نہیں آتی کبھی جو اپنے مجھے میرے بچوں کے پاس تھوڑی دیر ٹکنے دیا ہو۔وہ اسکے پاس بیٹھے پر اچھل کر کھڑی ہوئ تھی۔

جانم جب آپکو پتا ہے مجھے آپکی توجہ بٹی ہوئی کسی صورت قبول نہیں تو پھر کیوں کرتی ہیں ایسے۔اور ویسے بھی ایک سنڈے کا دن ہی تو ہوتا ہے جب کام سے تھوڑی چھٹی ملتی ہے۔جب میں سکون سے آپ میں کھو سکتا ہوں۔اسے خود میں بھینچتے وہ مدھم آنچ دیتے لہجے میں بولا۔

ویسے بھی اپکے بچے اب بڑے ہو گئے ہیں۔اپنا خیال خود رکھ سکتے ہیں۔اپ بس مجھ پر دھیان دیں۔وہ اسے اپنے اوپر کھینچتے بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

تو مہر نفی میں سر ہلاتے اسکے سینے پر سر رکھ گئ۔

اسکی دیوانگی دن بادن اپنے عروج پر جا رہی تھی۔اور وہ سمجھنے سے قاصر تھی کہ مر تسم اتنا پیار کیوں کرتا تھا آخر اس سے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکی گردن میں بازو ڈالتے وہ سوچ کر رہ گئ۔۔

💞💞💞

وہ بھرپور نیند لے کر دن چڑھے تک اٹھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

سنڈے کی وجہ سے سب لوگ گھر میں ہی نظر آرہے تھے۔۔

ناشتے کی ٹیبل پر آبان نے بیٹھتے نامحسوس انداز میں دشمن اول کی تلاش میں نظریں گھومائیں تھیں۔ لیکن وہ اسے نظر نہیں ائی۔

وہ سر جھٹک کر کھانے کی طرف متوجہ ہو گیا۔

زمل کہاں ہے زہرہ بھابھی۔۔اسکی مسلسل غیر موجودگی محسوس کرتے غازی نے سنجیدگی سے زہرہ کو دیکھتے پوچھا۔۔

زہرہ نے ایک نظر ولی کو دیکھا جو نظریں چرا گیا تھا اور دوسری نظر آبان کو جو لاپرواہ سا ناشتے میں مگن تھا۔

وہ دوست کی طرف گئ ہے بھائ۔وہ دھیمے لہجے میں بولی۔۔

سب خیریت ہے نا زمل تو ایسے کبھی کسی کے گھر رکتی نہیں۔۔ارسل بھی ناشتہ چھوڑے حیرت سے بولا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آبان بظاہر تو ناشتے میں مگن تھا لیکن اسکے سماعتیں پوری طرح سے ان سب کی طرف تھیں۔

اسکی دوست کی بھتیجی پیدا ہوئ ہے کچھ دن پہلے اور تمہیں پتہ تو ہے اسے بچے کتنے پسند ہیں اس لیے رک گئ۔ویسے بھی اسنے پہلی بار کوئ ضد کی تھی اس لیے میں منع نہیں کر سکا۔

زہرہ سے چائے کا کپ پکڑتے ولی نے نارمل لہجے میں کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارسل سر ہلاتے کھانا ختم کرتے اٹھ کھڑا ہوا۔

بے بی کو بے بیز پسند ہیں۔سٹرینج۔۔کافی کے گھونٹ بھرتے اسنے تیکھی مسکراہٹ سے سوچا۔۔

💞💞💞

آج تو تم ہار کے ہی رہو گے دیکھنا۔۔ویڈیو گیم پر پورا فوکس کرتے ایناره نے پر جوش انداز میں کہا۔

ہاہاہاہاہا یہ صرف کہنے کی بات ہے ہمیشہ کی طرح آج بھی ہارو گی۔۔زیان اور ارحم قہقہ لگاتے بولے۔

ایناره نے انہیں گھورا تبھی کسی نے اسکے ہاتھوں سے ریموٹ پکڑ لیا۔

فوکس اینی ورنہ ہار جاؤ گی۔۔میثم اسکے ساتھ بیٹھتا تیزی سے ریموٹ تھامتا بولا۔

کمرے سے نکلتے آبان نے دل چسپی سے انہیں دیکھا تھا۔

یہ چیٹنگ ہے۔۔وہ دونوں خفگی سے چیخے۔

تم دو تو ہم بھی دو اس میں کیسی چیٹینگ۔۔ایناره مزے سے بولی تھی۔جانتی تھی اب وہ جیت کر ہی رہے گی۔۔

یاہووو۔دیکھا کہا تھا نا اس بار میں ہی جیتوں گی۔۔وہ صوفے پر اچھلی تھی۔۔

ارے ارے آرام سے گڑیا۔۔اسے اچھلتے دیکھ آبان نے تیزی سے اسے پکڑا تھا ورنہ اسے ڈر تھا کہیں وہ گر ہی نا جائے۔۔

Posted On Kitab Nagri

آبان بھائی دیکھیں میں آج جیت گئی۔یہ۔لوگ روز مجھے ہرا دیتے ہیں بٹ تم نے آج مجھے جیتا دیا۔وہ اسکے سہارے سے صوفے سے اترتے میثم کا ہاتھ پکڑتے خوشی سے بولی۔

میثم اسے خوش دیکھ مسکرا دیا۔

ہاں تو یہ کونسائی بات ہے جہاں ایناره ہو وہاں میثم اور جہاں میثم ہو وہاں ایناره۔۔ارحم منہ بنا کر بولتا آبان کے کندھے سے جھولا۔

تم لوگ ابھی بھی بچوں کی طرح لڑتے ہو۔ارحم کے بال بگاڑتے وہ ہس کے بولا۔

نہیں آبان بھائی اب ہم بچوں کی طرح نہیں بڑوں کی طرح لڑتے ہیں۔زیان جتنی سنجیدگی سے بولا تھا ان چاروں کا قہقہ بے ساختہ تھا۔۔

دیکھو تو سب بچے ایک ساتھ ہیں تو دل کو ہر چیز بھانے لگی ہے۔۔

کچن میں کھڑی زہرہ آیت کو دیکھتے بولی جو مسکراتی آنکھوں سے انہیں دیکھتے سر ہلا گئی۔

ہاں بس زمل کی کمی ہے۔اسے بولو بھئی اب گھر اجاؤ۔ایک ہی دن میں سب اسے مس کرنے لگے ہیں۔۔سبزی کاٹتے آیت نے کہا تو زہرہ سوچ میں پڑ گئی۔

ہاں دوپہر میں بھی غازی اور ارسل بھائی پھر سے پوچھ رہے تھے زمل آئی یا نہیں۔

زرنور نے کہا تو زہرہ خاموشی سے سر ہلا گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کہاں ہے صبح سے کہیں نظر ہی نہیں ائی۔آسکی غیر موجودگی محسوس کرتے آبان نے زیان سے پوچھاتووہ چاروہسنے لگے۔

آپکو نہیں پتہ کیاایزل آپی آرمی ڈاکٹر ہیں اور اب تو انہیں کسی آرمی والے ہوسپٹل میں جوب بھی مل گئ ہے۔اس لیے وہ گھر کم ہی نظر آتی ہیں۔زیان سنیما کھاتا مزے سے بولا۔

آپکو پتا ہے بھائ۔انکے ہوسپٹل میں بہت سارے فوجی بھی ہیں۔اینارہ ایکسائیٹڈ سی بولی تھی۔

آبان مسکرادیاوہ سمجھ گیا تھاوہ کس ہوسپٹل کی بات کررہے ہیں۔

ایزل اگر آرمی ڈاکٹر تھی تواسکی ٹرینینگ بھی سپیشل ہوگی۔اور ہوسپٹل بھی ایس لحاظ سے ہوگا۔

(کچھ ہوسپٹلز ہوتے ہیں جہاں ایسے آرمی ڈاکٹرز ہوتے ہیں جنہیں سپیشل ٹرینینگ دی جاتی ہے۔تاکہ وقت پڑنے پر وہ خفیہ طریقے سے کسی ایمرجنسی میں انکی مدد کرسکیں۔اسی لیے تو آرمی ڈاکٹرز الگ ہوتے ہیں)

ایک بھرپور ہوتا مسکراتا دن اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ گزارتے وہ اب تھکان سے بند ہوتی آنکھوں سے اپنے کمرے کی طرف بڑھا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

رات کے گیارہ بجے وہ دبے قدموں سے گھر میں داخل ہوئی تھی۔اسکی مجبوری تھی واپس آنا کیونکہ ولی اور زہرہ اس سے ناراض ہو چکے تھے۔

اسنے ایک نظر پورے گھر پر ڈالی۔ہر طرف اندھیرا سب اپنے کمروں میں تھے۔اسے خوف سا محسوس ہوا وہ آیت الکرسی پڑتی تیزی سے اپنے کمرے میں بھاگی تھی۔

کمرے کا دروازہ کھولتے وہ اندر داخل ہوئی تو اندھیرا دیکھتے اسے خوف سا محسوس ہوا۔ہاتھ مارتے اسنے جلدی سے مدھم روشنی کی تھی۔

جبکہ آواز پر بیڈ پر سوئے وجود میں ہلچل سی ہوئی۔

پیچھے مڑے بنا ہی اسنے ڈوپٹہ اتارتے بیڈ پر پھینکا اور پاؤں سے سینڈل نکالتے وہ آئینے کے سامنے ائی۔۔

جب اسے اپنے پیچھے کسی کا گمان ہوا۔وہ سانس روک گئی۔زرا سے پلکیں اٹھاتے آئینے میں دیکھا تو اپنے پیچھے کسی اور وجود کو دیکھتے اسکی سانس سینے میں اٹکی تھی۔

وہ چیخنا چاہتی تھی لیکن اسکی آواز اندر ہی کہیں دب گئی۔

آبان جو اپنے کمرے کا اے_سی خراب ہونے پر اس کمرے میں آگیا تھا یہ جانے بنا کے کسکا کمرہ ہے اب سمجھنے کی کوشش کرنے لگا کہ آخر کو ہو کیا رہا ہے۔

مدھم روشنی میں وہ ٹھیک سے دیکھ نہیں پا رہی تھی کہ ہے۔۔

آبان نے نیم اندھیرے میں اسے دیکھا اور بیڈ سے اٹھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے ایک سہمی ہوئی نظر اس وجود پر ڈالی جو اب بیڈ سے اٹھتا اسکی طرف بڑھا تھا۔

تھوک نگلتے اسنے دروازے کو دیکھا اور تیزی سے دروازے کی طرف بھاگی لیکن دروازے تک پہنچنے سے پہلے ہی آبان نے اسے پکڑتے اپنی طرف کھینچا۔

وہ یکدم اسکے سینے سے ٹکرائی توازن برقرار نا رکھتے وہ دونوں پیچھے بیڈ پہ گرے تھے۔

آبان نیچے جبکہ زمل اسکے اوپر تھی۔

زمل نے خوف سے خود کو اسکے اوپر دیکھا اسنے چیخنے کے لئیے منہ کھولا ہی تھا کہ آبان نے اسکے منہ پر ہاتھ رکھتے تیزی سے کروٹ لی تھی۔وہ اسکے نیچے دب گئ۔

ڈر،خوف سے زمل کا سانس سینے میں اٹکا تھا۔انکھوں سے بے ساختہ آنسوں گالوں پر پھسلے تھے۔

زمل تو نہیں ہاں البتہ آبان اسے پہچان گیا تھا۔

ہاتھ ہٹا رہا ہوں خبردار اگر تمارئ آواز نکلی تو۔جھک کر اسکے کان میں سرگوشی کرتے آبان نے آہستہ سے اپنا ہاتھ اسکے منہ سے پیچھے کیا۔

بھاری سرگوشی اور اسپر گرم سانسوں کا لمس اپنی گردن اور کان کی لو پر محسوس کرتے اسکی جان لبوں پر آئی تھی۔

آبان کے ہاتھ ہٹاتے ہی وہ تیز تیز سانس لینے لگی۔جیسے کہیں سے بھاگ کر آئی ہو۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسکی اتنی تیزی سے سانس کھینچنے پر آبان تیزی سے اس پر سے اٹھتے دوسری لائیٹس جلا گیا۔ جس سے کمرے میں روشنی کچھ بڑھی تھی۔

زمل جو پہلے ہی خوف سے سانس اٹکا بیٹھی تھی گرے آنکھوں پر نظر پڑتے اسکا وجود کپکپا گیا۔ وہ پل میں پہچان گئ تھی کہ مقابل کون ہے۔

آبان نے سرد نظروں سے بیڈ پر پڑے اس وجود کو دیکھا۔ لیکن وہ ٹھٹھک گیا۔

کیونکہ وہ اسے دیکھتے تیزی سے سفید پڑی تھی۔ تیزی سے سانس کھینچنے کی کوشش کرتے اسکا وجود بن پانی کے مچھلی کی طرح تڑپا تھا۔

آبان آنکھوں میں بے یقینی اتری تھی۔

کیا اسے استھما تھا۔ بالوں میں ہاتھ پھرتے اسنے الجھن سے اسے دیکھا۔

اسے یاد تھا جب سے وہ پیدا ہوئ تھی اسے سانس کا پرابلم تھا لیکن اس حد تک بڑھ چکا ہو گا اسے اندازہ نہیں تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زمل کیا تمہیں اسمتھا ہے۔ تو بتاؤ انہیلر کہاں ہے تمہارا۔۔

وہ اچانک اس پر جھکتا پریشانی سے اسے دیکھتا بولا۔۔

Posted On Kitab Nagri

زمل نے بولنے کی کوشش کی لیکن وہ بول نہیں پائی۔اسنے آنکھوں کے اشارے سے ڈریسینگ پر پڑے اپنے بیگ کی طرف اشارہ کیا لیکن آبان کو سمجھ نہیں ایا۔۔

سر تا پاوں نیلی پڑتے اسنے خود پر جھکے آبان کو شرٹ سے پکڑتے کھینچا۔وجہ اسے اشارہ کرنا تھا کہ انہیلر کہاہے۔

لیکن اسکے کھینچنے پر کہنی کے بل ٹکا آبان اس پر گرا تھا۔اور اسکے ہونٹ زمل کے ہونٹوں سے جا ملے۔

آبان کی آنکھیں پھیلیں تھی۔اگلے ہی پل وہ سوچے سمجھے بغیر ایک ہاتھ اسکے سر کے نیچے رکھتا جبکہ دوسرے ہاتھ سے اسکا منہ کھولتا اسکے لبوں پر جھکا تھا۔

ہوا میں سانس کھینچتے اسنے تیزی سے زمل کے سینے میں سانسیں اتاری تھیں۔

موت کے خوف سے زمل نے تیزی سے اسکی سانسیں کھینچی تھیں۔

کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوا۔۔ہوا میں سانس بھرتے وہ پھر سے جھکا اور اسے سانس دینے لگا۔

یہ عمل بے ساختہ اور انجانے میں تھا کہ بغیر کسی رشتے کے وہ دونوں ایک دوسرے کے ہونٹوں سے لپٹے تھے۔

اسکی سانسیں تھوڑی سی نارمل ہوئی تو وہ پیچھے ہوا تھا۔

اسکا اپنا سانس بری طرح سے پھول چکا تھا۔وہ زمل کے برابر بیڈ پہ گرا۔

Posted On Kitab Nagri

گہرے سانس بھرتی زمل اسے دیکھتے لڑکھڑاتے اٹھی تھی۔اسکی سانس بلکل تو نہیں لیکن کچھ نارمل ہوئی تھی۔ڈریسینگ تک پہنچتے اسنے تیزی سے بیگ اٹھاتے اس میں سے انہیلر نکالتے لبوں میں دبایا تھا۔

کافی دیر انہیلر سے سانس کھینچتے وہ نارمل ہوئی تھی۔

جبکہ بیڈ پر لیٹا آبان گہری نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

دونوں کی سانس نارمل ہوئی تو دونوں ہی چونک گئے۔۔

ایک دوسرے کو بے یقینی سے دیکھتے دونوں نے اپنے لبوں کو چھوا تھا۔۔

زمل نے چہرے کے رنگ تیزی سے بدلے تھے اسنے دونوں ہاتھوں کی پشت سے تیزی سے اپنے ہونٹ مسلے تھے۔

جبکہ آبان جو خود بے یقین تھا اسکے ایکٹ پر آنکھوں میں چنگاریاں سی پھوٹی تھیں۔

اسنے یہ عمل بے اختیاری میں صرف اسکی جان بچانے کے لئیے کیا تھا کیونکہ اتنی آسانی سے تو مرنے نہیں دے سکتا تھا اسے لیکن وہ رئیکٹ ایسے کر رہی تھی جیسے اسنے جانے کیا کر دیا ہو۔

وہ لب بھینچتا اٹھا تھا۔زمل اسے اپنے طرف آتے دیکھ تیزی سے واشروم کی طرف بھاگی لیکن اسکی کلائی آبان کے ہاتھ اچکی تھی۔

آبان نے اسے بازو سے کھینچتے دیوار سے لگایا۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں کیا لگتا ہے میں بہت خوشی سے یا نفس سے بہک کر تمہارے لبوں کو چھوا ہے۔ہاں یہ کر کے کیا ثابت کرنا چاہتی ہو گناہ کیا ہے مینے تمہاری جان بچا کر۔۔وہ اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا مدھم آواز میں دھاڑا تھا۔

اسکی دھاڑ پر زمل کو اپنے کان کے پردے پھٹتے محسوس ہوئے۔جبکہ اسکی گرم سانسوں سے اسے اپنا چہرہ اور گردن جھلستی محسوس ہوئی تھی۔

وہ سسک گئی۔۔

چپ بلکل چپ آواز نا آئے مجھے تمہاری۔۔وہ اس پر جھکتا دیورا پر ہاتھ مارتا غرایا تھا۔۔

زمل اسکے ڈر سے نچلہ لب دباتی اپنی سسکیاں روک گئی۔اسے اپنے اتنے قریب دیکھتے سہی معنوں میں اسکی جان نکل رہی تھی۔

آبان جو غصے سے اسے پھر سے کچھ کہنے لگا تھا وہ تھم گیا۔دل یک دم تیزی سے دھڑکا تھا۔

اسکے ڈر سے سختی سے آنکھیں مینچے جن سے آنسو ٹوٹ،ٹوٹ کر اسکے گلابی گال کو بھگوتے آبان کو بے چین کر گئے تھے۔

لرزتے ہونٹ جن سے سسکیاں نکلنے کو بے تاب تھیں۔لیکن اسکے خوف سے نچلے لب کو سختی سے دبائے وہ اسے زخمی کر گئی تھی۔

وہ اسکے حصار میں کانپتی سہمی ہوئی چڑیا کی مانند لگ رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

بے ساختہ آبان نے اسکا لب دانتوں سے آزاد کروایا تھا۔

اسکا ہاتھ اپنے لبوں پر محسوس کرتے زمل نے آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

سہمی ہوئی سیاہ آنکھوں میں اسے اپنا دل ڈوبتا ہوا محسوس ہوا تھا۔۔

وہ اپنی حالت پر گھبرا تا چاہ کر بھی اسکے چہرے سے نظریں نہیں ہٹا پایا۔

بے اختیاری میں اسنے اسکا زخمی لب اپنے انگوٹھے سے سہلایا تھا۔۔

زمل کی آنکھوں کے سامنے یک دم اندھیرا چھایا تھا۔

وہ اسکے لمس پر لرزتی اچانک بے جان ہوتی اس پر گری تھی۔

آبان نے بوکھلاتے اپنے کندھے پر اسکے سر کو دیکھا تھا۔

زمل۔۔اسنے پریشان ہوتے اسے پکارا۔۔

لیکن وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہو چکی تھی۔

آبان نے اسے اٹھاتے بیڈ پر ڈالا۔

زمل۔۔اسک چہرہ تھپتھپاتے وہ اسے ہوش دلانے کی کوشش کرنے لگا۔

اسکی نبض چیک کی جو بلکل ٹھیک چل رہی تھی وہ شائید اسکے ڈر سے بے ہوش ہوئی تھی۔

افف اتنی نازکی بے بی۔۔وہ اسکے ٹھیک ہونے پر گہری سانس اسکے چہرے پر چھوڑتا بولا۔۔

وہ اسکے ساتھ سفاک ہونا چاہتا تھا لیکن اسکا معصوم چہرہ الٹا اسے ہی بے چین کرنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ نظریں چراتے جھنجھلاتے اسکے کمرے سے نکلا تھا۔۔

اسے شدت سے اس کمرے میں آکر اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا۔

وہ سر جھٹک کر ارحم کے کمرے کی طرف بڑھا تھا۔جو لاک نہیں تھا۔

وہ شکر کرتا اسے سوئے دیکھ بیڈ کی دوسری طرف لیٹا تھا۔

گہری سانس چھوڑتے اسنے جیسے ہی آنکھیں موندیں لبوں پر نرم گرم سا لمس محسوس کرتے وہ فوراً سے آنکھیں کھول گیا۔

استغفار کیا سوچ رہا ہوں میں۔وہ سب صرف اسے سانس دینے کے لیئے تھا۔وہ اپنی سوچوں پر توبہ کرتا پھر سے آنکھیں موند گیا۔

نظروں کے سامنے بار بار وہ کتاب چہرہ لہرا رہا تھا جسے یاد کرتا وہ جانے کب گہری نیند سو گیا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوپن ریسٹورینٹ میں ٹانگ پہ ٹانگ چڑھائے بیٹھے داؤد نے تیسری بار بازو پر سجی گھڑی کو دیکھا۔وہ ایک گھنٹہ لیٹ ہو چکی تھی۔اسکے باوجود وہ سکون سے بیٹھا اسکا انتظار کر رہا تھا۔

وہ جسے انتظار سے سخت نفرت تھی لیکن آج اسے یہ انتظار بہت پر لطف سا لگ رہا تھا۔

تبھی اسے وہ بھاگتی ہوئی اپنی جانب آتی دکھائی دی۔

Posted On Kitab Nagri

ییلو کلر کے ڈریس میں نفاست سے ڈوپٹہ لیئے کندھوں کے گرد شال پھیلائے وہ اسے اپنے دل میں اترتی محسوس ہوئی۔۔

اسلام و علیکم !!سوری میں تھوڑالیٹ ہو گئ۔۔وہ پھولتی سانسوں سے شرمندہ سی بولی۔

داؤد نے اسے لنچ پر انوائیٹ کیا تھا۔

اٹس اوکے ہو جاتا ہے۔وہ جو ابا نرمی سے کہتے پانی کا گلاس اسکی طرف بڑھا گیا۔

ہانم نے تھینکیو کہتے تھام لیا۔

تو کیسی ہیں اپ۔۔اسکے ریلیکس ہونے پر وہ اسے بغور دیکھتا بولا۔

لائیٹ سے میکاپ میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔

الحمدللہ بلکل ٹھیک۔اپ سنائیں۔یہاں کا موسم توراس آرہا ہے نا اپکو۔۔نظریں اسکے وائیٹ شرٹ کے اوپری بٹن پر جمائے بولی جو کھلا تھا بازو سے کف فولڈ کیے ہوئے تھے جبکہ کوٹ پیچھے چیئر پر رکھا تھا۔وہ شائید آفس سے سیدھا یہیں آیا تھا۔

مجھے تو لگتا ہے یہاں کا موسم مجھے کچھ زیادہ ہی بھا گیا ہے۔تبھی تو واپس جانے کا دل ہی نہیں کرتا۔

وہ گھمبیر مدھم لہجے میں بولا۔

اسکے گھمبیر بھاری مردانہ آواز پر ہانم کے دل نے بیٹ مس کی تھی۔

کیا کرتی ہیں آپ آج کل۔۔کھانے کا آڈر دیتے وہ دوستانہ انداز میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

فلحال تو فری ہی ہوتی ہوں سوچ رہی ہو ماما کا بوتیک جوائین کر لوں۔

گڈ یہ تو اچھی بات ہے فارغ بیٹھنے سے تو بہت اچھا ہے۔۔وہ متاثر ہوا تھا۔

ویسے مینے سنا ہے آپکو میرے ساتھ شادی پر کوئی اعتراض ہے۔۔وہ براہ راست بات کی طرف ایا۔

اعتراض کیوں نا ہو۔کسی اجنبی کو ساری زندگی سونپ دینا کوئی عام بات تو نہیں۔وہ کونفیڈینس سے بولی۔

اوکے تو آپ چاہتی ہیں کہ لو و میرج ہو۔وہ اسے کھانا سرو کرتا بولا جو ابھی ویٹر رکھ کے گیا تھا۔

لو و میرج کا تو پتہ نہیں لیکن میں چاہتی ہوں کہ جس سے بھی شادی ہو شادی سے پہلے ہم ایک دوسرے کو جان لیں، سمجھ لیں۔وہ کندھے اچکا کر بولی۔

وہ آہستہ سے مسکرایا۔شادی تو آپکی مجھ سے ہی ہونی ہے سو آپ جیسے چاہئیں مجھے جان لیں۔وہ پر اعتماد لہجے میں بولا۔

اور آپکو ایسا کیوں لگتا ہے کہ کہ آپسے ہی شادی کروں گی۔وہ کافی کے سپ لیتے ائیبرو آچکا کر بولی۔۔

اور مجھ سے کیوں نہیں ہو سکتی۔کیا آپکو میں پسند نہیں یا مجھ میں کوئی برائی نظر آرہی ہے۔وہ جیسے اسکے کہنے پر محظوظ ہوا ہو۔

ہانم کنفیوز ہوئی۔سامنے بیٹھا مرد اس قابل تو نہیں تھا کہ نظر انداز کیا جائے یا ٹھکرایا جائے۔

ایسا تو نہیں کہا مینے۔وہ آہستہ سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

تو یعنی آپکو اس رشتے سے کوئی اعتراض نہیں۔وہ مدھم مسکراہٹ سے بولا۔۔

اعراض مجھے پہلے بھی نہیں تھا۔میں جانتی ہوں میرے باپ نے میرے بہترین ہی چنا ہے میں بس اجنبیت نہیں چاہتی تھی۔وہ ہلکا سا مسکراتے بولی۔۔

فکر مت کریں یہ اجنبیت کی دیوار بھی بہت جلد گر جائے گی۔وہ پر یقین لہجے میں بولا۔

ایم سو سوری لیکن مجھے جانا ہو گا میری بہت امپورٹنٹ میٹینگ ہے بابا بھی نہیں ہیں ورنہ میں آپکو ایسے چھوڑ کر نا جاتا۔کچھ دیر بعد کھانا ختم کرتے اسکا فون بجنے لگا تو وہ معذرت خواہ لہجے میں بولا۔

اٹس اوکے ۔ویسے بھی میں ہی اپنے ٹائم سے ایک گھنٹہ لیٹ تھی آپکو کافی انتظار کرنا پڑا۔وہ تھوڑا شرمندہ ہوئی۔

کوئی بات نہیں شادی کے بعد آپ بھی میرا آفس واپسی پر انتظار کر لیجئیے گا۔وہ آنکھوں میں کئی جذبات سمیٹے گھمبیر تا سے بولا۔

ہانم کا چہرہ گلابی ہوا تھا۔وہ بال کان کے پیچھے کرتی محظوظ سا مسکرائی تھی۔

کریں گی نا۔۔وہ ہلکا اسکی طرف جھکتا بولا۔انداز گھمبیر تا سا تھا۔

اسکی گھمبیر آواز سنتے اسکا دل دھڑکا تھا۔اسنے ایک پل کے لئیے داؤد کی آنکھوں میں دیکھا۔

داؤد کو اپنا جواب مل چکا تھا۔

وہ دل کشی سے مسکرایا۔

Posted On Kitab Nagri

چلیئے آپکو ڈراپ کر دوں گا۔۔اپنا کوٹ اور چابیاں اٹھاتے کہا تو وہ بھی اپنا بیگ اٹھاتی جلدی سے کھڑی ہو گئ۔۔

اسکے ساتھ چلتے ہانم اپنے بڑوں کے فیصلے پر کافی مصمئن نظر آرہی تھی۔۔

💞💞💞

حازق۔۔مہر نے اپنے سامنے بیٹھے حازق کو پر سوچ انداز میں پکارا۔۔

یس مام۔وہ لیپٹاپ سے نظریں ہٹاتا اسکی طرف متوجہ ہوا تھا۔

تمہیں ایزل کیسی لگتی ہے۔مہر اسکے دیکھتے بولی۔

کی بورڈ پر چلتی اسکی انگلیاں ایک پل کے لیئے رکی تھیں۔

زہر۔۔یک لفظی جواب آیا۔

مہر نے خفگی سے اسے دیکھا۔

حازق میں مزاق نہیں کر رہی سچی بتاؤ کیسی لگتی ہے تمہیں وہ۔۔وہ اٹھ کر اسکے پاس اگئ۔اسکی گود سے لیپٹاپ اٹھاتے اسنے حازق کو اپنی طرف متوجہ کیا۔

وہ جانتا تھا کہ اسکی مام کیوں پوچھ رہی ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

اچھی ہے مام، لیکن تھوڑی بد تمیز ہے۔وہ پوری ایمانداری سے بولا۔اپنی ماں سے وہ چاہ کر بھی کچھ نہیں چھپا سکتا تھا۔۔

مہر اسکے انداز پر مسکرائی۔۔

تمہارے لیے ایز الائف پاٹنر کیسی رہے گی وہ۔۔اسکے بال بگاڑتے مہر نے اچانک ہی پوچھ لیا۔

حازق کو ایسی ہی توقع تھی۔

آپ کیا چاہتی ہیں۔وہ جواباً اسکے ہاتھ تھامتا احترام سے بولا۔

مہر نے ایک پل کے لیئے اسے دیکھا۔

میں چاہتی ہوں تمہاری اور ایزل کی شادی ہو جائے۔میری خواہش ہے کہ ایزل تمہاری دلہن بنے۔لیکن اسکا مطلب یہ نہیں کہ میں کوئی زبردستی کر رہی ہوں۔یا پھر تمہارے انکار کرنے پر میرا دل ٹوٹ جائے گا۔

میرے لیئے تمہاری خوشی اور سکون سب سے پہلے میٹر کرتا ہے۔وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے نرمی سے بولی۔

اور اگر میں کہوں کہ یہی میری خواہش ہے تو۔۔وہ اسے دیکھتے ہلکا سا مسکراتے بولا۔

مہر نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

تم۔تم سچ کہہ رہے ہو۔وہ بے یقینی سے بولی تھی۔حازق اپنی ماں کے انداز پر مسکراہٹ دبا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

بلکل سچ۔اسکے ہاتھ چومتے وہ محبت سے بولا۔

حازق کیا تم دل سے یہ چاہتے ہو۔میری خواہش کے احترام یا پھر کسی مجبور میں۔وہ اپنی بات ادھوری چھوڑ گئ۔

مام میں یہ اپنی خوشی اور دل سے کہہ رہا ہو۔مانا کہ ہم دونوں کی نہیں بنتی لیکن وہ ایک اچھی لڑکی ہے (استغفار)دل میں کہا تھا۔۔وہ نرمی سے اپنی ماں کو دیکھتے بولا۔

تھینکیو سو مچ میری جان۔بہت بہت شکریہ میں آج ہی تمہارے بابا سے بات کرتی ہوں۔وہ خوشی سے اسکا ماتھا چومتے بولی تھی۔

مجھ سے تو پوچھ لیا اب زرا اس آفت کی پڑیا سے پوچھ لیجئیے گا دیکھئیے گا میرا نام سنتے وہ جان لینے کو آئے گی۔وہ ماں کی بے یقینی پر محظوظ ہوتا بولا۔

مانے گی کیوں نہیں۔۔وہ پر یقین سی بولی۔۔

تم اپنا کام کرو میں باہر جا رہی ہوں تمہارے بابا آنے والے ہیں۔وہ کہتے چلی گئ۔

اسکے جاتے حازق کی آنکھوں کی نرمی میں پل میں غائب ہوئ تھی۔مسکراہٹ کی جگہ سنجیدگی نے لے لی۔

Posted On Kitab Nagri

ایسا نہیں تھا کہ وہ صرف مہر کی خواہش کے لیئے یہ سب کر رہا تھا۔ہاں لیکن جب اسنے خود ہی کوئ پسند نہیں تھی تو اسکی ماں کو پورا حق جاتا تھا اس سے وہ چپ رہا تھا۔لیکن ایزل کے لیئے بلکل راضی نہیں تھا۔ وہ چپ رہا کیونکہ وہ اچھے سے جانتا تھا کہ وہ آفت یہ بات سنتے ہتھے سے اکھڑ جائے گی اور انکار کر دے گی۔اس طرح وہ اپنی مام کا دل بھی نہیں توڑے گا۔

وہ ڈبل گیم کھیل گیا تھا کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی ناٹوٹے۔

وہ ہلکا سا ہنسا۔یقیناً یہ دلچسپ ہونے والا تھا۔اب اسے اسکے ریکشن کا شدت سے انتظار تھا وہ جانتا تھا کہ وہ کبھی نہیں مانے گی۔اور یوں اسکا کام آسان۔

اگر اسے منا بھی لیا گیا تو وہ مطمئین تھا کہ اس ٹیڑھی پسلی کو سیدھا ضرور کر لے گا۔

💞💞💞

کیا ہے یہ بدر۔تنگ اچکی ہوں میں تمہاری ان روز روز کی حرکتوں سے۔یہ سب تو نہیں سکھایا مینے تمہیں پھر کیوں کرتے ہر روز نئے تماشے جواب دو مجھے۔۔اسکا لہجا بغیر کسی لچک کے تھا۔

جبکہ بدر سر جھکائے اسکی باتیں سنتا رہا۔اسکی آخری بات پر اسنے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

نیلی آنکھوں میں بھسم کر دینے والا جنون تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ انہوں نے میری بہن کو تنگ کیا تھا۔انکی ہمت کیسے ہوئی بدر عالم کی بہن کو تنگ کرنے کی۔چہرے کے تاثرات کے برعکس جواب بہت تحمل سے دیا تھا۔ٹھہری ہوئی سی گھمبیر آواز تھی۔

نورین نے ازیت سے اسے دیکھا۔

ماما۔اسکی آنکھوں میں تکلیف وازیت کے تاثرات دیکھتے وہ تڑپ کر اسکے پاس پہنچا۔

ایک چھوٹی سی لڑائی ہی تو تھی اسے سمجھ نہیں آتا تھا کہ آخر کو اسکی ماں کی آنکھوں میں اسکی چھوٹی سے لڑائی پر بھی اتنی ازیت کیوں سمٹ آتی تھی۔

ایم سوری آئیندہ ایسا نہیں ہو گا۔نرمی سے اسے خود سے لگاتے کہا۔

وعدہ کرو آئیندہ تم کسی سے نہیں لڑو گے۔وہ بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھتی بولی۔

وہ لب بھینچ گیا۔وعدہ۔اہستہ سے کہتے اسنے نورین کے سر پہ لب رکھے۔

پھر کبھی ایسا نہیں کروں گا۔وہ ہنوز نرمی سے بولا۔

لیکن چہرے کے تاثرات سپاٹ تھے۔

جبکہ ان سے دور کھڑے عالم اور بریرہ بیزاری سے انہیں دیکھ رہے تھے یہ انکا روز کا تھا۔

ہر روز بریرہ کسی نا کسی سے پنگا لیتی اور بدر جا کر انکی ٹھکائی کرتا جسکے بعد وہ سرعت سے بریرہ کو اسمیں سے نکالتے سارا الزام اپنے سر لے لیتا۔

ماما کب تک چلے گا یہ ایموشنل ڈرامہ۔۔وہ عالم کے کندھے پر سر رکھے جمائی لیتی بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

نورین نے گھور کر اسے دیکھا تو وہ جلدی سے سیدھی ہو گئ۔

مہر پھوپھو کی کال آنے والی ہے نا میں اسلیے کہہ رہی تھی۔ماں کی گھوری پر وہ تیر کی طرح سیدھی ہوئ تھی۔

جبکہ مہر کے نام پر سپاٹ سی نیلی آنکھوں میں نرمی کے ساتھ چمک بھی ابھری تھی۔

مخصوص سی چمک وہی چمک جو سالوں پہلے اس شہزادی کو دیکھ ایک بیسٹ کی آنکھوں میں چمکتی تھی۔

نورین نے کن اکھیوں سے اپنے بیٹے کو دیکھا جسکے چہرے پر مہر کے نام سے ہی نرمی اچکی تھی۔۔

وہ لب بھینچ گئ۔

اسنے بدر سے مہر کا ذکر اسکی پھوپھو کے لحاظ سے ہی کیا تھا۔شروع سے ہی جب بھی وہ مہر کو لیپٹاپ پر دیکھتا تھا وہ ہمک ہمک کر اسے باہر نکالنے کی کوشش کرتا۔

چاہے وہ رو رہا ہو، یا پھر کچھ بھی ہو مہر کے نام پر اسکی تصویر سامنے آنے پر وہ خاموش ہوتا چمکتی آنکھوں سے بس اسے دیکھتا رہتا۔

جیسے جیسے وہ بڑا ہوتا گیا عالم اور نورین نے اسکے نقوش میں بڑھتی شبیہ کو دیکھتے اسکی مہر سے بات کروانا بند کر دی۔لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ جب وہ مہر سے بات کرتے تھے وہ چھپ کر ہمیشہ مہر کو دیکھتا تھا۔

کیوں یہ بات وہ آج تک سمجھ نہیں پائے۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ ماہ پہلے ایک دن مہر کی کال آنے پر جب اسنے اٹھائی تو سامنے ایک جیسے دو چہرے دیکھ وہ ساکت ہوا تھا۔

ہو بہو مہر کا عکس تھی وہ اسے دیکھ جانے کیوں اسکا ساکت دل دھڑکا تھا۔

لیکن ان دونوں کے متوجہ ہونے سے پہلے ہی وہ کال کاٹ گیا۔

مہر کے نام پر اسکی آنکھوں میں احترام، محبت، عزت اور ایک خاص سی چمک ہوتی تو۔ مرحا کے نام پر وہ چمک دس گناہ زیادہ ہو جاتی تھی۔ اور اس بات سے اسکی ماں باخوبی واقف تھی۔

لیکن بدر کی سمجھ نہیں آتا تھا کہ وہ دونوں اسے مہر کے سامنے جانے سے کیوں روکتے ہیں۔ وہ جتنا سوچتا اتنا الجھ جاتا۔

سوچوں کے جال سے باہر نکلتے اسنے ان تینوں کو دیکھا جو وہاں نہیں تھے۔

یقیناً مہر پھوپھو کی کال اچکی تھی۔ سوچتے وہ باہر کی طرف بڑھ گیا۔

ویسے بھی وہ پرسوں پاک واپس جا رہے تھے تب اسے کون روک سکتا تھا مہر ماہ شاہ سے ملنے سے۔ وہ مطمئین تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم!!وجدان بھائی، مرتسم اور عادی ایک ساتھ اندر آئے تھے۔

وعلیکم سلام!!سب نے زیر لب جواب دیا تھا۔

مہرانکے لیئے پانی لینے چلی گئ۔

اسنے مرتسم کو پانی دیا تو مرتسم نے اسکے چہرے کو دیکھا جہاں اج خاص سی چمک تھی۔انکھیں بھی خوشی سے چمک رہی تھی۔وہ آج اتنی خوش کیوں تھی یقیناً کیوں نا کوئ بات تو تھی۔

لیکن وہ اسے خوش دیکھ مسکرا دیا۔

کوئ ہوش ہے تمہیں کہ شوہر گھر آیا ہے۔اسے چھوڑتے زرا شوہر کو بھی دیکھ لوں۔۔

وہ فون پر لگی وشہ کو دیکھ اونچی آواز میں بولا۔

شوہر کونسا کوئ نیا آیا ہے۔روز آتا ہے۔اب تو دیکھ دیکھ میں تھک چکی ہوں اور کتنا دیکھوں۔وہ بھی جوابا ائیرا آچکا کر بولی۔

تم مجھے دیکھ دیکھ کر تھک چکی ہو۔عادی کو صدمہ لگا۔

بڑے یہاں موجود نہیں تھے اس لیے وہ ٹکا کے جواب دے رہی تھیی۔

جبکہ باقی لوگ انکی لڑائ سے محفوظ ہو رہے تھے۔۔

تو اور کیا ایک تو تمہاری شکل بھی سڑے ہوئے بینگن جیسی ہے اوپر سے روز دیکھنی پڑتی ہے اسکا مطلب یہ تو نہیں ب سارا دن تمہیں دیکھو۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ناک چڑھا کر بولی۔

عادی نے اسے گھورا۔ٹھیک ہے مت دیکھو ایسا کرنا رات کو بھی مما کے کمرے میں سو جانا تمہیں میری شکل نا دیکھنی پڑے۔۔وہ خفگی سے کہتا کمرے میں چلا گیا۔

وشہ نے ہقابقا اسے دیکھا۔

کمرے سے نکالنے کی دھمکی تو بیوی دیتی ہے اور یہ بیوی کو ہی دے کر چلا گیا۔اسکی اتنی ہمت وہ غصے سے بڑبڑاتے اسکے پیچھے لپکی تھی۔

باقی سب کا قہقہ گونجا تھا۔اتنے سال گزر جانے کے باوجود وہ دونوں آج بھی بچوں کی طرح لڑتے تھے۔

اسلام و علیکم بابا، بڑے پاپا، اینڈ چاچو!!وہ تینوں کو اکھٹا کہتے مرتسم کی طرف بڑھی تھی۔اسکی طعبیت ناسا تھی اس لیے وہ آج آفس نہیں گئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام!!وہ دونوں ایک ساتھ بولے تھے۔

وعلیکم سلام میرا بچہ !اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے مرتسم نے اسے اپنے ساتھ بٹھالیا۔

طعبیت کیسی ہے اب۔۔اسکے اپنے حصار میں لیتے مرتسم نے محبت سے اسے دیکھتے پوچھا۔

بلکل ٹھیک ہوں۔وہ مسکرا کر بولی۔

بابا۔اپنی ماں کو دیکھتے اسنے سرگوشی میں مرتسم کو پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

بیس مائ پر نسز۔ وہ بھی جواباً سرگوشی میں بولا۔

اپنے ماما کو دیکھا ہے آج کتنی خوش ہیں۔وہ مہر کے خوشی سے بھرپور چمکتے چہرے کو دیکھتے بولی۔

ہم ماشاءاللہ بہت خوش لگ رہی ہیں لیکن کیوں۔وہ دونوں سرگوشی میں بول رہے تھے۔

یہ تو اپنے پتا لگوانا ہے نا۔وہ اسکا کالر ٹھیک کرتے بولی۔

اوکے مائ بچہ۔۔ مرتسم اسکا سر چومتے خود اوپر کی طرف بڑھ گیا جاتے ہوئے مہر کو اشارہ بھی کیا تھا جسنے آج اسے گھورا نہیں تھا۔

کیا ہو رہا ہے۔میثم دھپ سے اسکے ساتھ بیٹھتا بولا۔

مرحا نے چہرہ موڑتے اسے دیکھا۔وہ تھکا ہوا لگ رہا تھا۔بال بھی پسینے سے نم تھے۔

اسنے محبت سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔۔

کھیل کر آئے ہو جاؤ شاور لے لو میں تمہارے لیئے جوس لاتی ہوں۔اسکے بال ماتھے سے ہٹاتے کہا تو وہ اسکے سر پر لب رکھتا چلا گیا۔

وہ نفی میں سر ہلا گئ۔اسکے دونوں بھائ ایک جو اسکا جڑواں تھا جبکہ دوسرا جو اس سے چھوٹا تھا وہ اسے ایسے ٹریٹ کرتے تھے جیسے وہ ان دونوں سے چھوٹی ہو۔انگلیٹ جیسے وہ کوئ چھوٹی سی بچی ہو۔

لیکن اسکے بابا اسے شیرنی کہتے تھے۔مرتسم کا کہنا تھا کہ اسے اپنی بیٹی میں شہزادی والا ناز و انداز نہیں چاہیئے بلکہ ملکہ والا قہر چاہیئے۔

Posted On Kitab Nagri

اور وہ ایسی ہی تھی۔شہزادی صرف اپنے بھائیوں کی تھی جبکہ باہر کی دنیا کے لیئے وہ ایک کونفیڈینٹ بزنس وومین تھی۔

وہ سوچتے مسکرادی۔۔

وجدان بھی فریش ہونے جاچکا تھاوہ ماہم اور ہانیہ کے ساتھ کچن میں ہیلپ کروانے لگی۔۔

💞💞💞

عادی۔وشہ نے اسے سنجیدہ چہرے کو دیکھتے معصومیت سے پکارا۔

وہ چپ رہا۔

دئیر ہز بینڈ۔۔وہ لہجے میں پیار سموئے اسکے قریب ائی۔

عادی نے اسے نظر انداز کیا۔وہ ابھی شاور لے کر آیا تھااور اب آئینے کے سامنے کھڑا اپنے بال بنارہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب مجھے ایسے اگنور کروگے۔۔وہ اسے پیچھے سے ہگ کرتی بولی۔

عادی کے ہاتھ ایک پل کے لیئے رکے۔لیکن پھر سر جھٹک کر اپنا کام کرنے لگا۔

عادی۔۔ابکی بار آوز نم تھی۔

وہ گہری سانس بھر کے رہ گیا۔اسنے بازو سے کھینچتے وشہ کو اپنے سامنے کیا۔

Posted On Kitab Nagri

اگلے ہی پل اسے سوچنے سمجھنے کا موقع دیئے بغیر اسکے لبوں پر جھک گیا۔

وہ گھبرا کر اسکے کندھوں پر ہاتھ رکھ گی۔

اچھی طرح سے اسکی سانسیں بگاڑتے وہ پیچھے ہوا۔

اب بولو کیا بول رہی تھی۔میرا چہرہ نہیں دیکھنا تو کسکا دیکھنا ہے ہم۔۔وہ اسکی گردن میں منہ چھپائے گہری سانس بھرتا بولا۔

وہ سرخ پڑتی بوکھلا گئ۔

میں تو مزاق کر رہی تھی۔سانسیں ہموار کرتے وہ بامشکل مسکراتے بولی۔

آئیندہ ایسے مزاق کرو گی تو ایسی ہی سزا ملے گئ ڈئیر سٹ وائف۔۔۔وہ اسکے بھیگے لب پر شدت بھرا بوسہ دیتے آنکھ ونک کر گیا۔

وشہ نے اسکے کندھے پر ہلکا سا مکہ کھڑا۔

شرم کر لو بچے بڑے ہو گئے ہیں تمہارے لیکن تمہارے رومینس میں کوئ کمی نہیں۔وہ تاسف سے اسے دیکھتے بولی۔

بچے بڑے ہونا کا مطلب یہ تو نہیں کہ ماں باپ اپنا رومینس کم کر دیں۔وہ بے باکی سے بولا تو وہ اسے گھور کر رہ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ جیسے ہی دروازہ کھولتے کمرے میں آئی تو اپنے پیچھے دروازہ بند ہونے کی آواز پر پلٹی لیکن اسکے پلٹنے سے پہلے ہی مرتسم نے پیچھے سے اپنے حصار میں لیا تھا۔

کیا بات ہے جانم آج بہت خوش لگ رہی ہیں اور اتنی جلدی کمرے میں بھی آگئیں۔وہ اسکے سر پہ لب رکھتا مدھم لہجے میں بولا۔۔

بات ہی اتنی خوشی کی ہے شاہ۔وہ اسکے حصار میں پلٹ کر بولی۔

کیا بات ہے جانم۔وہ اسکی بھوری آنکھوں میں بڑھتی چمک کر دیکھتے بولا۔

حازق ایزل کے لیئے مان گیا ہے شاہ۔اسے ایزل سے شادی پر کوئی اعتراض نہیں ہے شاہ۔۔اسکی خوشی چھپائے نہیں چھپ رہی تھی۔

مرتسم نے حیرت سے اسے دیکھا۔

کیا واقعی۔۔وہ بے یقین تھا۔

ہاں شاہ آپکو بھی یقین نہیں ہو رہا نا مجھے بھی نہیں ہوا تھا۔

وہ ہس کے بولی اور اپنی اور حازق کی ساری باتیں حرف با حرف اسے بتاتی گئ۔

سٹرینج آگر ایسا کچھ تھا بھی تو حازق نے خود کیوں نہیں زکر کیا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پر سوچ لہجے میں بولا۔

میں بھی حیران ہوں شاہ۔اسنے خود کہا کہ اسکی بھی یہی خواہش ہے۔لیکن جو بھی ہے اب تو بس ایزل ہی میرے حازق کی دلہن بنے گی۔وہ خوشی سے چور لہجے میں بولی۔

مرتسم مسکرادیا۔انشاءاللہ۔۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے کہا لیکن چہرے پر سوچ کی پرچھائی تھی۔

💞💞💞

بھائی آپکو پتا ہے اسکے بعد بھی میں ہی جیتا۔اج تک مجھے کوئی نہیں ہرا سکا اور اسے لگا تھا کہ وہ اپنی گرلفرینڈ کا لالچ دے کر مجھے روک لے گا۔لائیک سیریسلی۔وہ حازق کے کمرے کے باہر ہی تھا جب اسے میثم کی ہستی ہوتی آوازائی۔۔

ویسے تمہیں کرنا یہی چاہئیے تھا گرلفرینڈ لے لیتے اور میچ بھی جیت جاتے۔مرحا اسکے ہاتھ پہ ہاتھ مارتے بولی۔

ویسے اس ٹائم شکل دیکھنے والی تھی۔سپیشلی اسکی گرلفرینڈ کی جب پانی گرنے سے اسکا سارا میکاپ خراب ہوا تھا۔وہ ہسی سے لوٹ پوٹ ہوتا بولا۔

حازق ہلکی مسکراہٹ سے دونوں کو دیکھتا رہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

(آج یونی میں جب انکا میچ تھا تو اسکے مخالف کی گرلفرینڈ بار بار اسے اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ جسے دیکھتے ایناره نے اس پر پانی گرایا تھا۔ جسکی وجہ سے اسکا میکاپ سراخراب ہو گیا تھا۔)

مرتسم نوک کرتا اندر آیا تو وہ تینوں احتراماً اٹھ کھڑے ہوئے۔

آیئے بابا۔۔ مرحا بھاگ کر اسکے پاس ائ۔

آپکو پتا ہے بابا آج بھی میں میچ جیت گیا۔ میثم بچوں کی سی خوشی لیے اسے دیکھتا بولا۔

اسے فٹبال کا جنون تھا۔

آئ نو بیٹا۔ میرے بیٹے کو فٹبال میں تو کم از کم کوئ نہیں ہرا سکتا۔۔

وہ اسکے بال بگاڑتا بولا تو وہ ہس دیا۔

حازق خاموشی سے کھڑا انہیں دیکھتا رہا۔

تینوں کو ایک ساتھ دیکھتے اسے حیرانگی نہیں ہوئ کیونکہ انکے تینوں بچے ایک دوسرے سے کافی اٹیچ تھے۔

لیکن اب بہت باتیں ہو گئ چلو جاؤ اب سو جاو۔ مرتسم نے ان دونوں سے کہا۔

دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا مرتسم نہیں جا رہا تھا مطلب وہ حازق سے بات کرنا چاہتا تھا۔

اوکے بابا گڈ نائیٹ۔ اسکے گال پہ لب رکھتے مرحا نے میثم کا اشارہ کیا۔

Posted On Kitab Nagri

گڈ نائیٹ بابا۔۔ میثم بھی کہتا مرحا کے پیچھے لپکا تھا۔

مرتسم نے حازق کو دیکھا جو اب کنفیوز سا کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔وہ جانتا تھا مہر نے اسے بتا دیا ہو گا۔

بیٹھو۔۔ مرتسم نے اشارہ کیا تو وہ اسکے سامنے بیٹھ گیا۔

مینے سنا ہے تمنے ایزل سے شادی کی خواہش ظاہر کی ہے برخوردار۔۔

اسکے کہنے کی دیر تھی باہر کھڑے مرحا اور میثم جو تجسس سے وہیں رک گئے تھے انکے منہ کھل گئے۔

ایزل، ایزل اپی۔ دونوں کے منہ ایک ساتھ سوگوشی میں نکلا تھا۔

پورا خاندان انکی دشمنی سے آگاہ تھا ایسے میں اسی سے شادی وہ حیران تھے۔۔

جی بابا۔وہ اعتماد سے اپنے باپ کو دیکھتا بولا۔

جان سکتا ہوں یہ کب ہوا۔ جہاں تک مجھے پتا ہے تمہیں تو ایزل بلکل پسند نہیں۔وہ گہری نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پسند اب بھی نہیں ہے بابا۔ لیکن مام نے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو مجھے لگا سوچنا چاہیئے۔

وہ مضبوط لہجے میں بولا۔

مرحا اور میثم صدمے سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے کہ یہ انکا بھائی ہی تھا۔

مرتسم ابھی بھی گہری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

صرف ماں کی خواہش رکھنے کے لیئے کہہ رہے ہو یا واقعی تم ایزل کے بارے میں سوچ رہے ہو۔وہ سنجیدگی سے اسے دیکھتا بولا۔

حازق کچھ پل کے لیئے خاموش ہوا۔

ایسی تو کوئی خاص برائی نہیں اسمیں بس وہ مام کے ساتھ چپکتی زہر لگتی ہے اور تھوڑا سا بچپنا ہے۔

اس لیے سوچا جا سکتا ہے شادی کے لیئے۔وہ بھرپور سنجیدگی سے بولا۔

مرتسم نے گہری سانس بھری۔وہ اٹھ کے کھڑکی میں اگیا۔

دیکھو حازق ہمیں کوئی پرابلم نہیں ہے ہمارے لیے ہمہاری خواہش سے پہلے تمہاری خوشی ہے۔۔

ایزل بہت اچھی بچی ہے۔پڑھی لکھی سلجھی ہوئی، انڈیپینڈنٹ ہے۔مانا کہ تھوڑا بچپنا ہے لیکن وہ تو ہر لڑکی میں ہوتا ہے۔۔

جانتے ہو تمہاری مام سے جب میرا نکاح ہوا تھا تو ان میں ایزل اور مرحا سے زیادہ بچپنا تھا۔مرتسم سنجیدگی سے بول رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حازق نے چونک کر اسے دیکھا اسکی مام کا کیا زکر۔

لیکن مجھے انکا بچپنا ایریٹیٹ نہیں کرتا تھا بلکہ میں انجوائے کرتا تھا۔گھر آتے ہی انکی چھوٹی چھوٹی شرارتیں میری ساری تھکان ختم کر دیتی تھیں۔یہاں تک کہ آج بھی۔اج بھی ان میں بچپنا ہے۔لیکن یہ بچپنا وہ میرے سامنے ظاہر کرتی ہیں۔اور میں ہمیشہ انکی لاڈ اٹھانے میں پہل کرتا ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ انکی چھوٹی چھوٹی شرارتیں، ناراضگیاں، لاڈ اٹھوانا، نخرے دکھانا یہ سب میری زندگی کو رنگوں سے بھرتا ہے۔۔ابکی بار وہ اسکی طرف مڑا۔

حازق حیران نہیں ہوا وہ اپنے باپ کا اپنی ماں کے لیئے پیار بہت اچھے سے جانتا تھا۔

اگر تو تمہیں یہ لگتا ہے کہ ایزل انکار کر دے گی اور تم اپنا پہلو بچا کر نکل جاؤ گے تو غلط لگتا ہے۔مرتسم کی اس بات پر وہ نظریں چرا گیا۔وہ کیسے بھول گیا کہ وہ اسکا باپ تھا۔وہ اسکی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات تک جان جاتا تھا تو پھر یہ تو اسکی زندگی کا سوال تھا۔

جبکہ وہ دونوں باہر کھڑے اپنے بھائی کی سوچ پر حیران ہوئے تھے۔

اور اگر یہ سوچ ہے کہ شادی کے بعد ایزل کو ٹھیک کر لو اسکا بچپنا ختم کر دو گے تو بہت ہی کوئی گھٹیا مردوں کی سی سوچ ہے۔

جو یہ سوچتے ہیں کہ عورت کو بہت سنجیدہ ہونا چاہیئے شادی کے بعد اپنی ذمہداریاں سنبھالنا ہی انکا کام ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ حازق کے چہرے کو بغور دیکھتا بولا۔

حازق نے لب بھینچے۔۔اسنے ایسا تو نہیں سوچا تھا۔وہ بس چاہتا تھا کہ وہ تھوڑی میچیور ہو جائے۔۔

Posted On Kitab Nagri

عورت میچیور صرف تب ہوتی ہے جب وہ ٹوٹتی ہے۔اور میں جانتا ہوں میرا بیٹا کبھی کسی عورت کا دل دکھانے کا باعث تو کبھی نہیں بنے گا۔وہ عورت جو اسکی بیوی ہو اور اسکی ماں کے دل کے بہت قریب ہو۔وہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتا بولا۔

یاد رکھنا تمہاری بھی ایک بہن ہے اور اسمیں بھی ایزل جیسا ہی بچپنا ہے یقیناً تم نہیں چاہو گے کہ کوئ اسکی کھکھلاہٹ کو صرف مسکراہٹ میں بدل دے۔۔وہ معنی خیز انداز میں بولا تھا۔

جبکہ باہر کھڑے میثم نے مرحا کو سختی سے خود میں بھینچا۔۔اپنی بہن میں دونوں کی جان تھی وہ اس پر انچ تک برداشت نہیں کر سکتے تھے۔

اگر انکی وجہ سے انکی بہن پر ایک خراش بھی آتی تو وہ خود کو ختم کر دینے میں دیر نہیں لگاتے۔

مرحا اسکے سینے پر سر رکھے خاموش ہو گئ۔اسے بھی حازق کی سوچ نے ہرٹ کیا تھا۔

اتنی پیاری سی تو تھی ایزل۔ہستی کھیلتی،شرارتیں کرتی زندگی سے بھرپور۔۔پتہ نہیں کیوں اسکے بھائ کو وہ پسند نہیں تھے۔انکھوں میں نمی لیے سوچا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپکی ساری باتیں ٹھیک ہیں بابا۔مینے واقعی یہی سوچا تھا کہ ایزل انکار کر دے گی اور میں مام۔کا دل توڑے بغیر اس معاملے سے نکل جاؤں گا۔لیکن مینے یہ نہیں سوچا تھا کہ میں ایزل کو بدل دوں گا۔ہاں

Posted On Kitab Nagri

بس تھوڑا سا میچور بنانا چاہتا تھا کیونکہ وہ بہت عجیب ہے، ایسی لڑکیاں مجھے بلکل نہیں پسند اور میں۔وہ سنجیدگی سے بولتا یکدم رکا تھا۔

اپنے کمرے کے باہر کھڑے مرحا اور میثم کر دیکھ کر نہیں۔انکھوں میں نمی اور سنجیدگی لیے اپنی ماں کو کھڑے دیکھا۔

اسکی نظروں کے تعاقب میں ان تینوں نے دیکھا۔

مرتسم لب بھینچ گیا۔اسنے غصے سے حازق کو دیکھا۔اور آگے بڑھتے مہر کا اپنے ساتھ لگاتے اندر لے ایا۔

میثم اور مرحا بھی انکے پیچھے آئے تھے۔۔

مہر مرتسم کے سینے سے لگے خاموشی سے حازق کو دیکھ رہی تھی۔جبکہ مرحا بھی اب بھاگ کر مرتسم کے سینے سے لگی تھی۔۔

وہ خاموش نہیں رہی گھٹی گھٹی آواز میں رونے لگی تھی۔

مرحو میری جان ایسے نہیں روتے ماما پریشان ہو جائیں گی۔

حازق اسے مرتسم سے الگ کرتا خود سے لگاتا اسے پچکارتے بولا۔

حازق تمنے ایزل کے بارے میں ایسے کیسے سوچ لیا۔اگر وہ تمہیں پسند نہیں ہے تو ٹھیک ہے تم اسے بات بھی مت کیا کرو لیکن اسکے بارے میں ایسے سوچنا کہ تم اسے بدل دو گے تمنے سبکو ہرٹ کیا ہے

Posted On Kitab Nagri

۔تم ایسی سوچ رکھتے ہو میں کبھی نہیں جانتی تھی۔وہ بری طرح سے روتے بولی تھی۔اسے حقیقتاً اپنے بھائی کی سوچ نے تکلیف دی تھی۔

میری غلطی تھی جو مینے ایسی خواہش کی۔لیکن مینے تمہیں مجبور نہیں کیا تھا تم سیدھا سیدھا مجھے انکار کر دیتے تو مجھے اتنا برا نہیں لگتا لیکن تم تو گیم کھیلنے لگے۔ایزل کو میری نظروں میں برا بنا سکو۔

لیکن حازق میر شاہ مینے تمہیں کبھی رشتوں میں گیم کھیلنا تو نہیں سکھایا تھا۔اسکی آواز میں صرف تکلیف تھی۔

جبکہ اسکے منہ سے اپنا پورا نام سنتے حازق کو اس سے کہیں زیادہ تکلیف ہوئی تھی۔

مام میں۔وہ مرحا کو پیچھے کرتا ابھی اسکی طرف بڑھا ہی تھا کہ اسنے ہاتھ اٹھاتے روک دیا۔۔

جو بھی بات ہے وہ اس کمرے تک ختم ہو گئی۔۔آئندہ کوئی ایزل کو تمہارے ساتھ نہیں جوڑے گا۔

مجھے میری ایزل بہت عزیز ہے میں اسے تمہارے ساتھ باندھ کر اسکی مسکراہٹ چھیننے کا رسک اب ہرگز نہیں لوں گی۔۔وہ سنجیدگی سے بولتے وہاں سے چلی گئی۔۔

پیچھے وہ چاروں اپنی اپنی جگہ خاموش رہ گئے۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

صبح جب وہ اٹھا تو شدید بخار میں پھنک رہا تھا۔اسے سمجھ نہیں آیا رات تک تو وہ بلکل ٹھیک تھا لیکن اب اچانک سے کیسے اسے بخار ہو گیا۔

بخار اتنا شدید تھا کہ اسکا جسم ٹوٹ رہا تھا۔

ایزل نے اسے میڈیسن دی تب جا کر کچھ افاقہ ہوا۔

دوپہر میں وہ بستر سے اٹھ کر باہر آیا تو معلوم پڑا کل رات سے وہ بھی شدید بخار میں پھنک رہی ہے۔

وہ دیکھنا چاہتا تھا کہ آخر کو اسکا ریکشن کیسا ہے لیکن بخار کی وجہ سے وہ زہرہ کے کمرے میں اسکے پاس ہی تھی اسلیے اپنا ارادہ کینسل کرتا باہر ہی بیٹھ گیا۔

لیکن جانے کیوں دل ہمک ہمک کر اسکے دیکھنے کی خواہش کر رہا تھا۔وہ خود بھی حیران ہو رہا تھا کہ آخر وہ اسے دیکھنے لیئے اتنا بے چین کیوں ہو رہا ہے۔۔

چیونگم چباتے وہ بے چینی سے دائیاں پاؤں ہلا رہا تھا۔جب اسنے زہرہ کو کمرے سے باہر نکلتے دیکھا۔زہرہ کا ڈیوٹی ٹائم تھا اسلیے وہ ہوسپٹل جا رہی تھی۔اسکے جاتے ہی وہ نامحسوس انداز میں اٹھ کر اسکے کمرے کی طرف چلا گیا۔

دروازہ بند کر کے وہ جیسے ہی پلٹا نظر سیدھا بیڈ پہ پڑے وجود پر گئی۔

وہ سینے تک کمفرٹ تانے گہری نیند میں تھی۔

وہ آہستہ سے چلتا اسکے قریب بیٹھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

بخار کی حدت سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔انکھوں کے پپوٹے سوجے ہوئے لگ رہے تھے۔لیکن گھنی پلکوں کے سائے میں وہ چھپ گئے تھے۔

کٹاودار ہونٹوں واکیے وہ اسے معصوم سے گڑیا لگی۔سوتے ہوئے وہ واقعی معصوم سی گڑیا لگ رہی تھی۔

وہ کچھ دیر اسے دیکھتا رہا۔پھر آہستہ سے اسکی جانب جھکا۔

اسکے پر جھکتے اسنے گہری سانس بھری جیسے اسکی خوشبو انہیل کی ہو۔

انتہا کی toxic لڑکی ہو تم۔زرا سا تمہاری سانسوں کو کیا چھو لیا تم نے میرے پورے جسم کو حدت سے دھکا دیا۔۔وہ اسکے کان میں سرگوشی نما آواز میں بولا۔

گرم سانسوں کی شدت سے وہ زرا سا کسمسائی۔

آبان پیچھے ہوتا ایک نظر اسے دیکھتا کمرے سے باہر چلا گیا۔

لاؤنج میں ٹی۔وہ دیکھتی زرنور نے حیرانگی سے اسے زہرہ کے کمرے سے نکلتے دیکھا وہ جانتی تھی زمل وہیں ہے۔

کچھ سمجھ نا آنے پر کندھے اچکا گئی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

مام۔۔وہ دروازہ نوک کرتا اندر آیا۔

مہر نے اسے دیکھا لیکن جواب دیئے بنا کپڑے طے کرنے لگی۔

حازق نے اسکے سنجیدہ چہرے کو دیکھا اسنے جیسے تیسے رات کاٹی تھی وہ اسی وقت بات کرنا چاہتا تھا لیکن اسکا باپ ازل سے اسکا دشمن جسنے کمرہ ہی لوک کر لیا تھا۔اب صبح سویرے ہی وہ اسکے کمرے میں پہنچ گیا۔

مام آپ ناراض ہیں مجھ سے۔۔وہ اسکے قریب کھڑے ہوتے پوچھنے گا۔

نہیں۔ سنجیدگی سے کہتے وہ اپنا کام کرنے لگی۔

حازق کچھ پل اسے دیکھتا رہا پھر اسکے ہاتھ سے کپڑے لیتے وہ اسے بیڈ پہ بٹھا گیا۔خود پنجوں کے بل اسکے سامنے بیٹھتے اسکے ہاتھ تھام لیے۔۔

میں جانتا ہوں مینے آپکو ہرٹ کیا ہے۔لیکن آئی سویر موم میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا۔میں سچ میں یہ نہیں کرنا چاہتا تھا کہ ایزل کو بدل دوں۔میں بس چاہتا تھا کہ وہ تھوڑی میچور ہو جائے۔اور شادی سے انکار کر کے میں آپکو ہرٹ نہیں کرنا چاہتا تھا۔میں جانتا ہوں وہ کبھی میرے لیئے راضی نہیں ہو گی اس لیے مینے سوچا میں ہاں کر بھی دوں لیکن وہ تو نہیں مانے گی۔لیکن اسکا مطلب یہ نہیں تھا کہ میں اسے آپکی نظروں میں برا بنانا چاہتا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ٹھر ٹھر کر نرمی سے بول رہا تھا۔مہر سنجیدگی سے اسے دیکھتی رہی۔

تم نہیں چاہتے کہ تمہاری شادی ایزل ہو نہیں ہو گی۔وہ اپنے ہاتھ چھڑواتے بولی۔

نہیں مام میں پہلے ایسا نہیں چاہتا تھا لیکن اب چاہتا ہوں۔وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا بھرپور سنجیدگی سے بولا۔

کیوں رات و رات ایسا کیا ہو گیا۔وہ اب بھی وہی ایزل ہے۔اور ویسے بھی اب میں ایسا نہیں چاہتی۔وہ طنزیہ لہجے میں بولی۔

حازق لب بھینچ گیا۔انکھوں میں سامنے بے ساختہ رات کا منظر لہرایا تھا۔

سر جھٹک کر وہ مہر کی طرف متوجہ ہوا۔میں اپنی غلطی مان رہا ہوں مام۔ٹرسٹ میں میں آپکو یا ایزل کو کبھی ہرٹ نہیں کروں گا۔ائی پرومس۔

پلیز آپ مجھ سے ناراض مت ہوں۔وہ اسکے ہاتھوں پر بوسہ دیتا التجائیہ بولا۔

میں تم سے ناراض نہیں ہوں حازق بس تمنے میرا دل دکھایا ہے۔لیکن تمہاری بھی غلطی نہیں مجھے ہی تم سے اس بارے میں بات کرنی ہی نہیں چاہیئے تھی۔وہ ازلی نرمی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ایسے مت کہیں مام آپ کا حق ہے میری زندگی کا ہر فیصلہ لینا۔خواہش کرنا۔ مینے آپکو ہرٹ کیا اس سے کہیں زیادہ مجھے تکلیف ہورہی ہے کہ میری وجہ سے آپ ہرٹ ہوئیں۔پلیز ایم سوری۔ وہ سر جھکائے شرمندہ سے لہجے میں بولا۔

ایک یہی واحد عورت تو تھی جسکے سامنے وہ بلا جھجک جھکنے کے لیئے ہر وقت تیار رہتا تھا۔

میں اب اپنی مرضی اور خواہش سے ایزل سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔اینڈ ٹرسٹ می یہ آپکے لیئے نہیں کہہ رہا اپنے دل سے کہ رہا ہوں۔وہ اسے دیکھتے بولا۔

مہر خاموش رہی۔

مام آپ اپنے بیٹے پر ناسہی۔اپنی تربیت پر اعتبار کر سکتی ہیں۔میں کبھی آپکا سر جھکنے نہیں دوں گا۔۔وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتا مان سے بولا۔

ٹھیک ہے میں تمہارے بابا سے بات کر کے بتاؤں گی۔وہ اسکی آنکھوں میں سچائی دیکھتے اسے انکار نا کر سکی۔

اب آپ ناراض تو نہیں۔وہ اسکا چہرہ دیکھتا بولا۔

میں تم سے پہلے بھی ناراض نہیں تھی حازق۔میں تم سے کبھی ناراض نہیں ہو سکتی۔وہ اسکے بال ماتھے سے ہٹاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ مسکرادیا۔ تھینکیو مام۔ تھینکیو سو مچ۔۔وہ اسکی ہاتھ چومتا مسرت سے بولا۔۔

مہر مسکرادی۔

اسے مسکراتے دیکھ سٹڈی کے دروازے میں کھڑا مرتسم بھی مسکرادیا۔

کل رات سے وہ جتنی پریشان تھی مرتسم کا دل کر رہا تھا اپنے بیٹے کو دو لگا ہی دے۔۔

لیکن وہ جانتا تھا اسکے تینوں بچے اپنی ماں کے دیوانے ہیں اسے ناراض تو کبھی نہیں رہنے دے سکتے۔

نفی میں سر ہلاتے وہ ان دونوں کو دیکھتا مسکرادیا۔زندگی سے بھرپور مسکراہٹ۔۔

💞💞💞

مہر کو پوری طرح سے مطمئین کرتے وہ کمرے میں آگیا اسے آفس جانا تھا۔وکالت کے ساتھ ساتھ اسنے عاشر کے ساتھ مل کے ایک نیا بزنس سٹارٹ کیا تھا جسے زیادہ تر عاشر اور عادی ہی دیکھتے تھے ۔لیکن فری ٹائم میں وہ بھی اکثر وہیں پایا جاتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فون پر اپنی سیکٹری کو ہدایت دیتے وہ خود ریڈی ہونے لگا جب شیشے میں نظر آتے ٹوٹے گلاس پر نظر پڑی۔۔

گلاس دیکھتے رات کا منظر بے ساختہ آنکھوں کے سامنے لہرایا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

مہر اور مرتسم کے جانے کے بعد اسنے جیسے تیسے مرحا اور میثم کو سمجھایا تھا۔

نیند تو آنہیں رہی تھی اس لیے وہ بالکونی میں اگیا۔

اسکی بالکونی سے احمد والا کا منظر صاف دکھتا تھا۔۔

وہ گہری سوچوں میں گم تھا جب گاڑی رکنے کی آواز پر چونکا۔اسنے یونہی نظریں اٹھاتے سامنے دیکھا تو ماتھے پر لکیروں کا جال سا بن گیا۔

اسنے وقت دیکھا جہاں رات کے گیارہ ہو رہے تھے اور پھر سامنے جہاں وہ ایک لڑکے کے ساتھ گاڑی سے نکل رہی تھی۔۔

گاڑی سے نکل کر اسنے لڑکے سے کچھ کہا جو سینے پر ہاتھ رکھتے زرا سا جھکا تھا۔

ایزل کھکھلا دی اسے دیکھ۔

یہ منظر دیکھتے جانے کیوں وجود میں چنگاریاں سی پھوٹی تھی۔

ایزل کے سامنے کھڑا لڑکا کافی گہری نظروں سے اسے دیکھا رہا تھا۔

ایزل اسے کچھ کہتی اندر کی طرف بڑھ گئ۔وہ تب تک وہیں کھڑا رہا جب تک وہ گاڑی نظروں سے اوجھل نا ہو گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جانے کیوں اسے اتنا غصہ آیا تھا کہ اسکی رگیں اُبھری تھیں۔

گہری سانس بھرتے اسنے اپنے غصے پر قابو پانے کی کوشش کی۔لیکن غصہ کسی صورت کم نہیں ہو رہا تھا۔

اسنے پانی کا گلاس منہ سے لگایا پانی ختم کرتے اسنے وہی گلاس دیوار پر دے مارا۔

اس لڑکے کی نظریں ایزل کے وجود پر اسے بھول نہیں رہی تھیں۔

بچپن سے اسنے کافی بار اپنی ماں کے منہ سے سنا تھا کہ ایزل کو ہی بہو بنائیں گی۔

اسکی ماں نے کسی اور سے نہیں لیکن اسکے باپ سے ہمیشہ اپنی خواہش کا اظہار کیا تھا۔اور اب تو اسکے سامنے بھی کر چکی تھی۔

حق ملکیت کا احساس تو اسے بچپن سے اسپر تھا۔

تبھی تو وہ اسے کسی اور کے ساتھ کھیلنے نہیں دیتا تھا۔نا ہی کسی کو اسکے قریب پھٹکنے دیتا اور سبکو لگتا تھا کہ وہ ایزل کو سب سے دور رکھنا چاہتا ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسنے سوچ لیا تھا کہ وہ بچپن سے اسکے نام لکھی گئ ہے تو اب اسکی ہی ہو گی کسی بھی حال میں چاہے وہ اسے پسند ہو یا نا ہو۔اسکا ارادہ پختہ تھا۔

فون کی آواز پر وہ سوچوں کے جال سے باہر ایا۔اسکے سیکٹری کی کال تھی کیس کے متعلق کچھ ڈسکس کرنا تھا۔وہ اسے آنے کا کہتے ریڈی ہونے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

ماتھے پر ہنوز بلوں کا جال تھا۔

💞💞💞

تم دونوں نے ابھی تک کرٹنز نہیں چینج کیئے۔دس دفع کہہ چکی ہوں تم لوگوں پر کوئی اثر ہو تب نا۔وہ مرحا اور ایزل کو گھورتے بولی۔

اوہو میری پیاری سی پھوپھو جانی کیوں پریشان ہو رہی ہیں۔سب کچھ ہو جائے گا۔

مانتے ہیں آپکو عالم چاچو کے آنے کی بہت زیادہ خوشی ہے لیکن پھوپھو جانی اس خوشی میں ہمیں نا بھولیں۔

وہ اسکی گردن میں بانہیں ڈالے کسی بچے کی طرح منہ بسور کر بولی۔

اور نہیں تو کیا ماما صبح سے آپ یہ کر لو وہ کر لو عالم ماموا بھی آئے نہیں تو یہ حال ہے جب آ گئے تب تو آپ ہمیں بلکل ہی بھول جائیں گی۔

مرحا اسکے دوسرے بازو سے لٹکی تھی۔۔

بیس ڈارلنگ صبح سے ایک بار بھی اپنے اپنے چھوٹے بیٹے کو نہیں پوچھا۔بس کام کروا رہی ہیں۔۔میثم کہاں پیچھے رہنے والا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

چپ کرو تم تینوں نوٹنکی باز۔مہر نے انہیں جھڑکا۔

سالوں بعد میرا بھائی آرہا ہے۔ابھی بھی خوش نا ہوں۔تم لوگ تو یہیں رہتے ہو لیکن وہ نہیں رہتا۔اب میں انکے ویلکم کے لیئے کوئی تیاری بھی نا کروں۔۔وہ خفگی سے بولی۔۔

اوئے ڈفر کیوں میری پیاری سی چاچی کو ناراض کر رہے ہو۔اپ چھوڑیں انہیں میں آگیا ہوں نا میں اب سب کام کروں گا۔آبان اندر آتا روعب سے بولا۔

وہ ابھی پولیس سٹیشن سے آیا تھا۔سیدھا شاہ ولا آگیا تھا اس لیے ابھی تک یونیفارم میں تھا۔

ہائے آبان بھائی آپ اس طرح میرے سامنے مت آیا کریں یار دل کو کچھ کچھ ہوتا ہے۔۔مرحا اسکے بازو سے چپکتی بولی۔

مہر نے نفی میں سر ہلاتے اسے دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

قسم سے آبان اتنے پیارے لگتے ہو یونیفارم سچ سچ بتاؤ ابھی تک کوئی لڑکی نہیں پٹی۔یا پھر چھپا رہے ہو۔ایزل اسکے قریب آتی سرگوشی میں بولی۔

آبان کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ایزل میرا اب یہی کام رہ گیا ہے نالڑکیاں پٹاوں۔وہ مرحا کے بال بگاڑتا بولا تو وہ اسے گھورتے پیچھے ہوتے اپنے بال ٹھیک کرنے لگی۔

یہ سب چھوڑیں پھوپھو میرے پاس آپ کے لئیے ایک سرپرائز ہے۔

ایزل اسے کام میں مگن دیکھتے پکڑ کر صوفے پر بٹھاتے بولی۔

کیسا سرپرائز۔مہر نے چونک کر اسے دیکھا۔

یہ دیکھیں پھوپھو مینے آپکے اور مرحا کے لئیے ایک جیسے ڈریسز منگوائے ہیں آپ دونوں آج ایک جیسا ریڈی ہوگے دیکھتے ہیں عالم چاچو آپکو پہچانتے ہیں یا نہیں۔وہ مزے سے بولی۔

ایزل میں چھوٹی بچی نہیں ہوں جو عالم مجھے پہچان نہیں سکے گا۔مرحا اور تم میری جیسی ضرور ہو تم میں آنکھوں کا فرق ہے بس لیکن تم دونوں پھر بھی میری بیٹیاں ہی لگوں گی اور میں تم دونوں کی ماں۔وہ پیار سے اسکی ٹھوڑی تھامتے بولی۔

لیکن پھر بھی پھوپھو۔۔وہ اداس ہو گئی۔

ایک کام کرو تم دونوں سیم ڈریسینگ کر لو اور تم آنکھوں میں لینز لگا لینا۔دیکھتے ہیں وہ ایزل اور مرحا کو پہچانتے ہیں یا نہیں۔

مہر چٹکی بجا کر بولی۔

یہ بلکل پرفیکٹ رہے گا۔میثم اور ایناره جھٹ سے بولے۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے۔۔وہ دونوں بھی مان گئیں۔

💞💞💞

انہیں ائیر پورٹ سے لینے مہر، مرتسم،، دانین، ولی اور حازق گئے تھے۔

وہ بے چینی سے ائیر پورٹ کے باہر ٹہلتی انکا انتظار کر رہی تھی۔

آخری لمحوں کا انتظار بہت مشکل ہوتا ہے۔

تبھی اسکی نظر ائیر پورٹ سے نکلتے عالم پر پڑی۔

عالی۔اسکے لبوں سے سرگوشی کی مانند نکلا تھا۔

عالم۔۔پھر وہ پوری قوت سے چیختی اسکی جانب بھاگی تھی۔

عالم اسے اپنی طرف بھاگتے دیکھتے اپنی بانہیں وا کر گیا وہ کسی چھوٹی بچی کی طرح ان میں سما گئی۔۔

اسکے گلے لگتے وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

اتنے سال انتظار کروایا تو نے کوئ ایسے بھی کرتا ہے۔۔وہ اسکے کندھے پر مکے مارتے بھیگے لہجے میں بولی۔

عالم کی آنکھیں بھی نم ہوئ تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں میری جان کوئی ایسے نہیں کرتا۔ تیرا عالی بہت برا ہے اس لیے تو۔ ہمیشہ تجھے انتظار کرواتا ہے۔ وہ اسکے بالوں پر لب رکھتا نم لہجے میں بولا۔

چپ کر خبر دار تو نے میرے بھائی کو برا کہا تو۔ وہ اس سے الگ ہوتی خفگی سے بولی۔

باقی سب مسکراتے انہیں دیکھ رہے تھے۔

جبکہ پاس کھڑی نورین کی نظریں بس مہر کے چہرے پر تھیں۔

وہ ہمیشہ کی طرح آج بھی ٹخنوں تک آتی فراق پہنے ہوئے تھی۔

چاکلیٹی بالوں کو ڈوپٹے تلے چھپائے کندھوں پر مرتسم کی شال لے رکھی تھی۔

وہی سراپا، میکاپ سے عاری چہرے پر وہی چمک، ویسی ہی بھوری سحر زدہ آنکھیں وہ بلکل نہیں بدلی تھی۔

زرا بال برابر بھی نہیں۔ چہرے پر وم وہی ازلی معصومیت لیے وہ عالم سے اسی کی شکایت کر رہی تھی۔

اسلام و علیکم بھابھی!! عالم سے الگ ہوتے وہ نورین سے ملنے لگی۔

نورین نے اسے خود میں بھینچا مہر کو دیکھتے پھر سے سارے زخم، ساری یادیں تازہ ہوئی تھیں۔ اسنے بامشکل خود کو رونے سے باز رکھا تھا۔

یہ بریرہ ہے نا۔ وہ نورین کے ساتھ کھڑی سترہ سالہ لڑکی کو دیکھتے بولی۔

جو اشتیاق سے ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

جینز کے ساتھ شارٹ فراق پہنے گلے میں چھٹا سا سٹالر ڈالا ہوا تھا۔ بار بار سیاہ انکھوں پر لگا چشمہ ٹھیک کرتی وہ مہر کو بہت کیوٹ لگی۔ بلکل عالم جیسی۔

بیس پھوپھو ائی ایم بریرہ۔۔وہ مہر کے متوجہ ہونے پر چہک کر بولی۔

پھوپھو کی جان کتنی پیاری ہے یہ۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولی تو وہ جھنپ گئ۔

پھوپھو آپ تو ویسی ہی ہو جیسے ہم چھوٹے ہوتے پکس میں دیکھتے تھے۔ہم لوگ بڑے ہو گئے لیکن آپ ابھی بھی ویسی ہی پریٹی ہو۔وہ مبہوت سی مہر کا گال چھوتے بولی تو وہ ہس دی۔۔

عالم اور نورین اب باقی سب سے مل رہے تھے۔

ہائے لٹل پرنسسز۔حازق اسکے ناک چھوتا اسکی طرف جھکتا بولا۔

وہ تھی تو سترہ سال کی لیکن اسکی ہائیٹ تھوڑی چھوٹی تھی۔

حازق بھائی رائیٹ۔۔وہ حیرانگی سے اسے دیکھتے بولی۔

بیس لٹل ڈول۔وہ نرمی سے بولا۔۔

آپکو پتہ ہے مجھے آپسے ملنے کا کتنا شوق تھا۔انفیکٹ سب سے ملنے کا۔اب میں آگئ ہوں مجھے واپس نہیں جانا آپ پلیز مجھے یہیں رکھ لیجئے گا۔وہ حازق کا بازو تھامتی جلدی سے بولی تھی جیسے وہ وہیں سے واپس جا رہے ہوں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

او چھوٹی سی بے بی کو ہمارا پاک اتنا پسند آیا ہے۔دانین اسکا گال کھینچتے بولی۔

دانین چاچی مت کریں۔۔وہ اپنا گال سہلاتے بولی۔دانین اور زین سے وہ پہلے بھی دو دفع مل چکی تھی وہ دونوں بچوں کے ساتھ ٹرپ پہ تو ایک بار اپنے کیس کے سلسلے میں وہاں گئے تھے۔

مرتسم ماموں حازق بھائی تو بلکل آپکے جیسے ہیں لیکن انکی آنکھیں کیوں مہر پھوپھو جیسی ہیں۔وہ مرتسم سے ملتے اب حازق کو دیکھتے معصومیت سے بولی۔

اسے دیکھ کر لگتا تھا کہ اسے باتیں کرنے کا بہت شوق ہے۔

وہ اسلیے کیونکہ اسنے اپنی آنکھیں حازق کو دینے سے انکار کر دیا تھا۔ولی مسکراہٹ دباتا بولا۔

ہیں۔وہ ہونق بنی انہیں دیکھنے لگی۔

کچھ نہیں مزاق کر رہے ہیں۔مہر ولی کو گھورتے بولی۔

بدر کہاں ہے۔اسے اچانک بدر کی غیر موجودگی کا احساس ہوا۔

سب سے زیادہ اشتیاق اور خوشی تو اسی سے ملنے کی تھی۔اسنے آج تک بدر کو نہیں دیکھا لیکن پھر بھی وہ اسے اپنے دل کے بہت قریب لگتا تھا۔

بدر بھائی دوسری فلائیٹ میں آئے ہیں۔شائید کچھ دیر ہو جائے گی۔بریرہ نے کہا تو مہر عالم کو دیکھنے لگی۔

تو کوئی بات نہیں آپ لوگ گھر جائیں میں اور شاہ اسے رسیو کر لیں گے۔وہ نرمی سے بولی۔

لیکن مہر تو ہمارے ساتھ چل نا۔عالم نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر ٹھیک کہہ رہی ہیں۔بدر کو اکیلے تو نہیں چھوڑ سکتے اسے یہاں کے راستوں کا بھی نہیں پتا۔

آپ لوگ جائیں دوسری فلائیٹ میں بس کچھ ہی ٹائم ہے۔مرتسم اسکی بات کاٹ گیا۔وہ سر ہلاتا سب کو لیے گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔

عالم مجھے ڈر لگ رہا ہے۔گاڑی میں بیٹھتی نورین دور سے مہر کے چہرے کو دیکھ بولی۔

جانتی تھی کچھ دیر میں اسکی یہ مسکراہٹ مانند پڑنے والی ہے۔

کچھ نہیں ہو گا۔عالم نے اسے تسلی دی۔لیکن ڈر تو اسے بھی لگ رہا تھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ایک گھنٹے کے انتظار کے بعد دوسری فلائیٹ لینڈ ہوئی تھی۔

وہ دونوں ہی اب پریشانی سے بدر کو ڈھونڈ رہے تھے۔کیونکہ دونوں نے اسے نہیں دیکھا ہوا تھا۔

اسلام و علیکم!! تبھی اپنے پیچھے بھاری گھمبیر مردانا آواز سنتے جانے کیوں وہ ٹھٹھکی تھی۔

اسنے چونک کر پیچھے مڑتے دیکھا۔

بے ساختہ وہ لڑکھڑائی تھی۔مرتسم نے جلدی سے اسے تھاما۔

اسکی بے یقین نظریں سامنے کھڑے بدر نہیں بلکہ امن پر ٹکی تھیں۔

امن۔۔اسکے لب ہلے تھے۔۔

سرخ و سفید رنگت،اوشن بلو آنکھیں بھورے بال،ہلکی بھوری شیو اور گھنی مونچھوں تلے عنابی لب

دیکھنے میں وہ وہی عربی شہزادہ ہی تو تھا۔

اور اسکی نیلی آنکھوں کی چمک وہ چمک بھی تو وہی تھی۔

جو اسے دیکھ اس بیسٹ کی آنکھوں میں چمکتی تھی۔

اسنے بے ساختہ گہری سانس کھینچی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر۔مرتسم نے بے چینی سے اسے دیکھتے پاس پڑے بینچ پر بٹھایا۔

کیا ہوا آپ ٹھیک ہیں۔وہ بدر کو دیکھتے جان گیا تھا۔لیکن مہر کی حالت پر اچانک پریشان ہوا۔

پ۔پانی وہ لرزتے لبوں سے بولی۔

میں لاتا ہوں۔۔بدر اسے دیکھتے بولا۔

نہیں تم یہیں رکو میں لاتا ہوں۔مہر کا خیال رکھنا۔مرتسم اسے کہتے پاس بنی شوپس سے پانی لینے چلا گیا۔

وہ اسکے سامنے گھٹنے ٹکاتے نیچے بیٹھا۔

ریلیکس۔۔میں جانتا ہوں آپ مجھے دیکھ کر پینیک ہو رہی ہیں۔۔بدر اسکے ہاتھ سہلاتا نرمی سے بولا۔

مہر نے چونک کر اسے دیکھا۔۔

شائید اسی لیے ماما،بابا نہیں چاہتے تھے کہ میں کبھی آپکے سامنے آوں۔۔اسکی دھیمی اواز سات سروں جیسی تھی۔

لیکن میں آپسے ملنا چاہتا تھا۔کیا میری شکل اتنی بری ہے کہ آپ مجھے دیکھنا بھی گوارہ نہیں کرتیں۔وہ سر اٹھائے اسے دیکھتے بولا۔

مہر یک ٹک اسے دیکھے گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ بھول گئی کہ وہ امن کا ہم شکل ہے وہ بھول گئی کہ وہ اس عربی شہزادے کا عکس ہے بس یاد تھا تو اتنا کہ سامنے بیٹھا مرد اسکے عالم کا بیٹا ہے۔

وہ جھکی اور نرمی سے اسکے ماتھے پر لب رکھے۔کئی آنسو ٹوٹ کر بے مول ہوئے تھے۔

بدر نرمی سے مسکرا دیا۔مسکراتے ہوئے وہ اتنا دلکش لگا تھا کہ سانس روک کے دیکھے جانے والا منظر۔۔

پیچھے کھڑا مرتسم جو ابھی آیا تھا۔وہ جان چکا تھا کہ بدر عالم شاہ کس کا ہمشکل ہے۔وہ خاموشی سے کھڑا رہا۔

تم کیوں مجھے ناگوار گزرو گے۔میرے عالم کے بچے مجھے اپنی جان سے بڑھ کے عزیز ہیں۔وہ اسکا چہرہ چھوتے نرمی سے بولی۔

کیا میں آپکا ماتھا چوم لوں۔۔وہ چمکتی آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

وہ نم آنکھوں سے اثبات میں سر ہلا گئی۔

بدر تھوڑا سا اوپر اٹھا اور نرمی،عقیدت و احترام سے اسکے ماتھے پر لب رکھے۔

تہ ماتہ°یر°ران یہ°۔۔ وہ آہستہ سے بولا۔

(آپ مجھے بہت عزیز ہیں)

مہر نے ناسمجھی سے اسے دیکھا۔وہ نفی میں سر ہلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

گھر چلیں۔وہ نرمی سے بولا۔

چلو۔وہ مسکرا کر اسے دیکھتے پیار سے اسکا دائیاں گال چھو گئ۔

مرتسم مسکرا دیا۔وہ جانتا تھا کہ جھٹکا ایک پل کے لئیے تھا اب وہ مہر کے لئیے صرف اسکے عالم کا بدر تھا۔

مہر کو تو اپنے بھائیوں کے بچے اپنی جان سے زیادے پیارے تھے پھر بدر کیسے ناگوار گزر سکتا تھا۔

آپ یہاں بھی چھوئیں ورنہ یہ جیلسی میں جلتا رہے گا۔۔وہ دوسرے گال کی طرف اشارہ کرتا بچوں کی طرح بولا۔

مہر کی مسکراہٹ پھیکی پڑی۔بے ساختہ کئ سال پہلے کا منظر آنکھوں کے سامنے لہرایا تھا۔

(اس دن جب وہ اسکے کندھے سے لگے پھوٹ پھوٹ کر روئ تھی۔ سنبھل کر جب وہ اس سے الگ ہوئ تو وہ اپنے کندھے کو دیکھنے لگا۔

آپکو پتہ ہے میرا دوسرا کندھا مارے حسد کے جل رہا ہے کہ ایک کو کیوں آپکے لمس کی راحت ملی ہے۔۔وہ اپنی گیلی شرٹ پر نظریں جمائے دھیمے پر سکون لہجے میں بولا۔

مہر اسے دیکھ کر رہ گئ)

مہر کہاں کھو گئیں۔مرتسم نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا تو وہ چونک کر حال میں لوٹی۔

اسنے بدر کو دیکھا وہ اسی پر نظریں جمائے بچوں کی سی معصومیت لیے اسے دیکھ رہا تھا۔

چلو بیٹے سب انتظار کر رہے ہونگے۔وہ اسکا دوسرا گال چھوتے نرمی سے مسکراتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بھی مسکراتا اٹھ گیا۔

💞💞💞

وہ لوگ گاڑی سے نکلے تو سب لوگ باہر ہی انکے منتظر تھے۔

مہر اور مرتسم نے حیرانگی سے انہیں دیکھا۔

کیا عالم لوگ ابھی تک نہیں پہنچے۔وہ پریشانی سے اسے دیکھتے بولی۔

آان۔۔ آپ لوگ باہر کیوں کھڑے ہیں کیا ابھی تک وہ لوگ نہیں پہنچے۔وہ غازی کے طرف بڑھتے بولی۔

نہیں گڑیا حازق کا فون آیا تھا گاڑی میں کچھ پرابلم ہو گئ ہے بس ابھی پہنچنے والے ہونگے۔

وہ نرمی سے بولا۔

آپ فون کریں اور کتنی دیر۔وہ بے چینی سے بولی۔

پریشان کیوں ہو رہی ہے جائیں گے وہ لوگ حازق سے بات ہوئ تھی۔وہ لوگ تھوڑی دیر تک پہنچ جائیں گے۔

ارسل اسے خود سے لگاتے بولا۔جانتا تھا کافی رات ہونے کی وجہ سے وہ پریشان ہو رہی تھی۔

لو اگئے۔کچھ دیر میں گاڑی کا ہارن سنتے ارسل نے کہا تو وہ وہ گہری سانس بھرتے بدر کی طرف بڑھی تھی۔جسے وہ ٹینشن میں بھول گئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ خاموشی سے گاڑی کے پاس کھڑا تھا۔

آپ لوگوں نے توڈرادیا۔۔وہ ولی کو گاڑی سے نکلتے دیکھ خفگی سے بولی۔

میرا بچہ گاڑی خراب ہو گئ تھی۔ولی اسکے سر پہ بوسہ دیتا بولا۔

وہ متبسم ہوتے اسے دیکھ رہا تھا۔

وہ یقیناً یہاں سب کی لاڈلی تھی جیسے سب لوگ اسکے زرا سا پریشان ہونے پر اسے تسلی دے رہے تھے اس سے تو یہی لگا جیسے وہ یہاں کی شہزادی ہو۔

دیکھو تو عالی سب لوگ کیسے آپ لوگوں کے ویلکم کے لئیے کھڑے ہیں۔وہ سب کو ایک ساتھ دروازے پر دیکھتے بولی۔

عالم مسکرادیا۔

آگے بڑھتے وہ ماما، بابا سے ملا پھر باری باری سب سے ملنے لگا۔

چشمش۔۔بریرہ کو بار بار اپنا چشمہ ٹھیک کرتے دیکھ۔زیان اہستہ سے بولا لیکن۔پاس کھڑے ارحم نے سن لیا اور اسے گھور کر دیکھا تو وہ سر جھٹک گیا۔۔

اونو بابا انکی آئیز دیکھیں جیسے مینڈک کی ہوں۔وہ زیان کی ہیزل گرین آنکھوں کو دیکھتے شاکڈ ہوئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سب کے لبوں پر دبی دبی سی ہسی تھی۔جبکہ زیان پہلی بار اپنی آنکھوں کے لیئے ستائش کے علاوہ ایسا کمنٹ سنتے اس چشمش کر گھورنے لگا۔

بری بات بریرہ۔۔نورین نے اسے گھورا۔

بدر جب سامان نکلواتے اندر آیا تھا تو اسے دیکھتے سب کے منہ کھلے تھے۔

واؤ،ہینڈسم،ہوٹ،کرش،ساحر۔۔جیسے انکے منہ سے بے ساختہ نکلے تھے۔

جبکہ بدر ان سب سے بے نیاز سنجیدگی سے بڑوں سے مل رہا تھا۔

مرحا کہاں ہے میثم۔مرحا کی غیر موجودگی محسوس کرتے حازق نے میثم کو دیکھا۔

میں یہاں ہوں حازق۔۔میثم کے جواب دینے سے پہلے ہی وہ اونچی آواز میں بولی۔

اسکی آواز پر سب متوجہ ہوئے تھے۔

سنجیدہ سے بدر نے بھی نیلی آنکھیں گھماتے آواز کی سمت دیکھا تو اسے لگا جیسے وہ سانس نہیں لے پائے گا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدر نے اسے دیکھا اور پھر اسے لگا وہ کچھ نہیں دیکھ پائے گا۔منٹوں کا کھیل تھا اسے سینے میں دھڑکتا دل ساکت ہوتا محسوس ہوا۔

اسلام وعلیکم!!وہ دونوں ایک ساتھ بولیں۔

ایک پل کے لیئے سب شاکڈ ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں بلیک کلر کے ٹخنوں کو چھوتے فراق میں ملبوس تھیں۔چاکلیٹی بالوں کی فرینچ چوٹیاں بنائے دونوں نے ایک ہی طرح ڈوپٹہ سیٹ کر رکھا تھا۔

چہرے پر ایک سی معصومیت سجائے۔گھنی پلکیں کچھ اور تیکھی کر رکھی تھیں جبکہ گلابی لب لائیٹ سے لپ لوز سے کور تھے۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کا عکس لگ رہی تھیں۔

بریرہ نے شاکڈ ہوتے ان دونوں کو دیکھا پھر مڑتے مہر کو۔

او۔مائی۔گوڈ۔۔یہ مہر پھوپھو جیسی دو اور سیم ٹو سیم ڈٹو کاپی۔۔بریرہ کی صدمے سے ڈوبی آواز پر سب چونک گئے۔

عالم پہچانو تو کون ایزل ہے اور کون مرحا۔۔مہر عالم کو دیکھتے بولی۔

وہ لب دباتا انہیں دیکھنے لگا۔

رائیٹ والی مرحا ہے اور لیفٹ والی ایزل۔وہ کچھ دیر بعد بولا۔

آپکو کیسے پتہ چلا۔ایزل نے حیرانگی سے پوچھا۔

ایزل گڑیا آپ مہر جیسی دکھتی ضرور ہو لیکن پھر بھی آپ میں غازی اور زرنور کی جھلک نظر آتی ہے۔اور لینز لگانے سے بھی تمہاری یہ کانچ جیسی آنکھیں چھپ نہیں سکتی۔۔وہ مسکراتے لہجے میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

اور مرحا اسے اور مہر کو ساتھ کھڑا کر وتب تو کوئی بھی نہیں پہچان سکے گا کہ کون مرحا اور کون مہر۔

نورین اسکی تھوڑی چھوتے پیار سے بولی۔تو وہ ہس دی۔

دیکھو تو یہ تو تمہارے گڈے ہیں نا یہ ثابت کرتے ہیں تم ایزل غازیان شاہ ہو۔عالم اسکے ڈمپل نمایا ہونے پر ائیبرو آچکا کر بولا۔

ابکی بار مرحا کھکھلائی تھی۔

جبکہ ان سب سے بے نیاز وہ ساکت سا بس اسے ہی دیکھے جا رہا تھا۔

بدر کیا ہوا رک کیوں گئے آو۔۔ولی اسے وہیں سٹل دیکھ بولا۔

ولی کی آواز پر مہر نے بے ساختہ رکتے بدر کو دیکھا۔۔

وہی تاثرات،وہی چمک،وہ دیوانہ پن اسے ایک پل میں بدر کی آنکھوں میں دکھا تھا۔

اسنے خوفزدہ ہوتے اسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھا۔

اسکے نظروں کے بلکل سامنے مرحا کو دیکھ اسنے بے ساختہ تھوک نگلا تھا۔

دیوانگی سے بھرپور نیلی آنکھیں نظروں کے سامنے گھوم گئیں۔۔

بدر۔وہ بے ساختہ اونچی آواز میں اسے پکار گئ۔

بدر عالم۔ابکی بار اسکی آواز میں سختی تھی۔

بدر کی پلکوں میں جنبش ہوئ اسنے بے ساختہ گہری سانس کھینچتے پلکیں جھپکائیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

سر اٹھاتے اسنے مہر کو دیکھا جو سخت نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

اندر چلیں سب ویٹ کر رہے ہیں۔مہر سنجیدگی سے بولی۔وہ بالوں میں ہاتھ چلاتا اسکے پیچھے بڑھا تھا۔

ساحرا۔۔مرحا کو مڑتے دیکھ وہ بے ساختہ بولا تھا۔۔

جانے لمحوں میں اسے کیا ہوا تھا۔وہ جیسے بے بس سا ہو گیا تھا۔جیسے اسنے ہیپنوٹائیز کیا ہو اسے۔وہ سوچ کر رہ گیا۔

💞💞💞

واقع اپنا ملک اپنا ہی ہوتا ہے۔اج ایسا لگ رہا ہے جیسے محفوظ پناہ گاہ میں واپس اگئے۔۔عالم سرشار سا بولا۔

بلکل بابا۔پاک کی تو کیا ہے بات ہے۔۔بریرہ خوشی سے چہکتے بولی تھی وہ جب سے آئی تھی چڑیا کی طرح چہک رہی تھی۔

عالم چاچو ایک بات تو بتائیں۔اسکی مسلسل چلتی زبان دیکھ زیان سنجیدگی سے عالم کو دیکھتے بولا۔

کیا۔۔عالم نے حیرات سے اسکا سنجیدہ انداز دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ اسے کیا کھلاتے ہیں۔ مطلب یہ اتنا کیسے بول لیتی ہے۔ کہیں ناشتے میں کوے تو نہیں کھاتی۔ وہ بھرپور سنجیدگی سے بول رہا تھا۔

اسکی بات سنتے سب کا قہقہہ بے ساختہ تھا سوائے بریرہ کے۔

زرنور مام آپ دیکھ رہی ہیں اپنے بیٹے کو۔ اسنے آئیز تو آپکے جیسے لے لیں پھر بھی مینڈک جیسا دکھتا ہے اور مجھے کیسے بول رہا تھا۔ وہ زرنور کے کندھے سے لگتے خفگی سے بولی۔

(شروع سے ہی ان کی فون پر، یا سکائپ پر بات ہوتی رہتی تھی اسلیے وہ سب سے بے تکلف تھی۔)

زیان۔۔ زرنور نے تنبیہہ اسے گھورا۔۔

اوکے اوکے سوری۔۔ اپنی ماں کی خفا نظریں خود پر پاتے وہ ہاتھ اٹھاتے سرینڈر کرنے کے انداز میں بولا۔

چلو بریرہ بچے ریسٹ کر لو۔ تھک گئ ہو گی اب کافی رات ہو گئ ہے۔ مہر اس چھوئی موئی سی گڑیا کو پیار سے دیکھتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن مہر پھوپھو میں آبان بھائ سے تو ابھی ملی ہی نہیں۔ اپکو پتا ہے نا مجھے کتنا شوق ہے انسے ملنے کا۔ وہ تو فون پر بھی بات نہیں کرتے تھے۔ بس کبھی کبھار نیوز میں انہیں دیکھا ہے۔ وہ منہ بگاڑتی بولی۔

وہ تو ٹھیک ہے بری لیکن وہ لیٹ آئے گا بیٹا۔ شائید صبح تک ائے۔ اس لیے آپ بھی سو جاؤ صبح مل لینا۔ ایت اسکے گال چھوتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے ٹھیک ہے۔لیکن آپ صبح انہیں جانے مت دیجیئے گا۔بتا دیجیئے گا میں انکی سب سے بڑی والی فین ہوں۔

حازق بھائی کے بعد وہ میرے دوسرے والے کرش ہیں۔۔وہ سیڑھیاں چڑھتے اچانک سے رک کر بولی۔

ہاہاہاہا۔۔ماشاءاللہ نورین یہ کتنی پیاری ہے۔۔زہرہ اسکی حرکت پر ہستے بولی۔

لیکن یہ بدر کیوں اتنا سنجیدہ ہے۔۔

آیت گلاس وال سے سامنے لان کا منظر دیکھتے بولی جہاں سنجیدہ سا بدر بیٹھا تھا اسکے ساتھ حازق، اور عاشر بیٹھے ہوئے تھے۔

ہاں کافی چپ چپ سا بھی ہے۔ماہم اپیا نے اسکی خاموشی کو نوٹ کرتے کہا۔

وہ شروع سے ہی ایسا ہے۔۔ریزروسی نیچر ہے اسکی ہے۔زیادہ گھلتا ملتا نہیں۔۔نورین محبت سے اسے دیکھتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر تو بدر اور میر کی خوب جمے گی۔دونوں کڑوے سڑے ہوئے انسان ایک ساتھ بیٹھے تو محفل جمے گی نا انکی۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاہاہاہا۔۔ایزل جو زر نور لوگوں کے ساتھ واپس جا رہی تھی مہر کو بائے کہنے کے لیئے آئی جب انکی باتیں سنتے بے ساختہ بول پڑی۔

ایزل۔۔مہر نے اسے گھورا۔

گڈ نائیٹ پھوپھو جانی۔۔وہ اسے آنکھ ونک کرتی جلدی سے کہتے بھاگ گئ۔۔

کتنی پیاری بچیاں ہیں ناسب یہ لوگ تو رونق لگائے رکھتی ہونگی گھر میں۔

نورین انکی پشت دیکھتے بولی۔

ہاں واقعی سب بہت شرارتی ہیں بس زمل تھوڑی سیدھی سی ہے باقی یہ سب آفت کی پرکالہ ہیں۔وشہ اسکی تائید کرتے بولی۔۔

کافی دیر تک محفل جمائے رکھنے کے بعد وہ لوگ اب اپنے کمروں کی طرف بڑھے تھے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہ آج صبح ہی صبح یہاں پہنچی تھی۔ صبح وہ قرآن کی تلاوت کر رہی تھی جب سوزی کی کال نے اسے پریشان کر دیا۔اس لیے اسی وقت بنا کسی کو انفارم کیے یہاں آگئ۔یہ تک بھول چکی تھی کہ ننگے پاؤں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مطلوبہ جگہ گاڑی روکتے وہ تیزی سے گاڑی سے نکلتے اندر کی طرف بڑھی تھی۔

ڈور بیل پر ہاتھ رکھتے جیسے وہ اٹھانا بھول گئ۔بے چینی اسکے انگ انگ سے نمایا تھا۔

کہاں چلے گئے تھے سب سے سب کب سے بیل بجارہی ہوں سنائ دے رہا ہے تم لوگوں کو۔۔دروازہ کھلتے وہ غصے سے سامنے کھڑی ملازمہ کو دیکھتے بولی۔۔

سوری میم۔وہ شرمندہ سے بولتے پیچھے ہٹ گئ۔۔

انو۔انو کہاں ہو بے بی دیکھو ماما آئ ہیں آپسے ملنے اب جلدی سے باہر آؤ۔۔وہ کمرے کی طرف بڑھتے اونچی آواز میں بولی۔

انو ناراض ہے آپسے۔اپ انو سے بلکل پیار نہیں کرتیں اب انو باہر نہیں آئے گی۔

چھوٹے سے بنے ڈول ہاؤس سے معصوم سی آواز آئ تھی۔

ماما سوری ہیں نا آپسے۔۔آپ تو ماما کا بہت پیارا بچہ ہو پلیز اب جلدی سے باہر آجاؤ دیکھو ماما آپکو ڈھونڈ نہیں پارہی۔۔وہ جان بوجھ کر ادھر ادھر دیکھتے اسے پچکارتے بولی۔۔

کچھ پل کی خاموشی چھائی رہی۔تبھی ننھا گلابی سا ہاتھ باہر نکلا۔

زرا سا سر نکالتے باہر دیکھا۔

مہر اداس سا چہرہ بنائے اسے دھر ادھر تلاش رہی تھی۔

ٹھیک ہے انو اب باہر آرہی ہے لیکن آئیندہ آپکو معاف نہیں کرے گی وہ زرا روعب سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کو اسکی معصوم سی آواز سنتے بے تحاشہ ہسی آئی۔۔

لیکن مصنوعی سنجیدگی سے بولی

ٹھیک ہے بٹ لاسٹ ٹائم تو معافی مل سکتی ہے نا۔۔اسکے کہتے ہی وہ ننھی گلابی گڑیا جھٹ سے باہر آتے اسکے گلے میں بازو ڈالتے اس سے چپکی تھی۔۔

میری جان۔۔وہ اسے خود میں بھینچ گئی۔

مہر نے تڑپ کر اسے دیکھا اسکا رنگ زرد پڑا ہوا تھا۔ہونٹ بھی سوکھے ہوئے تھے۔

ایم سو سوری میرا بچہ۔ماما بہت گندی ہیں نا۔وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتے بولی۔

نو میری ماما بلکل بھی گندی نہیں ہے آپ میری ماما کو ایسے مت بولیں۔وہ بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں خفگی لیے نروٹھے پن سے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے میری جان نہیں بولتی۔اب بتاؤ آپ کھانا کیوں نہیں کھا رہے تھے۔۔اور میڈیسن بھی نہیں لی۔۔وہ اسے اپنے سامنے بٹھاتے سنجیدگی سے دیکھتے بولی۔

اپنے اور بابا نے پرامس کیا تھا کہ کل مجھ سے ملنے آئیں گے لیکن نہیں آئے اس لیے انو آپسے ناراض تھی۔وہ منہ پھیلاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

اوہو میری ننھی منی سی جان ماما کو معاف کر دو مینے آپکو بتایا تھا نا ماما کو بہت ضروری کام تھا۔ وہ اسکے پھولے گال چومتے بولی۔

آپ پرامس کرو آئیندہ کچھ بھی ہو جائے آپ ٹائم پر کھانا کھاؤ گے اور میڈیسن بھی لو گے۔ پرامس کرو --وہ اسکے سامنے ہاتھ پھیلاتے بولی۔

اوکے پرامس--وہ اپنا ننھا ہاتھ اسکے ہاتھ پر رکھ گئ۔

اب چلو ماما آپکو اپنے ہاتھوں سے ناشتہ کروائیں گی--وہ اسے لیے کچن میں آ گئ--

باقی ملازمائیں سر جھکائے کھڑی تھیں جانتی تھیں کہ اب دونوں ماں بیٹی آس آپس کی ہر چیز بھلا کر خود میں مگن ہو جائیں گی۔

وہ چھوٹے چھوٹے نوالے توڑے اسے کھلاتی رہی۔ کھانے کے بعد اسے میڈیسن دیتے مہر اب اسکے پاس بیٹھی اسے سلا رہی تھی۔

وہ ڈر سے شائید ساری رات بھی نہیں سوئی تھی اس لیے اب جلدی ہی مہر کی آغوش میں پر سکون سی سو گئ--

اسکے سونے کا یقین کرتے مہر نے سر جھکاتے اسے دیکھا وہ گہری نیند میں پر سکون سی سو رہی تھی--

ایم سوری میرا بچہ--اسکے ماتھے پر لب رکھتے بھیگے لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ایم سوری ساحر شائید میں تمہاری امانت کی ٹھیک سے حفاظت نہیں کر پا رہی۔۔ وہ اسکے چھوٹے سے گلابی ہاتھ لبوں سے لگاتے سرگوشی میں بولی۔۔

مہر نے اسکے چہرے کو دیکھا

گلابی سی رنگت، چہرے پر ڈھیروں معصومیت اسکی ہر ایک جھلک میں ساحر شاہ واضح تھا۔ وہ سات سال کی بچی جسکا ہر ایک انداز اپنے باپ جیسا تھا۔

لیکن کم عمری میں ہی ڈائیبٹیز کی وجہ سے وہ سات سال سے کم لگتی تھی۔

وہ ساحر شاہ کی امانت تھی لیکن مہر ماہ شاہ اور مرتسم شاہ کی لاڈلی تھی۔

اسکے معصوم چہرے کو دیکھتے مہر نے قرب سے آنکھیں موندیں تھیں۔

اسکی صرف اسکی وجہ سے وہ بچی پیدا ہونے سے پہلے ہی باپ کے سائے سے محروم ہو چکی تھی۔

یہ حقیقت اسے جینے نہیں دے رہی تھی۔

آنکھوں سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر بے مول ہو رہے تھے۔

سات سال پہلے کا وہ منظر اسے آج تک نہیں بھولا تھا۔ اور شائید ہی کبھی وہ بھلا سکے۔

💞💞💞

سات سال پہلے:

Posted On Kitab Nagri

ساحر کا مکمل علاج ہوتے ہی وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس آ چکا تھا۔کچھ سال پہلے ہی اسکی شادی اسکی پسند کے مطابق عرشیہ سے ہو چکی تھی۔

وہ دونوں اپنی زندگی میں بہت خوش تھے۔

کمی تھی تو بس اولاد جو اللہ نے انہیں شادی کے چار سال بعد دی تھی۔

عرشیہ پریگنینٹ تھی انوشہ کے پیدا ہونے سے دو ماہ پہلے کی بات تھی۔

وہ عرشیہ کا چیکاپ کروانے ہوسپٹل آیا تھا۔

انہی دنوں سات سالہ ابراہیم (وشہ اور عادی کا بیٹا) اسکی طعبیت کافی خراب رہتی تھی۔اس لیے آج مہر اور مرتسم خود اسے ہوسپٹل لے کر آئے تھے کیونکہ وہ ان دونوں کے کافی قریب تھا اس لیے انکے ساتھ آنے پر راضی ہو گیا۔

اتفاق سے ساحر بھی عرشیہ کے چیک اپ کے لیئے اسی ہوسپٹل میں تھا۔

جب وہ لوگ واپسی کے لیئے جانے لگے تو ساحر کی اچانک ان پر نظر پڑی تھی۔اس سے پہلے کہ وہ اسے پکارتا اسکی نظر ابراہیم پر پڑی جو مرتسم کا ہاتھ چھوڑتا سڑک پر کسی بال کے پیچھے بھاگا تھا۔

وہ عرشیہ کو وہیں چھوڑتا اسکے پیچھے بھاگا۔

مرتسم فون پر بات کرتا اپنی گاڑی کی طرف بڑھ رہا تھا جب اچانک دھماکے جیسی آواز ائی۔

Posted On Kitab Nagri

مہر اور عرشیہ کی چیخ ساختہ تھی۔

مرتسم نے ابراہیم کو دیکھا وہ ٹھیک تھا۔۔لیکن اسکے سامنے ساحر دیورابن کے کھڑا تھا۔ہر طرف افرا تفری پھیل گئ۔

وہ گاڑی جو ابراہیم کو اڑانے والی تھی ساحر کے اچانک سامنے آنے پر وہ اسے ہوا میں اچھالتی آگے بڑھ گئ۔

مہر نے بے یقینی سے اسے دیکھ جو خون سے تر ہوا تھا وہ بے جان چیز کیطرح سڑک پر گرا تھا۔

ساحر۔۔۔عرشیہ چیخ کر اسکی جانب بھاگی تھی۔

مرتسم نے جلدی سے ابراہیم کو گاڑی میں بٹھایا اور ساحر کی طرف بڑھا۔وہ بامشکل سانس لے پارہا تھا۔

ساحر۔ساحر اٹھیں پلیز یہ کیا ہوا اپکو۔ساحر۔عرشیہ چیخ رہی تھی۔

س۔ساحر۔۔یہ کیا ک۔کیا۔یہ کیسے۔۔مہر اسکے پاس گرتے لڑکھڑاتے لہجے میں بولی تھی۔

م۔میں۔ا۔پ سب۔کو اپ۔نا کہ۔تا ہی نہ۔یں مانتا ب۔ھی ہوں۔

اپ۔نے ہونے کاف۔فرض نبھایا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

م۔مہں جا۔نتاہوں۔م۔میں ب۔چو۔ں گان۔ نہیں۔ا۔اپ دو۔نووع۔دہ کریں۔می۔ری عر۔شی ۔۔ا۔انو کاخ۔خیال۔رکھ۔یں گ۔ی۔و۔ع۔دہ۔وہ مہر کا ہاتھ تھامتا ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں بولا تھا۔

(میں آپ سب کو اپنا کہتا ہی نہیں مانتا بھی ہوں آج اپنے ہونا کا فرض نبھایا ہے میں جانتا ہوں میں بچوں گا نہیں آپ دونوں وعدہ کریں میری انو اور عرشی کا خیال رکھیں گے۔۔وعدہ۔۔

مہر نے نفی میں سر ہلایا۔نہیں ساحر تمہیں کچھ نہیں ہو گا۔ہم ابھی ہو سپٹل جائیں گے سب ٹھیک ہو جائے گا۔پلیز ایسے مت کرو۔وہ تڑپ کر ور دی۔

ع۔رشی ۔ ان۔ہیں کب۔ھی۔ قصو۔ر۔وار ۔مت ۔کہ۔نا ۔یہ۔ مج۔ھے جان سے ز۔زیا۔دہ۔عزی۔زہی۔یں۔

(عرشی انہیں کبھی قصوروار مت کہنا یہ مجھے جان سے زیادہ عزیز ہیں)

اور تم۔ت۔م میر۔ی ب۔بیٹی ک۔کا۔کچھ کہنے کی کوشش میں وہ وہیں دم توڑ گیا۔

ساحر وہ تینوں چیخے تھے۔

ساحر ایسے مت کریں ساحر اٹھیں دیکھیں سالوں بعد اللہ نے ہمیں اولاد کی نعمت سے نوازہ ہے۔اپکو تو ابھی اپنی بیٹی سے کھیلنا تھا کتنی باتیں کرنی تھیں۔ساحر اٹھیں۔۔وہ چیخ چیخ کر روتی اسے پکار رہی تھی۔

جبکہ وہ تو اپنے دائمی سفر پر رواں ہو چکا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

س۔ساحر ایسے مت کرو میں کیسے جی سکوں گا۔ساحر تم ہمارے حصے کی موت نہیں مر سکتے تم۔اٹھو۔میں کہہ رہاہوں اٹھوابھی۔مرتسم نے اسے جھنجھوڑڈالالیکن اسکاوجود ساکت تھا۔

کوئ کسی کی موت نہیں مرتا بیٹا۔سب کی موت کاوقت مقرر ہے ہاں بس ایک بہانہ بننا ہوتا ہے لیکن موت کاوقت وہی ہوتا ہے۔

لوگوں کے ہجوم سے ایک بزرگ مرتسم کے کندھے پرہاتھ رکھتے بولے۔

صبر رکھو بیٹا۔صبر رکھو۔دیکھوں بچیوں کی حالت بھی بری ہے حوصلہ کرواٹھو۔وہ اسے مہراور عرشیہ کی بری حالت کی طرف اشارہ کرتابولا۔

جیسے تیسے مرتسم خود کو سنبھالتا اٹھا تھا۔

ساحر کی موت نے اسکی بہن،بیوی پر قیامت ڈھادی تھی۔

مہر تواب تک بے یقین تھی کہ آج دوسری بار اسکے کسی اپنے نے اسکے ہاتھوں میں دم توڑاہے۔پہلے انوشے اوراب ساحر۔وہ بے یقین تھی کہ وہ اب تک زندہ کیسے ہے۔

اور مرتسم وہ تو جیسے ٹوٹ چکا تھاساحر اسکے لیئے صرف ایک گارڈ یا امپلوئے ہی نہیں ایک بھائ ایک دوست تھا۔

وہ اس رات رویا تھابے تحاشہ پھوٹ پھوٹ کر رویا تھا۔

اسنے اپنا مضبوط سہارا کھو دیا تھا۔ساحر ابراہیم کو بچاتے مر گیا تھا۔وہ آخر کس کس چیز پر ماتم کرتا۔

Posted On Kitab Nagri

گھر میں کوئ بھی سچائ نہیں جانتا تھا کہ آخر ساحر کی موت کیسے ہوئ۔بس اتنا ہی ایکسیڈینٹ میں۔

ان دونوں کو عرشیہ کی مسلسل بگڑی طعبیت کے باعث سنبھلنا پڑا۔

عرشیہ نے ایک ماہ بعد معصوم سی پری کو جنم دیا تھا اور خود وہ خالق حقیقی سی جا ملی۔

پہلے ساحر اور پھر اب اچانک عرشیہ وہ دونوں بری طرح سے ٹوٹے تھے۔

لیکن عرشیہ اور ساحر دونوں نے اپنی زمہ داری انہیں دی تھی۔

ساحر کی خواہش کے مطابق اسکا نام مہر نے انوشے رکھا تھا۔

اسے یاد تھا وہ اکثر کہتا تھا میم میری خواہش ہے میری بیٹی ہو اور میں اسکا نام انوشے رکھوں۔میں چاہتا ہوں کہ وہ بلکل آپ جیسی بنے۔بہادر،نڈر حق و انصاف کے لیئے لڑنے والی۔

وہ مرحا کا نام انوشے رکھنا چاہتی تھی لیکن مرحا کا نام غازی کے فرمائش پر رکھا گیا تھا اس لیے وہ چپ رہی۔

لیکن اس معصوم سی پری کو دیکھتے اسے لگتا تھا جیسے اسکی انوشہ واپس مل گئ۔

انوشہ ایک کمزور بچی تھی۔یوں کہا جائے کہ وہ بامشکل بچی تھی تو غلط نہیں تھا۔

ساحر کی بہن ارسہ نہیں چاہتی تھی کہ وہ لوگ اسے شاہ ولا کے کر جائیں اسے لگتا تھا کہ شائید وہاں اسے وہ پیار نہیں مل سکے گا۔اسے لگتا تھا وہ دونوں اپنے بچوں میں مصروف ہو کر اسے بھول جائیں گے اسلیے وہ اسے اپنے ساتھ رکھنا چاہتی تھی۔لیکن مہر اور مرتسم راضی نہیں تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اس لیے مجبور ہو کر مہر نے اسے اپنے فلیٹ میں رکھا تھا۔

ارسہ اپنے شوہر کے ساتھ امیریکا ہوتی تھی لیکن انوشے سے بے خبر نہیں تھی بلکہ وہ مہر سے مکمل ٹچ میں تھی۔

مہر اور مرتسم تقریبا روز ہی یہاں کا چکر لگاتے تھے انوشے کے لیئے بہت ساری ملازمائیں تھی جو بلکل کسی شہزادی کی طرح اسکا خیال رکھتی تھیں۔

لیکن سات سال کی عمر میں ہی ڈائیبٹیز نے اسے بہت کمزور کر دیا تھا۔ جسکے باعث مہر اور مرتسم دونوں ہی اسکے لیئے بہت پریشان تھے۔

وہ بہت شرارتی بچی تھی بلکہ بہت زہین بھی تھی۔ مہر اور مرتسم کے علاوہ صرف حازق کو انوشے کا پتہ تھا وہ بھی ہفتے میں دو تین چکر تو اسکے پاس ضرور لگاتا تھا۔

باقی سب انجان تھے۔

اسی طرح اسکی پرورش کرتے آج سات سال گزر گئے لیکن ان دونوں کا زخم آج بھی تازہ تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ماضی کو سوچتے اسے پتہ ہی نہیں چلا جب وہ مدھم ہچکیوں سے رونے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

سوزین(کیئر ٹکر)نے اسے ہوش دلایا تو وہ سنبھل کر انوشے کو ٹھیک سے لٹاتی وہاں سے اٹھ گئ۔

وہ نہیں جانتی تھی کہ بنا بتا کے آنے پر وہ اپنے پیچھے کیا طوفان برپا کر کے آئ ہے۔

اپنا موبائل بھی وہ گھر پہ چھوڑ آئ تھی۔

انوشے کو سلانے کے بعد وہ کچن میں اگئ۔۔اسکے لیئے کیک بیک کرتے دوپہر کے لیئے اسکا پسند کا کھانا بنانے لگی۔

وہ بلکل بھول چکی تھی کہ گھر میں کسی کو بنا انفارم کیے آئ ہے۔۔

💞💞💞

حازق۔۔مام کہاں ہیں تمہاری۔مرتسم ناک کرتا اندر آتا حازق سے بولا۔

مام اپنے روم ہی ہونگی۔اتنی صبح تو آپ انہیں نیچے نہیں آنے دیتے۔وہ بظاہر سنجیدگی سی بولا۔

لیکن مرتسم جانتا تھا یہ اس پر طنز کیا گیا ہے۔وہ سر جھٹک گیا۔

مرحا اور میثم کے روم میں بھی دیکھ لیا۔اہستہ آہستہ اسنے سارا گھر چھان مارا وہ کہیں نہیں تھی۔

حازق۔۔میثم سیڑھیاں اترتے اسنے اونچی آواز میں پکارا۔۔

ابھی صبح کے ساڑھے پانچ ہو رہے تھے اس لیے اب لوگ ابھی کمروں میں تھے۔

مرتسم کی اونچی آواز سنتے سب باہر آئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا بابا۔۔وہ دونوں نیچے اترتے پریشانی سے بولے۔

تمہاری مام نہیں مل رہی ہیں۔پورے گھر میں بھی نہیں ہے۔مینے سب جگہ چیک کر لیا۔انکا فون بھی کمرے میں ہے۔وہ ادھر ادھر چکر لگاتا پریشانی سے بول رہا تھا۔

کیا مطلب ماما نہیں ہیں۔کیا وہ رات روم میں نہیں تھیں۔حازق تیزی سے اسکے قریب ایا۔

روم میں تھیں صبح جب میں نماز پڑھ کے واپس آیا تب سے وہ نہیں ہیں روم میں۔وہ پیشانی مسلتے بولا۔

جبکہ دوسرے ہاتھ تیزی سے فون پر گردش کر رہا تھا۔

اسنے احمد ولا پوچھ لیا۔ہوسپٹل فون کر کے پوچھ لیا۔لیکن وہ نہیں تھی۔۔

کیا مطلب کہیں نہیں ہے۔کہاں جا سکتی ہے۔۔ماہم اپیا نے چونک کر اسے دیکھتے کہا۔

مرتسم تم نے ٹھیک سے دیکھا نا پورے گھر میں۔عالم پریشانی سے بولا۔

ہم لوگ ایک بار پھر سے چیک کر لیتے ہیں کیا پتہ بھابی یہیں کہیں ہو۔وشہ،عادی،ہانم،ہانیا،عاشر ایک بار پھر سے گھر چیک کر رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گارڈز کو بلاو۔حازق نے میثم کو کہا وہ جلدی سے باہر بڑھا تھا۔

بابا ایسے کیسے وہ کہیں جا سکتی ہیں اپنے ٹھیک سے دیکھا نا۔مرحا اسکے پاس آتے روہانسے ہوتے بولی تھی۔

بابا کی جان بلکل ٹھیک کہا ایسے کہیں نہیں جا سکتی یہیں کہیں ہو نگی میں زیادہ ہی پریشان ہو رہا ہو۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

گھر میں کہیں نہیں ہیں۔کچھ ہی دیر میں وہ سب ہانپتے واپس آئے تھے۔

ناصر انکل اپنے مام کو باہر جاتے دیکھا ہے صبح سے۔حازق گارڈ کے آنے پر سنجیدگی سے اسکی طرف بڑھا۔

جی بیٹا وہ صبح صبح گاڑی لے کر کہیں گیا تھیں۔اس وقت ابھی ہلکا اندھیرا تھا جب وہ گئیں۔وہ صبح کا منظر یاد کرتے بولے جب وہ حواس باختہ سی گاڑی لے کر نکلی تھی۔

اتنی صبح گاڑی لے کر وہ کہاں گئی۔۔مرحانے انسے پوچھا۔

یہ تو میں نہیں جانتا گڑیا لیکن وہ بہت ہڑبڑائی اور پریشان سی لگ رہی تھیں۔وہ نظریں جھکائے بولے۔

ٹھیک ہیں آپ جائیں۔مرتسم نے کہا تو وہ وہاں سے چلے گئے۔

کچھ دیر انتظار کر لیتے ہیں کیا پتا وہ اجائیں۔بدر انہیں دیکھتے سنجیدگی سے بولا۔

نہیں انتظار نہیں کر سکتے گارڈ نے کہا کہ وہ پریشان تھیں۔جب وہ پریشان ہوتی ہیں بہت ریش ڈرائیونگ کرتی ہیں۔میں جارہا ہوں انہیں ڈھونڈھنے۔۔حازق گاڑی کی چابیاں اٹھاتا بولا۔

رکو حازق۔بدر ٹھیک کہہ رہا ہے کچھ دیر انتظار کر لیتے ہیں۔ویسے بھی تم ڈھونڈھو گے کہاں۔بس دس پندرہ دیکھ لیتے ہیں۔وہ آجائیں گی نہیں تو اسکے بعد پھر میں بھی تمہارے ساتھ چلو گا۔

مرتسم اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

پریشانی اسکی شکل سے صاف واضح تھی۔ آنکھوں کی سرخی یک دم سے بڑھی تھی لیکن وہ اپنے بچوں کو فلحال جزبات میں کوئ قدم نہیں اٹھانے دے سکتا تھا۔

حازق اسکے کہنے پر لب بھینچتا رک گیا۔

دس، پندرہ اور پھر بیس منٹ لیکن وہ نہیں آئ۔

چلو حازق۔ مرتسم سے اور برداشت نہیں ہوا تو وہ حازق کو بولتا بے چینی سے باہر بڑھا تھا جب پورچ میں گاڑی رکنے کی آواز پر سب لوگ باہر بھاگے تھے۔

وہ تھکے سے انداز میں گاڑی سے نکلی۔ سب کو یہاں دیکھ چونک گئ۔

جبکہ مرتسم کی پہلی نظر اسکے ننگے خون آلودہ پیروں پر گئ تھی۔

وہ لب بھینچتا تیزی سے اسکی طرف بڑھتا اسے اپنی بانہوں میں اٹھا چکا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاہ۔ وہ حق دق سی اسے دیکھنے لگی۔

مام کہاں چلی گئ تھیں اپ۔۔۔ حازق اسکی طرف بڑھتا رک گیا کیونکہ مرتسم اسے اٹھا چکا تھا۔

اپنے پاؤں کا حشر دیکھا ہے اپنے۔ وہ سرد نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔ مہر سمیت باقی سب کی نظر بھی اسکے پاؤں کی طرف اٹھی تھی جو خون آلودہ تھی۔

وہ لب بھینچ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مرتسم اسے لیے اندر بڑھ گیا۔وہ سیدھا اپنے کمرے میں لے گیا۔

اسے نرمی سے بیڈ پہ اتارتے سب کی موجودگی کی پرواہ کیے بغیر وہ اسکے پاؤں جو دیکھنے لگا۔

اسکے پاؤں بری طرح سی چھل گئے تھے۔اور کہیں کہیں کچھ زخم گہرے سے تھے۔

وہ سرد نظروں سے اسے دیکھتا فرسٹ ایڈ باکس دیکھنے لگا۔

مام کہاں چلی گئ تھیں اپ۔ہم سب کتنا پریشان ہو گئے تھے اور آپکے پاؤں پر اتنی چوٹ کیسے لگی۔مرحا اسکے پاس بیٹھتے نم لہجے میں بولی تھی۔

وہ تینوں بچے اپنی ماں کی معاملے میں بہت حساس تھے۔

آپکو جانا ہی تھا کم از کم جوتا تو پہن لیتی اپ۔میثم خفگی سے اسے دیکھتا اسکے پاس بیٹھا تھا۔

میں ٹھیک ہوں بچہ بس ہلکی سی چوٹ ہے کچھ نہیں ہوا۔

وہ ان دونوں کے روہانسے چہرے دیکھ بولی۔

ایم سوری وہ مجھے ایک پیشنٹ کو دیکھنے انکے گھر جانا پڑا۔اچانک اسکی بگڑی طعبیت کے باعث۔وہ سب کے پریشان چہرے دیکھتے شرمندہ سی بولی۔

بیٹے آپکو کم از کم فون تو لے جانا چاہیئے تھا۔سب کتنا پریشان ہو گئے تھے۔وجدان بھائ اسکے سر پہ ہاتھ رکھتے بولے۔

تجھ سے اور امید بھی کیا کر سکتے ہیں۔مہر ہو اور الٹا سیدھا کام نا کرے۔عالم تاسف سے اسے دیکھتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

میرے خیال میں ابھی مہر کو آرام دینا چاہئیے۔ مہر ٹھیک ہے ہم سب کے سامنے ہے اور کیا چاہیے۔نورین سب کے فکر مند چہرے دیکھتے بولی۔

ہاں اب تم ریسٹ کرو اور خبر دار اگر یہاں سے اٹھی تو۔ماہم اپیا اسے سختی سے بولیں تو وہ سر ہلا گئ۔

حازق بیٹا میں ٹھیک ہوں۔سب کے جانے کے بعد وہ سنجیدہ کھڑے حازق کو دیکھ بولی۔

مام آپ کبھی اپنا خیال نہیں رکھتی نا۔وہ خفا نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔

ایسی بات نہیں ہے مام کی جان بس تھوڑی ایمر جنسی ہو گئ تھی نا۔وہ انوشے۔وہ بات کرتے یک دم رکی تھی۔

اسکی نظروں کے تعاقب میں حازق نے بھی پیچھے مڑتے دیکھا۔

بدر اسکے پاؤں کے قریب بیٹھا بے چینی سے اسکے پاؤں کے زخموں کو دیکھ رہا تھا۔

اسکے چہرے پر پریشانی صاف جھلک رہی تھی۔وہ اتنا بے چین سا تھا کہ اپنا نچلہ لب بھی دانتوں تلے کچلتے زخمی کر بیٹھا۔۔

حازق اور وہ دونوں چونکے تھے۔

بدر کیا ہوا۔۔حازق اسکے چہرے کو بغور دیکھتا بولا۔

یہ کبھی اپنا خیال نہیں رکھتی ہمیشہ سے ایسی ہی لاپرواہیں۔کیوں ہیں اتنی لاپرواہ۔وہ گہری سانسیں بھرتا اضطراب کی سی کیفیت میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر اور حازق نے حیرانگی سے اسے دیکھنے لگے۔

کیا مطلب۔حازق سنجیدگی سے اسے دیکھتا بولا۔ایسے لگا جیسے وہ مہر کو بہت پہلے سے جانتا ہو۔

میرے خیال میں تمہاری ماما کو آرام کی ضرورت ہے۔۔مرتسم کی سنجیدہ آواز پر وہ تینوں چونکے۔

بدر اسے دیکھتا اٹھ کھڑا ہوا تھا۔وہ تینوں کو دیکھے بغیر باہر چلا گیا۔

آپ آرام کریں۔میں بعد میں ملتا ہوں آپسے ابھی تو آپکے ہٹلر شوہر نے ہمیں آپکے پاس پھٹکنے بھی نہیں دینا۔

حازق اسکے ماتھے پر لب سرگوشی میں بولا۔

مہر نے اسے گھورا وہ کندھے اچکاتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

دروازہ بند کر جانا۔مہر کے پاؤں پانی میں ڈالتے وہ حازق سے بولا۔

اسنے اپنے باپ کو گھورا جو بے شرمی میں ہر کسی کو پیچھے چھوڑ جاتا۔اسنے سختی سے دروازے کو پٹکا تھا۔

اللہ۔مہر نے اچھل کر دل پہ ہاتھ رکھا۔جبکہ مرتسم کو کوئی فرق نہیں پڑا۔

وہ سرد تاثرات چہرے پر سجائے اسکے پاؤں دھونے کے بعد اب بینڈیج کر رہا تھا۔

شاہ۔اسنے لب دباتے اسے پکارا۔۔وہ جواب دیئے بنا اپنا کام کرتا رہا۔

سی۔۔اسنے زرا سختی سے بینڈیج کی تو وہ سسکی بھر گئ۔

مرتسم کا ہاتھ پل بھر کو رکا۔اب وہ تھوڑا نرمی سے کر رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بینڈیج کرنے کے بعد اسنے جھکتے نرمی سے اسکے پاوں پر لب رکھے۔

آج بھی وہ اسکے پاؤں کو چومنے پر کوئ شرمندگی محسوس نہیں کرتا تھا۔بلا جھجھک اسکے پاؤں پر بار بار لب رکھ سکتا تھا۔کشن اسکے پاؤں کے نیچے رکھتے وہ فرسٹ ایڈ باکس واپس رکھتا ہاتھ دھونے چلا گیا۔

شاہ۔۔وہ واپس آیا تو وہ نم لہجے میں اسے پکارتے بازو وا کر گئ۔

مرتسم نے لب بھینچتے اسے دیکھا اسکے وا کیے بازوں کو دیکھتا وہ اسکی طرف بڑھا۔

نرمی سے اسے اٹھاتے اسکے بیڈ کروان سے ٹیک لگا کر بٹھاتے وہ پیچھے ہوا لیکن اس سے پہلے ہی وہ اسکی شرٹ جکڑتی اسے اپنی طرف کھینچ گئ۔

مرتسم کے کچھ سمجھنے سے پہلے ہی وہ اسکی گردن میں چہرہ چھپاتی پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

شاہ انو کی طعبیت ٹھیک نہیں تھی۔ہم دونوں میں سے کوئ بھی دو دن سے اس سے ملنے نہیں گیا تھا اس لیے وہ ناراض ہو گئ تھی۔نا کھانا کھا رہی تھی اور نا میڈیسن لے رہی تھی۔اپکو پتا ہے نا اسکا شوگر لیول کتنی جلدی بگڑ جاتا ہے۔

میں بہت ڈر گئ تھی شاہ۔

وہ ہچکیوں سے روتے بولی۔

وہ دم سادھے اسے سنتا رہا۔انو شے کا سنتے اسے اپنا سانس گھٹتا سا محسوس ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

شاہ مجھے لگ رہا میں ساحر اور عرشی سے کیا وعدہ نہیں نبھا پا رہی۔میں انوشے کا ٹھیک سے خیال نہیں رکھ سکی۔وہ بھیگی سرخ آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

نہیں شاہ کی جان ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔اپ تو انو کو ماں سے بڑھ کے پیار دیتی ہیں۔اپ تو بہت خیال رکھتی ہیں اسکا۔ایسے مت کہیں۔وہ اسکی نم آنکھیں چومتا محبت سے بولا۔

آپکے اچانک اس طرح نا ملنے پر میں ڈر گیا تھا مہر۔اپنے جان نکال دی تھی۔ایک بار مجھے بتا دیتیں میں خود آج انو کے پاس جانے والا تھا۔

وہ بامشکل آنسو حلق میں اتارتا بولا۔

مہر نے نفی میں سر ہلایا۔آپ ایسے مت کریں شاہ۔انسوں کو بہنے کی جگہ نا دی جائے تو وہ سینے میں تیر کا کام کرتے ہیں۔

وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں تھامتی اسکے ماتھے پر لب رکھتے بولی۔

مرتسم اسے خود میں بھینچ گیا۔کتنے ہی آنسو اسکے چہرے پر پھسلتے مہر کے بالوں میں گم ہوتے گئے۔

وہ دونوں اس دن کی تکلیف آج بھی ویسے ہی محسوس کرتے تھے۔۔

انوشے کیسی ہے۔وہ اپنا چہرہ صاف کرتا اسے سامنے کرتا پوچھنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے اب سوتی ہوئی کو چھوڑ کر آئی ہوں۔وہ بہت اکیلا محسوس کرتی ہے شاہ۔مجھے لگتا ہے ہمیں اسے یہاں لے کر آنا چاہئیے۔اپ پلیز ارسہ آپی سے بات کریں۔۔وہ اسکی حالت کے پیشِ نظر بولی تھی۔

میں بات کرتا ہوں انوشہ کا مزید اکیلا رہنا اچھا نہیں۔وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتا بولا۔

وہ اور عالم قبرستان آئے تھے۔

انکے ساتھ بدر بھی تھا جو گاڑی میں ہی تھا۔

دو دن تک تو اسے کسی نے بیڈ سے اترنے تک نہیں دیا تھا۔لیکن اب اسکے پاؤں ٹھیک تھے اس لیے وہ عالم کے ساتھ چلی ائی۔

کتنی ہی دیر تک وہ دونوں انوشے کی قبر کے پاس بیٹھے باتیں کرتے رہے۔۔

ساحر اور عرشیہ کی قبر پر دعائے مغفرت کرتے وہ لوگ واپس جانے لگے تو مہر رک گئی۔

کیا ہوا چلو۔عالم نے اسے رکتے دیکھ کہا۔

عالی تو گھر چلا جا میں بدر کے ساتھ آجاؤں گی۔مجھے راستے میں کچھ کام ہے۔

وہ اپنی گاڑی کی چابی اسے دیتے بولی۔

سب ٹھیک ہے۔۔وہ پریشان ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں بس راستے میں ایک پیشنٹ کو دیکھنا اسکے گھر سے۔وہ ہلکا سا مسکراتے بولی۔تو وہ سر ہلاتا اسکی گاڑی لے کر چکلا گیا۔

مہر نے دور گھڑی گاڑی کو دیکھا۔جسمیں بدر تھا وہ سر جھٹک کر آگے بڑھ گئ۔

انوشے کی قبر سے دور وہ چلتے ایک قبر پر رکی۔

ہاتھوں کی مٹھیاں سختی سے بھینچیں تھیں۔انکھوں کی سرخی بڑھی تھی۔

کسی نے یہ منظر بہت غور سے دیکھا تھا۔

لاکھ چاہنے کے باوجود وہ قدم آگے نہیں بڑھا پائ۔

کپکپاتے ہاتھ اٹھاتے اسنے لرزتے لبوں سے دعا کے لیئے ہاتھ اٹھائے تھے۔

جلدی سے دعا ختم کرتے وہ گہرے سانس لیتی آگے بڑھ تھی۔

پیچھے اس قبر کے کتبے پر ایک نام مانند کا مانند رہ گیا۔

عارض مراد۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گہرے گہرے سانس بھرتے وہ خود پر۔قابو پا چکی تھی۔

ہمیشہ ایسا ہی تو ہوتا تھا وہ لاکھ نا چاہنے کے باوجود اسکے لیئے دعائے مغفرت کرتی تھی۔

ہر جمعے وہ اور مرتسم قبرستان آتی تھی۔انوشے،ساحر،عرشیہ کے لیئے۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن ایک اور وجود بھی تھا جسکی قبر پر وہ ہمیشہ پھول چڑھاتی تھی مرتسم سے چھپ کر۔ایسا اسے لگتا تھا۔کہ مرتسم نہیں جانتاوہ جان بوجھ کر اسے انوشے کی قبر پر اکیلا چھوڑتا کسی نا کسی بہانے سے چلا جاتا تھااور وہ چپکے سے دعائے مغفرت کر جاتی تھی۔

آج بھی وہ آنکھوں میں نمی سمیٹے اسکی قبر کے قریب بیٹھی۔

ہاتھ بڑھاتے اسکے کتبے پر لگی مٹی کو صاف کیا۔تو مدھم نظر آتا نام چمک اٹھا۔

امن ملک ولد پاشا ملک۔۔

وہ ہلکا سا مسکرائی۔نم آنکھوں سے مسکرانا جیسے ہلکی بارش کے گرتے قطروں میں دھنگ کے سات رنگ۔۔

مٹی گیلی تھی۔وہ چونک گئ۔اسنے آس پاس دیکھا کوئ نہیں تھا۔

شائید کسی نے غلطی سے پانی پھینک دیا ہو۔

وہ سر جھٹک گئ۔۔

تم کہتے تھے مجھے کبھی چھوڑ نہیں سکتے۔مر بھی جاؤ تب بھی نہیں۔

تم تو سچ کہتے تھے۔وہ دھیمے لہجے میں بولتے ہلکا سا ہسی تھی۔

اسکی جل ترنگ ہسی دیکھتے دور کھڑا بدر مسکرا دیا۔۔

تم واپس آ گئے ہو نا۔بدر کے روپ میں۔۔وہ سرگوشی نما آواز میں بولی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن میں اسے امن نہیں بننے دوں گی اور ناہی اپنی بیٹی کو عینا۔۔

اسنے ایک پل کے لیئے آنکھیں موندیں۔چھم سے وہ دیوانہ وار دیکھتی آنکھیں لہرائی تھیں۔اسے لگا جیسے وہ مسکرایا ہو۔

وہ جلدی سے آنکھیں کھول گئ۔

یہ مت سوچنا کہ تمہارے لیے کچھ فیل کرتی ہوں ہر جمعے یہاں آتی ہوں تو صرف نورین آپی کے لیئے۔سمجھے تم۔

وہ کچھ ڈپٹ کر بولی۔ناک چڑھاتی وہ اٹھ گئ۔

وہ گاڑی کی طرف جارہی تھی جب ہاتھ میں پکڑے پھول دیکھے افف یہ تو میں وہاں رکھنا ہی بھول گئ۔

سر پر ہاتھ مارتی وہ پھر سے مڑی۔

امن کی قبر کے قریب پہنچتے اسے کسی کی پشت نظر آئ وہ چونک گئ۔

اگلے ہی پل وہاں بیٹھے انسان نے چہرہ موڑا اور اسکے ہاتھ سے پھول گرتے نیچے زمین پر گرتے چلے گئے۔

بدر۔۔لبوں سے بے ساختہ نکلا تھا۔

وہ جو نم آنکھیں رگڑتا اٹھ رہا تھا بے ساختہ ٹھٹھک کر رکا۔

مہر بے یقینی سے کبھی اسے تو کبھی اسکے پیچھے گیلی مٹی پر پھیلے پھولوں کو دیکھ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

بدر نے گہری سانس کھینچی یعنی اسے سچ بتانے کا وقت آ گیا تھا۔

تم۔تم۔یہاں ک۔کیوں۔تم کیسے۔۔وہ لڑکھڑاتے لہجے میں بولی۔

امن ماموں سے ملنے آیا تھا۔وہ سر جھکائے مدھم لہجے میں بولا۔۔

مہر کے سر پر دھماکے ہو رہے تھے۔نورین نے امن کے بارے میں اپنے بچوں کو بتا رکھا تھا۔

ماما نے نہیں بتایا۔۔وہ جیسے اسکی سوچ پڑھ رہا تھا۔

مہر نے گہری سانس کھینچی۔اسے سانس لینے میں مشکل ہو رہی تھی۔

بدر ماضی جانتا تھا امن کا ماضی، مہر کا ماضی، عینا کا ماضی۔۔وہ گرنے کو تھی لیکن بدر نے آگے بڑھتے اسے تھام لیا۔

وہ اسے لیے گاڑی کی طرف آ گیا۔مہر بنا مزاحمت کے اسکے ساتھ چلتی گئی۔

اسے گاڑی میں بٹھاتے بدر نے پانی کے بوتل اسکے آگے کی تو وہ خاموشی سے بوتل پکڑتے منہ سے لگا گئی۔

کتنی ہی دیر وہاں خاموشی چھائی رہی۔۔

مینے ماما کو اکثر چھپ چھپ کے روتے دیکھا تھا۔خاموشی میں بدر کی مدھم بھاری آواز گونج۔

مہر خاموش رہی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ کسی کی تصویر دیکھتے گھٹنوں روتے رہتی تھیں۔ مجھ سے انکا رونا نہیں دیکھا جاتا تھا۔اس لیے مینے ایک دن چھپ کے انکا کبڈ چھان مارا۔وہاں مجھے امن ماموں کی تصویر ملی۔۔میں اپنے ہی عکس کو دیکھتے حیران ہوا تھا۔

اس دن ماما نے مجھ دیکھ لیا تھا۔میرے پوچھنے پر انہوں نے کہا کہ یہ تمہارے ماموں ہیں جو اب اس دنیا میں رہے۔

میں خاموش ہو گیا لیکن مطمئن نہیں کیونکہ ماما اکثر روتے ہوئے عجیب باتیں کرتی تھیں۔

جنمیں بیسٹ ، اور عینا اور مہر کا زکر ہوتا۔میں آپکے زکر پر چونک جاتا مجھے یہ الجھی گھتی سلجھانی تھی۔اس لیے میں۔۔وہ یکدم بولتا خاموش ہوا۔

مہر اسکے خاموش ہونے پر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

میں پانچ سال پہلے ماما، بابا سے فرینڈز کے ساتھ پیریس کے ٹرپ کا کہتے پاک اگیا۔کیونکہ ماما نے بتایا تھا کہ وہ اور امن ماموں پاک ہی رہتے تھے۔وہ لبوں پر زبان پھیرتا بولا۔

مہر نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

باتوں ہی باتوں میں ، میں ماما سے انکے گھر کا سارا ایڈریس وغیرہ نکلوا چکا تھا۔

میں آپ لوگوں میں سے کسی کو بھی بتائے بغیر انکے بنگلے میں آیا تھا۔

وہاں ایسے لگا جیسے میں بدر نہیں امن ہوں۔ہر جگہ انکی تصویریں، انکی یادیں بکھری پڑی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے جب انکے کمرے میں قدم رکھا تو میں چونک گیا۔اسنے مہر کو دیکھا۔وہ آنکھیں موندے سیٹ سے سر ٹکائے بیٹھی تھی۔وہ

وہ اسکی پلکوں پر ٹکے آنسو دیکھتا پھر سے بولنا شروع ہوا۔

انکا پورا کمرہ ویسے کا ویسے تھا جیسے وہ شائید چھوڑ کر گئے تھے۔ہر چیز بکھری ہوئی پڑی تھی۔ مینے انکا پورا کمرہ چھان مارا۔

وہاں ایک ڈائیری اور ایک ڈوپٹہ ملا تھا۔

مہر نے چونک کر اسے دیکھا۔

مینے تجسس سے ڈائیری کھولی تو پہلے ہی پیج پر آپکی تصویر دیکھتے مجھے جھٹکا لگا۔

جھٹکا مہر کو بھی لگا۔امن ڈائیری لکھتا تھا اور اسکی کوئ تصویر بھی امن کے پاس تھی۔

بدر گہری سانس چھوڑتا پھر سے بولنا شروع ہوا۔

وہ تصویر شائید آپکی بے خبری لی گئ تھی اسکی نیچے تاریخ،وقت اور دن بھی مینشن تھا۔اور مجھے بہت بڑا سا لکھا تھا پہلی نظر۔۔

ڈائیری بھی وہیں سے شروع ہوئ تھی پہلی نظر کے ساتھ جہاں آپکو پہلی بار دیکھا،کب کہاں کیسے اور پھر ہر بار آپکو دیکھ کر وہ کیسے بے بس ہوتے تھے۔

ہر بار وہ آپکے سامنے خود کو کیوں ہارا ہوا محسوس کرتے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اور وہ ڈوپٹہ جو مجھے ملا تھا وہ بھی اسی قبرستان میں آپکے وجود سے جھلکتا انکے قدموں میں گرا تھا۔

مہر دم سادھے اسے سنتی رہی۔انکھوں سے آنسو بھل بھل کے گرتے اسکا چہرہ بھگو رہے تھے۔

اسے وہ دن یاد تھا جب تیز آندھی کی وجہ سے اسکا ڈوپٹہ یہی گر گیا تھا لیکن مرتسم کی شال اسکے پاس تھی اس لیے وہ ڈوپٹہ ڈھونڈھے بغیر ہی واپس آ گئے تھی۔

اس میں وہ دن بھی لکھا تھا جب آپ تھک کر انکے کندھے سے لگتے روئ تھیں۔جب آپ کڈنیپ ہوئ تھیں۔

اور پھر جب انہیں آپکے نکاح کا پتہ چلا تھا۔

وہ دن انکی ڈائیری میں لکھا تو لفظوں میں تھا لیکن ان لفظوں کا درد مجھے اپنے اندر اترتا محسوس ہوا تھا۔

اور پھر ایک وہ آخری دن بھی تھا جب آپ موت کے منہ میں تھیں۔

وہ ڈائیری آپسے شروع ہو کر آپ کی پہ ختم ہوئ تھی۔وہاں صرف آپکا زکر تھا۔

مہر نے گاڑی کا شیشہ نیچے کر دیا۔اسے جیسے اوکسیجن کی شدید کمی محسوس ہو رہی تھی۔

آپ تو مجھے پہلے بھی بہت عزیز تھیں اسکے بعد آپ اور بھی محترم ہو گئیں۔وہ گہری سانس بھرتا بولا۔

اسکے بعد کے سارے صفحے خالی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

میں جانا چاہتا تھا کہ آخر انکی موت کی وجہ کیا ہوئی۔اس دن کیا ہوا تھا جب وہ اتنی بری طرح سے ٹوٹے تھے۔اپ موت سے واپس لوٹی تھیں۔لیکن آج تک جان نا سکا۔

وہ کہتا خاموش ہو گیا۔

مہر کی مدھم ہچکیاں گونجی تھیں۔

وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

میں۔۔میں تھی اسکی موت کی وجہ۔میری وجہ سے اسنے اپنی بنی بنائی سلطنت اجاڑ دی۔مہری وجہ سے وہ جینا نہیں چاہتا تھا۔میری وجہ سے وہ جی تو مر ہی چکا تھا اور پھر ہمیشہ کے لیئے موت کی آغوش میں چلا گیا۔

وہ سسکیاں بھرتی دبی آواز میں چیخی تھی۔سینے میں درد سا اٹھا تھا۔

بدر نے لب بھینچے۔

اسنے نرمی سے مہر کو اپنے حصار میں لیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ انکی موت کی وجہ نہیں تھی آپ تو شہزادی تھی ان کے لیئے۔وہ شہزادی جو انہیں اندھیروں سے روشنی میں لائی آپکی وجہ سے انہوں نے اپنے خدا کو دوبارہ پالیا۔

آپ اس طرح سے خود کو قصوروار کہہ کے انکی روح کو ازیت دیتی ہیں۔وہ اسکے سر پہ لب رکھتا بولا۔

مہر کتنی کی دیر روتی رہی جب رو رو کر تھک گئ تو خاموش ہو گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے گھر جانا ہے۔بھیگے لہجے میں کہتے وہ سیٹ سے سر ٹکا گئ۔

بدر سر ہلاتا گاڑی سٹارٹ کر گیا۔

💞💞💞

جو کچھ بھی ہوا اس بارے میں کسی کو مت بتایئے گا ماما نہیں جانتی کہ میں سب جانتا ہوں۔

وہ جب گاڑی سے اترنے لگی تو بدر کی آواز سنتے رک گئ۔

سر ہلاتے اسنے دروزاہ کھولا۔

اور آپ ان سب کی قصوروار نہیں ہیں۔۔اسکے اترتے وہ سنجیدہ لہجے میں بولا۔

مہر تھکے سے انداز میں قدم اٹھاتی اندر کی طرف بڑھ گئ۔

لوگ کہتے ہیں وقت گزر جانے کے ساتھ ساتھ ہر چیز بھول جاتی ہے۔اسنے بھی تو کوشش کی تھی لیکن ماضی ہمیشہ کسی کا کسی صورت میں اسکے سامنے ان کھڑا ہو جاتا تھا اور وہ بھول بھٹکی یاد پھر سے تازہ ہو جاتی۔وقت اسکے ساتھ ایسا کیوں کرتا تھا اسے سمجھ نہیں آئ۔

لاؤنج میں سب سے مل کے وہ اپنے کمرے میں اگئ۔

مرتسم لیپ ٹاپ لیئے بیٹھا تھا۔وہ شائید وہ میٹینگ اٹینڈ کر رہا تھا۔وہ اکثر وقت اب گھر پہ ہی گزارتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر قدم قدم چلتی اسکے سامنے آ کھڑی ہوئی۔مرتسم نے چونک کر اسے دیکھا۔لیکن اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتا وہ اسکی گود سے لیپٹاپ ہٹاتی سکرین اوف کرتی ٹیبل پر رکھ گئ۔

مرتسم کے سمجھنے سے پہلے ہی وہ اسکی گود میں بیٹھتی اسکی گردن میں چہرہ چھپا گئ۔

مرتسم نے حیرانگی سے اسے دیکھا تھا۔

مہر میری جان کیا ہوا۔اسکے گرد حصار باندھتے اسکا سر چومتے پوچھا۔

شاہ ماضی ہمارا پیچھا کیوں نہیں چھوڑتا۔۔وہ سر اٹھائے معصومیت سے بولی۔۔

مرتسم نے گہری نظروں سے اسکا روہانسا چہرہ دیکھا۔

ہم ماضی کو یاد کرنا چھوڑ دیں تو ماضی ہمارا پیچھا چھوڑ دیتا ہے جانم۔یہ تو ہم پہ ڈیپینڈ کرتا ہے نا۔لیکن اگر اسکے باجود بھی نا چھوڑے تو کوئی نا کوئی مصلحت تو ہو گی نا کہ بار بار کیوں ہمارے سامنے ماضی آ کھڑا ہو جاتا ہے

وہ اسکے آنکھیں چومتا نرمی سی بولا۔

مہر اسکے سینے پر سر رکھتے خاموش ہو گئ۔

وہ تو بھلانا چاہتی تھی ماضی کو لیکن ماضی کی کوئی نا کوئی جھلک ہمیشہ اسکے سامنے پھر سے عود آتی تھی تو وہ کیا کرے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرتسم نے اس سے پوچھا نہیں کیا ہوا۔وہ بس اہستہ آہستہ اسے تھپکتا رہا جیسے ہمیشہ کرتا تھا۔

وہ جانتا تھا جو بھی بات ہو گی وہ خود بتا دے گی۔

وہ اب پر سکون سی اسکی گود میں ہی سو چکی تھی۔

مرتسم کی پر سوچ نظریں اسکے چہرے پر تھیں۔

💞💞💞

آبان۔۔وہ سیڑھیاں اترتا آیت کی آواز سنتا رکا۔

وہ صبح ہی واپس آیا تھا کچھ دیر ریسٹ کر کے وہ اب واپس جا رہا تھا۔

جی ماما۔وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

بات کرنی ہے تم سے۔ایت اسکے سامنے آتی بولی۔

جی کریں۔۔وہ فون پوکیٹ میں رکھتا اسکی طرف متوجہ ہوا۔

ایسے نہیں بیٹھ کے آرام سے بات کرنی ہے۔لیکن تمہارے پاس وقت ہی کہاں ہے۔وہ خفگی سے اسے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

میری پیاری ماں اپکے لیئے وقت ہی وقت ہے۔ آپ بولیئے۔۔ وہ اسے بانہوں کے حصار میں لیتا صوفے کی طرف بڑھا۔

تمہارے بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پر کچھ رکھا تھا مینے۔۔ دیکھا تم نے۔۔ وہ آنکھوں میں چمک لیے بولی۔

آبان نے گہری سانس بھری۔

ماما میں آپکو کیا لگتا ہوں جو ہر روز میرے سائیڈ ٹیبل پر لڑکیوں کے تصویریں چپکا دیتی ہیں۔ وہ بیزار سے لہجے میں بولا۔

کیا مطلب کیا لگتا ہوں۔ میں چاہتی ہوں اب تم شادی کر لو۔ عمر ہو گئ ہے تمہاری۔ اب نہیں کرو گے تو کب کرنی ہے۔ وہ بھڑک گئ۔

اگر تمہیں کوئ پسند ہے تو بتاؤ نہیں تو ان لڑکیوں میں سے کوئ پسند کر لو۔ وہ حتمی انداز میں بولی۔

آبان نے بے چاری نظروں سے اسے دیکھا۔

اچھا ٹھیک ہے آپ مجھے کچھ دن کا ٹائم دیں میں آپکو بتا دوں گا۔ وہ اسکے ہاتھ تھپکتا بولا۔

آیت کا چہرہ کھل اٹھا۔

ٹھیک ہے ایک ہفتے تک مجھے بتا دینا۔ وہ خوشی سے چہکتے بولی۔

آبان اسے اتنا خوش دیکھ مسکرا دیا۔

اب میں چلتا ہوں دیر ہو رہی ہے۔ اللہ حافظ۔ وہ اسکے سر پہ بولا دیتا اٹھ کھڑا ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

اللہ حافظ۔اسکی چوڑی پشت دیکھتے دل ہی دل میں اسکی نظر اتاری تھی۔

💞💞💞

اصغر کچھ بھی کرو اسکا منہ کھلواو۔نہیں مرنا نہیں چاہیئے ایک دوا ایلکٹریک شاکس سے کوئ نہیں مرتا۔

وہ فون کان سے لگائے عجلت میں بولتا چل رہا تھا۔

اس سے کچھ آگے چلتی زمل اس کی بات سنتی کپکپا کر رہ گئ۔

وہ قدموں کی رفتار آہستہ کر گئ کہ آبان آگے نکل جائے۔

لیکن ابان نے اسے دیکھا ہی نہیں نتیجہ وہ سیدھا اس سے ٹکرایا تھا۔

زمل کی چیخ بے ساختہ تھی۔

وہ دونوں ٹکراتے زمین پر گرے تھے۔ابان نیچے اور زمل اوپر۔

اس اچانک افتاد پر دونوں حیران تھے۔

زمل خوف سے آنکھیں پھیلائے اسے دیکھنے لگی۔

اس دن کے بعد سے وہ اسکے سامنے نہیں گئ تھی۔۔ہاں لیکن اسکا خوف کچھ اور زیادہ ہو گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اگر کبھی وہ سامنے ابھی جاتا تھا تو نظریں چرائے گزر جاتی وہ تو خود آئینے میں خود کو نہیں دیکھ پا رہی تھی

۔

اپنے ہونٹوں پر نظر پڑتے ہی وہ شرم سے سرخ پڑ جاتی۔ابھی اسے ایسے اپنے سامنے دیکھتے وہ کانوں کی لو تک سرخ پڑی تھی۔

جبکہ آبان اسکی سوچوں سے بے نیاز غیر ارادہ اسے مبہوت سا دیکھے جا رہا تھا۔اسکے چہرے پر کھلتے وہ شرم وحیا کے رنگ اسمیں عجیب سے جزبات پیدا کر گئے۔

وہ جانتی تھی آبان اگر اس دن اسے سانس نا دیتا تو شائید وہ آج زندہ نا ہوتی اس لیے اسنے اسکو قصوروار نہیں ٹھہرایا لیکن اسے عجیب سے حیا آنے لگی تھی اس سے۔

ابھی بھی وہ تیزی سے اس پر اٹھی لیکن اسکے بال آبان کی شرٹ میں اٹھک چکے تھے۔

وہ جتنی تیزی سے اٹھی تھی اتنی ہی تیزی سے واپس گری۔اسکے ہونٹ سیدھا آبان کے سینے سے ٹکرائے تھے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زمل تو زمل آبان کے بھی ہوش ٹھکانے لگے تھے۔

وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا تیزی سے سیدھا ہوا تھا لیکن زمل کو خود سے الگ نہیں کیا۔

زمل کانپتے ہاتھوں سے اپنے بال نکالنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن وہ نکلنے کی بجائے اور الجھ گئے۔

وہ روہانسی ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

میں کرتا ہوں۔ابان کی گھمبیر بھاری آواز سنتے وہ کپکپاتے ہاتھ پیچھے کر گئ۔

وہ گہری نظروں سے اسے دیکھتا اسکے بال نکال گیا۔

اسکی گرم سانسیں اپنے چہرے پر محسوس کرتے وہ کپکپائ تھی۔بال نکلتے وہ تیزی سے پیچھے ہوئ۔

لب کچلتے وہ آبان کو دیکھے بغیر اندر بھاگ گئ۔

آبان کی نظریں اسکے لبوں پر ہی ٹک گئ تھیں۔

اسنے انجانے میں ہی اپنے ہونٹوں کو چھوا عجیب سی بے چینی ہوئ تھی۔

کنپٹی سہلاتے اسنے گہری سانس بھرتے اسکے سحر سے نکلنا چاہا۔

تیز تیز قدم اٹھاتے وہ اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔

آنکھوں میں ہلکی سی سرخی چھائ تھی۔

وہ گلاسز چڑھاتا گاڑی سٹارٹ کرتا احمد والا سے نکلتا چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

زمل کیا ہوا۔۔ایزل اسے حواس باختہ سا اندر بھاگتے دیکھتے حیرانگی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ک۔کچھ نہیں آپی وہ باہر بہت گرمی ہے نا تو دل گھبرا رہا تھا۔وہ ایزل کے اچانک سامنے آنے پر ہربڑائی سی بولی۔۔

اچھا ریلیکس ہو کر بیٹھو۔وہ اے_سی سپیڈ بڑھاتے بولی۔

زمل ملازمہ کے ہاتھ سے پانی پکڑتے ایک ہی سانس میں گلاس خالی کر گئی۔اسکا حلق سوکھ گیا تھا۔

ایزل حیرت سے اسے دیکھتے کندھے اچکا گئی۔

💞💞💞

نہیں نہیں مجھے نہیں کھانی۔۔وہ زمین پر پیر پٹکتے روتے ہوئے بولی تھی۔

نور آپ تو بہت اچھی بے بی ہو۔ایسے نہیں کرتے چلو شاباش یہ میڈیسن لے لو۔مہر اسے پیار سے پچکارتے بولی۔

پچھلے ایک ہفتے مہر اسکا علاج کر رہی تھی۔

آہان شاہ اپنی فیملی کے ساتھ کچھ دنوں کے لیئے اسلاماباد شفٹ ہوئے تھے۔تاکہ نور العین کا علاج ہو سکے۔۔

مہر باقاعدگی سے نور العین کا چیک اپ کرتی اسکی میڈیسنز میں کافی چینج کیا گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن وہ میڈیسنز کھاتی نہیں تھی۔

مجبوراً مہر کو آج انکے گھر آنا پڑا۔ لیکن وہ ہنوز ضد کر رہی تھی۔

زارا اور روشانے بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گئیں۔ وہ ہمیشہ ہی ایسے کرتی تھی۔

براق جو مہر کے ساتھ آیا تھا وہ لب دباتا گہری نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔

براق بھی مہر کی طرح ایک سائیکیٹرس ہی بننا چاہتا تھا۔

اسکی انٹرنشپ چل رہی تھی۔ جو وہ مہر کے ہوسپٹل میں کر رہا تھا۔

وہ اکثر پیشنٹس کو دیکھنے مہر کے ساتھ جاتا تھا۔

اچانک اسکے دماغ میں ایک آئیڈیا آیا۔ اسکی زہین آنکھیں چمکی تھیں۔

وہ دانین کا بیٹا تھا کیسے ممکن تھا اسکا خرافاتی دماغ خاموش رہے۔

مہر چاچی آپکو پتا ہے کل مجھے ماما بتا رہی تھیں کہ کچھ بچے گھر سے غائب ہو گئے ہیں۔ وہ سنجیدگی سے مہر کے پاس بیٹھتا بولا۔

مہر نے اسے گھورا تو اسنے آنکھوں سے کچھ اشارہ کیا۔

وہ سر ہلا گی۔

کیوں۔ کیوں غائب ہوئے ہیں۔ مہر حیرانگی سے اسے دیکھتے بولی۔

نور ان دونوں کی باتیں سنتی اپنی گڑیا سے کھیلنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ وہ بچے اپنی میڈیسنز اور کھانا ٹائم پہ نہیں لیتے تھے۔بہت ضد کرتے تھے۔اس لیے انہیں مونسٹر لے گیا۔

وہ مصنوعی افسوس سے بولا۔

یہ تو بہت بری بات ہے۔ٹائم۔پہ میڈیسنز اور کھانا لینا چاہئیے۔دیکھو تو اب مونسٹر لے گیا نا اب وہ انہیں کھا جائے گا۔مہر نفی میں سر ہلاتے کن اکھیوں سے نور کا فق ہوتا چہرہ دیکھتے بولی۔

م۔میں میڈی لوں گی کھانا بھی کھاؤں گی۔وہ جلدی سے مہر کے قریب ہوتے بولی۔

مونچھوں والے انکل آپ پلیز اس مونسٹر کو نا بتانا میں اب روز ٹائم پہ میڈی اور کھانا کھاؤں گی۔وہ براق کا بازو کھینچتے بولی۔

ان چاروں نے مسکراہٹ دبائی۔

ویری گڈ چلو پھر کھاؤ شاباش۔مہر مسکراہٹ دباتے اسکے سامنے نوالہ کرتے بولی۔

وہ جھٹ سے جھک کر اسکے ہاتھ سے نوالہ کھا گئی۔

آپ دونوں چاہے تو اپنا کام کر سکتی ہیں ہم دیکھ لیں گے انہیں۔

براق زارا اور روشانے کو دیکھتا بولا تو وہ سر ہلاتی کچن کی طرف بڑھ گئی۔

کیونکہ انہیں لنچ ریڈی کرنا تھا۔

مہر نور کو کھانا کھلانے لگی۔جب اسکا فون رنگ کرنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ براق کو اسکا دھیان رکھنے کا کہتے فون اٹھاتے سائیڈ پر ہو گئ۔

براق اب اسے کھانا کھلانے لگا۔

مونچھوں والے انکل۔وہ نوالہ چباتے اسے دیکھتے بولی۔

براق نے اسے گھورا۔

انکل نہیں ہوں میں۔وہ اسکے منہ میں نوالہ ڈالتے بولا۔

مونچھوں والے تو انکل ہی ہوتے ہیں۔ہی ہی ہی۔وہ منہ پر ہاتھ رکھتے ہستے ہوئے بولی۔

براق اسکے یوں ہسنے پر مسکرا دیا۔

نہیں انکل بہت بڑے والے ہوتے ہیں لیکن میں آپکے داؤد بھائ جتنا ہوں نا۔وہ اسے سمجھانے کے انداز میں بولا۔

بیس۔وہ زور و شور سے سر ہلا گئ۔

پھر میں کیا بولوں اپکو۔دادو بھائ کے جیسے بھائ۔وہ چٹکی بجا کر بولی۔

استغفرُللہ۔۔وہ اچھل ہی تو گیا تھا اسکے منہ سے بھائ سنتے۔

بھائ نہیں دوست۔اپ مجھے فرینڈ کہہ سکتے ہو۔

وہ اسے پانی دیتا بولا۔

اوکے فرینڈ لیکن پھر آپکو میرے ساتھ کھیلنا پڑے گا۔پرامس کرو۔وہ نیو فرینڈ ملنے پر خوش ہو گئ۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے۔براق نے مسکراتے اسکے ہاتھ پہ ہاتھ رکھا۔

ٹھیک ہے آپ میرے فرینڈ ہو تو پھر میں جیسا کہوں گی۔

ویسا کرنا پڑے گا۔وہ منہ پر ہاتھ رکھتے کچھ سوچتے بولی۔

براق اسے میڈیسنز دیتا ہس دیا۔اچھا کیا کرنا پڑے گا۔

آپ یہ گندے والی مونچھے کٹوادو۔چھوٹی چھوٹی سی کروالونا۔وہ اسکی مونچھوں کو ہاتھ سے چھوٹا کرنے کی کوشش کرتے بولی۔

براق اسکے ہاتھ کو اپنے لبوں پر محسوس کرتے گھبرا کر پیچھے ہوا۔

کیا ہوا فرینڈ نہیں کرواوگے۔وہ اداس ہوتے بولی۔

کیوں نہیں میری فرینڈ نے کہا ہے تو میں ضرور کرواؤں گا۔وہ اسکا اداس چہرہ دیکھا بے ساختہ بولا۔

سچی۔۔وہ خوشی سے اچھلی۔

مچی۔براق نے اسکی ناک دبائی۔

آپ بہت اچھے ہو فرینڈ نو رلوزیو۔وہ اسکے گال پر لب رکھتے خوشی سے بولی۔

براق ساکت ہوا تھا۔وہ اپنے گال پر ہاتھ رکھتا بے یقینی سے اسے دیکھنے لگا۔اسکے نازک ہونٹوں کے لمس سے دل میں عجیب سے کھلبلی سی ہوئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نور اب اپنی گڑیا کے ساتھ مصروف ہو چکی تھی۔

ریلیکس ریلکس وہ بچی ہے۔وہ دل پہ ہاتھ رکھتا بڑھتی دھڑکنوں کو ڈپٹتا بولا۔

مہر واپس آئی تو اسے خوش دیکھ حیران ہوئی۔وہ نا صرف سارا کھانا ختم کر چکی تھی بلکہ میڈیسنز بھی لے چکی تھی۔

اب وہ براق کو اپنی گڑیا دکھا رہی تھی۔

واہ یہاں تو دوستی ہو گئی۔وہ خوشگوار حیرات سے بولی۔

آہان نے اسے بتایا تھا کہ نور کبھی کسی کو اپنے ٹوائز کو ہاتھ نہیں لگانے دیتی چاہئے وہ روشانے ہی کیوں نا ہو۔

مہر آنٹی یہ میرے نیو فرینڈ ہیں۔اب سے ہم دونوں ساتھ کھیلیں گے اور میری گڑیا کی شادی بھی ساتھ کروائیں گے۔۔وہ خوشی سے بولی۔

مہر نے حیرانگی سے براق کو دیکھا۔وہ اتنی جلدی کسی سے اٹیچ نہیں ہوتا تھا۔

مہر کے دیکھنے پر وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا نظریں چرا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

دوست بن کے ٹریٹ کروں گا تو بات آسانی سے مان جائے گی اور پھر ایسے جلدی ریکور بھی کر جائے گی۔مہر کے دیکھنے پر وہ وضاحت دیتا بولا۔

مہر سر ہلا گئ۔

💞💞💞

اسلام و علیکم سر!! اسکے تھانے داخل ہوتے ہی سب احتراماً کھڑے ہوتے اسے سلوٹ کرتے بولے تھے۔

وہ زیر لب جواب دیتا اپنے کیبن کی طرف بڑھا تھا جب سب کی دبی دبی مسکان دیکھتا رکا۔

کیا مسلہ ہے کام کرو اپنا۔وہ پیچھے مڑتا غصے سے بولا۔اج سب سے عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے۔

وہ سر جھٹکتا اپنے کیبن میں داخل ہوا۔

سر جیسا اپنے کہا تھا ویسے ہی کیا تھا اسنے منہ بھی کھول دیا ہے۔اصغر اسکے پیچھے داخل ہوتا بولا۔

آبان سر ہلاتا کوی فائل نکالنے لگا۔

اسکا بیان بھی ریکارڈ کر لیا گیا ہے اور۔۔آبان کے مڑنے پر اصغر کو بریک لگی۔

وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔

اسکے چپ ہونے پر آبان نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

اگے۔۔ائیبرو اچکاتے کہا۔

سر میرے خیال میں آپکو شرٹ چینج کر کے آنی چاہیئے تھی۔اصغر مسکراہٹ دباتا بولا۔

آبان کو تپ چڑھی۔

کیوں کیا مسلہ ہے کوئی جوکر لگ رہا ہوں جو سب کو ہسی آرہی ہے مجھے دیکھ کر۔وہ فائلز پٹکتا بولا۔

جوکر نہیں سر عاشق لگ رہے ہیں جو اپنی محبوبہ کے پاس سے آرہا ہے۔وہ کھی کھی کرتا بولا۔

کیا بکواس کر رہے ہو۔ابان غصے سے بولا۔

سر آپ اپنی شرٹ دیکھ لیں ایک بار میں چلتا ہوں۔ہستے ہوئے بولتا جلدی سے غائب ہوا تھا۔

آبان نے چونک کر اسے دیکھا۔اسنے سر جھکاتے اپنی شرٹ کو دیکھا ٹھیک تو تھی لیکن اسکی نظر ایک جگہ ٹھہر گئی۔

اسنے ہاتھ بڑھاتے اپنے سینے پر لگے اورنج لپسٹک کے نشان دیکھے جو ہونٹ کے شیپ میں لگے ہوئے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واٹ دا۔۔وہ کہتے کہتے رک گیا۔

اسے صبح زمل سے ہوا ٹکراؤ یاد ایا۔

افف۔۔ گہری سانس بھرتے اسنے ٹشو سے وہ نشان صاف کیے لیکن وہ زرا سا بھی صاف نہیں ہوا۔

جھنجھلاتے اسنے کپڑا گیلا کرتے اچھے سے رگڑا تب جا کر وہ کچھ مدھم پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

کتنی خفت اٹھانی پڑی تھی اج اسے اس نشان کی وجہ سے۔وہ تپ ہی تو گیا تھا۔

💞💞💞

مرتسم نے ارسہ سے بات کرنے اسے سچویشن سے آگاہ کیا تھا۔سات سالوں میں وہ جان چکی تھی کہ مرتسم اور مہر کبھی بھی انوشے کو اپنے بچوں سے کم نہیں سمجھیں گے اسلیے وہ مان گئ تھی۔

گھر والوں کو مرتسم نے صاف صاف بتا دیا تھا انوشے کے بارے میں سوائے بچوں کے سب سچائ جانتے تھے۔

وشہ اور عادی تو کتنی ہی دیر بے یقین بیٹھے رہے اگر آج انک بیٹا انکے پاس تھا تو صرف اور صرف ساحر کی وجہ سے۔وہ جتنا شکر کرتے کم تھا۔

بچوں کے لیئے وہ مرتسم کے کسی دوست کی بیٹی تھی جنکی ڈیتھ ہو چکی تھی۔

باقی کسی کو اعتراض نا تھا سوائے ابراہیم کے۔جسکی وجہ سے وہ یتیم ہوئ تھی اسی نے اسکے گھر میں آنے پر سب سے زیادہ ہنگامہ کیا تھا۔کہ وہ کیوں انکے گھر میں رہے گی۔

لیکن عادی اور وشہ کی ڈانٹ سے وہ خاموش ہو گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اس طرح سے انوشے شاہ ولا اگئ۔پہلے پہل تو وہ بہت ڈری ہوئی سی تھی لیکن سب کے پیار کی وجہ سے وہ جلدی ہی سب سے گھل مل گئ۔

ابراہیم اور کاشان کا انہیں دنوں ٹرپ گیا تھا اس لیے وہ دونوں ان دنوں گھر نہیں تھے۔

اس طرح انوشے نا صرف شاہ ولا بلکہ احمد ولا میں بھی سب کی لاڈلی بن چکی تھی۔وہ گھر میں سب سے چھوٹی تھی اس لیے ہر کوئ اسے دل و جان سے پیار کرتا تھا۔اور وہ اتنا پیار پاتے ہی کھل اٹھی تھی۔

💞💞💞

مجھے آپ لوگوں سے ضروری بات کرنی تھی۔ڈائینگ ٹیبل پر وجدان کی سنجیدہ آواز گونجی۔۔

سب نے سوالیہ نظروں سے انہیں دیکھا۔

آہان شاہ چاہتے ہیں اب بچوں کا نکاح کر دینا چاہیئے۔اگر ہانم راضی ہے تو۔

ویسے بھی ہانیہ کے سسرال والے بھی اب رخصتی چاہتے ہیں۔میں سوچ رہا ہوں دونوں بچیوں کو ایک ساتھ ہی رخصت کر دیا جائے۔۔

وہ سنجیدگی سے بولے۔۔

صائم (ہانیہ کے والد) سے میری بات ہو چکی تھی اسے کوئ مسلہ نہیں ہے۔۔

ہانم بیٹا بتاؤ آپ کیا چاہتے ہو۔ماہم اپیا نے اس سے پوچھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پچھلے ایک مہینے سے داؤد کے ساتھ تھی۔

وہ لوگ اکثر لنچ یا ڈنر اکھٹے کرتے، کبھی شاپنگ، پک اینڈ ڈراپ وہ اس عرصے میں ایک دوسرے کو بہت اچھے سے جان چکے تھے۔

جیسا آپکو بہتر لگے لگا۔مجھے کوئی اعتراض نہیں۔وہ مدھم لہجے میں بولی۔

اوامطلب اب ہانیہ آپی اور ہانم آپی کی شادی ہو گی۔۔مرحا کی پرجوش آواز گونجی۔

ہاں گڑیا بلکل۔۔حاشر اسکے سر پر چپت لگاتا بولا۔

لیکن میں سوچ رہی ہوں ہم حاشر کی بھی ساتھ ہی کر دیں۔اسکی بھی تو اب شادی کی عمر ہے۔۔ماہین بھابھی کی آواز پر پانی پیتے حاشر کو اچھو لگا۔

اسنے حیرت سے اپنی ماں کو دیکھا۔

ہاں بلکل میں بھی یہی سوچ رہی تھی۔روحاما نے مسکراتے کہا۔

کیوں برخوردار کیا خیال ہے۔کوئی لڑکی دیکھ رکھی ہے۔مرتسم اسکے ہوائیاں اڑتے چہرے کو دیکھ محظوظ ہوتا بولا۔

میری شادی کی بات کہاں سے آگئی یار۔۔وہ جھنجھلاتا بولا۔

کیا مطلب کہاں سے آگئی۔شادی تو کرنی ہے نا یا کنوارے ہی رہنا ہے۔مہر ہستے ہوئے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں بلکل بتادو اگر کوئ پسند ہے تو ورنہ میری نظر میں بھی ہے ایک پیاری سی لڑکی۔ماہین بھابھی اسے چھیڑتے بولیں۔

حازق اور میثم اسکی درگت بنتے دیکھ محظوظ ہو رہے تھے۔

ہاں ہاں بتا دیں حاشر بھائ یہ نا ہو کہ بڑی ماما خود ہی کوئ لڑکی آپکے لیئے پسند کر لیں پھر آپ اپنی گرلفرینڈ کو کیا جواب دیں گے۔۔ مرحا اسکے پر جھکتے رازداری سے بولی لیکن اسکی آواز سب تک پہنچی تھی۔

سب کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ جھنپ گیا۔ایسی بات نہیں ہے ماما آپ دیکھ لیں آپکو جو پسند ہو۔

وہ جھجھک کر بولا۔

سچ میں تمہیں کوئ پسند نہیں۔وشہ نے حیرانگی سے اسے دیکھا۔وہ ساتھ ساتھ اپنے پاس بیٹی انوشے کو بھی کھانا کھلا رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک ہفتے سے وہ اس گھر میں تھی مہر اور مرتسم کے بعد وہ سب سے زیادہ وشہ سے اٹیچ ہو گئ تھی۔

وشہ کو تو وہ پیاری سی گڑیا اتنی پسند تھی وہ ہر وقت وشہ کے پاس ہی رہتی تھی۔

نہیں۔وہ نفی میں سر ہلا گیا۔

یار ہمارا بچہ تو بہت شریف ہے۔۔عادی ہستے ہوئے بولا تو باقی سب بھی مدھم سا مسکرا دیئے۔

Posted On Kitab Nagri

میں سوچ رہی تھی کیوں نا ہم حاشر کے لیئے روشانے کو مانگ لے۔میں وٹے سٹے کا نہیں کہہ رہی بس مجھے وہ پسند ہے۔

وہ جھجھک کر بولی۔

سب ایک دم سے خاموش ہوئے تھے۔

حاشر کے سامنے یکدم سنجیدہ سا چہرہ لہرایا تھا۔

روشانے واقعی بہت اچھی لڑکی ہے حاشر کے ساتھ جچے گی۔مہر نے مسکراتے لہجے میں کہا۔

ہاں بلکل کیارائے ہے پھر لڑکے۔وجدان بھائی نے حاشر کو دیکھا۔

جیسا آپ سب کو بہتر لگے۔۔وہ ہلکا سا مسکراتے بولا۔

مطلب لڑکے کی ہاں ہے۔۔

پریشے اسے مسکراتے دیکھ اونچی آواز میں بولی۔۔

انوشے اب اونگ رہی تھی اسلیے وشہ نے اسے اپنی گود میں اٹھالیا۔

ٹھیک ہے تو پھر آہان شاہ سے بات کرتے ہیں پھر دیکھتے ہیں انکا جواب۔وجدان بھائی نیپکین سے منہ تھپکتے بولے۔

باقی سب بھی کھانا ختم کرتے اٹھ گئے۔

ماما۔۔تبھی کاشان اور ابراہیم کی آواز گونجی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لوگ آج ایک ہفتے بعد ٹرپ سے واپس آئے تھے۔

سب نے خوشگوار حیرت سے انہیں دیکھا۔

وشہ۔ابراہیم کو دیکھتے آگے بڑھ لیکن اسکی گود میں انوشہ تھی۔

ویلیکم مائے بوائے۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولی۔ابراہیم کا چہرہ پھیکا پڑا۔اج وشہ نے اسے گلے نہیں لگایا۔وہ ایک ہفتے بعد آیا تھا۔وجہ اسکی گود میں وہ لڑکی تھی۔

اسنے نفرت سے انوشے کو دیکھا اور ماہم کی طرف بڑھ گیا۔

وشہ نے حیرت سے اسے دیکھا وہ انوشے کو کمرے میں لٹانے چلی گئ۔

واپس آتے اسنے ہمیشہ کی طرح ابراہیم کو گلے لگاتے اسے پیار کیا لیکن وہ خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔

بچے شائید تھک گئے ہیں میرے خیال میں انہیں آرام کرنا چاہیئے۔مہر نے کہا تو سب سر ہلاتا پنے کمروں کی طرف بڑھ گئے۔

وشہ کی نظروں نے دور تک اپنے بیٹے کا پیچھا کیا تھا جسکا چہرہ سپاٹ تھا۔

وہ اپنا وہم سمجھتی سر جھٹک کو آگے بڑھ گئ۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

یہ اس کیس کے بہت امپورٹنٹ ثبوت ہیں حازق۔ تمہیں انہیں جلد از جلد کسی سیف جگہ پہنچانا ہے ۔ابھی اگلی تاریخ میں پندرہ دن ہیں۔اور مجھے امید ہے وہ لوگ تمہیں نقصان پہنچانے کی کوشش ضرور کریں گے اس لیے سنبھل کر رہنا۔عاطر صاحب تنبیہ لہجے میں بولے۔

حازق خاموشی سے سنتا سر ہلا گیا۔

آپ فکر مت کریں خدا کے علاوہ کسی میں ہمت نہیں حازق میر کو کوئی نقصان پہنچا سکے۔اور رہی بات ان ثبوتوں کی تو یہ میرے پاس بلکل سیف ہیں۔

میں بھی دیکھتا ہوں کیسے وہ لوگ جھوٹ کی بنا پر یہ کیس جیتتے ہیں۔۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

اس وقت جوش سے نہیں ہوش سے کام لینا ہے برخوردار۔وہ لوگ بہت خطرناک ہیں یقیناً ان ثبوتوں کو مٹانے کی کوشش کریں گے اسلیے پھر کہہ رہا ہوں سنبھل کر رہنا۔

وہ گہری سنجیدگی سے بولے تو وہ سر ہلا گیا۔

عاطر صاحب اسے کچھ اور پوائنٹس بتانے لگے۔

وہ پوری توجہ سے انہیں سن رہا تھا جب اچانک اسکی نظر کونے کی ٹیبل پر گئی۔

اسکے چہرے پر سنجیدگی کے ساتھ سختی کے تاثرات بھی نمایاں ہوئے تھے۔آنکھوں میں جیسے شرارے پھوٹے تھے۔

وہ سختی سے مٹھیاں بھینچ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ اس سے بے نیاز ایزل ہمیشہ کی طرح پٹ پٹ بولتی جا رہی تھی۔

وہ آج اپنے کالج فرینڈز کے ساتھ ڈنر کرنے آئی تھی۔وہ لوگ کافی ٹائم بعد ملے تھے۔

باقی سب تو جا چکے تھے لیکن شاویر جو اب اسکے ساتھ ہوسپٹل میں کولیگ بھی تھا وہ ابھی تک وہیں تھا۔ایزل کو وہی ڈراپ کرنے والا تھا۔

وہ لوگ آئیس کریم کے لیئے ابھی تک رکے ہوئے تھے۔

ایزل اسے کالج کا کوئی قصہ سناتی کھکھلائی تھی۔

تمہیں یاد ہے میں سب کے ہاتھ دیکھتا تھا۔وہ دلچسپی سے اسے دیکھتا بولا۔

ہاں بلکل مجھے اچھے سے یاد ہے۔لڑکیوں کے ہاتھ پکڑنے کے لیئے تم انہیں جھوٹی کہانیاں سناتے رہتے تھے۔ایزل ہستے ہوئے بولی۔

تو وہ بھی مسکرا دیا۔

اب ایسی بھی بات نہیں ہے مینے جو کہا تھا اکثر کا وہی سب سچ ہوا ہے۔چاہے تو آزمالو۔وہ کندھے اچکاتا بولا۔

رئیلی۔۔چیئر سے آگے ہوتے دلچسپی سے پوچھا۔

ہاں بلکل لاؤ تمہارا بھی دیکھوں۔وہ اسکی دلچسپی دیکھتا بولا۔

ہاں بلکل وہ جلدی سے اپنا ہاتھ اسکے آگے بڑھا گئی۔جسے وہ تھامتا غور سے دیکھنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

یار ایزل یہاں تو لکھا ہے کہ تمہاری شادی خاندان میں ہی ہونی ہے۔وہ منہ بگاڑتا بولا۔

ایزل کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔جس سے اسکے ڈمپلز نمایاں ہوئے تھے۔

شاہ ویر مبہوت سا اسے دیکھنے لگا۔

جبکہ ان سے دور حازق میر شاہ کا پورا وجود جیسے انگاروں پر گسیٹ لیا گیا ہو۔

دل کیا اسکا ہاتھ جڑ سے اکھاڑ دے۔

ہونٹ بھینچتے اسنے خود پر قابو پانے کی کوشش کی۔

لیکن ہاتھ کے بعد اب ایزل کے چہرے کی طرف بڑھتا اس لڑکے کا ہاتھ دیکھتے وہ جھٹکے سے اٹھا۔

عاطر صاحب میں بعد میں آپسے ملتا ہوں انکی سنے بغیر ہی ایزل کے ٹیبل کی طرح بڑھا تھا۔

اس سے پہلے کہ شاویر کا ہاتھ ایزل کے ڈمپل کو چھو لیتا کسی نے سختی سے اسکا بازو تھاما تھا۔

ان دونوں نے چونک کر دیکھا۔

میر۔وہ اچھنبے سے اسے دیکھتے وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حازق کی قہر برساتی نظریں شاویر پر تھیں اسنے اتنی سختی سے اسکا ہاتھ پکڑا تھا کہ ویر کو لگا جیسے اسکا ہاتھ ٹوٹ جائے گا۔

وہ وہی لڑکا تھا جو اس رات ایزل کو ڈراپ کرنے آیا تھا۔

لیو مائی ہینڈ۔وہ درد کی شدت سے دبی آواز میں چیخا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کافی لوگ انکی طرف متوجہ ہوئے تھے۔

میر چھوڑو۔ایزل کو جب احساس ہوا تو وہ تیزی سے حازق کی طرف بڑھی۔

حازق نے جھٹکے سے اسے چھوڑا تو وہ لڑکھڑا کر پیچھے ہوا تھا۔

ویر تم ٹھیک ہو۔وہ فکر مندی سے اسکا ہاتھ دیکھتے بولی۔

وہ لب بھینچتا سر ہلا گیا۔

اسکا اتنی فکر مندی سے ویر کہنا حازق کو تن بدن کو سلگھا گیا۔

اس سے پہلے کہ وہ دوبارہ ایزل کا ہاتھ تھامتا حازق نے جھٹکے سے ایزل کو اپنی طرف کھینچا تھا۔

وہ کٹی ڈالی کی طرح اسکے سینے سے الگی۔

میر۔ایزل نے سہم کر اسے پکارا۔

دوست ہو دوست بن کر رہو ڈونٹ کراس یور لمٹس۔وہ شاویر کو دیکھتا غرایا تھا۔

شاویر لب بھینچ گیا۔وہ جانتا تھا حازق ایزل کا کزن ہے۔

وہ شکوہ کن نظروں سے ایزل کو دیکھتا وہاں سے چلا گیا۔

ویر۔ویر لسن ایم سوری۔وہ اسکے پیچھے جانے کو لپکی لیکن اسکا ہاتھ حازق کی گرفت میں تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میرا ہاتھ چھوڑو۔۔وہ دبی آواز میں چیخی تھی۔حازق اسکی بات کو نظروں انداز کرتا جھٹکے سے اسے کھینچتا باہر لے گیا۔

میر کیا بدتمیزی ہے یہ چھوڑو مجھے۔تمہاری ہمت کیسے ہوئی ویر کے ساتھ ایسا کرنے کی۔وہ اپنا ہاتھ چھڑوانے کی کوشش کرتی دبے دبے انداز میں چیخ رہی تھی۔

پارکنگ میں آتا لاتے حازق نے اسے اپنی گاڑی سے لگایا۔

اسکے دائیں بائیں ہاتھ رکھتا وہ اس پر جھکا۔

ایزل غازیان شاہ۔پوچھ سکتا ہوں رات کے اس پہر تم اس لڑکے کے ساتھ کیوں تھی۔وہ اس کی آنکھوں میں جھانکتا سرد لہجے میں بولا۔

ایزل نے غصے سے اسے دیکھا۔تم ہوتے کون ہو یہ سوال مجھ سے پوچھنے والے۔اور تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرے دوست کے ساتھ ایسے بیہو کرنے کی۔

کونسے پاگل پن کے دورے پڑتے ہیں تمہیں۔وہ اپنا بازو سہلاتی چیخ کر بولی۔اسکے سفید بازوں پر حازق کی انگلیوں کے نشان واضح تھے۔

میں کون ہوں یہ تو میں تمہیں اچھے سے بتادوں گا لیکن پہلے میرے سوال کا جواب دو کس حق سے وہ تمہارا ہاتھ پکڑ کر تمہارے اتنے نزدیک بیٹھا تھا۔کس حق سے وہ تمہارے چہرے کو چھونے جارہا تھا۔وہ گاڑی کے دروازے پر ہاتھ مارتا غرایا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل اتنے قریب سے اسکی دھاڑ سنتے اچھلی تھی۔

می۔میں بابا سے پوچھ کر آئی تھی۔وہ دوست ہے میرا۔بولتے اسکا لہجہ لڑکھڑا گیا۔

مقابل کی بھوری آنکھیں آگ اگل رہی تھیں۔اسکی پھولی ہوئی رگوں سے وہ اسکے غصے کا پتہ لگا سکتی تھی۔

بابا سے یہ بھی پوچھا تھا کہ کوئی لڑکا مجھے چھو سکتا ہے۔وہ اسکا منہ دبوچتا پھر سے دھاڑا تھا۔

میر چھوڑو مجھے۔کیا جنگلی پن دکھا رہے ہو اگر وہ حق نہیں رکھتا تھا تو تم بھی نہیں رکھتے۔وہ اپنے جبڑے میں اٹھتی ٹھیسیں برداشت کرتے چیخی تھی۔

حازق نے اسکا منہ چھوڑتے اسکے چاکلیٹی بال دبوچے تھے۔

ایک بات میری اپنے اس الٹے دماغ میں بٹھالو ایزل غازیان شاہ۔

تم پر اگر کسی کا حق ہے تو صرف اور صرف حازق میر شاہ کا۔تم ازل سے میری تھی میری ہی بنو گی۔اور حازق میری اپنی چیزوں پر کسی کی نظر تک برداشت نہیں کرتا ہاتھ تو دور کی بات ہے۔

میں یہ حق تمہیں بھی نہیں دیتا۔وہ اسکا ہونٹ دانتوں سے آزاد کرواتے اپنے ازلی مخصوص انداز میں بولتا ایزل کے چودہ طبقے روشن کروا گیا۔

تم پاگل ہو چکے ہو کیا کوئی نشہ وشہ کر کے آئے ہو۔شرم نہیں آتی اپنے سے بڑی لڑکی کو پرپوز کر رہے ہو۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے پیچھے دھکا دیتی غصے سے بولی۔

حازق اسکے دھکے سے زرا انچ بھی نہیں ہلا۔۔

اچھا بڑی کیا واقعی تمہارا یہ نازک سراپا دیکھ کون کہے گا کہ تم مجھ سے بڑی ہو۔ وہ اسکے نازک بدن پر چوٹ کرتا بولا۔

ایزل نے سلگ کر اسے دیکھا وہ واقعی اسکے سامنے چھوٹی سی لگتی تھی۔ اسکے باڈی بلڈر وجود دیکھ ایزل کو رونا ایا۔

اور رہی بات پرپوز کی تو تم جیسی لڑکی پر حازق میر شاہ اپنے جزبات ضائع نہیں کرتا میں تمہیں وارن کر رہا ہوں کہ آئیندہ تم مجھے کسی لڑکے کے آس پاس بھی نظر آئی تو اپنی سلامتی کی دعا کر لینا۔

وہ سرد لہجے میں کہتے سیدھا ہوا تھا۔

ایزل نے تیش سے اسے دیکھا۔ اگلے ہی پل وہ اسکا کالر جکڑتی اسے خود پر جھکا گئ۔

اسنے ائیر بورا چکاتے ایزل کی ہمت کو داد دی۔

کیا مطلب ہے تمہاری مجھ جیسی لڑکی ہاں۔ اپنے ہونے کا حق تم جتا رہے ہو لیکن ہو نہیں اور کیا لگتا ہے تمہیں میں کوئ گری پڑی لڑکی ہوں۔ لڑکوں کے ساتھ افیئر ہے میرا یا پھر اپنے بدن کی نمائش۔۔ اس سے پہلے کہ وہ آگے بولتی اسکا چہرہ پھر سے حازق کی قید میں تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل شاہ بکواس کرنے سے پہلے یہ سوچ لو کہ تم حازق میر کی امانت ہو اور میں اپنی چیزوں کے بارے میں ایسے الفاظ برداشت نہیں کروں گا۔تم پر اپنا حق جتاتا ہوں کیونکہ مجھے یہ حق ملنے والا ہے۔تم بچپن سے میرے نام لکھی جا چکی ہو۔

تیار کر لو خود کو میری دسترس میں آنے کے لیئے۔وہ اسکا منہ دبوچتا سرد لہجے میں بولا۔

ایزل نے ابھی منہ کھلا ہی تھا کہ وہ دروازہ کھولتا اسے گاڑی میں پٹک گیا۔

میر۔۔وہ چلائی لیکن حازق کان بند کیے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا۔

مجھے بتاؤ کیا مطلب ہے تمہارا کہ میں تمہارے نام لکھی ہوئی ہوں۔

تم مہر کے پھوپھو کے بیٹے کے علاوہ میرے کچھ نہیں لگتے اور نا ہی میں تمہیں اپنا کچھ اور بننے دوں گی۔

وہ اسکا منہ نوچنے کی کوشش کرتی چلائی تھی۔

حازق نے ایک ہاتھ سے ڈرائیونگ کرتے دوسرے ہاتھ سے اسکے دونوں ہاتھوں کو قابو کیا تھا۔

وہ پھڑ پھڑا کر رہ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تمہیں بتا رہی ہوں تمہاری ملکیت نہیں ہوں میں اور نا ہی سمجھنے کی کوشش کرنا ورنہ بہت برا کروں گی۔وہ جھٹپٹاتے چیخی تھی۔

لیکن حازق پر کوئی اثر نہیں ہوا وہ بجائے گھر جانے کے گاڑی سڑکوں پر بھی گھماتا رہا۔

ایزل چیخ چیخ کر تھک کر چپ ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پورے دو گھنٹے سڑکوں پر گاڑی گھماتا رہا تھا۔

جبکہ ایزل بڑبڑاتی نیند میں جا چکی تھی۔

💞💞💞

اسنے گردن موڑتے ساتھ والی سیٹ پر دیکھا تو وہ دنیا جہاں سے بیگانہ گہری نیند میں گم تھی۔

ہونٹ ہلکے سے وا تھے۔ جبکہ ہونٹوں کے نیچے عین چمکتے تل نے اسے بے چین کیا تھا۔

وہ اسکے تل کو گھورتا چہرہ موڑ گیا۔

اسنے جان بوجھ کر یہاں دو گھنٹے ضائع کیے تھے وہ جانتا تھا ایزل جتنے غصے میں تھی وہ گھر میں جاتے ہی ہنگامہ کر دیتی۔

لیکن اب صبح جب وہ اٹھے گی غصہ تھوڑا کم ہو گا۔ جب تک وہ کوئی ہنگامہ کرے گی وہ مہر کو منا لے گا اسے یقین تھا۔

وہ پہلے ہی سب پلان کر کے بیٹھا تھا۔

گھر کے سامنے گاڑی روکتے اسنے ایزل کو دیکھا جو ویسے ہی گہری نیند میں تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسے کیسے اٹھایا جائے وہ جانتا تھا کہ اسکی ماں کی طرح ایزل شاہ کی نیند بھی کتنی پکی تھی چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ اٹھے گی اپنی نیند پوری کر کے ہی۔

کنپٹی سہلاتے اسنے ایک گہری نظر اس پر ڈالی اور گاڑی سے اتر آیا۔

اسکی سائیڈ جاتے اسنے دروازہ کھولا ایک کوشش کی اسے اٹھانے کی۔

ایزل۔۔ایزل اٹھو گھر آگیا اندر جا کر نیند پوری کرو۔حازق نے اسے جھنجھوڑا لیکن وہ اٹھنے کی بجائے الٹا خود پر جھکے حازق کی گردن میں بانہیں ڈالتی اسکی سینے پر سر رکھ گئ۔۔

حازق کا سانس تھما۔وہ سانس روکے خود سے لپٹے اس نازک وجود کو دیکھنے لگا۔

دل کی دھڑکنیں شور مچاتی سرپٹ دوڑیں تھیں۔

آنکھیں بند کرتے اسنے گہری سانس لی اور اسے بانہوں میں اٹھالیا۔

سینے میں دھڑکتا دل اتنی شدت سے دھڑکا تھا کہ اسے لگا جیسے باہر آجائے گا۔

ایزل شاہ کی زرا سی نزدیکی پر اسکی دھڑکنیں یوں تغیانی مچائیں گی اسے اندازہ نہیں تھا۔لب بھینچتے اسنے اپنے جذبات کو جھٹکا جو کہ ناممکن تھا۔جو اس نازک وجود کے لیئے دل میں پنپ رہے تھے۔۔

رات کے گیارہ ہو رہے تھے سب لوگ اپنے اپنے کمروں میں جا چکے تھے۔

وہ دبے قدموں میں سیڑھیاں چڑھتے وہ مرحا کے کمرے کے سامنے آتا رکا۔

گہری سانس بھرتے اسنے پاؤں کی ٹھوکر سے ہلکا سا دروازہ نوک کیا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جانتا تھا مرحا اس وقت جاگ رہی ہو گی۔

وہ اس وقت اسے احمد ولا نہیں لے جا سکتا تھا نا ہی کسی اور کے کمرے میں سوائے مرحا کے۔

اگلے ہی پل مرحا نے دروازہ کھول دیا۔

حازق۔اسنے حیرانگی سے پہلے اسے اور پھر اسکی بانہوں میں بے سودہ ایزل کو دیکھا۔

حازق ایزل کو لیے اندر کی طرف بڑھا۔اسنے نرمی سے ایزل کو بیڈ پہ اتارا۔

کیا ہوا اسے۔۔مرحا دروازہ بند کرتی پریشانی سے بولی۔

کچھ نہیں ہوا سو رہی ہے۔وہ سر جھٹکتا بولا۔۔

کیا مطلب سو رہی ہے تو پھر تم ایسے کیوں لائے ہو اسے۔اور ایک منٹ یہ تمہارے ساتھ کیا کر رہی تھی۔

اور تمنے اسے اپنی بانہوں میں اٹھایا ہوا تھا۔او۔مائ۔گاڈ یہ کیا دیکھ رہی ہوں میں۔

وہ ایک ہی سانس میں کرتی یکدم شاکڈ ہونے کیا ایکٹینگ کرتے بولی۔

حازق نے اسے گھورا۔

گھور مت جواب دو مجھے۔تم دونوں تو سو میل دور سے بھی ایک دوسرے کو دیکھنا پسند نا کرو تو پھر آج یہ اتنی نزدیکیاں۔

وہ ائیبرو اچکاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ایسے انداز میں بولی تھی کہ نا چاہتے ہوئے بھی مسکراہٹ اسکے لبوں پر مچل گئ لیکن وہ لب بھینچتا مسکراہٹ روک گیا۔

جیسا تم لوگوں کو لگتا ہے ویسا کچھ نہیں ہے۔ہم۔دونوں ایک دوسرے کو ناپسند ضرور کرتے تھے لیکن کوئ ایسی دشمنی تو نہیں تھی۔بس یہ مجھے مام کے پاس ناگوار گزرتی ہے۔

وہ اسکے سر پہ چپت لگاتا بولا۔

اوہو تو اسکا مطلب تم دونوں ڈیٹ کر رہے ہو۔وہ بھی اسکی جڑواں تھی۔

اہم ایسا ہی کچھ سمجھ لو۔وہ مبہم سا بولا۔

ہیں۔مرحا کا منہ کھل گیا۔

حازق اسکا منہ بند کرتا اسکے سر پہ بوسہ دیتا اسکا گال تھپتھپاتے کمرے سے باہر چلا گیا۔

مرحا ہقا بقا اسے دیکھتی رہی۔

یہ کیا تھا۔وہ کبھی کھلے دروازے کو تو کبھی بیڈ پہ سوئی ایزل کو دیکھتی۔

کچھ سوچ کر وہ مسکرا دی۔

ویلیکم مائے بھابھی ٹوبی۔بیڈ کی دوسری سائیڈ لیٹتے وہ ایزل کو دیکھتے سرگوشی میں بولی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

معمول سے ہٹ کر وہ کافی لیٹ اٹھی تھی۔

ماماکافی۔۔جمائیاں لیتے اسنے ہمیشہ کی طرح تکیے میں منہ دیئے اونچی آواز میں کہا۔

ماماکافی۔کافی دیر تک جب کوئی آواز نا آئی تو غصے سے تکیہ پھینکتے اٹھی۔

لیکن یہ کیا۔ہیں یہ میرا کمرہ پنک کیسے ہوا۔انکھیں مسلتے وہ بڑبڑائی۔

پنک ہوا نہیں پنک ہی تھا۔مرحا کی آواز سنتے اسنے ڈریسینگ کی طرف دیکھا۔

جہاں وہ نکل رہی تھی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

یہ تم اتنی صبح صبح میرے کمرے میں نہیں بلکہ میرے ڈریسینگ میں کیا کر رہی ہے مرحو۔وہ شائید ابھی بھی نیند میں تھی۔

مرحانے اسے گھورااور آگے بڑھتے بیڈ سائیڈ پر پڑا پانی کا جگ اٹھاتے اس پر الٹ دیا۔

وہ جو پھر سے نیند میں جا رہی تھی ہڑبڑا کر اٹھی۔

ہوش میں اجاو میڈم تم احمد ولا نہیں شاہ ولا ہو وہ بھی میرے کمرے میں۔

مرحا سکون سے کہتی مرر کے سامنے کھڑے ہوتے تیار ہونے لگی۔

ایزل ایسے ہی بیٹھی رہی۔معا اسے یاد آیا جب وہ شاویر کے ساتھ بیٹھی تھی اس کھڑوس مان نے کتنا تماشہ کیا تھا اور اس سے کیا کچھ کہہ چکا تھا۔وہ مٹھیاں بھینچ کر رہ گئ۔

میں یہاں کیسے آئی۔۔ بال سمیٹتے ٹیبل پر پڑا کافی کا کپ اٹھایا جو یقیناً مرحا کا تھا۔

حازق بھائی لائے تھے۔وہ بھی اپنی بانہوں میں اٹھاتے۔وہ بال برش کرتے آنکھیں پٹپٹاتے بولی۔

ادھر ایزل کے منہ سے کافی کا پھوار پھوٹا تھا۔

اور وہ بری طرح سے کھانسنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا ہسی روکتی اسے پانی کا گلاس اسکے منہ سے لگا گئ۔وہ جانتی تھی اسے ایسا ہی جھٹکا لگنے والا ہے۔

کیا بولا ہے تمنے ابھی۔وہ بامشکل کھانسی روکتی بولی۔

وہی جو تمنے سنا۔مرحا قہقہ ضبط کرتے چہرہ موڑ گئ۔

اس کھڑوس مان کی اتنی ہمت کہ وہ مجھے اپنی۔۔وہ چٹک کر بولتی یکدم سرخ پڑی تھی۔۔

مرحا کا چھت پھاڑ قہقہ گونجا تھا۔

ارے اب کہاں جارہی ہو۔۔اسے ڈوپٹہ اوڑھتے دیکھ مرحا نے ائیبرو اچکاتے استفسار کیا۔

کھڑوس مان کو دیکھنے۔وہ غصے سے بولی۔

ایک تو پہلے یہ بتاؤ تم حازق کو کھڑوس مان کیوں کہتی ہو کہاں سے سیکھا ہے یہ ورڈ۔۔مرحا جھنجھلاتے بولی۔

تمہیں وہ سیریل یاد ہے یہ رشتہ کہا کہلاتا ہے۔جو انکی نیو جینریشن کا سیریل آیا ہے نا اسمیں جو ہیروئین ہے وہ ہیرو کو کہتی ہے کھڑوس مان حالانکہ وہ وہ اتنا سویٹ ہے۔

لیکن یہ ورڈ نا تمہارے اس بھائ پر بہت سوٹ کرتا ہے۔۔وہ بالوں کا رف بن بناتے کمرے سے باہر نکل گئ۔

مرحا نفی میں سر ہلا گئ۔وہ جانتی تھی اب ایزل حازق سے لڑنے گئ ہے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

مرحا کے روم کے ساتھ ہی دوسرا روم حازق کا تھا۔وہ تیزی سے اسکے کمرے سے نکلتے حازق کے کمرے میں آئی تھی۔

نوک کیے بنا اسنے جھٹکے سے دروازہ کھولا۔لیکن اگلے ہی پل سٹپٹا کر رخ موڑ گئی۔

حازق جو شرٹ لیس آئینے کے سامنے کھڑا تھا اسنے چونک کر آنے والی کو دیکھا۔

بے شرم انسان کپڑے پہنو۔شرم نہیں آتی ہوں ننگے ہو کر گھومتے۔وہ دانت کھچاتے بولی تھی۔

حازق نے ائیبرو اچکاتے اسے دیکھا۔ لیکن شرافت سے شرٹ اٹھاتے وہ پہن گیا۔

میرا کمرہ ہے میں کپڑوں میں گھوموں یا بنا کپڑوں کے اپنی پرابلم۔وہ مخصوص سرد لہجے میں بولا۔

ایزل اسکے سرد لہجے پر جھٹکے سے مڑی۔

میری بلا سے ایسے ہی گھومو۔لیکن مجھے یہ بتاؤ کہ تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھے اپنی بانہ۔۔ وہ تیز تیز بولتے اچانک رکی تھی۔

چہرہ خفت سے سرخ ہوا تھا۔

حازق بظاہر سرد نظروں سے اسے دیکھتا رہا لیکن اسکے چہرے کے بدلتے رنگوں نے اسے مسمرائیز کیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں شرم نہیں آئی مجھے یوں مرحا کے کمرے میں اٹھا کے لانے کی۔وہ اپنی خفت مٹانے کو نچلہ لب دانتوں میں دباتی غصے سے اسے دیکھتے بولی۔

حازق محظوظ ہوا تھا۔

اور تمہیں شرم نہیں آئی رات کے اندھیرے میں میرے سینے سے لپٹنے میں۔وہ اسکے قریب جھکتا محظوظ ہوتے لہجے میں بولا۔

چہرے پر سرد پن تھا لیکن آنکھوں میں عجیب سی چمک تھی۔

ایزل کی گرین آنکھیں ضرورت سے زیادہ پھیلی تھیں۔وہ گھبرا کر پیچھے ہوئی۔

م۔میں کب۔تم جھوٹ بول رہے ہو۔وہ بولتے ہکلا گئی۔

واقعی مجھے کیا ضرورت ہے جھوٹ بولنے کی۔تم تو گھوڑے گدھے بیچ کر سو رہی تھی مجبوراً مجھے اپنی بانہوں کو تکلیف دینی پڑی۔وہ اسکی خفت مٹانے کو بات بدل گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور جو وہ تم رات میں بول رہے تھے۔یقیناً کوئی نشہ کر کے آئے تھے۔ہوپ سو اب وہ نشہ اتر گیا ہو۔

وہ جاتے جاتے مڑتے بولی تھی۔

حازق کی آنکھیں سرد ہوئی تھیں۔

یہ تمہاری غلط فہمی ہے کہ مینے وہ سب کسی نشے کے تحت بولا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میرا کہا گیا ایک ایک لفظ سچ ہے۔وہ اسکی ہیزل آنکھوں میں اپنی بھوری آنکھیں گاڑھتا سرد لہجے میں بولا۔

ایزل نے ہونٹ بھینچے۔میں تمہاری ملکیت نہیں ہو حازق میر تو مجھ روعب یا حکم چلانے کو کوشش بھی مت کرنا۔یہ تمہاری بھول ہے کہ میں تمہاری دسترس میں آؤں گی۔

وہ بھی جوابا سرد لہجے میں غرائی۔

ویسے جیسی تمہاری حرکتیں ہیں کہیں میرے پیار میں شدید پاگل تو نہیں ہو گئے۔وہ سینے پر ہاتھ باندھتے ائیبرو چکاتے بولی۔

حازق طنزیہ ہنسا تھا۔

محبت اور میں۔کیا تمہیں واقعی میں پیار، محبت کرنے والا انسان لگتا ہوں۔وہ طنزیہ لہجے میں بولا۔

اور رہی بات تم سے محبت کی تو مجھ سے کبھی ایسی امید مت رکھنا یہ محبت کرنا میرے بس کی بات نہیں ہاں لیکن اگر کوئی میری زندگی میں آئے گی تو وہ میرا جنون ہو گی۔

اور رہی بات تمہاری تو انجانے میں ہی سہی تمہیں میرے ساتھ جوڑا گیا ہے۔تم بچپن سے ہی حازق میر شاہ کی ملکیت تھی اور قیامت تک رہو گی۔چاہئے جو بھی ہو جو میری ملکت ہے اسے میں کسی اور کے لیئے نہیں چھوڑ سکتا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا سرد لہجے میں بولا۔۔

ایزل اسکے جنونی لہجے پر دنگ سی اسے دیکھتی رہ گئ۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی اچانک سے ڈور نوک ہوا ساتھ ہی مرتسم اور مہر اندر آئے تھے۔

ایزل تم یہاں۔وہ دونوں چونکے تھے۔حازق چہرے کے تاثرات سپاٹ کر گیا۔

وہ میں۔ایزل سے کوئ بات نہیں بن پائ۔

اسے کچھ ہیلپ چاہئیے تھی مجھ سے مام۔اس لیے اتنی صبح صبح یہاں آ گئ۔

حازق مہر کو حصار میں لیتا نرمی سے بولا۔

اہہ اچھا۔یہ تو اچھی بات ہے۔تم نے کی بات میری بیٹی کی ہیلپ۔وہ محبت سے ایزل کو دیکھتے بولی۔

جی مام بہت اچھے طریقے سے۔وہ محفوظ ہوتا بولا۔

مرتسم نے گہری نظروں سے اپنے بیٹے کا محظوظ چہرہ دیکھا تھا۔

مرتسم اور مہر سے وہ صبح ہی بات کر چکا تھا۔

اسنے صاف صاف کہہ دیا تھا اگر اسکی پسند پوچھیں گے تو ایزل سے ہی شادی کروں گا۔

ورنہ وہ جس سے چاہے مرضی کر دیں۔

وہ دونوں تو اسے ایزل کے لئیے پسندیدگی سمجھ رہے تھے اصل بات سے انجان۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا پھوپھو میں چلتی ہوں۔میرا کام ہو گیا۔۔وہ جلدی سے بولتی وہاں سے بھاگی۔

اسے کیا ہوا۔مہر نے حیرانگی سے اسے بھاگتے دیکھا۔

حازق کندھے اچکا گیا۔

اپنے بات ماموں سے۔وہ اپنے مطلب کی بات پر آیا۔

ہم لوگ وہی بات کرنے آئے تھے۔لیکن تمہیں اتنی جلدی کس بات کی ہے۔مرتسم اسے دیکھتا سنجیدگی سے بولا۔

خیر اان بھائی اور زرنور بھابھی سے بات کر لی ہے ہمنے۔وہ لوگ ایزل سے پوچھ کر ہی جواب دیں گے۔مہر مسکراتے ہوئے بولی تھی۔

حازق لب بھینچ گیا وہ اسکا جواب اچھے سے جانتا تھا۔

مرتسم نے بغور اپنے بیٹے کے چہرے کے بدلتے رنگوں کو دیکھا۔کچھ دیر پہلے وہ محظوظ ہو رہا تھا پھر بے چین اور اب سپاٹ۔وہ کچھ سمجھ نہیں پایا تو کندھے اچکا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ماما یہ سب کیا ہو رہا ہے۔۔روشانے نے زرا کو دیکھا جو صبح سے ہی کچن میں گھسی جانے کتنی ڈشز تیار کر چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

روشے ابھی تیار نہیں ہوئی تم۔میں تمہاری ساری چیزیں نکال کہ رکھ کہ آئی تھی۔

زارا اسے گھر والے حلیے میں دیکھ خفا ہوئی۔

پہلے آپ مجھے بتائیں کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے آپ اور بابا کیا کچھری پکا رہے ہیں۔

وہ اسکے ہاتھ سے کسٹرڈ کا باؤل پکڑتے بولی۔

شاہ فیملی آرہی ہے۔زرا گہری سانس چھوڑتے بولی۔

آہ داود بھائی کے سسرال والے آرہے ہیں اس لیے اتنی تیاری ہو رہی ہے میں ایسے ہی پریشان ہو رہی تھی۔

وہ ریلیکس ہوتے بولی تھی۔

روشانے وہ لوگ تمہارے رشتے کے سلسلے میں آرہے ہیں۔زارا نظریں چراتے بولی۔

ماما۔وہ صدمے سے اسے دیکھنے لگی۔

کس کے لیئے۔ہلکی سی آواز نکلی۔

عاشر ہانم کا بڑا بھائی۔زارا نے بغور اپنی بیٹی کا سرخ ہوتا چہرہ دیکھا۔

روشانے کی نظروں کے سامنے سنجیدہ سا چہرہ لہرایا تھا دو یا تین بار ہی اسنے دیکھا تھا اسے۔

ماما دماغ ٹھیک ہے ان لوگوں کا وہ داؤد بھائی سے بھی دو سال بڑے ہیں آپ لوگ ایسا سوچ بھی کیسے سکتے ہیں میں اپنے سے نو سال بڑے آدمی سے شادی کروں گی۔وہ آنکھوں میں نمی سمیٹتے بولی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

روشانے میری بات سنو۔زارانے اسکاہاتھ پکڑتے اسے سمجھانے لگی۔

کیا آپکی بیٹیاں آپ لوگوں کے لیئے بوجھ ہو گئ ہیں جو آپ لوگ انہیں کسی کے ساتھ بھی بیاہ دیں گے۔

وہ زاراکاہاتھ جھٹکتے اونچی آواز میں بولی۔

ایک منٹ کہیں وہ وٹہ سٹہ تو نہیں کرنا چاہتے کہ اپنی بیٹی کی خوشیوں کے لیئے مجھے ضمانت بنا کر۔ وہ اچانک چونک کر بولی۔

ایسا کچھ نہیں ہے روشانے وہ لوگ ایسی سوچ نہیں رکھتے۔وہ بے بسی سے بولی۔

ایسے نہیں تو پھر کیسے ہیں انہوں نے سوچ بھی کیسے لیا مجھ سے اتنے بڑے لڑکے کے لیئے میرے بارے میں۔وہ روہانسے ہوتے بولی۔

کیونکہ یہ حق اسلام بھی دیتا ہے بیٹا۔مہرماہ شاہ کی آواز پر وہ دونوں جھٹکے سے مڑیں۔

شائید تم بھول رہی ہو ہمارے نبی نے بھی بارہ سال کی بچی سے شادی کی تھی۔کیا انکی نیت میں کوئ کھوٹ تھا۔وہ اسکے قریب آتے نرمی سے بولی۔

روشانے شرمندہ سے سر جھکا گئ۔

اس میں شرمندہ ہونے والی کوئ بات نہیں۔اچھی بات ہے تمنے اپنے دل میں جو تھا بول دیا۔وگرنہ اگر تم زبردستی اس رشتے کے لیے راضی کر دی جاتی تو دونوں میں سے کوئ بھی خوش نہیں رہ پاتا۔وہ اسکے گال پہ ہاتھ رکھتے نرمی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

اگر تمہیں اس رشتے سے انکار ہے تو ہمیں کوئی پرابلم نہیں ہے بیٹا۔یہ تمہارا حق ہے اپنی زندگی کا فیصلہ کرنا۔کوی تم پہ دبا نہیں ڈالے گا اور رہی بات وٹے سٹے کی تو فکر مت کرو تمہارے انکار یا اقرار سے ہانم اور داؤد کے رشتے پر کوئی افیکٹ نہیں ہو گا۔

وہ اسکا گال تھپتھپاتے بولی۔

ایسی بات نہیں ہے بس تھوڑا سا غصہ آگیا تھا میںزا اتنی جلدی شادی پر۔میں آگے پڑھنا چاہتی ہوں اور اچانک سے یہ سب مجھے ڈسٹرب کر گیا۔وہ اچانک رو پڑی تھی۔

مہر اور زارا دونوں بوکھلا گئیں۔

اوکے اوکے ریلیکس کوئی بات نہیں ہو جاتا ہے۔مہر اسے پچکارتے بولی۔

اگر تم شادی کے بعد بھی پڑھنا چاہو گی تو کوئی تمہیں نہیں روکے گا تم ہم سب کو ہی دیکھ لو آج بھی اپنی مرضی سے جوب کر رہی ہوں لیکن خیر میں باہر سب کو منع کر دوں گی کوئی تمہارے رشتے کے بارے میں بات نہیں کرے گا۔ہم ویسے بھی داؤد اور ہانم کی تاریخ پکی کرنے آئے تھے۔وہ مسکراتے ہوئے بولی۔

زرا بس خاموشی سے اسے دیکھتی رہی۔جو وہ نا کہ سکی وہ مہر نے کتنی آسانی سے اسے سمجھا دیا تھا۔

شادی تو نہیں کرنی لیکن اپنے بھائی کے سسرالیوں کا ایسے ویلیکم کرو گی کیا۔وہ اسکی رف حلیے کی طرف دیکھتے بولی تو خفت سے اپنا حلیہ دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

تیار ہو کر باہر آجاؤ جاوشاباش۔۔وہ کہتے باہر کی طرف بڑھ گئ۔

مہرانٹی۔۔وہ اسے مڑتے دیکھ بولی۔

جی۔مہرنے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

مجھے اس رشتے سے کوئ اعتراض نہیں۔۔وہ جھجھکتے بولی۔

مہراور زارانے چونک کر اسے دیکھا۔۔

روشانے مینے کہانا کسی کے دباو میں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نہیں میں اپنی رضامندی سے کہہ رہی ہوں۔وہ انگلیاں چٹخاتے بولی۔

مہر مسکرادی۔تو میں یہ خوشخبری باہر سبکو دے دوں۔

وہ شرارت سے بولی تو روشانے جھنپ کر سر جھکا گئ۔

زارانے نم آنکھوں سے اپنی بیٹی کو دیکھا۔

ہاہاہا۔۔مہر اسکے شرمانے پر قہقہ لگا گئ۔

تمہاری بیٹیاں بہت پیاری ہیں زارا۔وہ روشانے کا ماتھا چومتے بولی تو زارا مسکرادی۔

اب جاؤ بھئ تیار ہو کر آئ باہر تمہارے ہونے والے سیاں جی بھی آئے ہوئے ہیں ایسے آؤ گی کیا انکے سامنے۔وہ اسے چھیڑتے بولی تو وہ جلدی سے وہاں سے بھاگی۔

مہر اور زارا قہقہ لگا گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایم سوری مہر روشا کو وہ مطلب نہیں تھا۔زارا اسکے جانے کے بعد شرمندہ سی بولی۔

میں جانتی ہوں زارا پریشان مت ہوں بچی ہے۔وہ اسکا ہاتھ تھپکتے بولی تو وہ آسودگی سے مسکرا دی۔۔

💞💞💞

اسلام و علیکم!!اسکے دھیمے لہجے پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔وہ آدھے گھنٹے بعد تیار ہو کر نیچے آئی تھی۔

وعلیکم اسلام اوبچے۔۔روحاما محبت سے اسے دیکھتے بولیں تو وہ جھجک کر انکے پاس بیٹھ گئ۔

زارا، آہان شاہ اور داؤد وہیں بیٹھے تھے۔

مہر سب کو اسکا جواب بتا چکی تھی۔

پہلے پہل تو داؤد نے بھی اعتراض کیا تھا وہ وٹے سٹے کے حق میں نہیں تھا لیکن آہان شاہ کے سمجھانے پر مان گیا۔

عاشر کو وہ پرسنلی جانتا تھا پچھلے کچھ ماہ سے اسکی اچھی دوستی ہو گئ تھی اس سے۔

شاہ ولا کے سارے ہی مرد ایک سے بڑھ کے ایک تھے۔اہان شاہ کی تو خوشی کا کوئ ٹھکانہ نہیں تھا کہ انکی بیٹی شاہ خاندان کا حصہ بنے گی۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی۔۔وہ داؤد سے بات کر رہا تھا جب مرحا نے اسکا بازو کھینچا۔

کیا ہوا۔وہ سب کو دیکھتے بظاہر مسکراتے بولا۔

آپ کیا یہ پولیٹکس لے کر بیٹھ گئے ہیں۔بھابھی کو دیکھیں نا کتنی پیاری لگ رہی ہیں۔مرحا کے ساتھ بیٹھی ہانم نے سرگوشی میں کہا لیکن اسکی سرگوشی عاشر کے پاس بیٹھے داؤد نے بھی سنی تھی۔

اسنے بے ساختہ اسے دیکھا تھا۔

بلیو کلر کے سادہ سے شلوار قمیض میں لائیٹ سا میکاپ کیے وہ اسے اپنے دل میں اترتی محسوس ہوئی۔

آہان شاہ بغور اسکے چہرے کے تاثرات دیکھنے لگے۔

وہ لب دبائے جھک کر عاشر کے کان میں سرگوشی کر رہی تھی۔چہرے پر شرارت رقصاں تھی۔

انکے لب بے ساختہ ہلکے سے پھیلے تھے۔۔

کیا بھائی آپ تو اتنا شرماتے ہیں وہ دیکھیں داؤد بھائی کیسے تاڑ رہے ہیں ہانم آپی کو۔

مرحا کی اچانک داؤد پر نظر پڑی تو وہ ہانم کو آنکھ مارتے عاشر سے بولی۔

دونوں نے اسے گھورا تو وہ لب دباتے منہ پر انگلی رکھ گئی۔

اسکی اس حرکت پر سنجیدہ بیٹھے بدر عالم شاہ کی دھڑکنیں سست ہوئی تھیں۔وہ چہرے پر معصومیت اور شرارت سجائے اس قدر دلکش لگ رہی تھی کہ وہ نظریں نہیں ہٹا پایا۔

Posted On Kitab Nagri

اسے نورین زبردستی لائی تھی۔آہان شاہ اسکے باپ کے پرانے دوستوں میں سے تھے اس لیے مجبوراً اسے آنا پڑا۔

لیکن وہ جب سے آیا تھا نظریں مسلسل اسی پری پیکر پر تھیں جسے اسنے "پسونا"کا نام دی تھا۔

"پسونا"یعنی کے "ساحرہ"یعنی اپنے سحر میں جکڑنے والی۔

وہ لبوں پر دھیمی مسکراہٹ سجائے آہان شاہ کی طرف متوجہ ہو گیا۔

💞💞💞

چپ کر کے بیٹھو ورنہ گھر جاتے ہی پٹائی لگاؤں گا۔عاشر دونوں کی پٹ پٹ سے تنگ ہو تا آنکھیں نکالتا بولا۔

ایک بار اپنی ہونے والی مسز کو دیکھ لیں یہ آنکھیں اس سے زیادہ نکلیں گی۔۔

داؤد کے اٹھتے ہی حازق اسکے قریب بیٹھتا جس قدر سنجیدگی سے بولا تھا۔مرحا کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

سب نے چونک کر اسے دیکھا۔وہ لب دباتی نفی میں سر ہلا گی۔

عاشر کی نظریں بے ساختہ اس پری پیکر کی طرف اٹھی تھیں۔

بلیک کلر کی شارٹ فراق اور کیپری پہنے وہ گڑیا سی لگ رہی تھی۔لائیٹ سے میک اپ وہ سر پہ ڈوپٹہ رکھے وہ ماہین بھابھی کی کسی بات کا جواب دیتی وہ عاشر صائم شاہ کو مبہوت کر گئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ یک ٹک اسے دیکھے گیا۔

اہم اہم۔۔پہلے تو دیکھ نہیں رہے تھے اور اب نظریں ہی نہیں ہٹا رہے۔۔ ہانم کھنکھارتے بولی تو وہ جھنپ کر نظریں پھیر گیا۔

وہ دونوں منہ پہ ہاتھ رکھتی اپنی ہسی چھپا گئیں۔

حازق اسے جھنپتے دیکھ مبہم سا مسکرا دیا۔۔

آہان تمہیں بتایا تھا نا کہ ہانیہ کے سسرال والے اب رخصتی چاہتے ہیں ویسے بھی کافی ٹائم ہو گیا ہے انکے نکاح ہو تو ہم سوچ رہے رہے تھے کہ عاشر اور ہانم کی شادی بھی ساتھ ہی کر دی جائے۔۔وجدان سنجیدگی سے بولے۔

سب اپنی باتیں چھوڑتے انکی طرف متوجہ ہوئے تھے۔

جی بلکل مجھے تو کوئی اعتراض نہیں۔اہان شاہ مسکرائے تھے۔

تو پھر ٹھیک ہے اسی ہفتے نکاح اور اگلے ماہ کی ایسی ڈیٹ کو شادی۔۔عالم بابا سوچ بچار کرتے بولے۔

اتنی جلدی۔اہان اور زارا دونوں ایک ساتھ بولے تھے۔

آئی مین اتنی جلدی تیاریاں کیسے ہو نگی۔زارا پریشانی سے بولی۔

ارے تیاریوں کی کیا بات ہے زارا بچیوں ہی شوپنگ ہی تو ہے وہ تو وہ دو دن میں بھی ہو جائے گی اور رہی باقی سجاوٹ اور مہمانوں کی تو وہ ہم سب مل کے دیکھ لیں گے۔

Posted On Kitab Nagri

ماہم اپیا اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے بولیں۔

لیکن پھر بھی اتنی جلدی تو۔۔ آہان شاہ ہچکچائے۔

ڈونٹ وری انکل ہم سب ساتھ میں کر لیں گے۔ حازق نے سنجیدگی سے کہا تو وہ سر ہلا گیا۔

آج منڈے تھا اور جمعے کا دن نکاح کے لیئے فائنل ہوا تھا۔

سب لوگ منہ میٹھا کرتے ابھی سے فنکنشن کے لیئے ایکسائیٹڈ ہو رہے تھے۔

اسی خوشی میں نور کی غصے بھری چیخ سنتے سب بے ساختہ خاموش ہوئے تھے۔

نور بچے کیا ہوا۔۔ داؤد اسکی طرف بڑھتے پیار سے بولا۔ وہ سو رہی تھی تب سے لیکن آج یوں اسکا چلانا سب کو پریشان کر گیا۔

آپ سب لوگ یہاں پہ اتنے ہیپی ہیں چاکلیٹس کھا رہے ہیں لیکن میرے فرینڈ کا کسی کو پتہ ہی نہیں وہ کل سے مجھ سے ملنے نہیں آیا۔ مینے میڈی بھی نہیں لی پھر بھی نہیں ایا۔ وہ داؤد کے کندھے پر مکے مارتے روتے ہوئے چیخی تھی۔

کیا یہ براق کی بات کر رہی ہے۔ داود اسے اپنے حصار میں لیتا روشانے سے بولا۔

جی۔۔ وہ سر ہلا گئ۔

کل سے براق کے نا آنے پر وہ چڑچڑی سی ہو گئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

نور بے بی ایسے نہیں روتے۔ایسے گندے بچے کرتے ہیں۔اپکا فرینڈ جائے گا کسی کام سے گیا ہو گا۔اہان شاہ اسے پچکارتے بولے۔

نہیں وہ میرا فرینڈ ہے اسے سب سے امپورٹنٹ مجھے رکھنا چاہیئے وہ ہچکیوں سے روتے بولی۔

اسکی اتنی سمجھداری کی بات پر سب نے تعجب سے اسے دیکھا تھا۔

براق کی محنت رنگ لا رہی ہے پچھلے دو ماہ سے وہ مسلسل اسکا ٹرٹمینٹ کر رہا ہے شائید وہ کچھ زیادہ ہی اٹیچ ہو گئ ہے اس سے۔مہر سب کے پریشان چہرے دیکھ بولی۔

کیا براق کل سے نہیں آیا۔ابکی بار اسنے زارا کو دیکھتے پوچھا۔

نہیں۔وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

مہر پریشان ہوتی اسے فون کرنے لگی کیونکہ نور کسی بھی طور پر نہیں سنبھل رہی تھی۔

نور بے بی یہ لو فرینڈ سے بات کرو۔اسکے فون پک کرتے ہی مہر نے فون نور کو دے دیا۔

وہ یک دم خاموش ہوتی فون پکڑ گئ۔

ف۔فرینڈ۔۔وہ بولتی سسکیوں سے روتی گئ۔

جبکہ دوسری طرف بخار سے بے حال براق بے چین ہوتا دانین کی گود سے اٹھا تھا۔

کیا ہوا بے بی ڈول۔وہ بے چینی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

فرینڈ پلیز آجاؤ۔بے بی ڈول آپکو بہت مس کر رہی ہے۔وہ داؤد کے سینے میں چہرہ چھپائے فون کان سے لگائے بولی تھی۔

براق کا دل جیسے کسی نے مٹھی میں بھینچ لیا ہو۔

اوکے اوکے میں آرہا ہوں تم رونا بند کرو۔میری بے بی ڈول بہت بریو اور گڈ گرل ہے نا۔میں بس آرہا ہوں تب تک رونا نہیں ہے۔وہ اسے پچکارتے بولا۔ساتھ ساتھ شوز بھی پہن رہا تھا۔

دانین گہری نظروں سے اسے دیکھے گئ۔وہ کل سے بخار میں تڑپ رہا تھا۔اسنے دانین کو مہر کو بھی بتانے سے منع کر دیا تھا مس تو وہ بھی کر رہا تھا نور کو لیکن اسے اندازہ نہیں تھا کہ نور اس حد تک اس سے اٹیچ ہو جائے گی۔۔

براق رکو۔۔وہ دروازہ کھولتا اس سے پہلے ہی دانین کی سنجیدہ آواز پر اسے رکنا پڑا۔

ماما میں آکے آپسے بات کرتا ہوں اس وقت وہ بہت رو رہی ہے پلیز۔۔وہ التجائیہ نظروں سے اسے دیکھتا بولا تو وہ سر ہلا گئ۔

اسکے جانے کے بعد وہ کتنی ہی دیر تک دروازے کو دیکھتی رہی کیا جیسا وہ سوچ رہی تھی ویسا ہی تھا۔وہ سوچوں کے جال میں الجھنے لگی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

براق کے آنے کا سنتے وہ تھوڑا ریلیکس ہوئی تھی ہچکیاں بھی بند ہوئیں لیکن تھوڑا سا رونا ابھی بھی جاری تھا۔

آپ لوگ پریشان مت ہوں نور ٹھیک ہے۔۔زارا زبردستی مسکراتے بولی ورنہ بیٹی کی حالت پر اسکا دل دکھ رہا تھا۔

پریشان مت ہو وہ ٹھیک ہو جائے گی انشاءاللہ۔مہر اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے بولی تو وہ نم آنکھوں سے داؤد اور آہان کے حصار میں نور کو دیکھتے سر ہلا گئ۔

تقریباً پچیس منٹ بعد وہ بھاگتا ہوا اندر آیا تھا۔۔

نور اسے اندر آتے دیکھ داؤد کا حصار توڑتے اسکی طرف بڑھی تھی۔

فرینڈ آپ آ گئے۔اسکے سینے سے لگتے وہ اونچی آواز میں رو دی۔

براق کے ساتھ ساتھ باقی سب کو بھی جھٹکا لگا تھا۔

داؤد نے سنجیدگی سے آہان شاہ کو دیکھا دونوں کے زہن میں ایک ہی خیال آیا تھا۔

بس بس نور بے بی۔اچھے بچے اتنا نہیں روتے۔وہ اسکا سر سہلاتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنے سہارے بامشکل کھڑا تھا۔بخار نے اسے بلکل ہی نڈھال کر کے رکھ دیا تھا۔وجود جیسے بھانپ چھوڑ رہا تھا۔

فرینڈ آپ کہاں چلے گئے تھے نور بے بی کو چھوڑ کر۔ ہچکیاں بھرتے کہا۔

کہیں نہیں گیا تھا بے بی۔وہ اسکے آنسو صاف کرتا بولا۔

پرامس کرو فرینڈ نور بے بی کو چھوڑ کر نہیں جاؤ گے۔۔ نازک سا ہاتھ اسکے سامنے پھیلاتے شبنمی لہجے میں کہا۔

پرامس فرینڈ آپکو چھوڑ کر کہیں نہیں جائے گی۔وہ اسکے ہاتھ پہ اپنا ہاتھ رکھتا مضبوط لہجے میں بولا۔

فرینڈ آپکا ہاتھ اتنا گرم کیوں ہے۔اور فیس بھی۔ وہ اسکے آنے سے پر سکون ہوتی اب فکر مندی سے اسے دیکھتے بولی۔

نور کے کہنے پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

کچھ نہیں ہوا بے بی بس ہلکا سا فیور ہے۔وہ اسکا ہاتھ اپنے چہرے سے ہٹاتا نرمی سے بولا۔

آہان شاہ نے دور کھڑی زارا کو اشارہ کیا جسنے سر ہلاتے روشانے کو کچھ کہا تو وہ نور کی طرف بڑھی۔

نور اب فرینڈ سے مل لیا نا اب آؤ کچھ کھا لو۔ مینے تمہاری فیورٹ میگی بنائی ہے۔ روشانے اسکا ہاتھ پکڑتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ نفی میں سر ہلاتے براق کے بازو سے چپک گئ۔

نہیں میں گئ تو فرینڈ پھر چلے جائیں گے۔وہ منہ بناتے بولی۔

نہیں جائیں گے نور فرینڈ کو فیور ہے نا تو ڈاکٹر آنٹی انہیں میڈی دیں گی تب تک آپ اپنے میگی کھالو۔ اسنے پیار سے کہا تو وہ براق کو دیکھنے لگی۔

براق کے اثبات میں سر ہلانے پر وہ ناچاہتے ہوئے بھی چلی گئ۔

ایم رئیلی سوری بیٹا تمہیں ایسے ڈسٹرب کیا۔اسکے جاتے ہی آہان شاہ براق کے قریب آتے بولے۔

نہیں انکل ایسی بات نہیں ہے۔یہ میرا فرض ہے۔وہ صوفے پر بیٹھتا بولا۔اسمیں مزید کھڑے رہنے کی ہمت نہیں تھی۔

تمہیں اتنا بخار تھا تو بتایا کیوں نہیں۔مہر خفگی سے اسے دیکھتے بولی تو وہ سر جھکا گیا۔

نور کچھ زیادہ ہی اٹیچ ہو چکی ہے تمسے۔جو کہ بلکل اچھا نہیں ہے۔اس لیے بہتر یہی رہے گا نور کا ٹریٹمنٹ مہر آنٹی خود کریں۔داود کے سنجیدگی سے کہنے پر براق بے ساختہ صوفے سے اٹھ کھڑا ہوا۔

لیکن کیوں داؤد بھائ۔اگر نور مجھ سے اٹیچ ہے تو اسمیں پرابلم کیا ہے۔وہ بے چینی سے بولا۔

پرابلم یہی ہے بیٹا آج نہیں تو کل تو تمہیں جانا ہے ہے ہر باتر تو اسکے بلانے پر نہیں آو گے۔آہان شاہ بغور اسے دیکھتے بولے۔

اگر آجائے تو۔۔دانین کی آواز پر سب نے بے ساختہ پیچھے مڑتے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ہمیشہ کی طرح ڈھیلی سی ٹی شرٹ، ٹراوزر میں ملبوس تھی۔سینے پر ہاتھ باندھے وہ ببل چباتی کافی دیر سے وہاں کھڑی تھی۔

براق نے حیرانگی سے اسے دیکھا۔

کیا مطلب۔زارا حیرانگی سے بولی۔

مطلب یہ کہ اگر نور ہمیشہ کے لیئے براق کو دے دی جائے تو۔وہ آہان شاہ کے مقابل آتی بولی۔

مرتسم نے چونک کر اسے دیکھا وہ کیا کہنا چاہ رہی تھی وہ سمجھ چکا تھا۔اسنے براق کو دیکھا وہ بھی الجھا ہوا سا تھا۔

وہ کیسے اور کیوں۔داؤد نے الجھے لہجے میں پوچھا۔

سمپل سی بات ہے بیٹا جی نکاح کر کے اور کیسے۔اب دیکھو نور بے بی کو اپنا فرینڈ بھی پسند ہے اور فرینڈ کی مام بھی۔تو بہتر یہی ہے نا کہ اسے ہمیشہ کے لیئے اسکے فرینڈ کو دے دیا جائے۔۔وہ جتنے آرام سے بولی تھی سب حیرت سے اسے دیکھنے لگے۔

جبکہ براق کے چہرے پر سکون اترا تھا۔

آپ کیا کہہ رہی ہیں نور کی حالت ہے ایسی کہ اسکی شادی کی جائے۔وہ شادی کا مطلب بھی نہیں جانتی ہو گی اور آپ۔۔آہان شاہ غصے سے بولے تھے۔لیکن دانین انکی بات کاٹ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

تو میں کونسا کہہ رہی ہوں کہ وہ شادی کے تقاضے پورے کرے میں تو صرف یہ کہہ رہی ہوں کہ دونوں کو ایک پاک بندھن میں باندھ دو جب نور ٹھیک ہو جائے گی تب رخصتی کر دیں گے۔وہ چٹکی بجا کر بولی

۔

جبکہ اسکی بے باک بات سنتے لڑکیاں تو لڑکیاں لڑکے بھی سٹپٹائے تھے۔۔

لیکن یہ کیسے ہو سکتا ہے اور براق کیوں مانے گا ایک پاگل لڑکی سے شادی کے لیئے۔زارا نم لہجے میں بولی۔

کیوں ممکن نہیں ہے آنٹی نور پاگل نہیں ہے وہ بہت جلد ٹھیک ہو جائے گی اور تو اسمیں کوئ خامی نہیں اور مجھے اس رشتے سے کوئ انکار نہیں۔وہ زارا کی بات کاٹتا بولا۔

لگتا ہے براق نور بے بی کی عشق میں گوڈے گوڈے ڈوب چکا ہے۔مرحا کی زبان پہ کجھلی ہوئ تھی۔وہ میثم کے کان میں بولی تو مسکراہٹ دباتا اسے گھورتا منہ پر انگلی رکھتے خاموش ہونے کا اشارہ کر گیا۔

آپ لوگ سوچ لیں اگر میرا بیٹا آپکی بیٹی کے لائق نہیں تو نہیں وعدہ کرتی ہوں آئیندہ وہ نور کے قریب بھی نہیں پھٹکے گا۔وہ سنجیدگی سے بولی۔

ایسی بات نہیں۔ہے براق میں کوئ کمی نہیں ہے۔

دانین ٹھیک کہہ رہی ہے بیٹا۔نور کا ذہن تو بچپنے میں ہے وہ براق کے قریب بھی رہے گی تو اسے تو کوئ برا نہیں لگے گا۔

Posted On Kitab Nagri

بہتر یہی ہے کہ ان دونوں کو نکاح کے بندھن میں باندھ دیا جائے۔

روحاماما آہان شاہ کے کندھے پر ہاتھ رکھتے بولی۔

ٹھیک ہے میں کل تک سوچ کے بتاتا ہوں۔ آہان شاہ سنجیدگی سے بولے۔

کوئی مسلہ نہیں آپ وقت لے لیں۔ دانین نے کہا تو وہ مطمئین ہو گئے۔

براق کی خوشی تو چھپائے نہیں چھپ رہی تھی اسکی لے بی ڈول ہمیشہ کے لیئے اسکی ہو جائے گی یہ احساس ہی روح کو سرشار کر دینے والا تھا۔۔

💞💞💞

عاشر بھائی میں تو آپکو بہت شریف سمجھتی تھی اور آپ اپنی ہی بہن کی نند پر ڈاکہ ڈال گئے۔ مرحا کی شرارتی آواز پر سب لڑکیوں کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ جب سے گھر آئے تھے سب لوگ عاشر کو گھیرے بیٹھے تھے۔

سوائے میثم اور ایناره کے سب وہاں موجود تھے۔

صرف عاشر بھائی ہی کیوں یہ دو فٹ کا نمونہ بھی تو کانڈ کر کے آیا ہے۔ رمشاء اپنے بھائی کو گھورتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ براق کان لپیٹے بیٹھا تھا۔کاشان اسکے پاس بیٹھا مسلسل اسکے کان میں کوئ نا کوئ سرگوشی کر رہا تھا۔جس پر وہ کبھی سر ہلا دیتا۔

مجھے تو لگتا ہے اسے یہ بخار بھی نور کی جدائ میں چڑھا ہے۔۔زیان اسکی ٹیبل پر پھیلی ٹانگوں پر کشن مارتا بولا۔

تجھے کیوں تکلیف ہو رہی ہے تجھ سے پہلے میری شادی ہو رہی ہے اسلیے۔تو بیٹا منہ دھو کے رکھ تجھے کوئ لڑکی نہیں دینے والا۔وہ کالر جھاڑتے بولا تو ایزل نے اسے چٹکی کاٹی وہ بیچارہ بلبلا کر رہ گیا۔

بلکل سہی کہا تمنے براق انہیں کوئ لڑکی کیسے دے گا۔انکی تو آنکھیں ہی مینڈک جیسی ہیں۔بریرہ قہقہ لگاتے بولی۔

جبکہ زیان نے تلملاتے اسے دیکھا تھا۔وہ کوئ موقع نہیں چھوڑتی تھی اسکی آنکھوں پر طنز کرنے کا۔

بری ایسے نہیں بولو میرا بھائ بہت پیارا ہے۔ایزل زیان کے بال بگاڑتے بولی۔

زیان محبت سے اسے دیکھنے لگا چلو اسکی بہن تو اسکے لیئے بولی۔

بس آنکھیں ہی تو مینڈک جیسی ہیں۔ایزل کے اگلے جملے پر جہاں سب کے قہقے چھوٹے تھے وہیں زیان نے سب کو دفع کو جانے والی نظروں سے دیکھا تھا۔۔

ایسے مت کہو زیان بھائ میرے پہلے کرش ہیں۔مجھے برا لگ رہا ہے۔پریشے کے ساتھ بیٹھی دور فشاں سب کو ہستے خفگی سے بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

زیان نے فخریہ نظروں سے اسے دیکھا۔وہ ہمیشہ ہی نوک جھوک میں بھی زیان کے ساتھ ہی ہوتی تھی۔

لو بول پڑی تیری لیلہ ۔میں بھی سوچوں یہ خاموش کیوں ہیں۔ ارحم زیان کے کندھے پر ہاتھ مارتا بولا۔

ایسے ہی نوک جھوک میں سب نے مل کے کھانا کھایا۔جبکہ انکے بڑے آج حال میں جانے کونسی میٹینگ کر رہے تھے۔۔

💞💞💞

آبان تم ہوش میں تو ہو۔ آیت حیرت سے اسے دیکھتے بولی۔

ماما میں بلکل ہوش میں ہی کہہ رہا ہوں۔وہ اطمنان سے بولا جانتا تھا کہ انکا ریکشن یہی ہو گا۔

کیا کہہ رہے ہو تم۔اچانک سے کیا ہو گیا ہے تمہیں۔تمنے کب ایسے سوچ لیا۔وہ حیرت کی زیادتی سے بے ساختہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

ماما پلیز مینے آپکو بتایا تو ہے سب۔مجھے کچھ نہیں پتہ جیسے مینے کہا ہے آپ ویسا ہی کریں گی۔ وہ اسکی آنکھوں میں حیرت دیکھتا بولا۔

ایسا نہیں ہو سکتا آبان۔ کوئی نہیں مانے گا۔وہ نفی میں سر ہلاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

آپکو سبکو منانا پڑے گا ماما۔وہ اسکے ہاتھ تھامتا التجائیہ لہجے میں بولا۔

آیت نے بے بسی سے اسے دیکھا۔

💞💞💞

وہ کبڈ سیٹ کر رہی تھی جب آبان اسکے کمرے میں ایا۔

ماما۔۔

آجاو آبان ادھر ہوں میں۔وہ کبڈ سے چہرہ نکالتے کہا۔

ماما مجھے بات کرنی ہے آپسے۔وہ اسے دیکھتا سنجیدگی سے بولا۔

ہاں کرو۔مصروف سے انداز میں کہا۔

آپ ادھر آئیں پہلے چھوڑیں یہ سب ملازم کر لیں گے۔وہ اسکے ہاتھ سے کپڑے لیتا اسے بیڈ پہ بٹھا گیا۔

سب ٹھیک ہے آبان کیا بات کرنی ہے۔ایت پریشان ہوئی تھی۔

آپسے کچھ دن پہلے کہا تھا نا کہ جس لڑکی سے شادی کرنی ہے میں بتادوں گا۔وہ تمہید باندھتا بولا۔

ہاں۔۔

مما میں زمل سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔بولتے اسنے آیت کا چہرہ دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

کون زمل۔ایت اچانک سمجھ نہیں پائی۔

زمل احمد۔ولی چاچو کی بیٹی۔ آبان کے کہتے ہی آیت نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

آبان تم ہوش میں تو ہو۔ایت حیرت سے اسے دیکھتے بولی۔

ماما میں بلکل ہوش میں ہی کہہ رہا ہوں۔وہ اطمنان سے بولا۔جانتا تھا انکار ئیکشن ایسا ہی ہو گا۔

کیا کہہ رہے ہو تم۔اچانک سے کیا ہو گیا ہے تمہیں۔ایسا کب سوچ لیا تم نے۔وہ حیرت کی زیادتی سے بے ساختہ اپنی جگہ سے کھڑی ہوئی تھی۔

مینے کوئی ناجائز ڈیمانڈ تو نہیں کی ماما۔میں جائز طریقے سے اسے اپنا بنانا چاہتا ہوں۔پہلے کی بات الگ تھی تب ہم بچے تھے اب نہیں۔

آپ ولی چاچو سے بات کریں ہانم آپی اور عاشر بھائی کے نکاح کے ساتھ ہی مجھے وہ میرے نکاح میں چاہئیے۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

آبان تم جانتے ہو نا وہ کتنا ڈرتی ہے تم سے۔ولی بھائی اور زہرہ بھابھی کبھی نہیں مانے گیں۔وہ پریشان ہوئی تھی بیٹے کی ضد سے۔

ماما پلیز مینے آپکو بتایا تو ہے سب۔مجھے کچھ نہیں پتا جیسا مینے کہا ہے آپ ویسا ہی کریں گے۔وہ اسکی آنکھوں میں حیرت و بے یقینی دیکھتا بولا۔

ایسا نہیں ہو سکتا آبان کوئی نہیں مانے گا۔وہ نفی میں سر ہلاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

آپکو سب کو منانا پڑے گا ماما وہ اسکے ہاتھ تھامتا التجائیہ بولا۔

لیکن زمل وہ کبھی نہیں مانے گی۔

کیوں نہیں مانے گی کیا کمی ہے میرے بیٹے میں۔زہرہ کی آواز پر دونوں چونکے تھے۔

زہرہ بھابھی آپ کیا کہہ رہی ہیں۔زمل کو جانتی ہیں نا آپ۔آیت نے بے بسی سے ان دونوں کو دیکھا۔

آبان تم کیوں زمل سے شادی کرنا چاہتے ہو۔زہرہ گہری نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

Because I love her

وہ زہرہ کے ہاتھ تھامتا نرمی سے بولا۔

اب وہ اپنی ماں کو یہ تو نہیں بتا سکتا تھا کہ اسے اسکے ہونٹوں کا ٹیسٹ پسند آگیا تھا۔جنکو ایک بار بے خبری میں چھونے سے وہ اب تک بے چین تھا۔

آیت اور زہرہ خاموش ہو گئیں۔

تم واقعی زمل کو پسند کرتے ہو۔زہرہ نے دوبارہ پوچھا۔

کیا آپکو مجھ پہ یقین نہیں مام۔اگر اسے پسند نا کرتا ہوتا تو شادی کی بات ہی کیوں کرتا۔وہ خفا ہوا تھا۔

ایسی بات نہیں ہے مجھے اپنے بیٹے پر پورا یقین ہے۔اور ٹھیک ہے میں آج ہی سائیں سے بات کروں گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن آبان میں زمل کو فورس نہیں کر سکتی۔ سمجھا سکتی ہوں اگر وہ مان گئ تو ہمیں کوئ پرابلم نہیں ہو گی۔

تھینکیو سو مچ مام۔مجھے پتہ تھا آپ ضرور مجھے سمجھیں گی۔وہ زہرہ کے سر پہ بوسہ دیتا بولا۔

اللہ لڑکے اتنی خوشی۔ایت نے حیرت سے اسے دیکھا۔

ماما شادی کی خوشی تو ہو گی نا۔وہ مسکراتے ہوئے بولا۔

آیت اور زہرہ اسکا مسکراتے چہرہ دیکھ مطمئین ہو گئیں۔

💞💞💞

زہرہ نے رات میں ولی سے بات کی تو اسکا ریئکشن بھی آیت سے کم نہیں تھا۔

مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ آبان ایسے اچانک سے۔وہ بے یقین تھا۔

اچانک سے کیا سائیں۔دو ماہ تو ہو گئے ہیں آبان کو آئے ہوئے۔اور ہماری زمل میں کیا کمی ہے اتنی پیاری تو ہے۔کوئ بھی اس پر دل ہار سکتا ہے۔زہرہ کی باتوں پر وہ سوچ میں پڑ گیا۔

لیکن زمل۔ابکی بار وہ بھی خاموش ہوئ۔

اچھا پریشان مت ہو کل بات کریں گے اس سے۔وہ اسکے چہرے پر پریشانی دیکھتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

آبان جیسا لڑکا ہر لڑکی کا خواب ہوتا ہے سائیں لیکن مجھے نہیں لگتا وہ مانے گی آخر کو ہے بھی تو آپکی بیٹی۔ضد میں بھی آپکے ہی جیسی ہے۔وہ اسکا سنجیدہ چہرہ دیکھ آنکھوں میں شرارت سمیٹے بولی۔

اچھا تو میں ضدی میں ہوں۔ادھر اوا بھی بتاتا ہوں۔وہ اسے بیڈ سے اترتا دیکھ بولا۔

رہنے دیں میں خود جانتی ہوں۔وہ کہتی واشروم میں بھاگ گئ۔

ولی اسکی شرارت پر ہس دیا۔۔

💞💞💞

گڈ مارننگ !!ایزل کی آواز پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

مارنگ!!بیٹے آپ آج گھر پہ۔غازی اسکے جھکنے پر اسکا ماتھا چومتے حیرانگی سے بولا۔

یس بابا آج میری چھٹی ہے۔وہ چیئر کھینچتے بولی۔

چھٹی۔۔خیریت ہے نا ایزل کہیں تمہاری پٹر پٹر چلتی زبان دیکھ ہوسپٹل والوں نے نکال تو نہیں دیا۔

آبان اسکے بیٹھتے ہی بظاہر سنجیدگی سے بولا لیکن چہرے پر شرارت رقصاں تھی۔

ہیں کیا مطلب ہے تمہارا میں بہت زیادہ بولتی ہوں۔وہ لڑنے کو تیار ہوئ۔

ناشتہ کرتے سب انکی گفتگو سے محظوظ ہو رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں ایزل آپی بہت زیادہ نہیں بس اتنا کہ جیسے کوے بولتے ہیں۔اینارہ آنکھیں پٹپٹاتے بولی۔

بابا دیکھیں انہیں۔اسنے غازی کو بیچ میں گھسیٹا۔

خبردار اگر کسی نے میری بیٹی کو تنگ کیا تو۔وہ مصنوعی روعب سے بولا تو وہ ہسی دباتے شرافت سے ناشتہ کرنے لگا۔

ایزل نے انہیں جتاتی نظروں سے دیکھا۔

ایزل بیٹا ناشتہ کرکے میرے روم آو میں بات کرنی ہے اپسے۔غازی کہتا چیئر سے اٹھ کھڑا ہوا۔

زمل گڑیا آپ بھی ناشتے کے بعد ولی کی بات سنو۔

اسکے اتنی سنجیدگی سے کہنے پر ایزل کے کان کھڑے ہوئے تھے۔

زمل نے بھی چونک کر اسے دیکھا لیکن وہ سر ہلا گئ۔

کہیں کھڑوس مان نے میری شکایت تو نہیں کر دی۔ کافی کے گھونٹ بھرتے پریشانی سے سوچا۔

نہیں نہیں اسے کونسا پتہ تھا کہ اسکی شرٹ مینے جلائی،اسکی گاڑی کا ٹائر مینے پنچر کیا اور اسکی گاڑی کے شیشے پر پنک لپسٹک سے کروس مینے بنایا۔

وہ دل میں سوچ رہی تھی۔چہرے پر روہانسے تاثرات تھے۔

اس دن کے بعد سے اسکا حازق سے سامنا تو نہیں ہوا تھا لیکن اسنے اسے تنگ کرنے میں کوئ کثر نہیں چھوڑی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اس پر حازق کی خاموشی نے اسے مزید پریشان کیا تھا۔

جو بھی ہو وہ تو غازی سے بات کر کے ہی پتا چلنا تھا۔کافی ختم کرتے وہ جلدی سے غازی کے کمرے کی طرف بھاگی تھی۔

زمل بھی ناشتہ ختم ہوتے ولی کے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔

یہ۔چل کیا رہا ہے۔زیان اور ارحم کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا۔

یقیناً کچھ بڑا دھماکہ ہونے والا ہے۔ایمارہ نے دھیمے لہجے میں سرگوشی کی۔

لیکن کیا۔اب ان تینوں کو جاننے کا تجسس تھا لیکن جب تک ہو دونوں باہر نہیں آ جاتی کچھ پتا نہیں چلنا تھا۔

سو انتظار کے علاوہ وہ لوگ اور کچھ نہیں کر سکتے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

دروازہ نوک کرتے وہ اندر ائ۔

بابا۔لیپٹاپ پر کام کرتے غازی کو پکارا۔

آجاو پرنسز۔غازی نے لیپٹاپ بند کرتے بازو پھیلایا تو وہ اسکے بازو میں سما گئ۔

آج کتنے دن بعد آپکو ٹائم ملا ہے اپنی پرنسز کے لیئے۔وہ خفا تھی۔

Posted On Kitab Nagri

بابا کے پاس تو آپکے لیئے ٹائم ہی ٹائم ہے لیکن میری پرنسز جواب زمہ دار ہو گئ ہے۔وہ اسکا سر چومتے بولا۔

اتنی بھی زمہ دار نہیں ہوئ میرے لیے ہر چیز سے پہلے آپ ہی رہیں گے۔ہاں لیکن تھوڑی سی بڑی ہو گئ ہوں۔وہ اسکی شرٹ کے بٹنوں سے کھیلتے بولی۔

زرنور خاموشی سے آکر بیڈ پہ بیٹھ گئ۔

ہاں بلکل میری بیٹی بڑی ہو گئ ہے اس لیے ہم سوچ رہے ہیں اب آپکی شادی کر دی جائے۔غازی کے کہنے پر اسنے چونک کر اسے دیکھا۔

لیکن خاموش رہی۔

ایزل تمہارے لیے رشتہ ایا۔زرنور بغور اپنی بیٹی کے چہرے کے تاثرات دیکھتے بولی۔

رشتہ۔۔کسکا۔ایزل حیرانگی سے بولی۔

کچھ عرصے سے اسکے کافی رشتے آرہے تھے لیکن غازی ابھی اسکی شادی کے حق میں نہیں تھا لیکن اب اچانک سے اسکا حیران ہونا بنتا تھا۔

تمہاری پھوپھو نے تمہیں حازق کے لیئے مانگا ہے۔غازی سیدھا ہوتا بولا۔

ان دونوں کی توقع کے عین مطابق وہ اچھل پڑی تھی۔

اپنے کیا کہا ہے بابا۔وہ بے یقینی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق تم سے شادی کا خواہش مندی ہے ایزل۔زرنور کے کہنے پر اسکے چہرے پر استہزائیہ مسکراہٹ آئی تھی۔

شادی کا خواہش مند ہے یا پھر مجھے اپنا پابند بنانا چاہتا ہے۔اسکا لہجہ استہزائیہ تھا۔

غازی اور زرنور چونکے تھے۔

کیا مطلب کیا حازق نے تمسے کچھ کہا ہے۔غازی کے ماتھے پر بل ائے۔

ایزل خاموش ہو گئ۔

بولو پرنسز کیا حازق نے کچھ ایسا ویسا کہا ہے۔اگر ہاں تو مجھے بتاؤ۔غازی اسے اپنے پاس بٹھاتا بولا۔

نہیں بابا ایسی بات نہیں ہے وہ بس مجھے ایسا لگتا ہے۔آپکو پتا ہے نا وہ مجھے بلکل پسند نہیں پھر اپنے ایسا کیسے سوچ لیا۔وہ خفا نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

پرنسز میں جانتا ہوں تم اسے پسند نہیں کرتی۔لیکن ایک بار سوچ کے تو دیکھو۔حازق کسی بھی لڑکا کا خواب ہو سکتا ہے۔

اسکی پرسنیلٹی پر غور کرو۔ہینڈسم ہے،ویل سیٹلڈ ہے،اور سب سے بڑی بات تمہیں پسند بھی کرتا ہے۔

غازی ایک دوست کی طرح اسے سمجھانے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ویسے بھی یہ حازق سے پہلے تمہاری پھوپھو کی خواہش ہے۔ آج سے نہیں بلکہ تب سے جب سے حازق پیدا ہوا ہے۔ اب سوچ لو کیا تم اپنی پھوپھو کا بھی دل توڑنا چاہتی ہو۔

زرنور اسکی ضد سے واقف تھی اسلیے مہر کی خواہش کے بارے میں بتا دیا۔

کیا واقعی پھوپھو ایسا چاہتی ہیں۔ وہ بے یقین ہوئی تھی۔ مہر نے تو آج تک اس سے ایسی کوئی بات نہیں کی۔

جی بیٹا مہر واقعی ایسا چاہتی ہے۔ تمسے کبھی ذکر اس لیے نہیں کیا کہ وہ بچپن سے تمہارے دل میں یہ بات نہیں ڈالنا چاہتی تھی کہ تمہاری شادی حازق سے ہو یا حازق سے تمہاری۔

اگر بڑے ہو کر تم دونوں میں سے کسی ایک بھی خواہش کوئی اور ہوتا تو دل تو تم دونوں میں سے ایک کا ہی ٹوٹنا تھا۔

غازی جیسے اسکی سوچ پڑھ رہا تھا۔

وہ خاموش ہو گئی۔ کچھ بھی ہو جائے وہ مہر کا دل نہیں توڑ سکتی تھی۔

یہ مت سوچنا کہ ہم تم پہ دباؤ ڈال رہے ہیں یا فورس کر رہے ہیں۔ مہر کے لئے اور ہمارے لیے تمہاری خوشی سب سے اوپر ہے۔ سوچ لو اور سوچ کر مجھے بتانا۔ غازی اسکا ماتھا چومتے بولا۔

اور اگر میں انکار کر دوں تو آپ ناراض نہیں ہونگے۔ وہ غازی کا چہرہ دیکھتے بولی۔

نہیں پرنسز بلکل بھی نہیں۔ مینے کہا نا تمہارے خوشی سب سے پہلے ہے۔ وہ نرمی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

زرنور نے بے چینی سے اسے دیکھا۔کیا وہ واقعی انکار کر دے گی۔وہ پریشان ہوئی۔

ٹھیک ہے بابا میں کل تک آپکو سوچ کے بتادوں گی۔وہ کچھ سوچ کر بولی تو غازی نے سر ہلا دیا۔

میں جاؤں بابا۔۔سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

ہم جاو۔غازی کے اجازت دیتے ہی وہ کمرے سے باہر آ گئی۔

💞💞💞

بابا اپنے بلایا۔۔

ہاں آجاؤ بیٹے۔ولی نے کہا تو وہ اسکے سامنے صوفے پر بیٹھ گئی۔

کیسی جا رہی ہیں سٹڈیز میری گڑیا کی۔ولی اسکے گرد بازو پھیلا تا نرمی سے بولا۔

بہت اچھی بابا۔وہ مسکرائی تھی۔

بیڈ یہ تو اچھی بات ہے۔زمل مجھے اور تمہاری ماما کو ضروری بات کرنی تھی تمسے۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

جی بابا بولیں۔وہ دونوں کو سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔

زمل تمہارے لیے آبان کا پرپوزل آیا ہے۔زہرہ نے اسکے سر پہ بومب پھوڑا۔

وہ دونوں کو بے یقینی سے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

باباپ۔۔وہ کچھ بول نا سکی۔

زمل میری بات دھیان سے سنو بیٹا۔ بچپن میں جو کچھ ہوا تب تم بھی بچی تھی اور آبان بھی بچہ تھا۔دونوں ہی نا سمجھ تھے لیکن اب وقت بھی بدل چکا ہے اور تم دونوں بڑے ہو چکے ہو۔

آبان نے اپنے کیے کی سزا بھی کاٹ لی ہے بیٹا وہ تم سے شادی کرنا چاہتا ہے تو اسمیں کوئ برائ نہیں ہے۔

لیکن ہمیں تمہاری مرضی جاننی ہے تم کیا چاہتی ہو۔دیکھو بیٹا میں جانتا ہوں تم آبان سے خوفزدہ ہو لیکن کیوں اب تو کوئ وجہ بھی نہیں ہے تمہارا ڈر،خوف بے وجہ ہے۔

تم اچھے سے سوچو اسکے بعد تم جو چاہتی ہو وہی ہو گا۔

ولی اسکی آنکھوں میں امڈتی نمی سے نظریں چراتا نرمی سے بولا تھا۔

وہ سختی سے مٹھیاں بھینچے خود کو رونے سے باز رکھ رہی تھی۔

زمل تم آبان کے ساتھ بہت خوش رہو گی ایک بار اس نہج پر سوچ کر دیکھو اپنا ڈر ایک طرف رکھو آبان میں وہ ساری خوبیاں ہیں جو ایک لڑکی اپنے لائیف پاٹنر کے طور پر سوچتی ہے۔اور پھر وہ تمہیں پسند بھی کرتا ہے اور سب سے بڑی بات کہ تم ہماری آنکھوں کے سامنے رہو گی۔زہرہ اسے خود سے لگاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

تم سوچو اس بارے میں اسکے بعد بھی اگر تمہاری نا رہے گی تو ہمیں کوئ پرابلم نہیں۔ وہ اسکا گال تھپتھپاتے بولی۔

وہ خاموشی سے سنتی رہی کچھ دیر تک وہ ان سے اجازت لیتی اپنے کمرے میں آ گئ۔

💞💞💞

بابا ایسے کیسے سوچ سکتے ہیں جس انسان نے میری جان لینے کی کوشش کی جسکی وجہ سے مجھے ہائیٹ فوبیا ہو گیا، جسکی وجہ سے مینے اپنی زندگی کے کتنے ہی سال ڈر ڈر کے گزارے ہیں مجھے اسی کو سونپنا چاہتے ہیں آخر کیوں۔

کیوں کیوں کیوں وہ بیڈ شیٹ نوچتی چیخی تھی۔

آپکو اپنی بیٹی کا درد کیوں نظر نہیں آیا بابا میں اس انسان سے نفرت کرتی ہوں۔ وہ ڈریسینگ پر پڑی چیزیں نیچے پھینکتی روتے ہوئے چیخی تھی۔

کیا آپکو میرے چہرے کا یہ نشان نظر نہیں آتا بابا۔ جو میرے لیے ایک بری یاد ہے اور ہمیشہ کے لئیے میرے ساتھ رہے گا۔

وہ آئینے میں اپنے ماتھے پر سٹیچیز کے نشان کو دیکھتے قرب سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ یہ نشان ہمیشہ میکاپ سے کور رکھتی تھی اسی لیے تو آبان نے آج تک نہیں دیکھا تھا۔۔

اسے لگتا تھا کہ یہ نشان اسے بدصورت بناتا ہے حالانکہ ایسا نہیں تھا اسکے ماتھے پر بنا وہ نشان اسے اور خوبصورت بناتا تھا۔لیکن اس نشان سے جڑی بری یاد اسے یہ سوچنے نہیں دیتی۔

میں تم سے نفرت کرتی ہوں آبان شاہ۔سنا تم نے نفرت کرتی ہوں تمسے۔وہ پورا کمرہ تیس نہس کرتے چیخ رہی تھی چیخ چیخ کر گلا بھی بیٹھ چکا تھا۔

تھک کر وہ بیڈ پہ گرتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

سارا دن وہ کمرے میں بند رہی،زہرہ نے کسی کو بھی اسے ڈسٹرب کرنے سے منع کر دیا تھا۔

وہ جانتی تھی زمل جزباتی ہے اور وہ جزبات میں آکر اس رشتے سے انکار کر دے گی۔جو وہ نہیں چاہتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ظہر کی نماز پڑھتے وہ روتے ہوئے سو گئ۔جانے وہ کب تک سوتی رہی جب اسے خود پر کسی کی گہری نظریں اور سانسوں کی تپش محسوس ہوئ وہ کسمسا کر آنکھیں کھول گئ۔

Posted On Kitab Nagri

نظروں سیدھا کھڑکی سے نظر آتے لان پر پڑی۔باہر سورج ڈوب چکا تھا۔شام ہو چکی تھی افف۔۔ میں اتنی دیر سوتی رہی وہ ہڑبڑا کر اٹھی۔

جب اسے اپنے پیچھے کسی کی موجودگی کا احساس ہوا۔اسنے تیزی سے پیچھے مڑتے دیکھا سامنے آبان کو دیکھتے اسکے چہرے پر ڈر پھیلا تھا۔

ت۔تم۔وہ تیزی سے بیڈ سے اٹھی تھی۔

کیسی ہو۔۔آبان نے گہری نظروں سے اسے دیکھا۔

زمل چونک کر اسے دیکھنے لگی وہ یہاں کب سے تھا۔اسے پریشانی ہوئی۔

مینے کچھ پوچھا ہے۔قدم اسکی طرف بڑھاتے روعب دار لہجے میں پوچھا۔

ت۔تم میرے۔وہ قدم پیچھے لیتی ابھی بول رہی تھی جب آبان اسکی بات کاٹ گیا۔

اپ۔۔شوہر کو آپ بلاتے ہیں۔وہ اسکے قریب آتا مزے سے بولا تھا۔

زمل نے نفرت سے اسے دیکھا۔

میں تمہاری۔آپکی بیوی نہیں بنو گی۔مجھے آپسے شادی نہیں کرنی۔وہ دیوار سے لگتے اسے تم کہتی کہ آبان کے ڈر سے جلدی سے آپ بول گئی۔

اسکی آواز بیٹھی ہوئی تھی آنکھیں بھی کافی سوجھی ہوہی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ آپ کہنے پر آبان کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی تھی۔وہ یوں تم سے آپ پر آتی اسے بہت پیاری لگی تھی۔

کیوں نہیں کرو گی مجھ سے شادی۔وہ اسکے دائیں بائیں ہاتھ رکھتا بولا۔

زمل دیوار میں سمٹ گئ۔

ن۔نہیں کرنی۔اپنے چہرے پر پڑتی اسکی گرم سانسوں سے وہ خوفزدہ ہوئ تھی۔

وجہ۔۔۔؟ آبان اسکے ماتھے پر بنے نشان کو دیکھنے لگا۔اسنے پہلی بار یہ نشان دیکھا تھا لیکن وہ اس نشان کے پیچھے وجہ جانتا تھا۔

مجھے آپ پسند نہیں۔نفرت سے کہا گیا۔

جانے کیوں اسکے نفرت سے کہنے پر آبان کے دل میں درد سا اٹھا تھا لیکن وہ سر جھٹک گیا۔

لیکن مجھے تو تم پسند ہو۔وہ اسکے نشان پر آہستہ سے انگلی پھیرتا مدھم لہجے میں بولا۔

زمل اسکی انگلی اسی جگہ پر محسوس کرتی بے بسی سے اسے دیکھنے لگی۔

آنسو بے ساختہ پلکوں کی بار توڑتے اسکے چہرے پر پھسلے تھے۔

پھر بھی نہیں کرنی۔اسکا ہاتھ جھٹکے کہا۔

آبان کی آنکھوں میں سرخی دوڑی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اگر تمنے مجھ سے شادی سے انکار کیا تو میں تمہیں اپنے شیر و (آبان کا کتا) کے آگے ڈال دوں گا۔ وہ اسکے چہرے کے قریب تر چہرہ کرتا مدھم آواز میں غرایا۔

میں پھر بھی نہیں کروں گی۔ وہ جانتی تھی شیر و آبان کے فارم ہاؤس پر ہوتا ہے وہ یہاں نہیں اسکتا۔

نہیں کرو گی۔۔۔؟ اسکی آنکھوں میں دیکھتے پوچھا.

آبان کے سرسراتے لہجے پر اسکا وجود کپکپایا تھا۔

لیکن پھر بھی نفی میں سر ہلا گئ۔

ٹھیک ہے پھر میں تمہیں مار دوں گا۔ وہ اچانک پسٹل نکالتا اسکی ماتھے پر رکھتا بولا۔

زمل خوفزدہ سی اسے دیکھنے لگی۔

ا۔اپ ایسا ن۔ نہیں کر سکتے۔ م۔ میں بابا کو بتا۔وں گی۔ وہ پسٹل کو خوف سے دیکھتے کپکپاتے لہجے میں بولی۔ اسے اپنی جان بہت پیاری تھی۔

میں ایسا ہی کروں گا کل صبح جا کر تم ولی چاچو کو ہاں کروں گی اگر تمہیں انکار کیا تو میں اس پسٹل کی ساری گولیاں تمہارے دماغ میں اتاروں گا۔ وہ اسکی سوجھی آنکھوں پر پسٹل کی نوک پھیرتا بولا۔

زمل کی سانسیں بند ہونے لگی خوف سے۔

بولو کیا کرو گی۔ اسکی توڑی تلے پسٹل رکھتے زارا غصے سے پوچھا۔

ہ۔ہاں کروں گی۔ لبوں پر زبان پھیرتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہاں کرو گی۔ آبان کی آواز مدھم ہوئ تھی۔اسکی نظریں اسکے گیلے ہونٹوں پر تھیں جنہیں چھونے کی خواہش شدت سے ہوئ تھی۔

ش۔شادی کرنی اپسے۔وہ پسٹل کو اپنے چہرے پر دیکھتے رونے لگی۔

ان پر کیالگاتی ہو۔وہ پسٹل اسکے ہونٹوں پر رکھتا گھمبیر تا سے بولا۔

زمل کارنگ فق ہوا۔انکھوں کے سامنے پہلی ملاقات کا منظر گھوما تھا۔

ک۔کچھ نہیں۔پ۔لیز جائیں۔م۔میں ہاں کروں گی۔وہ بند ہوتی سانسوں سے لڑکھڑاتے لہجے میں بولی۔

آبان تیزی سے پیچھے ہوا تھا۔اسے ایک اخری تنبیہ کرتے وہ چلا گیا۔

جانتا تھا اگر کچھ دیر اور وہاں رکھتا تو شائید خود پر سے کنٹرول کھو کے اسکے ہونٹوں کو چھولیتا۔

جبکہ اسکے جاتے ہی زمل تیزی سے اپنی انہیلر کی طرف لپکی تھی۔

آئ۔ہیٹ۔یو۔چہرہ ہاتھوں میں چھپاتے پھوٹ پھوٹ کر رودی۔

لیکن یہ تو طے تھا کہ وہ اب انکار نہیں کرے گی۔آبان کا۔خوف اور بڑھ جو گیا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

حازق اسے پسند کرتا ہے یہ بات اسے کسی طور پر چین نہیں لینے دے رہی تھی وہ جانتی تھی یقیناً اسکے پیچھے اسکی کوئی نا کوئی چال ہو گی۔

اسے کرنا تو انکار ہی تھا۔وہ جانتی تھی کہ اسکی پھوپھو اسے سمجھیں گی لیکن اس سے پہلے وہ حازق میر سے دو دو ہاتھ ہونا چاہتی تھی۔کیونکہ وہ یہ انکار اسکی منہ پر مارنا چاہتی تھی۔اس لیے بنا سوچے سمجھے وہ اسکے آفس پہنچ چکی تھی۔

یہاں تک کہ اسنے صبح ہونے کا انتظار بھی نہیں کیا۔وہ غصے میں یہ بات بھی بھول چکی تھی کہ حازق جس کیس پر کام کر رہا ہے اسکی وجہ سے اسکو کافی دھمکیاں مل چکی تھیں اسلیے اسنے سختی سے سبکو منع کر رکھا تھا کہ کوئی بھی کبھی اسکے آفس نہیں آئے گا۔وہ نہیں چاہتا تھا کہ کوئی اسکے مخالفوں کی نظر نہیں ائے۔ غصے سے جلتی کڑھتی وہ ہوسپٹل سے کچھ دیر کے لیئے آف لیتی خود ڈرائیو کرتے اسکے آفس پہنچ چکی تھی۔

رات ہونے کی وجہ سے یہاں کافی سناٹا تھا۔ورکرز بھی جا چکے تھے لیکن وہ جانتی تھی کہ وہ اندر ہی ہے۔ سناٹا دیکھ ایک پل تو اسکا دل کیا واپس لوٹ جائے لیکن پھر سر جھٹکتی اسکے کیبن کی طرف بڑھی۔

جھٹکے سے دروازہ کھولتے وہ اندر آئی۔

فائل پر جھکے حازق نے چونک کر آنے والے کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

سامنے ایزل کو دیکھتے وہ بے ساختہ اٹھ کھڑا ہوا۔اسکی نظریں ایزل سے ہوتی گھڑی پر گئ جو رات کے دس بجا رہی تھی۔

یہاں کیا کر رہی ہو تم اس وقت۔سرد و سپاٹ تاثرات سے اسکی طرف بڑھتے کہا۔

آج تم نہیں میں سوال کروں گی۔اور تم جواب دو گے۔انگلی اٹھا کر کہا گیا۔

حازق نے ائیبرو اچکاتے اسکی ہمت کو داد دی۔وہ اس سے تھوڑا دور رکتے ٹیبل سے ٹیک لگا گیا۔جیسے اسے اجازت دی ہو پوچھو کیا پوچھنا ہے۔

غصہ تو اسے اس لڑکی پر حد سے زیادہ آرہا تھا لیکن وہ جانتا تھا اسکے کہنے سے تو وہ نہیں جائے گی۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئ میرے لیے رشتہ بھجوانے کی۔تمہیں کیا لگتا ہے سب کی طرح میں بھی تمہارے جھانسے میں آجاوں گی۔میں بہت اچھے سے جانتی ہوں تم مجھے اپنا پابند کرنا چاہتے ہو۔تم چاہتے ہو کہ جیسے ہر کوئ تمہارے آگے جھکتا ہے میں بھی جھکوں۔لیکن ایسا کبھی نہیں ہو گا میں تمہارا اصلی چہرہ سب کو دکھاؤں گی۔

تم ہو گے مسٹر پرفیکٹ لیکن میری نظر میں تم زیرو ہو زیرو۔وہ غصے اور تیش سے اسے دیکھتے پھولتی سانسوں سے بولی تھی۔

حازق اطمنان سے اسے دیکھتا رہا۔

ہو گیا۔اسکے چپ ہوتے وہ جس قدر سکون سے بولا تھا ایزل جل کر رہ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

میں تمہیں بتا رہی ہوں میں ہر گز تم سے شادی نہیں کروں گی۔وہ اسکے قریب آتے دھاڑی تھی۔

حازق ابھی کچھ بولتا کہ اسے باہر کسی ہلچل کا احساس ہوا۔

وہ تیزی سے ایزل کو بازو سے کھینچتے فائلز کے پیچھے بنے ہوئے ریک کے پیچھے ہوا تھا۔

کیا کر رہے ہو۔لگتا ہے میری باتوں سے دماغ پر اثر پڑا ہے۔وہ اپنا بازو چھڑوانے کی کوشش کرتے چیخی تھی۔

ششش۔حازق نے اسے دیوار سے اسکے منہ پر ہاتھ رکھتے سرد نظروں سے اسے دیکھا۔

باہر سے اب قدموں کی آواز آ رہی تھی۔

ایزل اپنے منہ پر اسکے ہاتھ سے تڑپ اٹھی۔

ششش آواز نا ائے۔۔وہ اسکے بازو پر زور ڈالتا اسکے کان کے قریب پھنکارا۔

ایزل نے غصے اور بے بسی سے اسے دیکھا۔

ڈھونڈو یہیں ہو گی وہ فائل۔اج یا تو وہ ثبوت سارے ختم ہونگے یا حازق میر خود ختم ہو جائے گا۔

دروازہ کھول کر کوئی اندر آتا نفرت سے بولا تھا۔

ایزل نے سہم کر حازق کو دیکھا جو ریک سے باہر دیکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

اسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھتے ایزل کپکپائی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ چار سے پانچ لوگ تھے۔چہرے کور کر رکھے تھے جبکہ ہاتھوں میں بندوق تھی۔ان میں سے ایک جو بول رہا تھا اسنے ہاتھ میں چھوٹا سا خنجر پکڑ رکھا تھا۔

ڈھونڈو کوئی بھی جگہ بچنی نہیں آج وہ سالا۔میرے ہاتھ سے بچے گا نہیں۔دادا کے خلاف ثبوت ڈھونڈے گا ایسا حال کروں گا کہ اسکی روح کانپ جائے۔ان میں سے جو شائید انکا باس تھا وہ ٹیبل کو ٹھوکر مارتا غرایا تھا۔

ایزل کی گرین آنکھیں خوف سے پھیلی تھیں۔

میرا اسکے لب۔پھڑ پھڑائے۔

حازق اپنے ہاتھ تلے دبے اسکے لبوں کی حرکت پر چونک کر اسے دیکھنے لگا۔

وہ بھیگی سہمی نظروں سے کبھی اسے تو کبھی ان آدمیوں کو دیکھ رہی تھی جو اسکے کیبن کا حشر نشر کرنے میں لگے تھے۔

ہاتھ ہٹا رہا ہوں آواز مت کرنا۔ سرگوشی میں بولتے وہ اسکے چہرے سے ہاتھ ہٹا گیا۔

ایزل خوف سے سانس بھی روک گئی حتیٰ کہ اسکا سانس پہلے ہی بند ہو رہا تھا اس نے کافی زور سے اسکے منہ پر ہاتھ رکھا تھا۔

حازق نے نرمی سے اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے خود میں بھینچا۔

ایزل اسکی شرٹ جکڑتے اسکے سینے میں چہرہ چھپاتے گہری سانسیں بھرنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

م۔میر یہ لوگ ت۔ تمہیں م۔مارنے آئے ہیں۔۔ بھیگتی آواز میں سرگوشی کی۔لہجے میں خوف اور غصے کا عنصر تھا۔

اتنی سیریس سچویشن میں بھی حازق کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ۔

وہ لوگ اب ریک کی طرف بڑھ رہے تھے۔

حازق مزید سختی سے اسے خود میں بھینچ گیا۔

ریلیکس میں ہوں نا۔اسکے کانپتے وجود کو محسوس کرتے حازق نے اسکی کمر سہلائی۔

وہ بے اواز روتی سختی سے اسکی شرٹ مٹھیوں میں جکڑ گئ۔

ایزل میری بات سنو۔انہیں ریک کی فائلز نکالتے دیکھ حازق نے اسے خود سے الگ کرنا چاہا وہ مزید سختی سے اس سے لپٹ گئ۔

ایزل لسن۔حازق نے زبردستی سے اپنے سامنے کیا۔

میں باہر جاکر انکا دھیان بھٹکاتا ہوں لیکن تم یہاں سے باہر نہیں نکلو گی۔جب تک میں ان سے نبٹ نا لوں تم اس طرف دیکھو گی بھی نہیں۔وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے سرگوشی میں بول رہا تھا۔

تم کیوں جاؤ گے وہ لوگ تمہیں مارنے آئے ہیں۔وہ اسکا گریبان جکڑتی دبی آواز میں بولی۔

مینے جو کہا ہے وہ کرو گی۔یہاں سے باہر نہیں آؤ گی ۔وہ سختی سے اسکے کان میں پھنکارا۔

ایزل بے بسی سے اسے دیکھنے لگی۔لیکن وہ اسے دیوار سے لگاتا خود انکے سامنے آگیا۔

Posted On Kitab Nagri

آہٹ پر ان لوگوں نے چونک کر دیکھا۔

حازق سرد تاثرات سے انہیں دیکھ رہا تھا۔

پیٹ پیچھے وار کرنے والے بزدل ہوتے ہیں۔اپنے پیچھے کھڑے آدمی کے وار کو روکتے سرد لہجے میں کہتے اسنے اس آدمی کو کھینچتے سامنے ٹیبل پر دے مارا۔

ایزل نے منہ پر ہاتھ رکھتے اپنی چیخ روکی تھی۔

اسکے منع کرنے کے باوجود وہ انہیں دیکھ رہی تھی۔

وہ سرد نظروں سے انہیں دیکھتا اپنے شرٹ کے اگلے دو بٹن کھول گیا۔

اج میں بتاتا ہوں تمہیں کہ حازق میر شاہ کون ہے۔اپنے بازو کے کف کے چڑھاتے وہ پھنکارا تھا۔

وہ آدمی ایک پل کے لیئے گھبرائے تھے لیکن اپنے باس کے اشارے پر وہ لوگ اسکی طرف بڑھے۔

وہ لوگ اسے مار نہیں سکتے تھے کیونکہ اگر مار دیتے تو ان پر لگے سارے کیس سچ ثابت ہونے تھے۔

اس لیے وہ لوگ ہتھیار پھینکتے اسکے مقابل آئے تھے۔

لیکن حازق ان سب پر بھاری پڑ چکا تھا۔وہ لوگ نہیں جانتے تھے کہ وہ صرف وکیل ہی نہیں تھا اسے آرمی کی سپیشل ٹریننگ دی گئ تھی۔اسکی حفاظت کے لیئے اسلیے اسنے ابھی ان سب کو چیونٹی کی طرح مسل کر رکھ دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاتھ کی پشت سے ناک سے نکلتا خون صاف کرتے وہ انکے بوس کی طرف بڑھا جو اب خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ بھاگتا حازق اسے دبوچ چکا تھا۔

بتا دینا اپنے اس دادا کو حازق میر انصاف کے لئیے کھڑا ہے جب تک خدا نا چاہے کوئ اسکا بال بھی با قا نہیں کر سکتا پھر چاہئے تم جیسے ہزاروں ہی آجائے حازق میر انہیں مسل کر رکھ دے گا۔

وہ اسکے چہرے پر پے در پہ مکے برساتا دھاڑا تھا۔

ان سب میں اسکا دھیان ایزل سے ہٹ چکا تھا۔

جبکہ وہ سفید چہرے اور سہمی نظروں سے اسے دیکھتے کانپ رہی تھی۔اسنے ایسی سچویشن پہلی مرتبہ فیس کی تھی۔وہ چاہے جتنی بھی بہادر سہی لیکن تھی تو ایک نازک سی لڑکی ہی نا جانے کیسے اسنے اپنی چیخوں کو دبایا ہوا تھا۔

حازق نے انکی ہڈی پسلی صحیح معنوں میں ایک تھی کہ وہ لوگ حواس کھو گئے تھے۔

زمین پر ہر چیز بری طرح سے بکھری پڑی تھی جبکہ وہاں کہیں کہیں خون کے داغ بھی تھے جسے دیکھ کسی بھی چیخیں نکل سکتی تھیں۔

اسکے خود کے ناک سے خون نکل رہا تھا ہونٹ بھی پھٹ چکا تھا جبکہ چہرے پر اور بھی کافی نشان تھے۔ہاتھوں کی جلد بری طرح سے چھل چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

انہیں اچھے سے سبق سکھاتے حازق نے کسی کو فون کیا۔اگلے پانچ منٹ میں ہی اسکے گارڈز اندر آئے تھے۔

وہ گارڈز کو پہلے ہی جانے کے لیئے کہہ چکا تھا لیکن وہ لوگ جانے کی بجائے اسکے آفس سے کچھ دوری پر کھڑے تھے۔ان آدمیوں کو تو انہوں نے اندر جاتے نہیں دیکھا تھا لیکن انکی گاڑی ضرور دیکھیں تھی وہ لوگ انتظار میں تھے تو حازق کے ایک اشارے کے وگرنہ وہ اسکی مرضی کے بغیر اندر جانا مطلب اپنی جان گنوانا۔

حازق نے انہیں سب صاف کرنے کا کہا اور خود ایزل کی طرف قدم بڑھائے۔

ایزل کے قریب پہنچتے وہ تڑپ اٹھا تھا۔اسکے سرد چہرے پر تکلیف کے تاثرات لہرائے تھے۔

جبکہ ایزل دیوار کے ساتھ نیچے سمٹ کر بیٹھی دونوں ہاتھ کانوں پر رکھے کانپ رکھے تھی۔ہیزل آنکھیں سختی سے بند تھیں لیکن آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر بکھر رہے تھے۔

ایزل۔۔اسکے قریب بیٹھتے نرمی سے پکارا۔

آواز پر ایزل نے بھیگی سہمی آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

میر۔شبنمی لہجے میں کہتے وہ تیزی سے اسکے سینے میں سمائی تھی۔

م۔میر خ۔خون۔خون۔و۔وہاں خ۔خون۔۔وہ اسکی گردن میں چہرہ چھپائے بس یہی لفظ دہرائے جا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کو دھچکا لگا۔ کیا اسے ابھی تک وہ سب یاد تھا۔

ایزل ریلیکس کچھ نہیں ہے وہاں۔ کوئی خون نہیں ہے۔ وہ اسے سختی سے خود میں بھینچتا اسکی کمر سہلاتا بولا تھا۔

وہ خوف سے کانپتی اسمیں سمٹتی جا رہی تھی۔

حازق مسلسل اسے بہلا رہا تھا لیکن وہ نیم بے ہوشی میں جا چکی تھی۔

باہر اسکے گارڈز سب صاف کر چکے تھے۔ ایزل کو بانہوں میں اٹھائے اسنے اسکا چہرہ اچھے سے اپنے سینے میں چھپا دیا۔

اسے سختی سے خود میں بھینچے وہ اسے لیے باہر کی طرف بڑھ گیا۔

احتیاط سے اسے فرنٹ سیٹ پر بٹھاتے وہ خود ڈرائیونگ سیٹ پر آیا۔

ایزل۔ اسکے چہرے پر پانی کا چھڑکاؤ کرتے حازق نے اسے ہوش میں لانے کی کوشش کی لیکن وہ پوری طرح سے بے ہوش ہو چکی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اسکا سر سیٹ سے ٹکاتا گاڑی ہوسپٹل کے راستے پر ڈال گیا۔

زہن میں کئی سال پہلے کا وہ منظر گھوم رہا تھا جسے سوچتے اسکے ہاتھوں کی رگیں پھولتی جا رہی تھیں۔

(یہ ان دنوں کی بات تھی جب انکے سکول حادثے کے بعد حازق نے اس لڑکے کو مارا تھا۔ وہ لوگ سکول تو چینج کر چکے تھے لیکن نہیں جانتے تھے مصیبت ابھی بھی انکے پیچھے ہے۔ اس لڑکے اور اسکے

Posted On Kitab Nagri

دوستوں نے بدلہ لینے کے لیئے ایزل کو سکول سے کڈنیپ کروایا تھا۔لیکن عین ٹائم پر حازق انکے پیچھے پہنچ چکا تھا۔

اس وقت بھی اسنے ایسے ہی ایزل کو ایک جگہ چھپاتے ان لڑکوں کی اچھی خاصی دھلائی کی تھی۔مرتسم اور غازی کو وہ پہلے ہی انفارم کر چکا تھاتب تک وہ لوگ بھی پہنچ چکے تھے۔لیکن وہ لڑکے کافی ڈھیٹ ہڈی ثابت ہوئے تھے جو باز نہیں آرہے تھے ان میں سے ایک اپنی پینٹ میں چھپائے چاقو سے وہ حازق پر وار کر چکا تھا مجبور دانین کو ان پر گولی چلانی پڑی۔ان سب سے انجان کے ایزل اپنی آنکھوں سے یہ سب دیکھ رہی ہے۔

ان سب کے بعد سے وہ خون سے کافی ڈرنے لگی تھی لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اسکا ڈر زائل ہوتا گیا۔وہ ایک آرمی ڈاکٹر تھی جہاں خون بہنا ہر روز عام بات تھی اس کے لیئے۔لیکن اس دن بھی کچھ ایسا ہی منظر تھا اس لیے وہ شائید وہ اس حادثے میں ہی چلی گئ تھی)

سوچوں کے بھنور میں الجھتے اسنے ہوسپٹل کے سامنے گاڑی کو بریک لگائ۔

وہ جانتا تھا اسکی مام یہیں ہونگی۔

ایزل پر اپنا کوٹ پھیلاتے وہ اچھے سے اسکا چہرہ چھپا چکا تھا۔اسے بازوں میں اٹھاتے وہ اندر کی طرف بڑھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے ہوسپٹل میں اینٹر ہوتے ہی کافی لوگوں نے مڑ مڑ کے اسے دیکھا تھا ایک تو وہ خود ابھرتا ہوا ستارہ تھا اور دوسرا مہر اور زہرہ کی وجہ سے بھی کافی لوگ اسے جانتے تھے۔

ابھی وہ کچھ قدم ہی آگے آیا تھا کہ اسے سامنے راہداری میں ہی مہر نظر آئی۔وہ کسی دوسرے ڈاکٹر کے ساتھ کھڑی اپنے سامنے کھلی فائل کو ڈسکس کر رہی تھی۔

مام۔اسکے قریب جاتے حازق نے اسے پکارا۔

مہر نے چونک کر سر اٹھایا۔

حازق۔یا میرے خدا یا یہ کیا ہوا تمہیں۔وہ اسکے چہرے پر خراشیں دیکھتے دہل کر بولی تھی۔

حازق یہ ایزل۔کیا ہوا ہے اسے۔کہاں سے آرہے ہو تم دونوں۔وہ اسکے بانہوں میں ایزل کو دیکھتے خوفزدہ ہوئی تھی۔

مام ریلیکس اسے ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہے آپ پلیز ڈاکٹر کو بلایئے۔

وہ اس پاس کے ڈاکٹرز کو جمع ہوتے دیکھ ایزل کو مزید خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں بولا۔

مہر اسکی بات پر سر ہلاتے نرس کو کچھ کہنے لگی۔تم چلو میرے ساتھ۔نرس کو ہدایت دیتے وہ حازق کو کہتے آگے چلنے لگی۔

یہاں لٹاؤ اسے۔۔ایک روم میں انٹر ہوتے مہر نے اسے بیڈ کی طرف اشارہ کیا۔اسی وقت ایک اور ڈاکٹر بھی اندر آیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر مہر اپنے بلایا مجھے۔

حازق جو ایزل پر سے اپنا کوٹ ہٹا رہا تھا اسکے ہاتھ تھمے۔

مام کسی فی میل ڈاکٹر کو بلایئے۔وہ بنا مڑے ہی سنجیدگی سے بولا۔

مہر نے حیرت سے اسے دیکھا۔اور پھر معذرت خواہ نظروں سے اس ڈاکٹر کو۔اپ پلیز ڈاکٹر نیلم کو بھیج دیں۔معزرت خواہ انداز میں کہا تو وہ تعجب سے حازق کی پشت دیکھتے سر ہلاتے وہاں سے چلے گئے۔

اب تم مجھے بتاؤ گے کیا ہے یہ سب۔کہاں سے مار پیٹ کر کے آرہے ہو۔اور ایزل کیا ہوا ہے اسے۔

فار گوڈ سیک حازق مجھے بتاؤ مجھے پریشانی ہو رہی ہے۔وہ ایک ہی سانس میں بولی تھی۔

ریلیکس مام۔میں آپکو سب بتاتا ہوں پلیز پریشان مت ہوں سب ٹھیک ہے۔وہ اسے اپنے حصار میں لیتا نرمی سے بولا۔

اس سے پہلے کہ مہر کچھ کہتی ڈاکٹر نیلم اندر آئی تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈاکٹر نیلم پلیز اسے دیکھیں۔اسکے آتے ہی اسنے ایزل کی طرف اشارہ کیا تو وہ سر ہلاتی ایزل کو چیک کرنے لگی۔

سب ٹھیک ہے ڈاکٹر۔از شی ال رائیٹ۔حازق نے بے چینی سے پوچھا تھا۔

مہر چونکی جبکہ ڈاکٹر نیلم مسکرا دیں۔

Posted On Kitab Nagri

بیس۔سب ٹھیک ہے یہ بس کسی ڈر سے بیہوش ہو گی ہیں۔اچانک سے جیسے زہن کو کوئ جھٹکا سا لگتا ہے۔جیسے کوئ ماضی یاد آتا ہے۔اور بی پی بھی کافی لو ہے انکا۔آپ پلیز دھیان رکھیں کے آئیندہ ایسا نا ہو ورنہ انکے دماغ پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔

وہ اسے ڈرپ لگاتے سنجیدگی سے بولیں۔

یہ ڈرپ ختم ہوتے ہی آپ انہیں گھر لے جاسکتے ہیں لیکن ہوش انہیں صبح ہی آئے گا۔ای مین ابھی ہوش جاتا لیکن فلحال انکے لیے نیند ضروری ہے تو اسلیے انہیں ایک ڈوز دی ہے۔وہ اب مہر کی طرف دیکھتے بولی۔

تھینکیو نیلم۔ہم دھیان رکھیں گے۔مہر نے کہا تو وہ اسے میڈیسنز کے مطعلق ہدایت دیتی وہاں سے چلی گئ۔

مہر نے زرد پڑی ایزل کو دیکھا اور جھک کر اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

اب اسکی سنجیدہ نظریں حازق پر تھیں۔

اسے بیٹھنے کا اشارہ کرتے مہر فرسٹ ایڈ کا سامان لے ائ۔جانتی تھی اسکے علاوہ وہ کسی بھی ڈاکٹر کو خود کو ہاتھ بھی نہیں لگانے دے گا۔

وہ سنجیدگی سے اسکی بینڈیج کرنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جبکہ حازق اب مدھم لہجے میں اسے سب بتا رہا تھا۔ ایزل کے وہاں آنے کی اصل وجہ وہ گول مول کر گیا تھا۔

مام پلیز نو۔۔ اسکی بات ختم ہوتے ہی وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے رو دی تو وہ تڑپ اٹھا تھا۔

مینے تم سے پہلے ہی کہا تھا یہ فیلڈ مت چوز کرو حازق

میں بہت بہادر سہی لیکن اپنی اولاد پر ایک خراش برداشت نہیں کر سکتی خدانا خواستہ اگر آج ایزل کو کچھ ہو جاتا تو۔ وہ بھیگے لہجے میں بولی۔

مام کیسی باتیں کر رہی ہیں اپ۔ جبکہ آپ خود ایسے دور سے گزر چکی ہیں پھر بھی۔ اور آپ خود ہی تو کہتی ہیں ہم چاہے محل کی چار دیواری کی حفاظت میں کیوں نا ہو موت تو وہاں بھی جائے گی۔ پھر اب کیوں ایسے کہ رہی ہیں۔

وہ اسے خود سے لگا تا نرمی سے بول رہا تھا۔

وہ کچھ بھی کہے بغیر روتی رہی۔ حازق نے بہت مشکل سے اسے چپ کروایا تھا۔ لیکن وہ تھی کہ چپ ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ اسے آب سمجھ آیا تھا کہ کیوں ارسل کہتا تھا تمہاری ماں کو چپ کروانا صرف تمہارے باپ کا ہی کام ہے۔ اج اسے شدت سے اس بات کا احساس ہو رہا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

مرتسم نے کڑی نظروں سے اسے گھوراوہ خفت سے سر جھکاتے ادھر ادھر دیکھنے لگا۔

اسے تھوڑی دیر پہلے ہی حازق نے فون کیا تھا۔

مہر کو بمشکل اسنے چپ کروایا تھا کہ وہ مرتسم کو دیکھتے پھوٹ پھوٹ کے رو دی۔

اور ایک یہی چیز تو مرتسم شاہ سے برداشت نہیں ہوتی تھی۔مہر ماہ شاہ کی آنکھوں میں چمکتی نمی۔

ششش۔بس میری جان ایزل ٹھیک ہے نا پھر کیوں رو رو کر مجھ پہ ستم کر رہی ہیں۔وہ اسکا ماتھا چومتے نرمی سے بولا۔

مہر نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔

دیکھیں ایزل بھی اٹھنے والی ہے وہ ڈری ہوئی ہے آپ بھی روتی رہیں گی تو اسے کون سنبھالے گا۔وہ اسکی آنکھیں چومتا بولا۔

مہر حازق کی موجودگی میں سٹپٹا گئی۔

جبکہ حازق لب دباتے رخ موڑتے اپنے موبائل پہ بزی ہو گیا۔

وہ سرخ پڑتی مرتسم کو گھورتی اس سے فاصلے پر ہوئی تھی۔جو اسے واپس گھورتا اپنی طرف کھینچ گیا۔

جانم مینے آپسے کتنی بار کہا ہے جب آپ میرے پاس ہوتوں تو اس پاس سے آتی ہوا بھی آپکو چھونی نہیں چاہیئے۔لیکن آپ سو میل کی دوری بنا دیتی ہیں۔وہ مدھم لیکن سخت لہجے میں بولا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مہر ماہ شاہ کا دور جانا اسے آج بھی ناگوار گزرتا تھا۔

مہر اسکی آنکھوں ناگواری دیکھتی گھبرا کر اسکے قریب ہوئی۔

بال سفید ہو گئے ہیں آپکے لیکن رومینس آج بھی کم نہیں ہوتا۔وہ حازق کی موجودگی میں بھی اپنی کمر پر اسکا ہاتھ محسوس کرتے تھوڑا غصے سے لیکن دھیمی آواز میں بولی۔

مرتسم مسکراہٹ دباتا شرافت سے اسکی کمر سے بازو ہٹا گیا۔

جبکہ حازق جو بظاہر موبائل میں بزی تھا اپنی ماں کی ایک ہی گھوری پر باپ کو شرافت سے پیچھے ہٹتے دیکھ اسنے بامشکل اپنا قہقہ دبایا تھا۔

بابا آپ مام کو کچھ دیر باہر لے جائیں۔ایزل جب ہوش میں آئے گی تو میں آپکو انفارم کر دوں گا۔

کافی دیر تک وہ لوگ انتظار کرتے رہے لیکن جب اسے ہوش نہیں آیا تو وہ مہر کا تھکا چہرہ دیکھ سنجیدگی سے بولا۔

مہر کچھ کہتی کہ مرتسم کی آواز پر چپ ہو گئی۔

آپ تھکی ہوئی ہیں مہر بس کافی پی لیجیے پھر واپس آجایئے گا۔مرتسم کے نرمی سے کہنے پر وہ ایک نظر ایزل کو دیکھتے اسکے ساتھ باہر آگئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

اپھو۔۔ایزل کی مدھم آواز پر وہ چونکا۔

وہ ہوش میں آرہی تھی۔ہمیشہ کی طرح ڈر کے اسنے ماں نہیں اپھو پکارا تھا جیسے وہ بچپن میں اسے کہتی تھی جب اسے پھوپھو نہیں کہنا آتا تھا۔اسکے بعد سے یہ اسکی عادت بن گئ تھی۔

جب بھی اسے زرا سی بھی چوٹ لگتی تو وہ ماں کہنے کی بجائے اپھو کو یاد کرتی روتی تھی۔

اپھو۔اسکے دوبارہ پکارنے پر حازق جلدی سے اسکی طرف بڑھا۔

ایزل۔اسکے سر پہ ہاتھ رکھتے نرمی سے پکارا۔

ساتھ مرتسم کو میسج بھی کر دیا۔

بابا۔وہ بے چینی سے آنکھیں کھولنے کی کوشش کرتی پکار رہا تھی۔

ایزل آنکھیں کھولو۔حازق اسکا کپکپاتا ہاتھ سہلاتے نرمی سے بولا۔

حازق کی آواز پر اسکے پھڑپڑاتے لب ساکت ہوئے تھے۔

اسنے آہستہ سے آنکھیں کھولیں۔پلکوں پر بوجھ اس قدر تھا کہ اسے پانچ منٹ آنکھیں کھولنے میں لگے۔

حازق اس پر جھکا غور سے اسکی لرزتی پلکوں کو دیکھ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میر۔خود پر جھکے حازق کو دیکھتے اسنے نم لہجے میں پکارا۔

میر کی جان۔بے خودی میں اسکے لبوں سے پھسلا تھا۔

جسکانا اسے احساس ہوا ناہی ایزل کو۔

وہ ہیزل آنکھوں میں گہری سرخی اور نمی لیے اسکی بھوری آنکھوں میں دیکھنے لگی۔

حازق نے بے خودی میں اسکی گلابی ہوتی آنکھوں کو انگلی کے پور سے چھوا جو اسے پاگل کر رہی تھیں۔

سب ٹھیک ہے۔میں ہوں تمہارے پاس۔میرے ہوتے ہوئے کوئ بھی تم تک نہیں پہنچ سکتا۔اسکی سہمی آنکھوں کو دیکھتے وہ ہاتھ اسکے رخسار پر رکھتا جنون خیزی سے بولا تھا۔

ایزل اپنے گال پر اسکا ہاتھ تھام گئ۔اسکی پکڑ میں سختی تھی۔

انجیکشن کی وجہ سے وہ نیم غنودگی میں تھی اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ کیا کر رہی ہے۔

وہ سختی سے اسکا ہاتھ تھامتی اپنی آنکھیں موند گئ۔اسکو ہیوی ڈوز دی تھی اس لیے وہ زیادہ دیر تک آنکھیں نہیں کھول پائ۔پھر سے غنودگی میں چلی گئ۔

حازق ہنوز اس پر جھکا ہوا تھا۔اسکا ایک ہاتھ ایزل کی ہاتھ میں تھا جبکہ دوسرا بے خودی میں ایزل کے بالوں میں حرکت کر رہا تھا جس سے وہ پر سکون ہوتی چلی گئ۔

وہ بنا پلکے جھپکائے اسے دیکھتا رہا۔وہ اسے ایسے اچھی نہیں لگ رہی تھی۔

یہ ڈری سہمی تو ایزل شاہ نہیں تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

وہ تو ہر ڈر کا ڈٹ کے سامنہ کرتی تھی۔بڑی سی بڑی مشکل میں بھی کسی کے سامنے کمزور نہیں پڑتی تھی۔ سپیشلی اسکی سامنے تو بلکل نہیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ڈمپل جو اسے سخت زہر لگتا تھا۔اور وہ اسے دیکھتے جان بوجھ کر اسکی نمائش کرتی تھی۔ آج اسکے ساکت ہونٹ بھی اچھے نہیں لگے تھے۔

دروازے میں کھڑے مرتسم اور مہر مسکراتی نظروں سے اسے دیکھتے وہیں سے واپس چلے گئے۔

💞💞💞

آپ نے دیکھا ناشاہ وہ کیسے ایزل کی کیئر کر رہا تھا۔مہر کی مسکراتی آواز پر مرتسم نے اسے دیکھا۔

ہاں بلکل عقل آگئی ہے اس گدھے کو۔وہ مسکراہٹ دباتا بولا۔

مہر نے خفگی سے اسے دیکھا آپ میرے بیٹے کو گدھا کہہ رہے ہیں شاہ۔نروٹے پن سے اسے گھورا۔

اب جس کو عقل نا ہو تو وہ گدھا ہی ہوا نا۔وہ اسکے ہاتھ پر گرفت مضبوط کرتا بولا۔

جانتا تھا اب اسکا اگلا قدم کیا ہو گا۔

مہر نے اسکی بات سنتے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا لیکن مرتسم نے مضبوطی سے اسکا دوسرا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔مہر نے اسے گھورا تو اسکا قہقہ گونجا۔

وہ نفی میں سر ہلاتا سوری کر گیا۔مہر مسکراہٹ دباتے بظاہر اسے خفگی سے گھورتی آگے بڑھ گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

بڑے پاپا کیا آپ دونوں کی کوئی لڑائی ہوئی ہے۔ ایناره غازی اور زرنور کو ضرورت سے زیادہ سنجیدہ دیکھ بولی۔

غازی نے چونک کر اسے دیکھا۔ اور پھر زرنور کو وہ سنجیدہ سی اپنی پلیٹ پر جھکی ہوئی تھی۔

نہیں بیٹا ایسی تو کوئی بات نہیں۔ وہ سب کی نظریں خود پر محسوس کرتے بمشکل مسکرایا۔

ورنہ رات سے جب مہر نے اسے ایزل کے بارے میں بتایا تھا دل کو دھڑکا سا لگا ہوا تھا جانے وہ کس حال میں ہو گی۔

وہ اسی وقت اسکے پاس جانا چاہتا تھا لیکن مہر نے منع کر دیا تھا اس طرح سے زرنور بھی پریشان ہو جاتی۔ اسنے زرنور کو نہیں بتایا تھا لیکن وہ رات سے اسے کہہ رہی تھی کہ اسکا دل بہت گھبرا رہا ہے۔ جانے کیوں اسے عجیب سی فیلینگز آ رہی ہیں۔ غازی نے بمشکل اسے سمجھاتے بہلاتے سلایا تھا لیکن دونوں جانتے تھے کہ وہ ساری رات نہیں سو سکے۔

پھر زرنور ماما اتنی چپ چپ کیوں ہیں۔ آبان نے بھی اسکا خاموش ہونا محسوس کیا تھا۔

کچھ نہیں بس تھوڑی سی طعبیت ڈاؤن ہے۔ وہ سر اٹھاتے ابان کو دیکھتے مسکراتے ہوئے بولی تھی۔

طعبیت کو کیا ہوا امارات کو تو آپ بلکل ٹھیک تھیں۔ زیان اپنی چیئر سے اٹھتا اسکے قریب ایا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں ٹھیک تھی اور اب بھی ٹھیک ہوں بس ہلکا سا سر درد ہے۔ وہ اپنے ماتھے پر رکھا اسکا ہاتھ تھامتے مسکراتے ہوئے بولی۔

تمہیں ریسٹ کرنی چاہیئے گڑیا تمہاری طعبیت واقعی ٹھیک نہیں لگ رہی۔۔ ولی اسکا مرجھایا چہرہ دیکھ بولا۔

ہاں جاؤ تم ریسٹ کرو میں کمرے میں ہی تمہارا ناشتہ بجھواتی ہوں۔ آیت بھی فکر مندی اسے دیکھتے بولی۔

وہ سر ہلاتی وہاں سے اٹھ گئ۔

غازی خاموش رہا۔ وہ جانتا تھا جب تک وہ ایزل کو نہیں دیکھ لے گی ایسے ہی رہے گی۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل کو وہ تینوں رات ہی مہر کے فلیٹ لے گئے تھے۔ کیونکہ ایک تو وہ نیم غنودگی میں تھی دوسرا وہ سب کو اس وقت پریشان نہیں کرنا چاہتے تھے۔

وہ اب صبح پوری طرح سے ہوش میں آئ تھی۔ لیکن اسنے رات کے جیسے رئیکٹ نہیں کیا۔ وہ بلکل نارمل تھی کیونکہ وہ خود پہ قابو پا چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ناشتہ کرنے کے بعد وہ چاروشاہ ولا کے لیئے نکلے تھے۔

💞💞💞

گھر کے آگے گاڑی روکتے مہر اور مرتسم اتر گئے۔مہر نے ایزل کو بھی اپنے ساتھ آنے کا کہا لیکن وہ بعد میں آنے کا کہتے ٹال گئ۔

اس سے پہلے کہ وہ اترتی حازق نے گاڑی لاک کر دی۔

اسنے حیرت اور سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

طعبیت کیسی ہے تمہاری۔وہ بغور اسکا اترا ہوا چہرہ دیکھ بولا۔ صبح سے وہ مہر کے ساتھ تھی اس لیے اسے زاراسی بھی مہلت نہیں ملی اس سے بات کرنے کے لیئے۔

ایزل نے ابیر واچکاتے اسے دیکھا۔

اب تمہیں یعنی کے حازق میر کو ایزل شاہ کی فکر ہو رہی ہے۔وہ اپنے ازلی انداز میں بولی۔

اسے کل رات جب سے وہ اٹیک آیا تھا اسکے بعد سے کچھ بھی یاد نہیں تھا۔

حازق کے لبوں پر مسکراہٹ مچل گئ جسے وہ استہزائیہ مسکراہٹ میں بدل گیا۔

Posted On Kitab Nagri

فکر نہیں میں دیکھنا چاہتا تھا دماغ ٹھکانے پر آچکا ہو گا تمہارا۔اور یقیناً اب تمہاری نا بھی ہاں میں بدل چکی ہو گی۔وہ استہزائیہ انداز میں اسے دیکھتا بولا۔

کیوں کل رات ایسا بھی کیا ہو گیا جو میری ناہاں میں بدل جائے گی۔وہ اسکی مسکراہٹ پر تیکھے چتون سے بولی۔

کیا تمہیں واقعی یاد نہیں کل رات کیسے تم مجھ سے لپٹ رہی تھی۔میری سینے سے چپکتے تم الگ ہونے کو تیار نہیں تھی۔ رات بھی ہوسپٹل میں تم میری بانہوں کے حصار میں تھی۔وہ معنی خیز نظروں سے اسے دیکھتا کچھ جھوٹ کی ملاوٹ کرتا بے باکی سے بولا۔

ایزل آنکھیں پھاڑے اس بے شرم انسان کو دیکھنے لگی۔

تم جھوٹ بول رہے ہو۔اسکے لب پھڑپھڑائے۔چہرہ سرخ اناری ہوا تھا۔

حازق اسکے چہرے پر پھیلتے رنگوں کو دیکھ ایک پل کے لیئے مبہوت ہوا تھا۔

ایسا کچھ بھی نہیں ہوا تھا۔پہلی بات اگر ایسا کچھ ہوتا تو مجھے یاد ہوتا۔دوسری بات اگر مجھے کسی کے سینے سے لپٹنا بھی ہوتا تو وہ تم تو بلکل نہیں تھے۔ہاں اگر لپٹی بھی ہو نگی تو شائید ویر سمجھ کر۔

وہ اسے آگ لگانا اچھے سے جانتی تھی۔

ویر کا نام سنتے اسکے لبوں کی مسکراہٹ گم ہوئی تھی۔چہرے پر اشتعال لہرایا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

سٹیرینگ پر اسکی گرفت سخت سے سخت تر ہوئی تھی۔اسنے شعلہ اگلتی نظروں سے ایزل کو دیکھا جو اسکی پھولتی رگوں کو دیکھ ایک پل کے لیئے گھبرائی۔

حازق نے پیچھے مڑتے اسے دیکھا اگلے ہی پل گاڑی کا دروازہ کھولتے اسکا ہاتھ تھامتے اسے اپنی طرف کھینچا۔

ایزل اچانک سے جھٹکا لگنے پر سیدھا اسکی سیٹ کی بیک سے ٹکراتی لیکن حازق اسے سنبھال گیا۔

ایزل غازیان شاہ پہلی اور آخری بار سمجھا رہا ہوں اپنے دل و دماغ سے کسی بھی اور مرد کا خیال نکال دو تم پر ازل تا ابد حازق میر شاہ کا حق ہے اور رہے گا۔

تیاری کر لو خود کو ایزل حازق میر شاہ بنانے کی۔

آج شام کو پوری رسم کے ساتھ تمہیں مانگنے آئیں گے اگر تمنے انکار کیا تو میں تمہاری کھال ادھیڑ دوں گا۔وہ ایک ہاتھ سے اسکا بازو سختی سے پکڑے جبکہ دوسرا ہاتھ اسکے سر کے پیچھے رکھتا اسکی آنکھوں میں جھانکتا غرایا تھا۔

ایزل نے تھوک نگلتے اسے دیکھا۔

انکار کرنا میرا حق ہے پھوپھو بھی میری خوشی چاہتی ہیں۔میں۔۔وہ ہکلاتے ہوئے بولی تھی لیکن حازق اسکی بات بیچ میں ہی کاٹ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہارے انکار سے میری مام ہرٹ ہونگی اور بری طرح سے ہونگی۔اگر تمنے آج انکار کیا ایزل شاہ تو میں قسم کھاتا ہو تمہیں زندگی بھر مام کے آس پاس تو دور انکا چہرہ بھی نہیں دیکھنے دوں گا۔۔

وہ سرد لہجے میں بولتا اسے جھٹکے سے چھوڑ گیا۔

ایزل اوندھے منہ پچھلی سیٹ پر جا گری۔وہ پلٹ کر بے یقینی سے حازق کو دیکھنے لگی۔

حازق گاڑی انلاک کرتا باہر نکلا ایزل کی طرف جاتے اسنے اسے بازو سے پکڑتے باہر نکالا۔وہ ابھی تک حیرت و بے یقینی اور کچھ بے بسی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

حازق اسے دیکھے بغیر دیکھے گاڑی شاہ ولا کے گیٹ سے اندر لے گیا۔

وہ بے حسی و حرکت وہیں کھڑی رہی۔

حازق اسے اسکی اپھو جو کہ اسکے لیئے دوسری ماں تھی انسے دور کر دے گا۔وہ اسے انکا چہرہ بھی نہیں دیکھنے دے گا۔وہ جانتی تھی اگر اسنے ایسا کہا ہے تو وہ ایسا ہی کرے گا۔

ایزل۔۔ایزل۔اپنے نام کی پکار پر وہ ہوش میں آئی۔اسنے دھندھلائی نظروں سے سامنے دیکھا جہاں آبان پریشان سا کھڑا تھا۔

کیا ہوا یہاں کیوں کھڑی ہو ایسے۔وہ فکر مندی سے اسے دیکھ رہا تھا۔

چلو تمہاری طعبیت ٹھیک نہیں لگ رہی وہ اسے بازو سے تھامتا اندر لے گیا۔وہ تھانے جا رہا تھا جب جیپ میں بیٹھتے اسنے شاہ ولا کے سامنے کھڑی ایزل کو دیکھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

حازق جو اسے وہیں کھڑے دیکھ اسکی طرف بڑھا تھا آبان کو آتے دیکھ وہ اپنے قدم روک گیا۔

اسنے سلگھتی نظروں سے اسکے بازو پر آبان کے ہاتھ کی مضبوط گرفت دیکھی تھی۔

سرد سانس چھوڑتے وہ سر جھٹکتا واپس مڑ گیا۔

💞💞💞

ابراہیم۔اسے انوشے کو دھکا دیتے دیکھ وشہ نے اونچی آواز میں اسے پکارتیے رکھ کے اسے تھپڑ دے مارا۔

وشہ۔۔وجدان بھائی اسے سختی سے گھورتے ابراہیم کو اپنے پیچھے کر گئے۔

وش کیا کر رہی ہو۔مرتسم ابراہیم کو اپنے حصار میں لیتا وشہ کو گھورتے سختی سے بولا۔

مہر نے جلدی سے اگے بڑھتے روتی ہوئی انوشہ کو اٹھایا۔

بھائی آپکو نہیں پتہ یہ کیا کرتا پھر رہا ہے۔

آپکو پتہ ہے جس دن سے یہ واپس آیا ہے اسنے انوشہ کا جینا حرام کر دیا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اسے تنگ کرتا ہے، بات بات پر اسے جھٹکتا ہے ، اسکی بکس خراب کر دیتا ہے، سکول میں اسکے بال کھول دیتا ہے اسکا یونیفارم گندا کر دیتا ہے، اور کل رات تو اسنے اسے ڈرایا بھی۔اور آج بھی سب کے سامنے جب انو میرے پاس بیٹھ رہی تھی تو اسنے اسے دھکا دے دیا۔

کیا آپ زمل اور آبان کا وہ منظر بھول گئے ہیں جو مجھ پر بھڑک رہے ہیں۔وہ روتے ہوئے چیخی تھی۔

اسکے انکشاف سب بے یقینی سے ابراہیم کو دیکھنے لگے۔جو خود دنگ ساماں کو دیکھ رہا تھا۔

مہر بے یقینی سے اسے دیکھتے انوشے کو خود میں بھینچ گئ۔وہ تو وشہ کی اس سے اٹیچ مینٹ اور پیار کی وجہ سے کچھ دن اس سے غافل کیا ہوئ اسکی انو کے ساتھ یہ سب کیا جا رہا تھا۔

اور اسنے اسے بتایا بھی نہیں۔

آنسو زار و قطار اسکا چہرہ بھگوتے جا رہے تھے۔

آج پہلی بار میرا دل کر رہا ہے کہ میں تمہارا چہرہ تھپڑوں سے سرخ کر دوں۔

وہ ابرہیم کو دیکھتے دکھ، بے یقنی، غصے سے بولی تھی۔

مینے مان لیا کہ شاہ ولا کا ہر فرد احسان فراموش ہے۔وہ شکوہ کناہ نظروں سے سب کو دیکھتے رندھے لہجے میں بولی۔

خاموش کھڑے حازق اور میثم نے جلدی سے اگے بڑھتے مہر کو سہارا دیا۔

مرحا انوشے کو اس سے لیتی وہاں سے چلی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے ایک نظر ساکتت کھڑے مرتسم پر ڈالی۔اور تیز قدموں سے مرحا کے پیچھے ہی چلی گئ۔

حازق اور میثم اسکے ہم قدم تھے۔

مرتسم تڑپ کر رہ گیا اسکی ایک نظر سے۔کیا کچھ نہیں تھا اس ایک نظر میں۔

شکوہ،بے یقینی،ٹوٹے مان کی کرچیاں۔

پس ثابت ہوا کہ شاہ خاندان نے مہرماہ شاہ ور اس سے جڑے ہر عزیز رشتے کو صرف دکھ ہی دیئے ہیں۔

عادی بیٹے کو بے یقین نظروں سے دیکھتا گہرے دکھ سے بولا تھا۔

مہرماہ شاہ نے کبھی انسے کوئ شکوہ نہیں کیا تھا۔حالات چاہے جیسے بھی ہوں لیکن آج اسکے ایک شکوے نے سب کی زبان تالوں سے چپکا دی تھی۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل۔۔غازی اسے اندر آتے دیکھ بے چینی سے اسکی طرف بڑھا تھا۔

میرا بہادر بچہ،میری گڑیا،میری جان۔وہ اسے خود میں بھینچے اسکا ماتھا چومتے سب کو چونکنے پر مجبور کر گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیسی طبعیت ہے میری جان۔ اسکے ہاتھوں کی پشت پر لب رکھتے غازی نے فکر مندی سے اسے دیکھتے پوچھا۔

بابا میں ٹھیک ہوں۔ وہ چونک کر غازی کو دیکھتے لبوں پر تر کرتے آہستہ سے بولی۔

کیا ہوا ہے ایزل کو۔ ارسل جو آفس کے لیئے نکل رہا تھا۔ حیرانگی سے اسے دیکھتا بولا۔

غازی اپنی بے چینی پر لب بھینچ گیا۔

رات سے اسے ہلکا سا بخار تھا تو اس لیے میں پریشان تھا۔ وہ اسے اپنے حصار میں لیتا بولا۔

ارے بخار ہی تو تھا یہ تو میری شیرنی ہے بخار کو ایسے بھگا دیا ہو گا ہے نا۔ ارسل اسکے گال چھوتا بولا تو وہ مسکرا دی۔

جاؤ فریش ہو جاو۔ غازی نے اسے کہا تو وہ سر ہلاتے اوپر کی طرف بڑھ گئ۔

آپکو ایزل کچھ ڈاؤن نہیں لگی۔ آبان اسکے جانے کے بعد بولا۔

رات بھر جاگے گی تو ڈاؤن ہی ہو گی۔ آیت نے کہا تو وہ سمجھتے سر ہلا گیا۔

💞💞💞

کافی دیر بعد وہ کمرے میں آیا تو وہ ایزل زرنور کی گود میں سر رکھے لیٹی ہوئی تھی۔

زرنور اسے آتے دیکھ خفگی سے نظریں پھر گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مینے کہا تھا میرا دل گھبرا رہا ہے میری بچی ٹھیک نہیں ہے لیکن نہیں یہاں کسے پرواہ ہو۔وہ ایزل کا ماتھا چومتے نم لہجے میں بولی۔

غازی نے ماتھا سہلاتے صوفے پر بیٹھتا اسے دیکھنے لگا۔

جب کچھ دیر بعد ایزل کے ہچکولے کھاتے وجود کو دیکھتے وہ دونوں چونکے تھے۔

ایزل۔وہ تڑپ کر اسکے پاس گیا۔

میری گڑیا کیوں رو رہی ہے ایسے۔کیا ہوا۔وہ دونوں حق دق سے اسے دیکھنے لگے۔

وہ بہت کم ہی روتی تھی۔جب اسے بہت زیادہ ہرٹ ہوتا تھا بہت زیادہ گہرائی سے اسکا دل دکھے کسی اپنے سے تب۔ورنہ وہ ہر سچویشن میں خود پر قابو پا لیتی تھی۔

وہ غازی کے کندھے میں چہرہ چھپائے سسک پڑی۔

ایزل میری جان نکل رہی ہے پلیز بتاؤ ماں کو کیا ہوا ہے۔کسی نے کچھ کہا ہے۔ہو سپٹل میں کچھ ہوا ہے۔زرنور خود بھی رونے لگی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آیزو میری جان بابا پریشان ہو رہے ہیں۔بتاو کیا ہوا ہے۔میرا بہادر بچہ کیوں رو رہا ہے۔وہ اسکا چہرہ صاف کرتا تڑپ کر بولا تھا۔

بابا میں مہرا پھو کو کھونا نہیں چاہتی۔میں انہیں ایک دن بھی دیکھوں نا انسے بات نا کروں تو مجھے اچھا نہیں لگتا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ہچکیوں سے روتی بولی رہی تھی۔

شائید ہی وہ دنیا کی واحد ایسی بھتیجی ہو گی جو اپنی پھوپھو سے دور جانے کے خیال سے ہی سسک پڑی تھی۔وہ کبھی نا رونے والی تڑپ کر رو دی تھی۔

تو آپکو کون دور کر رہا ہے پھوپھو سے۔کون روک رہا ہے انسے ملنے سے۔وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتا اسے پچکارتے بولا۔

وہ خاموش ہو گئ۔

اسے اپنے ماں،باپ کے سامنے یہ نہیں کہنا چاہئیے تھا اسے احساس ہو رہا ہے۔

نہیں بابا اگر میری شادی کہیں اور ہو گئ تب میں کیسے رہوں گی تب کی بات کر رہی ہوں۔اس لیے میں میر سے ہی شادی کروں گی اب۔

وہ سنبھل کر مسکرائی تھی۔

زرنور اور غازی حیرت سے اسے دیکھنے لگے۔

سچی کہہ رہی ہوں۔مانا کہ مجھے وہ بلکل پسند نہیں لیکن اپھو تو پسند ہیں نا پھر انکے بیٹے کے ساتھ بھی گزارا ہو ہی جائے گا۔

وہ شرارتی انداز میں بولی۔

ایسی ہی تو تھی توپل میں اپنے خول میں سمٹ جاتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل پاگل ہو تم ڈرادیا۔اور کسی باتیں کر رہی ہو رشتے ایسے بنائے جاتے ہیں۔زرنور نے اسے جھڑکا۔۔

سوری ماما مزاق کر رہی تھی۔ مینے آپ دونوں کی باتوں پر غور کیا ہے اور میں دل سے راضی ہوں۔وہ غازی کو دیکھتے بولی۔

لیکن بیٹا ایسے اچانک سے کیسے آپکی ناہاں میں بدل گئ۔غازی اسکا چہرہ پڑھنے کی کوشش کرتا بولا۔

ایزل اسے دیکھتے مسکرائی۔

بتایا تو ہے بابا۔سچ کہہ رہی ہوں میں مہرابھو سے دور نہیں جا سکتی اور میر میں بھی ایسی کوئ برائ نہیں بس تھوڑا کڑوا ہے باقی سب تو ٹھیک ہے نا۔وہ نارمل لہجے میں بولی۔

زرنور اور غازی مسکرادیئے۔

میری گڑیا راضی ہے تو پھر بھلا ہمیں کیا پرابلم۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔

اچھا اب میں چلتی ہوں آپ زرا اپنی زرجان کو منالیں۔وہ غازی کی طرف جھکتے سرگوشی میں بولی تو اسکا قہقہ گونجا تھا۔

وہ اسکے سر پہ چپت لگا گیا۔

ایزل زرنور کو آنکھ مارتی خود کمرے سے نکل گئ۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

وہ کمرے میں آیا تو انوشہ اسکے گود میں سو رہی تھی جبکہ اسکے ایک طرف حازق بیٹھا تھا اور دوسرے طرف میثم۔حازق کے حصار میں مرحا بیٹھی تھی۔

مرحا مرتسم کو آتے دیکھ بیڈ سے اترتے جلدی سے اسکی طرف بڑھی تھی۔

بابا سب ماما کو کیوں ہرٹ کرتے ہیں۔وہ اسکے سینے سے لگتے پھوٹ پھوٹ کر رہ دی۔

دونوں بھائیوں نے پہلے ماں کے رونے اور اب لاڈلی بہن کے رونے پر مرتسم کو شکوہ کناہ نظروں سے دیکھا تھا۔

بابا کی جان سب سے زیادہ تو بابا ہی کرتے ہیں۔وہ کرب سے آنکھیں مینچتے دھیمے لہجے میں بولا۔

مرحا نے تڑپ کر اسے دیکھا۔نہیں بابا آپ نہیں کرتے لیکن باقی سب کرتے ہیں۔

وہ بچوں کی طرح ناک سکوڑتے بولی۔

آپکو بابا سے کوئ شکوہ نہیں۔وہ اسکا ماتھا چومتے بولا تو وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

میرے بابا دنیا کے بیسٹ بابا ہیں لیکن آپ پلیز ماما کو رونے مت دیا کریں نا۔پھر مجھے بھی ہرٹ ہوتا ہے۔وہ مہر کی جھکی ہوئ پلکوں سے آنسوں ٹوٹ کر گرتے دیکھ شبنمی لہجے میں بولی۔

مرتسم کا دل کٹ گیا۔

ایم سوری میری جان۔۔وہ اسے خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ سوری مت کریں بابا مجھے اچھا نہیں لگتا۔وہ اس سے الگ ہوتے بولی تو مرتسم ہلکا سا مسکرا دیا۔

حازق اور میثم خاموشی سے اٹھتے مرحا کو اشارہ کرتے کمرے سے نکل گئے۔

پیچھے وہ دونوں رہ گئے اور خاموشی۔

میں کل ہی انوشے کو واپس فلیٹ لے جاؤں گی۔میں سمجھ گئ ہوں کہ یہاں اسکا کوئ خونی رشتہ نہیں ۔یہاں تو بس اسکے باپ کے۔۔وہ کہتے لب بھینچ گئ۔

مرتسم نے کرب سے آنکھیں مینچیں تھی۔ابراہیم نے اسے واقعی میں بہت تکلیف دی تھی۔

سارا قصور میرا ہے مجھے ہی اس سے لاپرواہی نہیں برتنی چاہیے تھی انفیکٹ اسے یہاں لانا ہی نہیں چاہئیے تھا۔وہ چہرہ صاف کرتی بات بدل گئ۔

مرتسم آہستہ سے چلتا اسکے قریب آیا۔وہ بیڈ کے قریب گھٹنوں کے بل اسکے قریب بیٹھا۔

مہر خاموشی سے اسے دیکھتی رہی۔ایم سوری اسکا ہاتھ تھامتے اپنے ماتھے سے لگاتے وہ نم لہجے میں بولا۔

مہر نے ازیت سے اسے دیکھا تھا۔

آپ ایسے کہہ کے میری تکلیف اور بڑھا رہے ہیں۔ایسے تو کوئ شکوہ نہیں کیا مینے۔وہ دوسرا ہاتھ اسکے بالوں میں چلاتے خفگی سے بولی۔

لیکن مجھ سے بنتا تو ہے۔وہ سر اٹھائے اسے دیکھتا تھکے سے انداز میں بولا۔

مہر نفی میں سر ہلا گئ۔

Posted On Kitab Nagri

آپ تو ہر قدم پر میرے ہم قدم رہے ہیں آپسے کیسا شکوہ۔اپ تو میری روح کے ساتھی ہیں۔ہماری تکلیف سانجھی ہے ناشاہ۔وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے بولی تو وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتا اسکی گود میں چہرہ چھپایا گیا۔

دونوں کے لیئے ساحر کا غم آج بھی تازہ تھا۔

💞💞💞

کل ہانم اور عاشر کا نکاح تھا اس لیے ناچاہتے چاہتے ہوئے بھی گھر کا ماحول بدل گیا۔

مہر نے سب کو انوشے کے واپس جانے کا فیصلہ سناتے بات ختم کر دی تھی لیکن ان دونوں میں سے کسی نے بھی ابراہیم کو ایک بار دیکھا تک نہیں۔

وشہ اور عادی نے اسے معافی مانگی لیکن اسنے انہیں الٹا جھڑک دیا وہ دونوں مرتسم کے لیئے آج بھی بچے تھے وہ دونوں سے الٹا ناراض ہوا تھا۔

وہ دونوں آج بھی بڑا دل کرتے مسکراتے گھر کا ماحول نارمل کر گئے تھے۔

اور پھر حازق اور ایزل کے پرپوزل نے گھر کا ماحول خوشگوار کر دیا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

وہ صبح ہی صبح یونی جا چکی تھی۔ لیکن دل میں آبان کا ڈر بڑھتا ہی جا رہا تھا۔

زہرہ نے جب دوپہر میں اس سے پوچھا تو وہ بھاری ہوتے دل سے جیسے آپ لوگوں کی مرضی کہتے سر جھکا گئ تھی جبکہ آبان کے لیئے نفرت مزید بڑھی تھی۔

شام تک حازق کے کہے مطابق شاہ ولا کے تمام افراد وہاں موجود تھے۔

ایزل اور حازق کے رشتے پر سب کی حیرانگی بجا تھی لیکن جب وہ دونوں راضی تھے تو بھلا انہیں کیا اعراض تھا۔

زمل کی ہاں پر ابان اور زمل کے رشتے نے خوشیوں کو دوبالا کر ڈالا تھا۔

اور آہان شاہ کی طرف سے نور کے لیئے بھی ہاں ہو چکی تھی۔

دانین لوگ بھی آج یہیں آئے ہوئے تھے۔

کل ہانم اور عاشر کے نکاح کے ساتھ ساتھ حازق، آبان اور براق کا نکاح بھی طے پایا تھا۔

لیکن صرف نکاح انکی رخصتی کے ابھی دور دور تک کوئ امکان نہیں تھے۔

یہ نکاح بھی ان تینوں لڑکوں کی ضد پر ساتھ کیا جا رہا تھا۔

اب ایک ساتھ اتنے نکاح تھے تو تیاری بھی بہت زیادہ تھی

اس لیے سب میں کام بانٹے جا چکے تھے اب بچوں سے لے کر بڑے تک مصروف تھے۔

Posted On Kitab Nagri

انکی تیاری سے لگ رہا تھا کہ یقیناً یہ نکاح کا فنکشن کافی زور و شور سے ہونے والا ہے۔

💞💞💞

صبح ہی صبح ہر طرف افراتفری مچی ہوئی تھی وہ لوگ رات نا ہونے کے برابر ہی سوئے تھے۔کام بہت زیادہ تھا اچانک اتنے سارے نکاح اکھٹے تھے تو کسی کو آرام کرنے کا زارا بھی موقع نہیں ملا۔اور سب سے بڑی بات دلہنوں کے ڈریس تھے جو ارجنٹ بیس پر منگوائے گئے تھے۔

باقی سب کے تو اچکے تھے لیکن مرحا کا ڈریس رہتا تھا۔اسے مشکل سے ہی کوئی چیز پسند آتی تھی۔مہر ہی اسکے لیئے شاپنگ کرتی تھی اب بھی مہر بدر اور اسکا ڈریس لینے جا رہی تھی۔بدر کو اپنی شوپنگ کرنی تھی۔اور مہر اسے اکیلی نہیں بھیج سکتی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی اگر اکیلی گئی تو دو تین گھنٹے تو وہاں لگا کر ہی آئے گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور وہی ہو رہا تھا جو مہر نے کہا تھا وہ مہنگے سے مہنگا خوبصورت سے خوبصورت ڈریس ریجیکٹ کرتی جا رہی تھی۔جبکہ شوپنگ سے چڑنے والا بدر اطمنان سے انکے ساتھ چلتا جا رہا تھا۔

ماما میرے فرینڈز آنے والے ہیں مینے بتایا تھا نا آپکو بہارے اور ساحل وہ دونوں کل ہی پاک واپس آئے ہیں مینے انہیں نکاح پر بھی انوائیٹ کیا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ایک شوپ کے سامنے رکتے مہر سے بولی۔

مہر نے چونک کر اسے دیکھا۔

چلو آج مل ہی لیں گے تمہاری بہارے اور ساحل سمندر سے بھی جنکی تم اتنی تعریفیں کرتی ہو۔مہر شرارت سے بولی تو مرحا ہس دی۔

ساحل سے اسکی فرینڈ شپ کالج میں ہوئ تھی۔اسکے پیرینٹس پیرس رہتے تھے لیکن اسے پاک پسند تھا اس لیے کچھ سال پہلے ہی وہ پاکستان واپس آ گیا تھا۔

کالج کے بعد پھر یونی بھی دونوں کی ساتھ ہی تھی۔اس طرح سے دونوں کی فرینڈ شپ اور بھی گہری ہو گئ۔

یونی کے بعد وہ کچھ ماہ کے لیئے پیرس واپس چلا گیا۔پھر جب واپس آیا تو اسکی بہن بھی اسکے ساتھ تھی جسکی مرحا سے بہت اچھی دوستی ہو گئ تھی۔وہ ساحل سے چھوٹی تھی اور کافی شرارتی بھی تھی۔اکیلی بہن ہونے کی وجہ سے اسکی مرحا سے بہت اچھی بن گئ تھی۔

صرف مرحا سے ہی نہیں ایزل سے بھی۔

وہ کافی بار دونوں سے مل چکی تھی۔افٹر ال وہ مرحا کی بیسٹی تھی اور ایسا کیسے ہو سکتا تھا کہ وہ ساحل اور بہارے سے نا ملے۔

ان دونوں کو باقی فیملی بس نام سے ہی غائبانہ جانتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ ہی دیر میں وہ دونوں اگئے۔

ساحل۔۔وہ دور سے کسی کو دیکھتے ہاتھ ہلاتے خوشی سے چیخی تھی۔

بدر اسکے چہرے پر آتی چمک اور اسکے منہ سے مرادنہ نام سنتے چونک گیا۔لیکن اسنے پیچھے مڑ کر دیکھنے کی زحمت نہیں کی۔

اسلام وعلیکم!!اپنے پشت سے آتی بھاری مردانہ آواز پر بدر چونک کر مڑا تھا۔

جبکہ مہر کو کسی کی کال آگئ تو سائیڈ پر ہو کر بات کر رہی تھی۔

بدر کے بلکل روبرو اسی کے قد کاٹھ کا ایک لڑکا کھڑا تھا۔

اسکے تیکھے نقوش اور سرخ و سفید رنگت سے وہ ایک منٹ میں جان چکا تھا کہ اسکے سامنے ایک خان کھڑا ہے۔

اتناویٹ کون کرواتا ہے۔مرحا کی خفگی بھری آواز پر بدر نے چہرہ موڑتے اسے دیکھا۔

وہ کسی لڑکی سے گلے مل رہی تھی۔

میری نہیں لالا کی غلطی تھی انہیں کی تیاری نہیں ختم نہیں ہو رہی تھی۔

جھوٹ بول رہی ہے یہ چھٹانکی اسی کی لپسٹک سیٹ نہیں ہو رہی تھی۔ساحل اسکے سر پر چپت لگاتا بولا

۔

اللہ اللہ بس کرو تم دونوں مجھے تو کہیں سے بھی خان نہیں لگتے ہو۔مرحا نے دونوں کو جھڑکا۔

Posted On Kitab Nagri

دیدہ یہ نیلی آنکھوں والا کون ہے۔ بہارے کی نظر بدر پر پڑی تو اسنے مرحا کے کان میں سرگوشی کی۔

اسکی آواز بدر کے کانوں میں بھی پڑی تھی۔اسنے چونک کر سامنے کھڑی لڑکی کو دیکھا۔

وہ مرحا سے چھوٹی لگ رہی تھی۔

ساحل نے بھی مرحا کے ساتھ کھڑے مرد کو دیکھا۔

دونوں نے سر تا پاوں ایک دوسرے کو گھورا تھا۔

ساحل کی سیاہ آنکھوں میں سوال تھا۔

جبکہ بدر کی نیلی آنکھوں میں اسے دیکھتے ناپسندیدگی کے تاثرات تھے۔

یہ میرے کزن ہیں۔بدر عالم۔میرے ماموں کے بیٹے کچھ ماہ پہلے ہی یہ بھی پاک آئے ہیں۔

اور بدر یہ میرے کالج فرینڈ ساحل خان۔اور یہ میری چھوٹی سی گڑیا بہارے خان۔

مرحا نے دونوں کو انٹرڈیوس کروایا۔

ہیلو۔ ساحل نے سنجیدگی سے ہاتھ آگے بڑھا تو بدر نے بھی سنجیدگی سے تھام لیا۔ وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے جب مرحا کی نظر ساحل کے ساتھ ساکت کھڑی لیڈی پر پڑی۔

اپ۔اسنے سوالیہ نظروں سے ساحل کو دیکھا۔

سرپرائز دیدہ۔ دیکھیں ہم ماما کو بھی ساتھ لائیں ہیں اس بار۔ بہارے اسکے تاثرات دیکھتے چہک کر بولی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کو مینے پہلے بھی کہیں دیکھا ہے۔مرحا الجھے تاثرات سے بولی۔

جبکہ وہ عورت ٹرانس کی سی کیفیت میں آگے بڑھی۔

مہر۔اسنے ہاتھ اٹھاتے مرحا کے چہرے کو چھوا۔

مہر نہیں مرحا۔مہر تو میری ماما ہیں۔وہ اپنے چہرے پر رکھا اسکا ہاتھ تھامتے مسکراتے ہوئے بولی۔

اکثر لوگ مجھے ماما سمجھ لیتے ہیں کیونکہ میں انکے جیسی دکھتی ہوں نا۔وہ ہس کے بولی۔

وہ عورت چونک کر اسے دیکھنے لگی۔تبھی مہر کال سے فری ہوتی انکے پاس ائی۔

ماما دیکھیں میرے فرینڈز آگئے۔فائنلی آج آپ انسے مل ہی لیں۔

مرحا ایکسائیٹڈ سی مہر کا ہاتھ پکڑتے اسے ساحل کے سامنے لاتے بولی۔

مہر نے ابھی تک ساحل کی ماں کو نہیں دیکھا تھا۔

اسلام وعلیکم آنٹی!!ساحل کہتے اسکے سامنے ہلکا سا جھکا۔

وعلیکم اسلام!!مہر اسکا چہرہ دیکھ چونکی تھی۔اسے اسمیں کسی کی جھلک دکھائی دی۔

مہر۔۔اپنے نام کی سرگوشی پر وہ چونکی۔

اسنے چونک کر ساحل کے پیچھے دیکھا۔

زینی۔اسکے لبوں سے بے ساختہ پھسلا تھا۔

جبکہ وہ سب منہ کھولے ان دونوں کو دیکھنے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

زینی تم یہاں۔مہر جلدی سے آگے بڑھتے اسکے گلے لگی۔

لانگ ٹائم۔۔زینی بھی اسے گلے لگاتے نم آنکھوں سے بولی۔

کتنی ہی دیر وہ دونوں ایک دوسرے کو گلے لگائے کھڑی رہی۔

سب ٹھیک ہو جانے کے بعد دونوں نے کافی اچھا ٹائم سپینڈ کیا تھا۔

مجھے تو لگا تھا کہ شائید تم پیرس جا کر ہمیں بھول گئ اور اب کبھی واپس نہیں آؤ گی۔مہر اس سے الگ ہوتے آنکھیں صاف کرتے بولی۔

اپنوں کو بھولنا اتنا آسان تھوڑی ہوتا ہے۔زینی ہس کے بولی۔

مطلب یہ زینی پھوپھو ہیں۔زین چاچو کی بہن۔مرحا کی آواز پر وہ دونوں چونکی۔

ہاں۔مہر اسکے صدمے والے تاثرات دیکھتے ہسی تھی۔

تبھی مجھے یہ دیکھی دیکھی لگ رہی تھیں۔

آپکو پتہ ہے زین چاچو آپکا کتنا زکر کرتے ہیں لیکن آپکی پکس کبھی نہیں دکھائی کہتے تھے جب آئے گی پہلے بار تبھی دیکھنا۔لیکن پھر بھی مینے چوری چوری آپکی پکس دیکھی تھیں۔

وہ ایکسائیٹڈ انداز میں زینی کے ہاتھ تھامتی بولی۔

بلکل تمہاری کاپی ہے۔زینی مرحا کی گال پہ ہاتھ رکھتے نم آنکھوں سے مسکرائی تھی۔

ہمم۔مہر سر ہلا گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مطلب دیدہ ہماری کزن بھی ہیں۔ بہارے کی چیخ نما آواز نکلی تھی۔

جبکہ ساحل اور بدر بھی معاملہ سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے۔

ہاں۔زینی نے کہا۔

کتنی غلط بات ہے ہمارے اتنے کزنز ہیں اور ہمیں معلوم ہی نہیں۔

ماما آپکو پتہ ہے نادیدہ کے کتنے زیادہ کزنز ہیں وہ کتنا انجوائے کرتے ہیں اور زین ماموں کے بھی تو بچے ہیں اگر لالا مجھے نالاتے تو کبھی پتہ ہی نہیں چلتا۔وہ خفگی سے زینی کو دیکھتے بولی۔

مہر مسکراتے اس چلبلی سی لڑکی کو دیکھنے لگی۔

شارٹ پٹھانی فراک ٹراوزر میں ملبوس وہ بمشکل سولہ، سترہ سال کی لگ رہی تھی۔

سرخ وسفید پٹھانی نقوش اور سیاہ آنکھوں پر چشمہ یقیناً وہ خوبصورتی کا شہکار تھی۔

اسنے بہارے سے نظریں ہٹاتے ساحل کو دیکھا جو زینی سے کچھ کہہ رہا تھا۔

اسکے نقوش بھی بلکل پٹھانوں جیسے تھے کچھ کچھ جھلک زینی کی آرہی تھی۔

سرخ وسفید رنگت پر سیاہ آنکھیں اور کچھ سنجیدہ سا چہرہ وہ کافی پرکشش سا تھا۔

مہر سوچتے مسکرادی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

(مرتسم اور مہر کی شادی کے دو سال بعد زینی کی شادی ہوئی تھی زین کے فرینڈ سے وہ پٹھان تھا لیکن اسے زینی پسند تھی اس لیے اسنے اپنے ماں باپ کو بھیجتے زینی کا رشتہ مانگ لیا۔زینی نے بھی آگے بڑھنے کا فیصلہ کرتے زین کی ہاں میں ہاں ملادی۔

دانیال خان اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھا وہ شروع سے ہی پیرس میں رہا تھا اسکا سارا بزنس پیرس میں تھا اس لیے وہ شادی کے بعد اپنے ماں باپ اور زینی کے ساتھ پیرس شفٹ ہو گیا۔

Posted On Kitab Nagri

پہلے پہل تو اسکے ماں باپ خانوں کے باہر شادی کرنے پر راضی نہیں تھے لیکن پھر اپنے بیٹے کی پسند پر راضی ہو گئے۔

زینی شادی کے بعد دو تین بار ہی شاہ ولا آئی تھی۔ قاسم شاہ کی ڈیتھ کے بعد وہ اپنے بابا کی ڈیتھ پر آئی تھی لیکن بچے ہونے کے بعد وہ کبھی پاکستان نہیں آئی اسکا بہت کم کسی سے رابطہ ہوتا تھا وجہ دانیال خان کا آرمی میں ہونا تھا۔ دشمنوں کی وجہ سے انہیں بہت محتاط رہنا پڑتا تھا اس لیے اسکا زین بھی رابطہ نا ہونے کے برابر تھا لیکن دانیال کا زین سے ہر طرح سے رابطہ تھا)

یہ نورین آپی کا بیٹا ہے۔زینی بدر کی نیلی آنکھیں دیکھتے بولی۔

آپکو کیسے پتہ چلا۔ مرحا نے آنکھیں پھیلاتے پوچھا۔

اسکی نیلی آنکھوں سے اور چہرے سے۔ بلکل اپنی ماں پر جو گیا ہے۔وہ مسکراتے بولی۔

بدر بھی مسکرا دیا۔

اسنے بھی مسکرا کر ان سب کو ویلکم کہا تھا۔

زین بھائی نے بتایا مجھے سب کے نکاح کا تو مجھ سے رہا نہیں گیا اور مجھے اسکی دیدہ اور اسکی مرحو سے بھی ملنے کا کافی شوق تھا جسکا ذکر ان دونوں کی زبان سے ختم ہی نہیں ہوتا تھا اس لیے سوچا سرپرائز دے دوں۔زینی مرحا کو محبت سے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

بہت اچھا کیا۔یقیناً یہ سرپرائیز سب کے لیئے بہت اچھا ہو گا۔مہر نے کہا تو وہ سر ہلا گئ۔

جبکہ بدر کو جانے کیوں اسکا ساحل کی مرحو کہنا ناگوار گزرا تھا لیکن وہ لب بھینچ گیا۔

چلیں پھر ہم لوگ بہت ایکسائیٹڈ ہیں۔بہارے کی پرجوش آواز پر مہر ہس دی۔

تمہاری دیدہ کی شاپنگ تو کر لیں۔مہر نے کہا تو مرحا مسکرا دی۔

ماما شاپنگ نہیں کرنی نا مینے سب کے ڈریسسز منگوائے ہیں سوات سے یہ تو بس آپکو باہر لانے کا بہانا تھا۔مرحا اسکے گلے میں بازو ڈالتے بولی تو مہر نے اسے گھورا۔

تمہیں پتہ ہے ناگھر میں کتنے نکاح ہیں اور تمہیں شرارت کی پڑی ہے۔مہر مصنوعی خفگی سے بولی تو مرحا لب دبا گئ۔

تو پھر چلیں سب کو شوک دینے۔ساحل کی شرارتی آواز پر وہ سب ہستے باہر کی طرف بڑھے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

سب لوگ لان میں بیٹھے چائے پی رہے تھے شائید کچھ دیر کے لیئے ریسٹ کر رہے تھے جب ایک ساتھ تین گاڑیوں کو رکتے دیکھ چونکے۔

مہر،مرحا اور بدر کے بعد زینی کو اترتے دیکھ سب شاکڈ ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

زینی۔زین نے بے یقینی سے اسے دیکھا وہ تیزی سے اسکی طرف بڑھا تھا۔

میری گڑیا۔اسے خود میں بھینچے اسکے آنکھیں نم ہوئ تھیں۔

بھائ۔زین سے لپٹتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

میری جان کتنا انتظار کروایا ہے بھائ کو۔وہ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتا بولا۔وہ رو بھی رہا تھا ہس بھی رہا تھا۔

پیچھے ہٹو مجھے بھی تو ملنے دو آخر کو میری اکلوتی نند ہے۔دانین دونوں کو امیوشنلی ہوتے دیکھ زین کو پیچھے کرتے مصنوعی رعب سے بولی۔

زینی ہس پڑی۔

آپ آج بھی نہیں بدلی نا۔وہ نفی میں سر ہلاتے دانین سے ملنے لگی۔

ایک ایک کرتے سب سے ملتے اسکے چہرے پر چلتی خوشی دیدنی تھی۔

اپنے کیا ہوتے ہیں یہ اسے سب سے بچھڑنے کے بعد معلوم ہوا تھا۔ترس ہی تو گئ تھی تو سب رشتوں کے لیئے۔باپ کی موت کے بعد وہ کبھی یہاں نہیں آئ تھی۔

کیسی ہو۔مرتسم نے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے مسکراتے پوچھا۔

اب بوڑھی ہو گئ ہوں۔وہ شرارت سے بولی تو سب ہس دیئے۔

حتیٰ کہ اسکے سراپے میں فرق نہیں آیا تھا۔اسنے اپنے آپکو ویسے ہی فٹ رکھا ہوا تھا۔بس تھوڑا سا چہرہ بھر گیا تھا اور سنجیدگی آگئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

لالا یہاں ہماری کوئی قدر ہی نہیں ہے۔بابا کو فون کریں ہمیں ابھی واپس جانا ہے۔

بہارے کب سے خود کا اگنور ہونا برداشت کر رہی تھی۔لیکن اب تو حد ہی ہو گئی تھی۔

اس لیے اونچی آواز میں کہتے وہ ساحل کے سینے سے لگتے منصوری رونے لگی۔

ارے ارے ایسے کیسے کوئی قدر نہیں ہے تمہاری دیدہ ہے نا۔مرحا جلدی سے اسے بانہوں میں لیتے بولی۔

ایک آپ ہی تو ہیں۔ماما بھی ہمیں یہاں آکر بھول گئیں۔وہ چشمہ سیٹ کرتے خفگی سے بولی۔

سب نے دلچسپی سے اس پٹھانی گڑیا کو دیکھا تھا۔

ماشاءاللہ یہ تو بہت پیاری سی گڑیا ہے۔مرتسم اسکے قریب آتا اسکا ماتھا چومتے بولا۔

آپ مرتسم انکل ہیں نا۔دیدہ کے بابا۔وہ چمکتی آنکھوں سے بولی۔

مرتسم مسکراتے سر ہلا گیا۔

واؤ آپ تو آج بھی کتنے فٹ ہیں۔وہ اشتیاق سے اسے دیکھتے بولی۔

چلو آؤ میں تم دونوں کو سب سے انٹرڈیوس کرواتی ہوں۔مرحا اسے اور ساحل کو لیے ینگ جینریشن کی طرف بڑھی۔

بہارے کو اپنے سب کزنز کافی پسند آئے تھے۔

سپیشلی حازق میر جسے دیکھتے ہی وہ اسے اپنا کرش بنا گئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ساحل ہلکی مسکراہٹ سے اب سے ملتا رہا۔وہ کافی سنجیدہ سی نیچر کا تھا۔

لیکن پہلے بار سب سے یوں سنجیدہ ہو کر ملنا اسے روڈ ہونا لگا۔اور پھر سب مرحا سے بھی ریلیٹڈ تھے تو وہ دل سے خوش تھا۔

دوسرا اسے حازق سے مل کے کافی اچھا لگا تھا۔وہ اس سے بڑا تھا۔بڑی تو مرحا بھی تھی لیکن حازق اور بدر اسے اپنی نیچر کے ہی لگے تھے۔

چلو بہت ہو گیا ملنا ملانا اب جا کے ریڈی ہو جاؤ۔بابا نے کہا تو سب ہی وقت دیکھتے ریڈی ہونے بھاگے تھے۔

مرحا نے سب لڑکیوں کے لیئے پٹھانی ڈریسز منگوائے تھے یہ انکا تھیم تھا سب کو بہت پسند آئے تھے۔

اسنے تو مہر لوگوں کے بھی منگوائے تھے لیکن ان لوگوں نے منع کر دیا۔

مغرب کے بعد نکاح تھا جسکی تیاری شاہ ولا کے بڑے سے لان میں کی گئی تھی۔وہیں سب کا نکاح ہونا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی عصر کی اذان ہو رہی تھی۔نماز کے بعد سب ہی اپنی اپنی تیاریوں میں گم ہو گئے۔۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ماشاءاللہ۔۔حازق اور میثم اسے دیکھتے بے ساختہ بولے تھے

مرحا جھنپ گئ۔

کیسی لگ رہی ہوں۔وہ اپنی پٹھانی فراق میں اسکے سامنے گھومتی اشتیاق سے بولی۔

وہ اس وقت گھٹنوں سے تھوڑا نیچے تک اتی لائیٹ پنک پٹھانی فراق پہنے ہوئے تھے جس پر مختلف گوٹو سے مختلف طرزِ عمل کا کام ہوا تھا۔ناتو بہت زیادہ ہیوی تھا نا سمپل نکاح کے لحاظ سے بلکل پرفیکٹ تھی۔

جبکہ اسکے ساتھ لائیٹ سی ہی جیلوری تھی جو اسنے ابھی پہنی نہیں تھی۔

اپسر الگ رہی ہو۔کسی اور ہی دنیا کی حور۔

دونوں کے ایک ساتھ کہنے پر وہ خوشی سے کھکھلائ۔

اپنے بھائیوں سے اپنی تعریف اسے خوش کر گئ تھی۔

اسکے بھائ ہمیشہ کھلے دل سے اسکی تعریف کرتے تھے۔

میری شہزادی توسب کو پیچھے چھوڑ دے گی۔حازق اسکا ماتھا چومتے محبت سے بولا۔

اکثر لڑکیاں باپ کی لاڈلی ہوتی ہیں اور بیٹے ماں کے جبکہ وہ باپ بھائیوں کے ساتھ ماں کی بھی لاڈلی تھی یہاں تک کہ چھوٹے بھائ سے لاڈ اٹھوانا بھی اپنا فرض سمجھتی تھی۔

اور نہیں تو کیا کسی کی نظر نا لگے میری پرنسز کو۔حازق کے بعد میثم اسکا ماتھا چومتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا چلیں اب جلدی سے میری ہیلپ کریں مجھے پارلر جانے کا ٹائم نہیں ملا۔ وہ ڈریسینگ کے سامنے بیٹھتے بولی۔

ہمیشہ ایسے ہی کرتی تھی۔ عین وقت پر اسکے بھائی ہی اسکی مدد کیا کرتے تھے۔ ابھی بھی وہ ڈریس چینج کرتے اپنا ہالف میکاپ کر آئی تھی۔ لیکن جیلوری اور بال بنانے میں بھائیوں کی ہیلپ کی ضرورت تھی۔ مہر اسکی کافی ہیلپ کرتی تھی لیکن آج وہ کافی بزی تھی۔

حازق اور میثم نے ایک دوسرے کو دیکھا اور کندھے اچکاتے اسکے پاس ہی کھڑے ہو گئے۔

حازق تم میرے بال کرل کر دو اور میثم تم میرے نیل پینٹ لگاو۔ وہ تحکم سے بولتے اپنے میکاپ کو کمپلیٹ کرنے لگی۔ وہ دونوں سر کو خم دیتے "جی شہزادی" کہتے اسے کھکھلانے پر مجبور کر گئے۔

اسکے کہے مطابق حازق نے اسکے بالوں میں لوز کرلز ڈال دیئے جو کہ اسے مرحانے ہی سکھائے تھے جبکہ میثم نے نفاست سے اسکے پاؤں پر نیل پینٹ لگائی جب تک اسنے اپنا میکاپ کمپلیٹ کر لیا۔

اب یہ سیٹ کرو۔ وہ اسے چھوٹا سا پٹھانی طرز کا ماتھا ٹیکا دیتے بولی۔

حازق نے بے چاری نظروں سے اسے دیکھا۔

یہ اسکے سوراخ میں پن ڈالتے اسے بالوں میں لگانا ہے۔ اپنی چوڑیاں پہنتے اسے بتایا۔

دو تین بار کوشش کرنے کے بعد وہ دونوں اسے سیٹ کرنے میں کامیاب ہوئے۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھ لو تم دونوں کی بیویاں کتنی خوش رہیں گی صرف میری وجہ سے۔ آخر کو مینے تم دونوں کو اتنی ٹریننگ دی ہے اب انکی اتنی ہیلپ کروگے تو وہ تو خوش رہیں گی نا۔

وہ لپسٹک کو آخری ٹچ دیتے مسکراتے ہوئے بولی۔

سپیشلی ایزل اسے تو تیار ہونے کے لیئے دو تین گھنٹے لگتے ہیں۔حازق تم تو اسے دس منٹ میں ریڈی کر دو گی۔وہ شرارت سے حازق کو دیکھتے بولی۔

ہاں بلکل کیوں نہیں بھائ جس طرح سے ایزل آپی سے شادی کے لیئے بابا کی منتیں کر رہے تھے یہ تو انکے پیر دھو دھو کے پیئں گے۔ میثم نے کہا تو وہ ان دونوں کا قہقہ گونجا۔

حازق نے مسکراہٹ دباتے دونوں کو گھورا۔

کمپلیٹ۔اپنی تیاری پر آخری نگاہ ڈالتے کہا۔

اسنے کانوں میں چھوٹے چھوٹے سے جھمکے ڈالے تھے۔بال دونوں اطراف سے نکالتے نیچے لوز کرلز ڈالتے مانگ میں چھوٹا سا ٹیکا سیٹ کیا ہوا تھا۔جسکے نیچے لٹکتے چھوٹے چھوٹے سے موتی اسکے ماتھے پر اٹکلیاں کر رہے تھے۔ناک میں مہر کی طرح ہیرے کی چھوٹی سی نتھلی چمک رہی تھی۔

ہاتھوں میں گول ٹکی والی مہندی اور بھر بھر کے کانچ کی چوڑیاں ڈالی ہوئ تھیں۔

بلکل شہزادی لگ رہی ہیں۔وہ دونوں اسے دیکھتے ایک ساتھ بولے۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے والٹ سے پانچ پانچ ہزار کے کافی سارے نوٹ نکالتے ان دونوں کے سر پر سے وارے تھے۔اسکے لیئے اسکی بہن تو شہزادی تھی ہی بھائی بھی شہزادہ تھا۔

جبکہ دروازے میں کھڑے مرتسم اور مہر مبہوت سے اس منظر کو دیکھ رہے تھے۔

کتنی غلط بات ہے مرحو نکاح تمہارے بھائی کا ہے اور تم اسی سے کام کروا رہی ہو۔

مہر مسکراتے ہوئے بولتے اندر آتی بولی۔

ہاں تو اکلوتی بہن ہوں میں انکی اتنا تو بنتا ہے۔وہ اترا کر بولی۔

بلکل۔حازق نے اسکا سر چومتے ہاں میں ہاں ملائی۔

میرے تینوں بچے نظر لگ جانے کی حد تک پیارے لگ رہے ہیں۔

وہ وائٹ کرتے میں ملبوس مرحا کے دائیں بائیں کھڑے میثم کو دیکھتے محبت سے بولی۔

لیکن آپ ہم تینوں کو مات دے رہی ہیں۔۔ ہے نا بابا۔مرحا نے اسے چھیڑا۔

وہ بلیو لانگ فراق میں ملبوس تھی۔بال کی فرنچ چوٹیاں کر رکھی تھی۔لائیٹ سے میکاپ میں وہ آج بھی پندرہ سال پہلے والی مہر ہی لگ رہی تھی۔

بلکل۔مرتسم اسے اپنے حصار میں لیتا بولا۔

مہر جھنپ گئ۔

اوہو۔۔تینوں نے ہوٹنگ کی۔

Posted On Kitab Nagri

چپ کرو تم تینوں باپ کے ساتھ خود بھی بے شرم ہو گئے ہو۔ وہ سرخ چہرے سے بولتی تینوں کو جھڑک گئ۔

جلدی سے باہر آؤ نیچے سب ویٹ کر رہے ہیں۔ وہ تینوں کی نظر اتارتے کہتے خود نیچے بڑھ گئ۔

آپکو صرف ماما سے ہی پیار ہے نا۔ اپنے میری تو تعریف نہیں کی۔ مرحا منہ پھلاتے بولی۔

مرتسم مسکرا دیا۔

وہ میری جان ہیں تو تم تینوں بھی انہی کے وجود کو حصہ ہو پھر الگ کیسے ہوئے۔ اور تم تو میرے جگر کا ٹکرا ہو تمہیں کیسے بھول سکتا ہوں۔

وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے اسکے ماتھے پر لب رکھتا بولا۔

مرحا کی بھوری آنکھیں چمک اٹھیں۔

آئ نو۔ وہ باپ کی محبت پر اترائ۔

حازق اور میثم اسے خوش دیکھ مسکراتے اسے لیے باہر کی طرف بڑھے تھے۔

💞💞💞

نیچے تو رنگو بو کا سیلاب آیا ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایناره نے بھی سیم مرحا جیسی ڈریسینگ کی ہوئ تھی بس کلر چینج تھا۔

صرف ایناره ہی نہیں۔

ہانیا، رمشاء، پریشے، بریره، بہارے، دور فشاں، اور نورالعین سب کی ڈریسینگ سیم تھی بس کلر چینج تھا۔ جبکہ بال کسی نے باندھے ہوئے تھے تو کسی کے کھلے تھے۔

بریره کے شولڈر کٹ بال تھے اس لیے اس نے بندیا بھی نہیں لگایا تھا، نورالعین ویسے ہی چڑ رہی تھی اسلیے اسے بھی نہیں لگای گیا۔

جبکہ لڑکوں کے سب کے وائیٹ کرتے پر واسکٹس پہن رکھی تھیں۔

💞💞💞

نکاح کا وقت ہو چکا تھا اور دلہنیں بھی پارلر سے اچکی تھیں۔

سب سے پہلے ہانم اور روشانے کو لایا گیا۔

انکا تھیم پٹھانی تھا۔

اندھیرا ہو چکا تھا اس لیے ہر طرف لائیٹس اون ہو چکی تھیں۔

جیسے ہی ہانم گاڑی سے باہر نکلی میوزک کی ہلکی سی دھن کے ساتھ ہی اس پر اسکے پسندیدہ سفید پھولوں کی برسات ہونے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

داؤد اسے دیکھتا سٹل ہوا تھا۔

پٹھانی طرز کا وہ لہنگا جسکا مین کلر پیچ تھا جبکہ باقی پورے لہنگے پر مختلف نگینوں اور دھاگوں سے کام ہوا تھا۔ خاکستری سفید رنگ کا ڈوپٹہ جو اسکے جوڑے پر پیچھے کی طرف سیٹ کیا گیا تھا۔ برائیڈل میک اپ کے ساتھ ہیوی جیولری جو کہ پٹھانی طرز کی ہی تھی۔ وہ سب دیکھنے والوں کو اپنی نظر اتارنے پر مجبور کر گئ تھی۔

داؤد نے بے ساختہ ماشاءاللہ کہتے دل میں اسکی نظر اتاری تھی۔

وہ اپنا لہنگا پکڑے پھولوں کی بارش کے نیچے چلتی آرہی تھی۔ اسکے ایک طرف صائم شاہ تھے تو دوسری طرف کاشان تھا۔

ماہین بھابھی اور ماہم اپیا انہیں آگے سے رسیو کرتے پھولوں کے بنے پردے کے پیچھے لے جا چکی تھی۔ جبکہ دوسری طرف داؤد تھا۔

ہانم کے بعد دوسری گاڑی اینٹرس پر رکی تھی جس میں سے روشانے نکلی تھی۔

وہ سیم ٹو سیم ہانم جیسی ڈریسنگ میں تھی لیکن اسکے لہنگے کا کلر لائیٹ بلو تھا۔

سیاہ آنکھوں میں ہلکا سا خوف لیے وہ سختی سے آہان شاہ کا ہاتھ تھامے آگے بڑھی تھی۔

اسکے دوٹوک کہنے پر وہ لوگ شرمندہ ہوتے معزرت کرتی جلدی سے وہاں سے کھسکیں۔

وہ ایناره کا ہاتھ پکڑتے اسے قدرے سائیڈ لے ایا۔

میرے سامنے تو تمہاری یہ زبان پٹر پٹر چلتی ہے مجھے تو بڑا اترا کر کہا جاتا ہے براؤن گرل ہوں میں۔

انکے سامنے منہ میں دہی جمالیا۔

وہ اسے اپنا سامنے کرتا گھورتے بولا۔

ایناره نے نم آنکھوں سے اسے خفگی سے گھورا۔

ہر کوئ میثم میر نہیں ہوتا جو ہر ایناره کی باتیں برداشت کرلے۔ خفا سا انداز تھا۔

Posted On Kitab Nagri

تو بول دیا کر یہ سوچ کر ہر تیرے پیچھے میثم میر کھڑا ہے سامنے والے کو میں دیکھ لوں گا۔اسکی آنکھیں صاف کرتے مضبوط لہجے میں کہا۔

ایناره اسے دیکھنے لگی۔

مہر جو پریشان ہوتی انکے پیچھے آئی تھی۔انہیں دیکھتے اسے لگا جیسے وقت کئی سال پیچھے چلا گیا ہو۔

وہاں جہاں مرتسم میر کھڑا اسے ایسے ہی ڈانٹ رہا تھا کہ وہ دوروں کے سامنے چپ کیوں رہتی ہے۔اور وہ ایسے ہی تو خفا ہو کر کہتی کہ ہر کوئی مرتسم میر نہیں ہوتا۔

مرتسم نے بھی تو ایسے ہی مان بخشا تھا اسے۔ مسکرا کر انہیں دیکھتے وہ وہیں سے واپس مڑ گئی۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہہ دے وے سب اکھیاں سچیاں

تم جیسی ناتکیا اکھیاں

ہمم

کہہ دے وے سب اکھیاں سچیاں

تم جیسی ناتکیا اکھیاں

Posted On Kitab Nagri

دن بھی جاگے ے ے

رت جگائے

ہجر تیرا مجھے زہر لگاے ے ے

واری جاؤں میں ساری ساری

واری جاؤں میں ساری ساری

من رقصم، رقصم، تن رقصم

آیارم پیارم، غم رقصم

جو عشق کرے ہر دم رقصم

جو عشق کرے ہر دم رقصم

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس عورت کی مدھر آواز پر وہ اب آنکھیں موندیں اسے سن رہی تھیں۔

لاؤنج کا دروازہ بند کر کے سکرین بھی اوف کر دی گئ تھی۔

کیونکہ اب وہ عورت گا رہی تھی۔

مردوں کی سائیڈ کیا ہو رہا تھا انہیں معلوم نہیں تھا۔

Posted On Kitab Nagri

واؤ آپکی آواز کتنی پیاری ہے۔

ایزل اسکے چپ ہونے پر مبہم سا بولی۔

وہ عورت مسکرا دی۔ سر کو خم دیتے اسنے سب سے اپنی تعریف وصولی۔

وہ دو گھٹنوں سے مسلسل کچھ ناکچھ گا رہی تھی اب اسکا حلق سوکھ گیا تھا تو اسے ریسٹ دے دی گئ۔

سکرین اون کی تو مردوں کو دیکھتے ان سب کے منہ کھلے۔

وہ سب قوال کے گرد جمع اس پر پیسوں کی برسات کرتے جا رہے تھے۔

جبکہ قوالی جا رہی تھی۔

بھری محفل میں مجنوں نے پکارا

میری لیلہ کو دیکھا ہے کسی نے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

قوال کے بولوں پر کتنے ہی مردوں نے آخری لائین کو اونچی آواز میں انکے پیچھے دہرایا تھا۔

انکے سہی مزے ہیں۔ مرحا انہیں دیکھتے بولی۔

اور نہیں تو کیا۔ ایزل نے بھی منہ بگاڑا۔

لیکن اس قوال کی آواز واقعی بہت پیاری تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سمندر تو یہاں پہلے نہیں تھا

سمندر تو یہاں پہلے نہیں تھا

یہاں آنسو گرایا ہے کسی نے

دل امید توڑا ہے کسی نے

اب کے صرف قوال ہی نہیں انکے اپنے لڑکے بھی مائک پکڑتے شروع ہوئے تھے انکے ساتھ ہی۔

چلو اس سے گلے ملتے ہیں جا کر

ہمیں دشمن پکارا ہے کسی نے

ہمیں دنیا کہاں اب راس آئے

ہمیں دل سے نکالا ہے کسی نے

دل امید توڑا ہے کسی نے

ابان کی آواز پر زمل منہ کھولے اسے دیکھنے لگی بھلا اسے کونسے غم لگے تھے۔

کوئی نی اپی صرف لائیر کس ہی تو ہیں۔

ایناره اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے شرارت سے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسے دیکھتے سب ہس دئیں۔

سر جھٹکتے وہ سکرین کی طرف متوجہ ہوئ جہاں پر اب لڑکے حازق کی طرف بڑھ رہے تھے۔

حازق بھائ آج آپ بھی کچھ سنا دیں۔ ہم لوگ کب سے لگے ہوئے ہیں لیکن مجال ہے جو اپنے منہ سے ایک لفظ بھی نکا ہو۔

میثم اسکے پاس آتا ناراضگی سے بولا۔

آج تو تمہیں کچھ سنانا ہی پڑے گا۔ آبان نے بھی اسے گھیرا۔

تمہاری آواز کے کافی چرچے سنے ہیں اب تو سننی پڑے گی۔ داؤد نے کہا تو سب اصرار کرنے لگے۔

فائین۔ ایک لفظ کہتے وہ مائیک پکڑتے سٹیج کی طرف بڑھا جہاں پر سکرین کے لئیے کیمرے سیٹ کیے ہوئے تھے۔

وہ کیمروں کی طرف دیکھتا مسکرایا۔

ایزل کے دل نے بیٹ مس کی۔

وہ نامحسوس انداز میں کیمرے کے سامنے ہوا تھا کہ کسی کو شک نا کو۔

تیری بانہوں میں ملی ایسی راحت سی مجھے

ہو گئ جانے جہان تیری عادت سی مجھے

Posted On Kitab Nagri

دیکھوں میں تب مجھ کو

توتب میرا دن یہ ڈھلے

دیوانہ کر رہا ہے تیرا روپ سنہرا

مسلسل کر رہا ہے مجھ کو اب یہ صحرا

بتا اب جائیں تو جائیں کہاں۔۔؟

اسکی گھمبیر آواز پر سب کی نظریں بے ساختہ ایزل کی طرف اٹھی جو مبہوت ہوتے اسے سن رہی تھی وہ جھنپ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیوانہ کر رہا ہے تیرا روپ سنہرا

مسلسل کر رہا ہے مجھ کو اب یہ صحرا

بتا اب جائیں تو جائیں کہاں۔۔؟

بالوں میں ہاتھ چلاتے اسکے لب ہل رہے تھے۔

واقعی اسکی آواز کے اگر چرچے ہوتے تو غلط نہیں تھا اسکی آواز واقعی بہت خوبصورت تھی۔

Posted On Kitab Nagri

دل کا ارمان بنا ہے تو

میری پہچان بنا ہے تو

سانسوں میں روح بن کے سما گیا

جاں بھی تیری، دل بھی تیرا

تجھ سے ہے یہ میرا سویرا

نامحسوس انداز میں سر کو خم دیا تھا جیسے وہ سامنے ہو اور اسکے سامنے سر خم تسلیم ہو رہا ہو۔

وہ جانتا تھا وہ یقیناً اسے دیکھ رہی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہووووو

دیوانہ کر رہا ہے تیرا روپ سنہرا

مسلسل کر رہا ہے مجھ کو اب یہ صحرا

بتا اب جائیں تو جائیں کہاں۔۔؟

Posted On Kitab Nagri

ایزل سرخ چہرے سے مبہوت سی اسے دیکھتی جا رہی تھی۔

اسکی زرا سی ناراضگی بھی کہیں دور جا سوئی تھی اسے سر تسلیم خم ہوتے دیکھ وہ بے یقین ہوئی تھی وہ نہیں جانتی تھی کہ حازق میر کا ایسا روپ بھی ہے۔

ہائے میرے بھائی کو دیوانہ کر دیا ہے تو نے۔مرحا اسکے گرد بازو باندھتے سرگوشی میں بولی۔

ایزل جھنپ کر نظریں ہٹا گئی۔

گلابیاں تو دیکھو میڈم کے چہرے پر اور کہتی ہے حازق پسند نہیں۔ہانم نے اسے چھیڑا

ہانی آپی یار نہیں کریں۔وہ مرحا کے کندھے میں چہرہ چھپاتے منمنائی۔

ہاہاہا۔انکے قریب آتی مہر اور زرنور کا قہقہ گونجا تھا۔

ارے میرا بچہ اتنا کیوں شرما رہا ہے۔مہر اسکا ماتھا چومتے بولی۔

ایزل اور حازق کی شادی کا فیصلہ سو فیصد درست تھا۔وہ دونوں بنے ہی ایک دوسرے کے لئیے تھے۔

اسنے بے ساختہ ایزل کی نظر اتاری تھی وہ شرما کر مہر کے سینے میں چھپ گئی۔

جبکہ اسکا شرمایا روپ دیکھتے سب ہس رہی تھیں۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

رات کے بارہ بجے تک انکا فنکشن چلتا رہا۔ اب کہ سب مہمان اور قوال جا چکے تھے تو عورتیں بھی باہر لان میں اگئیں۔

وہاں بیٹھنے کے لیئے نیچے گدے بچھائے گئے۔

یہاں پر سب نے کچھ نا کچھ سنایا ہے سوائے بدر کے۔ مرحا گدے سے ٹیک لگائے بدر کو بیٹھتے دیکھ بولی۔

بدر کی نظریں بے ساختہ اس پر گئیں۔

اس سیاہ لباس میں وہ اسکے دل پر قیامت برپا کر گئ تھی۔

اسکی تو سادگی ہی بدر کے لیئے برادشت سے باہر تھی کجا کہ سج دھج کے اسکے سامنے آنے پر اسکا دل اسکے قابو میں نہیں رہا۔

کیا ہوا تم ٹھیک ہو۔ آبان جو اسکے ساتھ بیٹھا تھا اسکے دل کی دھڑکن جو کہ اتنی تیز تھی کہ ابان کو بھی صاف آواز سنائ دی تھی۔ وہ پریشانی سے پوچھنے لگا۔

ہ۔ہاں میں ٹھیک ہوں۔ گہری سانس بھرتے کہا۔

اسے پتہ نہیں تھا کہ اسکی ایک جھلک ہی اسکے دل کی حالت بگاڑ دے گی۔

Posted On Kitab Nagri

دوبارہ اسنے غلطی سے بھی اسکی طرف دیکھنے کی غلطی نہیں کی۔

آبان نے زمل کو دیکھا وہ بلیک ساڑھی میں اس پر قیامت ڈھا رہی تھی لیکن وہ اس تک جا نہیں سکتا تھا بے چارگی سے اسے دیکھتے وہ بس گہری سانس بھر کے رہ گیا۔

سنا دیتا ہوں۔سب کی نظریں خود پر محسوس کرتے وہ مدھم آواز میں بولا۔

میثم نے اسے مائک کیچ کروایا جسے تھامتے وہ کھنکھارتے آنکھیں موند گیا جبکہ لبوں نے حرکت کی تھی۔

یہاں ملے دیوانے دو وہیں کہیں پہ عشق بنا

سب سے پہلے عشق کا عہدہ کا

رب نے کہا،رب نے کہا خود مینے سنا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسنے سلوموشن میں شروع کیا تھا۔

سب نے بے ساختہ مرحا کو دیکھا جو خود حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔

بدر کی آوز پر سب نے دم سادھ گئے اسکی آواز اتنی پر کشش اور سحر انگیز تھی کہ کوئی سانس لے سکا۔

جبکہ مرحا کو لگا جیسے اسکے دل کی مراد بھر آئی ہو۔

Posted On Kitab Nagri

"روبروتووو"

اب کہ اسکی آواز سلوموشن میں نہیں تھی بلکہ نارمل تھی۔
مرحا کی آنکھیں خود بخود بند ہوئی تھیں۔
بدر کی آواز پر اسکا دل عجیب سے انداز میں دھڑکا تھا اسکا دل کر رہا تھا کہ وہ بس گاتا ہی جائے۔
اسے یہ قوالی بہت پسند تھی، اتنی کہ وہ دن میں جانے کتنی بار سنتی تھی۔

ہے لہو تووو۔ ہو و
روبرو تو، ہے لہو تو
تو ہی اندر بہتا ہے
سانسوں میں بھی تو ضروری تیرا
حاجی کہتا ہے
ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ
ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ ہ۔

وہ آنکھیں موندیں گھمبیر مدھم آواز میں گا رہا تھا اسکی آواز اور بول اتنے سحر انگیز تھے کہ سبکی آنکھیں خود بہ خود بند ہوئ تھیں۔

تو ہی سایہ عکس بھی تو
روح میں بھی تو رہتا ہے
تو ہی میں ہوں، میں ہی تو ہے
تیرا حاجی کہتا ہے
ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ
ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ
ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

وہ مرحا کو تصور کیے گھمبیر آواز میں گاتا سب کو ہوش سے بیگانہ کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اب کے وہ سانس لینے کو رکا۔ آگے کی لیریکس لڑکی کے تھے وہ چھوڑتا وہ اگلی لائین سوچ رہا تھا جب مرحا کی آواز پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

یار میرا ہیر دیوانی

یار کے بن یہ تن من خانی

تن من خانی

یار میرا کعبہ کاشی

یار سے بھر جائے روح کی پیالی

روح کی پیالی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ آنکھیں موندیں اپنی آواز کا سحر بکھیر رہی تھی۔

سب کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ کیونکہ سب ہی جانتے تھے اسے یہ قوالی کتنی پسند ہے

یار بسالوں روم روم دیوانی بن جاؤں،

اور کہاں رب ڈھونڈوں

Posted On Kitab Nagri

میرے یار میں رب پاوں

ہووو۔

یار بسالوں روم روم دیوانی بن جاؤں

اسکی آواز پر سب کے دل دھڑکے تھے۔

ایک تو بول ایسے تھے کہ سیدھا دل پہ جا کر لگیں دوسرا بدر اور مرحا کی آواز نے سب پر عجیب سی کیفیت طاری کر دی۔

اب کہ وہ چپ ہوئی تو بدر اسکی طرف دیکھتا ٹرانس کی سی کیفیت میں گانا شروع ہوا۔

تو ہی تب تھا تو ہی اب ہے

جگ ہے جب سے تب سے تو ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدر کی مدھم گھمبیر آواز پر عورتیں تو عورتیں مرد بھی کھوئے بیٹھے تھے۔

میری ہستی، میرا رتبہ،

Posted On Kitab Nagri

میری دولت شہرت تو ہے

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

دل پہ ہاتھ رکھے مرحا کو دیکھتے اسکے لب ہلتے جا رہے تھے۔وہ بول مکمل کرتے گہری سانس لیتے چپ ہوا تھا۔

عکس میں رکھ لے تیرے

رہنے کو دے دے تیری ڈھڑکن

بن تیرے یہ جاں ہے بے گھر

دیکھ بھئ سانسیں یہ جوگن

ہائے ئے ئے ئے

اسکے ساتھ بیٹھا ساحل مبہوت سا اسے دیکھ رہا تھا وہ اسے دیکھتے مسکرائ۔

Posted On Kitab Nagri

آس تلاش میں جل جل تیری راکھ نا بن جاؤں

بخش دے تیری دید مجھے میں بھی تو سنور جاوں

آس تلاش میں جل جل تیری راکھ نا بن جاؤں

تو کرم ہے تو دھرم ہے

تو ہی میرا کملہ ہے

تیری خاطر تیرے دم سے راہ عشق پہ چلنا ہے

وہ ہاتھ کو جھلاتی ساتھ اتنے پیارے انداز میں گا رہی تھی کہ سب مبہوت سے بدر اور اسے کو دیکھنے لگے

۔

بدر اسے ساحل کو دیکھا پا کر ازیت سے آنکھیں مینچتے گویا ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

من سمندار تو ہے دریا میں تو تو ہی بہتا ہے

تو سفر یرا، تو ہی ساحل

تیرا حاجی کہتا ہے

Posted On Kitab Nagri

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

اب کہ وہ دونوں مل کے یہی لائین گا رہے تھے۔ مرحابدر کو دیکھتے مسکرائ بدر کو لگا جیسے ساری کائنات مسکراتی اٹھی۔

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

ایک بوند عشق پہ ہوں زندہ

دونوں نے ایک ساتھ ختم کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انکے چپ ہوتے ہی مرتسم مسکرا کر انہیں دیکھتا انہیں طرف بڑھا۔

اسنے ان دونوں کی نظر اتاری تھی۔

بہت پیاری آواز ہے تمہاری بہت گہری سی۔ مرتسم بدر کا کندھا تھپتھپاتے بولا۔

واقعی تمہاری آواز نے سب کو دیکھو مبہوت ہی کر دیا ہے۔ مرحاسب کو ابھی بھی یونہی بیٹھے دیکھ بولی۔

بدر اب کے کھل کے مسکرایا۔

ان سب کو ماننا پڑا کہ اسکی آواز واقعی بہت خوبصورت اور سحر انگیز تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ تو جب بولتا تھا تب بھی سامنے والا اسے دم سادھے سنتا تھا۔ مدھم ٹھہری ہوئی سی پر سکون گھمبیر آواز۔ جو جانے کتنوں کا چین لے آڑی تھی آج۔

آپکی آواز نے دل کے تار ہلا دیئے بدر بھائی۔ رمشاء نے کہا تو وہ مبہم سا سر کو خم دے گیا۔

نورین نم آنکھوں سے اپنے بیٹے وہ دیکھ رہی تھی وہ صرف امن جیسا دکھتا نہیں تھا وہ تو تھا ہی دوسرا امن۔

امن کی آواز بھی تو ایسی ہی تھی۔

اسے کبھی کبھار لگتا تھا جیسے خدا نے امن کو دوسرا جنم دے دیا ہو بدر کے روپ میں۔ لیکن یہ سوچ کر اسکا دل کانپ جاتا کہ اگر اسنے قسمت بھی امن جیسی پائی تو۔

مرحا کو دیکھتے سوچا۔

اگر امن کا دوسرا جنم بدر تھا تو مہر کا دوسرا جنم مرحا تھی۔ کیا ان دونوں انجام بھی مہر اور امن جیسا تھا وہ سوچتے کپکپائی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یا اللہ میرے بدر کے نصیب میں خوشیاں اور سکون لکھ دے۔ سر اٹھاتے آسمان کو دیکھتے دل میں کہا۔

آنکھیں صاف کرتے اسنے بدر کو دیکھا جسے اب وہ سب گھیرے بیٹھے تھے۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ماما کیا یہ اپٹن اور گینک ہے کسی کے فیس پر کوئی افیکٹ نا کر جائے۔وہ مہر کو اپٹن مکس کرتے دیکھ بولی۔

حازق لوگوں کے نکاح پر اپنے ریشیز سے وہ کافی ڈر گئی تھی۔مہر نے شادی کے لئے اسکی جیولری ڈائمنڈ کی بنوائی تھی تو کچھ آرٹی فیشل تھی۔

کیونکہ وہ ایسے شادی میں ڈائیمنڈ پہن کے نہیں گھوم سکتی تھی اسکی شادی تھوڑی تھی۔یہ مرحا کا ہی کہنا تھا۔

مہر نے مسکراتے اسے دیکھا۔بلکل پیور ہے اس سے کوئی افیکٹ نہیں ہو گا۔

وہ دل میں اسکی نظر اتارتے بولی۔

مرحا اس وقت پاؤں تک آتی گھیرے دار آف وائیٹ فراق میں ملبوس تھی۔

جس پر گولڈن کام ہوا تھا۔بلکل سمپل سی فراق تھی اسپر کہیں کہیں گولڈن چھوٹے چھوٹے سے پھولوں کی شیپ میں سٹونز لگے تھے۔جبکہ اسکا ڈوپٹہ فل گولڈن تھا۔بالوں کی فرنچ چوٹیا بنائی ہوئی تھی جسمیں رنگ برنگے پھول لگے ہوئے تھے۔

آج اسنے لائیٹ سا میک اپ کیا ہوا تھا جبکہ جیلوری کے نام پر کانوں میں چھوٹے سے ائیر رینگز اور ہاتھوں میں گجرے پہنے ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کی نظر مرحا کے پیچھے گئ جہاں سے ایزل آرہی تھی۔وہ بھی مرحا جیسی ڈریسینگ میں تھی۔دونوں کا ڈریس، جیولری، میکاپ سب سیم تھا۔جبکہ ایزل کا ہیئر سٹائل ڈفرنٹ تھا۔

دونوں طرف سے مانگ نکالتے لائیٹ ساروں بناتے نیچے سے بالوں کی کھجھوری چٹیا کی ہوئ تھی۔مرحا کی طرح چٹیا میں پھول بھی لگائے ہوئے تھے۔

ماشاءاللہ۔دونوں کو دیکھتے بے ساختہ کہا۔

میری بیٹیا تو دن بہ دن پیاری ہوتی جارہی ہیں۔ایزل نے قریب پہنچتے پر اسکا ماتھا چومتے اسنے مرحا کا بھی ماتھا چوما۔

وہ دونوں ہس دیں۔

دونوں ہی ایک دوسرے سے بڑھ کر خوبصورت لگ رہی تھیں۔

مرحا کی بھوری آنکھیں اور چہرے کی معصومیت اگر اسے پرکشش بناتی تھی تو ایزل کے چہرے پر چمکتی شرارت اور اسکی ہیزل لوگوں کو مبہوت کر جاتی تھیں۔

وہ دونوں اسکا ہی تو پرتوں تھیں۔مہر نے ان دونوں کی نظر اتاری۔

اماں برائیڈلز اندر روم میں بیٹھی ہیں ہم نہیں ہیں۔ایزل اسکے گلے میں بازو ڈالتے خفگی سے بولی۔

ہاں تو کیا ہوا میری بیٹیاں اتنی پیاری لگ رہی ہیں اگر کسی کی نظر لگ گئ تو۔وہ اسکا گال تھپتھپاتے بولی۔

پیاری تو آپ بھی بہت لگ رہی ہیں پھر تو بابا کو بھی آپکی نظر اتارنی چاہیئے۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا اسکو دوسری طرف سے ہگ کرتے بولی۔

مہر جھنپ گئ۔

وہ خود بھی اس وقت سمپل سی لانگ فراق میں تھی جسکا کلر ڈل ییلو تھا۔وہ وائیٹ اور ییلو کا شیڈ دیتا تھا۔ لائیٹ سے میک اپ میں وہ ہمیشہ کی طرح اپنی تمام تر خوبصورتی سے مرتسم شاہ کے دل کے تار ہلا چکی تھی۔

کیا ہوا نہیں اتارنی چاہئیے کیا اتنی پیاری تو لگ رہی ہیں اپ۔ایزل اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے بولی۔

وہ لب دباتے مسکراہٹ روک گئ اب انہیں یہ تو نہیں بتا سکتی تھی انکا سر پھرا باپ آج بھی اسکی نظر اتارے بغیر اسے کمرے سے باہر قدم نہیں رکھنے دیتا تھا۔

اوہو ماما آر یو بلشنگ۔اسکے گال سرخ ہوتے دیکھ مرحا اونچی آواز میں بولی۔

شرم کرو تم دونوں ماں کو چھیڑتے شرم نہیں اتی۔ چلو جاؤ دیکھو باقی لڑکیاں تیار ہوئ کہ نہیں۔ وہ جھنپ کر کہتی جلدی سے وہاں سے واک آؤٹ کر گئ۔

مرحا اور ایزل کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں پہننا، نہیں پہننا۔وہ فراق بیڈ پر پٹکتے غصے سے بولی۔

نور ہبی کا پیارا بچہ ہے ناضد نہیں کرتے چلو شاباش پہن لو۔وہ اسے پچکارتے بولا۔

نہیں نور کو ویسا ڈریس پہننا ہے جیسا روشے آپی نے پہنا ہے۔وہ پاؤں پٹختی بولی۔

براق نے سر پکڑا۔وہ کب سے ایک ہی ضد کیے جا رہی تھی کہ اسے وہی ڈریس پہننا ہے۔

ان دو ماہ میں اسمیں کافی چینج آیا تھا۔وہ سب کے سامنے اب باقیوں کی طرح بیوہو کرنے کی کوشش کرتی جو کہ براق کے سیشنز کا اثر تھا لیکن کمرے میں آتے ہی وہ اسے اپنی حرکتیں بتاتے خود بھی ہستی اور اسے بھی ہساہسا کر پاگل کرتی تھی۔۔

لیکن کبھی کبھار وہ ایسے ہی کسی چیز کے لیئے ضد پر اڑے جاتی تو پورا کیے بغیر پیچھے نہیں ہٹتی تھی۔

اج بھی وہ جب سے روشانے اور زمل کا ڈریس دیکھ کر آئی تھی اسے وہی تھا کہ مجھے ویسا ہی پہننا ہے۔

اچھا ادھر آؤ اپنے ہبی کی بات تو سن لو۔براق نے اسے اپنے پاس بلایا۔

وہ منہ پھلائے اسنے پاس آکر بیٹھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اتنا ضدی کیوں ہے میرا بچہ۔۔ ایسے ہبی کو تنگ کرتے ہیں۔ اسے گود میں بٹھاتے پیار سے گال سہلاتے کہا۔

لیکن مجھے بھی برائیڈ بننا ہے اب تو ہماری شادی ہو گئی ہے نا۔وہ اپنے تئیں سمجھداری سے بولی۔

ہاں میری جان کیوں نہیں برائیڈ بنے گی لیکن ابھی نہیں ابھی جب آپ مکمل ٹھیک ہو جاؤ گی تب۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھو صرف برائیڈز ہی ایسے کپڑے پہن رہی باقی لڑکیاں تو آپکے جیسے ہی پہن رہی ہیں نا کیونکہ وہ برائیڈ نہیں ہیں برائیڈل کو سپیشل پروٹوکول دیا جاتا ہے۔براق نے اسے سمجھایا۔

پھر میں کب برائیڈ بنوں گی۔اسکے گلے میں بانہیں ڈالتے اداس ہوتے پوچھا۔

بہت جلد میرا بچہ۔اسکے ماتھے رہ لب رکھتے کہا۔

وہ خاموش ہو گئ۔چہرہ بھی اداس تھا۔

اسکا اترا چہرہ دیکھ براق نے شرارت سے اپنی بئیرڈ اسکی گردن پر سہلائی۔۔

وہ کھلکھلا اٹھی۔۔

ہاہاہا ہبی نا کریں۔اسکے بالوں میں انگلیاں پھنساتے چہرہ پیچھے کیا۔

براق اسکا کھلکھلاتا چہرہ دیکھ پر سکون ہوا۔

کتنے دن ہو گئے نور نے اپنے ہبی کو پیار نہیں کیا۔وہ اسے کمر سے تھامتا نرمی سے خود میں بھینچتا بولا۔

نور نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

سوری ہبی نور روشا آپی کے پاس تھی نا اس لیے۔۔اسکا چہرہ ہاتھوں میں تھامتے اسکے ماتھے پر بوسہ دیا پھر اسکی آنکھوں اور گالو کو لبوں سے چھوا۔

لیکن اب میں اپنے ہبی کو پیار کروں گی۔اسکے ہونٹوں سے ہونٹ مس کرتے کہا۔

ایسے نہیں جیسے میں کرتا ہوں ویسے کرو۔وہ بے چینی سے بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نور اسکی بات سنتے سر ہلاتے اسکے ہونٹوں کو نرمی سے چومنے لگی کبھی اوپری لب کو چومتی تو کبھی نچلے لب کو۔

براق آنکھیں موندتے اسکی کمر سہلانے لگا۔

ہبی۔۔ پیچھے ہوتے اسکی بند آنکھوں کو دیکھتے اسے پکارا۔

بس اتنی چھوٹی سی کس اور کرو۔ وہ بے چینی سے اسے خود میں بھینچتا اسکے ہونٹوں پر نظریں جمائے گھمبیر تا سے بولا۔

وہ نور کو بہت نرمی سے چھوتا تھا جانتا تھا اسکی شدت برداشت نہیں کر پائے گی۔ اسلیے وہ اسکے ہونٹوں پر کس سے گریز کرتا تھا نا چاہتے ہوئے بھی وہ ایک دو بار شدت اختیار کر گیا تھا کہ نور بری سے ڈر گئ تھی۔

ہاں لیکن اس ایک دو بار میں اس نے نور کو بہت اچھے سے سکھایا تھا۔

میں یہاں پر کاٹی کر لوں۔

اسکے نچلے لب پر انگلی رکھتے پوچھا۔

براق کے بھرے بھرے ہونٹ اسے دانتوں سے انہیں کاٹنے پر مجبور کر رہے تھے۔

ہاں جہاں مرضی کو تمہارا ہی ہوں۔ اسے خود پہ جھکاتے گھمبیر تا سے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نور انجانے میں سرخ پڑتے اسکے ہونٹوں کو چومنے لگی اچانک اسکے نچلے لب پر زور سے اپنے دانت گاڑھ دیئے۔

براق اس میٹھے سے درد پر مسرور ہوتا اسکے بال سہلانے لگا۔

آپکو درد نہیں ہوا ہبی۔اپنے دیئے زخم پر لب رکھتے سہمے لہجے میں بولا۔

نہیں میرا بچہ آپ چاہو تو یہاں پر بھی بائیٹ کو لو ہبی کو کوئی اعتراض نہیں۔اسکی ناک کی ٹپ پر لب رکھتے اسکا ہاتھ اپنی گردن اور سینے پر رکھا۔

سچ میں کر لوں اسکی گردن دیکھتے آنکھوں میں چمک لیے پوچھا۔

براق کے چہرے پر مسکراہٹ دوڑ گئی۔اسے کچھ دن پہلے ہی روشانے سے پتہ چلا تھا کہ نور کو کاٹنے کا بہت شوق تھا وہ لڑائی میں بھی ہاتھ پاؤں نہیں چلاتی تھی اپنے دانت چلاتی تھی اور بھرے بھرے گال دیکھتے تو وہ کسی بھی بچے پر حملہ کر دیتی تھی۔

نور اسکی اجازت ملتے اسکی گردن پر جھکتے اپنے دانت گاڑھ گئی۔

اسنے اتنی زور سے کاٹا تھا کہ براق کی گردن پر دانتوں کے نشان واضح ہوئے تھے جبکہ گردن سرخ پڑی تھی۔

وہ گھبراتے جلدی سے اپنے ہونٹ رکھ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے براق کے چہرے کو دیکھا جو سرخ ہو رہا تھا اسے لگا شائید اسے درد ہو رہا ہے جبکہ براق کا چہرہ جزبات کے تلاتم سے سرخ پڑ رہا تھا۔

براق نے آنکھیں کھولتے اسے دیکھا اسکی آنکھوں میں خمار کی سرخی واضح تھی۔

میں مرحا آپی سے تیار ہو جاؤں گی۔اسکی سرخ آنکھوں میں عجیب سے رنگ دیکھتے وہ جلدی سے اسکی گود سے اٹھتے اپنے کپڑے لیتے باہر بھاگ گئ۔

براق گہری سانس بھرتا بالوں میں ہاتھ پھیر کر رہ گیا۔

یہ لڑکی دن بہ دن اسکے جزبات بری طرح سے اجاگر کرتی اسے تڑپاتی تھی۔

سر جھٹکتے وہ شاور لینے چلا گیا اسے ابھی تیار ہونا تھا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماشاءاللہ شہزادیاں لگ رہی ہیں میری بچیاں۔

روحاماما انکی نظر اتارتے بولیں۔

وہ چاروں اس وقت شارٹ فراق اور شرارے میں ملبوس تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

روشانے اور ہانیا کا شرارہ لائیٹ ییلو کلر کا تھا جبکہ ہانم اور زمل کا ڈارک ییلو تھا۔ شرارے کے باڈر پر کام تھا باقی سمپل تھا جبکہ پورے فراق پر ہلکا ہلکا سا کام ہوا تھا۔

پنک کلر کے ڈوپٹے جو چٹیا میں بندھے انکے بالوں پر پھول اٹکائے گئے تھے۔

لائیٹ سے میکاپ اور پھولوں کی جیولری پہنے وہ چاروں حوروں کو مات دے رہی تھیں۔

انکی نظر اتارتے وہ لوگ انہیں نیچے لے ائیں۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

نکاح تو ہو ہی چکا تھا اسلیے سارے فنکشنز اکھٹے تھے۔

انکے لیئے جھولے کی بجائے نیچے آرام دہ گدے بچھاتے جگہ کچھ اونچی کی گئ تھی۔

جہاں پر دو دو جوڑیاں بیٹھی تھیں۔دو ایک سائیڈ تو دو دوسری سائیڈ۔۔

لکونگ لائک پھولوں کی گڑیاں۔آبان اسکے ساتھ بیٹھتے سرگوشی میں بولا۔

زمل جھنپ گئ۔

آبان کل سے ہی اس سے ملنے کی سر توڑ کوشش کر رہا تھا لیکن مجال تھی جو ان چڑیلوں نے اسے ملنے دیا ہو۔

فنکشن نے بعد اکیلی روم میں رہو گی۔مجھے تمہیں کچھ دینا ہے۔وہ اسکا ہاتھ پکڑتے بظاہر سامنے دیکھتا مسکرا رہا تھا۔

جبکہ اپنی سرگوشیوں سے زمل کو گھبراہٹ میں مبتلا کر گیا۔

زمل نے بے ساختہ نفی میں سر ہلایا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے میں سب کے سامنے ہی تمہیں اٹھا کر اپنے کمرے میں لے جاؤں گا۔ پھر پرسوں کی بجائے آج ہی سہاگ رات منائیں گے۔ وہ اسکے قریب جھکتا اسکے کان کی لو کو ہونٹوں میں دباتا گھمبیر تا سے بولتا زمل کی جان لبوں پر لے ایا۔۔

سب لوگ ہانیا اور اور عمر ہانیہ کا منکوحہ اسے اپٹن لگانے میں مگن تھے اس لیے کسی کا دھیان انکی طرف نہیں گیا۔

پلیز۔ وہ کانپتے لہجے میں بولتے اس سے تھوڑا دور ہوئی۔

مینے کیا کہا ہے۔ وہ اسکے دور ہونے پر سرد نظروں سے اسکا دیکھتا اپنی طرف کھینچتا بولا۔

ا۔اوکے۔ وہ اسکی سرد نظروں سے گھبراتی جلدی سے سر ہلا گئ۔

گڈ گرل۔ اسکا ہاتھ سہلاتے کہا۔

زمل بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ہانی آپی یہ تو بہت سیریس لگ رہے ہیں یار۔ انہیں اپٹن لگاتے بھی ڈر لگ رہا۔ مرحا عمر کے سنجیدہ چہرے کو دیکھتے ہانیہ کے کان کے قریب بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہانیہ نے بے ساختہ اسے دیکھا۔

وہ اسے اپنی طرف دیکھتے پا کر اسکی طرف دیکھنے لگا۔

سالی صاحبہ کو کہو ڈرے مت تمہارا شوہر اتنا بھی کھڑوس نہیں۔ وہ بظاہر بہت سنجیدگی سے بولا تھا لیکن اسکی

کی بات سنتے ہانیا اور مرحا دونوں سٹپٹائیں۔

مرحا خجل ہوتے جلدی سے وہاں سے بھاگی۔

تم کیوں ڈر رہی ہو یار تم تو جانتی ہو میں سیریس ٹائپ کا بندہ نہیں ہوں۔ لیکن اب سب کے سامنے دانت نکلانا بلاوجہ کے مجھے عجیب لگ رہا ہے۔

وہ بے بسی سے بولا تو ہانیہ ہس دی۔

بہت پیاری لگ رہی ہو۔ وہ اچانک بولا تو ہانیہ جھنپ کر سر جھکا گئی۔

اسکا جھنپا روپ دیکھتے وہ مسکراتے مہمانوں کی طرف متوجہ ہوا۔

وہ دونوں بڑے تھے اس لیے سب سے پہلے انہیں کی رسم کی جا رہی تھی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ویسے یہ تو ظلم ہے۔۔وہ ہانم کو دیکھتے بولا۔

کیا۔۔؟اسنے ائیبرو اچکایا۔۔

آپ یوں میرے ہی لیے سج دھج کے میرے ہی سامنے بیٹھی ہیں میں آپکی تیاری کو داد بھی نہیں دے سکتا۔وہ بے چارگی سے بولا۔

ہانم جھنپ گئ۔

ہاں تو دو دن بعد اپکے پاس ہی آنا ہے دے دیجئیے گا جتنی مرضی داد۔وہ سرخ چہرے سے مسکراتے ہوئے بولی۔

یہ دو دن ہی تو نہیں کٹ رہے۔وہ اسکی طرف جھکتا گھمبیرتا سے بولا۔

ہانم سٹپٹا کر پیچھے ہوئ۔

شرم کریں۔اسے لتاڑا۔

وہ لب دباتا مسکراہٹ روک گیا۔

💞💞💞

روش۔۔عاشر نے سرگوشی میں اسے پکارا۔

روشانے نے چونک کر اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

میں تمہیں سب سے پہلے اپٹن لگانا چاہتا ہوں۔

وہ اپنے سامنے رکھے اپٹن کے بول میں ہاتھ ڈالتے بولا۔

ن۔ نہیں ایسے نہیں ہوتا۔ وہ گھبرا کر پیچھے ہوئے۔

ایسی ہی ہوتا ہے میرے نام کا اپٹن کا میں ہی سب سے پہلے لوگوں گا۔ وہ مسکراتے ہوئے بولا۔

س۔ سب ہیں یہاں پر پلیز۔ وہ تھوڑا سا کھسک کر پیچھے ہوئ۔

سب لوگ ہان میں بزی ہیں کوئ بھی متوجہ نہیں۔ کہتے اسنے اپٹن والا ہاتھ اہستہ سے اسکے گال سے مس کیا۔

عاشر بھائ یہ کیا کیا کیا۔ پریشے چیخی تھی۔

اسکی چیخ پر سب انکی طرف متوجہ ہوئے۔

عاشر سٹپٹاتا روشانے سے دور ہوا۔

جبکہ روشانے خفت سے سر جھکا گی۔

کیا ہوا۔ ماہم اپیا نے حیرت سے اسے دیکھا۔

بڑی ماما دیکھیں عاشر بھائ نے روشا بھابھی کو اپٹن لگا دیا۔

جبکہ ابھی بڑوں نے رسم کرنی تھی۔ وہ تاسف سے بولی۔

کیا یار دلہن میری ہے تو سب سے پہلا حق بھی میرا ہی بنتا ہے۔ وہ منہ بناتا بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بات تو بلکل ٹھیک کی ہے اسنے۔ارسل اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتا بولا۔

ہاں تو پھر ایسے ہی کرتے ہیں سب سے پہلے یہی اپنی دلہنوں کو اپٹن لگائیں۔

غازی مسکراتے بولا۔

میرے ساتھ کیا دشمنی تھی۔عمر کی خفگی بھری آواز پر سب کے قہقے چھوٹے۔

ہانیا خفت سے اسے گھور بھی نا سکی۔

ان تینوں نے سب سے پہلے اپنی دلہنوں کو خود اپٹن لگایا تھا۔

اب دلہے یہ نیک کام کر رہے ہیں تو تم لوگ بھی اپنے ہاتھوں سے ہی کر دو۔

مہر نے لڑکیوں کو کہا۔

ان تینوں نے بھی سب سے پہلے اپنے اپنے دلہے کو اپٹن لگاتے رسم شروع کی تھی۔

چل آجا بیٹے آج تیرا باپ تجھے بہت اچھے سے اپٹن سے نہلائے گا آخر کو روپ بھی تو آنا چاہیئے۔

ارسل اسکے سامنے بیٹھتا شرارت سے بولا۔

بابا۔۔وہ احتجاجاً چلایا۔

چپ کرو یہی ہوتا ہے۔ولی نے اسے گرکا۔جبکہ ارسل نے ہاتھ بھرتے اسکے چہرے بالوں اور سفید کرتے ہوا چھے سے اپٹن لگایا۔

افف شادی مہنگی پڑ گئ۔غازی اسکی حالت دیکھتا قہقہ لگاتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

اب ہماری باری۔ارحم،زیان اور میثم اسکے سامنے بیٹھے۔

ان تینوں نے اپنی مرادیں اچھے سے پوری کی تھیں۔

جبکہ ساحل نے اسے انسانوں کی طرح ہی اپٹن لگایا تھا۔

ان لوگوں نے چھوڑا باقی تینوں کو بھی نہیں تھا۔

جبکہ لڑکیوں کے ڈریس اور میک اپ کی وجہ سے انہوں نے دلہنوں کا حلیہ نہیں بگاڑا تھا۔

بدر اور حازق کے علاوہ سارے لڑکے اچھے سے اپٹن میں رنگ چکے تھے۔

ارحم بروبدر بھائی بلکل صاف ستھرے کھڑے ہیں۔

ابراہیم نے اسکی توجہ دور کھڑے بدر کی طرف کروائی۔

وہ لوگ بدر کی طرف بڑھے تھے حازق کے ساتھ وہ ایسا رسک نہیں لے سکتے تھے۔

وہ ویسے بھی رسم کرنے بعد اپنے روم میں چلا گیا تھا۔

بدر انہیں اپنی طرف آتا دیکھا پیچھے کو قدم لیتا بھاگا۔

جبکہ اسکے پیچھے آتی مرحا اس سے بری طرح سے ٹکرائی مرحا کے ہاتھوں پر لگا اپٹن اسکا سفید کرتا پشت سے رنگین کر گیا۔

ایم سو سوری۔وہ اسکی طرف مڑتا بولا۔

مرحا نے ایک نظر اسکے پیچھے آتے لڑکوں کو دیکھا اور پھر اپنے ہاتھوں پر۔

Posted On Kitab Nagri

سوری ٹو۔ معصومیت سے کہتے وہ جلدی سے اپنے ہاتھ اسکے گالوں پر مل گئ۔

بدر ساکت رہ گیا۔

ہاہاہاہا۔۔ کوئ تو ملا جسے پہلا اپٹن مینے لگایا ہے۔ وہ قہقہ لگاتے بولی۔

بدر کو اسکے ہاتھوں کا لمس ابھی تک اپنے چہرے پر محسوس ہو رہا تھا۔

وہ سانس روکے اسے کھکھلاتے دیکھنے لگا۔

ہٹ جائیں مرحا آپی اب ہماری باری۔ کاشان اسے کہتا بدر کی طرف لپکا۔

وہ قہقہ لگاتے جلدی سے وہاں سے بھاگی۔

جبکہ بدر ہوش میں آتا چیخا لیکن لڑکوں نے چھوڑا اس بے چارے کو بھی نہیں۔

💞💞💞

آپکو جیسا کہا ہے بلکل ویسا ہی کرنا ہے اوکے۔ وہ اسے شوگر فری چاکلیٹ دیتا بولا۔

انوشے نے زور و شور سے سر ہلایا۔

اب جاؤ جلدی سے۔ اسکا گال چومتے کہا تو وہ جی کہتی بھاگی۔

وہ مسکراتا اپنے کمرے میں طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

ایزل آپی۔انوشے اسکے پاس آئی۔

یس بے بی۔ہانم کا ڈوپٹہ سہی کرتے اسے دیکھا۔

آپی میرے رنگ جو اپنے مجھے صبح دی تھی وہ گر گئی ہے۔وہ روہانسے ہوتے بولی۔

انو آپی آپکو اور لا دیں گی۔۔وہ اسے اٹھاتے بولی۔

نہیں نا آپی مجھے وہی چاہئیے۔وہ وہاں پر روم میں گری ہے آپ پلیز ڈھونڈ دیں۔

وہ ادس سی شکل بناتے بولی۔

اچھا میرا بچہ اداس مت ہو۔ہم ڈھونڈھتے ہیں۔وہ اسکا اترا چہرہ دیکھ اسکے گال پر بوسہ دیتے بولی۔

انوشے کی آنکھیں چمکیں۔

کس روم میں گری ہے۔وہ اسے اندر لاتے بولی۔

وہ وہاں پہ۔۔اسنے سامنے والے کمرے کی طرف اشارہ کیا۔

ایزل نے گھبرا کر اسے دیکھا۔اسنے صبح اس کمرے سے حازق کو نکلتے دیکھا تھا۔

انو بے بی اسی روم میں گری تھی پکا۔اسنے انوشے سے پوچھا۔

یس آپی اسی روم میں جلدی چلیں نا۔اسکا ہاتھ ہلاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہ۔ہاں چلو۔وہ سر جھٹکتی اسکے ساتھ بڑھی۔

انوشہ اسے کمرے کے دروازے کے پاس جاتے دیکھ آہستہ سے وہاں سے بھاگ گئ۔

ابھی وہ نوک کرتے کے دروازہ کھلا اور اسے بازو سے پکڑ کر اندر کھینچ لیا گیا۔

وہ چیخ مارتی سامنے والے سینے سے ٹکرائ۔۔

آہستہ جنگلی بلی چیخ چیخ کر کہیں تمہارا گلہ ناکارہ ہی نا ہو جائے۔

وہ اسے دروازے سے لگاتا اپنے ازلی انداز میں بولا۔

ایزل دل پہ ہاتھ رکھے گہری سانس لیتے آنکھیں پھیلائے اسے دیکھنے لگی۔

ی۔یہ کیا بدتمیزی ہے۔وہ سامنے اسکا شرٹ لیس چٹانی سینہ دیکھتے کانپتے لہجے میں بولی۔

ابھی تو نہیں کی۔جھک کر اسکے چہرے پر پھونک ماری۔

انو۔انو کہاں گئ۔ایزل کو یاد آیا وہ تو انوشے کے ساتھ آئ تھی۔

چلی گئ۔۔وہ دلفریب مسکراہٹ سے بولا۔

ی۔جہ سب تمہاری چال تھی۔ایزل کو آب سمجھ ایا۔

سمجدار ہو رہی ہو۔۔وہ اسکے چہرے پر آئ لٹ کو پیچھے کرتا مسکراہٹ سے بولا۔

کیوں بلایا ہے۔۔اسکا ہاتھ ہٹاتے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نیچے اپٹن اپٹن کھیل رہے ہیں تو سوچا ہم بھی کھیل لیتے ہیں لیکن اپنے طریقے سے۔وہ گہری نظروں سے اسے دیکھا اسکا گلابی چہرہ آنکھوں میں بھر تا بولا۔

ک۔کیا مطلب۔اسکے سینے سے نظریں چراتے پوچھا۔

ابھی سمجھاتا ہوں۔وہ مبہم سا مسکراتے اسے آئینے کے سامنے لے ایا۔

اسکا ڈوپٹہ جو اسنے سینے پر پھیلایا ہوا تھا ایک جھٹکے سے اتارا۔

م۔میر۔وہ بوکھلائی۔

اسکے بازو ہالف تھے۔اسلیے اسنے اچھے سے ڈوپٹہ پھیلایا ہوا تھا۔

حازق کی آنکھوں میں سرخی بڑھی تھی۔

اسکے سفید دودھیا بازو پر انگلی ٹریس کرتے وہ اسکی کمر تک لایا۔

ک۔ک۔کیا کر رہے ہو پ۔پیچھے ہٹو۔وہ سرخ پڑتی اسکے ہاتھ ہٹھا گئ۔

وہ مڑتی اس سے پہلے ہی حازق جھٹکے سے اسے کمر سے تھامتا ڈریسینگ سے لگا گیا۔

م۔میر۔۔وہ اسکے انداز سے سہم گئ۔

حازق نے اسکی کمر چھوڑتے اسکے دونوں ہاتھ تھامتے سامنے پڑے ابٹن والے باؤل میں ڈپ کئے۔

ایزل نے تھوک نگلتے اسے دیکھا جو اب اسکے ہاتھ اپنے چہرے کے قریب لے ایا۔

اسکا سرخ چہرہ دیکھتے اسنے دونوں ہاتھ اپنے گالوں سے مس کیے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنے ہاتھوں پر ہوتی اسکی ڈارھی کی چھبن سے وہ کسمسائی۔

اسکے دونوں گالوں پر لگا اپٹن اسے بھایا تھا۔

اب تمہاری باری۔ سرگوشی میں کہتے وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتا اس پر جھکا۔

ایزل نے آنکھیں پھیلاتے اسے دیکھا وہ کیا کرنے جارہا تھا۔

حازق اسکی پھیلی آنکھیں دیکھتا مسکرایا۔

اسکی انکھوں میں دیکھتے اسنے اپنا دائیاں گال اسکے بائیں گال سے مس کیا۔

ایزل سختی سے آنکھیں مینچ گئ۔

حازق نے وہی عمل دوسری طرف کیا۔وہ گالوں پر ہوتی اسکی ڈارھی کی میٹھی سی خود میں سمٹ گئ۔

سی۔اسنے جان بوجھ کر زور سے اپنا گال اسکی گال سے مس کیا۔

ہ۔ہو گیا اب جانے دو۔۔وہ شرم وحیا سے سیمٹتے کانپتے لہجے میں بولی۔

حازق مسکرایا اب کی بار اسنے اپنے ہاتھ اپٹن میں ڈپ کیے۔

ایزل نے کن اکھیوں سے اسکی حرکت دیکھی تھی۔

وہ صرف انگلیوں پر اپٹن مس کر رہا تھا۔

حازق کی نظریں اسکے دودھیا بازوں پر پھسلیں۔ اسنے آہستہ سے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کندھے سے لے کر اسکے بازوں پر ٹریپ کی۔ سارا اپٹن اسکے آدھے سلیوز اور باقی بازوں کو رنگ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کا چہرہ بھانپ چھوڑنے لگا وہ اسے چھو ہی ایسے رہا تھا کہ وہ خود پگھل رہی تھی۔

وہ اسکے ہاتھوں کی گستاخیوں سے گھبراتے اسکے گردن میں بانہیں ڈالتے اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئ۔

جس سے اسکے بازو گال پر لگا اپٹن حازق کی گردن اور سینے کو رنگ گیا۔

حازق نے خمار آلودہ نظروں سے آئینے میں نظر آتی اسکی پشت دیکھی۔

اسنے جھٹکے سے ایزل کا چہرہ اپنے سامنے کیا۔

جانا ہے۔۔اسکے گلابی ہونٹوں پر نظریں جمائے مدھم آنچ دیتے لہجے میں پوچھا۔

وہ جلدی سے ہاں میں سر ہلا گئ۔

Ok Then kiss my lips deeply

اسکے نچلے لب کو انگوٹھے سے سہلاتے خمار الودہ لہجے میں کہا۔۔

ایزل کانپ کر رہ گئ۔

نو۔۔ نفی میں سر ہلاتے وہ اسکے گردن میں چہرہ چھپا گئ۔

تو ٹھیک ہے پھر مجھے گلہ مت کرنا کیونکہ اب میں ایک کس سے تو ہر گز نہیں ٹلنے والا۔

وہ اسکے بال مٹھی میں بھرتا اسکا چہرہ اپنے سامنے کرتا غرایا۔

ایزل سہم کر اسے دیکھنے لگی۔

وہ اسکی سہمی آنکھوں میں دیکھتا اسکے ہونٹوں پر جھکا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکے ہونٹوں پر کبھی نرمی نہیں دکھاتا تھا ابھی بھی اپنی شدت سے اسکی سانسیں اٹکا رہا تھا۔۔

اسے کمر سے پکڑ کر اٹھاتے ڈریسینگ پر بٹھایا۔ جبکہ لبوں کو ابھی بھی رہائی نہیں دی تھی۔

ایزل نے مزاحمت نہیں کی وہ جانتی تھی جتنی وہ مزاحمت کرے گی وہ اتنی شدت سے اسکی جان نکالے گا۔۔

حازق اسکے نچلے لب کو اچھے سے زخمی کرتے پیچھے ہوا۔

وہ آنکھوں میں نمی لیے اسکے کندھے پر سر رکھتے اپنی سانسیں بحال کرنے لگی۔

حازق کا ہاتھ اسکی فراق کی کمر کی زپ سے الجھنے لگا۔۔

میر۔وہ تڑپ کر اسکا ہاتھ ہٹا گئ۔

وہ اسکے چہرے پر بکھرے رنگوں کو دیکھتا مبہم سا مسکراتے اسکی گردن پر جھکا۔

اسکے بالوں میں انگلیاں پھنساتے اسنے جھٹکے سے اسکا چہرہ اوپر کرتے گردن اپنے سامنے کی۔ وہ کسی شکاری کی طرح اسکی شہ رگ پر جھکا۔

لیکن اسنے نا تو دانت گاڑھے نا اپنے لب رکھے۔ بلکہ وہ اپنی بئیرڈ سہلاتا ایزل کو بے جان کرنے لگا۔

وہ بن پانی کے مچھلی کی طرح تڑپی۔

حازق اسکی بے چینی دیکھتا اپنے ہونٹوں سے اسکے شہ رگ کو چھونے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتی گہری سانسیں لینے لگی۔ وہ ہونٹوں سے چھوتا یا دانت گاڑھتا قابل برداشت تھا لیکن جب وہ بئیر ڈسہلا کر اسے تڑپاتا تھا تو وہ برداشت نہیں کر پاتی تھی۔

اپنی گردن پر جگہ جگہ اسکے دانتوں کا لمس محسوس کرتے اسنے حازق کے سینے پر ناخون گاڑھے۔

جھٹکے سے اسے پیچھے کرتے وہ اسکی گردن پر جھکی جو ظلم پہلے وہ کر رہا تھا اب ایزل اسکی گردن پر کر رہی تھی۔۔

اسکی گردن پر ظلم ڈھاتے گہری سانسیں بھرتے بھیگی نگاہوں سے اسے دیکھا۔

حازق اسکی سرخ انکھوں کو میں اپنی قربت کا اثر دیکھتا مسکرایا۔

اسنے سختی سے ایزل کو کمر سے تھاما۔وہ سسک پڑی۔کمر میں تکلیف کی لہر بری طرح سے اٹھی تھی۔

جبکہ حازق اسکی کمر کو مٹھیوں میں دبوچتا اسکی گردن سے ہوتے کان کی لو کو دانتوں سے دبا گیا۔

وہ سسک کر بری طرح سے رو پڑی۔

حازق نے چونک کر اسے دیکھا۔وہ اس سے زیادہ اسکی شدت برداشت کر چکی تھی لیکن ایسے روئ نہیں تھی۔

اسکی کمر پر گرفت نرم کرتا وہ تھوڑا سا پیچھے ہوا۔

جنگلی بلی کیا ہوا۔اپنی گردن سے اسکا چہرہ نکالتے وہ تڑپ کر اس سے پوچھنے لگا۔

وہ ہچکیاں بھرتی بری طرح سے کانپتے اونچی آواز میں رونے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل۔۔وہ اسے ڈریسینگ سے اٹھاتا بیڈ تک لایا۔

لیکن وہ اور شدت سے چیخ پڑی۔

حازق نے جلدی سے اسے اوندھے منہ بیڈ پر ڈالتے اسکی فراق کی زپ کھولی۔اگلے ہی لمحے اسکا چہرہ فق ہوا تھا۔

آنکھوں میں خمار کی سرخی کی بجائے غصے کی ایک شدید لہر دوڑی تھی۔تباہ کر دینے والی لہر۔

ایزل تکیے میں منہ چھپائے سسک رہی تھی۔

اسکی کمر پر بری طرح سے سرخ نیل کا نشان پڑا ہوا تھا۔کہیں کہیں ایک خراش بھی تھی کہ اس سے خون کی ننھی بوندیں چمک رہی تھیں۔

وہ چہرے پر قہر لیے کبڈ کی طرف بڑھا۔فرسٹ ایڈ باکس نکالتے وہ واپس بیڈ کی طرف ایا۔

اسکی خراشوں کو اچھے سے صاف کرتے اسنے بہت نرمی سے ان پر ٹیوب لگا دی۔

جبکہ لمبے سے سرخ نیل کے نشان پر سپرے کرتے ائینٹمینٹ لگائی تو وہ چیخ پڑی۔

شش بس ہو گیا۔وہ اسکا سر چومتا نرمی سے بولا۔

اس نشان کی سرخی سے اسے اندازہ تھا کہ درد کتنا شدید ہو رہا ہے اسے۔

باکس رکھتے وہ ہاتھ دھونے چلا گیا واپس آیا تو وہ ابھی تک سسک رہی تھی۔وہ لب بھینچتا اسکے قریب بیٹھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے زخموں کو دیکھتے اسنے جھک کر نرمی سے ان پر اپنے لب رکھے۔

ایزل کا وجود یک دم ساکت ہوا۔

حازق سیدھا ہو تا بغور ان زخموں کو دیکھنے لگا وہ بلکل تازہ تھے شائید آج صبح کے۔

اسکا چہرہ لمحہ بالمحہ سرخ پڑ رہا تھا۔ آخر اسے یہ زخم آئے کیسے۔ اسکی ہمت کیسے ہوئی حازق میر کی امانت کو اتنی تکلیف دینے کی۔

اسکی آنکھوں میں قہر برپا تھا۔

فراق کی زپ بند ہونے پر ایزل نے چہرہ موڑتے اسے دیکھا۔ اسکے چہرے پر بھسم کر دینے والے تاثرات دیکھتے اسنے لمبی ہچکی لی۔

حازق نے اسکی طرف دیکھا وہ اسکے دیکھتے کہنی کے بل اٹھتے اپنے دونوں بازو وا کر گئ۔

حازق کا غصہ پل میں اڑن چھو ہوا۔۔

وہ جھکتا نرمی سے اسے اٹھا گیا۔

بیڈ پر گرتے اسنے احتیاط سے اسکی کمر سے ہاتھ ہٹاتے اسے اپنے سینے پر لٹایا۔

کیسے ہوا یہ۔ اسکی آواز اتنی سرد تھی کہ ایزل کا ہچکولے کھاتا وجود کپکپا گیا۔

صب۔ح لگی۔ ہچکی لیتے کہا۔

کیسے۔ اسکے آنسو صاف کرتے اب آواز میں نرمی تھی۔ ایزل نے اسے دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سن رہاہوں میں۔اسکے بال سہلاتے کہا۔

ایزل کی آنکھوں کے سامنے صبح کا منظر لہرا گیا۔

اسکے لب آہستہ سے ہلے۔۔

💞💞💞

آج صبح کا منظر:

صبح وہ ہانم لوگوں کے پھولوں کی جیولری بنوانے کے لیئے بازار گئ تھی جب وہ جارہی تھی تب بھی اسے لگا جیسے کوئ گاڑی اسکا پیچھا کر رہی ہے جبکہ واپسی پر بھی اس گاڑی کو اپنے پیچھے دیکھتے اسکا دماغ گھوما۔

اسنے جھٹکے سے گاڑی روکی اسکے گاڑی روکتے ہی وہ گاڑی بھی رکی وہ غصے سے باہر نکلی۔

باہر نکلو۔اس گاڑی کے قریب جاتے اسنے ونڈو کا شیشہ بجایا۔

جب اسے لگا آس پاس دو گاڑیاں اکر رکیں۔

جس سے کالے کپڑوں میں کافی سارے لوگ نکلے تھے۔

جو اسکی طرف بڑھنے لگے اسے خوف سا محسوس ہوا۔

آس پاس لوگ نا ہونے کے برابر تھے۔

Posted On Kitab Nagri

تھوک نگلتے اسنے قدم پیچھے لیے۔

جبکہ آدمی اب ابھی اسکی طرف بڑھ رہے تھے۔اس سے پہلے کہ وہ بھاگتی کسی نے اسے بازو کھینچتے سڑک پر پھینکا۔جس سے اسکی کمر بری طرح سے چھلی تھی۔

جبکہ اسکی چیخ بے ساختہ تھی۔

وہ سامنے کھڑے آدمی کے پیٹ میں ٹانگ مارتے اٹھی۔وہ اپنی گاڑی کی طرف بڑھ رہی تھی جب پھر سے کسی آدمی نے اسے کھینچا اسنے اپنا بازو چھڑوانے کی کوشش کی اس آدمی نے اسے کھینچنے کے لیئے جھٹکا دیا جس سے گاڑی کا کھلا دروازہ سیدھا اسکی کمر میں لگا تھا۔

وہ اپنی چیخیں روکتی اس آدمی کو دھکا دیتے جلدی سے گاڑی میں بیٹھتے گاڑی بھگا لے گئ۔

اسنے ٹریفک والی جگہ پر گاڑی گھمائ تا کہ وہ لوگ اسکے پیچھے نا ائیں۔

جبکہ کمر میں درد سے ٹھیسیں اٹھ رہی تھیں۔چہرہ آنسوں سے تر تھا۔

وہ گاڑی کسی قریبی کلینک پر موڑ گئ۔۔ڈاکٹر نے اسے ریسٹ کے لیئے کہا تھا لیکن اسنے ضد کر کے انجیکشن اور پین کلرز لینے کے بعد ایک اوور ڈوز بھی کی تھی جس سے اسکی کمر سن ہو گئ تھی تو اسے درد فیل نہیں ہوا۔

لیکن اب شائید اس ڈوز کا اثر ختم ہو گیا تھا اور جب حازق نے سختی سے اسے تھاما تو وہ اپنی چیخیں نہیں روک پائ۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ چپ ہوئی تو چہرہ اٹھاتے حازق کو دیکھا۔اسکے چہرے کو دیکھتے وہ تھوک نگلتے واپس اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئی۔

اسکے چہرے کے تاثرات اتنے خطرناک تھے کہ ایزل کا وجود سرد پڑا۔

تم نے کسی کو بتایا کیوں نہیں۔تاثرات کے برعکس لہجہ کافی نرمی لیے ہوئے تھا۔

فنکشن کے بعد بتانا تھا بابا کو۔آہستہ سے کہا۔

حازق نے اسکا چہرہ اپنے سامنے کی۔

تم پر، تمہارے وجود پر، تمہاری ہر جاتی جاتی سانس پر اب حازق میرے کا حق ہے اگر تمہارے وجود پر ایک خراش بھی آئے گی تو تمہیں مجھے اسکا حساب دینا پڑے گا یہ تو پھر بہت بڑے زخم ہیں۔آئیندہ سے ایک زرا سی چوٹ پر بھی تم صرف مجھے بتاؤ گی۔

وہ سرد لہجے میں بولا تو وہ جلدی سے سر ہلا گئی۔

کیا تمہیں اس گاڑی کا نمبر یا پھر ان آدمیوں کے بارے میں کچھ یاد ہے۔۔اسکی سوجھی آنکھوں کو نرمی سے چھوتے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں۔ لیکن ایک بار پہلے بھی مینے انہیں دیکھا تھا ہمارے نکاح سے کچھ دن بعد۔ تب وہ کسی دادا کا نام لے رہے تھے۔

اسنے مختصر سا بتایا۔

دادا کا نام سنتے وہ پل میں سمجھ گیا تھا۔

اور یہ بات تمنے مجھے پہلے کیوں نہیں بتائی۔ وہ اسکی بال مٹھی میں بھر تا غصے سے بولا۔

تم تو چلے گئے تھے کیسے بتاتی۔ وہ اپنے بال چڑواتے نروٹھے پن سے بولی۔ وہ جانتی تھی جھوٹ بول رہی اسکے کافی دن بعد حازق گیا تھا۔ لیکن وہ اور اسکے غصے کو برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

حازق کے تاثرات ڈھیلے پڑے۔

اب بھی درد ہے۔ اسکے گال پر انگلی ٹریس کرتے پوچھا۔ وہ زور و شور سے سر ہلا گئ۔ اسے واقعی میں درد تھا۔

حازق کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ۔ اسے بے ساختہ اس دن والا واقع یاد آ گیا جب وہ اسکی توجہ کے لیئے۔ جھوٹ بول رہی تھی۔

لیکن آج اسکے چہرے اور آنکھوں میں تکلیف عیاں ہو رہی تھی۔

وعدہ کرتا ہوں تمہیں اس درد دینے والا کا حال ایسا کروں گا کہ اسکی روح کانپ جائے۔۔ اسکے چہرے کو نرمی سے چھوتے کیا۔

Posted On Kitab Nagri

لہجے میں اب کچھ تباہ و بھسم کر دینے والا جنون تھا۔

ایزل نے اسکی بات پر غور ہی نہیں کیا۔وہ اسکے نرمی سے چھونے پر مسکاتی اسکے سینے پر سر ٹکا گئ۔

جبکہ وہ دونوں بھول چکے تھے کہ انکے گھر میں فنکشن چل رہا ہے۔۔

💞💞💞

اسنے نوک کیا۔

اگلے ہی پل دروازہ کھل گیا۔

کیا ہوا تم نے ایسے میسج کر کے کیوں بلایا۔۔؟وہ اندر آتے اسکا سنجیدہ چہرہ دیکھ بولی۔

حازق نے دروازہ بند کرتے اسے دیکھا۔

وہ شاور لے چکا تھا اس وقت وائیٹ شرٹ اور بلیک پینٹ میں تھا۔

جب مرحا کی نظر ایزل پر پڑی۔وہ اوندھے منہ بیڈ پر لیٹی ہوئ جبکہ اسکی گردن تک بلینکیٹ دیا گیا تھا۔

ایزل یہاں کیا کر رہی ہے۔وہ حیرانگی سے اسکی طرف بڑھی۔

شش۔سو رہی ہے۔حازق نے اسکا ہاتھ پکڑتے اسے پیچھے کیا۔

سو رہی ہے۔۔کیا مطلب یہ یہاں کر کیا رہی ہے اور سو کیوں رہی ہے۔باہر فنکشن چل رہا ہے تم دونوں کو کوئ ہوش ہے۔وہ کمر پر ہاتھ رکھتے لڑاکا انداز میں بولی۔

حازق اسکے انداز پہ مبہم سا مسکرایا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اتنی پیاری لگ رہی تھی کہ حازق بے ساختہ جھکتے اسکا ماتھا چوم گیا۔

اب بتاؤ گے کیا ہوا۔وہ سنجیدہ ہوئی۔

سیڑھیوں سے پھسل گئی تھی کمر پر چوٹ آئی ہے۔

وہ ایزل کو دیکھتے بولا جسکا چہرہ بھی تکیے میں چھپا ہوا تھا۔

اومائی گاڈ۔کیسے پھسل گئی۔کیا بہت زیادہ چوٹ آئی ہے۔وہ فکر مندی سے اسے دیکھتے بولی۔

ہم۔وہ بس یہی کہہ سکا کیونکہ اسکی چوٹ واقعی میں کافی شدید تھی اسے گھر والوں کو بتانا ہی تھا ورنہ وہ خود سے لاپرواہی برتتی اور اسکے زخم گہرے ہو جاتے۔

تمہیں کیا ہوا ہے۔۔مرحا چونک کر اسکی سرد ہوتی آنکھیں دیکھتے بولی۔

حازق نے نفی میں سر ہلایا۔اسکے اندر کا آتش فشاں پھٹنے کے قریب تھا جو وہ صرف ایک ہی شخص پر پھاڑنا چاہتا تھا۔

آنکھیں اور چہرہ لمحہ بالمحہ سرد ہو رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرحا کو اپنی طرف متوجہ پاتے اسنے اپنے تاثرات پر قابو پایا۔

سیدھا کہو نا بیوی کی تکلیف برداشت نہیں ہو رہی۔وہ جھک کر ایزل کو دیکھنے کے کوشش کرتے بولی۔

حازق اسے دیکھتا رہ گیا۔واقعی اسے اسکی تکلیف برداشت نہیں ہو رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

کہاں وہ اس پر ایک خراش برداشت نہیں کر سکتا تھا اور آج اسی کی وجہ سے اتنی تکلیف برداشت کرنی پڑ رہی تھی۔

اچھا پریشان مت ہو ٹھیک ہو جائے گی۔وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے پیار سے بولی۔

حازق بے ساختہ مسکرا دیا۔

میں ٹھیک ہوں تمہیں بھی پریشان ہونے کی ضرورت نہیں جنگلی بلی ہے ابھی ہاتھ پاؤں مارتے اٹھ بیٹھے گی۔وہ اسکا فکر مندی چہرہ دیکھتے اسے خود سے لگاتے نرمی سے بولا۔

مرحا خفگی سے اسے دیکھتے دور ہوئی۔

تم میری دوست کے بارے میں ایسے مت بولو۔

وہ صرف کہنے کو سٹرونگ ہے تمنے دیکھا نہیں زرا سی تکلیف پر پورا گھر سر پہ اٹھا لیتی ہے۔اتنی نازک سی تو ہے۔

وہ محبت سے ایزل کو دیکھتے بولی۔

نازک کو واقعی وہ بہت تھی۔حازق نے دل میں سوچتے اعتراف کیا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ایزل کہاں ہے۔۔؟غازی کو وہ کافی دیر سے نظر نا آئی تو اسنے زرنور سے پوچھا۔

پتہ نہیں مجھے بھی کافی دیر سے نظر نہیں آرہی۔زرنور نے بے چینی سے کہا۔

مہر ایزل کو دیکھا ہے کہیں۔غازی نے اس سے پوچھا۔

نہیں بھائی میں بھی کب سے ڈھونڈ رہی ہوں پتہ نہیں کہا چلی گئی۔

وہ پریشانی سے بولی۔

حیرت ہے فنکشن ختم ہونے کو ہے اور ایزل پورے فنکشن میں دکھی ہی نہیں۔ولی نے حیرت سے کہا۔

وہ تو اندر ہیں روم میں۔انوشے کی آواز پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

کہاں ہے۔۔ماہم اپیا نے اس سے پوچھا۔

اندر روم میں۔وہ سر پہ ہاتھ مارتے بولی جیسے ان سب کی عقل پر تاسف کیا ہو۔

کونسے روم میں ہیں بتاو مجھے۔غازی اسے اٹھاتا اندر لے آیا۔

باقی سب بھی اسکے پیچھے ہی آئے تھے۔

یہاں۔وہ حازق کے روم کے سامنے رکتے بولی۔

مہر نے چونک کر اسے دیکھا یہ تو حازق کا روم ہے۔مرحا اور مہر کے علاوہ باقی سب انجان تھے کہ اس روم میں حازق ٹھہرا ہے۔

زرنور نے دروازہ کھولا وہ لاک نہیں تھا کھلتا چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق اور مرحا نے چونک کر پیچھے دیکھا جبکہ باقی سب دونوں کو حیرت سے دیکھنے لگے۔

تم دونوں یہاں کیا کر رہے ہو۔ فنکشن باہر چل رہا ہے۔ مرتسم نے دونوں کو دیکھتے کہا۔

باباوہ۔ ابھی مرحا کچھ کہتی کہ زہرہ کی نظر ایزل پر پڑی۔

ایزل۔۔ اسکی آواز پر سب نے بیڈ کی طرف دیکھا۔

حازق لب بھینچ گیا۔

یہ یہاں پر کیا کر رہی ہے اور ایسے کیوں سو رہی ہے۔ جبکہ فنکشن کے لیئے بھی یہی سب سے زیادہ ایکسائیٹڈ تھی۔ آیت اسے دیکھتے بولی۔

غازی اسکی طرف بڑھا اس سے پہلے کہ وہ اسے چھوتا حازق اسکے سامنے آگیا۔

غازی نے چونک کر اسے دیکھا۔ حازق نے چہرہ موڑتے ایزل کو دیکھا جو کسمسا رہی تھی۔

وہ سب کو نظر انداز کرتا ایزل کی طرف جھکا اسپر بلینکیٹ ٹھیک کرتے اسنے نرمی سے اسے تھپکا جیسے کسی بچے کو تھپکتے ہوں۔۔ وہ پر سکون ہو گئی۔

حازق نے جھکتے اسکا سر چوما۔

اسکی حرکت پر سب کے چہرے سرخ پڑے تھے۔

کمرے سے باہر چل کر بات کریں ایزل ڈسٹرب ہو رہی ہے۔ وہ لائیٹس اوف کرتا بولا۔

کمرے میں اب صرف مدھم روشنی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سب کو جیسے جھٹکا لگا تھا۔ لیکن وہ کمرے سے نکل گیا تو باقی سب بھی اسکے پیچھے ہی نکل ائے۔

یہ سب کیا ہے حازق کچھ بتاو گے۔۔مہر نے سنجیدگی سے اسے دیکھتے پوچھا۔

ایزل سیڑھوں سے پھسل گئ تھی جس سے اسکی کمر پر کافی چوٹیں ائی ہیں۔وہ سپاٹ چہرے سے سب کو دیکھتا بولا۔

مہر سے وہ نظریں چرا گیا تھا اپنی ماں سے آج پہلی بار جھوٹ بولتے اسے نظریں ہی چرانی تھیں۔

واٹ کب،کیسے اور تم نے اسی وقت کیوں نہیں بتایا۔غازی کے چہرے پر پریشانی چھلکی تھی۔

ریلیکس ماموں وہ ٹھیک ہے اب۔اتنی گہری چوٹیں نہیں تھیں۔

وہ غازی کے کندھے پر ہاتھ رکھتا بولا۔

زرنور تو سنتے ہی رونے لگی تھی۔

پھر بھی ایک بار ڈاکٹر کو دکھانا تو پڑے گا نا۔مہر آنکھوں میں آئی نمی دھکیلتے بولی۔

مام ایزل بلکل ٹھیک ہے مینے خود اسکی ڈریسینگ کی ہے اتنی گہری چوٹ نہیں ہے۔وہ مہر کو حصار میں لیتا نرمی سے بولا۔

جب آنکھوں کے سامنے اسکی زخمی کمر لہرائی تو وہ لب بھینچ گیا۔

اور تم نے ہمیں اسی وقت کیوں نہیں بتایا۔مرتسم نے اسے گھورا۔

اس وقت ایزل کو بینڈیج کی ضرورت تھی سو پہلے مینے اسے فرسٹ ایڈ دیا۔وہ سپاٹ چہرے سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے دیکھنا ہے اسے پتہ نہیں کتنی چوٹ لگی ہو گی میری بچی کو۔زرنور روتے ہوئے بولی۔

مامی پلیز فلحال آپ لوگ اسے ڈسٹرب مت کریں ابھی مینے اسے پین کلر دی تھی سو اسے سونے دیں۔وہ زرنور کو روکتا بولا۔

حازق ٹھیک کہہ رہا ہے فلحال اسے ریسٹ کرنے دو صبح دیکھ لینا۔غازی نے اسے سمجھایا۔ناچاہتے ہوئے بھی وہ مان گئ۔

میں ایک ضروری کام سے جارہا ہوں ایزل کو آپکے حوالے کرتے وہ میرے روم میں ہی رہے گی اور اس بات کا دھیان آپ رکھیں گی۔وہ آہستہ سے مہر سے بولا۔

انداز حتمی تھا۔

مہر نے اسے دیکھا اسکی آنکھوں میں عجیب سی سرد مہری اور تکلیف سی تھی۔

اسنے نرمی سے اسکے بال سہلاتے اسکا ماتھا چوما۔

حازق کی آنکھوں میں نرمی اترائ۔

جلدی انا۔بس اتنا ہی کہا۔

وہ سر ہلاتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

گیارہ تو ہو ہی گئے تھے اس لیے سب لوگ اپنے کمروں کی طرف بڑھ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

رات کے اندھیرے میں وہ اپنے نرم بستر پر پر سکون نیند سو رہا تھا جب اسے اپنے چہرے پر کچھ رینگتا سا محسوس ہوا۔

اسنے ہاتھ مارتے اپنے چہرے سے کچھ ہٹانا چاہا لیکن وہ جو بھی چیز تھی مستقل اسکے چہرے پر رینگ رہی تھی۔

اسنے ناگواری سے آنکھیں کھولیں۔

لیکن خود پر جھکے سائے کو دیکھتے اسکی آنکھوں کی نیند پل میں اڑی۔

حازق سرد نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔

کون ہو تم۔وہ اپنے گلے پر رکھے خنجر کے باعث ہلنے سے قاصر تھا۔

اندھیرے میں اسے کچھ دکھائی بھی نہیں دے رہا تھا۔

میری بیوی کو حراس کرنے والے کتنے لوگ تھے۔اسکی آواز اس حد تک سرد تھی کہ رابرٹ کو اسکی ٹھنڈک اپنے وجود میں اترتی محسوس ہوئی۔

اسکا وجود برف کی مانند ٹھنڈا پڑا۔ماتھے پر پسینے کی ننھی بوندیں لہرائی تھیں۔

ح۔حازق میر۔ہکلاتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے بار بار بات دہرانا پسند نہیں۔ خنجر اسکے گلے سے چہرے تک لایا۔

بتاتا ہوں۔ اپنے سامنے موت کو دیکھتے اسے آج زندگی میں پہلی بار ڈر لگا تھا۔

حازق نے لائیٹ اون کرتے اسے اٹھنے کا اشارہ کیا۔

لائیٹ اون ہوتے اس پر نظر پڑتے رابرٹ کا خون خشک ہوا۔

اسکے چہرے اور ہاتھوں پر خون لگا ہوا تھا وائٹ شرٹ پر بھی خون کے چھینٹے تھے۔

یقیناً وہ اسکے گارڈز کی دھجیاں اڑا کر اندر آیا تھا۔

تھوک نگلتے سوچا۔

اسکا فون گود میں پھینکتے حازق نے اسے اشارہ کیا۔

بلاؤ سب کو ابھی کے ابھی یہاں۔

اسکی گردن پر خنجر کا دباؤ ڈالتے سرد لہجے میں پھنکارا۔

رابرٹ کی گردن پر خون کی ننھی بوند چمکی تھی۔

اسنے کانپتے ہاتھوں سے گارڈز کی اس ٹیم کو فون ملایا جسے ایزل کے پیچھے لگایا تھا۔

اگلے پانچ میں وہ لوگ اسکے کمرے کے باہر تھے۔

لیکن اس سے پہلے ہی حازق رابرٹ کو اچھے سے خاموش کروا چکا تھا۔

اچھے سے اسکے ہاتھ پاؤں اور منہ باندھتے اسنے اسے زمین پر پھینکا۔

Posted On Kitab Nagri

تبھی دروازہ کھلا اور آٹھ سے نو لوگ اندر داخل ہوئے تھے۔

دروازے کے پیچھے کھڑے حازق نے سب کو اندر آتے دیکھ دروازہ لوک کیا۔

وہ لوگ نیند سے بھاری آنکھیں مسلتے بغیر ہتھیار کے کھڑے تھے جب حازق میر کو سامنے دیکھتے انکے چھکے چھوٹے۔

جبکہ انکے پیچھے رابرٹ زمین پر بندھا پڑا تھا۔

وہ پڑی ہیں رسیاں اٹھاؤ اور ان سب کو باندھو ویسے ہی جیسے اسے باندھا ہے مینے۔

رابرٹ کی ٹانگوں پر اپنا بھاری بوٹ رکھتے سرد لہجے میں کہا۔

اسکے ہاتھ میں خنجر اور پسٹل دیکھتے ایک آدمی خاموش سے اٹھ کر باقی سب کر باندھنے لگا۔

اپنے پاؤں اور منہ باندھو۔سب کے باندھنے کے بعد اسنے اسے کہا۔

اس آدمی نے کانپتے ہاتھوں سے پاؤں باندھتے منہ پر ٹیپ لگائی۔

حازق نے آگے بڑھتے اسکا ہاتھ باندھتے اسے بھی اوندھے پر زمین پر پھینکا۔

اب وہ سب ادھر ادھر اوندھے منہ پڑے ہوئے تھے۔

حازق نے بیڈ پر پڑا چمڑے کا بیلٹ اٹھاتے اپنے ہاتھ لپیٹا اور انکی طرف بڑھا۔

اگلے ہی پل کمرے میں دبی دبی سی چیخیں گونج گئ۔

Posted On Kitab Nagri

وہ چمڑے کی بیلٹ سے اچھی طرح سے انکی چمڑی ادھیڑ رہا تھا۔ جبکہ کہ ہر آدمی کی پشت خون سے تر نا ہو گئ انکے پیٹھ سے جلد اکھڑتے گوشت نظر نہیں آنے لگا اور وہ بے ہوش نا ہو گئے وہ رکا نہیں۔

ماتھے سے پسینا صاف کرتے اسنے ایک سرد نظر ان سب کے بے سود وجود پڑ ڈالی۔

بے ہوش رابرٹ کے ہاتھ کھولتے وہ ایک طائرانہ نگاہ ہر جگہ ہر دلاتے وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

اسنے انہیں جان سے نہیں مارا تھا انفیکٹ کسی بھی گارڈ کو جان سے نہیں مارا تھا۔

وہ بس انہیں بتانا چاہتا تھا کہ انہوں نے کس سے پنگا لیا ہے اور کسے نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے۔

راستے میں اسنے کسی کھلی بیکری سے براؤنیز اور چاکلیٹس لیں تب تک واپس فارم ہاؤس آتے اسے ایک بج چکا تھا۔

اسنے کن اکھیوں سے ادھر ادھر دیکھا کوئ بھی نہیں تھا پھر بھی احتیاط کے لیئے اسنے شرٹ پر کورٹ پہن رکھا تھا جبکہ چہرہ اور ہاتھ وہ پہلے ہی دھو چکا تھا۔

کمرے میں داخل ہوتے اندھیرے نے اسکا استقبال کیا۔

اسنے سائیڈ لیمپ جلاتے بیڈ کی طرف دیکھا جہاں وہ ہنوز اسی پوزیشن میں سو رہی تھی۔

سامان ٹیبل پر رکھتے وہ کپڑے لیتے فریش ہونے چلا گیا۔

شاور لیتے وہ واپس آیا تو صرف ٹراوزر میں تھا۔ گیلے بالوں سے پانی ٹپک رہا تھا۔

بال ڈرائے کرتے اسنے بیڈ کی طرف قدم بڑھائے۔

Posted On Kitab Nagri

ویک اپ ڈارلنگ۔۔وہ جھک کر اسکا سر چومتے بولا۔

اسکے وجود میں ہل چل سے وہ جان چکا تھا کہ وہ جاگ گئ ہے۔

ایزل جو آنکھیں موندیں سونے کا ناٹک کر رہی تھی پٹ سے آنکھیں کھولیں تو سیدھا بھوری آنکھوں سے جا ٹکرائیں۔

وہ ایک سائیڈ سے اس پر جھکا ہوا تھا۔اسکا شرٹ لیس سینا دیکھتے وہ ہڑبڑا کر پیچھے ہوئ۔

ڈونٹ موو۔گھور کر اسے دیکھتے سختی سے کہا۔

وہ وہیں سٹل ہو گئ۔بھوری آنکھوں میں ابھری سرخی اسے ڈرا گئ تھی۔

کب سے جاگی ہو۔اسکے قریب بیٹھتے چہرے سے بال ہٹاتے پوچھا۔

جب تم آئے تھے۔آہستہ سے کہا۔

حازق سر ہلا گیا۔

پین تو نہیں ہو رہا۔۔اسکے گال پر انگلی ٹریس کرتے بغور اسکی گلابی ہوتی آنکھوں کو دیکھتے پوچھا۔

وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

میں یہاں کیوں ہوں۔اپنے کمرے میں کیوں نہ۔باقی کے الفاظ اسکے سرد آنکھیں اسکے حلق میں ہی دبا گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ مجھے بھوک لگی ہے تو اس لیے کہہ رہی تھی کہ میں نیچے جاوں۔۔ آنکھیں پٹپٹاتے معصومیت سے کہا۔

مجھے کھالو تمہارا ہی تو ہوں کیونکہ ڈنر تو مینے بھی نہیں کیا تھا اسلیے میرا ارادہ بھی تمہیں کھانے کا ہی ہے۔

وہ اسے اٹھاتے گھمبیر لہجے میں بولا۔

ایزل بوکھلا کر اسکے گلے میں بانہیں ڈال گئ۔

اسے شرٹ لیس دیکھتے اسکا چہرہ پل میں گلابی ہوا تھا۔

اسنے بہت احتیاط سے اسے اٹھایا تھا ایک ہاتھ اسکی گردن سے تھوڑا نیچے تھا جبکہ کمر پر بہت نرمی سے ہاتھ رکھتے اسے اٹھایا تھا کہ ایزل کو فیل نا ہو۔

ایزل نے اسکے چہرے کو دیکھا بے ساختہ نظر ٹھہر سی گئ۔

اسکی بھوری آنکھیں جنمیں سرخی چھائ تھی۔وہ اسے غضب ناک حد تک ہینڈسم بنا رہی تھیں۔

ماتھے پر بال بھی بکھرے ہوئے تھے جو ہلکے ہلکے نم تھے۔

جبکہ عنابی لب جو سختی سے آپس میں پیوست تھے۔

ہلکی سی بیئرڈ اس پر جچ رہی تھی۔

مونچھیں اسکی اتنی گھنی نہیں تھیں تو اتنی ہلکی سی بی نہیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے دیکھنے میں اتنی مگن تھی اسے ہوش بھی نا رہا کہ حازق اسے اپنی گود میں لیے صوفے پر بھی بیٹھ چکا ہے۔

اسکی بئیر ڈ کو دیکھتے ایزل کا دل مچلا۔بے ساختہ ہاتھ بڑھاتے اسنے نرمی سے اسکی بئیر ڈ پر رکھا۔

وہ سٹل ہوا تھا۔

ایزل نرمی سے اسکی بئیر ڈ انگلیوں سے سہلاتے متبسم ہو رہی تھی۔

حازق کی آنکھوں میں عجیب سی چمک ابھری تھی۔وہ اسکے ہاتھوں کی ناز کی اپنی بئیر ڈ پر محسوس کرتا محظوظ ہو رہا تھا۔دماغ پر سکون ہونے لگا۔

ایزل کی نظر اسکے چٹانی سینے پر پڑی اسکا دل کیا وہ اسکے سینے کو ہاتھ سے چھو کر محسوس کرے لیکن شرم سے وہ نظریں چرا گئی۔

حازق اسکی نظریں اپنے سینے پر محسوس کرتے متبسم ہوا۔

اسکا دوسرا ہاتھ تھامتے اسنے اپنے سینے پر دل کے مقام پر رکھا۔

ایزل کو جھٹکا لگا۔اسنے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

ہیزل آنکھیں بھوری آنکھوں سے ٹکرائیں۔

اسکی آنکھوں میں دیکھتے ایزل نے اپنے ہاتھ کو حرکت دی۔

Posted On Kitab Nagri

آہستہ سے وہ اپنی انگلیاں اسکے دل کے مقام پر چلانے لگی۔

حازق آنکھیں موندتے صوفے کی پشت سے ٹیک لگا گیا۔

اسکے دل میں جیسے سکون اتر رہا تھا۔ابھری ہوئی رگیں آہستہ آہستہ نارمل ہونے لگیں۔

ایزل اسکے چہرے پر اترتے سکون کو دیکھتے مسکرائی۔

ٹیبر ڈ سے ہوتے اسکا ہاتھ اسکے مونچھوں سے کھیلنے لگا۔ جبکہ دوسرا ہاتھ اسکے سینے پر شرارت کر رہا تھا۔وہ اپنے ہاتھ تلے اسکی دل کی دھڑکن بخوبی محسوس کر رہی تھی جو آج معمول سے زیادہ تیز تھی۔

شائید اسکی قربت کا اثر تھا۔اسی بند آنکھیں دیکھتے سوچا۔

حازق نے آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔اسکی آنکھوں میں خمار سا اترا ہوا تھا۔

ایزل اسے آنکھیں کھولتے دیکھ بے ساختہ اسکے سینے اور چہرے سے ہاتھ ہٹا گئی۔

حازق کے لب ہلکے سے پھیلے اسنے نرمی سے ایزل کو خود میں بھینچا۔اسکے بالوں میں چہرہ چھپائے اسکی خوشبو انہیل کرنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اس خوشبو کا ایڈیکٹ ہو رہا تھا۔

میر مجھے براؤنیز کھانی ہیں۔اسکے سینے پر سر رکھے فرمائشی انداز میں کہا۔

اسنے ابھی تک ٹیبل پر پڑا سامان نہیں دیکھا تھا۔

شیور۔ مسکراتے لہجے میں کہتے آگے ہوتے اسنے ٹیبل سے شاپر اٹھاتے اس میں سے براؤنیز نکالیں۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کا چہرہ کھل اٹھا۔

لیکن اگلے ہی پل اسکے چہرے پر حیرانگی در آئی۔

حازق کو کیسے پتا کہ وہ اداس ہو، یا خوش ہو، چوٹ لگی ہو تو اسے براؤنیز کی کریوینگ ہوتی ہے۔

کیا وہ اسکی اتنی سی بات بھی نوٹ کرتا تھا۔ دھڑکتے دل سے سوچا۔

حازق نے براؤنی نکالتے اسکے سامنے کی۔ اسنے منہ کھلوتے چھوٹی سی بائیٹ لی۔

حازق متبسم ہوا وہ جانتا تھا اسکی وجہ سے تمیز سے کھا رہی ہے ورنہ براؤنیز دیکھتے ایزل ان پر ٹوٹ پڑتی۔

ڈونٹ وری ڈارلنگ میں تمہیں بچپن سے ان پر ٹوٹتا دیکھ رہا ہوں آج بھی ٹوٹ پڑو تو کوئی نہیں بات نہیں۔

وہ اسکے چھوٹی سی بائیٹ لینے پر مدھم لہجے میں بولا۔

ایزل خجل سی ہو گئی۔ اسکے ہاتھ سے براؤنیز لیتے وہ واقعی ان پر ٹوٹ پڑی۔

وہ یہ بھی بھول گئی اسکی گود میں بیٹھی ہے۔

اسکے ہاتھ، چہرے یہاں تک کہ حازق کے سینے پر بھی براؤنی لگ گئی تھی۔

حازق صوفے پر سر ٹکائے نرم گرم نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔

آج اسے اسکی اس بچگانی سی حرکت نے جھنجھلاہٹ پر مجبور نہیں کیا تھا۔

نا ہی اسے اپنے سینے پر اسکے گندے ہاتھ اریٹیٹ کر رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اتنا میٹھا کھاتی ہو تبھی تو اتنی میٹھی ہو۔ براؤنی کے بعد اسے چاکلیٹس کھاتا دیکھ وہ اسکے لبوں پر انگوٹھا سہلاتا بے ساختہ بولا۔

ایزل نے چاکلیٹ کو بامشکل حلق سے نیچے اتارا تھا۔

میٹھی تو میٹھا کھانے سے ہوا اتنی گلابی کیسے ہو کیا گلاب کا رس پیتی ہو۔ وہ اسکا چہرہ اپنی طرف کرتا اسکے ہونٹوں کا زوردار بوسہ لیتا مخمور لہجے میں بولا۔

ایزل سرخ چہرے سے آنکھیں مینچ گئ۔

اسے لگا تھا کہ وہ پھر سے جسارتوں پر اتر رہا ہے۔ لیکن وہ نرمی سے اسکے ماتھے پر لب رکھتے ٹشو سے اسکے ہاتھ اور چہرہ صاف کرنے لگا۔

ایزل آنکھیں کھولتے اسے دیکھنے لگی۔

حازق میر کو صرف اپنی طلب سے یا اسکے جسم سے مطلب نہیں تھا اسکی تکلیف کا احساس اور اسکا خیال بھی تھا۔

وہ سوچتے مسکرائی تھی۔ زندگی سے بھرپور مسکراہٹ۔

اچھے سے اسکے ہاتھ اور چہرہ صاف کرتے اسنے ویٹ ٹشو سے اپنے سینے سے بھی ساری براؤنی صاف کی۔

Posted On Kitab Nagri

سب صاف کرتے وہ اسے لیے پھر سے بیڈ کی طرف بڑھا۔

اسنے نرمی سے اسے اوندھے منہ لٹایا۔

ایزل کچھ کہتی کہ وہ اسکی فراق کی زپ کھولتا اسکے زخم چیک کرنے لگا۔

اسکے زخم سوکھ گئے تھے۔لیکن اتنی جلدی ٹھیک ہونے سے تو رہے۔

وہ الماری کی طرف بڑھا۔ایزل کو لگا شائید وہ فرسٹ ایڈ باکس لینے گیا ہے۔

لیکن وہ واپس آیا تو اسکے ہاتھ میں اپنی ٹی شرٹ اور ٹراوزر تھا۔

ایزل نے حیرت سے اسے دیکھا۔

اسے دیکھے بغیر لائیٹ اوف کرتے حازق نے اسے اٹھاتے بٹھایا۔

کچھ دیر بعد لائیٹس اون کی تو وہ اسکی ٹی شرٹ،ٹراوزر میں تھی۔

شرم سے اسکا وجود ہلکا ہلکا سا کپکپا رہا تھا۔

لیکن اس میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ اسے روک پاتی کمر کے درد نے جیسے اسکی ساری ہمت نچوڑ لی تھی۔وہ واقعی بازوں کو موو کرتے شرٹ چینج نہیں کر سکتی تھی۔

حازق اسکے کپڑے صوفے پر رکھ کر واپس آیا تو وہ بیڈ کروان سے ٹیک لگائے ہوئ تھی۔

اسکی شرٹ اسے کافی کھلی تھی۔لیکن اس وائیٹ کلر میں سرخ چہرے سے وہ کھلا ہوا گلاب لگ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ٹی شرٹ کے بازو ہالف تھے جس سے اسکے سفید بازو نظر آرہے تھے۔اسکے سونے کے بعد اسنے گیلے ٹاول سے اسکے بازوں اور چہرے سے اپٹن اچھے سے صاف کر دیا تھا۔

اسکا ٹراوزر جو وہ پاؤں سے فولڈ کر چکی تھی کافی بڑا بڑا سا تھا۔اپنی شرٹ ٹراوزر میں وہ اسے کافی کیوٹ سی لگی تھی۔

جبکہ اسکی خوشبو سے مہکتی شرٹ کو اپنے وجود پر محسوس کرتے ایزل کو یوں لگا جیسے وہ اسکے وجود سے لپٹا ہو۔

گہری سانس لیتے اسنے جیسے اسکی خوشبو اندر اتاری تھی۔

آگے ہو جاؤ ائینمینٹ لگا دوں۔وہ فرسٹ ایڈ باکس لاتا بولا۔نرمی سے بولا۔

ایزل جھجکتی آگے ہو گئ۔وہ اسکے پیچھے بیٹھتا شرٹ کو کمر سے اوپر کر گیا۔

بہت نرمی سے اسنے ائینمینٹ لگائ کہ ایزل کو اب درد نہیں ہوا بلکہ اسے ٹھنڈک سی محسوس ہو رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھے سے ائیمینٹ لگاتے وہ ہاتھ دھو کر آیا تو وہ ابھی بھی ویسے ہی بیٹھی تھی۔

ادھر آؤ۔۔بیڈ کی دوسری سائیڈ اتے بازو وا کرتے اسے اپنے پاس بلایا۔

وہ جھجکتی، سمٹتی اسکی آغوش میں اگئ۔

وہ سیدھا لیٹتا اسکی کروٹ اپنی طرف کرتا نرمی سے خود میں بھینچ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے نیند نہیں آرہی، سو سو کر تھک گئ ہوں میں۔

منہ بگاڑتے کہا۔

تو پھر باتیں کرلو۔اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے نرمی سے کہا۔

ایزل نے اسکے سینے پر تھوڑی ٹکاتے اسے دیکھا۔

کیا تم تھکے نہیں۔اسکی سرخ آنکھوں میں دیکھتے پوچھا۔

شام سے تم میرے سینے سے لپٹی ہو لیکن تھکن والا کوئ کام نہیں کیا مینے تو پھر تھکن کیسے ہوئ۔

اسکے چہرے پر پھونک مارتے گھمبیر تا سے کہا۔

ایزل اسکی زو معنی بات پر لب دباتے چہرہ اسکے سینے میں چھپا گئ۔

تم تو مجھے سوتا چھوڑ چلے گئے تھے۔شکوہ کیا گیا۔

کیا تمہیں ایک پل کے لئیے میری خوشبو کا احساس دور ہوتا محسوس ہوا۔وہ دوبدو بولا۔

تم پہلے تو اتنے بے شرم نہیں تھے۔سرخ چہرے سے کہا۔

پہلے تم بانہوں میں کہاں ہوتی تھی۔وہ حازق میر تھا اسکا منہ بند کروانا اچھے سے جانتا تھا۔

تم تو مجھ سے نفرت کرتے تھے۔سر اٹھاتے پھر سے اسے دیکھا۔

وہ بے ساختہ نفی میں سر ہلا گیا۔

سب کو لگتا تھا کہ مجھے تم سے نفرت ہے اور تم مجھے مام کے قریب برداشت نہیں ہوتی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اصل وجہ تو یہ تھی کہ مجھ سے یہ برداشت نہیں ہوتا تھا کہ تم میرے آس پاس رہو۔ وہ صاف گوئی سے بولا۔

اتنی نفرت کرتے تھے۔ اسکی آنکھوں میں نمی اتر آئی۔

نفی میں سر ہلاتے اسکا ماتھا چوما۔

بچپن میں ایک بار سنا تھا تم میری ہو وہ بات میرے زہن میں بیٹھ گئی لیکن تم جب میرے اس پاس ہوتی تھی مجھے چھوڑ کر باقی سب پر توجہ دیتی تھی لیکن میرا دل چاہتا تھا کہ تمہاری ساری توجہ صرف میری ہو۔ دل کرتا تھا کہ تمہیں کہیں ایسی جگہ چھپا دوں جہاں صرف تم مجھ تک محدود رہ سکو جہاں صرف تم مجھے توجہ دے سکو مجھے محسوس کر سکو۔

کیونکہ تم صرف میری ہو۔ میں اپنے جنون سے خود ہی ڈرنے لگا تھا۔ اس لیے تمہیں خود سے دور رکھتا تھا۔ اسکے لہجے میں جنون سا در آیا تھا۔

ایزل اس انکشاف پر سٹل ہوئی تھی۔

میں چاہتا تھا تمہاری شرارتیں، تمہاری نفرت ، غصہ، پیار سب مجھ تک محدود ہونا چاہتے ہوئے بھی تمہاری ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز کے بارے میں جانتا تھا۔

وہ مزید بولتا کہ وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

وہ بوکھلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایزل۔اسنے اسکا چہرے سامنے کرنے کی کوشش کی لیکن وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

پاگل ، جنونی، گندے انسان پہلے نہیں بتا سکتے تھے تم مجھے ایسے ہی مجھے سبکے سامنے ڈانٹتے رہتے تھے، میں بھی ایسے ہی تمہیں اتنی گالیاں دیتی تھی۔اسکے سینے پر مکے مارتے بچوں کی طرح روتے ہوئے کہا۔

حازق ہس پڑا۔اور کتنی ہی دیر ہستا رہا۔

یو سائیکو انسان اب کیوں ہس رہے ہو وہ اسکے ہسنے پر تپش میں آئ۔

تبھی اسکے سینے پر چٹکی کاٹتے غصے سے بولی۔

اگر پہلے بتا دیتا تو تمہارا یہ ایٹیٹیوڈ کیسے دیکھنے کو ملتا(جس پر مینے اپنا دل ہارا تھا۔)

آخری لائین دل میں سوچی تھی۔

تمہیں دیکھ کر ہی تو لگتا تھا میرے مقابل بھی کوئ ہے۔اسکی تھوڑی تھامتے چہرہ اوپر کرتے کہا۔

کیا تمہیں میرے لیے کبھی کچھ ایسا فیل نہیں ہوا۔اسنے بے ساختہ پوچھا۔

ایزل خاموش ہوتی اسے دیکھنے لگی۔

اسے خاموش دیکھ حازق کا چہرہ سپاٹ ہو گیا۔

تبھی اسے ایزل کے لب اپنے سینے پر محسوس ہوئے۔وہ سانس روک گیا۔

پھو پھو کہتی ہیں جب تم پیدا ہوئے تھے تمہیں سب سے زیادہ مینے اٹھایا تھا تمہیں پیار بھی سب سے زیادہ میں کرتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن تم جب بڑے ہوتے گئے تو مجھے اگنور کرنے لگے جس سے مجھے برا لگا تا تھا۔اس لیے میں جان بوجھ کر ایسی الٹی سیدھی حرکتیں کرتی تھی تا کہ تم میری طرف متوجہ ہو سکو لیکن تم الٹا مجھے ڈانٹ دیتے تھے لیکن میں پھر بھی باز نہیں آتی تھی اور آج تک نہیں ائی۔

آخر میں شرارت سے بولی۔

حازق کے دل میں جو طوفان اٹھا تھا وہ آہستہ سے تھمتا اسکے دل میں سکون اتارتا چلا گیا۔

تم ہمیشہ ایسے ہی رہو گے نا اب۔وہ اچانک سر اٹھاتے اسکی آنکھوں میں دیکھتے بولی۔

حازق نے اسکی ہیزل آنکھوں پر ٹکی نمی کو انگلی سے چنا۔

اس کے لیئے تمہیں ساری دنیا سے کٹ کر صرف حازق میر کی بن کے رہنا پڑے گا۔

وہ اسکی تھوڑی پر گرفت بڑھاتا بولا۔

مجھ سے ایک وعدہ کرو۔وعدہ کرو کچھ بھی ہو جائے تم مجھے کبھی اگنور نہیں کرو گی۔تمہاری ساری توجہ صرف اور صرف میری ہو گی ہر حال میں۔ چاہے میں ناراض ہوں یا غصے میں ہمیشہ رات کو یونہی میرے بازوں میں میرے سینے سے لپٹ کو سو گئ۔

میری جنونی شدتوں میں بھی تمہیں میرا ساتھ دینا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

چاہے میں جتنے بھی غصے میں ہو تم ایک بار سینے پر اپنے یہ نازک ہونٹ رکھ دینا میرا سارا غصہ پل میں اتر جائے گا۔

ہر صبح مجھے اپنے ہونٹوں کی شرارتوں سے مجھے بیدار کرنا ہے۔

تمہیں رونا ہوا تو میری بانہوں میں رو گی، ٹوٹنا بھی تو میری بانہوں میں ہر پل میں تمہیں صرف مجھ تک محدود رہنا ہے۔وعدہ کرو۔

چاہیے کچھ بھی ہو جائے تم ہمیشہ میری ہی رہو گی یونہی۔

بدلے میں جیسا چاہو گی حازق میر کو پاؤ گی۔

وہ جنون خیزی سے بولتا ایزل کو بوکھلا کے رکھ گیا۔

تمہیں انکار ہے میری بات سے۔وہ اسکے چپ رہنے پر سرد لہجے میں بولا۔

ایزل نے نفی میں سر ہلایا۔میں ویسی ہی رہوں گی جیسے تم چاہتے ہو لیکن بدلے میں تمہیں بھی اپنی توجہ مجھے دینی ہے ساری کی ساری توجہ۔

میرے ایک بار بلانے پر دوڑے چلے آنا ہے، میرے بچپنے کو ایسے ہی قبول کرنا ہے، میرا ہر نخرہ اٹھانا ہے، ہر خواہش تمہیں پوری کرنی ہے۔ایسے ہی میرے اور صرف میرے کھڑوس مان رہنا ہے تو میں بھی تمہاری جنگلی بلی ہی رہوں گی۔وہ اسکے تھوڑی پر لب رکھتے تحکم سے بولی۔

حازق کا چہرہ پر سکون ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا تمہیں مجھ سے محبت ہے۔۔؟اسکے لبوں پر دبی مسکراہٹ دیکھتے پوچھا۔

حازق نے نفی میں سر ہلایا۔ایزل کا چہرہ پھیکا پڑا۔

تو پھر کیا عشق ہے۔پھر سے پوچھا۔

حازق اسکا چہرہ دیکھنے لگا جو پھیکا پڑ چکا تھا۔اسنے تھوڑی سے اٹھاتے اسکا چہرہ اوپر کیا اور اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

حواس جھنجھوڑ دینے والی شدت تھی اسکے لمس میں لیکن وہ اپنی حالت سے بے پرواہ ہوتی اسکی شدت میں اسکا ساتھ دینے لگی۔

اسکی دھڑکنیں سست ہو گئیں لیکن حازق اسکی سانسیں خود میں جزب کرتا رہتا۔

کچھ دیر تک کمرے میں معنی خیز خاموشی چھائی رہی۔

اسکی سانسیں دم توڑنے لگیں تو وہ پیچھے ہوا۔

ایزل گلابی چہرے سے آنکھیں موندیں پھولتی سانسوں سے اسے مبہوت کر گئ تھی۔

I am getting addicted to those pink lips .

اسکے شبنم سے بھیگے لبوں پر انگوٹھا پھیرتے مخمور لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

And your smell

Your smell is my addiction this fragrence is driving me crazy day by day..

اسکی گردن میں چھرہ چھپاتے گہری سانس بھری.

I don't love you, you are my obsession which is increasing dangerously day by day.

(میں تم سے محبت نہیں کرتا تم میرا جنون ہو جو دن بادن خطرناک حد تک بڑھتا ہی جارہا ہے)

اسکے پنکھڑیوں جیسے گلابی ہونٹوں پر نمی دیکھتے وہ جھک کر اسے اپنے ہونٹوں سے چنتا گھمبیر تا سے بولا تھا۔

ایزل دھک دھک کرتے دل سے اسے دیکھتی رہی۔

وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتے رہے۔

Posted On Kitab Nagri

نفرت، درد، زخم ہر چیز پیچھے چھوٹ گئ یاد تھا تو بس اتنا کہ وہ اسکے حصار میں ہے اسکی جنگلی بلی اور وہ اس کھڑوس مان کے پاس جو صرف اور صرف اسکا ہے جسکی ساری توجہ صرف اسکی ہے۔

جب دور کہیں سے فجر کی اذان پر دونوں چونکے۔

فجر ہو رہی ہے۔ایزل کی آواز میں حیرت واضح تھی۔

ہمم۔وہ متبسم ہوتا بس اتنا ہی کہہ سکا۔

تمہارا بازو تھک گیا ہو گا۔وہ خجل سی بولی۔

حازق کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

کیا تم نے کبھی پھولوں کے بوجھ سے بازو دکھتے دیکھے ہیں۔وہ کچھ مبہم سا بولا

ایزل نظریں چراتے مسکراہٹ دبا گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

کیا پھر سے شاور لو گے۔وہ دونوں نماز کے لیئے اٹھے تو وہ بے ساختہ پوچھ بیٹھی۔وہ ایک ہی رات میں دو بار شاور لے چکا تھا۔

وہ نفی میں سر ہلا گیا۔صرف کپڑے چینج کروں گا۔

Posted On Kitab Nagri

نرمی سے کہتے وہ فریش ہونے چلا گیا۔

کچھ دیر بعد وہ بھی فریش ہو کے آیا تو وائیٹ کرتے میں تھا۔

ایزل نے اسے دیکھتے بے ساختہ دل میں ماشاءاللہ کہا۔

میں کیا اسمیں پڑھوں گی نماز۔ نچلا لب دباتے بچوں کی طرح منہ پھلایا۔

حازق نے پر سوچ نظروں سے اسے دیکھا۔

ایک منٹ رکو میں آتا ہوں۔ اسکا ماتھا چوم کر کہتے وہ باہر کی طرف بڑھا۔

کچھ دیر بعد وہ واپس آیا تو اسکے ہاتھ میں ایزل کا ایک ڈریس تھا۔

تم میرے کمرے میں گئے تھے۔ وہ اسکے ہاتھ میں اپنا وائیٹ ڈریس دیکھتے صدمے سے بولی۔

تمہیں شرم نہیں آئی کسی لڑکی کا کبڈ کھولتے ہوئے۔ وہ خامخواہ شرمندہ ہوئی تھی۔

حازق دبی مسکراہٹ سے اسے دیکھتا آگے بڑھا۔

اب تو میں ٹھیک ہوں میں اپنے کمرے میں۔ اسکے ہاتھ سے فراق لیتے بولتے اسنے حازق کے چہرے کو دیکھا جہاں سرد سے تاثرات لہرائے تھے۔ وہ وہیں پر بات ختم کر گئی۔

میں فریش ہو کے آتی ہوں۔ اسکے تاثرات سے گھبراتے وہ جلدی سے آگے بڑھی۔

میں ہیلپ کرو دوں۔ ابھی کندھوں کو اوپر نیچے موو کرو گی زخم میں پین ہو گا۔ اسے کندھوں سے تھامتے فکرمندی سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل اسکی بات پر لب دبا گئ۔وہ سہی کہہ رہا تھا۔

لیکن وہ شرم سے کچھ کہہ نا پائ۔

آؤ۔۔اسکا ہاتھ پکڑتے وہ ڈریسینگ روم میں لے گیا۔

چینج کرتے وہ وضو کرنے چلی گئ۔

اسکی امامت میں نماز ادا کرتے اسکی روح میں سکون سا اترا تھا۔

اسکی خواہش تھی کہ وہ اپنے ہمسفر کے امامت میں نماز دا کرے دل کے کسی کونے نے چپکے سے حازق میر کا عکس نمایا کر رکھا تھا اور آج اسکی یہ خواہش پوری ہو گئ تھی۔

نماز پڑھنے کے بعد وہ دونوں سو گئے تھے۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناشتے کی ٹیبل پر چہل پہل سے معلوم ہو رہا تھا کہ ہاں یہ شادی والا گھر ہی ہے۔

لیکن یہ شور صرف بڑوں کا تھا کیونکہ بچے تو ابھی تک گھوڑے گدھے بیچ کے سو رہے تھے۔

کیا ایزل ابھی تک اٹھی نہیں۔غازی نے مہر سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے خیال میں ایزل کے ساتھ رات میں مہر سوئ تھی۔کیونکہ حازق کے جانے کے بعد وہی اسکے پاس تھی۔

مہر نے کن اکھیوں سے حازق کے کمرے کا بند دروازہ دیکھا۔

بھائ نہیں صبح نماز کے وقت اٹھی تھی پھر دوبارہ سو گئ نظریں چراتے کہا۔

وہ اب اسے یہ تو بتانے سے رہی کہ ایزل ساری رات اسکے بیٹے کے ساتھ ایک ہی روم میں تھی۔

رات کو حازق نے واپسی پر اسے میسج کر دیا وہ حازق کے آنے سے پہلے ہی اسکے کمرے سے چلی گئ تھی۔

غازی سر ہلا گیا۔چہرے پر پریشانی تھی لیکن وہ شادی والے گھر میں سب کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔

مہر سب کو ناشتے مہیں مصروف دیکھتے آہستہ سے وہاں سے کھسکی۔

کمرے میں جاتے اسنے حازق کو فون کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہ گہری نیند میں پر سکون سو رہے تھے جب فون کی چنگھاڑتی آواز پر دونوں نے کسمساتے ناگواری سے آنکھیں کھولیں تھیں۔

ہونہہ۔۔ہمیشہ کی طرح ایزل نے منہ بسورا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے ہاتھ بڑھاتے ٹیبل سے فون اٹھایا جہاں مہر کا نمبر چمک رہا تھا۔

چکی دوسرے ہاتھ سے آہستہ سے ایزل کو تھپکا جو دوبارہ سے آنکھیں موند گئ۔

جی مام۔دھیمے لہجے میں احترام سے کہا۔

حازق ابھی تک تم کمرے میں ہی ہو گھر میں سب ایزل کو دیکھنا چاہتے ہیں اگر کسی کو پتہ چل گیا کہ تم دونوں رخصتی سے پہلے ایک ہی کمرے میں پوری رات تھے جانتے ہو کتنی باتیں بنیں گی۔گھر میں کتنے مہمان ہیں کچھ شرم کرو اور جلدی سے کمرے سے نکلو باہر۔اور دھیان سے کہیں کوئ تمہیں دیکھے نا۔

وہ بنارو کے غصے سے بولتی چلی گئ۔

اسکی اواز سوی ہوئ ایزل تک بھی گئ تھی کیونکہ وہ غلطی سے سپیکر اون کر چکا تھا۔

آپ پریشان مت ہوں میں آرہا ہوں ڈونٹ وری۔نرمی سے کہتے اسنے اسے تسلی دیتے فون رکھا۔

ایزل شرمندہ سی اٹھی تھی۔جسے وہ دوبارہ سے لٹا گیا۔

اٹس اوکے۔تم میری بیوی ہو مجھے اس بات کی وضاحتیں دینے کی کسی کو ضرورت نہیں ہے۔اسکی شرمندگی محسوس کرتے اسکے بال سہلاتے نرمی سے کہا۔

اٹھو فریش ہو جاو میں نیچے جا رہا ہوں بٹ صرف مام کی وجہ سے وگرنا حازق میر کو کسی کا ڈر نہیں۔

اسے اٹھا کر بٹھاتے سنجیدگی سے کہا۔

اگر تم نہیں چاہتی تو میں نہیں جاتا۔اسے یونہی اپنے سینے سے لگے دیکھ وہ شرارت سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل ہڑبڑا کر پیچھے ہوئی۔

آرام سے۔۔اسے گھورتے کہا۔

وہ سر ہلاتے اٹھتے فریش ہونے چلی گئی۔

حازق نے اپنی شرٹ پہنتے ایک نظر کمرے کو دیکھا۔ سر جھٹکتے اسنے براوئیز اور چاکلیٹس کے ریپر ڈسٹبین میں پھینکیں اپنے کپڑے وہ پہلے ہی بھگو آیا تھا جس سے خون کے داغ اچھے سے ریمو ہو چکے تھے اب جو بھی دھوئے گا اسے خون کے داغ بھی فیل نہیں ہو گا۔

موبائل اٹھاتے اسنے مہر کا میسج پڑھا جو اسے راستہ صاف ہونے کا اشارہ دے رہی تھی۔

وہ مسکراتے نفی میں سر ہلاتے دروازے کھولتے ایک محتاط نظر اس پاس ڈالتے باہر کی طرف بڑھا۔

اوپر کوئی بھی نہیں تھا سب لوگ نیچے ہی تھے۔باقی بچے تو سو رہے تھے جنکے کمرے اوپر تھے۔

اطمنان سے باہر نکلتے وہ میثم کے کمرے کی طرف بڑھا اسے فریش اپ ہونا تھا۔

جبکہ مہر اسے کمرے سے نکلتا دیکھ پر سکون ہوئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غصہ تو اسے ورنہ اس پر حد سے زیادہ آرہا تھا اب جانے یہ غصہ حازق میر پر تھا یا اسکے باپ پر کیونکہ اسکا باپ بھی تو رخصتی سے پہلے اسکی جان یونہی سولی لٹکائے رکھتا تھا۔

سرخ چہرے سے سوچا۔۔

سر جھٹکتے غازی کو ایزل کے جاگنے کا بتاتے وہ اسکے کمرے کی طرف بڑھی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

کیسی طبعیت ہے اب میری بیٹی کی۔۔مہر اندر آتے بولی۔

آئینے کے سامنے کھڑی ایزل جو سوچ رہے تھے بال کیسے بنائے اسکا چہرہ کھل اٹھا۔

بلکل ٹھیک ہوں اماں۔۔بھاگ کے مہر کے گلے لگتے کہا۔

آرام سے ایزل حازق نے مجھے ابھی بتایا کے تمہارے کندھوں میں موو کرنے سے کمر میں بھی درد اٹھے گا۔وہ اسکا ماتھا چومتے ڈپٹ کر بولی۔

پہلے تو مجھے یہ بتاؤ سیڑھیوں سے گر کیسے گئ۔پہلی بار ہیل تھوڑی پہنی تھی۔ضرور بھاگ رہی ہو گی۔

اسکے ہاتھ سے برش لیتے اسکے بال سلجھاتے کہا۔

ایزل نے چونک کر اسے دیکھا۔

کیا حازق نے سب کو یہ کہا تھا کہ وہ سیڑھیوں سے گر گئ ہے۔دھڑکتے دل سے سوچا۔

ایزل مائ پرنسز۔غازی کی آواز پر اسنے پیچھے مڑتے دیکھا۔

غازی کو دیکھتے بے ساختہ اسکی آنکھوں میں نمی آئ۔

وہ بھاگ کر اسکے سینے سے جا لگی۔

Posted On Kitab Nagri

میرا بچہ کیسا ہے۔بابا کو بتایا کیوں نہیں۔اتنی چوٹ لگی تھی اپکو۔غازی اسکی نم آنکھیں چومتا فکر مندی سے بولا۔

میں ٹھیک ہوں اب بابا۔وہ غازی کا پریشان چہرہ دیکھ مسکرائی۔

زرنور تو اسکا کملایا چہرہ دیکھ ہی رو پڑی۔

بابا یار چپ کروائے اپنی زرجان کو۔بے بسی سے اسے دیکھتے غازی کو کہا۔

جو سٹپٹا گیا سب کے سامنے اسکی بات پر۔

ایزل۔مہر نے اسے تنبیہ کی وہ لب دباتے مسکرا دی۔

ہاں بیٹا اب میری شادی کی باری آئی تو تم چوٹ لگوالو۔عاشر اندر آتا مصنوعی افسوس سے بولا۔

وہ سب کچھ دیر پہلے ہی جاگے تھے۔

یہ نہیں کہ مجھے چوٹ لگی آپکو اپنی شادی کے پڑی ہے۔اپکو تو چاہیئے کہ شادی کینسل کر دیں۔ایزل آنکھیں پٹپٹاتے معصومیت سے بولی۔

استغفر اللہ لڑکی پہلے تو مشکل سے ہو رہی ہے۔وہ بدک گیا۔

ایزل کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔

جبکہ باقی سب بھی مسکرا دیئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

غازی نے اسکے نام کا صدقہ دیا تھا کہ شائید اسے کل نظر لگی ہے باقی سب نے اسکی بات پر اتفاق کیا تھا۔جبکہ ایزل بس انہیں دیکھ کر رہ گئ۔

💞💞💞

مام ایزل کے زخم چیک کرتے اینمینٹ لگا دیجئیے گا۔پلیز آپ ہی چیک کیجئے گا وگرنہ یہ کام میں بھی باخوبی کر سکتا ہوں۔

مہر اسکا میسج پڑتے مسکراہٹ دبا گئ۔

اسے اپنے بیٹے کی پوزیسیسو نیس پر ہسی بھی آرہی تھی اور پیار بھی۔

اسنے حازق کے کہے مطابق خود ایزل کے زخم پر اینمینٹ لگائ تھی۔

کافی دیر تک وہ لوگ اسکے پاس بیٹھے رہے پھر مہندی کے فنکشن کی تیاریوں کے لئیے اٹھ کھڑے ہوئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل بھی لیٹ لیٹ کر تھک گئ تھی اسلیے مرحا کے کمرے میں آگئ۔

تمہیں پتہ ہے ایزل کل رات کو ہمیں ایک شوکنگ سین دیکھنے کو ملا۔

کپڑے نکالتی مرحا مصروف سی بولی۔

اچھا وہ کیا۔وہ اپنے فون پر گیم کھیلنے میں مصروف تھی۔

Posted On Kitab Nagri

تم دیکھو گی۔

مرحا اسکے پاس ائی۔

ایزل نے حیرت سے اسکی ایکسائیٹمینٹ دیکھی۔

دکھاو۔حیرت سے کہا۔

مرحا شرارت سے اسے دیکھتے اپنا فون اسکے سامنے کر گئی۔

جہاں کل رات کی ویڈیو تھی جب سب حازق کے روم میں تھے۔

جہاں وہ غازی کو روکتا اسکی طرف مڑا اسے کسی بچے کی طرح تھپکتے اسکا سر چوما اور پھر لائیٹس اوف کر دی۔

ایزل کا دل ڈھڑک ڈھڑک کے پاگل ہوا تھا جبکہ چہرے پر خوبصورت سی مسکراہٹ چھائی تھی۔

وہ اسکا مسکراتا چہرہ دیکھا خود بھی مسکرا دی۔

اسنے کچھ دیر پہلے ہی حازق کو یہ ویڈیو سینڈ کی تھی جو اسے "تمہیں دیکھ لوں گا" کہہ کے دھما گیا تھا۔وہ آگے سے ہس دی۔

جب سب حازق سے ایزل کا پوچھ رہے تھے تو اسنے چپکے سے یہ مومینٹ کیپچر کر لیا۔

اللہ تم دونوں کو یونہی ہمیشہ خوش رکھے۔امین۔اسکا مسکراتا چہرہ دیکھ مرحا نے دل میں کہا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

مرحا آپی آپکو زمل آپی بلا رہی ہیں یار انکی کرتی کی فٹنگ میں کوئی پرابلم ہے جلدی جا کر دیکھیں۔

ایناره ہاتھو میں پھولوں کا تھال لیے کہتی نیچے کی طرف بڑھ گئ۔

وہ اس وقت پرپل کلر کے لہنگے میں تھی جس پر لائیٹ سا وائیٹ سٹونز سے کام ہوا تھا جبکہ کرتی کے بازو اور لہنگے کے گھیر پر گولڈن چمکیلی سی پٹی لگی ہوئ تھی۔۔وہ نا زیادہ ہیوی تھا تو نا زیادہ سمپل۔بالوں کو ہیئر سٹائل بنائے اسمیں ٹکا سیٹ کیا ہوا تھا جبکہ کانوں میں بھی گول ایرینگز ادھر ادھر نج رہے تھے۔مہندی کے فنکشن کے لحاز سے کیے گیے میک اپ میں وہ ایناره نہیں ایلاره لگ رہی تھی۔

کوئ معصوم سی پری۔جو پھولوں کا تھال ہاتھ میں لیے ادھر سے ادھر گھومتی سب کو خود کر دیکھنے پر مجبور کر دیتی۔

مرحا اپنا لہنگا چٹکیوں میں تھامتی نیچے کی طرف بڑھی۔

اسکا لہنگا پنک کلر کا تھا۔اسکی کرتی جو کہ نارمل پنک کلر کی تھی وہ بلکل سمپل تھی اس پر کہیں کہیں ڈوٹس بنے ہوئے تھے جو وائیٹ اینڈ لائیٹ پنک کا شیڈ دیتے شائین کر رہے تھے۔

جبکہ اسکا لہنگا وہ بلکل لائیٹ پنگ کلر کا تھا۔اس پر زرا کسی سٹون کا کام نہیں وہاں تھا بلکہ کپڑا ہی ایسا شائینگ سا تھا کہ دور سے دیکھنے پر اس میں وائیٹ شیڈ چمکتے اور قریب سے دیکھنے پر پنگ شیڈز۔

بالوں کا ہیئر سٹائل بناتے اسمیں بندیا گول سیٹ کی ہوئ تھی۔

جبکہ کانوں میں بھی بڑی بڑے جھمکے پہن رکھے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

لائیٹ سے میک اپ میں ڈوپٹہ ایک بازو پر پھیلائے وہ دیکھنے والوں کو مبہوت کر گئ تھی۔

وہ کہنے میں ہی نہیں واقعی میں بہت خوبصورت تھی۔

بدر ٹھیک ہی کہتا تھا وہ ساحرہ تھی جو اسے ایک بار دیکھ کے وہ اسے اپنے سحر میں جکڑ لیتی تھی۔

ہاں بھی کیا مسلہ ہو رہا ہے۔

دروازے کھول کر اندر آتے وہ جلدی سے بولی۔

مرحا آپی یہ دیکھیں یہ بہت لوز ہے اوپر کو جاتی ہے جس سے پیٹ دکھ رہا تھا۔

زمل اسکے آتے ہی جلدی سے کھڑے ہوتے اپنا ڈریس دکھاتے بولی۔

اسکے ساتھ ہی ہانیا بھی کھڑی ہوئ تھی۔

ماشاءاللہ آپ دونوں کتنی پیاری لگ رہی ہو۔وہ کسی اماں کی طرح انکی بلائیں لیتے بولی۔

زمل نے ییلو کلر کا لہنگا پہن رکھا تھا۔جس پر مہندی کے فنکشن کے لحاظ سے ملٹی شیڈ سے ہلکا سا کام ہوا تھا۔جبکہ اسی کرتی فل ملٹی شیڈ کی تھی۔

بالوں کو مانگ نکال کر دونوں سائیڈوں سے کھلا چھوڑے نیچے سے لوز کرل ڈالے تھے جبکہ مانگ میں بڑا سا مانگ ٹیکا سجایا ہوا تھا۔

کانوں میں جھمکی والے ائیر نگز پہن رکھے تھے۔مہندی برائیڈ کے میک اپ میں حوروں کو شرمائے دے رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ڈوپٹہ اچھے سے اسکے بالوں پر سیٹ کرتے پیچھے چھوڑا ہوا تھا۔

ہانیا کا گرین کلر کا تھا۔فل گرین۔جسکے ساتھ پنک ڈوپٹہ تھا

پہلے تو سب کے ایک جیسے لیے تھے پھر ان لوگوں نے چینج کرواتے آڈر پر بنوائے تھے۔

اسکی لک بھی بلکل زمل جیسی تھی۔لیکن زمل کے برعکس وہ کافی مطمئن اور خوش تھی۔

جبکہ زمل گھبرائی ہوئی تھی۔

کیا ہو رہا ہے تمہاری کرتی کو۔مرحا نے اسے دیکھتے پوچھا۔

جب زمل نے ہاتھ اٹھاتے اسے دکھایا۔

واقعی اسکے کرتی لوز تھی اسکے ادھر ادھر موو کرنے سے اسکا پیٹ دکھ رہا تھا۔

ایک منٹ رکو۔مرحا کہتی باہر چلی گئی۔کچھ دیر بعد آئی تو اسکے ہاتھ ملٹی شیڈ کا بیلٹ تھا۔

یہ میرے ایک ڈریس کے ساتھ تھا بیلٹ دیکھو اب تمہارے کام اگیا۔

بیلٹ سیٹ کرتے اسنے اچھے سے پنز لگائیں کے اسکی کرتی سیٹ ہو گئی۔

چلو بھئی ہو گیا اتنی سی بات تھی۔

وہ زمل کا روہانسا چہرہ دیکھ تاسف سے بولی۔

ہانیہ ہس دی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ایسے ہی پریشان ہو جاتی ہے روندو کہیں کی۔ اندر آتی رمشاء بیزاری سے بڑبڑائی تھی۔

آخر کو وہ زمل کی بیسٹ فرینڈ تھی اس سے بہتر اسے کون جانتا تھا۔

تینوں نے مڑتے اسے دیکھا۔ اسکے ساتھ دور فشاں بھی تھی۔

رمشاء نے زنک کلر کا لہنگا پہنا ہوا تھا جبکہ اسکی کرتی پنک تھی مرحا کی نسبت اسکی کرتی پر سٹونز کا کام ہوا تھا جبکہ لہنگے پر بھی لائیٹ سا کام ہوا تھا۔

لائیٹ سے میک اپ کے ساتھ جیولری کے نام پر صرف بندیا لگائی تھی۔ جبکہ ڈوپٹہ بھی بامشکل سنبھلا ہوا تھا۔ آخر کو وہ دانین کی بیٹی تھی دانین جیسی بھی تو لگنی چاہیئے تھی نا۔

اسکے برعکس دور وفشاں کافی معصوم سی تھی۔

اسکا لہنگا لائیٹ گرین کلر کا تھا۔

رمشاء کے برعکس اسنے لائیٹ سے میکاپ کے ساتھ جیولری باقیوں جیسی ہی پہنی تھی جبکہ چہرے پر پھیلی معصومیت اور شرارت سے وہ کافی پرکشش سی لگتی تھی۔

ماشاءاللہ آج تو لگتا ہے پریاں اتر آئی ہیں اپی۔ وہ انہیں دیکھتے چہک کر بولی۔

بس خدا نے حسن ہی اتنا دیا ہے کہ کیا کریں۔ ہانیا اترائی۔ تو سب کا قہقہ گونجا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

یار میں تو یہاں ہانم آپی کو دیکھنے ائی تھی آپ کون ہیں۔ایزل آنکھیں پٹپٹاتے انہیں دیکھتے بولی۔

ہانم نے اسکے بازو پر چٹکی کاٹی۔اب پتہ چلا کون ہوں۔ ائیبرو اچکاتے کہا۔

افف ہانم آپی اتنا ظلم نا کریں میرے شوہر کو پتہ چلانا تو آپکی خیر نہیں۔ڈرامائی انداز میں ہائے کرتے کہا۔

ہانم کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

ہاں ہاں بلکل کل تو ہم لائیو نظارے بھی کر چکے ہیں۔

اسنے کہا تو ایزل کے چہرے پر گلال بکھرا۔

یار آپ کتنی پیاری ہو۔روشا نے اسکے گلابی چہرے کو دیکھ بے ساختہ بولی۔

بس کریں برائیڈل آپ دونوں ہیں۔وہ جھنپ کر بولی۔

ایزل کا لہنگا بھی سیم مرحا جیسا تھا لیکن عین وقت پر اسکے لیئے کسی نے اسکے کمرے میں نیو لہنگا بھیجا تھا۔

پہلے تو وہ کافی حیران ہوئی لیکن پھر اسکی نظر ایک چٹ پر پڑی۔جس پر لکھا تھا۔

تمہاری خراشوں پر زارا سا بھی زور پڑا تو وہ خراب ہو جائیں گی اس لیے دھیان رکھنا اب تمہیں اور تکلیف ملی تو اسکے ساتھ سزا بھی ملے گی۔

Posted On Kitab Nagri

اور وہ سمجھ گئی تھی کہ بھیجنے والا کون تھا۔

اسنے لہنگا کھولا جو کہ وائیٹ کلر کا تھا لیکن اسپر ڈفرٹ کلرز کے بڑے بڑے فلاورز بنے ہوئے تھے جس سے وہ ملٹی شیڈ کا بن گیا تھا۔ جبکہ اسکی کرتی فل وائیٹ تھی کرتی کے باڈر پر ایک ییلو کلر کا باڈر تھا ویسا ہی باڈر بازوں پر بھی تھا باقی وہ سمپل تھی۔

حازق کی چوائیز واقعی بہت خوبصورت تھی۔

لیکن اسے سمجھ نہیں آیا وائٹ کیوں۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

وہ رات کو اسکے لیے ڈریس بھی وائیٹ لایا۔شائید اسے اس پر وائیٹ کلر اچھا لگا تا تھا۔ لہنگے کو دیکھتے سوچا۔

مرحا کی مدد سے اسنے کرتی چینج کی تھی باقی تیار بھی اسے مرحا نے ہی کیا تھا۔

آج اسکے چاکلیٹی بال بلکل سٹیریٹ کیے گئے تھے جبکہ آگے سے ہیئر سٹائل بناتے مانگ ٹکا سیٹ کیا تھا۔

وہ گول سا مانگ ٹیکا اسپر جج رہا تھا۔

مہندی کے لحاظ سے لائیٹ سا میکاپ کیا ہوا تھا۔

ناک میں وہی چھوٹی سی ہیرے کی نتھ اور کانوں میں گول جھمکے وہ نظر لگ جانے کی حد تک پیاری لگ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ خود میں اپنی ماں، پھوپھو اور باپ کا حسن سمو کر آئی تھی۔

اسکی ماں کی خوبصورت تو تھی ہی غیر معمولی اور اب ایزل شاہ اس غیر معمولی حسن کی مالک تھی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

آپی یہ کلر آپ پہ کتنا کھل رہا ہے نا۔ایزل ستائش سے اسے دیکھتے بولی۔

ہانم نے بلو اینڈ اورنج کمبینیشن میں لہنگا پہن رکھا تھا۔

اسکی بلو کرتی پر وائیٹ سٹونز کا کام تھا جبکہ لہنگے پر لائیٹ سا تھا۔

برائیڈل مہندی میک اپ کے ساتھ وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔

جبکہ روشانے کا لہنگا بھی اورنج تھا لیکن اسکی کرتی ڈارک گرین تھی۔

جس پر وائیٹ سٹونز سے کام ہوا تھا۔

چلیں جلدی کریں ماما نے بولا تھا آپکو نیچے لانا ہے۔وہ جلدی جلدی بولتے بھاگی ۔وہ دونوں اسکی جلد بازی پر نفی میں سر ہلاتی اسکے پیچھے ہی چل دیں۔

کمرے سے نکلتے ہی ماما نے ان چاروں کی نظر اتاری۔

لڑکیاں ہر فنکشن میں ڈفرنٹ ڈریسینگ میں تھی جبکہ لڑکے آج بھی وائیٹ کرتے میں تھے۔

اب لوگ دلہن کی ائینٹری کا ویٹ کر رہے تھے جب اینٹرس پر پٹاخوں اور ڈھول کی آواز پر چونکے۔

سب لڑکیاں اور لڑکے ہاتھوں میں پھولوں کے تال لیے انکے استقبال کے لئیے کھڑے تھے۔

تبھی ایک سجی ہوئی بائیک اندر داخل ہوئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس پر ہانیا اور عمر بیٹھے ہوئے تھے۔ انکی اینٹری کے ساتھ ہی پٹاخوں اور ڈھول والوں نے شور مچاتے بتا دیا کہ دلہا دلہن اینٹری دے چکے ہیں۔

ایزل لوگوں نے دل کھول پر ان پر پھول پھینکے تھے۔

وہ ایک الگ ہی نظارہ بنا تھا۔

انکے بعد داؤد اور ہانم کی بایک داخل ہوئی تھی۔ انکے بائیک کافی سپیڈ سے اندر گئی تھی۔

تبھی کچھ دیر کے لیئے خاموشی چھائی اور پھر دو بائیکس اکھٹی اندر ائیں۔

اسکے ساتھ ہی لڑکوں کی سیٹیوں سے لان گونج اٹھا۔

آبان اور عاشر نے ایک دوسرے کو دیکھتے تھمز آپ کا اشارہ کیا اور پھر بائیکس کو راؤنڈ میں گھمایا تھا۔

انکے ایک ہاتھ میں کلر بوسٹرز پکڑے ہوئے تھے۔

جبکہ دوسرے ہاتھ سے بائیک کافی آہستہ سے چلا رہے تھے۔

ان چاروں کی دھماکے دار اینٹری نے مہمانوں کے ساتھ انکے بڑوں کو بھی چونکا دیا تھا۔

اب لڑکیوں نے آگے بڑھتے گھونگھٹ میں بیٹھی سہمی ہوئی تھی دلہنوں کو بائیک سے اتارتے انکے لیئے سجائے گئے جھولوں پر بٹھایا۔

باہر ان چاروں دلہنوں کو اپنی موجودگی میں مرتسم نے بٹھایا تھا نا کسی دلہے کو دیکھنے نا موقع ملا نا بات کرنے کا کیونکہ انہیں عین وقت پر گھونگھٹ میں لاتے اینٹری کروائی گئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

افف بھائی کیا کمال کی اینٹری تھی۔اینارہ آبان کے بازو سے چپکتی چہک کر بولی۔

کہو تو ایک راونڈ تمہیں بھی لگاواں۔وہ اسکی ناک دباتا بولا۔

بھائی وہ چیخی۔ آبان ہستا پیچھے ہوا۔

زمل نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔۔رات ایزل کی ٹینشن میں وہ اینارہ کے ساتھ ہی سو گئ تھی اب صبح سے آبان نے اسے دیکھا تک نہیں تھا۔

وہ اسے دیکھتے سنجیدہ چہرہ بنائے وہاں سے نکل جاتا۔

ابان۔۔اسکے قریب بیٹھنے پر نم لہجے میں پکارا۔

ہم۔سپاٹ سے لہجے میں کہا۔

ناراض ہیں۔نم لہجے میں پوچھا۔

تمہیں فرق پڑتا ہے۔انداز طنزیہ تھا۔

آبان ایم سوری میں بہت تھک گئ تھی کہ میرے دماغ سے نکل گیا پلیز ایم سوری۔میں آج آپسے ملنے آؤں گی پکا۔وہ اسکی ناراضگی کہاں برداشت کر سکتی تھی اسلیے جلدی سے اسکا ہاتھ پکڑتے نم لہجے میں کہا۔

آبان نے حیرت سے اسکے گھونگھٹ کو دیکھا تھا۔

افف کب ہٹے گا یہ۔۔کوفت سے سوچا۔

Posted On Kitab Nagri

اسے امید نہیں تھے کہ زمل اسے منانے کے لیئے سب کے سامنے ویں اسکا ہاتھ بھی پکڑ سکتی ہے۔

ٹھیک ہے آج میرے کمرے میں او گئ تو دیکھ لوں گا کتنی فکر ہے تمہیں میری ناراضگی کی۔ سنجیدہ لہجے میں کہتے وہ اس سے دور ہو کر بیٹھ گیا۔

دل تو کر رہا تھا اسکا گھونگٹ الٹتے ابھی اسکا چہرہ دیکھتے لیکن ہائے رے یہ مصنوعی ناراضگیاں۔

ٹھنڈے آہ بھرتے سوچا۔

باری باری انکی رسم کرتے اب لڑکیاں نیچے گدوں پر بیٹھی ڈھولکی پر جمع تھیں۔

جب اچانک کچھ لڑکیاں اٹھتیں لڈی ڈالنے لگیں۔انہوں نے ایزل اور مرحا کو بھی گھسیٹا۔

وہ سب انکے جھولوں کے آگے گھومتی تو یوں لگتا جیسے تتلیاں بکھر رہی ہوں سب نے مبہوت ہوتے انہیں دیکھا تھا۔

حازق اور بدر دونوں کچھ ڈسکس کر رہے تھے دونوں ہی اپنی بات بھولے انہیں دیکھنے لگے۔

وہ بھول چکے تھے دونوں کے ہاتھ بات کرتے اٹھے ہوئے ہیں دونوں ایک ہی پوزیشن میں ہیں۔

وہ تو بس اپنی اڑتی تتلیوں کو دیکھ رہے تھے۔

کچھ دیر تک وہ لوگ تھک کر واپس بیٹھ گئیں تو انکا ارتکاز ٹوٹا۔

دونوں ایک دوسرے سے نظریں چرا گئے۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ حازق نے گہری نظروں سے اسکی پشت کو دیکھا تھا۔وہ اس لہنگے میں حازق میر کے دل کے تار بری طرح سے چھیڑ گئ تھی۔

💞💞💞

یار یہ کتنی غلط بات ہے یہ اتنا لمبا گھونگھٹ کیوں نکالا ہے ہمارا نکاح ہو چکا ہے۔داؤد بے چینی سے بولا۔

ہانم مسکراہٹ دبا گئ۔

یہ رسم ہے آپ اب برات سے پہلے میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتے۔اترا کر کہا گیا۔

ایسی کی تیسی رسم کی۔وہ بڑبڑایا۔

ہانم نے بہت مشکل سے اپنا قہقہ روکا تھا۔داؤد کی حالت اسے مزہ دے رہی تھی۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

روش میں آپکو کوئ ڈاکو لگاتے وہ جو اتنا بڑا گھونگھٹ ڈال کے آئ ہیں۔عاشر اسکے گھونگھٹ سے چڑا۔

سب نے کیا ہے۔اور یہ ماما نے کروایا ہے اب کل بارات سے پہلے اب میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتے۔معصومیت سے کہا گیا۔

وہ عش عش کر اٹھا۔

Posted On Kitab Nagri

میں صدقے اس معصومیت کے تھوڑا اپنے معصوم شوہر پر رحم کھاؤ جسے تمہیں دیکھنا ہے۔وہ بے چارگی سے بولا۔

روشانے منہ پر ہاتھ رکھتے ہس دی۔

ہس لیں کل بتاؤں گا اپکو۔وہ اسکی مدھر ہسی پر مسکرایا تھا۔

روشانے کی ہسی کو بریک لگی۔

منہ بناتے وہ مہمانوں کی طرف متوجہ ہوئی۔

کافی دیر تک فنکشن چلتا رہا۔لڑکے اٹھ کر باہر چلے گئے جبکہ لڑکیاں اب اپنے آرام دہ کپڑوں میں بیٹھی مہندی لگا رہی تھیں۔

دلہن کو لگانے کے لئے الگ سے لڑکیاں آئی تھیں جبکہ باقی کے لیئے الگ تھیں۔

کچھ کو مرحا اور ایزل لگا رہی تھیں وہ دونوں اس کام میں ایکسپرٹ تھیں۔

ایزل۔۔اپنے نام کی پکار پر اسنے چونک کر سر اٹھایا۔

چلو اٹھو تھوڑی دیر ریسٹ کرو۔کافی دیر سے بیٹھی وہی ہو۔وہ اسکے تھکے چہرے کو دیکھ بولا۔

لڑکیاں مسکراہٹ دبا گئیں۔

ایزل کا چہرہ بے ساختہ گلابی ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

میں ٹھیک ہوں۔ جھجھک کر کہا۔

حازق نے اسے دیکھا اگلے ہی پل وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔

لیکن مجھے مہندی لگوانی ہے۔ آہستہ سے کہا۔

کمرے میں لگ جائے گی۔ وہ کہتا اسکا ہاتھ پکڑ تا سب کے سامنے سے لے گیا۔

سب نے زو معنی نظروں سے اسے دیکھا تھا۔ لیکن حازق کو روکنے کی ہمت کسی میں نہیں تھی۔

سب جانتے تھے وہ اپنی رشتوں میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کرتا۔

کچھ دیر بعد وہ مہر کے پاس آیا اور اسے کچھ کہا اسنے مسکراتے سر ہلاتے اسے آگے سے جواب دیا تو وہ مطمئن ہوتا واپس چلا گیا۔

پیچھے مہر ہس دی۔ وہ بلکل مرتسم میر کی کاپی تھا۔

ایزل واقعی تھک گئ تھی کمرے میں آتے ہی وہ لیٹ گئ۔

کچھ دیر تک ایک مہندی والی اسکے کمرے میں آگئ تو اسنے ریلیکس ہوتے اپنی مہندی لگوائی جانے اسے کیا سوجھا کے اسنے اپنی مہندی میں حازق کا نام بھی لکھوالیا۔

کھڑوس مان کے لیئے تھینکیو۔ دل میں سوچتے وہ مسکائی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

اسکی مہندی سوکھ چکی تھی اب وہ جلے پیر کی بلی بنی گھوم رہی تھی۔

کیا کرے اگر نہیں گئ تو آبان راضی نہیں ہو گا بلکہ اور ناراض ہو جائے گا۔

سوچتے وہ روہانسی ہو جاتی۔

پھر ایک فیصلہ کرتی ہمت کرتی اٹھی۔

ابھی وہ اٹھی ہی تھی کے اسکے کمرے کا دروازہ نوک ہوا

اسنے چونک کر دیکھا۔

شائید ایناره ہو سوچتے اسنے دروازہ کھولا جبکہ سامنے کھڑے انسان کو دیکھتے اسکا سانس خشک ہوا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ا۔ آپ یہاں۔ آبان کو سامنے دیکھتے ہکلا کر کہا۔

وہ اسے پیچھے کرتا اندر آتے دروازہ بند کر گیا۔

یہی پرواہ ہے تمہیں میری ناراضگی کی۔ سپاٹ چہرے سے کہا۔

ن۔ نہیں میں آرہی تھی۔ قسم سے میں آرہی تھی۔ وہ نم لہجے میں بولتے اسکے قریب ہوئ۔

Posted On Kitab Nagri

ان دوماہ میں آبان نے جتنے اسکے نخرے اٹھائے تھے اسے جس قدر پیار دیا تھا وہ اسکی ناراضگی برداشت نہیں کر پا رہی تھی۔

تو ٹھیک ہے پھر مناؤ مجھے۔بیڈ پر بیٹھتے سپاٹ سے انداز میں کہا۔

اسنے کن اکھیوں سے زمل کو دیکھا۔وہ سادہ سے کمیض، شلوار میں تھی، ہاتھوں پاؤں بھر بھر کے مہندی لگائی ہوئ تھی جو گہرے رنگ میں رچی ہوئ تھی وہ آبان کے دل کے تار ہلا چکی تھی۔۔

ا۔ابان ایم سوری۔میں۔۔وہ اسکے قریب آتی مدھم لہجے میں بول رہی تھی کہ آبان اسکی بات کاٹ گیا۔

میں تم سے معافی مانگنے کو نہیں کہا منانے کو کہا ہے۔کہنی کے سہارے بیڈ پر لیٹتے کہا۔

کیسے مناوں۔انگلیاں چٹخاتے پوچھا۔

کچھ ایسا کرو کے مجھے یقین آئے کہ میں تمہارے لیے امپورٹنس رکھتا ہوں۔جیسے میں تمہیں مناتا ہوں ۔وہ گہری نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زمل کانوں کی لوں تک سرخ پڑتے اسے دیکھنے لگی۔وہ جیسے اسے مناتا تھا زمل نہیں منا سکتی تھی۔وہ تو اپنی بے باکیوں سے اسے ماننے پر مجبور کر دیتا تھا۔

آبان پلیز مان جائیں نا۔آپ سچ میں میرے لیے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔بھیگے لہجے میں بے بسی سے کہا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

آنسو ٹوٹ کر پلکوں کی بار توڑنے لگے تھے۔

آبان نے گہری سانس بھرتے اسے دیکھا۔

وہ اپنا ہتھیار (آنسو) استعمال کرتے ہمیشہ اسے بے بس کر دیتی تھی۔

ادھر آؤ۔ ہاتھ بڑھاتے اسے بلایا۔

وہ آنسوں سے تر چہرے سے اسکے قریب ائی۔

آبان نے نرمی سے اسے خود سے لگایا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

مجھے سچ میں سمجھ نہیں آرہا کہ میں کیسے مناؤں اپکو۔ آپ کل سے مجھے دیکھ نہیں رہے، مجھ سے بات نہیں کر رہے مجھے برا لگ رہا ہے۔ مدھم ہچکی لیتے کہا۔

اچھا بس اب مان گیا ہوں۔ رونا بند کرو چلو شاباش۔ آبان نے پیچھے بیڈ پر گرتے اسے بھی خود پر گراتے کہا۔

وہ نظریں جھکائے اپنا چہرہ صاف کرنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیسی بیوی ہو اپنے شوہر کو منانا بھی نہیں اتا۔ اسکی بھیگی پلکیں صاف کرتے تاسف سے کہا۔

وہ نظریں جھکائے اسکے حصار میں پڑی رہی۔

مہندی دکھاؤ۔۔ کچھ دیر بعد آبان نے کہا۔ وہ نفی میں سر ہلاتے ہاتھ پیچھے کر گئ۔

کل دیکھنی ہے پلیز۔ مدھم لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

آبان کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی۔

کل تو اور بھی بہت کچھ ہونا ہے۔ مہندی آج ہی دیکھ لیتا ہوں ٹائم ویسٹ نہیں ہو گا نا۔

آنکھ ونک کرتے بے باکی سے کہا۔

زمل سٹپٹاتے اٹھنے لگی لیکن آبان کی گرفت مضبوط تھی۔

کل تمہاری زرا سی بھی مزاحمت نہیں چلے گی۔ اسکے کھلے بالوں میں چہرہ چھپاتے گہری سانس کھینچتے گھمبیر تا سے کہا۔

زمل دھک دھک کرتے دل سے اسے دیکھنے لگی۔

کل تم ہمیشہ کے لیئے میری دسترس میں آجاو گی میری بن کے۔ بہت کچھ بتانا ہے تمہیں، بہت کچھ سننا ہے۔ انتظار بہت کٹھن ہے۔ اسکے ماتھے پر لب رکھتے کہا۔

ابھی بتادیں۔ سرخ چہرے سے نظریں جھکائے معصومیت سے کہا۔

وہ نفی میں سر ہلاتا مسکرایا۔

کل جب تم مکمل میری دسترس میں او گی تب بتاوں گا۔

اسکے رخسار پر ہتھیلی کی پشت سہلاتے کہا۔

اسکے وجود سے بھینی، بھینی سی، اپٹن اور مہندی کی مہک اٹھ رہی تھی جو آبان کو مدہوش کر رہی تھی۔

وہ کروٹ بدلتا اسے نیچے کرتا اسکے لبوں پر جھک گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

زمل اس اچانک افتاد پر پھڑ پھڑانے لگی۔

لیکن آبان اسکے ہاتھ لوک کر تاشدت سے اسکی سانسیں پینے لگا۔

زمل کی کم ہوتی مزاحمت دیکھ وہ اسکے ہونٹوں کو چھوڑ گیا۔

وہ ابھی سانسیں بہال کر رہی تھی کہ اپنی گردن پر اسکے لبوں کا لمس محسوس کرتے اسکی سانس حلق میں اٹکی۔

ا۔ابان۔۔گہری سانسیں بھرتے اسے روکا۔

جان آبان۔۔۔گردن سے ہوتے اسکے کان کی لو کو لبوں سے کاٹا۔

زمل سسکی۔

میں تمہاری ان سانسوں کا اڈیکیٹ ہو رہا ہوں اور ایک تم ظالم ہو جو میری سانسیں لینے کی بجائے انہیلر کو ان نازک لبوں میں دباتی ہو۔

اسکے بھیگے لبوں کو شدت سے چومتے گھمبیر لہجے میں کہا۔

زمل شرم سے سرخ پڑتے سختی سے آنکھیں مینچ گئ۔

اس سے پہلے کہ وہ بہک کر اور شدید گستاخیاں اسکے فون پر مخصوص ٹون بجی۔

وہ چونک گیا۔

تم سو جاؤ اب کل ہی ملیں گے۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے وہ اب پر سے اٹھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسے چھوڑ تا وہ دروازہ کھولتے باہر چلا گیا۔

زمل گہری سانسیں بھرتے حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

جو بھی ہوا سکی جان بچ گئ۔کندھے اچکاتے وہ بستر میں گھس گئ۔

💞💞💞

اگلے دن کا طلوع ہوتا سورج اپنے غروب کے ساتھ آج کئ زندگیوں کو بدلنے والا تھا۔

کسی کے گھر کی رونق آج کسی اور کی بننے جا رہی تھی۔

اگر سب خوش تھے تو اداس بھی تھے۔

لیکن اپنی اداسی کو ظاہر کرنے کی بجائے وہ لوگ خوشی سے مسکراتے چھوٹے چھوٹے سے پل انجوائے کر رہے تھے کہ یہی یادیں تو ساری زندگی اب یاد رہنے والے تھے۔

لڑکیاں سب دو بجے سے ہی سیلون جا چکی تھیں۔

اسلیے گھر میں اس وقت اتنا زیادہ شور نہیں تھا۔

کیونکہ ایک بھی لڑکی جو گھر میں نہیں تھی۔

لڑکے ادھر سے ادھر بھاگتے تیاری دیکھنے میں مگن تھے۔

چھ بجے انہیں ویڈینگ حال کے لیئے نکلنا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسلیے افراتفری مچی ہوئی تھی کیونکہ چار بج چکے تھے۔

آبان جلدی آو مجھے واپس زمل کے پاس بھی جانا ہے۔

ایزل پھولوں کا تھال ٹیبل پر رکھتے اونچی آواز میں بولی۔

بلیک ٹیکسڈو میں ملبوس اپنی شاندار اور رعبدار پرسنیلٹی کے ساتھ کھڑا احازق میر ٹھٹھک گیا۔

اسنے چونک کر اسے دیکھا۔

اسنے پیل ٹی پنک کلر کا فراق پہن رکھا تھا جو اسکے گھٹنوں سے تھوڑا نیچے تھا۔ فراق کی چیسٹ پر بھاری گولڈن ایمبرائیڈری کا کام ہوا تھا۔ جبکہ باقی باڈی پر کہیں کہیں گولڈن ایمبرائیڈری کے پھول بنے ہوئے تھے۔ جبکہ فراق کا باڈر بھی چیسٹ کی طرح بھاری گولڈ کام سے تر تھا۔

شفون کے فل بازو جسکی کلائیوں پر بھاری گولڈن کام ہوا تھا جبکہ باقی بازو سمپل تھے۔

اسکے ساتھ کھلا پلازو ٹراوزر تھا۔ جس پر لائیٹ سا گولڈن ایمبرائیڈری کام ہوا تھا۔

شفون کا ڈوپٹہ جو بائیں کندھے پر اکٹھا کر کے رکھا ہوا اسکے چاروباڈر پر بھاری کام تھا۔

بالوں کا جوڑا بناتے مانگ میں گول مانگ ٹیکا سیٹ کیا ہوا تھا۔ جبکہ گلے میں چوکر پہن رکھا تھا۔ کان خالی تھے جبکہ ناک میں وہی ہیرے کی نتھ چمک رہی تھی۔

برات کے فنکشن کے لحاظ سے کیے گئے میک اپ میں وہ قہر ڈھا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق اسے دیکھنے میں اتنا مگن تھا کہ اسے ہوش نہیں رہا کہ آبان اسکے پاس سے ہوتا سیڑھیاں اتر گیا ہے۔

اتنی دیر آبان اتنی دیر میں تو دو لڑکیاں بھی تیار ہو جائیں۔وہ اسے گھورتے بولی۔

آبان ہس دیا۔

وہ روایتی دلہنوں کی طرح گولڈن کلر کی دلہے کی سٹائلش سی شیروانی میں تھا۔جس پر میرون کلر کی نفیس سی کڑھائی ہوئ تھی اسکے ساتھ میرون ہی گھیرے دار شلور پہنی ہوئ تھی۔جیل سے بالوں کو مخصوص سٹائل دیا گیا تھا۔

گرے آنکھوں میں چمک لیے وہ نک سک سا تیار ڈیسنٹ دلہا لگ رہا تھا۔

ایزل ماشاءاللہ کہتے اسکی مہرون کلر کی شال سیٹ کرنے لگی۔

آبان کی تو کوئ بہن نہیں تھی،اینارہ زمل کے پاس تھی تو ایزل نے ہی اسکی بہن کا فرض نبھاتے یہ رسم کی تھی۔

چلو اب جلدی سے نکالو میرا نیگ۔شال اسکے کندھے پر سیٹ کرتے چہک کر کہا۔

کونسا نیگ یہ شال میری تھی تو تمہارا کونسا نیگ۔وہ شرارت سے بولا۔

آیت ماما دیکھے اسے۔وہ سامنے سے آتی آیت کو دیکھتے خفگی سے بولی۔

حازق گہری سانس چھوڑتے سر جھٹکتا تیز قدموں سے اوپر کی طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اس وقت اسکا دیکھنا ایزل کے لئیے مہنگا پڑ سکتا تھا۔اس لیے وہ منظر سے ہی غائب ہو گیا۔

ماشاءاللہ۔ آبان کو دیکھتے بے ساختہ اسکی آنکھیں نم ہوئ تھیں۔

اسنے آگے بڑھتے اسکا ماتھا چومتے نظر اتاری۔

چلو اب بہن کو نیگ دو۔زہرہ نے کہا۔

یہ اچھا بھی نیگ کے نام پر لوٹ لو ہم لوگوں کو۔عاشر پریشے سے شال سیٹ کرواتا تاسف سے بولا۔

اسکی شیروانی بھی سیم آبان جیسی تھی۔

شرم تو نہیں آتی نا آپ لوگوں کو بہنوں کو دیتے ہوئے جیسے جان نکل رہی ہے۔یہیں بیوی کی بات ہوتی تو می

ں دیکھتی۔ایزل کمر پر ہاتھ رکھتے لڑاکا انداز میں بولی۔

ارے تم پہ تو جان بھی قربان ہے میرا بچہ پیسو کی تو کیا ہے بات ہے۔عاشر نے اسکے گال کھینچتے کہا۔

جان نہیں چاہئیے پیسے دیں۔اتراتے کہا تو سب ہس دیئے۔

آبان اور عاشر نے شرافت سے پیسے نکالتے انکے حوالے کیے تو وہ دونوں خوش ہوتی وہاں سے چلی گئیں۔

ماہین بھابھی نے دونوں کا صدقہ نکالا تو وہ باقی سب کے ہمراہ مسجد کے لیے نکل پڑے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

دیکھیں تو ماما مجھ سے اتنی چھوٹی ہے پھر بھی اسکی شادی میرے ساتھ ہی ہو رہی ہے۔

مجھے تو یقین ہی نہیں ہو رہا کہ واقعی میں آج اسکی شادی ہے۔

دلہن بنی روشانے سے امام ضامن بندھواتے داؤد محبت سے اسے دیکھتا بولا۔

وہ بھی اس آبان اور عاشر جیسی شیروانی ہی پہنے ہوئے تھا۔ لیکن اسنے شال کی بجائے کلہ پہنا ہوا تھا۔

وہ لوگ کچھ دیر پہلے ہی حال پہنچے تھے۔

روشانے ریڈ بلڈ برائیڈل ڈریسز میں برائیڈل ہی میک اپ اور بھاری جیلوری میں آج حور لگ رہی تھی۔

بڑے سا گول ٹیکا اور جھومر اسے منفرد سا بنا رہا تھا۔

زارا اور آہان تو کتنی ہی بار اسکی نظر اتار چکے تھے۔

روشانے کی آنکھیں بے ساختہ نم ہوئی تھیں۔

روشے اپی کو رلا دیا اپنے بھائی۔ نور جو آہان کے قریب بیٹھی تھی روشانے کو روتے دیکھ جلدی سے اٹھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس وقت پاؤں تک آتی بلیو فراق میں ملبوس تھی۔ فراق پر گولڈن ایمبرائیڈری کا کام ہوا تھا۔ اتنی ہیوی بھی نہیں تھی کہ وہ سنبھال نا سکے۔

جوڑے کی بجائے اسکی فرینچ چٹیا بنائی تھی۔ لائیٹ سے میک اپ میں جسے کرواتے ہوئے بھی اسنے تنگڑی کا ناچ نچایا تھا وہ کافی کیوٹ لگ رہی تھی۔

گڑیا اسمیں رونے والی کیا بات ہے۔ یہ خوشی کا موقع ہے روتے ہوئے نہیں مسکراتے ہوئے وداع کہنا ہے۔

وہ اسکا ماتھا چومتے بولا۔

میرا بھی۔ نور جلدی سے آگے ہوئی تو داؤد نے مسکراتے اسکا بھی ماتھا چوما۔

میری پیاری سی گڑیا جان ہو تم دونوں میری۔ دونوں کو خود سے لگاتے وہ محبت سے چور لہجے میں بولا۔

لیکن بھائی ہبی نے کہا تھا کہ جب شادی ہو جاتی ہے پھر بیوی جان بن جاتی ہے تو ہم آپکی جان کیسے ہوئی۔

نور اس سے الگ ہوتی پریشانی سے بولی۔

اسکی بات سنتے وہ چاروشٹپٹائے تھے۔

ہاں جیسا ہبی نے کہا ہے ویسا ہی ہوتا ہے اب بس چپ۔ زارا نے اسے ڈانٹا تو وہ پیر پٹکتی باہر کی طرف بڑھ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ لوگ پہلے ہی حال اچکے تھے کیونکہ یہی ڈیسائیڈ کیا گیا تھا کہ ہانیا کے سسرال والے اور آہان شاہ لوگ پہلے وہاں پہنچیں گے۔

💞💞💞

آپی اتنا کیوں گھبرا رہی ہیں یار ایک ہی گھر میں تو رہنا ہے اپنے بس کمرہ ہی تو چینج ہونا ہے۔ لیکن آپ تو ایسے ڈر رہی ہیں جیسے کوئی جنگ لڑنی ہو۔

آپسے اچھی تو وہ باقی تینوں ہیں جنہیں دور جانا ہے پھر بھی مسکراتے اپنا فنکشن انجوائے کر رہی۔

ایناره اسکے مسلسل گھبرا پر تنگ ہوتے بولی۔

ایناره اس وقت شارٹ بلیک فراق میں تھی جس پر سٹونز سے کام ہوا تھا۔ ساتھ کھلا سا ہی فلیپر تھا۔ فنکشن کے لحاز سے کیا گیا میک اپ اور لائیٹ سی جیلوری وہ کوی گڑیا لگ رہی تھی۔

اسکی آنکھوں میں چمکتی شرارت اور چہرے پر سجی مسکراہٹ اسے منفرد سا بناتی تھی۔

بلکل ٹھیک کہہ رہی ہے ایناره تم واقعی میں اب اوور ریئکٹ کر رہی ہو۔ رمشاء نے بھی اسے ڈپٹہ۔

رمشاء نے پرپل کلر کا لانگ فراق پہن رکھا تھا۔

جس پر شیشے سے کام ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہلکا سا بن بنائے باقی سب کی نسبت اسنے لائیٹ سا میکاپ ہوا تھا۔

شیشیوں والی فراق میں وہ پٹھانی گڑیا رہی تھی۔

اسکی سرخ و سپید اور گلابی رنگت اسے اس قدر حسین بنا رہی تھی کہ کوئی بھی مبہوت ہو جاتا۔

اسکے بر عکس دور فشاں نے سیم اینارہ جیسی ڈریسنگ کی ہوئی تھی لیکن اسکے ڈریس کا کلر گولڈن تھا۔

زمل روہانسی ہوتے ان دونوں کو دیکھنے لگے۔

اسکا ڈیپ ریڈ کلر برائیڈل لہنگا تھا۔

ڈارک برائیڈل میک اپ میں وہ نازک سی کانچ کی گڑیا لگ رہی تھی۔

بندیا کی جگہ اسنے ماتھا پٹی لگائی ہوئی تھی۔ جو اسپر بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔ بڑی سی نتھ جسکا موتی اسکے نچلے لب کو چھوتا اسے اور گھبراہٹ میں مبتلا کر رہا تھا۔

انڈین ساڑھی سٹائل میں سیٹ کیا گیا ڈوپٹہ جو کہ بہت زیادہ بھاری نہیں تھا۔

جبکہ سر پر جو ڈوپٹہ سیٹ کیا گیا تھا وہ کافی بھاری تھا۔

ولی نے تو باقاعدہ اسکے نام کے صدقے کے بکرے دیئے تھے۔

کہیں اسکو نظر نا لگ جائے۔

زہرہ بھی کئی بار اسکی نظر اتار چکی تھی۔

اسنے تو نظر بھر کے اسے دیکھا تک نہیں تھا کہ کہیں اسے اسی کی نظر نا لگ جائے۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں ہو گا فالتو میں پریشان ہو رہی ہو۔رمشاء نے اسکے ہاتھ پکڑتے تسلی دی۔

وہ سر ہلا گئ لیکن جانے کیوں اسکا دل عجیب سا ہو رہا تھا۔گھبراہٹ ہو رہی تھی۔یہ گھبراہٹ شادی کی نہیں تھی وہ جانتی تھی لیکن پھر کس چیز کی تھی وہ سمجھ نہیں پائ۔

💞💞💞

بریرہ اپنا ڈوپٹہ سیٹ کرتے آگے کی طرف چل رہی تھی۔جب سامنے سے آتے زیان سے ٹکرائی۔

اوئ ماں مر گئ۔کس پتھر سے ٹکرائی گئ۔ماتھا مسلتے وہ اونچی آواز میں بڑبڑای۔

زیان حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔لیکن جانے کیوں اسکی نظر ٹھہر سی گئ۔

زنک کلر کی شارٹ فراق جو اسکے گھٹنوں سے تھوڑا اوپر تھی۔اس پر گولڈ امبرائیڈری کا کام ہوا تھا۔

باڈر اور گلے پر بھاری کام تھا جب کہ باقی سمپل تھا۔اسکے ساتھ زنک ہی کیپری جیسپر بھاری گولڈن ہوا تھا۔موقع کی مناسبت سے کیے گئے میک میں وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔

شولڈر کٹ بالوں کو سٹریٹ کرتے کھلا چھوڑا ہوا تھا۔آنکھوں پر وہی گول چشمہ جبکہ مانگ میں چھوٹا سا مانگ ٹیکا بھی تھا۔

وہ یک ٹک اسے دیکھے گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اوہیلو ہری آنکھوں والے مینڈک کہاں گھو گئے۔

وہ اسکے سامنے ہاتھ لہراتے بولی۔

ہ۔ہاں۔وہ چونک کر ہوش میں ایا۔

انسان ہو کے پتھر سر د کھ گیا میرا۔وہ اپنا ماتھا سہلاتے بولی۔

کیا ہوا۔سنجیدگی سے پوچھا۔

زیان چونک کر اسے دیکھنے لگا ہیل کی وجہ سے وہ اسکے کندھے کے برابر تک آرہی تھی۔

وہ خود بھی اسوقت بلیک تھری پیس میں تھا۔

جیل سے سیٹ کیے گئے مخصوص بال اور ہیزل گرین آنکھوں میں میں سنجیدگی اسکی شخصیت کو کہیں کہیں غازیان شاہ کے روپ میں ڈھال گئ تھی۔

بریرہ اسکے چہرے پر سنجیدگی دیکھتے چپ ہو گئ۔

وہ ویسے تو ہس مکھ سا تھا دوستوں یا کزنز کے ساتھ ہوتا تو اس سے بڑھ کر ہستا مسکراتا اسنے کسی کو نہیں دیکھا تھا۔لیکن عام حالات میں وہ ایسے سنجیدہ سا رہتا تھا۔اسکے چہرے پر سختی نہیں بلکہ نرمی ہوتی تھی لیکن آنکھوں کی سنجیدگی اسے ڈیشینگ بنا دیتی تھی۔

کچھ نہیں۔نروٹھے پن سے کہتے وہ آگے بڑھ گئ۔

زیان اسے جاتا دیکھتا رہا۔پھر سر جھٹکتے وہ بھی مڑ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

برات آگئی۔حال کے باہر شور سنتے حال کے اندر ہل چل سی مچی تھی۔

چارو دلہنیں حال میں پہنچ چکی تھیں اب انکے دلہے ایک ساتھ آئے تھے۔

چاروایک ساتھ دروازے پر کھڑے تھے جنہیں آگے بڑھتے مرحانے روکا تھا۔

ہانم اور ہانیہ کے بعد ایزل اور وہ دونوں بڑی تھیں۔اس لیے وہ دونوں پیش پیش تھیں۔

بلیو ٹیکسیڈو میں ملبوس بدر مبہوت سا اسے دیکھتا رہ گیا۔

اسکا ڈریس سیم ایزل جیسا تھا لیکن اسکے ڈریس کا کلر ٹیل گرین تھا۔

وہ اس ڈریس میں اس قدر خوبصورت لگ رہی تھی کہ مرتسم بے ساختہ اسکی نظر اتار چکا تھا۔

جب وہ سحر زدہ بھوری آنکھوں سے سامنے والے کو نظریں اٹھا کر دیکھتی تو وہ سانس نہیں لے پاتا تھا۔

ڈیسینٹ سے میک اپ نے اسے اور دلکش بنا دیا تھا۔

چہرے پر معصومیت، چمک اور کشش لیے وہ بدر عالم شاہ کو چاروخانے چت کر چکی تھی۔

ناصرف بدر عالم شاہ کو بلکہ اسکے ساتھ کھڑے ساحل کا دل بھی بری طرح سے دھڑکا چکی تھی۔

اندر جانا ہے تو اس سے پہلے ہر جانا بھرنا ہے۔آنکھیں پٹپٹاتے معصومیت سے کہا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

نٹیوڈ لپسٹک سے سجے ہونٹوں پر دبی سی مسکان تھی۔

کیسا ہر جانا۔عاشر نے ائیبرو آچکاتے پوچھا۔

دیکھیں بھائی یہ رسم ہوتی ہے سالیاں بارات کا راستہ روکتی ہیں اور پھر اپنی مانگ پورے ہونے کے بعد ہی اندر جانے دیتی ہیں۔ایزل انگلی اٹھاتے حتمی لہجے کیں بولی۔

اسکے انداز پر حازق کے لب مسکراہٹ میں ڈھلے۔

لو ابھی سے لوٹنا شروع کر دیا اندر جا کر بھی تو تم لوگوں نے ابھی جانے کون کون سی رسمیں کر کے ہمیں کنگال کرنا ہے۔عمر صدمے سے بولا تو پورا حال قہقوں سے گونج اٹھا۔

ہاں تو اسی لیے کہتے ہیں شادی مطلب بربادی۔

آبان نے لقمہ دیا۔

محفل میں جیسے بہارے اتر آئی تھیں۔

جتنا ٹائم ویسٹ کریں گے اتنا ہی وقت لگے گا دلہن تک پہنچنے میں۔رمشاء نے اونچی آواز میں کہا۔

چار و دلہے سیدھے ہوتے اپنی جیبیں کھنگالیں لگے۔

اب آئے نا لائین پر۔اپنی ڈیمانڈ کے مطابق پیسے لیتے ایزل قہقہ لگاتے بولی۔

حازق نے لب دباتے اسپر سے نظریں ہٹائی تھیں۔

ہسنے کی وجہ سے اسکا چہرہ گلابی ہو چکا تھا اسے لگا جیسے سچ میں گلاب کا رس نچوڑ کی پیا ہو اسنے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

دلہے سٹیج تک پہنچے تو کچھ ہی دیر بعد دلہنوں کی اینٹری کا بھی شور اٹھا تھا۔
حال کی لائیٹس اوف ہو گئیں اسکے ساتھ ہی ایک مین لائیٹ اوون ہوئی تھی جسنے حال کے وسط میں کھڑی دلہنوں کو کور کیا تھا۔
مدھم میوزک نے ماحول کو خوابناک بنایا تھا۔

Teri Kudmayi Ke Din ,

Aa Gaye Ohh.

Tere Kudmayi Ke Din Aa gye

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب سے آگے ہانم کھڑی تھی اسکے برابر میں ہانیا جبکہ ان کے پیچھے روشانے اور زمل تھیں۔
چاروں کے چہرے پر گھونگھٹ تھا جسے ان چاروں نے دونوں ہاتھوں سے آگے سے پکڑا ہوا تھا۔
جبکہ انکے دائیں بائیں ساری لڑکیاں کھڑی تھیں ہاتھوں میں پھولوں کے تھال پکڑے۔

Posted On Kitab Nagri

salma sitaron wali

Shagna di shab aye ry

Bano ki bany sy Jo milny ki rut laye wy

Shehnaye Yun gonji

Sub ki ankhyn Bhar aye ry

Hoo

انکے چلتے ہی انہوں نے وہ پھول ان پر برسائے جبکہ بیک گراؤنڈ میں مدھم میوزک ابھی بھی بج رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Teri Kudmayi Ke Din

Aa Gaye Ohh.

Tere Kudmayi Ke Din Aa Gaye

Madhaniya...

Posted On Kitab Nagri

وہ جیسے جیسے چلتی جارہی تھی پھول ان پر برستے جارہے تھے جبکہ مدھم میوزک بھی تھوڑالاؤڈ ہوا تھا۔

Haaye Oh Mere Babula Teriyan Mithiyan Yaadan Mere Peeche

Peeche Auniyan Haayee

وہ چارو حال کے وسط میں چلتی اتنی خوبصورت لگ رہی تھیں کہ سب مبہوت سے انہیں دیکھ رہے تھے۔

Ankhiyan Jo digdy hanju

Khushiyan dy

Teri banjana AJ to

Sajna vy

سونگ چینج ہوا تھا۔

انکے سٹیج تک پہنچتے چارو دلہے ٹرانس کی سی کیفیت میں انہیں دیکھتے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

Khusiyaan Da Chadeye Aaj Vela Ve, Saareyaan Ne Nachana Saareyaan Ne

چلیں بھی اپنی اپنی دلہن کو پہنچانے اور لے جائیں ہاتھ پکڑ کر۔

ایزل کی چہکتی آواز محفل زعفران بنی تھی۔

آبان لب دباتے ہانم اور ہانیہ کے بیچ سے ہوتا زمل کے سامنے کھڑا ہوا تھا۔

زمل نے دھڑکتے دل سے اسے دیکھا۔اسنے اسے پہچان لیا تھا۔

آبان نے ہاتھ آگے بڑھایا تو وہ لرزتا ہاتھ اسکے ہاتھ پر رکھ گئ۔

اسکے ساتھ ہی ہال سیٹیوں سے گونج اٹھا۔

وہ مدھم مسکراہٹ لبوں پر سجائے اسے سٹیج پر لے ایا۔

ایک جتاتی نظر نیچے کھڑی لڑکیوں پر بھی ڈالی۔

آبان کے بعد اب وہ تینوں ایک ساتھ آگے بڑھے تھے اور ٹھیک اپنی اپنی دلہنوں کے سامنے جاتے بڑے حق سے انکا ہاتھ پکڑتے سٹیج پر لے ائے۔

ینگ جینریشن کی ہوٹینگ سے دلہنیں سرخ پڑی تھیں جبکہ دلہے بے شرمی سے مسکرا رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

زرک نگینوں سے سجے برائیڈل لہنگے میں ہانم نے کن اکھیوں سے اپنے ساتھ بیٹھے داؤد کو دیکھا جو اپنے ساتھ بیٹھے کاشان کی طرف متوجہ تھا۔

وہ برائیڈل میک اپ اور ہیوی جیولری میں انتہائی خوبصورت لگ رہی تھی۔

کھنکھارتے اسنے اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔

داؤد چونک کر اسے دیکھنے لگا۔

آپ میرے ڈوپٹے پر بیٹھے ہیں۔ مدھم لہجے میں کہا۔ داؤد لب دباتا تھوڑا سا سرک کر پیچھے ہوا تو اسنے اپنا دوپٹہ اسکے نیچے سے نکالتے سکون کا سانس کیا۔

آج ان کے شوہروں نے گھونگھٹ پر کوئ رولا نہیں ڈالا تھا بلکہ یہ انہی کا حکم تھا کیونکہ فنکشن کافی پڑے پیمانے کا تھا بہت سارے لوگ تھے اس لیے انہیں انکے گھونگھٹ پر کوئ اعتراض نہیں تھا۔

کچھ دیر تک رسم کے بعد سب لوگ کھانے کی طرف متوجہ ہو گئے۔

اور پھر کچھ دیر تک لڑکیاں دودھ پلائ کی رسم کے لیئے سٹیج پر نیچے ہی ڈیرہ ڈالا چکی تھیں۔

چلیں عمر بھائ آپ سب سے بڑے ہیں سب سے پہلے آپسے شروع کرتے ہیں۔

دلہن بنی ہانیا کے پاس بیٹھے عمر کو گھیرا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ مسکراتے دودھ کا گلاس اٹھا گیا۔

لیکن یہ کیا جیسے ہی اسنے منہ سے لگایا دودھ کی جگہ میٹھی لسّی کا ذائقہ محسوس کرتے اسے کھانسی کا شدید دورا پڑا

یہ تو لسی ہے۔اسکی صدمے بھری آواز گونجی اسکے ساتھ ہی پورا حال قہقہوں سے گونج اٹھا۔

ہاہاہاہا۔ہاں تو تھوڑا سا اینٹیٹینمینٹ بھی تو چاہیئے تھا نا۔مرحا قہقہ لگاتے بولی۔

لڑکیاں ہاتھ پر ہاتھ مارتے ہس دیں۔وہ بے چارا اپنی سی شکل لے کر رہ گیا۔

اچھا اچھا یہ لیں اسمیں دودھ ہی ہے پکا۔ایزل دودھ کا گلاس اسے دیتے بولی۔

جسے اسنے مشکوک نظروں سے دیکھتے سپ لیا لیکن وہ دودھ ہی تھا تو اسنے شکر کا سانس لیا۔

اب وہ داؤد کی طرف گھومی جو عمر کی درگت بنتے دیکھ سیدھا ہوا تھا۔

دیکھو میں لسی نہیں پیتا تم لوگ مجھے دودھ ہی دینا مینے تو تم لوگوں کا نیگ بھی تیار کر رکھا ہے۔وہ جلدی سے ایک لفافہ نکالتے معصومیت سے بولا۔

محفل ایک دفع پھر سے زعفران بنی تھی۔

ڈونٹ وری بس آپ لوگوں کو وارن کرنا تھا۔ایناہ ہستے ہوئے بولی۔

ہاں ساری دشمنی سے مجھ معصوم سے تھی۔عمر انہیں گھورتا بڑبڑایا۔

اسکے بعد انہوں نے آبان اور عاشر کو بھی شرافت سے دودھ ہی دیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہاں بھئی نکالو اب ہمارا نیگ۔چاروں سے ایک ساتھ کہا گیا۔

جسے عمر اور داؤد نے تو شرافت سے دے دیا وہ اب اپنی ان خطرناک سالیوں سے کوئی پنگا نہیں لینا چاہتا تھے۔

آبان بھائی، عاشر بھائی آپ بھی دلہے ہیں۔انہیں ایسے ہی دیکھتے بریرہ نے خفگی سے کہا۔

بیٹا جی دلہا ہوں اور پولیس والا بھی اسلیے مجھ سے رشوت مت مانگو دلہن دینے کی۔وہ مونچھوں کو تاؤ دیتا رعب سے بولا۔

آبان بھائی یہ جو آپکے پہلو میں دلہن بنی بیٹھی ہے نا اس کا آپسے زیادہ رعب ہے اسلیے شرافت سے نکالیں ورنہ ہم دلہن بھی نہیں دیں گے۔

مرحانے نروٹھے پن سے کہا۔

البتہ عاشر دلچسپی سے انکی نوک جھوک دیکھنے لگا۔

وہاں سب لوگ ہی انکی نوک جھوک انجوائے کر رہے تھے۔

اسکا روٹھا روٹھا سا چہرہ اس قدر دل نشین تھا کہ بدر کا دل مچل اٹھا۔

ساحل البتہ یہاں نہیں تھا۔

کیٹرینگ والوں کو کوئی پرابلم ہو گئی تھی وہ اور حازق وہیں پر بزی تھے۔

پولیس والے کو دھمکی وہ فوراً سے سیدھا ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو پولیس والے ہونے کا رعب مت جمائیں نکالیں ہمارے پیسے جلدی کریں۔

ایزل اسے کسی خاطے میں نہیں لائی۔

آبان نے انکے نروٹھے چہرے دیکھتے مسکراتے زیان کو اشارہ کیا وہ سر ہلاتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

کچھ دیر بعد وہ واپس آیا تو اسکے پاس چھوٹے چھوٹے سے کافی سارے باکس تھے۔

یہ لو ہم دونوں کی طرف سے۔ حق حلال کی اتنی ہی تنخواہ ہے گزارا کرو۔ عاشر نے بچارگی سے کہا۔

وہاں سب لڑکیوں کے لیئے ان دونوں نے مل کے گولڈ کی رنگز بنوائی تھیں۔

بہت پیاری ہیں بھائی تھینکیو سو مچ۔۔ ایزل خوشی سے چیخی۔ عاشر نے مسکراتے اسکا گال کھینچا۔

جبکہ اس منظر کو حال میں آتے حازق نے سرد نظروں سے دیکھا تھا۔

وہ صبح سے تتلی بنی ادھر ادھر گھوم رہی تھی۔ اسکی کمر کے زخم اتنے بھی ہلکے نہیں تھے کہ ایک دن میں بلکل ٹھیک ہو جاتے۔

اور وہ نیل جو کہ کافی گہرا لگ رہا تھا حازق کو بے چین کیے ہوئے تھا لیکن اسے کل سے ایک ایک پل کے لیے بھی وقت نہیں ملا اس سے ملنے کا۔

ایزل صبح بھی اس سے بات کرنا چاہتی تھی وہ شائید اسے کچھ دکھانا چاہتی تھی لیکن جلدی میں وہ اسکے پاس جا ہی نہیں سکا۔

سر جھٹکتے وہ مرتسم کی طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

رخصتی کے وقت سب کی آنکھیں نم تھیں۔

زارا اور آہان روشانے کے جانے پر غمگین تھے تو وہ لوگ ہانیا اور ہانم کے جانے پر لیکن پھر بھی کافی حد تک وہ لوگ خود کو سنبھالتے خوشی سے اپنی بیٹیوں کو رخصت کر چکے تھے۔

روشانے اور زمل کو لے کر وہ لوگ شاہ ولا کے لیئے نکلے تھے۔

جبکہ آہان شاہ لوگ اپنے گھر اور ہانیا اپنے سسرال کی طرف روانہ تھی۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھولوں، پٹاخوں سے اسکا شاندار استقبال کیا گیا۔

اسکے سسرال والوں نے بہت محبت اور پیار سے اسے اپنوں میں ویلکم کہا تھا۔

وہ جھکی، شرمائی سی عمر کے پہلو میں کھڑی تھی۔

کچھ رسموں کے بعد اسے عمر کے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔

اسکے کچھ دیر بعد ہی عمر کمرے میں ایا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانیا خود میں سمٹ گئ۔

اسلام و علیکم!!اسکے قریب مسہری سے سجے بیڈ پر بیٹھتے آہستہ سے کہا۔

ہانیا نے سر ہلاتے زیر لب جواب دیا۔

عمر نے آگے بڑھتے اسکا گھونگھٹ ہٹا دیا۔

وہ سٹل ہوا تھا۔ مبہوت سا اسے دیکھتا رہا۔

اہم۔۔وہ ہلکا سا کھنکھاری۔

بہت خوبصورت لگ رہی ہیں اپ۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے گھمبیر تا سے کہا۔

ہانیہ مسکرا دی۔

مہر کو لگ رہا تھا کہ جیسے سالوں پہلے کا وقت دوبارہ ان کھڑا ہوا ہے جہاں مرحا کو بدر اور ساحل میں سے ایک کو چننا تھا آج وہ بدر کو چن سکتی تھی لیکن یہ تو اسکی بیٹی ہی کر سکتی تھی۔

مرتسم نے گہری سانس بھری۔

بدر ایک پرفیکٹ لائیف پاٹنر ہو سکتا ہے اسمیں کوئی شک نہیں۔لیکن مینے تمہیں بتایا ہے کہ ساحل کا پرپوزل بھی آچکا ہے جو ہم مرحا کو بتا چکے ہیں اور بدر کے بارے میں بھی بتائیں گے یہ اب مرحا پر ڈیپینڈ کرتا ہے وہ کس کو چنتی ہے۔مرتسم سنجیدگی سے بولا۔

نورین لب بھینچ گئی۔جانے کیوں اسے آج بدر میں امن نظر آرہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میں سمجھ سکتا ہوں۔ مرحا کی لائیف ہے وہ جسے چوز کرے گی سوچ سمجھ کر ہی کرے گی ہمیں کوئ مسلہ نہیں۔

عالم مسکراتا بولا۔

لیکن کہیں نا کہیں دل اندر سے خوفزدہ تھا وہ اپنے بیٹے سے واقف تھا جو بہت کم کسی چیز یا انسان کی طرف متوجہ ہوتا تھا لیکن۔ اگر ہو جاتا تھا وہ اسے اپنی پوری شدتوں سے چاہتا تھا اور مرحا وہ تو جیتی جاگتی انسان تھی اسے کتنی شدت سے چاہتا ہو گا وہ۔

میں جانتی ہوں آپ دونوں کیا سوچ رہے ہیں لیکن اسکا فیصلہ ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے زندگی مرحا نے گزارنی ہے وہ جسے چاہے گی ہم بس اسکے خوشی میں خوش ہیں۔ میں جانتی ہوں دونوں میں کسی ایک کا دل ٹوٹے گا لیکن ہم مرحا کے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتے۔۔ وہ دھیمے لہجے میں بولی۔

عالم نے اسکا جھکا سر دیکھا تو آگے بڑھتے نرمی سے اسے خود سے لگایا۔

میں جانتا ہوں میری جان اور وعدہ کرتا ہوں اس سے ہمارے رشتوں پر کوئ اثر نہیں پڑے گا۔ وہ نرمی سے بولا۔

مہر خاموش رہی۔

جانے کیوں اسے بہت خوف سا آرہا تھا۔ کہیں نا کہیں وہ جانتی تھی مرحا کسے چنے گی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

پھوپھو مرحو کہاہے۔۔؟وہ ماہم اپیا کے قریب آتا ادھر ادھر دیکھتا بولا۔

مرحاتو کافی دیر پہلے بدر کے ساتھ گئ تھی۔خیریت۔ماہم نے اسکا بے چین چہرہ دیکھ حیرت سے پوچھا۔

جی وہ بس ایک کام تھا۔وہ کہتا تیزی سے باہر کی طرف بڑھ گیا۔

جانے کیوں اسے بے چینی سے ہو رہی تھی۔اور یہ بے چینی اسے تب ہوتی تھی جب اس سے جڑا وجود اسکی جڑواں مرحا کسی تکلیف میں ہو۔

وہ اسکی جڑواں تھی اسکی تکلیف وہ محسوس کر سکتا تھا۔

ابھی بھی وہ کمرے میں بیٹھا کام کر رہا تھا جب اچانک اسکا دل گھبرانے لگا عجیب سی بے چینی ہونے لگی تھی۔بار بار مرحا کا خیال آرہا تھا اس لیے وہ ہر کام چھوڑتا اسکی تلاش میں نکل پڑا۔

اسنے مرحا کی لوکیشن چیک کی جو مہر کے فلیٹ کی تھی۔وہ حیران ہوا مرحا بدر کے ساتھ رات میں مہر کے فلیٹ کیا کر رہی تھی۔

سر جھٹکتے وہ تیز ڈرائیونگ سے مہر کے فلیٹ پہنچا۔

وہ گاڑی پارک کرتا دروازے تک ایا۔

بیل دی تو دوسری بیل پر ہی ڈور کھل گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا حازق کو اپنے سامنے دیکھتے ایک پل کو گھبرائی۔

پھر اپنے تاثرات پر قابو پاتے اسے اندر آنے کا راستہ دیا۔

وہ جانتی تھی وہ اسکی لوکیشن سے یہاں پہنچا ہے۔

اس وقت یہاں کیا کر رہی ہو۔

دروازہ بند کرتے اسے دیکھا۔اسکی سرخ سوجھی آنکھیں دیکھتے حازق کے دل کو کچھ ہوا۔

اسکے قریب آتے نرمی سے اسکا ماتھا چومتے اسے خود سے لگایا۔

کیا ہوا۔۔اسکا سر ہلاتے نرمی سے پوچھا۔

مرحا اسکا حصار پاتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

حازق نے اسے رونے دیا وہ جانتا تھا یقیناً بات کوئی بڑی ہے ورنہ وہ چھوٹی چھوٹی سی باتوں پر کبھی ایسے نہیں روتی تھی۔

وہ نرمی سے اسے تھپکتا رہا۔کچھ دیر بعد وہ خاموش ہوئی تو حازق نے اسکا چہرہ سامنے کیا۔

کیا ہوا ہے۔ابکی بار لہجے میں سنجیدگی بھی تھی۔

مرحا اسے دیکھتے اسکا ہاتھ ہٹاتے پیچھے ہوئی۔

ٹیبل سے ٹشو اٹھاتے اسنے اپنی آنکھیں صاف کیں۔

بدر نے مجھے پرپوز کیا ہے اج۔رونے کی وجہ سے بھاری ہوتی آواز میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق چونکا نہیں وہ جانتا تھا بدر مرحا کو پسند کرتا ہے۔

لیکن مرحا کی اگلی بات پر حیرت کا شدید جھٹکا لگا۔

مرحا اسے سب بتاتی گی۔

بچپن سے۔۔وہ آہستہ سے بڑبڑایا۔

وہ سر ہلا گئ۔

وہ ہمیشہ سے ہی اس سے اپنی ساری باتیں شئیر کرتی تھی۔وہ اس سے کچھ بھی چھپاتی نہیں تھی۔

تم نے انکار کر دیا ہے تو پھر یہ آنسو کیوں۔اسکا سر تھپکتے بغور اسکا سرخ چہرہ دیکھتے پوچھا۔

مینے انکار کر دیا ہے کیونکہ وہ مجھے بہت عجیب لگتا ہے حازق۔میں اسکے ساتھ پوری لائیف گزارنے کا سوچ بھی نہیں سکتی وہ بہت سیریس ٹائپ بندہ ہے اور میں ایسی نہیں۔

لیکن میں اسکا دل نہیں توڑنا چاہتی تھی۔میرے انکار پر اسکا چہرہ لٹھے کی مانند سفید پڑ گیا تھا۔حازق وہ رو رہا تھا۔اور مجھے اسکا دل توڑنا بہت برا لگ رہا ہے۔

میں اسکا دل نہیں توڑنا چاہتی لیکن میں اسے ایکسیپٹ بھی نہیں کر سکتی۔وہ اسکے سینے میں چہرہ چھپائے پھر سے رو دی۔

اسکے سامنے ابھی تک بدر کا سفید چہرہ اور آنسوں سے بھری آنکھیں گھوم رہی تھیں۔

بے شک وہ جتنی بھی مضبوط تھی لیکن وہ اپنی ماں کی طرح وہ نرم مزاج اور نرم دل رکھنے والی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

تم نے اس سے جھوٹ کیوں بولا۔۔اسے صوفے پر بٹھاتے پوچھا۔

اس لیے کہ وہ پوری طرح سے مجھے بھول جائے۔سوں سوں کرتے کہا۔

بھول جانا آسان ہوتا ہے کیا۔۔اسے پانی دیتے حازق عام سے لہجے میں بولا۔

لیکن اسکی بات کا پس منظر سمجھتے مرحا سر جھکا گئ۔

ڈونٹ وری یہ تمہارا حق ہے اپنی مرضی سے اپنا پاٹنر چوز کرنا۔

اسے خود سے لگاتے نرمی سے تھپکتے کہا۔

مرحا اسکی شفقت بھری آغوش میں آنکھیں موند گئ۔

اسکا سر شدید پھٹ رہا تھا۔لیکن حازق سے بات کر کے وہ اچھا محسوس کر رہی تھی۔

اسے بدر کی ٹینشن تھی بس وہ ٹھیک ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہ جلدی سے فریش ہو کے نیچے آئ لیکن وہ آج بھی پچھلے ایک ہفتے کی طرح اسکے اٹھنے سے پہلے ہی جا چکا تھا۔

وہ آنسو پیتے ناشتہ کرنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

تبھی سونیا چہکتی ہوئی وہاں آئی۔

اسلام و علیکم بھابھی!!اسکے قریب بیٹھتے کہا۔۔

زمل نے زیر لب جواب دیا۔

وہ سانولی سی رنگت والی منموہنی سی لڑکی تھی۔

زمل کو اسے دیکھ ہمیشہ اینا رہ یاد آتی تھی۔اسکی سونیا سے اچھی دوستی ہو گئ تھی۔

لیکن سونیا کالج چلی جاتی تو وہ پھر سارا دن بور ہوتی رہتی۔

سونیا کو اسنے اپنے ساتھ ہی ناشتہ کرنے کی اوفر کی تھی آبان تو چلا جاتا تھا اور اس سے اکیلے ناشتہ نہیں ہوتا تھا اسلیے وہ ناشتہ اور ڈنر سونیا کے ساتھ ہی کرتی تھی۔

کیونکہ آبان تو رات اسکے سونے کے بعد ہی واپس آتا تھا۔

اوکے بھابھی اللہ حافظ !!سونیا جلدی سے ناشتہ کرتے اسکا گال چومتے اپنا بیگ اٹھاتے چلی گئ۔

زمل اداس نظروں سے اسکی پشت دیکھنے لگی۔

زندگی ایسی ہو گئ تھی ایسا تو اسنے کبھی نہیں سوچا تھا۔کیا اسکی ساری زندگی ایسے ہی کٹنے والی تھی۔

بھرائی آنکھوں سے سوچا۔

وہ پہلے والی زمل سے بہت مختلف لگ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ہر وقت نم آنکھیں، پھیکا سا اداس چہرہ، رف سا حلیہ وہ کہیں سے بھی پندرہ دن کی دلہن نہیں لگ رہی تھی۔

نہیں ایسے نہیں چل سکتا مجھے آبان سے بات کرنی ہے میں انسے معافی مانگوں گی میں اب اور یہ سب برداشت نہیں کر سکتی۔

آنکھیں رگڑتے سوچا۔

💞💞💞

وہ ٹی۔وی لاؤنج میں بیٹھی آبان کا انتظار کر رہی تھی آج تو اماں اور سونیاں بھی جلدی چلی گئ تھیں اور اسے اکیلے اس گھر میں خوف سا آرہا تھا۔اور آج موسم بھی برآلودہ سا تھا۔

اسنے ان دونوں کو رکنے کا کہا لیکن سونیا کو اپنی فرینڈ کے گھر گروپ سٹڈی کے لیئے جانا تھا اور اماں کی طعبیت آج خراب تھی۔

ڈر سے اب اسے رونا آرہا تھا۔

یکدم باہر سے بادل گرجنے کی آواز آئ تو وہ چیخ کر کانوں پہ ہاتھ رکھتے خود میں سمٹ گئ۔

بارش شروع ہو چکی تھی اور اسکے ساتھ ہی لائیٹ بھی چلی گئ۔

ا۔ابان۔اسنے روتے ہوئے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

موبائل کی ٹارچ جلاتے وہ جلدی سے باہر بھاگی۔

سرونٹ کوارٹر میں اس وقت ویسے بھی اندھیرا ہوتا تھا کیونکہ اماں ساری لائیٹس اوف کر کے ہی سوتی تھی شائید اس لیے انہیں بھی پتہ نہیں چلا۔

وہ موبائل کی ٹارچ جلائے سرونٹ کوارٹر کی طرف بھاگی لیکن وہ داخلی دروازے سے تھوڑا دور تھا اور زمل کو وہاں جاتے ہوئے ڈر لگ رہا تھا۔

بارش کی تیز بوچھاڑ اسے پل میں بھگو چکی تھی۔

کیونکہ آسمان پر بہت تیز بجلی چمک رہی تھی۔

بابا۔باہر دروازے کے ساتھ نیچے بیٹھتے سسکتے پکارا۔

بابا پلیز آجائیں۔۔گھٹنوں میں منہ چھپائے وہ شدت سے رو دی۔

بارش اسے بھگوتے جا رہی تھی کہ اسکا وجود کانپنے لگا۔

اسکا سانس بند ہو رہا تھا لیکن اسمیں اتنی ہمت نہیں تھی کہ اندھیرے میں ڈوبے اس گھر میں جا کر انہیلر لے آئے۔

تقریبا پنتالیس منٹ تک وہ وہاں بیٹھی سکتی رہی۔

تبھی باہر گاڑی کا ہارن سنائی دیا۔

گارڈز نے بھاگ کر دروازہ کھولا تو آبان کی گاڑی اندر آئی۔

Posted On Kitab Nagri

زمل خود میں سمٹی ویسے ہی بیٹھی رہی۔

مین گیٹ دور تھا بلکل سرونٹ کوارٹر کے ساتھ وہ جانتی تھی آبان نے ابھی گاڑی پورچ میں پارک کرنی ہے پھر اس طرف آنا ہے۔

جیسے ہی پورچ میں گاڑی رکی آبان سر پہ ہاتھ رکھے بارش سے بچتا جلدی سے اندر کی طرف بڑھا لیکن سامنے دہلیز پر بیٹے وجود کو دیکھتے اسے حیرت کا شدید جھٹکا لگا۔

زمل۔زیر لب دہراتے اسکی طرف بڑھا۔

زمل یہاں کیوں بیٹھی ہو۔اسکے قریب بیٹھتے آبان نے اونچی آواز میں اسے پکارا۔

زمل نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

آبان۔۔سسک کر کہتے وہ اسکے سینے سے لگی۔

آبان ساکت رہ گیا۔

بارش ان دونوں کو پوری طرح بگھو چکی تھی۔

ا۔بان مجھے اندر بہ۔ت ڈر لگ رہا تھا۔اندھیرا ہو گیا ہے ا۔ندر۔

مج۔ھے اس بڑے گھر سے خوف آتا ہے۔

میں کھ۔بی اکیلی ن۔نہیں رہی۔می۔نے غلطی کی پل۔یز اتنی بڑی سز۔امت دیں۔م۔مجھے ڈر لگتا ہے تن۔ہائی سے اندھیرے سے۔ب۔بابا ہوتے تو ک۔کبھی مجھے ایسے نا چھوڑتے۔

Posted On Kitab Nagri

شدت سے روتے ہچکیاں بھرتے کانپتے لہجے میں کہا۔

آبان کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔زمل نے جو غلطی کی وہ ایک طرف لیکن اسکو یوں اکیلا چھوڑنا آبان کی غلطی تھی وہ جانتا تھا وہ کتنی حساس ہے۔

اور سب سے بڑی بات وہ اسکے ولی کی بابا کی بیٹی ہے۔ابھی جس طرح اسنے کہا کہ بابا ہوتے تو کبھی مجھے ایسا نا چھوڑتے یہ بات اسکے دل کو لگی تھی۔

وہ بے ساختہ اسکے گرد حصار باندھ گیا۔

ریلیکس میں ہوں نا۔اسے کھڑا کرتے خود میں بھینچتے کہا۔

تب تک گارڈز شائید جرنیٹر اون کر چکے تھے وہ اسے لیے اندر کی طرف بڑھا۔

وہ بری طرح سے کانپ رہی تھی۔

آبان نے اسے صوفے پر بٹھاتے جلدی سے ٹیبل پر پڑا اسکا انہیلر اٹھاتے اسے دیا۔

اسے گارڈز پر شدید غصہ آرہا تھا جنہوں نے اب جنریٹر اون کیا تھا وہ جانے کب سے وہاں بیٹھی سسک رہی تھی۔

پیو۔زمل نے انہیل کر لیا تو اسے پانی کا گلاس دیا۔

ٹھیک ہو تم۔فکر مندی سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی سرخ سوجھی آنکھیں اس بات کی گواہ تھیں کہ وہ کافی دیر سے رو رہی تھی۔

کپکپاتے ہونٹ بھی نیلے پڑ چکے تھے جبکہ اسکے گیلے کپڑے اسکے بدن سے چپکتے اسکے خدوخال واضح بیان کر رہے تھے۔وہ نظریں چرا گیا۔

تم چینج کر لو ورنہ بیمار وہ جاؤ گی۔نرمی سے کہا۔

زمل بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔

اسکی سیاہ آنکھوں میں سرخی کی لکیر آبان کو پاگل سی کر گئ تھی وہ خوبصورت تھی وہ جانتا تھا لیکن اسکی یہ سیاہ آنکھیں سب سے زیادہ آبان کو گھائل کرتی تھیں۔

چلو۔اسکا ڈر سمجھتے اسکا ہاتھ پکڑتے اٹھایا اور اسکے ساتھ ہی کمرے کی طرف بڑھا۔

میں یہیں ہوں تم چینج کر لو۔اسکے کمرے کے باہر رکتے کہا۔

زمل کپکپاتے وجود سے سر ہلاتے جلدی سے اندر کی طرف بڑھی کیونکہ اسے شدید ٹھنڈ لگ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آبان خود بھی بھیگ چکا تھا اسلیے چینج کرنے اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔

کچھ دیر بعد وہ دونوں چینج کرتے نیچے آ گئے۔

آبان اسکے لیئے کافی بنا رہا تھا کیونکہ وہ بری طرح سے کانپ رہی تھی۔اسے شائید بخار ہو چکا تھا۔

کافی بنا کر اسے دیتے اسنے گارڈز کی اچھی خاصی کلاس لی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

زمل کا سر چکرا رہا تھا اسے شدید ٹھنڈ لگ رہی تھی۔ آبان جب واپس کچن میں آیا تو وہ کانپتے اپنے بازو فولڈ کیے شائید سردی سے بچنا چاہ رہی تھی۔

روم میں چلو۔ وہ اسکے کانپتے وجود کو دیکھتا فکر مندی سے بولا۔

زمل تیزی سے آگے بڑھتے اسکے سینے میں اسمائ۔

آبان ایک بار پھر ساکت ہوا تھا۔ وہ بار بار اسکے سینے سے لگتے اسکے جزبات بھڑکا رہی تھی۔

ا۔ابان مجھے ٹھ۔نڈ لگ رہی تھی۔نیلے پڑتے ہونٹوں سے کہا۔

وہ آبان کے سینے میں گھسنے کی کوشش کر رہی تھی کہ شائید سردی سے بچ سکے۔

آبان نے لب بھینچتے اسے اٹھایا۔

وہ اسے اپنے روم میں لے ایا۔ اسے بیڈ پہ لٹاتے اسنے ہیٹر اون کیا۔

موسم تو ویسے ٹھیک تھا لیکن بارش کی وجہ سے اچھا خاصہ ٹھنڈا ہو چکا تھا اوپر سے وہ پتہ نہیں کب سے بارش میں بھیگ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آبان نے کمبل نکالتے اسے اچھے سے ڈھانپا لیکن وہ ہنوز کانپ رہی تھی۔

اسکا چہرہ اور ہاتھ پاوں شدید ٹھنڈے ہو رہے تھے۔

وہ نیم غنودگی میں جانے لگی۔

آبان پریشانی سے کبھی اسکے ہاتھ سہلاتا تو کبھی پاؤں لیکن کوئ فرق نہیں پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

اس وقت کوئی ڈاکٹر بھی نہیں مل سکتا تھا کیونکہ بارش بہت تیز ہو گئی تھی۔

اسنے فرسٹ ایڈ باکس سے اسے کچھ میڈیسنز دیں لیکن اس سے بھی اسے کوئی فرق نہیں پڑا۔

زمل کے وجود کو حرارت چاہیئے تھی اور جو وہ سوچ رہا تھا ویسا کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن ناچاہتے ہوئے بھی کرنا پڑا۔

اپنی شرٹ اتار کر پھینکتے وہ زمل کے ساتھ بلیکنٹ میں ایا۔اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے آبان نے اسے خود میں بھینچا۔

اسکی کمر کو سہلاتے وہ مزید اسے خود میں بھینچا۔زمل کا وجود ٹھنڈا پڑ چکا تھا۔

زمل۔آبان نے اسے پکارا۔لیکن اسکے ہونٹ کے ساتھ چہرہ بھی نیلا پڑنا لگا۔

حلق تر کرتے اسکے نیلے پڑتے ہونٹوں کو انگوٹھے سے سہلایا۔

اسکے سفاک الفاظ یاد کرتے وہ وہ اسکے ہونٹوں پر جھکنے کی خواہش دل میں دباتا انگوٹھے سے ہی سہلانے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکی گہری گرم سانسیں زمل کر چہرے پر پڑ رہی تھیں۔

کچھ دیر تک اسکا وجود یونہی ساکت رہا تو آبان ضبط کھوتے اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔وہ اسکے ہونٹوں کو چومتا اپنی شدت سے انہیں سرخ کرنے لگا۔

وہ پچھلے دو ہفتوں کی پیاس بجھاتا اپنی سلگھتی سانسوں سے اسکا حلق سوکھا رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

نیم غنودگی میں بھی اسکی شدت پر زمل کی سانس حلق میں اٹکی تھی۔

آبان اسکی بند ہوتی سانس کو محسوس کرتا نرمی سے پیچھے ہوا۔

اسکے ہونٹوں کو چھوڑے وہ کروٹ بدلتا اپنے بھاری وجود تلے زمل کو چھپا گیا۔

زمل۔۔اسکے گال کو انگلی سے سہلاتے نرمی سے پکارا۔

زمل کا وجود ابھی بھی ٹھنڈا تھا۔

وہ اسکی شہ رگ کو ہونٹوں سے سہلاتا گردن پر جھکا۔

وہ کبھی اسکی گردن پر اپنی مونچھیں رگڑتا تو کبھی اسے اپنی شدت سے سرخ کرتا۔

آبان کی سانسیں بھاری ہونے لگی۔اسکی آنکھوں میں خمار کی سرخی گہری ہوئی تھی۔

اسکی شرٹ کندھوں سے سرکاتے وہ اسکے کندھوں پر اپنا سلگھتا لمس چھوڑنے لگا۔

اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اوپر اٹھاتے جھٹکے سے اسکی شرٹ کی زپ کھولی۔

اسکی زپ کھلتے ہی شرٹ ڈھیلی ہو گئی۔آبان اسکے کندھوں سے ہوتا اسکی دھڑکنوں پر اسکا سلگھتا لمس چھوڑنے لگا۔

زمل کا سرد وجود اسکے لمس سے گرم ہونے لگا۔

اسکی پلکیں لرزنے لگیں۔

Posted On Kitab Nagri

آبان اسکی کمر سہلاتا دوسرے ہاتھ سے اسکے شرٹ میں ہاتھ ڈالتا اسکے پیٹ پر انگلیاں چلانے لگا۔ جبکہ ہونٹ بے باکی سے اسکی گہرائیوں پر سرک رہے تھے۔

آبان کا ہاتھ اسکے پیٹ کو چھوتا بیلی بٹن تک آیا تو زمل کے وجود کو جھٹکا لگا۔ وہ سرخ چہرے سے نیم وا آنکھیں کھولتی اسے دیکھنے لگی جو اسکی دھڑکنوں پر جھکا اپنی شدتوں سے اسے کانپنے پر مجبور کر گیا تھا۔

ا۔ابان۔۔بھاری ہوتی سانس سے پکارا۔

آبان کے لب اور ہاتھ ساکت ہوئے۔

اسنے سر اٹھاتے زمل کو دیکھا وہ گہری سانسیں بھرتی نیم وا آنکھوں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

دونوں کی آنکھیں سرخ تھیں۔زمل کی آنکھیں زیادہ دیر بارش میں بھیگنے کی وجہ سے تو آبان کی آنکھیں خمار کی وجہ سے۔

آبان اسکے وجود کو نارمل دیکھتے جھٹکے سے پیچھے ہوتا اس سے رخ موڑ گیا۔

جو کہ اسکے لیے مشکل تھا۔اسکی آنکھوں میں زمل کی طلب واضح تھی لیکن زمل کے آنکھیں کھولتے ہی اسکے الفاظ اسکے کانوں میں گونج اٹھے تھے۔

زمل تڑپ کر اسے دیکھنے لگی۔

وہ چاہتی تھی کہ وہ اسکے قریب آئے وہ چاہتی تھی کہ وہ دونوں ایک ہو جائیں۔

ابان۔اسکے برہنہ کندھے پر ہاتھ رکھتے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

ایم سوری بارش کی وجہ سے ڈاکٹر ملنا مشکل تھا تمہارے وجود کو حرارت دینا ضروری تھا۔

وہ اپنی خمار سے بھاری ہوتی آواز پر چاہتے ہوئے بھی قابو نہیں پا پایا۔

زمل بے یقینی سے اسے دیکھنے لگی۔وہ اسکا شوہر تھا لیکن اسکے قریب آنے پر بھی وضاحت دے رہا تھا۔

وجہ وہ خود تھی اسکے سفاک الفاظ تھے۔

تم سو جاؤ میں یہاں صوفے پر سو جاؤں گا۔اپنی شرٹ اٹھا کر پہنتے وہ سنجیدگی سے بولتا صوفے کی طرف بڑھ گیا۔

اسکے دروازقد وجود کے لیئے صوفہ چھوٹا تھا لیکن وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھتا ٹھیڑھا ہوتا پاؤں ٹیبل پر رکھ گیا۔

زمل تکیے میں چہرہ چھپائے بامشکل آنسوں ہر بند باندھتی آنکھیں موند گئ۔

دونوں ہی جانتی تھی نیند آنا مشکل تھا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ کمرے میں آیا تو وہ آج اسکا انتظار کرنے کی بجائے بیڈ پر لیٹی شائید سو رہی تھی۔

اسے تشویش ہوئ کیونکہ وہ چاہیے آدھی رات کو ہی کیوں نا آئے وہ اسکا انتظار کرتی تھی۔

روش۔۔اسکے قریب بیٹھتے اسکا سر چومتے نرمی سے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

روشانے نے زرا سی آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

طعبیت ٹھیک ہے تمہاری اسکے چہرے سے بازو ہٹاتے فکر مندی سے پوچھا۔

روشانے اثبات میں سر ہلا گئ۔

پھر ایسے کیوں لیٹی ہو ڈنر نہیں کرنا۔ بغور اسکا نڈھال سا چہرہ دیکھتے پوچھا۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔ اٹھ کر بیٹھتے کہا۔

او تو ڈارلنگ سیدھا بولو نا آج تمنے میرے آنے سے پہلے ہی موڈ بنایا ہوا ہے۔ وہ اسکے چہرے پر پھونک مار تا شرارت سے بولا۔

روشانے نے گھبرا کر اسے دیکھا۔

ایسی بات نہیں مجھے سچ میں بھوک نہیں ہے۔ گھبراتے جلدی سے کہا۔

پھر کیسی بات ہے۔ اسکے چہرے سے بال ہٹاتے اسکے ہونٹوں پر جھکا۔

روشانے گھبرا کر اسکی شرٹ تھام گئ۔

کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوا تو روشانے گہری سانسیں بھرتی اسکے سینے پر سر ٹکا گئ۔

آج رات تمہاری کوئ مزاحمت نہیں چلے گی بیوی۔ اسکے کمر سہلاتے اسے وارن کیا۔

روشانے نفی میں سر ہلاتے اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئ۔

وجہ بیوی۔۔۔؟ مسکراہٹ دباتے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ۔۔وہ مجھے، میں۔وہ کچھ کہہ نا پائی۔

ریلیکس ہو کر بتاؤ ڈارلنگ شوہر سے کیسی شرم۔۔اسکا سر چومتے پیار سے کہا۔

روشانے نے اوپر ہوتے اسکے کان میں کچھ کہا اور سر دپڑتے جلدی سے اسکی گردن میں چہرہ چھپا گئ۔

عاشر کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

ہاہاہا یار تو اسمیں اتنا شرمانے والی کونسی بات ہے۔کوئ نہیں بس کچھ دن انتظار کر لیں گے۔وہ قہقہ لگاتے بولا۔

روشانے سرخ پڑتے اسمیں سمٹ گئ۔

چلو ڈنر کرتے ہیں پھر تمہارے اس پرابلم کا سوچتے ہیں۔اسے بیڈ سے اتارتے کہا۔

روشانے نے اسکے کندھے پر مکہ جھڑا۔

آپ بہت بے شرم ہیں عاشر۔دانت پیستے کہا۔

بیوی کے سامنے کون شریف ہوتا ہے یار۔۔آنکھ ونک کرتے کہا روشانے نفی میں سر ہلاتے کمرے سے نکل گئ۔

عاشر ہستا اسکے پیچھے ہی بھاگا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

وہ دس بجے تک مرحا کو شاہ ولا کے آیا تھا اسے روم میں چھوڑتے اسکے سونے کے بعد وہ بدر کی تلاش میں نکلا۔

تبھی اسکا فون بیل ہوا۔

سکرین پر چمکتا جنگلی بلی کا نام دیکھتے اسکے لبوں پر پراسرار سی مسکراہٹ دوڑ گئ۔

وہ گاڑی موڑتا دوسری سڑک پر ڈال گیا۔

پندرہ منٹ میں ہی وہ ایزل کے ہوسپٹل کے باہر کھڑا تھا۔

ایزل کو میسج چھوڑتے وہ گاڑی سے باہر نکل ایا۔

جبکہ رات کے وقت بہت ساری ڈاکٹرز اور نرسسز جو واپس جا رہی تھیں حازق میری کو دیکھتے بے ساختہ رکی تھیں۔

اسے کون نہیں جانتا تھا۔ آئے روز وہ نت نئی خبروں کی زینت بنا رہتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

He is handsome

ایک نرس اسے دیکھتے ٹرانس کی سی کیفیت میں بولی۔

No , He is hot

دوسری نرس اسکے سینے سے چپکی شرٹ دیکھتے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ انکے پیچھے کھڑی ایزل نے دانت پیسے تھے۔

جان بوجھ کر ان دونوں کو دھکا مارتے وہ آگے بڑھ گئ۔

حازق نے اپنے قریب آتی ایزل کا بغور سرخ چہرہ دیکھا۔

اسے کیا ہوا سوچتے وہ اس سے پہلے کہ آگے بڑھتے گاڑی کا دروازہ کھولتا وہ خود ہی دروازہ کھول کر بیٹھ گئ اور درازی اتنی زور سے بند کیا تھا کہ حازق کو اپنی گاڑی کی فکر ہوئ۔

جانے کس بات کا غصہ اسکی گاڑی پر نکالا تھا۔

اپنی سیٹ پر آتے اسکا سرخ چہرہ دیکھتے سوچا۔

تم کوئ ڈھیلی سی شرٹ نہیں پہن سکتے۔ گاڑی سٹارٹ ہوتے ہی غصے سے اسے دیکھتے پوچھا۔

حازق نے چونک کر اسے دیکھا اور پھر اپنی شرٹ کو۔

نہیں تم کیوں پہنو گے تمہیں تو بہت شوک ہے نا اپنی بوڈی کی نمائش کروانے کا۔ وہ غصے سے بھری بیٹھی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکے لہجے میں جیلسی کا عنصر واضح تھا جبکہ اسکی بات سنتے بے ساختہ حازق کا پاؤں بریک پر گیا۔

کونسی نمائش کروائی ہے مینے ایکسپلین کرو گی۔ ائیبرو اچکاتے پوچھا۔

یہ سینے سے چپکی ہوئ شرٹ نمائیش نہیں تو اور کیا ہے لڑکیاں تو ہوٹ کہیں گی ہی۔ اسکی شرٹ پکڑ کر اپنی طرف کھینچتے لفظ چباتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کا دل کیا قہقہ لگائے۔اسکی جنگلی بلی لڑکیوں کے ہوٹ کہنے پر جیلیس ہو رہی تھی۔

وہ لب بھینچتا اپنی مسکراہٹ روکتا اسکی ہیزل آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

نمائش تو کرواتا ہوں لیکن صرف اپنی جنگلی بلی کے سامنے جو میرا چٹانی سینہ دیکھتے ہی آوٹ اوف کنٹرول ہو جاتی ہے۔اسکے کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنے گود میں بٹھاتے گھمبیر تا سے کہا۔

ایزل نے گھبرا کر اسے دیکھا۔اسکا رومینٹیک موڈ کہیں بھی اون ہو جاتا تھا۔

مسکے مت لگاؤ اور چھوڑو مجھے۔تھک گئ ہوں میں گھر پہنچاؤ جلدی سے۔اپنی کمر سے اسکا ہاتھ ہٹانے کی کوشش کرتے سنجیدگی سے کہا۔

تھکا ہوا تو میں بھی بہت ہوں میں تو نہیں کہہ رہا اپنے وجود میں میری تھکن سمیٹو۔اسکے نتھلی پر لب رکھتے اسکی کمر پر گرفت مضبوط کرتے کہا۔

ایزل اسکی بھوری آنکھوں میں دیکھنے لگی جہاں اسکی طلب واضح ہو رہی تھی۔

وہ مسکائ۔ہلکے سے جھکتے لبوں کو اسکے ہونٹوں سے مس کیا۔

کیونکہ اسکا پرمٹ نہیں ہے تمہارے پاس۔دھیمے لہجے میں سرگوشی کی۔

حازق نے اسے مزید قریب آیا۔پرمٹ تو تمہاری روح میں اترنے کا بھی ہے تم بس ایک اشارہ کرو۔اسکے لبوں کا شدت بھرا بوسہ لیتے کہا۔

ایزل گھبرا کر پیچھے ہوئ۔

Posted On Kitab Nagri

بیچ سڑک پہ کھڑے ہیں گاڑی چلاو۔ تیزی سے اپنی سیٹ پر آتے گھبرائے لہجے میں کہا۔

حازق گہری نظروں سے اسکا سرخ چہرہ دیکھنے لگا۔ پھر جھٹکے سے اسکا چہرہ اپنے قریب کرتے اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

اور تب تک جھکا رہا جب تک اسکے حلق میں خون کا ذائقہ نا محسوس ہوا۔

اچھے سے اسکا سانس پھلاتے پیچھے ہوتے وہ گاڑی سٹارٹ کر گیا۔

ایزل نے اپنے نچلے لب پر کٹ محسوس کرتے غصے سے اسے دیکھا۔

سٹیرینگ کو تھاما اسکا بازو دیکھتے انسے جھکتے پوری شدت سے دانت گاڑھے۔

حازق قہقہ لگایا۔

جبکہ ایزل اچھا خاصہ زخم دیتے پوچھے ہوئے۔ اسے کوئی فرق نا پڑتے دیکھ اسے گھورتے وہ ونڈو سے سر ٹکا گئی۔

جبکہ حازق اسکی گھورتی نظریں محسوس کر تالب دباتا ڈرائیونگ پر دھیان مرکوز کر گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ہبی۔۔وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتا اسے سلانے کی کوشش کر رہا تھا جب نور نے اسے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

بیس ہبی کا بچہ۔۔پیار سے کہا۔

ہبی مجھے بے بی چاہیئے۔فرمائشی انداز میں کہا۔

براق کا قہقہ گونجا۔

بے بی کو بے بی چاہیئے۔اسکا ماتھا چومتے ہستے کہا۔

ہبی میں سیریس ہوں مجھے سچ میں بے بی چاہیئے۔ناراضگی سے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

آبان نے داڑھی کھجاتے پر سوچ نظروں سے اسکا نروٹھا چہرہ دیکھا۔

اچھا کیوں چاہیئے۔واپس اپنے سینے پر گراتے کہا۔

وہ نرمین (کام کرنے والی) کے پاس بے بی ہے۔اپکو پتہ ہے وہ بہت پیاری ہے میں اسکے ساتھ سارا دن کھیلتی ہوں لیکن وہ رات کو لے جاتی ہے کیونکہ وہ میری بے بی نہیں ہے۔

اداس چہرے سے کہا۔

اوہو۔یہ تو بری بات ہے۔بٹ تم تو ابھی خود بے بی ہو۔بے بی کیسے سنبھالو گی۔اسکا چہرہ اپنے مقابل کرتے پیار سے کہا۔

ہم دونوں سنبھلا لیں گے لیکن آپ مجھے بے بی لا دیں نا۔ضدی انداز میں کہا۔

نور بے بی کہیں سے لاتے نہیں ہیں بے بی بنانا پڑتا ہے۔لب دباتے کہا۔

کیسے۔ہونق بنے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

پھر کھی بتاؤں گا ابھی چپ چاپ سو جاو۔ میرے جزبات بھڑکا کر پھر تمہیں نیند آجاتی ہے۔ آخری لائین خود سے بڑبڑائی۔

ہبی لیکن۔ کچھ کہنا چاہا۔

نور مینے کہانا پھر کبھی بتاوں گا ابھی سو جاؤشاباش۔ سختی سے کہاتو وہ منہ بتاتے آنکھیں موند گئ۔

بے بی کو بے بی چاہیئے زرا سی سی شدت پر تو رونے لگتی ہے بے بی چاہیئے۔ بڑبڑاتے اسنے لائیٹس اوف کی۔

💞💞💞

ہنی مون کا کہاں کا پلین ہے تم لوگوں کا۔۔ وہ سب لوگ ٹی وی اونچی میں بیٹھے کافی اور چائے سے لطف اندوز ہو رہے تھے جب ماہم اپیانے پوچھا۔

روشانے کو اچھو لگا۔۔

شاہ فیملی کم از کم اس معاملے میں کافی بے شرم تھی اسے اندازہ ہوا تھا۔

عاشر مسکراہٹ دبا گیا۔

جہاں روش جانا چاہے۔ مسکراتے کہا۔

تو پھر روشانے سے ہی پوچھتے ہیں بتاو بیٹا کہاں جانا ہے۔ مہراسکا سرخ چہرہ دیکھ مسکراتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کنفیوز ہو گئ۔

ارے بیٹا شرماؤ نہیں بتاؤ کہاں جانا چاہتی ہو۔۔ماہین بھابھی اسے خود سے لگاتے بولیں۔

وہ سوچ میں پڑ گئ۔

بابا میں سویزلینڈ کا سوچ رہا ہوں۔عاشر اسکا گھبرایا چہرہ دیکھ بولا۔

کیا خیال ہے روشانے۔وشہ نے شرارت سے اسے دیکھا۔

اچھا ہے۔۔وہ آہستہ سے بولی۔

اللہ یار یہ کتنا شرماتی ہے یہیں ہماری ہانم ہوتی تو منہ پھاڑ کر بولتی اسے کہاں جانا ہے۔۔ماہم کے کہنے پر سب کا قہقہ گونجا۔

تبھی کسی کے چیخنے کی اواز پر سب کی ہسی کو بریک لگی۔

یہ تو انوشہ کی آواز۔۔وشہ ابھی کہہ رہی تھی کہ مہر اور مرتسم جلدی سے اوپر بھاگے۔

وہ ابھی دروازہ کھولتے انداز آئے ہی تھے کہ انوشے ڈھرام سے انکے قدموں میں گری۔

انو۔مرتسم نے تڑپ کر اسے اٹھاتے خود میں بھینچا۔

ا۔انو۔مہر بے یقینی سے کبھی اسے تو کبھی بیڈ کے قریب کھڑے ابراہیم کو دیکھ رہی تھی۔

انکی آواز سے سب لوگ اوپر بھاگے تھے۔

ماما۔میسم نے گرتی ہوئی مہر کو سنبھالا۔

Posted On Kitab Nagri

انوشے کے ناک سے خون نکل رہا تھا جبکہ چہرہ بھی زرد پڑا ہوا تھا۔

مرتسم اسے اٹھائے تیزی سے باہر کی طرف بھاگا۔

پورچ میں گاڑی روکتا حازق چونک گیا۔

مرتسم کے بازوں میں انوشے کو دیکھتے وہ جلدی سے گاڑی سے نکلتا اسکی طرف بھاگا۔

بابا انو کو کیا ہوا ہے۔۔اسکے بازوں سے انوشے کو لیتے دھاڑا تھا۔

ہوسٹل لے کر چلو اسے حازق جلدی کرو یہ سانس نہیں لے رہی۔۔مرتسم کا لہجہ کانپتا ہوا سا تھا۔

انوشے کی مدھم ہوتی سانسیں اسکی جان نکال رہی تھیں۔

حازق مرتسم کو گاڑی میں بٹھاتا انوشے کو اسکی گود میں ڈالتا ابھی گاڑی سٹارٹ کرتا کہ مہر کو بھاگتے دیکھ وہ لب بھینچ گیا۔

تیزی سے باہر نکلتے اسنے نرمی سے اسے گاڑی میں بٹھایا اور وہ ہوسپٹل کی طرف نکلے تھے۔انکے پیچھے ہی مرحا، میسم، وجدان بھائی اور ماہم اپیا کی گاڑی نکلی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

چٹاخ۔

وشہ کے بھاری تھپڑ سے وہ بیڈ پر جا گرا۔

Posted On Kitab Nagri

آخر کیا دشمنی ہے کیا ہے تمہاری اس معصوم کے ساتھ مجھے بتاؤ آخر کیا چاہتے کیا ہو تم۔ وہ اسے سیدھا کرتی دھاڑی تھی۔

ابراہیم بے خوفی سے اسکی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔

وہ مرتسم چاچو کے ملازم کی بیٹی ہے پھر کیوں آپ اسے مجھ سے زیادہ پیار دیتی ہیں۔ وشہ کے ہاتھ جھٹکتے وہ نفرت سے ڈھاڑا۔

جبکہ باقی سب اس چودہ سالہ بچے کی آنکھوں میں اتنی نفرت دیکھتے ششدر رہ تھے۔

روشانے تو سہمی ہوئی عاشر سے لگی کھڑی تھی۔

پریشے جاؤ بھابھی کو میرے کمرے میں چھوڑ او۔

عاشر نے کہا تو وہ نفی میں سر ہلا گئی۔

تمہاری طعبیت ٹھیک نہیں ہے جاؤ شاباش میں آرہا ہوں۔۔ نرمی سے کہا تو وہ نا چاہتے ہوئے بھی پریشے کے ساتھ چلی گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بریرہ عالم اور نورین۔ عالم کی کسی دوست کے گھر ڈنر پر انوائیٹڈ تھے جہاں سے ابھی تک واپس نہیں آئے تھے۔

تم جیسی اولاد سے اچھا تو میں بے اولاد ہی رہ جاتی۔ کاش اس دن مرتسم بھائی کا وہی ملازم تمہاری جان بچاتے خود نا مرتا۔ مرنے دیتا تمہیں وہاں تو آج اسکی اولادیوں تکلیف نا سہہ رہی ہوتی۔

Posted On Kitab Nagri

وشہ اپنا ماتھا پیٹتے بولی۔

جبکہ ابراہیم حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔

ماما آپ کیا کہہ رہی ہیں۔وہ تھوک نگلتے بولا۔

سہی کہہ رہی ہے تمہاری ماں تمہیں بچاتے ہوئے ہی انوشے کے ماں باپ کی موت ہوئی تھی اور آج تمنے انکی اولاد کو بھی مارنے میں کوئی کثر نہیں چھوڑی۔عادی تاسف سے بولتا کمرے سے نکلتا چلا گیا۔

جبکہ ابراہیم خوف سے وشہ وہ دیکھنے لگا۔

اسے تو اسکے دوست نے کہا تھا کہ اسکے بابا کے جیسے ابراہیم کے بابا نے بھی باہر دوسری شادی کی ہوئی تھی اور انوشہ اسکی دوسری ماما کی بیٹی تھی اسی لیے تو وہ اس سے اتنی نفرت کرتا تھا لیکن آج یہ کیسا انکشاف ہوا تھا۔

ماما۔وہ روتا وشہ کی طرف بڑھا جو اسے دیکھنے بنا ہی باقی سب کے پیچھے ہی کمرے سے نکل گئی۔

پیچھے وہ اپنے ہاتھ کو دیکھنے لگا جہاں انوشے کا خون لگا تھا۔

اسکے سارے دوست اسے انوشے کی نام سے چڑاتے اس لیے تو آج اسنے غصے میں انوشہ کے روم میں اندھیرا کرتے اسے بھوت بن کے ڈرایا تھا کہ وہ اس گھر سے چلی جائے لیکن اسے نہیں پتہ تھا کہ وہ اتنا زیادہ ڈر جائے گی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

ہوسپٹل کے اس سرد کمرے کے باہر وہ لوگ بے چینی سے ڈاکٹر کے باہر آنے کا انتظار کر رہے تھے۔

حازق نے مہر کو دیکھا وہ آج رو نہیں رہی تھی لب بھینچے وہ سرخ نظروں سے زمین کو گھور رہی تھی۔

وہ اسکی طرف بڑھتا نرمی سے اسے خود سے لگا گیا۔

وہ ٹھیک ہو جائے گی۔اسکے سر پہ بوسہ دیتے کہا۔

مہر گہری سانس لیتے سر ہلا گئ۔

کچھ دیر بعد ڈاکٹر باہر آئ تو وہ لوگ بے چینی سے انکی طرف بڑھے۔

بچی مسلسل کسی ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہی ہے اور آج ڈر کی وجہ سے انکے برین پر کافی برا افیکٹ پڑا ہے۔وہ پہلے ہی کافی ویک ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ وہ زندہ رہے اور ایک صحت مند زندگی گزارے تو پلیز اسے پریشانی سے دور رکھیں اور ایک ہیپی لائف سٹائل دیں۔

ایکسکیوزمی۔

ڈاکٹر پروفیشنل انداز میں بولتے جا چکی تھی۔

جبکہ باقی سب اسکے ٹھیک ہونے پر شکر ادا کرنے لگے۔

نم آنکھیں صاف کرتے مرتسم نے مہر کا سپاٹ چہرہ دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جانتا تھا وہ کیا سوچ رہی ہے سرد سانس چھوڑتا اسکی طرف بڑھا۔

مہر۔نرمی سے اسے پکارا۔

مہر نے بھوری آنکھیں اٹھاتے اسے دیکھا۔

زخمی کانچ سی آنکھیں جنمیں شکوہ سا تھا۔

مرتسم لب بھینچ گیا۔

میں اسے اب یہاں نہیں رہنے دوں گا۔ہم اسے لے کر بہت دور چلے جائیں گے یہاں سے۔اسے خود سے لگاتے نرمی سے کہا۔

جبکہ اسکی بات سنتے ماہم اپیا نے چونک کر اسے دیکھا اور پھر وجدان کو جو خود پریشان سا اسے دیکھ رہا تھا۔

پریشان مت ہوں دیکھتے ہیں۔ماہم کو تسلی دیتے کہا۔

پوری رات وہ ہوسپٹل میں ہی رہی۔صبح اسے مرتسم اور مہر اپنے فلیٹ لے گئے۔وہ اس قدر ڈری ہوئی تھی کہ مہر اور مرتسم کے علاوہ کسی کو اپنے قریب نہیں آنے دے رہی تھی۔

شاہ ہم ساحر کو کیا جواب دیں گیں۔کیا منہ دکھائیں گے روز محشر اسے۔۔ سوئی ہوئی انوشے کا ماتھا چومتے بھرائے لہجے میں کہا۔

مرتسم کرب سے آنکھیں مینچ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

یہی تو وہ سوچ رہا تھا وہ روز محشر کیا جواب دے گا ساحر کو۔

💞💞💞

کیا مطلب ہے گھر چھوڑ کے جا رہے ہو۔روحاما نے پریشانی سے اسے دیکھا۔

میں انوشے کو اکیلا نہیں چھوڑ سکتی ماما انفیکٹ میں اب اسے اس شہر کیا ملک میں ہی نہیں رکھ سکتی۔مہر سپاٹ لہجے میں بولی۔

تم کیا کہنا چاہتی ہو تم ہم سب کو چھوڑ کر جا رہی ہو۔ماہم اپیا روتے ہوئے بولیں۔

وہ خاموش رہی۔

تم دونوں خاموش کیوں ہو کچھ بولتے کیوں نہیں۔غازی کی غصے بھری آواز پر مرتسم نے سرخ آنکھیں سے اسے دیکھا۔

انوشے کی زندگی کے لیئے اسے یہاں سے دور بھیجنا ضروری ہے لیکن اسے اکیلے۔وہ ابھی بات کر رہا تھا کہ کاشان اسکی بات کاٹ گیا۔

اکیلے نہیں بڑے بابا وہ میرے ساتھ جائے گی۔کاشان سیڑھیاں اترتے سنجیدگی سے بولا۔

کیا مطلب کہاں جانا ہے تم نے۔ماہین بھابھی نے چونک کر پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

بڑی ماما مینے پیرس کی یونی میں سٹڈی کے لیئے جو اپلائے کیا تھا میرا ایڈمیشن کنفرم ہو گیا ہے۔۔وہ سب کو دیکھتا آہستہ سے بولا۔

تو۔۔مہر نے نم آنکھوں سے اسے دیکھتے پوچھا۔

تو یہ کہ آپ انوشے کو میرے ساتھ بھیج دیں۔وہ اطمنان سے بولا۔

سب کو حیرت کا جھٹکا لگا۔

تمہارا دماغ ٹھیک ہے خود کو ابھی سنبھال نہیں پاتے ایک بچی کو کیسے سنبھال پاؤ گے۔حازق نے اسے گھورتے کہا۔

بھائی میں سیریس ہوں یار۔وہ بے بسی سے بولا۔

بلکل نہیں۔میں انوشے کو لے کر اب کسی پر بھروسہ نہیں کر سکتی۔مہر سپاٹ لہجے میں بولی۔

عادی اور وشہ خاموش کھڑے تھے انکے بیٹے نے انہیں کچھ بولنے لائق چھوڑا ہی نہیں تھا۔

مجھ پر نہیں شیری چاچو پر بھروسہ کر لیں۔

انکی فیملی بھی تو پیرس ہی شفٹ ہے نا آپ انوشے کو انکے بھروسے بھیج دیں میرے ساتھ۔وہ مہر کے ہاتھ تھامتا بولا۔

وہ بے یقنی سے اسے دیکھنے لگی۔

کاشان ٹھیک کہہ رہا ہے مہر تک یہاں کتنے رشتوں کو چھوڑو گی۔

Posted On Kitab Nagri

شیری پر تو بھروسہ ہے نا تمہیں انکی بھی ایک ہی بیٹی ہے یقیناً وہ انوشے کو اپنی بیٹی کی طرح ہی رکھیں گے۔روحامامانے اسے سمجھایا۔

لیکن ماں وہ میری زمہ داری ہے میں کیسے۔وہ سسکی۔

حازق اسکی طرف بڑھا لیکن اس سے پہلے ہی مرتسم اسے خود سے لگا گیا۔

مہر ٹھیک کہہ رہی ہیں انو ہماری زمہ داری ہے اور وہ بہت چھوٹی ہے ہم اسے فلحال نہیں بھیج سکتے۔

مرتسم کا انداز حتمی تھا۔

تو پھر اسے احمد والا بھیج دو اور اسکا سکول بھی چینج کریں گے۔کب سے خاموش کھڑے ولی نے لب کشائی کی۔

ہاں ہم سب پہ تو بھروسہ ہے نا تجھے مہر۔پلیز وہ ابھی بہت چھوٹی ہے کہاں لے کر جائے گی تو اسے۔انو کو پیار اور محبت کی ضرورت ہے جو اسے ہم سب سے ہی ملے گی۔ارسل نے التجائیہ کہا۔

آخر کو لاکھ سمجھانے کے بعد وہ دونوں مانے تھے۔

مرحا،ایزل اور عاشر اس وقت انوشہ کے پاس تھے جنہیں مرتسم فون کر کے بلا چکا تھا۔

مہر خود ہی انوشہ کو لیے احمد والا آگئ۔

کیونکہ انوشے بہت زیادہ ڈری ہوئی تھی کہ وہ اب کسی کو پاس نہیں آنے دے رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

گڈ آفٹر نون ڈارلنگ۔۔ہانم کے قریب جاتے وہ اونچی آواز میں بولا۔ جبکہ ہانم جو فون میں کچھ دیکھ رہی تھی پشت سے اتی آواز سنتے اسکی چیخ بے ساختہ تھی۔

داؤد کا قہقہ گونجا۔

ہانم نے غصے سے اسے دیکھا۔

آپکو یہ مزاق لگ رہا ہے اگر میرا دل بند ہو جاتا تو۔ خفگی سے اسے دیکھتے بیڈ پر جا بیٹھی۔

داؤد نے لب دباتے اسے دیکھا۔ اب مجھے کیا پتہ تھا میری بیوی کا دل اتنا نازک سا ہے۔ مسکراہٹ دباتے کہا۔

ہانم خفگی سے آنکھیں گھما گئی۔

اچھا ناراضگی چھوڑیں میرے پاس آپکے لئیے ایک سرپرائز ہے۔وہ اسکے قریب بیٹھتا بولا۔

کیسا سرپرائز۔ہانم نے آنکھیں چھوٹی کرتے اسے دیکھا۔

وہ ایسے کرتے اتنی پیاری لگی کہ داؤد بے ساختہ اسکی آنکھیں چوم گیا۔

وہ جھنپ کر پیچھے ہوئی۔

خود دیکھ لیں میں تب تک فریش ہو کے آتا ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکا ماتھا چومتا اسکے قریب ایک لفافہ رکھتا فریش ہونے چلا گیا۔

ہانم نے چونک کر وہ لفافہ دیکھا۔ تجسس سے ہاتھ بڑھاتے جلدی سے کھولا

تو اسمیں دو ٹکٹس تھیں یورپ کی۔

واو۔ اسکے لب ہلے۔

کیسا لگا سرپرائز۔ وہ فریش ہو کر آیا تو ہانم ابھی بھی وہ ٹکٹس دیکھ رہی تھی۔

ہم یورپ جا رہے ہیں۔ اشتیاق سے پوچھا۔

یس ڈارلنگ ہم لوگ ہنی مون پر جا رہے ہیں۔ اسے پیچھے سے ہگ کرتے کہا۔

کتنے دن کے لیئے۔ وہ ایکسائیٹڈ سے پوچھ رہی تھی۔

جب تک کہ ہمارے بیچ کوئی تیسرا نا جائے تب تک۔ اسکی شرٹ کندھے سے کھسکاتے کندھے سے

تھوڑا نیچے دو اکھٹے جگمگ کرتے تلوں پر ہتھیلی مس کرتے گھمبیرتا سے کہا۔

ہانم کا چہرہ سرخ پڑا۔

کتنے بے شرم ہیں نا آپ۔ حلق تر کرتے کہا۔

داؤد نے اسے جھٹکا دیتے رخ اپنی طرف کیا۔

بے شرم تو میں ہوں ڈارلنگ لیکن فلحال میں جنونی ہو رہا ہوں آپکے یہ مول ہیں نا انسے رقابت فیل

ہوتی ہے۔ وہ اسکے تلوں کو ہاتھ سے سہلاتے شدت سے کہتا ان پر جھکا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم نے بے بسی سے اسے دیکھا جو اسکے ان مول پر دانت گاڑھتا انکی رنگت بگاڑ گیا۔

جانے کونسی دشمنی تھی داؤد کی ان مول سے جو انکی رنگت ہی بگاڑ دیتا تھا اپنی شدت سے۔

وہ سسکی بھرتے اسکی گردن میں بازو ڈال گئ۔

جبکہ داؤد کے لب ان تلوں سے ہوتے گردن پر سرکنے لگے۔وہ اسکی گردن کو اپنی شدت سے سرخ کرتا اسے بوکھلانے پر مجبور کر گیا۔

داؤد۔ حلق تر کرتے اسے پکارا جو مدہوش سا اسکی شہ رگ کو ہونٹوں میں بھرے سک کر رہا تھا۔

ہمم۔اسکے کندھوں پر جا بجا لب رکھتے کہا۔

دن کے دو ہو رہے ہیں ۔ اپنی پچھلی گردن پر اسکی مونچھوں کی چھبن محسوس کرتے گہری سانسیں بھرتے کہا۔

داؤد نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

رومینس کے لئیے دن یا رات کا کیا کام۔رومینس کے لئیے بیوی اور موڈ ہونا چاہئے۔وہ اسے آنکھ ونک کرتا اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

ہانم سرخ پڑتی آنکھیں مینچ گئ۔

داؤد فرصت سے اسکے بھرے بھرے عنابی لب اپنی لبوں میں جکڑے انکی نازکی محسوس کرتا پاگل سا ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے اوپر لب کو ہونٹوں میں بھرتے شدت سے سک کرتے وہ اسے بانہوں میں اٹھا گیا۔

ہانم نے بوکھلاتے اسے دیکھا لیکن وہ اسکے لبوں سے لپٹے اسے لیے بیڈ کی طرف بڑھا۔

اسکی شدت پر ہانم کی آنکھوں میں نمی ابھری تھی۔

داؤد اسے بیڈ پر اتارتا اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا اسکے ہونٹوں کو آزادی دے گیا۔

ہانم گہری سانسیں بھرتے اپنی سانسیں بحال کرنے لگی اسے اپنے ہونٹوں پر جلن سی محسوس ہو رہی تھی۔

ڈارلنگ آپ تو اتنی سی شدت پر گھبرا گئیں۔ وہ اسکے بھیگے لبوں کو انگوٹھے سے صاف کرتا مدھم آنچ دیتے لہجے میں بولا۔

ہاتھ بڑھاتے لائیٹس بھی اوف کر دیں جس سے اب کمرے میں نیم اندھیرا سا چھا گیا۔

ہانم ابھی کچھ سمجھتی کہ وہ اپنی شرٹ اتار کر صوفے پر پھینکتے ہانم کو بھی شرٹ کے پردے سے آزاد کر گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے خود میں بھینچتے اسکی دھڑکنوں پر جھکا۔ ہانم سرخ گلاب ہوتی اسکی گردن میں چہرہ چھپا گی۔

داؤد اسکے وجود کو اپنی شدتوں سے سرخ کرتا اسے خود میں سمیٹتا اسکے فرار کے راستے بند کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہی ہوا جسکا ڈر تھا مرحا نے بدر کو ٹھکراتے ساحل کے لیئے اپنی رضامندی دے دی تھی۔

لیکن اسکی شرط تھی کہ وہ اسی ہفتے کے اندر اندر نکاح چاہتی ہے۔

مہر اور مرتسم کو اسکے فیصلے سے کوئ اعتراض نہیں تھا لیکن اسکے اتنی جلدی نکاح پر وہ لوگ چونکے ضرور تھے۔

لیکن اپنی بیٹی کی خواہش کا احترام کرتے وہ لوگ چپ ہو گئے۔

زینی لوگوں کو بھی کوئ اعتراض نہیں تھا۔

عالم اور نورین نے بھی مرحا کی خوشی دیکھتے اسے مسکراتے دعائیں دی تھیں۔ جبکہ دل دونوں کے اندر سے ڈرے ہوئے تھے کیونکہ بدر پچھلے دو دن سے گھر نہیں آیا تھا۔ نا وہ کسی کا فون اٹھا رہا تھا نا ہی اسکا کوئ اتا پتا مل رہا تھا۔

مہر بہت پریشان تھی وہ جانتی تھی بدر مرحا کو کس قدر چاہتا ہے جانے اب وہ کہاں کس حال میں ہو گا۔

وہ ڈر رہی تھی کہ کہیں اسکا انجام بھی امن جیسا ہوا تو۔

سر ہاتھوں میں گرائے وہ خود کو الٹا سیدھا سوچنے سے باز رکھ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ دونوں خاموشی سے ایک دوسرے کو دیکھ رہی تھیں۔

یہی سچ ہے۔۔

مرحانے گہری سانس بھرتے زکام زدہ آواز میں کہا۔

جبکہ ایزل آنکھیں پھاڑے اس دیکھ رہی تھی۔

تم نے بدر سے جھوٹ کیوں بولا۔کافی دیر بعد وہ بولنے کے لیئے قابل۔

پتہ نہیں۔وہ جھولے سے اٹھتے ٹیرس کی دیورا کے قریب ائ۔

اسنے ایزل سے کچھ نہیں چھپایا حازق کے بعد وہ ایزل سے سب سے زیادہ قریب تھی اور وہ اس وقت مینٹلی ڈسٹرب تھی اپنی ماں کو وہ یہ سب بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی اس لیے ایزل سے سب شئیر کر دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا تم پریشان مت ہو جو ہوتا ہے بہتر کے لیئے ہوتا ہے۔تمہارا نصیب جسکے ساتھ لکھا ہو گا وہی تمہارا ہمسفر بنے گا پھر چاہئے لاکھوں ہی کیوں نا اس صف میں کھڑے ہو جائے۔

وہ اسکے قریب جاتے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھے نرمی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

تمہارے جیسی دوست ہو تو میں کیسے پریشان ہو سکتی ہوں۔اسکے گلے میں بازو ڈالتے مرحا نے مسکراتے کہا۔

ایزل ہستے اسے گلے لگا گئ۔

خدا تمہیں یونہی مسکراتا ہر غم تم سے دور رکھے۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے ایزل نے دل میں کہا۔

جبکہ مرحا اب اپنے فیصلے پر مطمئن تھی کہ اسکے نکاح کا سنتے بدر آگے بڑھ جائے گا کیونکہ جو وہ اسکی آنکھوں میں دیکھ چکی تھی جو دیوانگی اسنے اپنی لیے محسوس کی تھی وہ اس دیوانگی سے ڈر گئ تھی۔

💞💞💞

لالا آپ کتنے چھپے رستم نکلے مجھ سے تو کہتے تھے کہ صرف دوست ہے۔بہارے کمر پر ہاتھ رکھے لڑاکا عورتوں کی طرح بولی۔

جبکہ ساحل سر جھکائے اسکے سامنے خاموش کھڑا تھا یہ اسکی سزا تھی اپنی اکلوتی بہن سے اتنی بڑی بات چھپانے کی۔

ایسی بات نہیں ہے بہارے ابھی بھی دوست ہی ہے مامانے شادی کے لئے پوچھا تو مینے سوچا مرحا کو میں جانتا بھی یوں اور ہمارے اتنی اچھی بنتی بھی ہے اسلیے اسکا نام لیا۔وہ بے بسی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

جب سے بہارے کو پتہ چلا تھا کہ ساحل اور مرحا کی بات طے ہو گئ ہے وہ اس سے ناراض تھی اسنے ساحل کو ناک کے چنے چبوا دیئے تھے خود کو راضی کرنے میں۔

جبکہ اسکی حالت پر نور، دور فشاں اور رمشاء ہس رہی تھیں۔

اچھا اچھا ٹھیک ہے معاف کیا لیکن آپکو آج رات کا ڈنر ہم سب کو باہر کروانا پڑے گا۔ وہ رعب سے بولی۔

او کے جیسا آپکا حکم ملکہ عالیہ۔ وہ سر جھکائے تعظیم سے بولا کہ وہ کھکھلا دی۔

لالا میں بہت خوش ہوں مرحا آپی میری بھابھی بنے گئ۔

ایکے وہ اسکے گلے میں بازو ڈالتے خوشی سے چیخی۔

ساحل ہس دیا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج شاہ ولا میں سب لوگ جمع تھے۔

آہان شاہ اپنی فیملی کے ساتھ آئے ہوئے تھے تو دوسری طرف زینی کا شوہر بھی آچکا تھا وہ لوگ باقاعدہ مرحا کا رشتہ لائے تھے۔

مہر، مرتسم، حازق اور ایزل کے علاوہ باقی سب لوگ بدر کے پرپوزل سے انجان تھے۔

Posted On Kitab Nagri

شاہ والا میں رونق کا سا سماں تھا۔

عاشر اور داؤد کا پینڈنگ ریسیپشن اور مرحا کا نکاح ایک ہی دن فائنل کیا گیا۔

سب لوگ ان دونوں کے جوڑی سے خوش تھے اگر کوئی نہیں تھا تو وہ مہر اور نورین۔

نورین بیٹے کے غم میں اداس تھی تو مہر کو مرحا کا یہ فیصلہ پسند نہیں آیا تھا۔وہ مطمئن نہیں تھی لیکن اپنی بیٹی پر زبردستی بھی نہیں کر سکتی تھی۔

اسکی متلاشی نگاہوں نے اسے ڈھونڈا لیکن وہ آج بھی گھر نہیں آیا تھا۔

سر جھٹکتے اسنے مرحا کو دیکھا جو حازق کے بازو کے حصار میں بیٹھی ہوئی تھی اسکے دوسرے طرف میثم تھا جو اسکے کندھے پر سر رکھے اس سے کچھ کہہ رہا تھا انداز اداس سا تھا۔

مرحا کھلکھلا رہی تھی۔مہر دل میں اسکی نظر اتارتے چہرہ موڑ گئی۔

آبان اور زمل کو بھی بلا لیتے تو انکار ریسیپشن بھی ساتھ ہی ہو جاتا۔

غازی نے ارسل سے کہا۔

ہاں ارسل کتنے دن ہو گئے ان دونوں کو گئے ہوئے ایک بار بھی چکر نہیں لگایا بلا لو انہیں۔

مرتسم نے غازی کی بات سے اتفاق کیا۔

میں بات کرتا ہوں اگر وہ آسکتا ہے تو۔اسکی جاب کا پتہ تو ہے۔وہ کندھے اچکا کر بولا تو سب سر ہلا گئے۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا ادھر آؤ بیٹا۔زینی نے اسے اپنے پاس بلایا۔

اسنے مہر کو دیکھا جسنے سر ہلایا۔وہ حازق کے حصار سے نکلتے زینی کی طرف بڑھی۔

ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ہو۔اسکا ماتھا چومتے زینی سے اسے اپنے پاس بٹھایا۔

آج سے تم میرے ساحل کی امانت۔اسکے سر پر پٹھانی طرف سے سجا ایک بھاری ڈوپٹہ دیتے کہا۔

اسکے ہاتھ میں کچھ پیسے وغیرہ رکھتے زینی نے اسکی نظر اتاری۔

اسکے بعد مہر اور مرتسم نے اسکے نظر اتاری۔وہ ہلکا سا مسکراتے بیٹھی رہی۔اسے یہ سب اچھا لگ رہا تھا۔

بہارے کی بات پر مسکراتے اسنے یونہی سر اٹھایا تو نظریں اندر آتے بدر پر پڑیں۔

اسکی مسکراہٹ سمٹی۔

اسی لمحے بدر نے سر اٹھایا تو نظریں اس دشمن جاں سے ٹکرا گئیں۔

اسکے لبوں پر زخمی مسکراہٹ پھیل گئ۔

وہ دیوانہ وار اسے دیکھے گیا۔جو اس وقت پنک کلر کے لانگ فراق میں لائیٹ سا میک اپ کیے سر پر بھاری کامدار ڈوپٹہ اوڑھے کسی اور کے نام کی جا رہی تھی۔

جبکہ مرحا اسکی حالت دیکھتے لب بھینچ گئ۔

کتنا فرق تھا اس دن کے بدر اور آج کے بدر میں۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔ تین دن پرانے کپڑے جن پر جگہ جگہ مٹی لگی تھی۔

بکھرے بال، سرخ سوجھی آنکھیں، بڑھی ہوئی داڑھی، زخمی مسکراہٹ اور تھکا، تھکا سا وجود۔

وہ ساکت سی اسے دیکھنے لگی۔

جب اسکی نظروں کے تعاقب نے سب نے دیکھا۔

اللہ بدر۔ نورین دل پہ ہاتھ رکھتے جلدی سے اسکی طرف بھاگی۔

بھائی۔۔ دور فشاں کے ساتھ کھڑی بریرہ بھی ماں کے پیچھے بڑھی تھی۔

یہ کیا حالت بنائی ہوئی ہے۔ کہاں تھے تم پچھلے تین دن سے کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا تمہارے باپ نے تمہیں۔ اور یہ چوٹ کیسے لگی۔

وہ اسکے قریب آتے ایک ہی سانس میں بولی۔

بدر لب بھینچتے مرحا پر سے نظریں ہٹا گیا۔

میں ٹھیک ہوں ماما چھوٹا سا ایکسیڈینٹ ہو گیا تھا۔ نورین کو بازو کے ہلکے میں لیتے مدھم لہجے میں کہا۔

بھائی آپکا ایکسیڈینٹ ہوا تھا لیکن ماما نے تو کہا تھا کہ آپ کسی میٹینگ کے لئیے آؤٹ اوف آتی گئے ہیں۔

بریرہ اسکی بات سنتے بے یقینی سے بولی۔

نورین اور عالم نے سب کو یہی کہا تھا۔

عالم کرب سے آنکھیں مینچتے اپنے بیٹے کی حالت سے نظریں چرا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

جی میرا بچہ بھائی میٹینگ کے لیئے گئے تھے لیکن راستے میں ایکسیڈینٹ ہو گیا۔

وہ دوسرے ہاتھ سے بریرہ کو اپنے قریب کرتا بولا۔

نورین اسے کمرے میں کے جاؤ فریش ہونے دو۔ پتہ نہیں کب سے کچھ کھایا نہیں دیکھو تو اسکا رنگ کیسے زرد ہو رہا ہے۔

ماہم اپیا نے فکر مندی سے کہا۔

ہاں بیٹا جاؤ بچے کو تھوڑا آرام کرنے دو۔ روحاما نے کہا تو وہ سر ہلاتے بدر کو لیے اسکے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔

عالم لب بھینچتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

ولی، ارسل، مرتسم اور غازی کی نظروں کا خاموش تبادلہ ہوا ان چاروں نے پر سوچ نظروں سے عالم کی پشت دیکھی۔

مرحا ساکت سی ابھی بھی اسی جگہ کو دیکھ رہی تھی جہاں وہ کھڑا تھا جب ایزل نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

اسنے چونک کر ایزل کو دیکھا جو اسے نظروں سے ریلیکس رہنے کا اشارہ کر رہی تھی۔

اسکی نظریں بے ساختہ اپنی ماں کی طرف اٹھیں جو زخمی نظروں سے اسے دیکھتے تیزی سے اوپر کی طرف بڑھ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لب بھینچتی اپنے کمرے میں چلی گئی۔

حازق نے پر سوچ نظروں سے مہر کو دیکھا۔

کیا کچھ تھا جو اس سے چھپا ہوا تھا۔وہ الجھ گیا۔

ایم سوری زینی ماحول کچھ ٹینس سا ہو گیا ہے کہ رسم وغیرہ بعد میں کر لیں میرے خیال میں اب ڈائیریکٹ نکاح پر ہی اب رسمیں کر لینا۔۔

ماہم اپیا سب کو خاموش دیکھتے سنجیدگی سے بولیں۔

کیسی باتیں کر رہی ہیں اپیا میں سمجھتی ہوں آپ پریشان مت ہوں۔

وہ مسکرا کر بولی۔

ہم لوگ چلتے ہیں ان نکاح پر ہی ملاقات ہو گی۔مرحا کو گلے لگاتے وہ سب سے ملی۔

آپ لوگ اب کھانا کھا کر جاتے۔ماہین بھابھی نے کہا۔

نہیں بھابھی پھر کبھی ابھی چلتے ہیں۔دانیال خان (زینی کے ہسبنڈ) نے نرمی سے کہا۔

چلو جیسے تم لوگوں کی مرضی۔۔انہیں رخصت کرتے باقی سب نے کھانا کھایا تو آہان شاہ لوگ بھی اجازت لیتے چلے گئے۔

پیچھے شاہ ولا کے لوگ بچے تھے ولی لوگ بھی جا چکے تھے۔

وہ سب لوگ بدر کے کمرے کی طرف بڑھے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ مرحا کے کمرے میں جا رہی تھی جب کسی نے اسے کمرے میں کھینچا۔

وہ آنکھیں پھیلائے سامنے کھڑے حازق کو دیکھنے لگی۔

میر۔۔ تھوڑا فاصلہ بناتے خفگی سے اسے دیکھا۔

حازق سرد تاثرات سے اسے دیکھ رہا تھا۔

کیا ہوا ہے۔۔ اسکے سرد تاثرات دیکھتے تھوک نگلا۔

حازق اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اسے دیوار سے لگاتا اس پر جھکا۔

اتنا کے دونوں کی سانسیں ایک دوسرے کے چہرے پر پڑنے لگیں۔

میر۔۔ اسکے آنکھوں میں اترتا انتہا کا سرد پن اسکی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑا گیا۔

Ok kis me

کچھ دیر اسے دیکھتا رہا پھر سرد لہجے میں بولا۔

ایزل اسکے کلون کی مہک اور سانسوں کی تپش سے کسمسا رہی تھی جب اسکے سرد لہجے میں کہنے پر ساکت ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

زاراسی ہیزل آنکھیں اٹھاتے اسے دیکھا۔اسکی آنکھوں میں وارننگ سی تھی۔

وہ پاؤں کہ ایڑھیاں اٹھاتے ہونٹ اسکے ہونٹ کے برابر لائی۔اسکے گلے میں بازو ڈالتے وہ نرمی سے اپنے لب اسکے لبوں پر رکھ گئ۔

وہ بہت نرمی سے اسکے لبوں کو چومتی رہی تھی کہ حازق کا ہاتھ بے ساختہ اسکی کمر کو سختی سے تھام گیا۔

اتنا غصہ کس بات کا آرہا ہے۔کچھ دیر بعد وہ پھولتی سانسوں سے پیچھے ہوتے بولی۔

حازق اسکے پیچھے ہونے پر جھٹکے سے اسے خود سے الگ کرتا پیچھے ہوا۔

ایک گہری نظر اس پر ڈالتا وہ۔دروازے کی طرف بڑھا۔

ایزل نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔اگلے ہی پل وہ تیزی سے حازق کے سامنے ائ۔

تم مجھے اگنور کر رہے ہو۔بے یقینی سی تھی لہجے میں۔

پتہ چلا اگنورینس کیسی ہوتی ہے۔

اسکا چہرہ تھوڑی سے تھامتے سرد لہجے میں پھنکارتے کہا۔

ایزل نم آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔

مینے کب اگنور کیا تمہیں۔۔تیزی سے کہا گیا۔

آج مینے تم سے کچھ کہا تھا ایزل حازق میر شاہ۔اسے کمر سے تھام کر دیوار سے لگاتے کہا۔

ایزل نے پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

م۔ مینے میسیج بعد میں ریڈ کیا تھا۔لبوں پر زبان پھیرتے کہا۔

حازق نے اسے میسیج کیا تھا کہ وہ لنچ اسکے ساتھ کرے گی لیکن وہ ہوسپٹل میں اتنی بزی تھی کہ اسنے شام میں جاکر میسیج ریڈ کیا تھا۔

حازق لب بھینچ گیا۔

مینے تم سے کہا تھا تمہارے لیے سب سے اوپر ہر چیز سے پہلے حازق میر شاہ ہونا چاہیئے تمہاری زرا سی اگنورینس تمہارے لیے میرے جنون کو ہوا دے گی ایزل شاہ اس لیے آئیندہ سوچ سمجھ کر کوئ قدم اٹھانا۔۔

گرم سانسیں اسکے چہرہ چھوڑتے وہ دیوار پر ہاتھ مارتا غرایا تھا۔

جانے اتنا غصہ اسے کیوں آرہا تھا۔

اتنا غصہ کیوں آرہا ہے تمہیں۔وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے اسکے گلے میں بازو ڈالتے بولی۔

تمہاری اگنورینس پر آرہا ہے دیمیڈ۔اسکی کمر پر گرفت مضبوط کرتے اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے جنون خیزی سے کہا۔

کیونکہ وہ سے باہر بھی شرارت، شرارت میں کافی اگنور کر گئ تھی۔

اوکے ایم سوری میں آئیندہ غلطی سے بھی ایسی غلطی نہیں کروں گی۔

اسکے لبوں کو ہلکے سے چھوتے ایک ہاتھ اسکے سینے پر رکھتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

انداز ایسا تھا کہ کوئی عام مرد ہوتا تو پل میں گھائل ہو جاتا لیکن مقابل حازق میر شاہ تھا جسکا دل اسکی زارا سی اگنورینس پر بھی اسکا برا حال کرنے کو کر رہا تھا۔

ایزل اسکے گلے سے بازو نکالتے ایک ہاتھ سے اسکی شرٹ کے دو اوپری بٹن کھول گئ۔

اسکا سفید مردانہ چوڑا سینہ اسکے سامنے آگیا۔وہ اسکے سینے پر دل کے مقام پر ہاتھ رکھتے نرمی سے انگلیاں چلانے لگی۔

اسے بولو ہر وقت اتنا غصہ نہیں کرتے اور من پسند عورت پر تو بلکل نہیں۔

اسکی پیشانی پر ہونٹ رکھتے اسکے دل کے مقام پر انگلیاں سہلاتے تحکم سے کہا۔

وہ اچھے سے جانتی تھی حازق میر کو کیسے ہینڈل کرنا ہے۔

حازق مسمرائیز ہوا تھا۔

اسکی کمر کو جھٹکا دیتے اپنے قریب ترین کیا کہ ہوا کے گزرنے کا راستہ بھی نا بچے جبکہ دوسرا ہاتھ اسکے گال پر رکھتے وہ اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اتنی شدت سے کہ ایزل کا دماغ گھوم گیا۔وہ اسے حلق تر کرنے کا موقع دیئے بغیر اتنی شدت سے اسکی سانسیں کھینچ رہا تھا کہ ایزل نے اسکی گردن میں ناخن گاڑھتے اسے ہوش دلانے کی کوشش کی لیکن وہ اسکے دونوں ہاتھ تھامتا اوپر دیوار سے لگا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کا وجود کانپ اٹھا اسکو جھٹکا سا لگا آنکھوں سے آنسو پھسلتے اسکے چہرے پر بہے تھے حازق اسکے وجود کے جھٹکے سے اپنے لمس میں نرمی لاتا اسمیں اپنی سانسیں انڈھیلنے لگا۔

اگلی بار ایسا کچھ ہوا تو اس سے زیادہ دگنی شدت سے تمہاری سانسیں پیوں گا۔ اسکے بھیگے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں سے سہلاتے گھمبیر تا سے کہا۔

ایزل نے گہری سانسیں بھرتے ہچکی لی۔ اسکی رنگت سرخ کی بجائے زرد ہو گئ تھی۔

نچلے ہونے پر خون کی بوند چمک رہی تھی۔

جنگلی بلی۔ اسکا آنسوں سے تر چہرہ دیکھتے اسکے گال پر ہاتھ رکھتے پکارا۔

دور رہو مجھ سے۔ اور میں کروں گی اگنور اور بہت کروں گی۔ جنگلی انسان۔۔ وہ روتے ہوئے چیخی۔

اسے ابھی بھی لگ رہا تھا جیسے سکی سانس گھٹ رہی ہو۔

ہاہاہاہا۔۔ حازق کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ اسے خود میں بھینچتے اسکی کمر اور بال سہلانے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل ہچکیاں بھرتے اسکی گردن پر دانت گاڑھ گئ پوری شدت سے کہ اسے اپنے لبوں پر خون کا ذائقہ محسوس ہوا تو وہ پیچھے ہوئ۔

حازق مسکراہٹ دباتا اسے دیکھ رہا تھا۔

شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھتے ہیزل آنکھوں کی نمی ہتھیلیوں سے رگڑتے صاف کی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے اسے گھورا جواب آنکھوں کے بعد رخساروں کو بھی بے دردی سے رگڑتی گلابی کر گئ تھی۔

Don't

تنبیہ لہجے میں کہتے اسکا ہاتھ پکڑتے نرمی سے اسکے آنسو صاف کیے۔

ابھی ایزل کچھ کہتی کہ باہر سے آتی آوازوں پر وہ دونوں چونکے۔

مجھے تو مرحو کے پاس جانا تھا۔افف پتہ نہیں کیا سوچے گی وہ کیسی دوست ہوں میں جو اسے اکیلا چھوڑ کر یہاں رو مینس کر رہی ہوں۔غصے سے اسے دیکھتے جو منہ میں آیا بول گئ۔

لیکن مرحو کو پتہ کیسے چلے گا کہ تم رو مینس کر رہی ہو۔پیچھے ہوتے کہا۔

ہیں۔وہ ہونق بنی اسے دیکھنے لگی پھر اپنی بات پر غور کیا تو سٹپٹاتی جلدی سے وہاں سے بھاگی تھی۔

اپنے پیچھے سے اسے حازق کا جاندار قہقہ سنائی دیا۔

وہ اسے گالیوں سے نوازتی تیز قدموں سے مرحا کے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔

💞💞💞

نور تم نے میڈیسنز نہیں کھائی نا اپنی۔براق اسکے سامنے ہتھیلی پھیلاتا سنجیدگی سے بولا۔

نور نے منہ بناتے اسے دیکھا۔اسنے تو یہ بیڈ کے نیچے پھینکی تھی تو پھر ہبی کو کیسے ملیں۔لب دباتے سوچا۔

Posted On Kitab Nagri

نور تم روز ایسے ہی کرتی ہو نا۔اس بار تھوڑا غصے سے کہا۔

نہیں تو ہبی بس آج کیا ہے سچی میں آج میرا بلکل دل نہیں کر رہا تھا۔

جلدی سے اسکے گلے میں بازو ڈالتے کہا۔

سچی کہہ رہی ہوں ہبی بس آج نہیں کھائی۔ معصومیت سے اسے دیکھتے کہا۔

لیکن آج بھی کھانی ہے چلو شاباش کھاو۔براق اسکی باتوں میں نہیں آنے والا تھا۔

ہبی آج نہیں کل کھاؤں گی۔روہانسی ہوتے کہا۔

بلکل نہیں نور آج بھی کھانی ہے ایک دن بھی مس نہیں کرنا تمہیں یہ چھ ماہ کا کورس پورا کرنا ہے پھر میری نور بلکل ٹھیک ہو جائے گی۔ چلو شاباش کھاو۔

براق نے اسے سامنے کرتے پانی کا گلاس پکڑایا وہ منہ بناتے میڈیسنز لینے لگی۔

گڈ گرل اپنے ہبی کو بہت تنگ کرنے لگا ہے میرا بچہ۔اسکی ناک دباتے کہا۔

میں تو نہیں کرتے بلکہ ہبی کرتے ہیں یہ گندی گندی میڈی دیتے۔اپنی ناک رگڑتے معصومیت سے بتایا۔

براق مسکرا دیا۔

کل ہبی آپکو ایک جگہ پر لے کر جائیں گے جہاں میرے بچے کا موڈ بلکل سہی ہو جائے گا۔اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

سچی ہبی ابھی چلتے ہیں نا۔وہ ایک سائیڈ سی بولی۔

میرا بچہ ابھی رات ہو گئ ہے وہاں دن کے ٹائم جاتے ہیں چلو جلدی سے اب لیٹ جاؤ جلدی سو گئ تو جلدی اٹھو گی پھر جلدی جائیں گے۔

اسے اپنے بازو پر لٹاتے لائیٹس اوف کرتے کہا۔

اوکے ہبی ہم جلدی جلدی سو جاتے ہیں پھر جلدی جلدی اٹھ جائیں گے۔آنکھیں موندیں تیزی سے کہا جیسے ابھی صبح ہو جائے گی۔

براق ہستا نفی میں سر ہلا گیا۔

آنے والے کل سے انجان کے بہت جلد اسکا بچہ اپنی یہ معصومیت کھوتا اسے تکلیفوں سے دوچار کرنے والا ہے۔وہ اکسے گرد حصار باندھتا آنکھیں موند گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہ سب لوگ بدر کے کمرے میں جمع تھے۔سوائے مہر،مرحا ایزل اور حازق کے۔

جبکہ بدر اب فریش اپ ہو کر آرام سے بیٹھا تھا۔ماتھے پر گیلے بال چپکے ہوئے تھے۔جبکہ دائیں طرف پیشانی پر گہرا زخم لگا ہوا تھا۔جس پر نورین بینڈج کر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ زخم تو اسے صبح ایک گاڑی سے ٹکراتے ملا تھا۔

میں ٹھیک ہوں آپ لوگ پریشان مت ہوں۔ روتی ہوئی بہارے کو اپنے بازو کے حلقے میں لیتے باقی سب کو دیکھتے سنجیدگی سے کہا۔

اسکی آواز بہت گھمبیر سی تھی بہت خوبصورت نرم گرم سا انچ دیتا، ٹھہرا ہوا سا لہجہ۔ وہ بولتا تھا تو سامنے والا اسے دم سادھے سنتا تھا۔

دینے والے نے اسے نا صرف حسن سے نوازا تھا بلکہ بولنے کے صلاحیت سے بھی وہ سامنے والے کو چاروخانے چت کر سکتا تھا۔

لیکن بیٹا تمہیں ایک بار ہم سے کسی کو تو فون کرنا چاہیئے تھا۔ اتنی لاپرواہی اچھی نہیں ہوتی۔ ماہم اپیا نے پریشان نظروں سے اسے دیکھتے کہا۔

میرا ایک دوست ہے یہاں ہر وہی تھا میرے پاس مجھے نہیں پتہ تھا کہ گھر میں اتنی بڑی خوشی آرہی ہے نہیں تو آج بھی نہیں اتا۔

اس خوشی کا زکر کرتے اسکے گلے میں پھندا سا لگا تھا۔ نیلی آنکھیں جو گلابی ہو رہی تھی وہ سرخی مائل ہوئی تھیں۔

کیسی باتیں کر رہے ہو کیسی بھی خوشی ہو تمہاری جان سے زیادہ پیاری تو نہیں۔ روحاما نے اسے ڈانٹا۔

جاؤ ماہین بچے کا صدقہ نکالو مجھے لگتا ہے اسے کسی کی نظر لگ گئی ہے۔ وہ بدر کا ماتھا چومتے بولیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سب جانتے تھے بدر مہر کو کتنا عزیز تھا اسے اپنے بھائی کی ہر اولاد جان سے بڑھ کر عزیز تھی اور مہر سے جڑا ہر رشتہ ان سب کو عزیز تھا۔

جی ماما۔ماہین بھابھی کہتی باہر کی طرف چلی گئیں۔

نورین نظریں جھکائے خاموش بیٹھی تھی۔

چلو آؤ ہمارے ساتھ بھائی کو آرام کرنے دو چلو شاباش۔ بہارے کو پیار سے کہتے وشہ اسے بھی اپنے ساتھ لے گئی۔

چلو تم سب بھی بدر کو آرام کرنے دو۔باقی سب کو ماہم اپیا نے کہا تو وہ سب سر ہلاتے گڈ نائیٹ کہتے روحا ماما کے ساتھ ہی باہر نکل گئے۔

بدر نے گہری سانس چھوڑتے بیڈ کروان سے ٹیک لگاتے سر جھکائے بیٹھی نورین کو دیکھا۔

ہم لوگ کل ہی واپس جا رہے ہیں۔ میں تمہارے بابا سے کہتی ہوں ہماری ٹکٹس کروائیں۔ وہ سنجیدگی سے کہتی اس سے نظریں چراتی اٹھ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماما۔بدر نے اسے پکارا وہ رکی لیکن مڑی نہیں۔

میرا انجام امن ماموں جیسا نہیں ہو گا۔ میں ایسا ہونے نہیں دوں گا۔اسکے سنجیدگی سے کہے گئے جملے پر نورین پر آسمان ٹوٹا تھا۔

اسنے جھکتے سے مڑتے بے یقینی سے بدر کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایسے مت دیکھیں میں سب جانتا ہوں وہ بھی جو آپ نہیں چاہتی تھیں۔ آنکھیں بند کرتے کرب سے کہا۔

جانتے ہوئے بھی اس آگ میں کود پڑے۔ زلزلوں کی ضد میں لرزتی آواز سے کہا۔

جان بوجھ کر نہیں کود اخود بہ خود یہ آگے مجھے اپنی طرف کھینچتی گئ۔ نم آنکھیں رگڑتے کہا۔

بدر مت کرو یہ سب میں تمہاری جدائی برداشت نہیں کر پاؤں گی۔ صوفے پر گرتے سسکتے کہا۔

اور میں مر حا کے بغیر زندہ در گور ہو جاؤں گا ماما۔ وہ جس قدر دیوانگی سے بولا تھا نورین نے تڑپ کر اسے دیکھا۔

جبکہ انکے کمرے کے باہر کھڑی مہر نے گہری سانسیں بھرتے دیوار سے ٹیک لگاتے نیچے بیٹھتی چلی گئ۔

اسکے دل پر یکدم بوجھ بڑھا تھا اتنا کہ اسکے اپنے بائیں جانب ٹھیس سی اٹھتی محسوس ہوئی۔

پھوپھو۔ ایزل کی دل دہلا دینے والی چیخ نے شاہ ولا کے در و دیوار ہلا دیئے۔

💞💞💞

مینہہ ہونے کو آیا تھا انہیں یہاں آئے لیکن انکا رشتہ ابھی بھی ویسا تھا جیسا کل تھا۔

زمل نے کتنی ہی کوشش کی لیکن وہ اس سے بات ہی نہیں کرتا تھا وہ اندر ہی اندر کڑھتی رہتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اس دن کے بعد سے وہ کبھی گھر تھوڑا جلدی جاتا تھا یا پھر جس دن لیٹ ہو سونیا کو اسکے ساتھ رہنے کا کہہ دیتا تھا۔

وہ دونوں ایک ہی کمرے میں رہتے تھے آبان صوفے پر اور وہ بیڈ پر سوتی تھی۔

اسکی ماں بھی اس سے ناراض تھی وہ بھی سہی سے بات نہیں کر رہی تھی۔

انفیکٹ ابھی تک کوئی اس سے سہی سے بات نہیں کرتا۔

اسنے طے کر لیا تھا کہ وہ آج اسے ہر حال میں راضی کر لے گی۔

ویسے بھی آج آبان کی ڈی۔ایس۔پی کے ساتھ میٹینگ تھی اسنے فون کر کے بتا دیا تھا کہ وہ آج کافی لیٹ ہو جائے گا۔

اسنے سونیا سے ہیلپ لیتے آبان کے لیئے اچھا سا سرپرائز تیار کیا۔

سونیا کو بھیجتے وہ اب خود تیار ہونے چلی گئی۔

خود کو آئینے میں دیکھتے وہ شرم سے دہری ہو رہی تھی لیکن اسے آج ہر حال میں آبان کو منانا تھا۔

باہر گاڑی رکنے کی آواز سنتے اسنے جلدی سے ساری لائیٹس اوف کیں اور خود دروازے کے پیچھے چھپ گئی۔

پانچ منٹ بعد اسے سیڑھیاں چڑھنے کی آواز آئی اور پھر کمرے کی باہر قدموں کی آہٹ سے وہ خود میں سمٹ سی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

آبان دروازہ کھولتا اندر آیا تو اندھیرا دیکھتے چونک گیا۔

یہ تمہارے بھائی بہن کے سسرال والے ہیں نور جانی۔

میں تمہاری بھابھی اور وہ تمہارے جیجو۔ہانم ماحول کو سنجیدہ دیکھ آگے بڑھتے ہلکے پھلکے لہجے میں بولی۔

نور منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

آپ دونوں نے شادی کر لی۔اسکی چیختی آواز پر انہوں نے گھبرا کر اسے دیکھا۔

بھائی۔صدمے سے داؤد کو دیکھا وہ بے بسی سے اسے دیکھتا نظریں چرا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ایک منٹ میں بتاتی ہوں سب تمہیں۔ہانم داؤد کو نظریں چراتے دیکھ آگے بڑھتے بولی۔

اور پھر وہ اسے سب بتاتی گئ کہ بچپن کے ٹراما کے بعد وہ کیسے ایک بچی بن گئ تھی اور پھر انکے گھر آنا ہانم اور داؤد کی شادی،روشانے اور عاشر کی شادی سوائے اسکے اور براق کے نکاح کے اسنے بس بتادیا۔

لیکن مجھے کچھ بھی یاد نہیں۔سب کچھ جاننے کے بعد وہ بھیگے لہجے میں بولی۔

کوئ بات نہیں بیٹا آہستہ آہستہ یاد اجائے گا اور اگر نا آیا تو ہم سب ہیں نا۔ماہم نے پیار سے اسے دیکھتے کہا۔وہ سر ہلا گئ۔

پھر جو جو وہاں تھے سب سے اسکا انٹرڈکشن کروایا۔

وہ کون تھے جو پہلے آئے تھے یہاں۔وہ براق کو یاد کرتے سہمے سے لہجے میں بولی۔

اسے براق کی سرخ آنکھوں سے ڈر لگ رہا تھا۔

وہ تمہارے ہ۔ابھی ہانم بولتی کہ داؤد نے جلدی سے اسکے ہاتھ پہ ہاتھ رکھتے روکا۔

وہ زین چاچو کا بیٹا ہے براق۔روشانے گھبرا کر بولی۔وہ بس سر ہلا گئ۔

نور کو ابھی بتانا سہی نہیں ایک دم سے زہن پر اتنا زور پڑنا کوئ نقصان پہنچا سکتا ہے۔وہ آہستہ سے بولا تو ہانم لب بھینچ گئ۔

اپنے براق کی حالت دیکھی تھی نا داؤد جس طرح آپکو نور عزیز ہے میرے لیے بھی وہ چھوٹا بھائ ہے۔بچوں کی طرح عزیز ہے مجھے۔وہ بھیگے لہجے میں لہجے وہاں سے چلی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

داؤد بے بسی سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

💞💞💞

مہر کو اگلے دن رات تک ڈسچارج کر دیا گیا تھا اور نور کو بھی۔

آبان اور زمل بھی اسی رات پہنچ گئے تھے۔

دو دن تک تو سب کے خاموشی کے نظر ہو گئے۔ مرحا اور ساحل کا نکاح آگے کر دیا گیا تھا۔

آج تیسرا دن تھا براق نے خود کو کمرے میں بند کر رکھا تھا وہ کسی سے بات کرتا نا کچھ کھاتا پیتا اور اسکی حالت دیکھتے سب ایک بار پھر سے جمع ہوئے تھے

اب وہ سب شاہ والا جمع تھے سوائے نور زارا اور براق کے۔

نور کو بتانا تو ہے نا ایک نا ایک دن تو اسے پتا چلنا ہی ہے۔

مرتسم کی سنجیدہ آواز گونجی تھی۔

لیکن فلحال وہ یہ سب برداشت نہیں کر سکتی۔ داؤد نے بے چینی سے کہا۔

براق نے نور کے مشکل وقت میں اسے سنبھلا ہے تو آج بھی سنبھلا لے گا۔ اگر ہم نور کو پیار سے سمجھائیں گے تو وہ سمجھ جائے گی۔۔ ایزل تیکھی نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

لہجے میں ناگواری کا عنصر بھی تھا۔سب کو ہی وہ لوگ اب خود غرض لگ رہے تھے۔

براق کی حالت کسی سے بھی چھپی ہوئی نہیں تھی۔وہ جلدی کسی سے اٹیچ نہیں ہوتا تھا لیکن جب ہو جاتا تھا تو اپنی آخری سانس تک اسے چاہتا تھا۔

نور تو اسکی پوری دنیا بن چکی تھی۔

بلکل ٹھیک کہہ رہی ہے ایزل نور کو سمجھنا پڑے گا ایسا نہیں ہے کہ ہمیں نور کی پرواہ نہیں لیکن براق کی حالت ہم سب کے سامنے ہے۔

حازق سنجیدگی سے بولا۔

وہ کزنز ایک دوسرے پر جان دیتے تھے۔اور بڑوں کے لیئے وہ بچوں کی طرح تھے تو بچوں کے لیئے انکے بڑے انکے ماں باپ کی طرح تھے۔

بڑوں کو تو بولنے کا موقع ہی نہیں دے رہے تھے وہ لوگ۔

دانین تم کیوں خاموش ہو کچھ بولو۔زین اسے خاموش دیکھ بولا۔

وہ ایسے خاموش نہیں رہتی تھی۔

میں کیا بول سکتی ہوں جنکی بیٹی ہے وہ فیصلہ کر چکے ہیں اور شائید آگے انکی بیٹی خود کرے گی۔وہ کندھے اچکاتے بولی جیسے بیٹے کی حالت کی کوئی پرواہ نا ہو۔

لیکن سرخ آنکھیں اور ضبط سے سرخ پڑتا چہرہ اسکی باتوں کی عکاسی نہیں کر رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمیں ایک ہفتہ دے دیں ہم نور کو سب بتادیں گے۔براق کی حالت میں سمجھ سکتا ہوں لیکن اتنی جلدی نور کو بتانا سہی نہیں۔ایک ہفتے تک میں اسے خود سارا سچ بتادوں گا۔

آہان شاہ نرمی سے بولے۔

ٹھیک ہے ایک ہفتے تک کا وقت نور کے لیئے بھی سہی ہے۔یقیناً ایک ہفتے تک وہ سمجھ جائے گی۔زین نے کہا تو سب اسکی بات پر متفق ہوئے۔

💞💞💞

آپی دیکھیں نا براق بھائی کسی سے بات نہیں کر رہے نا کمرے کا دروازہ کھول رہے ہیں۔وہ سب زین کے بنگلے میں آئے تھے۔

دور فشاں انہیں آتے دیکھ بھاگ کر مرحا سے لپٹتی روتے ہوئے بولی۔

کمرے کے باہر رمشا نم آنکھیں لیے کھڑی تھی۔

فشی میری پیاری سی گڑیا بھائی ابھی پریشان ہیں تھوڑے سے نور کو چوٹ لگی ہے نا اس لیے۔

آپ رونا بند کرو براق کو میں دیکھتی ہوں۔جاو شاباش آپ نیچے اینارہ اور پریشے سے پاس جاو۔مرحا نے اسے پیار سے سمجھایا وہ نم آنکھوں سے کمرے کے بند دروازے کو دیکھتی نیچے چلی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

رمشاء آبان کے سینے سے لگے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

آبان بھائی پلیز براق کو بولیں ایسے مت کرے۔اسکی نور ٹھیک ہو جائے گی لیکن وہ اپنی حالت خراب کر لے گا۔

وہ سسکتے بولی تھی۔

شش ایسے نہیں کہتے کچھ نہیں ہو گا۔نور کی وجہ سے ڈسٹرب ہے لیکن ٹھیک ہو جائے گا۔ہم سب ہیں نا اسے سنبھالنے کے لیئے۔اسکا سر تھپکتے براق نے نرمی سے کہا۔

حازق اور عاشر دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہے تھے۔

لیکن وہ کھل نہیں رہا تھا آخر کو انہیں دروازہ توڑنا ہی پڑا۔

دروازہ کھلتے وہ لوگ اندر آئے تو اندھیرے نے انکا استقبال کیا۔

ہانم نے زمل کو اشارہ کیا تو وہ رمشاء کو لیے نیچے چلی گئ۔

وہ سب کمرے میں داخل ہوئے اندھیرے کے ساتھ سگریٹ کے دھوئیں نے انکے ہوش ٹھکانے لگائے تھے۔

What the hell.

Posted On Kitab Nagri

حازق اسکے ہاتھ میں سگریٹ دیکھتا دھاڑتا اسکے قریب پہنچا تھا۔

اسکے ہاتھ سے سگریٹ کھینچتے اسنے اودیکھانا تاؤر کھ کے ایک تھپڑ اسے لگا دیا۔

براق اوندھے منہ بیڈ پہ گرا پلٹ کر زخمی نظروں سے اسے دیکھا۔

پاگل ہو گئے ہو تم۔وہ اسے کالر سے پکڑ کا اٹھاتا دھاڑا تھا۔

ایزل اور مرحا نے کمرے کی کھڑکیاں کھولیں تو دھواں اور سمیل کچھ کم ہوئ تھی۔

یہ کیا کر کیا رہے تھے تم اپنے ساتھ۔۔ سگریٹ کے آٹھ، دس ڈبیاں خالی دیکھ عاشر نے غصے سے اسے دیکھا۔

تم سے پوچھ رہے ہیں یہ کیا ہے۔حازق غصے سے اسے دیکھتا پوچھ رہا تھا لیکن وہ اچانک اسکے گلے لگتا رو دیا۔

بھائ میں نہیں کر رہا یہ لیکن پتہ نہیں مجھے کیا ہو رہا ہے۔بھائ میں نہیں گیا تھا اسکے قریب وہ آئ تھی۔ پچھلے تین ماہ سے وہ میرے پاس تھی میرے ساتھ تھی مینے ہر لمحہ اسکی ڈھال بن کے اسکے حفاظت کی ہے وہ مجھ میں ایسے رچ، بس گئ ہے۔ جیسے میری روح کا حصہ۔اور آج اچانک اسے مجھ سے الگ کر دیا گیا میں برداشت کیسے کروں۔وہ حازق کے سینے سے لگتا سسک پڑا۔

مرحا اور ایزل منہ پر ہاتھ رکھتے رو دیں۔ہانم اور ہانیہ (وہ کل ہی آئ تھی) نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ بتائیں اگر آپ سے ایزل آپی کو دے کر چھین لیا جائے یا پھر آپسے زمل آپی کو الگ کر دیں اگر روشانے آپی آپکو پہچاننے سے انکار دے تو کیسا لگے گا اپکو۔ وہ حازق سے الگ ہوتا ان تینوں کو دیکھتا نروٹھے پن سے بولا۔

تینوں نے ایک پل کو سوچا اور روح بلبلا اٹھی تھے تینوں کی۔

حازق نے ایزل کو دیکھا اگر وہ اسے بھول جائے وہ تو اسکے دماغ کے پرزے ہلاڈالے گا لیکن خود کو بھولنے کبھی نہیں دے گا۔ اور الگ ہونے کا وہ اسے سوچنے بھی نادے۔

یہی حال عاشر اور آبان کا تھا۔

کوئ تمہیں اس سے الگ نہیں کر رہا ہے براق کوئ الگ کرے گا بھی نہیں اور نا ہی وہ تمہیں اتنی آسانی سے بھولے گی۔ یہ میرا وعدہ ہے۔ حازق اسکے بال ماتھے سے ہٹاتے اسکے پیشانی پر بوسہ دیتے مضبوط لہجے میں بولا۔

وہ تو بھول چکی ہے بھائ۔ اسنے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔

تو ہم یاد کروائیں گے ہر حال میں اسے تمہیں یاد رکھنا پڑے گا۔ آبان اسے خود سے لگاتا بولا۔

پرامس کریں۔۔ مشکوک نظروں سے تینوں کو دیکھتے ہاتھ پھیلایا۔

انداز بچوں جیسا تھا۔

وہ تینوں ناچاہتے ہوئے بھی مسکرا دیئے۔

Posted On Kitab Nagri

پکاوعدہ۔تینوں ایک ساتھ بولے۔

وہ بچپن میں بھی تو ایسے کرتا تھا جب وہ اور ارحم بائیک ریسینگ کے لیئے جاتے تھے تو واپس آنے پر ایسے ہی وعدہ لیتے تھے کہ وہ انہیں بڑوں کی ڈانٹ سے بچائیں گے۔

انکے لیئے ان بڑے بہن بھائیوں جیسے کزنز کا ساتھ ایک تناور درخت جیسا تھا جسکے سائے میں وہ ہمیشہ چھپ جاتے تھے۔

چلو اب اٹھو کھانا کھاؤ دیکھو میں تمہارے لیئے اپنے ہاتھ سے تمہارے فیورٹ چائنیز بنا کر لائی ہوں۔ ایزل اسکے بال بگڑتے بولی۔

ایک منٹ رکو زارا پہلے یہ بتاؤ یہ سگریٹ کی لت کہاں سے لگی تمہیں۔مرحا اسے گھورتے بولی تو وہ سٹپٹا گیا۔

ہاں بلکل اسکا حساب تو رہتا ہے۔ہانم نے اسے گھورا۔

وہ۔لبوں پر زبان پھیرتے کچھ کہنا چاہا۔

لیکن عاشر اور آبان کے تھپڑ نے اسکے حواس سلب کر ڈالے۔

بھائی۔وہ چیخا تھا۔

آئیندہ اگر سگریٹ کے آس پاس بھی نظر آئے نا تو تمہارے یہ زبان میں اپنے طریقے سے جلاؤں گا۔ سرد لہجے میں کہتے حازق نے اسکے گال تھپتھپایا تو وہ سر ہلاتا جلدی سے ایزل کے پیچھے چھپا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آلے میرا بچہ ڈر گیا۔ چلو اب کچھ نہیں کہیں گے۔

بس بہت ہو گیا اب کوئی کچھ نہیں کہے گا اتنا بہت ہوتا ہے۔رعب سے کہتے وہ اسے لیے باہر کی طرف بڑھ گئی۔

رعب خاص طور پر جمایا حازق میر پر تھا۔

وہ سب مسکراہٹ دباتے اسکے پیچھے ہی نکلے تھے۔

حازق نفی میں سر ہلاتا مسکرا دیا۔

💞💞💞

جیسے تیسے تو اسنے اگلے دو دن بھی گزار لیے لیکن تیسرے دن اس سے بلکل برداشت نہیں ہوا وہ اس سے ملنا چاہتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رات ہوتے ہی وہ آہان شاہ کے گھر کے باہر کھڑا اندر جانے کی ترکیب سوچ رہا تھا۔جب ہانم کا میسیج آیا

۔

رائیٹ والی کھڑکی کھول دی ہے مینے جلدی سے اندر اجاو۔وہ مسکرا دیا۔

Posted On Kitab Nagri

لو یو ہانم اپی۔وائس میسج کرتے وہ جلدی سے کھڑکی کی طرف بھاگا وہ واقعی کھولی ہوئی تھی بس تھوڑی سی اونچی تھی۔

وہ جمپ لگاتا کھڑکی میں چڑھاتا اندر ایا۔

کھڑکی واپس بند کرتا دبے قدموں سے نور کے کمرے کی طرف بڑھا۔

آہستہ سے ناب گھماتے دروازہ کھولا شکر تھا کہ وہ لاک نہیں تھا۔۔

دروازہ بند کرتے اسے دیکھا وہ پنک کمفرٹ میں چھپی ہوئی ہوئی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ماتھے پر چھوٹی سی بینڈیج تھی جبکہ بازوں میں بڑا سا ٹیڈی بئیر تھا۔

جہاں اسے دیکھ تڑپتے دل کو سکون ملا تھا وہیں ٹیڈی کو دیکھ براق کے ماتھے پر بل پڑے۔

وہ کیسے ایک ٹیڈی کو اپنی بانہوں میں لے کر سو سکتی ہے۔غصے سے لب بھینچتے اسکی طرف قدم بڑھائے۔

اس پر جھکتے اسنے بہت نرمی سے اسکی بانہوں سے وہ ٹیڈی نکالا۔

نور کے ماتھے پر نیند میں بھی بل پڑے۔

اسنے کسمسا کر ہاتھ مارتے اپنا ٹیڈی ڈھونڈا۔

لیکن اسے تو براق کھڑکی سے باہر پھینک چکا تھا۔

جوتے اتارتے وہ اسکے قریب نیم دراز ہوتا اسے خود میں بھینچ گیا۔

خود کو کسی کی مضبوط گرفت میں محسوس کرتے اسنے تیزی سے آنکھیں کھولیں۔

ماتھے پر پسینے کی ننھی سی بوندیں چمکی تھیں۔

جبکہ رنگ سفید پڑا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ک۔کون ہے۔بامشکل حلق سے آواز نکلی۔

ب۔بابا۔سرگوشی سے بھی کم آواز میں پکارا۔

براق دلچسپی سے اسکی حالت دیکھ رہا تھا۔

بابا نے بتایا نہیں جب شوہر کے پاس ہو تو بابا کو یاد نہیں کرتے۔مسکراہٹ دباتے اسکے ماتھے سے بال ہٹاتے کہا۔

وہ آنکھیں پھاڑے اس دیکھنے لگی۔

چھ۔وڑو۔کپکپاتے ہونٹوں سے کہتے شدت سے مزاحمت کی۔

لیکن براق نے اسی کافی مضبوطی سے اپنی بانہوں میں قید کر رکھا تھا کہ وہ ہل بھی نہیں پائی۔

لبوں پر زبان پھیرتے اسنے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھا اور پھر دروازے کو۔

اگلے ہی پل اسنے چیخنے کے لیئے منہ کھولا ہی تھا کہ براق اس سے پہلے ہی اسے تھوڑی سے تھام کر چہرہ اونچا کرتا اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

نور کی آنکھیں حد سے زیادہ پھیلی تھیں۔وجود ساکت ہوا تھا۔

جبکہ چہرے کا رنگ حد سے زیادہ سفید ہوا تھا۔

براق نرمی سے اسکے لبوں کو چومتا اسکی حالت دیکھتا پیچھے ہوا۔

ہ۔ہی۔اسکے پیچھے ہوتے اسکے لبوں سے بے ساختہ پھسلا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہبی کی جان، ہبی کا بچہ۔وہ نثار ہوتا اسکے چہرے پر اپنا لمس چھوڑتا اسے بوکھلا گیا۔

وہ خود اپنے طرز مخاطب پر حیران ہوئی تھی۔

وہیں اسکے لمس پر شدت سے رو دی۔

م۔ماما۔وہ ازیت سے چیخی۔

پ۔پلز مت کریں۔م۔مت چھوئیں م۔میں ن۔نہیں۔غ۔لط۔یہ گن۔اہ وہ ٹوٹے پھوٹے الفاظوں میں بولتی براق کا دل ٹکڑوں میں تقسیم کر گئ۔

وہ جھٹکے سے اسے چھوڑتا پیچھے ہوا تھا۔

گہری سانسیں بھرتے خود کو پر سکون کرنا چاہا۔

لیکن اسے یہ بات بچھو کی مانند ڈس رہی تھی کہ وہ اپنے محرم کے لمس کو گناہ کہہ رہی تھی۔

نور دیکھو میں۔وہ خود پر قابو پاتا اسکی طرف بڑھا لیکن وہ سہم کر پیچھے کھسکتی پاس پڑا ڈوپٹہ اٹھاتے خود پر اوڑھ گئ۔جیسے خود کو اس سے چھپانا چاہا ہو۔

وہ یہاں سے بھاگنا چاہتی تھی لیکن اسکے پاؤں بے جان ہو رہے تھے وہ سب کو بلانا چاہتی تھی لیکن اسکی آواز نہیں نکل رہی تھی۔

براق کا دماغ بھک سے اڑا۔لب بھینچتے جھکتے سے اسے بازو پکڑ کر اپنے سامنے کیا۔

اسکا ڈوپٹہ اتارتے دور اچھلا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ تم مجھ سے خود کو اس ڈوپٹے میں چھپا رہی ہو تمہیں میں کوئی لوٹیرا لگ رہا ہو جو تمہاری عزت لوٹ لے گا ہاں۔وہ دھاڑا تھا۔

تمہیں لگ رہا ہے کوئی ریپیسٹ، حوسی ہوں میں۔اسے بازوں سے پکڑتے وہ بے یقینی سے چیخا تھا۔

نور سہمتی تھر تھر کانپتی اسے دیکھ رہی تھی۔

تم جانتی ہو یہ ڈوپٹہ تو دور تمہیں میں اس پردے کے بغیر بھی بہت بار دیکھا ہے لیکن کبھی اپنی حد پار نہیں کی کیونکہ میں تمہاری معصومیت کو ختم نہیں کرنا چاہتا تھا۔

بہت بار تم خود مجھ سے کہتی تھی کہ تمہیں چینج کرواں تب بھی تمہارے وجود کو نوچا نہیں اور آج میں تمہیں حوس پرست درندہ لگ رہا ہوں۔

وہ اسکی شرٹ گلے سے پکڑ تا شدت سے دھاڑا تھا۔

نور سفید چہرے سے اسے سنتی پل میں ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئی۔

وہ جو ابھی دھاڑ رہا تھا اسکے بے ہوش ہونے پر اسکا رنگ فق ہوا۔

اسکی دھاڑوں پر باقی گھر والے بھی بھاگتے نور کے کمرے میں ائے تھے۔

نور۔۔اسکا چہرہ تھپتھپایا۔

جلدی سے اسے بیڈ پر لٹایا۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو۔داؤد اسے نور سے دور کرتا چیخا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا کیا ہے تمنے میری بہن کے ساتھ۔نور کو بے ہوش دیکھتے وہ اسے گریبان سے پکڑ تا ڈھاڑا۔

بھائی میں نے کچھ نہیں کیا میں بس اس سے ملنے آیا تھا۔وہ بہت ضبط سے بولا۔

زاراروشانے اور ہانم،نور کو ہوش میں لانے کی کوشش کر رہی تھیں۔

بکواس بند کرو جانتے ہو نا اسکی حالت کیسی ہے دو دن صبر نہیں ہوا تم سے۔وہ اسکے چہرے پر مکہ جھڑ تا پوری قوت سے دھاڑا تھا۔

براق لڑکھڑاتا پیچھے گرا تھا۔

ہانم اور روشانے کی چیخیں بلند ہوئ تھیں۔

براق۔۔ہانم چیختی اسکی طرف بڑھی۔

اگر میری بہن کو کچھ ہوا نا تو میں تمہارا حشر بگاڑ دوں گا۔داؤد غصے سے پاگل ہو تا اس سے پہلے کہ دوسرا مکہ اسے مار تا ہانم سرعت سے اسکے سامنے آئ تھی۔

اپی۔براق تیزی سے اسے اپنے سینے میں چھپا گیا۔

داؤد کا مکہ اسکے جبڑا ہلا گیا۔

یہ سب ایک پل میں ہوا تھا کہ کوئ بھی سمجھ نہیں پایا ہوا کیا ہے۔

داؤد نے فق ہوتے چہرے سے ہانم کو دیکھا وہ اتنی تیزی سے سامنے آئ تھی کہ وہ اپنے ہاتھ روک نہیں پایا لیکن براق اسی تیزی سے اسی خود میں بھینچ گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم تھر تھر کانپتے براق کے چہرے کو دیکھ رہی تھی اسکے سامنے آنے پر بھی داؤد کا ہاتھ رکا نہیں تھا بلکہ اگر براق اسکا چہرہ اپنے سینے میں نا چھپاتا تو وہ اس پر بھی ہاتھ اٹھا دیتا۔

سوچتے اسکا چہرہ سفید ہوا تھا۔

روشانے اور زارا سہمی سی انہیں دیکھ رہی تھیں۔ آہان شاہ بھی بیٹے کی حرکت پر بے یقین ہوئے تھے۔

ہ۔ہانم۔ حلق تر کرتے داؤد نے سہم کر پکارا۔

شٹ اپ۔ جسٹ آپ۔ خبر دار جو اپنے میری آپی کا نام بھی لیا تو۔ میں اب تک چپ چاپ آپکی سن رہا تو کیونکہ بات مجھ تک تھی لیکن اپنے تو میری بہن تک کا لحاظ نا کیا۔

براق ہانم کو سختی سے سینے سے لگاتا دھاڑا تھا۔

انکے گھر کا ماحول کبھی ایسا نہیں رہا ناہی زندگی میں کبھی ہانم نے ایسا کچھ دیکھا تھا۔

وہ فق ہوتے چہرے سے کانپتے براق کے سینے میں چھپی کھڑی تھی۔

م۔میں۔ داؤد نے کچھ کہنا چاہا۔

لیکن۔ آہان کا تھپڑ اسکا منہ بند کروا گیا۔

میری تربیت کا ہی لحاظ کر کہتے داؤد شاہ۔ وہ دکھ سے اسے دیکھتے بولے۔

چلیں آپی۔ وہ ہانم کو اپنے حصار میں لیتا ایک نظر نور کو دیکھتا باہر کی طرف بڑھا۔

ہانم رکیں کہاں جا رہی ہیں اپ۔۔ داؤد تڑپ کر اسکے سامنے ایا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم نے نم آنکھیں اٹھاتے اسے دیکھا۔

داؤد تڑپ ہی تو اٹھا تھا ان آنکھوں میں ٹھہری نمی اور سرخی دیکھتے۔

چلو براق۔ نظریں پھرتے وہ براق کے ساتھ آگے بڑھ گئ۔

وہ بے یقینی سے اسے دیکھتا رہ گیا۔

روشانے نے ایک نظر اپنی ماں کو دیکھا اور پھر بھائ کو نفی میں سر ہلاتے وہ ہانم اور براق کے پیچھے بھاگی تھی۔

💞💞💞

رات کے گیارہ بجے شاہ ولا کی بیل نے سبکو چونکا دیا۔

جمائیاں لیتے اپنے کمروں سے نکلتے وہ ایک دوسرے کو حیرت سے دیکھنے لگے۔

مرتسم نے آگے بڑھتے دروازہ کھولا تو سامنے ہانم، براق اور روشانے کو دیکھتے چونک گیا۔

تم لوگ اس وقت یہاں۔ اسنے پریشانی سے انہیں دیکھا۔

جبکہ ہانم اسے دیکھتے ضبط کھوتے اسکے سینے سے لگے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

Posted On Kitab Nagri

جبکہ مرتسم سمیت سب کو جھٹکا لگا تھا۔ رات کے اس پہر بیٹی کا روتے ہوئے گھر کی دہلیز پر آنا انکے دلوں میں خوف پیدا کر گیا تھا۔

ہانم میری جان کیا ہوا ہے مجھے بتاو۔ مرتسم نے پریشانی سے پوچھا۔

ہانم بابا کی جان کیا ہوا ہے کیوں اس طرح سے رو رہی ہو۔ وجدان نے آگے بڑھتے اسے مرتسم سے الگ کرتے اپنے سامنے کیا۔

باباوہ داؤد۔ سہم کر کچھ کہنا چاہا لیکن ہچکیوں سے وہ کچھ بول نہیں پائی۔

براق کیا ہو رہا ہے یہ سب کچھ بولو گے۔ اور یہ چوٹ کیسے آئی تمہیں۔ مہر نے اسکا چہرہ دیکھتے پوچھا۔

آپ لوگ پلیز ریلیکس رہئیے میں بتاتا ہوں۔ وہ ایک نظر سب کے پریشان چہرے دیکھتا بولا۔

پھر انہیں سب کچھ بتا دیا سوائے اپنی اور نور کی گفتگو کے۔

داؤد نے ہاتھ اٹھایا ہے تم پہ۔ مہر نے بے یقینی نے ہانم کو دیکھا۔

تمہیں کہیں لگی تو نہیں نا۔ ماہم اپیا اسے اپنے سامنے کرتیں روتے ہوئے بولی تھیں۔

نہیں ماما براق سامنے آ گیا تھا۔ اسکے گلے لگتے رندھے لہجے میں کہا۔

اسکی اتنی ہمت کے کہ میرے بھائی، بہن پر ہاتھ اٹھائے۔ حازق کی دھاڑ پر روشانے کانپ اٹھی تھی۔

حازق۔ مرتسم نے تنبیہ پکارا۔

مجھے ایسے مت پکارے بابا اپ دیکھ رہے ہیں اسنے کیا حشر کیا ہے براق کا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ خیال بھی نہیں کیا کہ وہ کتنا چھوٹا ہے۔اور ہانم آپی سوچیئے اگر اسکا بھاری ہاتھ انہیں لگ جاتا تو۔وہ ضبط کے باوجود خود کو غرانے سے روک نہیں پایا۔

حازق وہ داؤد کو ڈیفینڈ نہیں کر رہا لیکن اتنا خیال کرو کے یہاں تمہاری بہنیں اور بھابھی بھی ہے۔

وجدان بھائی نے اسے ٹوکا۔وہ لب بھینچ گیا۔

روشے بیٹا آپ ٹھیک ہونا ایسے چلی آئی رات کو وہ سب پیچھے پریشان ہونگے۔ماہین بھابھی نے فکر مندی سے اسے دیکھا۔

روشانے حیرت سے انہیں دیکھنے لگی۔

روشانے نور کی وجہ سے وہاں رکی تھی اسے کیوں لے آئے وہ پہلے ہی اتنی پریشان تھی۔وشہ نے براق سے کہا۔

جبکہ وہ حیرت سے انکا ظرف دیکھ رہی تھی انکی جگہ کوئی اور ہوتا تو شائید اب تک اسے دھکے دے کر اس گھر سے نکال دیتے لیکن یہاں تو سب اسکی فکر کر رہے تھے۔

وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

وہ سب ہی بوکھلا گئے۔

روش کیا ہوا۔عاشر جلدی سے اسکی طرف بڑھا۔

Posted On Kitab Nagri

عاشر ایم سوری داؤد بھائی نے جان بوجھ کر ہانم بھابھی پر ہاتھ نہیں اٹھایا وہ اچانک سامنے آگئی تھیں۔ انہوں نے براق کے ساتھ غلط کیا لیکن اس میں میری کوئی غلطی نہیں تھی۔وہ اسے سینے سے لگتے روتے ہوئے بولی۔

روش ہمیں پتہ ہے آپکی کوئی غلطی نہیں تھی پلیز اپ چپ ہو جائیں۔عاشر نے اسکی کمر سہلاتے فکرمندی سے کہا۔

ہاں روشانے آپکی غلطی نہیں ہے تو آپ پریشان کیوں ہو رہی ہیں جنکی غلطی ہے انہیں پریشان ہونے دیں۔ جاؤ روم میں ریسٹ کرو کل سے گھن چکر بنی ہوئی ہو۔ وجدان بھائی نے کہا تو عاشر کو نا چاہتے ہوئے بھی اسکے ساتھ کمرے میں جانا پڑا۔وہ ہانم سے بات کرنا چاہتا تھا لیکن روشانے ابھی کافی ڈری ہوئی تھی۔

تمہیں کیا ضرورت تھی اتنی رات کو وہاں جانے کی۔عادی نے براق کو ڈانٹا۔

چاچو پانچ دن ہو گئے ہیں مینے نور کو دیکھا نہیں تھا۔وہ تو ایک سیکینڈ بھی مجھے نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیتی تھی اب پانچ دنوں میں ایک جھلک بھی نہیں دیکھی کیسے رہتا۔وہ زخمی لہجے میں بولا تھا۔

مرحا جاؤ بھائی کی ڈریسینگ کر دو۔ مہر نے کہا تو وہ سر ہلاتے براق کی ڈریسینگ کرنے لگی اسکے ناک اور منہ سے خون بہہ رہا تھا۔ دائیں رخسار پر بھی خراشیں تھی جو داؤد کی انگوٹھی کی وجہ سے پڑی تھیں۔

تمہیں تو بخار بھی ہو رہا ہے چلو اٹھو ریسٹ کرو۔ مرحا نے اسکی ڈریسینگ کرتے سنجیدگی سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ نفی میں سر ہلا گیا۔میں گھر جا کر ریسٹ کروں گا ابھی چلتا ہوں۔وہ کھڑا ہوتا بولا۔

ایک رکھ کے لگاؤں گی نا تو ساری اکڑ نکل جائے گی چپ چاپ جاؤ میسم کے ساتھ اسکے روم میں۔مرحا اسے بازو سے پکڑتے غصے سے بولی۔

ایسے کرتے وہ بلکل مہر کی پرچھائی لگی تھی۔

سب نے اسکے انداز پر مسکراہٹ دبائی تھی۔

جاو۔تحکم سے اسے کہا تو وہ بے چارگی سے اسے دیکھتا میسم کے ساتھ کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

ہانم آپی آپکو ایسے نہیں آنا چاہئے تھا۔بلکہ بدلے میں آپکو انہیں ڈبل مار کر آنا چاہئے تھا۔حازق اسے پانی دیتا سنجیدگی سے بولا۔

مرتسم نے اسے گھورا۔

اگلی بار ماروں گی پکا۔سوسوں کرتے کہا۔

اگلی بات ایسا موقع آنے سے پہلے ہی اس سے حساب کتاب کلئیر کر لیں گے۔وجدان کے سنجیدگی سے کہنے پر حازق سر ہلا گیا۔

آپ لوگ جائیں ریسٹ کریں ابھی تو ہم لوگ کچھ نہیں کر سکتے افکیٹ یہ معاملہ مرحا کے نکاح کے بعد دیکھتے ہیں۔وجدان بھائی نے کہا تو سب انکی بات سے متفق ہوئے۔

جبکہ مرحا کے چہرے پر بے چینی لہرائی تھی۔کل اسکا نکاح تھا اور اسے کوئی خوشی ہی نہیں تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے اپنے دل کو ٹٹولا کو وہ ویران تھا۔ سر جھٹکتے وہ اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔

💞💞💞

اگلی صبح آہان شاہ لوگ وہاں حاضر تھے سوائے داؤد کے لیکن نکاح کی وجہ سے وہ لوگ بھی خاموش ہو گئے۔وہاں

بہت سارے لوگ تھے اس لیے وہ سب ایک فیملی کی طرح ہی بیوہیو کر رہے تھے۔

نکاح کی ساری تیاریاں مکمکل ہو چکی تھیں۔

مرتسم اور حازق نے کوئ کمی نہیں چھوڑی تھی اپنی پرنسز کے نکاح کو سپیشل بنانے میں۔

مرحا کو لے آؤ۔روحاما نے کہا تو ایزل اور زمل لوگ اوپر کی طرف بڑھ گئیں۔

کچھ دیر بعد ایزل پریشان سی باہر آئ تھی۔

حازق نے چونک کر اسے دیکھا۔

اوف وائیٹ کلر کی فراق جو اسکے گھٹنوں تک تھی اس پر گولڈن کلر کا کام ہوا تھا۔ گولڈن ہی ڈوپٹہ جو کہ تھوڑا سا بھاری تھا۔ بالوں میں ہیئر سٹائل بناتے پیچھے سے پونی بنائ ہوئ تھی۔ ڈوپٹہ کندھے پر رکھے لائیٹ سے میکاپ میں وہ حازق میر شاہ کو چاروخانے چت کر گی۔

Posted On Kitab Nagri

ناک کی چمکتی نتھ جو اسکی کمزوری بن چکی تھی اسے اپنی طرف کھنچنے لگی۔

وہ جو اسے دیکھنے میں محو تھا بغور اسکے چہرے کے بدلتے رنگوں کو دیکھا۔

اسنے مہر کے کان میں کچھ کہا جو اسکی بات سنتے پریشانی سے اٹھی تھی۔

وہ آنکھیں سکیڑتا انکی جانب بڑھا۔

مام سب ٹھیک ہے۔انکے قریب آتے نرمی سے پوچھا۔

میر مرحو نہیں مل رہی۔ایزل کی روہانسی آواز پر اسکا دماغ بھک سے اڑا۔

کیا مطلب نہیں مل رہی۔وہ کوئی بچی ہے جو کھو گئی ہے۔غصہ ضبط کرتے سرد لہجے میں کہا۔

میر مرحا غائب ہے گھر سے اور اپنے کمرے سے۔ایزل مدھم لہجے میں چیخی۔

گھر والے پریشانی سے اسکے اس پاس جمع ہو رہے تھے۔

کچھ ہی دیر میں وہ سب لوگ ڈرائیونگ روم میں جمع تھے۔ان سب نے گھر کا کونا کونا چھان مارا لیکن مرحا کہیں نہیں تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسے کیسے وہ غائب ہو سکتی ہے۔گھر سے اسے کون لے جا سکتا ہے۔زمین کھا گئی جا آسمان نگل گیا۔حازق ٹیبل کو ٹھوکر مارتا دھاڑا تھا۔

لڑکیاں اسکی دھاڑ پر سہم کر پیچھے ہٹی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

سب لوگ جانتے تھے مرحا کیسی ہے یقیناً وہ خود نہیں بھاگی ہو گی اسکے ساتھ کچھ نا کچھ تو غلط ہوا ہے۔ کیا یہ کوئی نہیں جانتا تھا۔

جبکہ ساحل تو پاگل ہو رہا تھا کہ آخر کو مرحا گئی کہا۔

یہ جس نے بھی کیا ہے اسے بہت بڑی قیمت چکانی پڑے گی میری بہن پر ہاتھ ڈالنے کی۔

مٹھیاں بھینچتے وہ غرایا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ وہاں سے جاتا مہر کی آواز پر وہ ساکت ہوا تھا۔

رکو حازق تم مرحا کو ڈھونڈنے نہیں جاؤ گے۔ مہر کی اطمنان بھری آواز پر سب نے بے یقینی سے اسے دیکھا تھا۔ جبکہ مرتسم کا شک یقین میں بدل چکا تھا۔

باہر مہمان آئے ہوئے ہیں۔ بڑے بڑے بزنس مین، ہمارے کولیگز، میڈیا جمع ہے اگر تم ایسے یہاں سے جاؤ گے اور اگر آج یہاں کوئی نکاح نہیں ہوا تو جانتے ہو ہمارے خاندان کی کتنی بدنامی ہو گی۔

وہ سنجیدگی سے بولی۔

مام مرحو غائب ہے اور اپکو خاندان کی پڑی ہے۔ حازق کی آواز میں بے یقینی تھی۔

مرحا جہاں بھی ہو گی سیف ہو گی مجھے یقین ہے۔ مینے اپنے بچوں کو اللہ کی امانت میں سونپا ہے اور وہ کبھی کسی کی امانت میں خیانت نہیں کرتا اس لیے تم لوگوں میں سے کوئی بھی اسے ڈھونڈنے نہیں جائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ قابل دید اطمنان سے بولی۔

لیکن پھر نکاح کسکا ہو گا۔زینی کی صدمے بھری آواز پر سب نے چونک کر اسے دیکھا۔

کسی نا کسی کو کرنا پڑے گا ورنہ ہماری سالوں کی عزت خاک میں مل جائے گی۔

مرحا بدنام ہو جائے۔عالم بابا صوفے پر گرتے ہارے ہوئے لہجے میں بولے۔

سب نے تڑپ کر انہیں دیکھا تھا۔

نکاح ہو گا یہاں اور آج۔ہی ہو گا۔ہماری مرحو کو کوئی بدنام نہیں کر سکتا اگر کسی نے اسکے لیئے کوئی لفظ بھی منہ سے نکالا تو میں زبان کھینچ لوں گی۔دانین کی تیش بھری آواز پر سب کو جھٹکا لگا۔

کسکا نکاح ہو گا دانین۔مرتسم نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔

رمشاء اور ساحل کا۔اسکی آواز نے سب پر دھماکہ کیا تھا۔

ساحل جھٹکے سے اپنی جگہ سے کھڑا ہوا وہیں رمشاء بے یقینی سے لڑکھڑائی تھی۔

جسے ایزل اور زمل نے بامشکل سنبھالا۔

دانین یہ کیا کہہ رہی ہو تم۔زین نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

ایسا بھی کچھ غلط نہیں کہا۔مرحا نہیں ہے تو کسی نا کسی کا نکاح تو کروانا ہے نا اور ویسے بھی مرحا اور ساحل ایک دوسرے سے کوئی طوفانی محبت تو کرتے نہیں تھے جو ایک دوسرے کے علاوہ کسی اور کو سوچ نہیں سکتے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکی لاپرواہی سے بولی۔

دانین۔مرتسم نے اسے گھورا۔

ساحل دانین آپی ٹھیک کہہ رہی ہیں۔۔پلیز منامت کرنا۔زینی کو اسکی بات ٹھیک لگی۔

لیکن ماما میں کیسے۔وہ بے بسی سے بولا۔

پلیز خاندان کی عزت کے لئیے پلیز۔۔وہ اسکے سامنے ہاتھ جوڑ گئ۔ساحل نے تیزی سے اسکے ہاتھ تھامتے اثبات میں سر ہلایا۔

مجھے یقین ہے میری بیٹی کو میرے فیصلے پر اعتراض نہیں ہو گا۔

دانین نے نرمی سے رمشاء کو اپنے حصار میں لیتے کہا۔

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتے سر جھکا گئ۔اسکے علاوہ وہ کیا کر سکتی تھی۔

کچھ ہی دیر میں وہ رمشاء ساحل شاہ بن چکی تھی۔

تو یہ ہے میرا نصیب کسی اور سے محبت کرنے والا میرا محرم بن گیا۔نکاح نامے پر دستخط کرتے ٹوٹے دل سے سوچا۔

اللہ مرحا آپی پلیز کہاں ہیں جلدی واپس آجائیں۔دل میں دعا کی تھی۔

مینے تمہیں چاہا ضرور تھا لیکن آج سے تمہیں سوچنا بھی مجھ پر حرام ہے۔چاہے جیسے بھی حالات میں رشتہ جڑا ہے مجھے ہر حال میں اب نبھانا ہے۔ساحل نے نکاح نامے پر دستخط کرتے مضبوط لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ لوگ مرحا کا پوچھ رہے تھے کیونکہ انہیں مرحا کے نکاح کے بارے میں بتایا گیا تھا جنہیں سب نے بہت مشکل سے کوراپ کیا تھا۔

💞💞💞

اسے آہستہ سے آنکھیں کھولیں۔ سر اس قدر بھاری ہو رہا تھا کہ اسے آنکھیں کھولنا بھی مشکل لگ رہا تھا۔

آنکھوں پر ہاتھ رکھتے اسنے بامشکل پلکیں جھپک جھپک کر آنکھیں کھولیں۔

نظریں سامنے اٹھاتے اسے سمجھنے کی کوشش کی وہ کہاں ہے لیکن سامنے نظر پڑتے ہی اسکی آدھی کھلی آنکھیں پوری کھل گئیں۔

وہ گول بیڈ جسکا گدا انہایت نرم پر اس پر لیٹی ہوئی تھی۔ اسے یوں لگ رہا تھا جیسے وہ پھولوں پر لیٹی ہو۔

حلق تر کرتے اسنے بیڈ سے اترنا چاہا لیکن اس پاس وائین ریڈ کلر کے پردے دیکھ وہ چونکی۔

اسنے پورے کمرے میں نظریں دوڑائیں۔

اسنے آہستہ سے ایک پردے کو چھوا تو پردے اوپر ہوتے چھت میں مکس ہو گئے وہ منہ کھولے آنکھیں پھاڑے یہ سب دیکھنے لگی اگلے ہی پل اسے حیرت کا ایک اور جھٹکا لگا۔

Posted On Kitab Nagri

اوف وائیٹ اور وائین ریڈ کلر سے سجا ہوا کمرہ جسکی دیواروں پر اسکے پورٹریٹ چسپا تھے۔

کچھ ہاتھ سے بنائے گئے تھے تو کچھ پکچرز تھیں۔وہ حیرت سے انکھیں پھاڑے سب دیکھنے لگی۔

پورا کمرہ اسکی پکچرز سے بھرا پڑا تھا۔اور یہ تصویریں اسکی بے خبری میں لی گئ تصوریں تھی۔

وہ بے خبری میں ان تصویروں کو دیکھتی بیڈ سے اترتی جیسے ہی اسنے بیڈ سے نیچے قدم رکھا اس پر گلابوں کی برساتا ہو گئ۔

وہ چونک گئ سر اٹھائے اسنے اوپر دیکھنا چاہا لیکن پھول گرتے ہی جا رہے تھے۔یوں جیسے پھولوں کی بارش ہوئ ہو۔

نرم پتیوں کا لمس اسے اپنے اندر تک اترتا محسوس ہوا۔

آنکھیں بند کرتے آہستہ سے مسکراتے اسنے پھولوں کی خوشبو اپنے اندر اتاری۔

چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے وہ پورے کمرے کے چکر کاٹنے لگی اس میں رکھی ہر چیز اسکی پسند کی تھی

پھول اس پر ہنوز برس رہے تھے۔

وہ گول گول گھومتی کھکھلا دی۔

جب اچانک اسے خود پر گہری نظروں کی تپش کا احساس ہوا۔

اسنے جھکتے سے پیچھے مڑتے دیکھا تو کمرے کے دروازے میں کھڑے بدر کو دیکھ اسکے چودہ طبقے روشن ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

پل میں ہوش ٹھکانے لگے۔

اسے یاد آیا وہ اپنے کمرے میں آئینے کے سامنے کھڑی خود کو دلہن بنا دیکھ رہی تھی اچانک فضا میں کوئ خوشبو پھیلی اور وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئ۔

م میرا اور ساحل کا نکاح ہے آج۔وہ حواس باختہ سی بڑبڑائ۔

آہان غلط آپکا اور ساحل کا نہیں ساحل اور رمشاء کا۔انفیکٹ نکاح تو ہو بھی گیا۔

بدر مسکاتی نظروں سے اسے دیکھتا مدھم لہجے میں کہتا اسکے قریب ایا۔

ج۔جھوٹ۔لبوں پر زبان پھیرتے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔

وہ ابھی تک نکاح کا سفید جوڑا پہنے ہوئے تھی۔

برائیڈل میک اپ کے ساتھ ڈائمنڈ کی جیلوری پہنے وہ بدر عالم شاہ پر قیامت ڈھا رہی تھی۔

یہ دیکھیں۔بدر نے اسکے سامنے موبائل کیا جہاں ساحل اور رمشاء کا نکاح ہو رہا تھا۔

ا۔ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔وہ بڑبڑائ۔

تم۔تم مجھے یہاں لے آئے اس لیے یہ سب ہو رہا ہے۔

تم مجھے کیوں لائے ہو۔وہ چیخی تھی۔

پسونا آپکو آپکی دنیا میں لایا ہوں ۔دیکھیں یہ پریستان آپکے لئیے سجایا ہے مینے۔وہ بانہیں پھیلاتا مسکراتے بول رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بدر پلیز مجھے واپس چھوڑ آؤ سب کیا سوچ رہے ہوں گے میں بھاگ گئ۔ مرحانم انکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

بدر نے تڑپ کر اسے دیکھا۔

نہیں پسونا کوئ بھی کچھ نہیں سوچے گا اگر کسی نے آپکے بارے میں کچھ غلط سوچا تو میں اسکی سوچوں کو بھی آگ لگادوں لیکن آپکے بارے میں کسی کو کچھ سوچنے بھی نہیں دوں گا۔

وہ اسکے ہاتھ تھامتا نفی میں سر ہلاتا تڑپ کر بولا۔

مرحا اس سے ہاتھ چھڑواتے شدت سے رو دی۔

بدر یہ کیا کیا تم نے میری ماں باپ انکی عزت، میرا خاندان وہاں ہزاروں لوگ آئے ہیں بدر کیا جواب دیا ہو گا سب کو انہوں نے۔

وہ گھٹنوں کے بل زمین پر گرتی روتے ہوئے بولی۔

بدر لب بھینچ گیا۔

بولو نا اب کیا جواب دیا ہو گا۔ وہ اسے خاموش دیکھ چیخی تھی۔

بدر آہستہ سے چلتا اسکے قریب آیا۔

ملکہ میں جانتا ہوں مینے جو کیا وہ غلط تھا لیکن ملکہ میں سب ٹھیک کر دوں گا ایک بار بھروسہ کر کے تو دیکھیں۔ وہ اسکے ہاتھ تھامتا التجائیہ لہجے میں بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرحا ہچکیوں سے روتی نفی میں سر ہلانے لگی۔

بدر تم نے غلطی نہیں گناہ کیا ہے۔ کیا تم نہیں جانتے ایک لڑکی کی عزت کتی نازک ہوتی ہے کیا لوگوں نے انگلیاں نہیں اٹھائی ہونگی میرے کردار پر میرے لاپتہ ہونے پر تم کیسے کرواوگے سب کو چپ۔ کیا گزری ہوگی۔ میرے ماں باپ، میرے بھائی سب کیا سوچ رہے ہونگیں۔ وہ زخمی نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

بدر اس سے پہلے کہ کچھ بولتا کہ کمرے کا دروازہ نوک ہوا۔

وہ آنکھیں صاف کرتا اٹھا تا خود بھی اٹھ کھڑا ہوا۔

آپ یہاں بیٹھیں میں آتا ہوں پلیز رویئے گا مت ایک بار بھروسہ کریں میں سب ٹھیک کر دوں گا۔ منت کرنے جیسا لہجہ تھا۔

وہ اسکے ہاتھ چھوڑتا اٹھتا دروازے کی طرح بڑھ گیا۔

مرحا بھیگی آنکھوں سے اسکی پشت دیکھتی رہ گئی۔

💞💞💞

جانے کیسے ان لوگوں نے رمشاء کو بے بس کرتے عزت بچانے کی خاطر اسکا نکاح ساحل سے کروایا ہوگا۔

ایم سوری آپی کی جان آپی کی وجہ تمہیں ایک ان چاہے رشتے میں بندھنا پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ فون میں رمشاء کا بے بس چہرہ دیکھ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

ساحل پلیز اب اس رشتے کو پوری ایمانداری سے نبھانا۔ وہ اب ساحل کو نکاح نامے پر دستخط کرتے دیکھتے وہ آہستہ سے بولتے فون بند کر گئ۔

وہ فون سے اور کچھ نہیں کر سکتی تھی ہر جگہ پاسورڈ تھا۔

گہری سانس چھوڑتے وہ بیڈ سے اٹھتے کھڑکی کی طرف بڑھ گئ۔

جہاں سے پول کا خوبصورت منظر دیکھتے وہ ایک پل کو مبہوت ہوئ تھی۔

وہ ابھی تک اسی سفید لہنگے میں تھی۔ جیولری وہ اتار چکی تھی لیکن کپڑے اسکے پاس اور تھے نہیں۔

وہ ابھی تک اس کمرے سے باہر نہیں نکلی تھی لیکن ابھی اس پول کو دیکھتے وہ خود کو روک نہیں پائ۔

کمرے میں ہر طرف پھولوں کی خوشبو کی تھی کیونکہ ہر جگہ گلاب رکھے ہوئے تھے گہری سانس کھینچتے اسنے اس خوشبو کو اپنے اندر اتارا۔

آہستہ سے دروازہ کھولتے اسنے باہر جھانکا۔ راہداری خالی پڑی تھی۔

وہ دبے قدموں سے چلتی آگے بڑھنے لگی۔

اسے اندازہ ہوا تھا کہ یہ کوئ لکڑی کا کاٹیج ہے۔

کمرے کے باہر ساری جگہ سفید پھولوں سے سجایا ہوئ تھی۔

انکی دھیمی دھیمی اٹھتی خوشبو اسکو پر سکون کر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

کاٹیج دیکھنے میں کسی رائل کاٹیج جیسالگ رہا تھا۔

اسکے کمرے کے ساتھ ایک اور کمرہ تھا۔

اور پھر سیڑھیاں تھیں۔

وہ چور نظروں سے ادھر ادھر دیکھتی آگے بڑھ رہی تھی لہنگے میں چلنے سے اسے مشکل ہو رہی تھی۔

کوفت سے جھنجھلاتے دونوں مٹھیوں میں لہنگا بھرتے وہ کسی شہزادی کی طرح سیڑھیاں اترنے لگی۔

اپنے لیپ ٹاپ سے یہ منظر دیکھتا بدر سانس روک گیا۔

سفید لہنگا پہنا وہ روئے روئے چہرے اور تنے ہوئے تاثرات سے کسی اور ہی جہان کی شہزادی لگ رہی تھی۔

یہ جگہ اس کے لیئے بلکل پرفیکٹ تھی تبھی تو بدر نے اس کاٹیج کو پریستان کا نام دیا تھا جہاں کی شہزادی مرحامر تسم شاہ تھی۔

سیڑھیوں کے اطراف میں لگے سفید اوع سرخ گلابوں کو دیکھتے وہ متبسم ہوئی تھی۔

سیڑھیوں سے اترتے اسنے چاروطرف نظریں دوڑائیں۔

چھوٹا سا ٹی۔وی لاؤنج جسے خوبصورتی سے سجایا ہوا تھا۔اسکے سامنے ہی چھوٹا سا کچن تھا جبکہ لاؤنج کے پیچھے دو کمرے بنے ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

کمروں کے دروازوں کو سفید پھولوں سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا ایسے کہ دیکھنے والا مبہوت سا اسے دیکھتا رہ جائے۔

یقیناً بدر جانتا تھا کہ وہ سفید اور سرخ پھولوں کی دیوانی ہے۔

وہ آگے بڑھی لاونج کی دیواروں پر اپنی تصویریں دیکھتی چونک گئ۔وہ منہ کھولے اس دیوار کو دیکھنے لگی اسکے بچپن سے لے کر لڑکھ پن اور پھر جوانی کی ساری تصویریں تھیں۔

بدر کی دیوانگی اسکے حواس سلب کر رہی تھی۔

لب بھینچتے اسنے لاؤنج کی بائیں طرف بنا وہ چھوٹا سا دروازہ دیکھا یقیناً وہ پول سائیڈ کی طرف جاتا تھا۔

سوچتے وہ اس دروازے کی طرف بڑھی تو کچھ قدموں کی دوری پر ہی وہ دروازہ اپنے آپ کھل گیا۔وہ چونکی نہیں۔یقیناً سینسر لگا ہوا تھا۔

باہر نکلتے ہی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا سے اپنا دل و دماغ پر سکون ہوتا محسوس ہوا۔

پول کا نیلا پانی اسکی آنکھوں کو خیرا ں کرنے لگا۔

وہ دھیمے قدم چلتی پول کے قریب بیٹھی۔

پاؤں سے جوتے نکالتے وہ لہنگا ہلکا سا اوپر اٹھاتے پیر پاؤں میں ڈال گئ۔

اسکا دہکتا ہوا جسم ہلکا سا پر سکون ہوا تھا۔

بھوری آنکھیں گھماتے اسنے اطراف میں دیکھا تو وہ مبہوت رہ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

پول کے دائیں جانب واٹر فال جیسا چھوٹا سا چشمہ بنا ہوا تھا جس سے بہتا شفاف نیلا پانی اس جگہ کی خوبصورتی کی عکاسی کر رہا تھا۔

جبکہ بائیں جانب چھوٹا سا گارڈن تھا جہاں پھول پی پھول تھے سفید اور سرخ گلاب کے پھول۔

یہ کاٹیج کافی پرانا، شائد کافی سال پہلے سے بنا ہوا۔ ان پھولوں کی گرتی دیکھتے سوچا۔

پھولوں کے بیچ و بیچ نظریں گھومیں تو بھوری آنکھیں چمک اٹھیں۔

وہ جھولا جسکی اسے بچپن سے خواہش تھی جو اسنے ضد کر کے مرتسم کو کہہ کے بنوایا تھا وہ اس سے بھی خوبصورت تھا۔

پھولوں کے بیچ و بیچ بنا وہ جھولا جس کے اطراف میں سفید پھولوں کی بیلیں ڈالی کوئی تھیں وہ بڑھتی ہوئی جھولے کے اطراف میں پھیلتی جا رہی تھیں جبکہ باقی جھولا رنگ برنگے پھولوں سے سجایا ہوا تھا۔

انہیں دھوپ سے بچانے کے لیئے ان پر سایہ کیا گیا تھا کہ ایسے کہ وہاں اگر کوئی دوپہر بھی بیٹھے تو دھوپ نہیں پڑتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتنا خوبصورت اور مکمل منظر تھا وہ۔

افف کتنی خوبصورت جگہ تھی نا یہ وہ سوچتے مسکائی تھی۔

کیا یہ پھول مرجھاتے نہیں ہیں۔ وہ سوچ رہی تھی جب وہاں کام کرتے مالی کو دیکھا۔

کیا یہ پھول مرجھاتے نہیں ہے۔ وہ انہیں اپنے قریب آتے دیکھ آہستہ سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ عمر رسیدہ آدمی تھے اسکے قریب پھولوں کا گل دستہ رکھتے مسکرائے۔

نہیں بٹیا بدر بابا نے کبھی انہیں مرجھانے نہیں دیا۔جب یہاں نہیں تھے تو روز فون کر کے اپنی آنکھوں کے سامنے انکی صفائی اور پانی کا کام کرواتے اور اب جب سے یہاں آئے ہیں خود انکی حفاظت کرتے ہیں پھر کیسے مرجھا سکتے ہیں۔

وہ ہلکا سا مسکراتے بولے۔جبکہ مرحا کو حیرت ہوئی۔

کب سے وہ یہ کروا رہے ہیں۔حیرت کے مارے اسکی آواز بامشکل نکل رہی تھی۔

پچھلے دس سال سے۔بدر بابا دس سال کے تھے ناتب پہلی بار پاکستان یہاں گھومنے آئے تھے اپنے دادا، دادی کے ساتھ۔اس وقت یہ کاٹیج ابھی بن رہا تھا آنکھوں نے جب دیکھا تو اتنی ضد کی یہ انہیں چاہیئے آخر کو انکے دادا کو خریدنا پڑا۔

یہ کاٹیج بنا ویسے ہی جیسے بن رہا تھا لیکن اسکی ایک ایک جگہ سجائی انہوں نے اپنے ہاتھوں سے ہے۔

یوں کہہ لیں کہ وہ ان پھولوں کے ساتھ بڑے ہوئے ہیں تو غلط نہیں۔

وہ پھولوں کو دیکھتے آہستہ سے بولے۔

مرحا کو جھٹکے پہ جھٹکے مل رہے تھے آخر کو اور کتنا کچھ چھپا ہوا تھا اس سے۔

بدر دس سال پہلے پاک آیا تھا اور تب سے اسنے صرف اس کے لیئے یہ سب سوچ رکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکا سر پھٹنے لگا تھا سوچ سوچ کے درد کی ایک شدید لہر اسے اپنے سر میں اٹھتی سی محسوس ہوئی اور وہ لہرا کر پیچھے کو زمین بوس ہوئی لیکن اس سے پہلے اسکا سر زمیں پر لگتا دو بازو اسے تیزی سے اپنے حصار میں لے چکے تھے۔

اسکے گرنے سے پہلے ہی بدر اسے اپنے حصار میں لے چکا تھا۔وہ ابھی آیا تھا جب مرحا مالی بابا سے اسکے بارے میں پوچھ رہی تھی۔

پسونا۔اسنے مرحا کا گال تھپکا۔

تیزی سے اسے بانہوں میں اٹھاتے وہ اندر کی طرف بھاگا۔

ڈاکٹر کو بلاو جلدی۔اسے بیڈ پہ لٹاتے وہ ملازموں پر ڈھاڑا۔

مرحا۔۔پاس پڑے پانی کے گلاس سے اسکے چہرے پر چھینٹے مارے لیکن وہ بے سود پڑی رہی۔

بدر نے پریشانی سے اپنی کنپٹی سہلائی۔

اسکی پریشانی حد سے سوا ہوئی تو اسنے جلدی سے فون نکالتے کسی کا نمبر ملایا۔

اسلام و علیکم!!پریشانی میں اسکے لہجے میں احترام تھا۔

مینے آپسے کہا تھا کہ وہ برداشت نہیں کر پائیں گی۔

سلام کا جواب ملتے ہی وہ بے بسی سے بولا۔

اچانک جھٹکا ملے تو ایسا ہوتا ہی ہے بچے۔نرمی سے کہا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن میں انہیں ایسے نہیں دیکھ سکتا۔انکی تکلیف مجھ سے نہیں دیکھی جارہی۔انہیں لگ رہا ہے کہ انکی وجہ سے انکے خاندان کی عزت پر سوال اٹھے گا۔

وہ ادھر ادھر ٹہلتا بہت نرمی سے بول رہا تھا۔

دیکھو بچے ساری زندگی کی تکلیف سے بہتر ہے وہ کچھ پل کی تکلیف برداشت کرلے مینے جیسا کہا ویسا کرو وہ ضرور سمجھ جائے گی۔

نرمی سے کہتے آخر پہ زارا سختی سے تنبیہ کی۔

جی۔۔وہ بے بسی سے مرحا کو دیکھتے بس اتنا ہی کہہ پایا۔

فون کاٹتے اسنے ابھی باہر کی طرف قدم بڑھائے ہی تھے کہ تبھی ڈاکٹر اندر آتی دکھائی دی۔

پلیز۔ڈاکٹر نے اسے دیکھتے ابھی منہ کھولا ہی تھا کہ اسنے مرحا کی طرف اشارہ کیا۔

ڈاکٹر اسے گھورتی مرحا کی طرف بڑھ گئی۔

آپ کیا لگتے ہیں پیشنٹ کے۔اسکے کلائی پکڑ کر نبض چیک کرتے مشکوک نظروں سے بدر کو دیکھتے پوچھا۔

مرحا کا دلہن کا جوڑا ڈاکٹر کو مشکوک کر رہا تھا۔

ہسبنڈ۔یک لفظی جواب دیا۔

انہوں کب سے کچھ کھایا نہیں۔؟سوالیہ نظروں سے بدر کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

بدر کو یاد آیا رات سے صبح ہو گئ اور مرحا نے ابھی تک کچھ نہیں کھایا تھا۔

شائید اسنے کل سے بھی کچھ نہیں کھایا ہو گا۔

کل سے۔وہ اسکے زرد چہرے پر نظریں جمائے بولا۔

کیسے شوہر ہیں آپ آپکی وائف نے کل سے کھایا نہیں اور اوپر سے انہیں دیکھ کر لگ رہا ہے جیسے کل ہی آپکی شادی ہوئی ہو۔

وہ مرحا کا چیک اپ کر چکی تھی۔اب ہاتھ باندھے بدر کو دیکھتے طنزیہ لہجے میں بولی۔

بدر لب بھینچ گیا۔

آپ مردوں کو بس یہی ہوتا ہے بیوی ملی ہے تو شادی کی پہلی رات ہی اپنے حقوق لینے ہیں پھر چاہئے بیوی اس لائق ہو یا نہیں یہ بھی نہیں دیکھتے۔

ڈاکٹر سخت نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

جبکہ اسکی بات سنتے بدر کا چہرہ سرخ پڑا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نا صرف بدر بلکہ مرحا کی پلکیں بھی لرز گئ تھیں۔وہ ڈاکٹر کے چیک اپ کرنے کے دوران ہوش میں اچکی تھی۔

انکی ڈائیٹ کا خیال رکھیں کافی ویکنس ہے اور ٹینشن فری بھی۔

Posted On Kitab Nagri

لڑکیاں اکثر ایسے موقعوں پر گھبرا جاتی ہیں تو انہیں پیار سے ڈیل کرتے ہیں۔وہ بڑی عمر کی ڈاکٹر تھیں جو اپنی ہی رو میں بولتی جا رہی تھیں۔

انہیں لگ رہا تھا کہ شائید وہ اپنی ویڈنگ نائیٹ کی وجہ سے ڈر گئی ہے۔

جبکہ بدر کا چہرہ بھانپ چھوڑنے لگا نچلہ لب دانتوں تلے دباتے اسنے اپنی کنپٹی سہلائی۔

اور مرحا کا دل چاہا کہ وہ کہیں غائب ہو جائے۔وہ سختی سے آنکھیں مینچ گئ۔

انہیں کھانا کھلاتے یہ میڈیسنز دینی ہیں۔اپنے بیگ سے کچھ میڈیسنز کے پتے نکالتے بدر کے حوالے کیے

۔

اور زارا نرمی برتیئے گا ابھی اتنی عمر نہیں لگتی بچی کی۔جاتے ہوئے بھی وہ تنبیہ کرنا نہیں بھولی تھی۔

افف۔مرحا تو مرحا بدر خود کانوں کی لوں تک سرخ پڑ گیا۔

اسنے تیز نظروں سے دروازے پر کھڑے طلال کو گھورا وہ اسکی نظروں سے گڑبڑاتا اپنی ہسی دبانے لگا۔

آیئے۔ڈاکٹر سے بیگ لیتے وہ بدر کی نظروں سے کھسک گیا۔

طلال اسے دس سقل پہلے یہیں اسی کاٹیج کے پاس ملا تھا۔

بھیک مانگتے ہوئے تب بدر نے اسکی زمہ داری اٹھالی۔

بدر نے اپنے دادی دادی کی مدد سے اسے ہوسٹل بھیج دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تاکے وہ پڑھ لکھ کے ایک کامیاب بزنس مین بن سکے لیکن طلال اپنی پڑھائی مکمل کرتے ہی اسکے گارڈ کی۔ڈیوٹی سنبھلا چکا تھا۔

بدر نے اسے منع کیا،زبردستی،پیار سے سمجھایا،روکا لیکن وہ نہیں مانا۔

سو مجبوراًبدر کو خاموش ہونا پڑا۔

طلال کی پشت کو دیکھتے وہ انہیں سوچوں میں گم تھا جب کھٹکے کی آواز پر چونک کر مڑا۔

مرحا پیاس لگنے پر آٹھ کر پانی پی رہی تھی لیکن اسے چکر آیا اور گلاس چھوٹ کر نیچے جا گرا۔

اسنے سر تھامتے بے بسی سے گلاس کو دیکھا۔

آرام سے کیا کر رہی ہیں پانی چاہئیے تھا تو مجھے آواز دے لیتیں۔اسے بیڈ پہ بٹھاتے خفگی سے ڈانٹا۔

مرحا نے اسکے ہاتھ جھٹکے۔

بدر لب بھینچتا پیچھے ہو گیا۔

اسکے سپاٹ چہرے کو دیکھتے وہ کمرے سے چلا گیا۔

کچھ دیر بعد ملازمہ کھانے کے ساتھ اسکے کمرے میں حاضر تھی۔

اسے بھی بھوک لگی تھی اسلیے بنا چوں چراں کیے اسنے کھانا کھاتے میڈیسن بھی لے لی۔

دوا لینے کے بعد اسنے نیند آنے لگی تو وہ سو گئ۔

اسے معلوم نہیں وہ کب تک سوتی رہی لیکن کھٹ پٹ کی آواز پر اسکی آنکھ کھل گئ۔

Posted On Kitab Nagri

آنکھیں مسلتے سامنے دیکھا تو اپنے کمرے میں دو انجانی لڑکیاں دیکھتے حیرت سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

نظریں گھمائیں تو صوفے پر شاپنگ بیگز کے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔

آپ لوگ۔ جھجکتے ان لڑکیوں کو سوالیہ نظروں سے دیکھا۔

میم آپکو تیار کرنے آئی ہیں ہم۔ آپ پلیز چینج کر لیں۔ ایک لڑکی شائستگی سے بولتی اسکے سامنے ایک بیگ رکھ چکی تھی۔

تیار لیکن کیوں اور کسنے کہا ہے آپسے۔ وہ حیرت سے بولی۔

آپ لوگ دو منٹ باہر ویٹ کریں میں بلاتا ہوں اپکو۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتیں بدر کی آواز پر وہ دونوں لڑکیاں باہر چلی گئیں۔

یہ سب کیا ہے کیا کرنا چاہ رہے ہیں اپ۔ بدر کو دیکھتے وہ سلگھتے لہجے میں بولی۔

نکاح کرنا چاہ رہا ہوں بس۔ وہ سامنے کھڑکی سے نظر آتے پول دیکھتے مدھم لہجے میں بولا۔

مرحانے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

ن۔ نکاح۔ وہ آہستہ سے بڑبڑائی۔

جی بلکل نکاح۔ تیار ہو جائیں کچھ ہی دیر میں ہمارا نکاح ہے۔ وہ اسکے بے یقین چہرے کو دیکھتا بولا۔

ایسا کچھ نہیں ہو گا اور کبھی نہیں ہو گا۔ وہ ہوش میں آتی دھاڑی تھی۔

اور کیوں نہیں ہو سکتا۔ بدر نے نرمی سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ میں ساحل سے محبت کرتی ہوں۔وہ سپاٹ لہجے میں بولی۔

بدر کی آنکھیں جلنے لگیں۔اسنے گہری سانس لیتے شرٹ کے اگلے دو بٹن کھولے۔

لیکن دل پر بوجھ تھا جو بڑھتا ہی جارہا تھا۔

وہ کھڑی کے قریب ہوتا کھڑکی کھول گیا۔

اسے سانس لینے میں دشواری سی ہورہی تھی۔

آپ کچھ بھی کہہ کہتی لیکن یہ نہیں کہنا چاہیے تھا اپکو۔آپ اگر اس سے محبت کرتی تو میں مان بھی لیتا لیکن یہ محبت کا جھوٹا اظہار آپکے منہ سے سننا میرے لئیے یوں ہے جیسے میرے کانوں میں سیسہ انڈیلا جارہا ہو۔

وہ کھڑکی کو تھامتا دل کے مقام کو مسلتے بے بسی سے بولا۔

مرحا اسے بے یقینی سے دیکھ رہی تھی۔بدر کا بے حال ہونا اسے ڈرا گیا تھا۔

ساحل کی شادی ہوچکی ہے۔اسے خاموش دیکھ وہ مزید بولا۔

لیکن میں پھر بھی آپسے نکاح نہیں کروں گی۔وہ جو نرم پڑی تھی لمحوں میں بول پڑی۔

اسنے سوچ لیا تھا وہ بدر کے علاوہ کسی سے بھی شادی کرلے گی لیکن بدر سے نہیں اگر وہ بدر سے شادی کرلیتی تو شائید ساحل اور زینی لوگ اسے غلط سمجھتے کہ اسنے جان بوجھ کر عین نکاح کے وقت بدر کے لئیے بھاگ کر انکی عزت نیلام کی ہے۔اور اس سے انکے رشتوں میں دراڑ آجاتی جو وہ نہیں چاہتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنی ہی سوچوں میں گم تھی اسے مردانہ پرفیوم کی خوشبو اپنے بہت قریب محسوس ہوئی۔

اسنے سر اٹھا کے دیکھا تو بدر اس سے دو قدموں کے فاصلے پر کھڑا تھا لیکن وہ اسے نہیں دیکھ رہا تھا وہ اسکے ہاتھوں کو دیکھ رہا تھا۔

جو بلکل خالی تھے نکاح کے موقع پر بھی ان پر مہندی نہیں لگائی گئی تھی۔

کیوں نہیں کریں گی۔اسکے ہاتھوں پر نظریں جمائے مدھم لہجے میں پوچھا۔

کیونکہ میں ساحل سے محب۔ اسکے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے جب بدر نے اسے دونوں بازوں سے پکڑتے اپنے قریب کیا۔

کیوں کر رہی ہیں ایسا کیوں بار بار کسی اور کے لیئے اپنی جھوٹی محبت کا اعتراف کر کے میرا دل بند کرنا چاہتی ہیں۔ کیونکہ چاہتی ہیں کہ میری سانسیں رک جائیں۔۔ وہ اسکے بازوں پر جنونی گرفت کرتا ازیت سے چیخا تھا۔

مرحا سہمے تاثرات سے اسے دیکھنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ مجھے ایک وجہ ایک ٹھوس وجہ دے دیں انکار کی میں قسم کھاتا ہوں انہی قدموں سے واپس پلٹ جاؤں گا اور ساری زندگی آپکی طرف دیکھوں گا بھی نہیں۔

وہ اسکے بازو چھوڑتا پیچھے ہوا۔

مرحا نظریں چرا گئی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن وجہ ٹھوس ہونی چاہیے بغیر وجہ کے اگر اب اپنے انکار کیا تو اس پسٹل کی چھ کی چھ گولیاں میں یہاں آپکے سامنے اپنے سینے میں اتاروں گا۔

وہ پسٹل نکال کر اسکے سامنے رکھتا سپاٹ لہجے میں بولا۔

مرحا کا وجود کپکپا گیا کہاں دیکھی تھی اسنے اپنے لیے ایسی کسی کی دیوانگی۔

م۔میں۔کپکپاتے لبوں سے کچھ کہنا چاہا لیکن پسٹل کو دیکھتے اسکا حلق سوکھ گیا۔

آپ مجھے بلیک میل نہیں کر سکتے۔انسو صاف کرتے بھرائے لہجے میں کہا۔

میں نہیں کر رہا۔

کیا نکاح کرنا ناجائز ہے یا پھر بلیک میل ہے میں تو صرف آپسے وجہ مانگ رہا ہوں۔

وہ جلتی آنکھوں کو مسلتے بولا۔

مجھے آپ پسند نہیں۔۔معصومیت سے کہا گیا۔

بدر کا دل کیا اسکی معصومیت پر خود کو وار پھینکے۔

یہ ٹھوس وجہ نہیں کہ میں پیچھے ہٹ جاؤں۔نکاح کے بعد آپکو پسند آ ہی جاؤں گا۔نرم گرم لہجے میں کہا۔

م۔میرے گھر والے۔کافی دیر سوچنے کے بعد یہ وجہ ملی۔

ایک منٹ۔کہتا وہ موبائل نکالتا اسکے سامنے کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا نے ناسمجھی سے اسے دیکھا۔

اگلے ہی پل سکرین پر نمودار ہوتا چہرہ دیکھا اسکی آنکھیں بے یقینی سے پھیلتی چلی گیئں۔

ماما۔۔اسکے لگ پھڑ پھڑ ائے۔

اسنے جھپٹ کر فون چھینا۔

میں جانتی ہوں مرحا تمہیں یہ بات تکلیف دے گی لیکن میرے پاس اسکے علاوہ کوئ راستہ نہیں تھا۔ ساحل سے تمہاری کوئ دلی وابستگی نہیں تھی ورنہ میں یہ قدم کبھی نا اٹھاتی۔اور سیدھے طریقے سے تم مانتی نہیں۔ ساحل اور رمشاء کا نکاح ہو چکا ہے اور کوئ زور زبردستی نہیں کی گئ دونوں کی رضامندی سے ہوا ہے۔

مہر ٹھہر ٹھہر کو بول رہی تھی۔شائید وہ سوچ رہی تھی۔

تم بدر سے نکاح کر لو وہ تم سے عشق کرتا ہے مرحا جو انسان پندرہ سال سے تمہارے نام سے عشق کرتا آیا ہے سوچو کہ وہ تم سے کتنا عشق کرتا ہو گا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر ابھی بھی تم راضی نہیں ہو تو واپس چلی آؤ لیکن وہاں سے نکلنے سے پہلے ایک بار بھی مڑ کر اس دیوانے کو نا دیکھنا کیونکہ تمہارے جاتے ہی وہ اپنی اگلی سانس ہار جائے گا۔

مہر نے گہری سانس بھرتے اپنی آنکھیں صاف کیں۔

میں تمہاری والی وارث ہوں اس ناطے تمہیں اجازت دیتی ہوں کہ تم۔بدر سے نکاح کر سکتی ہو۔

Posted On Kitab Nagri

اپنی ماں پر تھوڑا سا بھروسہ کر لو مرحا ورنہ میں روز محشر کئ لوگوں کے سامنے شرمندہ ہو جاؤں گی۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر روتے ہاتھ جوڑ گئ۔

ویڈیو ختم ہو گئ۔

مرحا بے یقینی سے ابھی بھی سکرین کو دیکھ رہی تھی۔

اپنی ماں کا ہاتھ جوڑنا اور رونا اسے تڑپا گیا تھا آخر ایسا کیوں ہو رہا تھا کیا چیز تھی جو اسکی ماں کو یہ قدم اٹھانے پر مجبور کر گئ تھی۔

بہتے آنسوں سے سوچا۔

پسونا۔اسکے ہاتھ سے فون لیتے بدر نے نرمی سے پکارا۔

مرحا چونک کر ہوش میں ائ۔

میں تیار ہوں نکاح کے لئیے۔مدھم لہجے میں کہا۔

ک۔کیا۔کیا کہا ہے آپنے۔بدر کا لہجہ بے یقین تھا۔

لیکن میں میک اپ نہیں کروں گی۔وہ اسکا بے یقین لہجہ محسوس کرے لاپرواہی سے بولی۔

آپ نکاح۔مطلب آپ میری ہو جائیں گی۔اپ۔وہ منہ پر ہاتھ پھیر تا ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں بول رہا تھا۔

مرحا حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی نیلی آنکھوں میں چمکتی خوشی دیکھ وہ ساکت ہوئی تھی۔

اسکے چہرہ ایسا تھا جیسے اسے دنیا بھر کا خزانہ مل گیا ہو۔

آپ بس چینج کر لیں میں باقی انتظام کرتا ہوں۔ وہ کہتا تیزی سے باہر کی طرف بڑھا لہجے میں ہنوز بے یقینی سی تھی۔

مرحاسر جھٹکتی بیگ اٹھاتے چینج کرنے چلی گئی۔

وہ چینج کر کے آئی تو اسکے کمرے میں وہی دو لڑکیاں آئیں۔

واؤ میم یہ ڈریس آپ پہ بہت اچھا لگ رہا ہے۔ ایک لڑکی نے ستائش سے اسے دیکھتے کہا۔

وہ پھیکا سا مسکرا دی۔

سفید رنگ کا گھیرے دار فراق جو اسکے پاؤں تک تھا۔ فراق کے دامن بازوں اور گلے پر گولڈن کام ہوا تھا جبکہ باقی فراق پر کہیں کہیں گولڈن سٹون لگا تھا۔

وہ فراق اس پر بہت جچ رہی تھی یوں جیسے بنی ہی اس کے لئیے ہو۔

میک سے پاک چہرہ۔ گلابی ہوتی بھوری انکھیں۔ ادس ادس سا چہرہ وہ یقیناً بدر کو پاگل کر دینے کے لئیے کافی تھا۔

میم یہاں بیٹھئے پلیز۔ ایک لڑکی مہندی ہاتھ میں پکڑے اسکے قریب اتے بولی۔

مرحا نے ناسمجی سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

سر کے ارڈرز ہیں۔ مہندی دکھاتے کہا۔

وہ خاموشی سے بیڈ پہ بیڈ گئ۔

لڑکی نے مہارت سے اسکے ہاتھوں پر گول ٹکیاں بناتے پاؤں پر بھی بنادیں۔

وہ ساکت سی بیٹھی رہی۔

دس منٹ بعد اسنے مہندی دھودی لیکن ان دس منٹوں میں اسکی مہندی کا رنگ اتنا گہرا آیا تھا کہ وہ خود بے یقین ہوئ تھی۔

اسکے گورے گورے ہاتھوں پر مہندی کا گہرا رنگ اس قدر خوبصورت پھر تھا مر حا خود اپنے ہاتھوں کو دیکھتی رہ گئ۔

انہوں نے اسے میک اپ نہیں کیا لیکن اسکے بالوں کا جوڑا بناتے انہوں نے ڈوپٹہ سیٹ کر دیا۔

اسنے خاموشی سے خود کو حالات کے حوالے کر دیا تھا۔

وہ ہار گئ تھی اپنی ماں سے بدر کی موت کے ڈر سے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

آدھے گھنٹے بعد طلال مولوی صاحب اور کچھ گواہان کو ساتھ لیے اندر آیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا کا دل سوکھے پتے کی مانند لرزنے لگا۔

اسے اس وقت اپنے باپ بھائیوں کی اشد ضرورت تھی جو اسکے ساتھ نہیں تھے اسکا دل کیا سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر مرتسم کی آغوش میں چھپ جائے۔

لیکن وہ پتھر بنی بیٹھی رہی۔

مرحا شاہ ولد مرتسم میر شاہ آپکا نکاح بدر عالم شاہ ولد عالم شاہ سے سکہ رائج الوقت دس لاکھ حق مہر کے عوض کروایا جاتا ہے کیا اپکو قبول ہے۔۔مولوی صاب کی آواز پر وہ سختی سے لب بھینچ گئ۔

ہاتھوں کی مٹھیوں میں اپنا دوپٹہ دبوچا تھا۔

ماما۔لبوں سے بے آواز سسکی نکلی۔

طلال نے آگے بڑھتے اسکے سر پہ ہاتھ رکھا۔

ق۔قبول ہے۔ہچکی لیتے کہا۔

(میں تمہیں پورے دل سے قبول کرتی ہوں)

کیا آپکو قبول ہے۔۔؟

قبول ہے۔۔اسکی سسکیاں نکلنے کو بے تاب ہوئ تھیں۔

(لیکن اپنی بے بسی کے لیئے تمہیں معاف نہیں کروں گی)

کیا آپکو قبول ہے۔۔،؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جی قبول ہے۔۔ آخر بار رضامندی دیتے اسکی روح تک کانپ اٹھی تھی۔

(بابا، ایم سوری پلیز مجھے معاف کر دیجئیے گا۔)

اسکے پاس کوئی اپنا نہیں تھا جو اسکے ساتھ کھڑا ہو کے اسکی سہارا دے سکتا۔ وہ بلکل اکیلی تھی اور یہی بات اسے لرزائے جا رہی جب اسکے باپ بھائیوں کو پتا چلے گا تب کیا ہو گا۔

بہتے آنسوں سے اسنے نکاح نامے پر سائیں کرتے سوچا تھا۔

اسکی رضامندی لیتے سب اسکے سر پہ ہاتھ رکھتے جا چکے تھے۔

انکے جانے کے بعد وہ ایک جھٹکے سے اٹھتی کھڑی کے قریب آتے انسے گہری سانس لیتے خود کو کمپوز کرنا چاہا۔

آنسو بھل بھل کے چہرے پر گرتے اسکی آنکھیں دھندلا رہے تھے۔

جنہیں وہ سختی سی رگڑ دیتی لیکن وہ ڈھیٹ بنے پھر سے اسکا چہرہ بھگو دیتے۔

اب بدر سے پوچھنے کی باری تھی۔

وہ سفید شلوار قمیض پہنے اطمنان سے بیٹھا ہوا تھا۔ جب اس سے رضامندی پوچھی گئی۔

بدر عالم شاہ ولد عالم آپکا نکاح مرحا شاہ ولد مرتسم میر شاہ سے سکہ رائج الوقت دس لاکھ حق مہر کے عوض کروایا جاتا ہے کیا اپکو قبول ہے۔۔ مولوی صاب کی آواز پر وہ بے چین ہوا اٹھا۔

قبول ہے۔ دل پہ ہاتھ رکھتے مدھم مسکراتے لبوں پر سجائے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

(ہاں قبول ہے وہ بھوری آنکھوں والی میری شہزادی میرے دل کی ملکہ)

کیا آپکو قبول ہے۔۔؟

قبول ہے۔ آنکھیں بند کرتے جزب کے عالم میں کہا۔

(میں آپکا ہر غم سمیٹ لوں گا وعدہ کرتا ہوں ساری زندگی آپکی آنکھوں میں ایک آنسو نہیں آنے دوں گا)

کیا آپکو قبول ہے؟؟؟

قبول ہے۔۔اسکی آنکھوں سے آنسو پھسلتے چہرہ پر گرے تھے۔

(میں وعدہ کرتا ہوں ہر جگہ آپکی ڈھال بن کے آپکی حفاظت کروں گا ملکہ۔)

دعا کے بعد مبارک بعد دینے لگے۔

وہ نم انکھوں سے سب کی مبارک بعد لیتا رہا۔

کبھی ہس پڑتا تو کبھی مسکرا دیتا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

طلال سب کو کھانا کھلانے کے بعد چھوڑنے جا چکا تھا۔

جبکہ بعد ہنوز بے یقین سا اپنے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھ رہا تھا۔

آنسو اب چہرے سے پھلاتے ڈاڑھی میں جزب ہو رہے تھے۔

ملکہ میری ہو گئ۔ میری ملکہ ہمیشہ کے لیئے میری ہو گئیں۔ دل میں یہی کھلبلی مچائے ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

افف اللہ جی تھینکیوں سو مچ۔مجھے سمجھ نہیں آرہی میں آپکا شکریہ کیسے ادا کروں۔

وہ یکدم کھکھلا کر ہستے بولا۔

افف اس دل میں اتنا سکون کیسے ہو گیا۔کیسے ابھی تڑپ رہا تھا اور اب دیکھو اتنا پر سکون۔دل کے مقام پر ہاتھ رکھتے حیرت سے سوچا۔

اسنے ایک نظر بند کمرے پر ڈالی اور گہری سانس بھر تا اٹھ کھڑا ہوا۔

اسکے قدم مرحا کے کمرے کی طرف تھے۔

💞💞💞

نکاح ہو چکا ہے مہمان بھی جا چکے ہیں اب تو بتا دیں کہاں ہے مرحو۔۔حازق سرخ آنکھوں سے مہر کو دیکھتا مدھم لہجے میں بولا۔

مہر نے حلق تر کرتے ایک نظر سب کو دیکھا۔

سب کی نظریں اسی پر جمی تھیں۔

مرحا کو بدر لے گیا۔کہاں میں نہیں جانتی لیکن مجھے بس اتنا معلوم ہے کہ وہی اسے لے کر گیا ہے۔وہ کچھ جھوٹ کی ملاوٹ کرتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

نورین نے کرب سے آنکھیں مینچتے صوفے کو تھاما۔

بدر لے گیا ہے کیا مطلب ہے کہاں کے گیا ہے وہ اور کیوں۔حازق کی دھاڑ پر مہر کے قریب کھڑی ایزل اچھلی تھی۔

بدر مرحا کو بہت چاہتا ہے اور چاہتا تھا کہ ان دونوں کی شادی ہو جائے لیکن مرحا نے بدر کی بجائے ساحل کو چنا۔

وہ مرتسم پر نظریں جمائے مدھم لہجے میں بولی۔

اسکی ہمت کیسے ہوئ میری بہن کو یوں گھر سے اٹھانے کی اسے اب میرے ہاتھوں سے کوئ نہیں بچا سکتا۔

حازق اپنا کوٹ اتار کر صوفے پر پھینکتا گاڑی کی چابیاں اٹھاتا باہر کی طرف بڑھا تھا۔

بدر نے بہت غلط کیا اسکا انجام اسے بھگتنا پڑے گا۔

حاشر کہتا حازق کے پیچھے ہی نکلا تھا۔

انکے دونوں کے پیچھے ہی میثم، آبان اور غازی لوگ نکلے تھے۔

جبکہ مرتسم ایک نظر مہر کو دیکھتا اوپر کی طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

پتہ نہیں کس حال میں کہاں ہو گی میری بچی۔۔روحاماسر پکڑے روتے ہوئے بولیں۔

مہر نے گھبرا کر سب کو دیکھا اور پھر مرتسم کی پشت کو۔وہ یوں کیوں چلا گیا کچھ بولا کیوں نہیں اور کیا وہ مرحا کو نہیں ڈھونڈھے گا۔

سوچتے اسنے قدم اسکے پیچھے بڑھائے۔

وہ کمرے میں آئی تو مرتسم فون پر کسی سے بات کر رہا تھا۔

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے اسکے قریب ائی۔اسکے چہرے کے سخت تاثرات دیکھتے وہ تھوک نگلتے اسکا بازو پیچھے کرتے اسکے سینے پر سر رکھ گئی۔

مرتسم چونکا نہیں لیکن اسکی تنے ہوئے تاثرات ڈھیلے پڑے تھے۔

وہ نرمی سے مہر کا سر چومتا اسکے بال سہلانے لگا۔

ہم ٹھیک ہے باقی کی انفارمیشن کل تک پہنچ جائے۔سرد لہجے میں کہتے اسنے فون کاٹ دیا۔

شاہ۔اسکے فون بند کرنے پر وہ اسکی شرٹ کے بٹن سے کھیلتے سر اٹھائے اسے دیکھنے لگی۔

جی۔فون پر نظریں جمائے کہا۔

ادھر دیکھیں۔اسکا چہرہ اپنی طرف کیا۔

مرتسم نے فون سے نظریں ہٹاتے اسے دیکھا۔

ناراض ہیں۔لب چباتے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

مرتسم نفی میں سر ہلا گیا۔

میں آپسے کبھی ناراض ہو سکتا ہوں۔؟اسکا سر چومتے پوچھا۔

مجھے کچھ بتانا ہے اپکو۔اسکے سینے پر ہتھیلی جمائے تھوک نگلتے کہا۔

مرتسم بغور اسکے تاثرات دیکھ رہا تھا۔

م۔ مینے مرحا اور بدرکان۔ نکاح کروادیا۔ آنکھیں مینچتے ایک ہی سانس میں کہا۔

مرتسم چونکا نہیں۔وہ خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔

ا۔ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں آپکو حیرت نہیں ہوئی۔وہ آنکھیں کھولتے اسکے بے تاثر دیکھتا دیکھتے حیرت سے بولی۔

کیا مجھے ہونی چاہئیے تھی۔ مرحا میری اکلوتی بیٹی ہے مہر وہ پچھلے آٹھ گھنٹوں سے غائب ہے اور اپکو لگتا ہے کہ میں سکون سے بیٹھا رہوں گا۔

وہ اسکی آنکھوں میں جھانکتا بولا۔

میں جانتا ہوں وہ کہاں ہے، آپکو لگتا ہے کہ وہ میری ناک کے نیچے سے واقعی میری بیٹی کو میری مرضی کے بغیر لے جا سکتا ہے۔وہ آئیبرو اچکاتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

تو کیا آپ خود بھی یہی چاہتے تھے۔وہ سنجیدگی سے اسے دیکھتے بولی۔

شائید۔ صرف اسلیے نہیں کے بدر کا دل ٹوٹے گا بلکہ اس لیے کہ بدر ساحل سے بہتر ہے ہماری مرحو کے لئیے۔وہ گہری سانس بھرتا بولا۔

آپ کتنے وہ ہیں شاہ اور میں تب سے اتنی پریشان ہو رہی تھی۔

وہ اب خفگی سے اسے دیکھتے بولی۔

خفا مجھے ہونا چاہئے اب مجھ سے چھپ کر یہ سب کرتی رہی ہیں۔وہ اسکے خفا ہونے پر مصنوعی ناراضگی سے بولا۔

لیکن آپسے کونسا کچھ چھپا تھا چیل جیسی نظریں ہیں اپکی۔وہ چیخ کر بولی۔

مرتسم مسکرایا۔

اپنی بیوی پر نظر رکھنا کونسا غلط ہے۔اسکی سرخ ناک دیکھتے وہ محظوظ ہوتے بولا۔

ہاں یہ غلط نہیں ہے لیکن بیوی سے چھپانا غلط ہے۔وہ دوبدو بولی۔

مرتسم نفی میں سر ہلاتا مسکرا دیا۔

شاہ یہ سب تو ٹھیک ہے حازق کو کیسے روکیں گے وہ بدر کو ڈھونڈ کے گا اور یقیناً وہ اسے چھوڑے گا نہیں۔وہ اب پریشانی سے بولی۔

ڈونٹ وری جانم حازق چاہ کر بھی اسے نہیں ڈھونڈ پائے گا۔وہ مطمئن انداز میں بولا۔

ویسے تو کہتے ہیں بچپن سے پیار کرتے ہیں لیکن اتنا سا کام نہیں کر سکتے میرے لیے رہنے دیں آپکے بس کی بات نہیں۔نروٹھے پن سے کہتے وہ آگے بڑھ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا چھار کیں لاتا ہوں۔بدر اسے ناراض ہوتے دیکھ جلدی سے اسکا ہاتھ پکڑ تا بولا۔

ٹھیک ہے جائیں پھر۔اسنے زیادہ بھاؤ نہیں دیا۔

بدر دل میں التو جلالتو کا ورد کرتا دبے قدموں سے گیٹ کی طرف بڑھا۔

گارڈز چوکنا کھڑے تھے وہ کچھ سوچتا رکا۔پھر ایک پتھر اٹھاتے دوسری طرف پھینکا۔

گارڈز چونک کر اس طرف دوڑے۔

بدر جلدی سے دیوار پر چڑھتا ہاتھ بھر بھر کے جامن توڑ تا جیب میں ڈالنے لگا۔

اوئے چور۔گارڈز اسے دیکھتے اسکی طرف بھاگے۔

مرحا اسے دیکھتے ہس رہی تھی۔ہس ہس کے اسکی آنکھوں سے پانی نکلنے لگا۔

بدر انہیں اپنی طرف آتا دیکھ دیوار سے چھلانگ لگاتا مرحا کی طرف بھاگا۔

جلدی چلیں۔اسکا ہاتھ پکڑتے وہ اپنی کاٹیج کی طرف فل سپیڈ سے بھاگا تھا۔

گارڈز تھوڑا سا انکے پیچھے آئے لیکن ان دونوں کی سپیڈ کافی تیز تھی اس لیے وہ واپس مڑ گئے۔

اپنے کاٹیج کے سامنے رکتے بدر گھٹنوں پر ہاتھ رکھتے جھکتے گہری سانس لینے لگا۔

جبکہ مرحا اب قہقہ لگا کر ہس رہی تھی۔

ہاہاہا اف اللہ بدر یہ بہت مزے کا تھا۔وہ آنکھوں سے پانی صاف کرتے بولی۔

بدر نے ایک نظر اسکے ہستے چہرے پر ڈالی اگلے ہی پل وہ خود بھی مسکرا دیا۔

Posted On Kitab Nagri

چلیں آپکو جامن کھلاؤں اب میں۔اسکا ہاتھ پکڑتے وہ خفا سے انداز میں کہتا اندر آگیا۔

کچن میں آتے اسنے اپنی پاکیٹ سے جامن نکالیں اور انہیں دھوتے مرحا کے سامنے پیش کیں۔

مرحا اسکے سفید کرتے کو جامنی ہوتے دیکھ پھر سے قہقہ لگا گئ۔

بدر بس اسے گھور ہی سکا۔

اگر وہ لوگ بل ڈوگز چھوڑ دیتے مجھ پہ تو۔اسنے منہ میں جامن ڈالتے خفگی سے کہا۔

تو کیا پھر وہ آپکے چیتھڑے اڑا دیتے۔ مسکراہٹ دباتے وہ جامن کھانے لگی۔

شوہر کی کوئ قدر ہی نہیں ہے۔وہ تاسف سے بولا۔

مرحا کندھے اچکا تا مزے سے جامن کھانے لگیں۔

اب میں توڑ کر لایا تھا تو تھوڑا اس امیر احق بھی بنتا ہے نا۔وہ اسے ساری جامن کھاتے دیکھ جان بوجھ کر آخر پہ بولا۔

پہلے بولنا چاہیئے تھا نا اب تو مینے ساری کھالیں۔

وہ خالی پلیٹ دیکھتے افسوس سے بولی۔

کوئ بات نہیں میں اپنے طریقے سے کھالوں گا۔

وہ معنی خیزی سے مسکرایا۔

مرحا نے آنکھیں چھوٹی کرتے اسے دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بدر اپنی چیئر سے اٹھتا اسکی طرف طرف آیا اسکے سمجھنے سے پہلے ہی وہ اسے اٹھاتا ٹیبل پر بٹھا گیا۔

بدر اپ۔وہ کچھ کہتی بدر اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اسے اپنی طرف کھینچتا اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

مرحا کی آنکھیں باہر کو ابل پڑیں۔

بدر شدت سے اسکے ہونٹوں کو لبوں میں بھرتا سک کر رہا تھا۔

مرحا نے نظریں جھکاتے اسے دیکھا وہ آنکھیں بند کیے لمحہ بالمحہ اسکی سانسیں پیتا جا رہا تھا۔

کمر سے لپٹا ہاتھ اسے خود میں بھینچ رہا تھا۔جبکہ دوسرا ہاتھ بالوں میں سرسرا رہا تھا۔

اسنے ابھی بھی مزاحمت نہیں کی۔لیکن اسکی بڑھتی شدت پر اسکے کالر کر جھٹکا دیا کہ وہ ہوش میں آئے

۔

بدر نرمی سے اسکے ہونٹ چھوڑتا پیچھے ہوتا اسکے ماتھے سے ماتھا ٹکا گیا۔

دونوں کی سانسیں پھول چکی تھیں۔

وہ ابھی سہی سے سانس بحال بھی نہیں کر پائی تھی کہ اسکا سلگھتا لمس گردن پر محسوس کرتے کانپ کر رہ گئی۔

ب۔بدر۔اسکی کرتا جکڑتے ٹوٹتی سانسوں سے اسے پکارا۔

جبکہ بدر خمار آلودہ نظروں سے اسے دیکھتا اسکی گردن پر جگہ جگہ لب رکھتا اپنے لمس سے گیلا کر گیا۔

اسکے پکارنے پر سرخ آنکھوں سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ گلابی چہرے سے آنکھیں موندیں چھوٹی چھوٹی سانسیں بھر رہی تھی۔

بدر اسے دیکھتا پھر سے اسکی گردن پر جھکا۔

لیکن لب رکھنے کی بجائے وہ لبوں میں بھرتا اسکی سکن آمدر کی طرف کھینچتا شدت سے سک کرتا سرخ گہرا نشان ڈال گیا۔

بدر اسکی بیوٹی بون کو دیکھتا مسکرایا اگلے ہی پل وہاں اپنے دانت گاڑھ گیا۔

مرحا کی مدھم چیخ نکلی تھی۔

اسکی گردن پر نشان ڈالتا وہ مسکراتے پیچھے ہوا۔

مرحا کی پلکیں لرز رہی تھیں۔ نظریں شرم سے جھکی ہوئی تھیں۔

سینے پر ہاتھ رکھے وہ اپنی ابتر ہوتی دھڑکنوں کو شانت کر رہی تھی۔

آپ اتنے بے باک تو نہیں تھے۔ دانت پیستے کہا۔

بدر کا قہقہ گونجا۔

پہلے آپ میسر بھی تو نہیں تھیں۔ وہ آنکھ ونک کرتا بولا۔

بے شرم۔ وہ سٹپٹاتی کمرے میں بھاگ گئ۔

ہاہاہا۔ پسونا ابھی تو ٹریلر تھا۔ وہ پیچھے سے بڑبڑایا۔

کنگناتے وہ باہر کی طرف بڑھ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسے کچھ ضروری کام نمٹانے تھے۔

مرحا اسکے جانے کے بعد کمرے میں آ گئ۔

وہ بری طرح سے بور ہو رہی تھی۔

کچھ دیر تک ٹی۔وی دیکھتی رہی۔پھر ظہر کی اذان ہو گئ نماز پھر کے وہ سو گئ۔

جب اٹھی تو شام کے سائے پھیل چکے تھے۔

فریش ہوتے وہ باہر آ گئ۔

بدر ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔

باہر لان میں آئ تو پھولوں کے بیچ لگے اس جھولے کو دیکھتے مسکائ۔

چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے وہ جھولے کی قریب آتے اس پر بیٹھ گئ۔

ایک پاؤں زمین پر ٹکاتے وہ پھولوں کو غور سے دیکھتی ہلکا ہلکا جھولنے لگی۔

کچھ دیر تک اسکے پاس ایک۔عورت آئ۔

وہ اس مالی کی بیوی تھی صبح بدر نے اسے ملوایا تھا۔

وہ پھولوں کو پانی دیتی ساتھ اس سے باتیں کرنے لگی۔

باتیں کرتے پتہ ہی نہیں چلا کتنا وقت گزر گیا۔

تب تک بدر بھی آ گیا۔وہ کافی تھکا ہوا لگ رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرحا اسے دیکھتی اندر کی طرف بڑھ گئ۔

بدر نے تعاجب سے اسے دیکھا پھر خود بھی اسکے پیچھے اگیا۔

مرحا کچن سے پانی کا گلاس لیے نکل رہی تھی اسے دیکھتے چونکی۔

پانی۔۔اسکے سامنے گلاس کیا۔

بدر بطور اسکے مشرقی بیووں والی حرکت پر مسکرایا۔

شکریہ کہتے اسے تھام لیا۔

پانی پیتے وہ فریش ہونے چلا گیا۔

تب تک مرحا نے کھانا گرم کر لیا۔

بدر بھی فریش ہو کے آچکا تھا۔

دونوں نے کھانا کھایا پھر وہ واک کے لیئے اگئے۔

واپس اکے بدر پھر سے اپنا لیپ ٹاپ لیے بیٹھ گیا اور بدر کا موبائل دیکھنے لگی۔

اسکے ایک بار مانگنے پر بدر نے اسے موبائل دے دیا اسے یوٹیوب چلانی تھی باقی سب چیزوں پر پاسورڈ تھے۔

کام کرتے وہ کافی دیر تک فری ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

لیپ ٹاپ بند کرتے اسنے مرحا کو دیکھا موبائل اسکے سینے پر گرا ہوا تھا جبکہ وہ گہری نیند میں سو رہی تھی۔

بدر مسکرا دیا۔

آہستہ سے چلتے اسکے قریب ایا۔

موبائل اٹھاتے اسے سہی سے بیڈ پہ لٹایا۔

اسکے قریب نیل دراز ہوتے وہ اسے دیکھنے لگا۔

کتنا سکون سا اسکے قریب۔کل رات بھی وہ اسکی آغوش میں پر سکون سا سو گیا تھا۔

سالوں بعد اسے اتنی گہری اور پر سکون نیند آئی تھی۔

اسنے آہستہ سے اسے قریب کرتے اپنے سینے پر لٹایا اور سکون سے آنکھیں موند لیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ماما میں جا رہی ہوں یونی ناشتہ بھی وہیں سے کر لوں گی۔وہ جلدی جلدی میں کہتی موبائل اٹھاتے باہر بھاگی۔

اج انکے نیو پروفیسر آنے والے تھے اور وہ پہلے ہی دن لیٹ نہیں ہونا چاہتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسائیمنٹس دیکھتے وہ جلدی جلدی چل رہی تھی جب سامنے کسی سے ٹکرا گئ۔

افف اللہ آنکھیں ہیں یا بٹن۔غصے سے کہتے اسنے چہرہ اٹھایا۔

اپنے سامنے ساحل خان کو دیکھتے چونکی۔

اپ۔آنکھیں پھیلاتے اسے دیکھا۔

ساحل نے اسکے تاثرات کو انجوائے کیا تھا جبکہ اگلے ہی پل اسکے سراپے پر نظر پڑی تو چہرہ سرخ ہوا۔

اسنے سلگھتی نظروں سے رمشاء کو دیکھا۔

وہ شارٹ فراق کے ساتھ جینز پہنے ہوئے تھی۔

بالوں کا رف سا بن بنائے اسنے لائیٹ سا میکاپ بھی کیا ہوا تھا۔

وہ تھوک نگلتے جلدی سے ڈوپٹہ سہی کرنے لگی لیکن ڈوپٹہ کیا چھوٹا سا سکارف تھا۔

چور نظروں سے ساحل کے سرخ چہرے کو دیکھا۔

وہ ایک نظر اس پاس سٹوڈنٹس پر ڈالتا اگلے ہی پل لمبے لمبے ڈنگ بھرتا وہاں سے چلا گیا۔

وہ اسے یونی میں دیکھ کر حیران ہو رہی تھی وہیں اسے تاثرات دیکھتے گھبرا گئ۔

وہ بچپن سے ہی ایسی ڈریسنگ کرتی تھی۔

اسکی باقی ساری اسکی کزنز حتیٰ کہ دور فشاں بھی بڑا سا ڈوپٹہ ساتھ لیتی تھی لیکن اسے عادت نہیں تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دانین جیسی ڈریسینگ کرتی تھی کیونکہ اسے پسند تھی لیکن آج ساحل کی نظروں میں آگ کی سی لپک دیکھتے وہ ڈر گئی تھی۔

سر جھٹکتی وہ جلدی سے رومز کی طرف بڑھ گئی۔

ابھی وہ اکر بیٹھی ہی تھی کہ اسے پئین نے پیچان دیا دین کے آفس میں اسے طلب کیا جارہا ہے۔

وہ پریشان ہوتی جلدی سے اسکے ساتھ اگئی۔

آپ اندر چلی جاؤ بیٹا سر اندر ہی ہیں۔

پئیں کہتا جاچکا تھا۔

وہ انگلیاں چٹخاتے دروازہ نوک کرتی اندر ائی۔

س۔سر اپنے بلایا۔

دروازے پر ہی رکتے نظریں جھکائے مدھم لہجے میں کہا۔

دروازہ بند کریں مس رمشاء۔گھمبیر آواز پر جھٹکے سے سر اٹھایا۔

اپ۔لبوں سے بے ساختہ پھسلا۔

دروازہ بند کر دیں مس رمشاء۔ٹھنڈے ٹھار لہجے میں کہا۔

وہ جلدی سے اندر آتی دروازہ بند کر گئی۔

آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔وہ الجھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سلگھتی نظروں سے اسے دیکھتا قدم قدم چلتا اسکے قریب ایا۔

رمشاء اسکے تیوروں سے گھبراتی پیچھے کو قدم لینے لگی۔

لیکن پیچھے دروازہ تھا۔

وہ روہانسی ہو گئ۔

ساحل اسکے قریب آتا رکا ایک گہری نظر اسکے جھکے سر پر ڈالی اگلے ہیں پل وہ دروازلوک کرتا اسکے کمر میں ہاتھ ڈالتا اسے اٹھاتے ٹیبل پر بٹھا گیا۔

رمشاء کو سمجھ نہیں آیا ہوا کیا ہے۔

وہ سینے پر ہاتھ رکھتے خوف سے اسے دیکھنے لگی۔

ساحل اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا تھوڑا سا جھکا۔

کیا یہ ڈوپٹہ تمہیں چھپانے میں کامیاب ہو رہا ہے خانی۔ وہ بولا تو لہجہ اتنا ٹھنڈا تھا رمشاء نے بے ساختہ تھوک نگلا۔

انفیکٹ یہ ڈوپٹہ ہے کیا۔ وہ دو انگلیوں میں اسکا سکارف تھامتا چبا چبا کر بولتا اسکی جھٹکے سے اسکا سکارف اتار کر صوفے پر پھینک گیا۔

وہ سرخ چہرے سے نظریں جھکا گئ۔

میں شروع سے ہی ایسی ڈریسنگ کرتی ہوں۔ ہولے سے ،ن منای لہجے میں کہیں ناگواری کا تاثر بھی تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ساحل نے اسکی ناگواری کو محسوس کیا تھا۔

وہ کچھ پل اسے دیکھتا رہا۔ہاتھ اٹھاتے نرمی سے اسکا چہرہ اوپر اٹھایا۔

میرا ٹوکنا برا لگ رہا ہے۔نرمی سے بولا۔

وہ اثبات میں سر ہلا گئ۔

ساحل کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ۔

جھوٹ بولنا تو جیسے شاہ خاندان کی لڑکیوں کو آتا ہی نہیں تھا وہ کافی صاف گو تھیں۔

میں جانتا ہوں ابھی تمہیں میرا ٹوکنا برا لگ رہا ہے لیکن ایک بات تم خود کو غور سے دیکھو کیا یہ لباس تمہارا جسم چھپا رہا ہے۔

کیا یہ واقعی میں تمہیں چھپا رہا ہے۔اسکے سراپے پر گہری نظر ڈالتے کہا۔

رمشا نے خود کو دیکھا وہ سمٹ سی گئ۔

واقعی یہ لباس اسکے سراپے کو چھپانے میں ناکامیاب تھا۔

بلکہ وہ تو اسکے سراپے کو واضح کر رہا تھا۔

میں تمہیں یہ نہیں کہ رہا ہے کہ تم برقعے میں چادر میں لپٹی ایک دم سے اتنی چینجینگ نہیں آتی میں جانتا ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

اگر ماڈرن ڈریس بھی پہنے ہیں تو کم از کم ایسے تو پہنے کہ اسے دیکھتے آپکو نظریں ناجھکانی پڑیں۔وہ بہت نرمی سے سمجھا رہا تھا۔

جبکہ آنکھوں میں شرارے سے پھوٹ رہے تھے۔

سمجھ رہی ہو نا میں کیا کہہ رہا ہوں۔اسکی تھوڑی تلے ہاتھ رکھتے اسکا چہرہ اٹھاتے پوچھا۔

وہ اثبات میں سر ہلا گئ۔

دیکھو میں کوئ پابندی نہیں لگا رہا بس چاہتا ہوں کہ تم خود کو اس طرح سے رکھو کہ تمہیں دیکھتے مجھے شرمندگی نہیں محبت محسوس ہو۔

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا بولا۔

رمشاء کو اب اسکا ٹوکنا برا نہیں لگا۔

دیکھو میں کوئ وہ خان نہیں ہوں جو تمہارے سانس لینے پر بھی پابندی لگائے تک جیسے چاہے رہ سکتی ہو لیکن ان حدوں تک جو خدا نے ایک عورت کے لیئے متعین کی ہیں۔

وہ سنجیدگی سے بولا۔

رمشاء کی آنکھیں جھلملانے لگیں۔

ایم سوری۔کپکپاتے لبوں سے کہا۔

ساحل کی لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے تمہارا سوری نہیں چاہیے نا ہی میں تک سے سوری بلوا کر کوئ فخر محسوس کروں گا۔ اور نا ہی میں تمہاری یہ نظریں جھکی دیکھنا چاہتا ہوں۔

یہ نظریں صرف حیا سے جھکی ہونی چاہئے نا کہ شرمندگی سے۔ وہ اسکی آنکھوں پر بوسہ دیتا بولا۔

رمشاء کا چہرہ گلابی ہوا۔

امید ہے میری چھوٹی سی خانم سمجھ گئ ہو گی۔

اسکی تھوڑی پر گرفت مضبوط کرتے سنجیدگی سے پوچھا۔

ج۔جی۔ جلدی سے کہا۔

گڈ گرل۔ اب یہ بتاؤ مجھے یہاں دیکھ کر حیران ہو۔ وہ کسی کو میسیج کرتا فون ٹیبل پر رکھتا اسکی طرف متوجہ ہوا۔

ہمم۔ محض اتنا ہی کہا۔

تو وجہ یہ ہے خانم کہ میں چاہتا ہوں ہر وقت آپکے پاس رہوں اسی لیے آپکے ٹیچر کے عہدے پر فائز ہو گیا۔ وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اپنے نزدیک کرتا مسکراہٹ دبائے بولا۔

رمشاء نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

سچی کہہ رہا ہوں خانم اب آپکے بغیر دل نہیں لگ رہا تھا۔

اسکے گالوں پر بوسہ دیتے وہ آنکھ ونک کرتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

رمشاء نے گھبرا کر اسے دیکھا۔

ک۔کوئی ا۔جائے گا۔لبوں کو تر کرتے اہستہ سے کہا۔

ساحل کی نظر اسکے ہونٹوں سے ہوتی زبان تک گئی۔

اگلے ہی پل وہ اسے سمجھنے کا موقع دیئے بغیر اسکے ہونٹوں پر جھک گیا۔

رمشاء ساکت رہ گئی۔

وہ لوگ اس وقت ڈین کے آفس میں تھے اور اس بندے کو زرا پرواہ نہیں تھی۔

روہانسے ہوتے وہ سختی سی آنکھیں مینچ گئی۔

ساحل اسکے لبوں کو شدت سے چومتا اسکی سانس روک گیا۔

شدت سے اسکی سانسیں پیتا وہ کچھ دیر بعد پیچھے ہوا تو رمشاء اسکے کندھے پر سر ٹکائے سانس بحال کرنے لگی۔

س۔خان۔اسے اپنی گردن میں چہرہ چھپاتے دیکھ اسے پکارتے وہ ساحل کہتے کہتے رک گئی اسکی کل کی وارننگ یاد آئی تھی۔

جبکہ ساحل اسکے لبوں سے خان سنتا پاگل سا ہوا تھا۔

افف خانم مجھے پتہ نہیں تھا آپکے لبوں سے خان اتنا اچھا لگے گا۔اسکے گردن پر لبوں کی شدت بڑھاتے مخمور لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

رمشاء سرخ گلاب ہوتی چہرہ جھکا گئ۔

ساحل اسکی شفاف گردن وک لبوں سے چھوتا اسکی شہ رگ کے قریب دانت گاڑھتا اسے چیخنے پر مجبور کر گیا۔

وہ مدھم چیخ مارتی اسکی کندھوں کو تھام گئ۔

خ۔خان پلیز۔لہجہ بھرا گیا۔اسکا وجود کانپنے لگا وہ اس سے زیادہ اسے برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

لیکن ساحل کو کوئ فرق نہیں پڑا۔

وہ تو مدہوش سا اسکی گردن کی گہرائیوں پر جھکتا اپنے لمس سے گیلا کرنے لگا۔

تبھی دروازہ نوک ہوا۔

رمشاء اچھل پڑی۔

ساحل نے اسکی گردن سے چہرہ نکالتے پہلے اسے اور پھر دروازے کو دیکھا۔

اسکا چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔لب بھیگے ہوئے تھے۔

جبکہ آنکھیں بوجھل۔

رمشاء نے خوف زدہ نظروں سے دروازے کو دیکھا۔

ریلیکس خانم میں دیکھتا ہوں۔وہ اسے خوفزدہ ہوتے دیکھ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتا چہرے پر ہاتھ پھیرتا دروازے کی طرف بڑھا۔زرا سا دروازہ کھولا کہ سامنے والا اندر کا کوئ منظر نا دیکھ پائے۔

Posted On Kitab Nagri

سر یہ اپنے منگوائے تھے۔

پئین نظریں جھکائے اسکے سامنے شوپنگ بیگ کرتا بولا

جی میرے ہی ہیں۔ تھینکیو۔ بیگز لیتے وہ واپس روم میں ایا۔

رمشاء فق ہوئے چہرے سے اسے دیکھ رہی تھی۔

ڈونٹ وری تمہارے لیے ڈریس منگوایا تھا وہی دینے ایا۔ اسے اپنے ساتھ لگاتے نرمی سے کہا۔

ڈریس۔ رمشاء نے حیرت سے اسے دیکھا۔

سوری خانم لیکن اس ڈریس میں آپکو دیکھتے مجھے شدید غصہ آرہا ہے۔ جو کپڑا آپکے جسم کو نا چھپا پائے وہ کونسا لباس ہوا۔

وہ بامشکل اپنا غصہ ضبط کرتے نرمی سے بولا۔

جاؤ چینج کرلو۔ بیگ اسے دیتے کہا جسے وہ خاموشی سے تھامتی واشروم کی طرف بڑھ گئ۔

ساحل اسکی پشت دیکھتا گہری سانس بھرتا صوفے پر بیٹھتا اسکا انتظار کرنے لگا۔

💞💞💞

اگلی رات بھی گزر گئ وہ لاشعوری طور پر منتظر تھی کہ شائید وہ اسے منانے آئے لیکن وہ نہیں ایا۔

Posted On Kitab Nagri

مہر سے اسے پتا چلا تھا کہ حازق ایک ہفتے کے لیئے انگلینڈ جا چکا ہے کسی کام کے سلسلے میں۔

اس بار پھر اس سے پوچھنا تو دور بتانا تک نہیں گوارا کیا گیا۔

تلخ مسکراہٹ لبوں پر سجائے کافی کے گھونٹ حلق میں اتاری منتشر سوچوں میں گری کھڑی تھی۔

تو یہ تھا تمہارا جنون حازق میر یہ تھی میری اہمیت۔وہ جیسے خود پہ ہنسی۔

اب ایزل شاہ خود کو تمہارے لیئے کبھی وقف نہیں کرے گی۔

آنکھوں میں اتری نمی اندر اندر اتارتے وہ ہوسپٹل کی طرف روانہ ہو گئ۔

حازق کے منع کرنے کے باوجود۔

جب حازق کو اس سے کوئ فرق نہیں پڑتا تھا تو وہ کیوں اسکی بلا فصول کی پابندیوں میں گری رہے۔

سر جھٹکتے اسنے ڈرائیونگ پہ دھیان دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

ہ۔ہی۔وہ گاڑی کی چابی انگلی میں گھماتا تیز تیز سیڑھیاں اترتا جلدی میں کہیں جا رہا تھا۔جب پیچھے آتی نور کی آواز پر رکا۔

ایک لمحے کے لیئے وہ ساکت ہوا تھا اسکے منہ سے ہبی سن کے۔

Posted On Kitab Nagri

پچھلے دو دن سے دونوں میں بات نا ہونے کے برابر تھی۔

آج وہ جانے کیوں اسے خود بلا رہی تھی۔

اسنے سوالیہ نظروں سے نور کو دیکھا۔

وہ مجھے مامالوگوں کی طرف جانا ہے کیا آپ چھوڑ دیں گے۔

انگلیاں چٹخاتے پوچھا۔

ہم آجاو۔وہ سنجیدگی سے کہتا پلٹ گیا۔

رات نہیں رکنا ایک دو گھنٹے تک لے آؤں گا۔وہ پلٹ کر پھر سے بولا۔

نور سر ہلاتے اپنی چادر لیتے جلدی سے اسکے پیچھے بھاگی تھی۔

زین اور دانین نے آسودہ مسکراہٹ سے دونوں کی پشت دیکھی۔

زینی اپنے شوہر کے ساتھ اپنے گھر میں شفٹ ہو چکی تھی انکے لاکھ منع کرنے کے باوجود۔

دانیال واپس جا چکا تھا۔لیکن زینی اب یہیں رہنا چاہتی تھی اسلیے ان لوگوں نے اپنا گھر لے لیا۔

دانیال اور ساحل اب جلد از اپنا بزنس وہاں سے پاک وائینڈ اپ کرنا چاہتے تھے کیونکہ انکا ارادہ بھی اب پاک ہی رہنے کا تھا۔

انکے اس فیصلے سے بس کچھ خوش تھے۔ سپیشلی رمشاء کے اب اسے شادی کے بعد زیادہ نہیں جانا پڑے گا۔

Posted On Kitab Nagri

پہلے تو وہ ساحل کو اپنے پروفیسر کے روپ میں دیکھتے ہی حیران پریشان تھی۔

پھر ساحل نے اسے بتایا کہ اسکے ایک دوست کی جگہ کچھ ماہ کے لئیے وہ ریپلیس ہوا ہے۔

وہ بس خاموش رہی۔

💞💞💞

نور نے چہرہ موڑتے کن اکھیوں سے اسے دیکھا۔

بلو جینز شرٹ میں وہ ہینڈسم لگ رہا تھا۔

شرٹ کے بازو فولڈ کر رکھے تھے۔بالوں کا مخصوص ہیئر سٹائل بنایا ہوا تھا۔

چہرے پر سنجیدگی سجائے وہ ڈرائیور کرتا سیدھا اسکے دل میں اترتا چلا گیا۔

زیادہ پیارا لگ رہا ہوں۔اسکی سنجیدہ آواز پر وہ چونکی۔

سٹپٹاتے جلدی سے چہرہ موڑ گئ۔

اب مینے یہ بھی نہیں کہا کہ چہرہ ہی موڑ لو۔وہ خفگی سے بولا۔

لو آ گئ تمہاری منزل۔اسکے گھر کے سامنے گاڑی روکتے کہا۔

تھینکیوں۔وہ آہستہ سے کہتے اس سے پہلے کہ باہر نکلتی براق نے اسکا ہاتھ پکڑتے روکا۔

Posted On Kitab Nagri

نور نے چونک کر اسے دیکھا۔

اپنی بہی کو بائے تو بول دو بے بی۔وہ نچلہ لب دبائے اسے دیکھتا بولا۔

بائے۔وہ معصومیت سے بولی۔

افف ایسے نہیں ویسے بولو جیسے پہلے بولتی تھی۔

وہ بالوں میں ہاتھ پھیر تا گہری سانس بھر گیا۔

ک۔کیسے بولتی تھی۔

حلق تر کرتے پوچھا۔اسے کوئی اچھی امید نہیں تھی۔

میں بتاوں۔براق کی آنکھوں میں شرارت چمکی۔

وہ نظریں چراتے اثبات میں سر ہلا گئی۔

براق مسکراہٹ دبائے اسے دیکھتا اسکی طرف جھکا۔

نور سٹپٹاتے سیٹ سے جا لگی۔

ایسے بولتی تھی بائے۔

وہ کہتا اسکے گال پر جھکا۔

دونوں گالوں پر بوسہ دیتے براق نے گہری نظروں سے اسکا گلابی ہوتا چہرہ دیکھا۔

اب میں جاوں۔وہ گلابی چہرہ جھکا گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مجھے بائے نہیں بولنا۔وہ شرارت پر آمادہ تھا۔

نہیں اپنے بول تو دیا۔بائے۔کہتے وہ تیزی سے گاڑی سے نکلتے اندر بھاگی تھی۔

ہائے ظالم اندر آنے کا بھی نہیں کہا۔

آہ بھرتا وہ گاڑی واپس موڑ گیا۔اس وقت وہ اپنے دوستوں کی طرف جا رہا تھا۔

💞💞💞

کیسا لگ رہا ہے یہ سب وائفی۔۔

وہ روشانے کو پیچھے سے ہگ کرتا مسکراتے بولا۔

بہت بہت اچھا۔آپکو پتہ ہے مجھے بچپن سے بہت شوک تھا کوئی بہت بڑا ملک گھومنے کا۔

وہ گلاس ونڈو پر اترتے بارش کے قطرے دیکھ ایکسائیٹڈ سی بولی۔

عاشر بارش ہو رہی ہے ہم باہر چلیں۔بارش کو تیز ہوتا دیکھ وہ خوشی سے چیخی۔

عاشر کچھ سوچتا گلاس وال پیچھے کرتا اسے لیے کمرے سے ملحق ٹیرس پر آ گیا۔

بارش کی تیزی بوچھاڑ دونوں کو بھگو گئی تھی۔

افف یہاں کی بارش تو بہت ٹھنڈی ہے۔روشانے کپکپاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

عاشر کا قہقہ گونجا۔

روشانے کی پشت خود میں بھینچتے اسکی کمر پر بازو باندھے۔

مجھ میں چھپ جاؤ وائفی گرمی نا لگے تو کہنا۔وہ اسے آنکھ ونک کرتا بے باکی سے بولا۔

عاشر آپ اتنے بے شرم لگتے تو نہیں ہیں۔وہ سرخ پڑتی دانت کھچاتے بولی۔

ہاہاہاوائفی بس ہنر ہے۔اسکا رخ اپنی طرف کرتے وہ قہقہ لگاتا بولا۔

ڈانس۔اسکے چہرے پر گرتی بارش کی بوندوں کو لبوں سے چنا۔

بارش میں۔وہ حیران ہوئی۔

یس وائفی اسی میں مزہ ہے۔وہ کہتا اسکے ہاتھ اٹھتا اپنے کندھوں پر رکھتا اسے کمر سے تھامتا اپنے قریب کرتا ہلکے ہلکے موو کرنے لگا۔

ہاہاہاعاشر یہ واقعی میں اچھا ہے۔

روشانے چہرہ اوپر کرتی مدھم ہوتی بارش کو انجوائے کر رہی تھی۔

عاشر نے اسکی کمر چھوڑتے اسکا ہاتھ پکڑتے اسے گھومایا۔

ہلکی بارش میں وہ بھیگے سراپے سے گھومتی عاشر کو مبہوت کر گئی تھی۔

اسے یہ دنیا کا سب سے خوبصورت نظارہ لگا تھا۔

اسے گھومتے واپس اپنی طرف کھینچتے اسکی پشت سینے سے لگائی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ دنیا کا خوبصورت ترین نظارہ ہے۔اسکے کان کی لو لبوں میں دباتے سرگوشی کی۔

روشانے جھنپ گئ۔

عاشر بازو اسکے پیٹ پر باندھے اسے اوپر اٹھاتے گھوما گیا۔

ہاہاہاعاشر میں گر جاؤں گی۔وہ کھکھلائ تھی۔

عاشر کسی بچی کی طرح اسے گھوما رہا تھا۔

عاشر بس میرا سر گھوم گیا۔وہ پانچ منٹ تک مسلسل گھومتا رہا تو وہ چیخی۔

عاشر اسے نیچے اتارتے خود میں بھینچ گیا۔

مزہ ایا۔کچھ دیر بعد پوچھا۔

بہتتت۔وہ کہتے کھکھلائ تھی۔

اپکو پتہ ہے وائفی بارش میں رومینس کا بھی بہت مزہ اتا۔وہ اسکے کان میں سرگوشی کرتا اسکی بھیگی گردن میں چہرہ چھپا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عاشر نو۔وہ بوکھلائ۔

یس وائفی۔ہم ہنی مون کے لیئے ہی آئے ہیں تو اچھے سے مناتے ہیں نا۔وہ بوجھل لہجے میں کہتا اسے اٹھاتا کمرے کی طرف بڑھا۔

عاشر بیڈ گیلا ہو جائے۔۔اسکے سینے میں چہرہ چھپائے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

وائفی ہم بیڈ رومانس نہیں شاور رومانس کریں گے۔

وہ بے باکی سے کہتا اسے لیے واشروم میں طرف بڑھا۔

عاشر۔وہ چیخی لیکن وہ اسکے لبوں پر جھکتا اسکی چیخ کا گلا گھونٹ گیا۔

💞💞💞

وہ سلگھتی نظروں سے اسے دیکھتی ہاتھ کی مٹھی بناتے لبوں پر جما گئ۔

وہ لوگ پچھلے تین دن سے پیرس میں تھے۔وہ چاروں ایک ہی دن نکلے تھے۔

عاشر اور روشانے سویز لینڈ کے لیئے اور ہانم اور داؤد پیرس کے لیئے۔

اس وقت وہ لوگ ڈنر کے لیئے پیرس کے فینس ریسٹورینٹ میں بیٹھے تھے۔

لیکن انکے بلکل سامنے لڑکیوں کا ایک گروپ بیٹھا تھا۔جو کافی دیر سے داؤد کو دیکھتی کوئ نا کوئ کمینٹ پاس کر رہی تھیں۔

خلاف توقع وہ کافی مسکرا کر شکریہ کہتا ہانم کو جلا رہا تھا۔

پلیٹ میں نائف پٹکتے اسنے خونخوار نظروں سے ان لڑکیوں کو دیکھا جو اب اسے دیکھتے جلدی سے اپنا اپنا رخ موڑ گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم ایک خفا نظر مسکراتے داؤد پر ڈالتے اپنا بیگ اور موبائل اٹھاتے باہر کی طرف بڑھ گئ۔

داؤد جو اسے تنگ کرتا مزے سے اسے دیکھ رہا تھا بوکھلاتے جلدی سے بل پے کرتا اسکے پیچھے بھاگا۔

وہ منہ پھلائے باہر ہی کھڑی تھی۔

ڈارلنگ اسمیں ناراض ہونے والی کونسی بات ہے اب آپکا شوہر ہے ہی اتنا ہینڈسم لڑکیوں کی نظریں تو پھسلیں گی ہی۔ وہ اسے اپنے حصار میں کہتا مسکراہٹ دباتا بولا۔

تو جائیں آپ بھی پھسل جائیں انہیں لڑکیوں پر میرے پاس کیا کر رہے ہیں۔ وہ بے حد خفگی سے کہتی اسکے حصار سے نکلتے آگے چل پڑی۔

ہانی ڈارلنگ آپکو کہیں سے جلنے کی سمیل ارہی ہے کیا۔ وہ بازنا ایا۔

داؤد وہ چیخی تھی۔

ہاہاہا اوکے اوکے سوری۔۔ وہ جلدی سے بولا۔

ناٹ ایکسیپٹڈ۔ وہ ایٹیٹیود سے کہتے آگے بڑھ گئ۔

ہانی یار بات تو سنیں س۔ داؤد اسکے پیچھے بھاگا لیکن وہ اسے نظر انداز کرتی اس پاس کی سٹالز دیکھتی آگے بڑھتی جارہی تھی۔

وہ لوگ اس وقت ایفل ٹاور کے قریب تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم خفگی سے آگے چلتی جارہی تھی اور وہ پیرس کی بھیگی سڑکوں پر اپنی بیوی کو مناتا اسکے پیچھے بھاگ رہا تھا۔

ہانم ایفل ٹاور کے بلکل قریب رکتے مبہوت سی اسے دیکھتی رہ گئ۔

روشنیوں میں ڈوبا وہ ٹاور اس وقت اسے اس پاس کی ہر شے سے بیگانہ کر گیا۔

داؤد اسے دیکھتے کچھ سوچتا مسکرایا۔

کچھ قدم پیچھے کہشتے اسنے ریڈ روزز کا بوکے لیا۔اور ساتھ ایک سپیشل چیز جو آج کل یہاں آنے والے کپلز کے لیئے بنائ جاتی تھی۔

وہ پھول لیتا اسکی طرف بڑھا۔

ہانی۔وہ پکس کلک کررہی تھی جب گھمبیر آواز پر چونک کر پلٹی۔

داؤد گھٹنوں کے بل اسکے قریب بیٹھا تھا۔

وہ چونک گئ۔

آس پاس لوگ انہیں دیکھتے رکے تھے۔

آہ سمجھ نہیں آرہا کیا کہو۔بیوی ناراض ہو گئ ہے بس اسے منانا چاہتا ہوں لیکن کیسے جانتا نہیں۔وہ بہت کیوٹ طریقے سے انگلش میں بولا تھا کہ آس پاس کے لوگ ہس دیئے۔

ہانم نے مسکراتے دباتے ائیبرو اچکاتے اسے دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ناراض سی بیوی ایم سوری دیکھیں آپکا شوہر ہینڈسم ہے آپکو تو فخر کرنا چاہیے۔لڑکیوں کی نظریں مجھ پر پھسلتی ہیں تو آپکو چاہئیے آگے بڑھتے انکے بال نوچ لیں نا کے اپنے معصوم سے شوہر سے ناراض ہوں۔

وہ جس قدر معصومیت سے بولا تھا لوگوں کے قہقے گونجے۔

ہانم بھی ہس دی۔

لیکن خیر جو بھی ہوا اب کیا میری ناراض سی اب اپنے ہینڈسم معصوم شوہر کو معاف کرے گی تا کے ہم اپنا یہ ہنی مون بغیر ناراضگی کے بھرپور طریقے سے انجوائے کر سکیں۔

وہ پھولوں کا بوکے اور اسکے ساتھ گلاب کے پھول سے بنی خوبصورت سی انگھوٹی اسکے سامنے کرتا گھمبیر تا سے بولا۔

ہانم ہستی اس سے بوکے لیتی ہاتھ آگے بڑھا گئ۔

داؤد نے مسکراتے وہ رنگ اسکی انگلی میں پہناتے اسکے ہاتھ پر لب رکھے۔

آس پاس کے لوگ ہوٹینگ کرتے انہیں سرا رہے تھے۔

وہ انہیں تھینکیو کہتا ہانم کو اپنے حصار میں لیتا آگے بڑھ گیا۔

پیرس کی بھیگی سڑکوں نے دونوں کو خوش آمدید کہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم بولتی جارہی تھی اور وہ مسکراتا اسے سنتا جارہا تھا۔

دونوں کے چہروں پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ تھی۔

💞💞💞

وہ ڈیوٹی سے واپس آیا تو روز کی طرح وہ آج بھی ڈائننگ پر اسکا انتظار کر رہی تھی۔

بے بی کتنی بار کہا ہے انتظار مت کیا کرو میرا میں کبھی لیٹ بھی ہو جاتا ہوں تم ڈنر کر لیا کرو۔

فریش ہو کر واپس آیا تو زمل کو ابھی تک بھوکا بیٹھا دیکھ کہے بغیر نہیں رہ سکا۔

لیکن مجھے اچھا لگتا ہے آپکے ساتھ ڈنر کرنا۔وہ مسکراتے بولی۔

آبان کی سنگت میں دن بہ دن وہ نکھری جارہی تھی۔

بے بی تم تو روز بہ روز اور پیاری ہوتی میرے نازک دل پر قہر ڈھا رہی ہو۔

آبان اسکے گال پہ بوسہ دیتا دل پہ ہاتھ رکھتا بولا۔

وہ کھلکھلا کے ہس دی۔

آبان آپ مجھے کہیں باہر گھومانے نہیں لے کر گئے۔

Posted On Kitab Nagri

عاشر بھائی اور روشانے بھابھی تین دن سے سویزلینڈ گئے ہوئے ہیں ملک تو دور اپنے تو مجھے کراچی بھی نہیں گھومایا۔

کھانے کے بعد وہ کافی کے کر ٹیرس پر آئی تو اچانک بول اٹھی۔

میں جانتا ہوں باقی لڑکیوں کی طرح تمہاری بھی بہت سرای خواہشات ہیں زمل اور میں چاہتا ہوں کہ وہ میں پوری کروں۔ لیکن فلحال میں بہت ضروری کیا پر کام کر رہا ہوں اس لیے چاہ کر بھی تمہیں وقت نہیں دے پاتا۔ وہ گہری سانس بھرتا اسے خود سے لگاتا بولا۔

اور رہی بات گھومنے کی تو اس کیس کے بعد ہم لوگ جائیں گے جہاں میرا بے بی چاہے۔

اسکے ہونٹ ہلکے سے چومتے پیار سے کہا۔

وہ جھنپ گئی اثبات میں سر ہلاتے وہ آبان کی بات سمجھ گئی تھی۔

ویری گڈ یہ ہوئی نا میرے اچھے بے بی والی بات۔ اسکے اتنی جلدی ماننے پر وہ اسکے گال کو ہونٹوں میں دباتا بولا۔

افف آبان کافی تو آرام سے پینے دیں آپکو ہر جگہ بس یہی سوجھتا ہے۔ وہ سٹپٹا کر اس سے دور ہوتی بولی۔

آبان کا قہقہ گونجا۔

جب بیوی اتنی پاس ہو اور اوپر سے اتنی ہوٹ تو بندہ اور کچھ سوچنے کے لائق ہی نہیں رہتا۔

وہ اسکے سراپے کو گہری نظروں سے دیکھتا بے باکی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

غلط کیا جو مینے آپکا انتظار کیا کل سے نہیں کروں گی۔

وہ اسکی بہکتی نظروں سے سٹپٹاتی جلدی سے وہاں سے بھاگی تھی۔

پیچھے سے اسے آبان کا زوردار قہقہہ سنائی دیا۔

وہ مسکراتی کمرے کی طرف بڑھ گئی۔

💞💞💞

ایک ہفتہ نہیں بلکے ڈھیڑھ ہفتہ گزر گیا۔

ناہی حازق کا کوئی میسج آیا، ناکال وہ منتظر تھی کہ شائید وہ اس سے معزرت کر کے لیکن اسے تو جیسے کوئی فرق ہی نہیں پڑتا تھا۔

مہر سے اسے پتا چلا تھا کہ حازق کی انسے بات ہوتی ہے وہ لب بھینچ کر خاموش رہ گئی۔ بولنے کو کچھ بچا ہی نہیں تھا۔

وہ اندر ہی اندر عجیب سی بے کلی کا شکار ہونے لگی۔

من پسند شخص کا اچانک منہ موڑ لینا اسے اندر ہی اندر کاٹ رہا تھا۔

وہ بظاہر تو سب کے سامنے ہستی مسکراتی رہتی لیکن اکیلے میں وہ جی بھر کے روتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سب اسکی سرخ سوجھی آنکھیں دیکھتے لیکن خاموش رہتے۔

کیونکہ سب ہی جانتے تھے وہ اپنے خول میں رہنے والی لڑکی ہے۔

مہریا مرحا سے وہ ہر بات کر لیتی تھی لیکن اس وقت اسکے پاس مرحا نہیں تھی اور مہر کو وہ کسی قسم کی ٹینشن نہیں دینا چاہتی تھی اس لیے اندر ہی اندر گھٹتی رہتی۔

لیکن اسنے ہوسپٹل جانا بند نہیں کیا تھا۔

آج وہ جلدی فری ہو گئ تھی اسکی صبح کی ڈیوٹی تھی رات آٹھ بجے تک اسکی ڈیوٹی ختم ہو جاتی۔

وہ شاویر کے زبردستی مجبور کرنے پر اسکے ساتھ باہر آ گئ۔

لیکن کافی گم سم سی تھی۔

شاہویر کو ایک ضروری کال آ گئ تو وہ معزرت کرتا چلا گیا۔

ایزل نے مسکرا کر اسے جانے کی اجازت دی تھی۔

اسکے جانے کے بعد وہ اکیلی کافی ہاتھ میں تھامے چلنے لگی۔

اسے پرواہ نہیں تھی کہ رات کا وقت ہے کیونکہ اسلا آباد ایک ٹوریسٹ پلیس ہے وہاں ہر رات کے وقت اتنی روشنی اور رونق ہوتی جتنی دن میں بھی نہیں ہوتی تھی۔

وہ خالی خالی نظروں سے سب کو دیکھتی چلتی جا رہی تھی اسے پتہ ہی نہیں چلا کہ وہ والکنگ ٹریک سے سڑک پر آ چکی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

ہوش تو تب آیا جب گاڑیوں کے ہارن کان میں پڑے۔وہ چونکہ لیکن تب تک دیر ہو چکی تھی۔

ایک تیز رفتار گاڑی اسکی طرف آرہی تھی۔

وہ غائب دماغی سے اس گاڑی کو دیکھتی رہی وہاں سے ہلنا بھی یاد نہیں رہا۔

اس سے پہلے کہ گاڑی اسے ٹکر مار دی اسکے چیتھڑے اڑا دیتی کسی نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا۔

مسلسل سٹریس اور اچانک حادثے کی وجہ سے اسکے اعصاب اسکا ساتھ چھوڑ گئے اور وہ ہوش و حواس سے بیگانہ مقابل کی باہوں میں جھول گئ۔

غنودگی میں جانے سے پہلے اسے اپنے قریب بہت قریب مخصوص خوشبو محسوس ہوئ تھی ایک تلخ مسکراہٹ اسکے لبوں پر دوڑی اور حواس کھو گئ۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھاری ہوتے سر سے اسنے بامشکل پلکوں کو جنبش دیتے آنکھیں کھولیں۔

لیکن اعصاب اس قدر بھاری ہو رہے تھے کہ وہ کھول نہیں پائ۔

کراہتے اسنے اپنے سر کو تھاما۔

کچھ دیر تک گہری سانسیں لیتے خود کو پر سکون کیا پھر آہستہ سے آنکھیں کھولیں۔

Posted On Kitab Nagri

آنکھیں کھولے وہ سفید چھت کو گھورتی رہی۔

پھر چہرہ موڑتے اس پاس دیکھا۔

اسے یاد آیا وہ گاڑی کے سامنے تھی جب کسی نے اسے اپنی طرف کھینچا اسنے مقابل کو دیکھا نہیں لیکن وہ خوشبو سے پہنچان گئ تھی کہ وہ کون ہے۔

استہزائیہ مسکراہٹ لبوں پر سجائے وہ جھٹکے سے اٹھ بیٹھی۔

ہاتھ پر چبھن محسوس ہوئ تو اسنے چہرہ جھکاتے دیکھا اسکے ہاتھ پر سوئ لگی ہوئ تھی۔ اسنے بے رحمی سے اس سوی کو کھینچتے بوٹل میں لگا دیا۔

خون کی بوندیں اسکے ہاتھ پر چمکیں لیکن اسنے پرواہ نہیں کی۔

حازق جو صوفے پر بیٹھا غور سے اسے دیکھ رہا تھا اسکی حرکت پر لب بھینچ گیا۔

ایزل نے نظریں گھومائیں۔ وائٹ شیڈ سے سجا وہ کمرہ جانے کیوں اسے چبھا تھا۔

اسکی نظر سامنے صوفے پر بیٹھے حازق پر گئیں۔

وہ ساکت رہ گئ۔

پورے دس دن بعد وہ اسے دیکھ رہی تھی۔

اسکی آنکھیں جلنے لگیں، آنکھوں میں جیسے کسی نے مرچیں سی بھر دیں ہوں۔

لب سختی سے بھینچ گئے۔ وہ نظریں پھیرنا چاہتی تھی لیکن یہ کمبخت دل اسکے دیدار کے لئیے تڑپ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اسے دل کی نہیں سننی تھی۔ مٹھیاں سختی سے بھینچتے وہ چہرہ موڑ گئ۔

دو آنسو ٹوٹ کر اسکے رخسار پر پھسلے تھے جنہیں وہ سختی سے رگڑ گئ۔

چہرے پر سنجیدگی سے سجائے وہ خاموشی سے اٹھی ٹیبل پر پڑے ٹشو باکس سے ٹشو اٹھاتے اپنے ہاتھ پر رکھا جہاں اب درد ہو رہا تھا۔

بے دردی سے سوئی کھینچنے پر اسکا ہاتھ اس جگہ سے نیلا ہو گیا تھا لیکن اسکے لبوں سے ایک سسکی بھی نہیں نکلی۔

وہ ہاتھ کے درد پر سختی سے لب بھینچتے حازق کو دیکھے بغیر کمرے سے نکل ائ۔

اسکا سانس گھٹ رہا تھا۔

اسنے حازق کو ایسے نظر انداز کیا جیسے اسکا وجود کمرے میں ہو ہی نا۔

حازق سرخ آنکھوں سے اسکی پشت کو گھورتا رہا۔

دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ جھٹکے سے اٹھتا تیز قدموں سے باہر کی طرف بڑھا۔

ایزل داخلی دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہی تھی جو کھل ہی نہیں رہا تھا۔

دروازے کو لات مارتے وہ اپنی بے بسی پر تلملا کر رہ گئ۔

دروازہ کھولو مجھے جانا ہے۔

حازق کے قدموں کی آواز سنتے وہ رخ موڑے بغیر سنجیدگی سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق اسکی پشت دیکھتا چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا اسکے قریب ایا۔

ایزل کو اسکا بازو سانپ کی طرح اپنے پہلو سے لپٹتا محسوس ہوا۔

اسنے تڑپ کر سر جھکاتے اپنے پیٹ پر بندھے اسکے بازو کو دیکھا اگلے ہی پل پوری قوت سے اسنے اسے جھٹکا۔

حازق کی گرفت اتنی مضبوط نہیں تھی وہ جھٹکے سے پیچھے ہوا۔

سلگھتی نظروں سے ایزل کو دیکھا۔

وہ لمبے لمبے سانس لیتی،زخمی آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

Don't

انگلی اٹھاتے سرد لہجے میں تنبیہہ کی۔

میں کوئ کھولنا نہیں ہوں جس سے جب تمہارا دل چاہے گا کھیل لوگے نا ہی میرا جسم کسی بکاؤ عورت کا ہے کہ جب تمہیں طلب ہوئ آ کے لپٹ گئے۔

وہ بھرے تنفس سے زخمی شیرنی بنی دھاڑی تھی۔

حازق اسکے لفظوں پر پاگل ہوتا ایک ہی جست میں اس تک پہنچتا اسے دیورا سے لگاتا اسکی گردن جکڑ گیا۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئ خود کے بارے میں اتنی گھٹیا بکواس کرنے کی۔وہ دھاڑا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل اسکی دھاڑ سے کانپی نہیں اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے وہ اسے دیکھتی رہی۔

ہمت کیسے ہوئی خود سے لاپرواہ ہونے کی، خود کو تکلیف دینے کی۔ وہ غرایا تھا۔

ایزل اسکے غرانے پر کھکھلا کر ہسی۔

نم آنکھوں سے وہ زخمی ہنسی ہستی حازق کا دل دہلا گئی تھی۔

دیکھو تو حازق میر کو میری پرواہ ہو رہی ہے۔ وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتی ہستے ہوئے بولی تھی۔

حازق کی گرفت اسکی گردن پر نرم ہوئی۔

ایزل میں تمہیں ایکسپلین کر سکتا ہوں۔ وہ پیچھے ہوتا سنجیدگی سے بولا۔

ایزل نے نفی میں سر ہلایا۔

ضرورت نہیں میں جانتی ہوں تم کسی کام سے گئے تھے اب کام تو ضروری ہے میں جانتی ہوں۔ وہ نفی میں سر ہلاتے سادگی سے بولی۔

حازق کے دل کو کچھ ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو ایزل میں۔ وہ کہتا کچھ قدم آگے آیا کہ اسکا فون بج اٹھا۔

اسے دیکھتے فون نکالا اس سے پہلے کہ وہ کٹ کرتا سامنے جگمگاتا نمبر اور تصویر دیکھتے۔ اسنے اضطراب کی سی کیفیت میں چہرے پر ہاتھ پھیرا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل نے اسی دن والی کالر آئی دیکھتے چہرہ پھیر لیا۔

م۔مجھے ابھی۔وہ ابھی کچھ کہتا کہ ایزل اسکی بات کاٹ گئی۔

یقیناً کسی کام سے جانا ہو گا۔وہ اسکی بات کاٹتی بولی۔

دروازہ کھول دو مجھے بھی گھر جانا ہے۔وہ رخ موڑتے سنجیدگی سے بولی۔

حازق چاہ کر بھی اسے روک نہیں سکتا تھا ناوہ خود رک سکتا تھا۔

بے بسی سے فون کو دیکھا اور پھر اسکی پشت کو۔

آگے بڑھتے فنگر پرنٹ سے دروازہ کھولا۔ایزل بنا دیری کے باہر نکل گئی۔

وہ لب بھینچے بگڑے تنفس سے فون کو گھورتا رہا۔

پھر تیز تیز قدم اٹھاتا اسکے پیچھے گیا لیکن وہ اسکے سامنے ہی کیب میں بیٹھتی چلی گئی۔اود بس اسے جاتا دیکھ کر رہ گیا۔

آہہہ۔۔۔غراتے اسنے اپنی گاڑی کے ٹائر پر ٹھوکر ماری۔

کیوں کیوں کیوں۔۔چیخ کر کہتے وہ لگاتار گاڑی کے بونٹ پر مکے برسانے لگا۔

فرض اور زندگی کے بیچ میں کیوں لا کھڑا کر دیا مجھے آخر کیوں۔

وہ آسمان کی طرف دیکھتا بے بسی سے چیخا۔

اسکا فون دوبارہ بجنے لگا تو وہ لب بھینچتے گاڑی میں بیٹھتا گاڑی بھگا لے گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ بامشکل اپنی ہچکیاں اور سسکیاں دبائے باہر کے منظر دیکھ کر اپنا دھیان بھٹکانے کی کوشش کر رہی تھی۔ آنسو گالوں پر پھسلتے پل میں اسکا چہرہ بھگو دیتے جسے وہ سختی سے رگڑ دیتی۔

لیکن وہ لب بھینچے ہاتھوں کی مٹھیاں سختی سے بھینچے بیٹھی رہی لبوں سے ایک بھی آواز نہیں نکلی تھی۔

احمد والے کے سامنے میں رکی اور وہ شکستہ قدموں سے باہر نکلی۔

چال میں لڑکھڑاہٹ نہیں تھی تو مضبوطی بھی نہیں تھی۔

گھر اندھیرے میں ڈوبا پڑا تھا۔

وہ دبے قدموں سے اندر کی طرف بڑھ گئی۔

لیکن اسے رکنا پڑا۔ غازی اور زرنور کے کمرے سے آتی اواز پر۔

غاز کوئی نا کوئی بات تو ہے نا۔ اپنے دیکھا نہیں اسے دن بہ دن وہ کیسے مرجاتی جارہی ہے ہماری ایزل تو ایسی نہیں تھی۔

زرنور کی بھرائی آواز گونجی۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے لگتا ہے حازق سے اسکی شادی کا میرا فیصلہ غلط تھا۔غازی کی آواز قدرے دھیمی تھی۔ تھکی ہوئی سی۔اس عمر میں بیٹی کا غم ان دونوں کے دلوں پر قیامت ڈھا رہا تھا۔

وہ اور نہیں سننا چاہتی تھی دل کی وحشتوں سے گھبراتی اپنے کمرے میں بھاگ گئی۔

میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی حازق میر کبھی نہیں۔بڑبڑاتے وہ آئینے کے سامنے ائی۔

خود کو دیکھتے وہ ایک پل کو حیران ہوئی تھی۔

مرجھایا ہوا چہرہ، بھیگی ہیزل آنکھیں اور انکے گرد ہلکے، گلابی لب جو سوکھے ہوئے سے تھے اپنا گلابی پن کھو رہے تھے۔

کیا یہ میں ہوں۔وہ حیرت سے بڑبڑائی۔

پھر تلخی سے ہنسی ہاں میں ہی تو ہوں۔دیکھو تو حازق میر نے اپنی عادت لگاتے مجھے میرا بھی نہیں رہنے دیا۔

وہ ہستے ہوئے آئینے سے مخاطب تھی۔

پھر اچانک خاموش ہو گئی۔

کمرے میں اسکی دبی دبی سسکیاں گونجنے لگیں۔

وہ بے جان سی بیڈ پر گرتی گھٹنوں میں چہرہ دیئے سسک اٹھی۔

آئی ہیٹ یو کھڑوس مان۔آئی ہیٹ ہو۔وہ سسکیوں سے بولی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جانے کتنی ہی دیر وہ سسکتی رہی تھی۔کمرے میں اسکی دبی دبی چیخیں گونجتی رہیں اور پھر شائید اللہ کو اس پہ رحم آگیا کہ وہ غنودگی میں چلی گئ۔

نیم غنودگی میں اسکے لبوں سے دبی دبی سی سسکیاں نکل رہی تھیں۔

جنہیں سننے والا تھا نا کوئ چننے والا۔

💞💞💞

اگلی صبح وہ پھر سے خود کو سمیٹتی حشاش بشاش سی کمرے سے نکلی تھی۔

لیکن آج مرجائے چہرے پر لائیٹ سا میک اپ جو بھی وہ اپنی وجہ سے اپنے ماں باپ کو پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔

گڈ مارننگ ایوری ون۔پہلے کی طرح چہچہاتے وہ ڈائیونگ ہرائ۔

ناشتے کے دوارن بھی وہ مسلسل زیان اور ارحم سے الجھتی رہی۔

انوشے سے بھی باتیں کرتے وہ پہلے والی ایزل لگ رہی تھی۔

اسے پہلے کی طرح بیہو کرتے دیکھ غازی اور زرنور پر سکون ہوئے تھے۔

ناشتے کے بعد وہ شاہ ولا اگئ۔

Posted On Kitab Nagri

اسے مہر سے ملنے تھا۔

آسلام و علیکم اپھو!! چہک کر کہتے اسکے گلے میں بازو ڈالے۔

واسلام پھو پھو کی جان آخر کو میر اخیال آگیا تمہیں۔مہر خفگی سے بولی۔

وہ ہس دی۔

ایزل بھلا آپکو بھول سکتی ہے۔وہ عقیدت سے اسکے ہاتھ چومتے بولی۔

تو پھر پچھلے ایک ہفتے سے پھو پھو کی یاد نہیں ائی۔اج آپکے سیاں جی آگئے ہیں تو آج پھو پھو کی یاد اگئ۔

میثم شرارت سے بولا۔

ایزل کا چہرہ سپاٹ ہوا تھا۔

لیکن سب کے سامنے وہ اپنے تاثرات پر قابو پا گئ۔کیونکہ سب شرارت سے اسے ہی دیکھ رہے تھے۔

میر آیا ہے واقعی۔۔وہ واپس کب ایا۔وہ بھرپور حیرت سے بولی۔

مہر نے چونک کر اسے دیکھا۔کیا وہ سچ میں نہیں جانتی تھی۔

ہاں جی آگئے ہیں آپکے میر صاحب اور حیرت ہے اپ ابھی تک انجان ہیں۔پریشے ہستے ہوئے بولی۔

وہ بس مسکرادی۔

مہر سے کچھ دیر تک باتیں کرنے کے بعد وہ ہوسپٹل کے لیئے نکل گئ۔

سارا دن ہوسپٹل میں گزارے اسے شام میں جب مہر خود لینے آئ تو وہ حیران ہوئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اپنے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا میں جلدی اوف لے لیتی۔ وہ اسکے آدھے گھنٹے سے انتظار کرنے پر خفگی سے بولی۔

کوئی بات بیٹا کام زیادہ ضروری ہے۔ وہ مسکرا کر بولی۔

اماں کہاں جا رہے ہیں ہم۔ وہ چونک کر بولی۔

یہ راستہ تو گھر کو نہیں جاتا تھا۔

حازق کے اوفس۔ اسکی کوئی امپورٹنٹ فائنل گھر رہ گئی تھی تو اسنے ڈرائیور کو بھیجا تھا مینے سوچا خود ہی دے آؤں اور آج اپنی گڑیا کے ساتھ کچھ ٹائم سپینڈ بھی کر لوں گی۔

وہ اسکا ناک دباتے بولی۔

ایزل چاہ کر بھی مسکرا نا سکی۔ بس اثبات میں سر ہلاتے وہ خاموش ہو گئی۔

مہر نے شدت سے اسکا خاموش ہونا نوٹ کیا تھا۔

لیکن بولی کچھ نہیں۔

ایزل تم یہ فایل دے آؤ گی اسے۔ وہ آفس کے سامنے گاڑی رکتے دیکھ بولی۔

اپھو آپ خود ہی دے آئیں نا۔ وہ بظاہر مسکراتے بولی۔

تم کیوں نہیں۔ اس بہانے اسے سرپرائز بھی مل جائے گا۔ خوش ہو جائے گا تمہیں دیکھ کر۔ وہ خفگی سے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایزل ناچاہتے ہوئے بھی فائل لیتے باہر نکل ائ۔

گہری سانس لیتے وہ اعتماد سے چلتی اندر ائ۔

اسکا چھوٹا سا وہ آفس جسکا ایک ہی دروازہ تھا جسے کھولتے وہ اندر داخل ہوئ لیکن سامنے کا منظر دیکھتے فائل اسکے ہاتھ سے چھوٹ کر دور جا گری۔

اسے لگا جیسے کسی نے قدموں سے جان نکال دی ہو۔ جیسے آسمان اسکے سر پر ٹوٹ پڑا ہو۔

💞💞💞

اسکی شرٹ کے بٹن کھولے ہوئے تھے اور اسکے قریب تر وہی لڑکی اسکی گردن میں بازو ڈالے اسکے ہونٹوں پر جھکی ہوئ تھی۔

اگر ایزل وہاں نا آتی تو وہ لڑکی اسکے ہونٹوں کو چھو لیتی۔

لیکن آہٹ پر چونکتی اسکے ہونٹوں سے تھوڑا فاصلے پر رک چکی تھی۔

آہٹ پر حازق نے بھی چونک کر دیکھا تھا۔

جبکہ ایزل اسکا حال تو یوں تھا جیسا کاٹوں بدن میں لہو۔

وہ آنکھوں میں بے یقینی لیے بس اسے دیکھ رہی تھی۔ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اسکا دماغ بلکل سن ہو گیا۔ ٹانگوں میں جیسے کوئی جان بچی ہی نہیں تھی۔

حازق ایک جھٹکے سے اس لڑکی کو دور کرتا ایزل کی طرف بڑھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

لیکن ایزل قدم پیچھے لے گئی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق وہیں رک گیا۔

ایزل کتنی ہی دیر یونہی اسے دیکھتی رہی۔

پھر بامشکل قدموں کو گھسیٹتے اسکے قریب ائی۔اسکا دل کر رہا تھا وہ چیخے چلائے اسکا گریبان پکڑتے پوچھے آخر کیوں۔

لیکن اسکے حلق سے آواز ہی نہیں نکل پا رہی تھی۔

وہ اس لڑکی کا منہ نوچنا چاہتی تھی لیکن اسے لگ رہا تھا جیسے اسکے ہاتھوں میں جان ہی نا رہی ہو۔

وہ حازق کے مقابل آتے رکی۔ نظریں اسکے سفید سینے پر بنے لپسٹک کے نشان پر گئ تھیں۔

اسنے پلکیں جھپکائیں اسے رونا نہیں آ رہا تھا لیکن اسکی آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا رہا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ ہاتھ بڑھاتے اس لپسٹک کے نشان کو چھوتی کسی نے اسکا ہاتھ وہیں روکتے جھٹکا تھا۔

وہ لڑکھڑا کر پیچھے کو گری۔

حازق آگے بڑھتا کہ وہ لڑکی اسکے سامنے ائی۔

ڈونٹ ٹچ ہی از مائین۔وہ ایزل کو دیکھتے سرد لہجے میں بولی۔

ایزل زمین پر گری اسے دیکھنے لگی۔

م۔میں اسکی بیوی ہوں۔اسکے لب ہلکے سے پھیلے۔

آواز اتنی آہستہ تھی کہ وہ بامشکل ہی سن لائ۔

Posted On Kitab Nagri

دوسری بیوی۔وہ لڑکی اسکی بات کاٹتے استہزائیہ انداز میں بولی۔

ایزل کو لگا جیسے کسی نے اسکے وجود پر تیزاب پھینک دیا ہو۔اسکا جسم جلنے لگا۔

دوسری بیوی۔لبوں سے ہلکی سی جنبش ہوئی۔

ہاں دوسری بیوی۔کیونکہ حازق کی پہلی شادی مجھ سے ہوئی ہے۔

تمہارے نکاح سے ٹھیک ایک دن پہلے اسنے مجھ سے کورٹ میرج کی تھی۔وہ تمسخرانہ انداز میں بولی۔

حازق لب بھینچے خاموش کھڑا بس اسے دیکھ رہا تھا۔

ج۔جھوٹ۔وہ ہکلائی۔آواز بامشکل نکل رہی تھی۔

چچ چچ۔یقین نہیں رہا ہے بے بی کو۔دیکھو تو تمہاری دوسری بیوی کو واقعی تم سے پیار ہو گیا جبکہ تم تو صرف ناٹک کر رہے تھے۔

تم نے بتایا نہیں اسے کے تم صرف استعمال کر رہے تھے اسے گھر والوں کی نظر میں اچھا بننے کے لیئے۔

وہ قہقہ لگاتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل کا وجود کانپنے لگا اسے یکدم شدید ٹھنڈ لگنے لگی تھی۔

حازق نے سختی سے مٹھیاں بھینچی۔اسکی آنکھوں کی سرخی خطرناک حد تک بڑھی تھی۔

ویٹ اسیکینڈ ڈارلنگ۔وہ مزے سے کہتی ٹیبل کی طرف گئی۔

ڈرار سے ایک فائل نکالتے وہ ایزل کی طرف ائی۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے منہ پر فائل پھینکتے وہ اسکے قریب بیٹھی۔

دیکھو اسے تمہیں تمہاری اوقات اچھے سے بتادیں گے یہ پیپرز۔

وہ فائل کھولتی اسکے سامنے کر گئ۔

ایزل کی نظریں فائل پر پھسلی۔وہ ٹھیک کہہ رہی تھی انکے نکاح سے ٹھیک ایک دن پہلے کورٹ میرج کی گئ تھی۔

وہ پلکیں جھپکاتے سادگی سے ان پیپرز کو دیکھتی رہی۔

پھر اسنے حازق کو دیکھا۔

ڈارلنگ بتاؤ اسے یہ سچ ہے۔وہ سلینہ نامی لڑکی حازق کی طرف دیکھتے سرد لہجے میں بولی۔

حازق کا چہرہ سرخ پڑنے لگا۔

ڈارلنگ۔سکینہ سے کافی چبا کر کہا۔

سلینہ جو کہہ رہہ ہے وہ سب سچ ہے۔وہ ایزل سے نظریں ہٹاتا زمین کو دیکھتا بولا۔

ایزل کی آنکھوں سے آنسوں پھسلتے چہرے پر گرے تھے۔

اسکا دل بہت زور سے دھڑک رہا تھا اتنی زور سے کہ اسے لگ رہا تھا جیسے یہ آخری بار ڈھڑک رہا ہو۔

اسنے کانپتا ہاتھ سینے پر رکھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہماری شادی تمہارے نکاح سے ٹھیک ایک دن پہلے ہوئ تھی تو اس حساب سے تم اسکی دوسری بیوی ہوئ۔

دوسری بیوی یعنی دوسری عورت۔اور دوسری عورت کی اوقات تو تم جانتی ہی ہو گی نا۔

وہ ایزل کا چہرہ دبوچے چباچبا کر بولی۔

انف سلینہ۔۔حازق نے جھٹکے سے اسے ایزل سے الگ کیا۔

حازق۔اسنے کچھ کہنا چاہا۔

آئ سیڈ انف۔مجھے یہ اپنے طریقے سے ہینڈل کرنے دو۔

You may leave now

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سرد برفیلے لہجے میں بولا کہ سلینہ کو اسکی بات ماننی ہی پڑی۔

وہ ایک تنفر بھری نظر ایزل پر ڈالتے باہر کی طرف بڑھ گئ لیکن باہر نکلتے ہی اسکی نظر سامنے کھڑی عورت پر پڑی اسکے لبوں پر معنی خیز مسکراہٹ دوڑ گئ۔

ایک تیر سے دو نشانے۔وہ لبوں پر مسکراہٹ سجائے مہر کے سائیڈ سے گزر گئ۔

جبکہ مہر جو ایزل کے کافی دیر تک واپس نا آنے پر اسکا فون اسے دینے آئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

دروازہ کھولا ہونے کی وجہ سے وہ تین سٹیپ بنی ان سیڑھیوں پر ہی ٹھہر گئ۔

اندر کا منظر وہ دیکھ بھی چکی تھی اور سن بھی چکی تھی۔

ٹھاہ ٹھاہ کرتے جیسے ساتوں آسمان اسکے سر پہ گرے تھے۔

وہ ساکت سی کھڑی رہ گئ۔

مہر ماہ شاہ کا بیٹا مرتسم شاہ کا خون کیا واقعی اتنا گر سکتا ہے۔وہ بے یقین تھی۔

حازق آہستہ سے اسکے قریب بیٹھا۔

ایزل زمین کر گھور رہی تھی۔حازق نے ہاتھ بڑھاتے اسے اٹھانا چاہا لیکن وہ بدک کر پیچھے ہٹی۔

لڑکھڑاتے وہ دروازے کو تھامتے اٹھی۔

نفی میں سر ہلاتے اسنے حازق کو دیکھا۔

پ۔پلیزن۔نہیں۔پیچھے کو ہوتے بے بسی سے اسکے لب ہلے۔

ہ۔ہاتھ مت لگاؤ مجھے۔

تمہارا لمس مجھے زہر کی مانند ڈسے گا۔وہ پیچھے کو قدم لیتے بڑبڑا رہی تھی۔

لیکن اسکی بڑبڑاہٹ حازق کو صاف سنائی دے رہی تھی۔

ایزل پیچھے کو قدم لیتی سیڑھی پر پھسلی اور سیدھا مہر کے قدموں میں جا گری۔

اسکا نچلہ ہونٹ پھٹ گیا جس سے بہت تیزی سے خون نکل رہا تھا لیکن اسے درد محسوس نہیں ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حازق اسکے پیچھے بھاگا لیکن سامنے کھڑی ہستی کو دیکھتے اسکا دل چاہا زمین پھٹے اور وہ اسمیں سما جائے۔

مہر نے اس پر سے نظریں ہٹاتے اپنے قدموں میں پڑی ایزل کو دیکھا۔

تڑپ کر جھکتے اسے اٹھایا۔

ایزل کا وجود بلکل برف کی ٹھنڈا مانند ہو گیا۔

اسنے زخمی نظروں سے مہر کو دیکھا۔

مہر بے ساختہ نظریں چراتے اسکے بازوں سے ہاتھ ہٹا گئ۔

ایزل کو پیچھے کرتے وہ حازق کی طرف بڑھی۔

حازق کو اپنے قدموں سے جان نکلتی محسوس ہوئ۔

مہر اسکے مقابل آتے رکی۔

کیا تم میرے بیٹے ہو۔اسکے چہرے پر انگلیاں مس کرتے کپکپاتے ہونٹوں سے پوچھا۔

کیا تم مرتسم شاہ کا خون ہو۔وہ پھر سے گویا ہوئ جیسے یقین نہیں آرہا ہو۔

مام۔حازق نے تڑپ کر اسکے ہاتھ تھامے۔

مہر نفی میں سر ہلاتے جھٹکے سے پیچھے ہوئ۔

مر گئ تمہاری ماں۔مار دیا تمنے آج مہر ماہ شاہ۔وہ چیخی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ک۔کیا کمی رہ گئ تھی میری تربیت میں حازق، کیا کمی رہ گئ تھی ایزل کی وفا میں۔اسکا گریبان پکڑتے وہ دھاڑی تھی۔

آخر کیوں کیوں حازق۔یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ تمہاری ماں کے لئیے کیا اہمیت رکھتی ہے تمنے اسے دوسری عورت بنادیا کیوں حازق کیوں۔

اسکے چہرے پر پہ در پہ تھپڑ برساتے وہ روتے ہوئے دھاڑی تھی۔

حازق کا چہرہ اور سینہ اسکے ناخنوں سے زخمی ہو گیا لیکن وہ پھر بھی رکی نہیں۔

تم جیسی اولاد سے اچھا مہرماہ شاہ ساری زندگی بے اولاد رہتی حازق۔

مجھے شرم آرہی ہے کہ تم میری اولاد ہو۔تم مرتسم شاہ کا خون ہو۔

نہیں تم۔تم میرے بیٹھے ہو ہی نہیں سکتے کسی صورت نہیں میرا بیٹا ایسا نہیں ہو سکتا۔اسکے سینے پر سر ٹکائے وہ سسکیوں سے رو دی۔

کیوں کیا تمنے ایسا حازق کیوں۔وہ سر اٹھاتے اسے دیکھتے کرب سے چیخی۔

میں بتاتی ہوں پھوپھو۔ایزل کی لرزتی آواز پر وہ دونوں چونکے۔

اسکے لبوں سے خون کی لڑی پھسلتی تھوری پر جا گری لیکن اسے صاف نہیں کیا گیا تھا۔

یہ جو انسان ہے نا یہ ہمیشہ اپنی آنا میں رہا ہے پھوپھو یہ سب کو اپنے آگے جھکاتا ہے کیونکہ یہ چاہتا ہے کہ کوئ اسکے سامنے بول نا پائے۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن ایزل شاہ کبھی اسکے آگے نہیں جھکی۔وہ اپنے سینے پر انگلی رکھتے زخمی لہجے میں بولی۔

اس لیے اسنے اسنے مجھے دوسری عورت بنادیا۔دوسری عورت کہتے اسکے لہجے میں اتنی تکلیف تھی کہ حازق برداشت نہیں کرپایا۔

ہر بار یہ حد سے زیادہ میرے نزدیک آیااور بے رحمی سے میرے وجود پر اپنی شدتیں چھوڑتا رہا۔

میں سمجھتی تھی یہ اسکا جنون ہے۔۔لیکن نہیں وہ تو اسکی میرے جسم سے چاہ تھی جو اسکو کھینچ لاتی تھی۔

اپھوم۔مجھے اپنا آپ ایک بازاری عورت کی طرح لگ رہا ہے۔

جسکے تقدس کو پامال کرنے لیئے اسنے نکاح جیسے رشتے کا استعمال کیا۔

وہ ہسی تھی۔اسکی ہسی میں اس قدر درد اور تکلیف تھی کہ مہر کا دل لرز اٹھا۔

میں جانتی ہوں کچھ دنوں تک یہ سب ختم ہو جائے گا اور یہ میری طرف لوٹ آئے گا۔کیونکہ میں حازق میر کو اتنا تو جانتی ہوں کہ وہ یہ کسی مقصد کے تحت کر رہا ہے پھوپھو لیکن پھر بھی اسکا جو بھی مقصد تھا اسنے ایزل شاہ کا وجود کرچیوں میں تقسیم کر دیا اپھو۔

ایسا گرایا ہے کہ شائید ہی اب کبھی میں اٹھ سکو گی۔

شائید کبھی مردزات پر بھروسہ کر سکوں گی۔

اسکی انکھوں سے آنسو گرتے جارہے تھے جبکہ لبوں پر مسکراہٹ تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

پتہ ہے اپھو مجھے۔۔۔ مجھے خود پہ بہت ہنسی آرہی ہے میں اسکی قربت میں خود کو دنیا کی خوشنصیب لڑکی سمجھتی تھی۔

ہاہاہا کتنی بیوقوف تھی نا میں۔وہ ہسی تھی۔اور ہستی چلی گئ۔

ایزل شاہ اس دنیا کی بدنصیب اور بیوقوف ترین لڑکی ہے۔

وہ ہستی گئ۔

مہر کا بے ساختہ ہاتھ دل پہ پڑا۔

جبکہ حازق کو لگا جیسے کسی نے اسکا دل کچل دیا ہو۔وہ جانتی تھی کہ وہ یہ سب کسی مقصد کے تحت کر رہا ہے اتنا بھروسہ کرتی تھی وہ اس پہ۔

اسکا دل زخمی پرندے کی مانند پھڑ پھڑانے لگا۔

ایزل۔وہ اسکی طرف بڑھا۔

نہ۔میرے قریب مت او حازق مجھے اپنا اپ بازاری عورت کی طرح لگتا ہے۔وہ ہستے ہوئے رو دی۔

اتنا روئ کہ اسکی چیخیں سسکیاں اس شہر کی ہواؤں نے سنی تھی۔

آسمان بر آلودہ ہوتا اسکا ساتھ دیتا زور و شور سے برسنے لگا۔

مہر لڑکھڑاتے قدموں سے اسکی طرف بڑھتی اسکے خود میں بھینچ گئ۔

وہ ساکت سا کھڑا قطرہ قطرہ اسے خود سے دور بہت دور جاتا دیکھتا رہ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

بارش تلے بھیگتے اسکے آنسو ان بارش کے قطروں میں جزب ہوتے کسی کو دکھائی نہیں دیئے۔

اسکا دل پھڑ پھڑا رہا تھا اسے سچ بتاتے روک لو لیکن وہ تو پہلے سے جانتی تھی کہ یہ سب کسی مقصد کے تحت ہے پھر بھی تکلیف تو حازق میر نے اسے دی تھی۔

دوسری عورت تو وہ کہلا رہی تھی نا۔

اپھو مینے تو اسکا کبھی اتنا بڑا نقصان نہیں کیا پھر اسنے کیوں میرے وجود کو میرے دل کو ٹکڑوں میں بانٹ دیا اپھو۔

اپھو میرا جسم کسی دانے کی مانند پک رہا ہے لیکن دیکھیں مجھے تکلیف محسوس نہیں ہو رہی۔

میرا دل بند ہونے کے قریب ہے اپھو لیکن یہ بند نہیں ہو رہا۔

دیکھیں میں اتنی تکلیف کے بعد بھی زندہ ہوں کیوں اپھو۔

وہ بھیگی سڑک پر فقیرنی کی طرح بیٹھی سسکیوں سے روتی مہر سے سوال کر رہی تھی۔

جنکا جواب مہر کے پاس نہیں تھا۔

اپھو مجھے یہاں سے لے جائیں میرا دل بند ہو جائے گا میرا سانس رک جائے گا۔وہ معصومیت سے اسے دیکھتے بولی۔

مہر کا اپنا وجود ساتھ چھوڑ رہا تھا لیکن وہ ایزل کا سہارا دیتے گاڑی کے پاس لے ائی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق ساکت کھڑا رہ گیا اور وہ اس سے دور چلی گئ۔

وہ گھٹنوں کے بل بھیگی زمین پر گرا۔

آہہہہ۔اسکی ڈھاڑ سے اپنے گھونسلوں میں چھپے پرندے لرز اٹھے۔

میری بربادی کا تماشہ دیکھو اج۔وعدہ رہا حازق میر خود کو برباد کرنے والوں کی بوٹیاں چیل کوؤں کے آگے ڈاکے گا تو سکون پائے گا۔وہ دھاڑا تھا۔

زمین پر پہ درپہ پاگلوں کی طرح نکے برساتے وہ چیخ رہا تھا۔

اس سے اسکا جنون الگ کر دیا گیا تھا۔اپنے جنون کو وہ اپنے ہاتھوں کی برباد کر چکا تھا۔

وہ جنون جو اسکے جسم سے ہوتا خون کی مانند دوڑتا تھا اسکی رگوں میں۔

وہ خود کو دوسری عورت کہہ رہی تھی کیا وہ جانتی نہیں تھی حازق میر اپنے جنون کو لے کر کتنا پوزیسیسو ہے۔

وہ خود کو بازاری عورت کہہ رہی تھی۔کیا وہ نہیں جانتی تھی حازق میر اسکی زبان کھینچ سکتا ہے اسکی اس گستاخی پر۔

وہ جانتی تھی لیکن وہ آزاد ہو چکی تھی اسکے اس جنون سے کیونکہ وہ اپنے جنون کو اپنے ہی ہاتھوں توڑ چکا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سارے راستے روتی رہی ہچکیوں سے، دبی دبی سسکیوں سے آنسوں تھے کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے اپنے وجود کی بے قدری اسے جلائے جا رہی تھی۔

مہر اسے اپنے فلیٹ لے ائی۔

بامشکل اپنے بکھرے وجود کو سنبھالتے وہ ایزل کو سہارا دیئے ہوئے تھے ورنہ اسکے بائیں جانب جس قدر شدید در اٹھا رہا تھا وہ برداشت نہیں کر پا رہی تھی۔

یہ درد جسمانی نہیں روحانی تھا۔ وہ اپنی تربیت پر یقین نہیں کر پا رہی تھی۔

وہ بیٹا جو اسکے شاہ جیسا دکھتا تھا جو ہر کام اپنے باپ جیسا کرتا آخر کو وہ وفا کیوں نہیں اپنے باپ سے سیکھ پایا۔

حازق میر اسکا وہ بیٹا تھا جسے دیکھ وہ فخر سے کہتی تھی یہ میرے شاہ کی پرچھائی ہے۔ لیکن آج آج حازق نے اسکے اس غرور کو اس فخر کو مٹی میں ملا دیا۔

اپھو میں کچھ دیر اکیلے رہنا چاہتی ہوں۔ وہ اسکے سینے سے سر اٹھائے معصومیت سے بولی۔

اپھو قربان جائیں اپھو۔ کیسے چھوڑ دیں اپنی بیٹی کو اتنی تکلیف میں۔ وہ اسکا سر چومتے تڑپ کر بولی۔

ایزل نفی میں سر ہلا گئ۔

اپھو میرا وجود بکھر گیا ہے میں اس بکھرے وجود کی پرچیاں سمیٹنا چاہتی ہوں خود اپنے سہارے کھڑے ہونا چاہتی ہوں بس کچھ دن سوگ منانے دیں کچھ دن پھر یہ ایزل اپنے وجود کو سمیٹ لے گی۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ نفی میں سر ہلاتے بھیگی زکام زدہ آواز میں بولی۔

مہر کچھ دیر اسے دیکھتی رہی پھر اثبات میں سر ہلا گئ۔

بامشکل قدم گھسیٹتے سوزی کو ایزل کا دھیان رکھنے کا کہتے وہ گاڑی کی طرف اگئ۔

شکر تھا کہ وہ ڈرائیور کے ساتھ آئ تھی۔

شاہ ولا کا کہتا وہ سیٹ سے سر ٹکائے آنکھیں موند گئ۔

شاہ ولا کے سامنے گاڑی رکتے دیکھ اسنے گہری سانس بھری۔

کانپتا ہاتھ سینے پر رکھتے وہ گاڑی سے باہر نکلی۔

اس سے قدم اٹھانا مشکل ہو رہا تھا۔

شاہ۔۔لبوں سے سسکی کی مانند نکلا۔

وہ دیواروں کا سہارا لیتے گرتے پڑتے اپنے کمرے تک گئ۔

کپکپاتے ہاتھوں سے دروازہ کھولتے وہ اندر ائ۔

مرتسم جو بے چینی سے ادھر ادھر ٹہلتا کسی کو فون ملا رہا تھا چونکا۔

مہر۔کہاں تھیں آپ۔کب سے فون کر رہا ہوں۔فون کیوں بند تھا اور یہ کیا حالت کر لی ہے۔وہ اسے تھامتا جلدی سے بیڈ پہ بٹھاتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے تب سے بے چینی ہو رہی تھی جب سے آپ گئ تھیں فون کیوں بند کر رکھا تھا جان نکالنا چاہتی ہیں۔گلاس میں پانی ڈالتے وہ ہنوز بے چینی سے استفسار کر رہا تھا۔

میر۔۔مہر کی سسکی پر اسکے ہاتھ رکے۔

وہ بیڈ پر گری لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔

مہر۔مہر کیا ہوا ہے۔وہ تیزی سے اسکی طرف لپکا۔

سائیڈ ٹیبل سے انہیلر نکالتے اسکے لبوں سے لگایا۔

بامشکل اسکی سانس بحال ہوئ تھی۔

مہر پلیز بتائیں کیا ہوا میری جان نکل رہی ہے۔اسے خود سے لگاتے وہ بہت ضبط سے بولا تھا۔

ش۔شاہ حازق۔اسنے سسکی لی۔

مرتسم نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

ہچکیاں لیتی مہر کے لب آہستہ سے ہلنے لگے۔

💞💞💞

مرتسم بے یقینی سے اسے دیکھے گیا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ح۔حازق نہیں ہو گا۔کچھ دیر بعد وہ بامشکل بول پایا۔

وہ م۔میرا اب۔بیٹا کیسے۔اسنے سہارے کے لیئے صوفے کو تھاما بے یقنی سے اسے دیکھتا صوفے پر گرا تھا۔

اسکے بال کنپٹوں سے سفید ہونے لگے تھے۔

اور اس عمر میں اسکے بیٹے نے اسے کونسا غم دکھایا تھا۔

وہ سر ہاتھوں میں تھام گیا۔

شاہ وہ ایسے ک۔کیسے کر سکتا ہے م۔مینے اسکی آنکھوں میں ایزل کے لیئے محبت دیکھی تھی چاہ دیکھی تھی، جنون دیکھا تھا پھر وہ کیسے۔

وہ زمین پر بیٹھتے مرتسم کے گھٹنوں پر سر رکھے تڑپ تڑپ کے رو دی۔

مرتسم چہرہ ہاتھوں میں چھپا گیا۔اسکے ہاتھ اسکے آنسوں سے تر ہوتے چلے گئے۔

وہ دونوں آخر کس کس چیز پر سوگ مناتے۔

اپنی تربیت پر بیٹے کی وفائی پر۔،ایزل کی تکلیف پر اپنی تکلیف پر۔

کتنی ہی دیر وہ یونہی چہرہ چھپائے بیٹھا رہا۔

کچھ دیر تک اپنا غم غطاں کرتا رہا۔

چہرہ صاف کرتے اسنے مہر کو دیکھا جو اب اسکے گھٹنے پر گال ٹکائے ہچکیاں لیتی اسکا دل دہلا گئ تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسنے ساری زندگی اپنی مہر کی آنکھوں میں ایک آنسو نا آنے دیا۔رخصتی کے بعد سے لے کر آج تک وہ جب سے اسکی پناہوں میں آئی تھی اسنے اسے سرد ہوا بھی نہیں لگنے دی تھی اور آج۔۔آج اسکی اولاد نے ایک ہی جھٹکے میں اسکی برسوں کی ریاضت مٹی میں ملادی تھی۔

ایزل کا سوچتے اسکا دل پھٹا جارہا تھا۔

چاہے سب کی نظر میں حازق اور مرحا انکی پہلی اولاد تھے۔

لیکن وہ دونوں ہی جانتے تھے ہانم کے بعد انہوں ایزل کو ہی اپنی اولاد ماننا تھا۔

وہ انہیں مرحا جیسی نہیں مرحا سے بڑھ کے عزیز تھی۔

ایزل کہاں ہے۔۔؟مہر کے بالوں کو سہلاتے پوچھا۔

فلیٹ میں چھوڑ ائی ہوں۔بھیگے متورم لہجے میں کہا۔

آپ اسے اکیلا چھوڑ آئی ہیں۔مرتسم چونکا۔

وہ اکیلی رہنا چاہتی تھی شاہ۔اسنے مجھ سے کہا اپھو کچھ دن کا سوگ منانے دیں۔

میں مجبور ہو گئی شاہ میں اسے ایسے۔نہیں دیکھ سکتی۔وہ پھوٹ پھوٹ کے رو دی۔

مرتسم نے لب بھینچتے اسے اٹھاتے خود سے لگایا۔

سب ٹھیک ہو جائے گا مہر۔حوصلہ رکھیں ہمیں ایزل کو بھی سنبھالنا ہے۔

اسکے بال سہلاتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کے اس عمل کے پیچھے کوئی نا کوئی وجہ تو ضرور ہے ہے وہ جانتا تھا بس اب وہ وجہ معلوم کرنی تھی

۔

اور وہ جانتا تھا اسے کیا کرنا ہے۔

💞💞💞

وہ دروازے کے ساتھ نیچے بیٹھی گھٹنوں کے گرد ہاتھ باندھے گھٹنوں پر اپنا گال ٹکائے وقفے وقفے سے لمبی ہچکیاں لیتی سوگواری کی مورت لگ رہی تھی۔

آنکھیں بھی رو رو کر سوج چکی تھی۔

رگڑ رگڑ کر عارض گلابی ہو چکے تھے۔نچلے لب سے بہتا خود اسکی تھوڑی پر جم چکا تھا۔

کمرے میں اسکی سسکیاں گونجتی رہی۔

فجر کی اذانیں سنتے اسے اپنے دل پہ بوجھ سا پڑتا محسوس ہوا۔

سانس سینے میں اٹکنے لگی تھی۔

وہ سینے پر ہاتھ رکھے گہری سانسیں لیتی اٹھتے ونڈو کی طرف بڑھی۔

ونڈو کھولتے سرد سی ہوا اسکے وجود سے ٹکرائی تو اسے سکون سا ملا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ کچھ دیر وہیں کھڑی رہی۔

آنکھوں کے سامنے بار بار وہی منظر گھوم رہا تھا نا جانے کتنی بار وہ اسکے قریب جا چکا ہو گا جانے کتنی بار وہ لڑکی اسکے لبوں کو چھو چکی ہو گی۔

وہ سینہ جس پر وہ کسی کی نظر بھی برداشت نہیں کر سکتی تھی اس پر کسی اور کے ہونٹوں کا لمس دیکھتے اسکے دل پر قیامت گزر رہی تھی۔

اسنے اپنی پچھلی گردن پر ہاتھ رکھتے سہلایا۔

اسکا سر درد کی شدت سے پھٹ رہا تھا۔

بال مٹھی میں جکڑتے اسنے گہری سانسیں بھری۔

آنکھوں کے سامنے ہر ایک پل گھومنے لگا جب وہ اپنے ہونٹوں سے اسکے وجود پر اپنی شدتیں چھوڑتا تھا۔

اور وہی ہونٹ کسی اور پر بھی اپنا لمس چھوڑتے۔وہ پاگل ہو رہی تھی۔

آہہہ۔۔۔ ٹیبل پر پڑا واس اٹھاتے اسنے شیشے میں دے مارا۔

کمرے کی ہر چیز تہس نہس کرتے وہ پاگلوں کی طرح چیخ چلا رہی تھی۔

کیوں میر۔۔کیوں۔وہ حلق کے بل چیخ رہی تھی۔

اسکا سانس بری طرح سے گھٹنے لگا اپنا گلا جکڑتے وہ لمبے لمبے سانس لینے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

لڑکھڑاتے قدموں سے وہ دروازے کی طرف بڑھی وہ باہر جانا چاہتی تھی۔

لیکن قدم لڑکھڑا رہے تھے۔ابھی قدم آگے بڑھایا ہی تھا کہ ٹیبل سے ٹکراتے وہ منہ کے بل زمین پر گری۔

دائیں بازو میں ٹوٹا ہوا کانچ بری طرح سے پیوست ہوا تھا۔

ویسا ہی ایک کانچ اسکے پیٹ پر ناف کے بلکل قریب لگا تھا۔

جسم پر کئی جگہوں پر کانچ سے خراشیں پڑی تھیں۔

اسکے منہ سے فلک شگاف چیخیں نکلیں۔

ماں۔۔لبوں سے اسکی نکلی۔

ادھر گہری نیند میں سوئی زرنور ایک چیخ کے ساتھ اٹھ بیٹھی۔

ا۔ایزل۔سینے پر ہاتھ رکھتے اسکے لب کپکپائے۔

غازی جو وضو کر کے نکل رہا تھا پریشان ہوا۔

زر کیا ہوا۔اسنے حیرت سے زرنور کا پسینے سے بھیگا چہرہ دیکھا۔

ا۔ایزل۔غ۔از میری ایزل ٹھیک نہیں ہے۔وہ م مجھے پکار رہی ہے م۔مجھے یہاں تکلیف ہو رہی ہے۔

وہ سینے پر ہاتھ رکھتے ٹوٹے پھوٹے لہجے میں بولی۔

زر میری جان کوئی برا خواب دیکھا ہے کچھ نہیں ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنی حیرت ہر قابو پاتا اسے ساتھ لگا تا نرمی سے بولا ورنہ دل تو صبح سے اسکا بھی گھبرا رہا تھا۔

ن۔ نہیں غازمجھے اسکے پاس لے چلیں۔مج۔ھے اسے دیکھنا ہے۔وہ حواس باختہ ہو رہی تھی۔

زرا اسکی ڈیوٹی ہے ہوسپٹل میں مجھے رات میں اسکا میسج آیا تھا ایمر جنسی کی وجہ سے اسے رات بھی وہی رکنا تھا۔

غازی نے اسے سمجھایا۔

میں کچھ نہیں جانتی مجھے ابھی اسے دیکھنا۔ا۔اپ فون ملائیں۔م۔میں بات کرلوں گی۔

وہ بن پانی کے مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی۔

آخر کو ماں کا دل تھا بیٹی کی تکلیف پہ کیسے خاموش رہتا۔

غازی پریشانی سے اسے دیکھتا ایزل کو فون کرنے لگا لیکن اسکا فون بند جا رہا تھا۔

اسے زرنور کو سنبھالنا مشکل ہو گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

سوزی جو ساری رات بے بسی سے اسکا چیخنا چلانا سن رہی تھی۔

اسکی دل دہلا دینے والی چیخیں سنتی وہ اسکے کمرے کی طرف بھاگی۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل۔اسے خون میں لے پت دیکھتے اسکی چیخیں آسمان کو چھونے لگیں۔

مرتسم اور مہر جو فجر کی نماز کے بعد سیدھا فلیٹ آئے تھی تیزی سے کمرے کی طرف بھاگے۔

م۔ماں۔ایزل نے لمبی ہچکی لی اور وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئ۔

آج اپھو کی بجائے منہ سے ماں نکلا تھا۔

جسم کے زخم سے زیادہ روح پر لگا زخم اسکی جان ہلکان کیے جا رہا تھا۔

اور ایسے میں اسے صرف ایک ہی نام یاد آیا تھا۔

ماں۔

ایزل۔وہ دونوں چیختے اسکی طرف بڑھے تھے۔

وہ کانچ پر خون میں لت پت پڑی تھی۔

ش۔شاہ۔مہر کانپتے وہیں رک گئ تھی ایزل کو اس حالت میں دیکھنا اسکے لئیے سوہان روح تھا۔

جان تو مرتسم کی بھی نکل رہی تھی وہ اسے اپنی پہلی اولاد کی طرح عزیز تھی۔

مہر سنبھالیں خود کو ایزل کو ہماری ضرورت ہے۔

مرتسم بامشکل خود پر قابو پاتا ایزل کو اٹھاتا باہر کی طرف بھاگا تھا۔

مہر بھی اسکے پیچھے بھاگی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

ہوسپٹل کے سامنے گاڑی روکتے مرتسم تیزی سے مہر کی گود سے اسے اٹھاتا اندر کی طرف بھاگا تھا۔

وارڈ بوائز اسے دیکھے سٹریچر لے آئے۔

ڈاکٹر کو بلاو۔۔

مرتسم سے سٹریچر پر لٹاتا ڈھاڑا۔۔

سر آپ حوصلہ رکھیں ہمیں انہیں ہینڈل کرنے دیں۔نرس اسے کہتی ایزل کو لیئے وہ لوگ ایمرجنسی وارڈ میں گم ہو گئے۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو سنبھالنے میں ہلکان ہو رہے تھے۔

ا۔ان کو بتا دیں شاہ۔م۔میں اس سے زیادہ انکی مجرم نہیں بننا چاہتی۔

وہ ہچکیاں دباتے بامشکل بولی۔

مرتسم اسے تسلی دیتا فون کان کو لگائے ایک سائیڈ چلا گیا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

غازی نے بامشکل اسے سنبھالتے نماز پڑھنے کے لیئے اٹھایا کہ شائید اسکے دل کو سکون ملے۔

بے شک دلوں کا سکون خدا کے ذکر میں ہے۔

وہ جائے نماز تہہ کرتا بے حال سی زرنور کو دیکھ رہا تھا جب اسکا فون بج اٹھا۔

وہ دونوں چونکے۔

اتنی صبح صبح مرتسم کا فون دیکھتے وہ گھبرایا۔

زرنور نے بے چینی سے اسے دیکھا۔وہ فون کان سے لگائے اسے دیکھنے لگا۔

جبکہ اگلے ہی پل اسکے ہاتھ سے فون چھوٹ کر زمین پر گرا۔اسے اپنی آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھاتا محسوس ہوا۔

غ۔غاز کیا ہوا۔زرنور اسکی حالت دیکھتے سہمی تھی۔

اسنے جلدی سے فون اٹھاتے کان سے لگایا۔

م۔مرتسم بھائی کیا ہوا سب ٹھیک ہے۔کال چلتی دیکھ وہ جلدی سے بولی۔

زرنور گڑیا آپ لوگ ہوسپٹل اجائیں ایزل ٹھیک نہیں ہے۔اتنا کہتے وہ فون رکھ چکا تھا۔

زرنور لڑلھڑائی۔

د۔دیکھا۔م۔میں کہہ رہی تھی نام۔میری ایزل ٹ۔ٹھیک نہیں۔

م۔ مجھے لے جائیں اسکے پاس غاز۔وہ چیخی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی چیخ سنتے ارسل اور آیت جو نماز کے بعد واک کے لیے جا رہے تھے چونکے۔

چلو دیکھتے ہیں۔وہ آیت سے کہتا انکے کمرے کی طرف بڑھا۔

غ۔غاز بولیں نا پوچھ اٹھیں مجھے لے کر جائیں ایزل کے پاس۔اسنے غازی کا بازو پکڑتے ہلایا جو بلکل ساکت سا دل پہ ہاتھ رکھے کھڑا تھا۔

اسکی چیخ پر ہوش میں ایا۔

ہ۔ہاں چلو۔حلق تر کرتے کہتا وہ دروازے کی طرف بڑھا۔

وہ باہر نکلے تو ارسل اور آیت اندر کی طرف آتے رکے تھے۔

کیا ہوا غازی سب ٹھیک ہے۔

ارسل دونوں کے ہوائیاں اڑتے چہرے دیکھ بولا۔

زرنور مسلسل رو رہی تھی جسے آیت نے تھاما۔

زرنور کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہو بتاؤ سب ٹھیک ہے۔آیت نے روہانسے ہوتے پوچھا۔

م۔میری ایزل۔وہ۔ٹ۔ٹھیک نہیں ہوس۔پٹل۔وہ ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں بولی۔

کیا ہوا ہے ایزل کو اور کونسے ہو سپٹل میں ہے۔وہ دونوں چونکے تھے۔

مرتسم کا فون آیا تھا چلو راستے میں بتاتا ہوں۔غازی کہتا گاڑی کی چابیاں لیے باہر کی طرف بڑھا۔

بالکونی میں کھڑا ولی چونکا تھا ان چاروں کو ایک ساتھ باہر جاتے دیکھ۔

Posted On Kitab Nagri

اسنے ارسل کو فون ملایا جو گاڑی سٹارٹ کر رہا تھا۔

ارسل اسے مختصر سا بتاتے گاڑی بھگا لے گیا۔

زہرہ۔زہرہ۔وہ اسے پکارتا کمرے میں ایا۔

تلاوت کرتی زہرہ چونکی۔

خدا خیر کرے کیا ہوا سائیں۔وہ قرآن چوم کر واپس جگہ پر رکھتی اسکی طرف پلٹی۔

ایزل ہوسپٹل میں ہے میں جا رہا ہوں۔ارسل لوگ جا چکے ہیں تم گھر پہ رکو بچے اکیلے ہو جائیں۔

اور انوشے کا خیال رکھنا۔

وہ کہتا تیزی سے باہر کی طرف بڑھ گیا۔

کیا ہوا ایزل کو سائیں وہ تو بلکل ٹھیک تھی صبح۔وہ اسکے پیچھے بھاگی۔

وہاں جا کر ہی پتہ لگے گا فلحال کچھ نہیں کہہ سکتا تم بس دعا کرو۔وہ کہتا گاڑی کی چابیاں کیتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زہرہ دل پہ ہاتھ رکھے آنسوں پر بندھ باندھتی زیر لب دعا کرنے لگی۔

ایزل ان سب کو بہت عزیز تھی وہ اس گھر کی پہلی بیٹی تھی جس میں سب کی جان بستی تھی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر کیا ہوا ہے میری بیٹی ٹھیک تو ہے نا۔

مرتسم ڈاکٹر کے باہر آتے ہی انکی طرف لپکا تھا۔

مہر وہیں کھڑی سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

کیا آپکی بیٹی کسی مینٹل ٹراما سے گزر رہی تھی۔؟ڈاکٹر نے ماسک اتارتے سنجیدگی سے پوچھا۔

جی۔۔وہ لب بھینچتے بس اتنا ہی بول پایا۔

کیا آپ یہ جانتے ہیں انکا یہ مینٹل ٹراما انکی جان بھی لے سکتا ہے۔

She had a nervous break down.

ڈاکٹر کے الفاظ ان پر کسی بجلی طرح گرے تھے۔

اور پھر انکے زخم۔

بازو اور پیٹ پر لگا کانچ زیادہ گہری نہیں تھا تو کم بھی نہیں تھا۔شکر کریں آپ لوگ کسی بڑے نقصان سے بچ گئے ہیں۔

انکے باقی باڈی پر بھی کہیں کہیں کانچ کے سکریچ ہیں۔یہ سب زخم تو ٹھیک ہو جائیں گے لیکن جس حد تک انکا مینٹل ٹراما بگڑا ہوا ہے مجھے نہیں لگتا ہے کہ وہ جلدی سنبھل پائے گی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سختی سے کہہ رہے تھے۔

مرتسم اور مہر خاموش ہو گئے وہ کہہ بھی کہا سکتے تھے۔

خیر آپ دعا کریں دوا تو ہمنے دے دی۔وہ پر فیشنل لہجے میں کہتے آگے بڑھ گئے۔

ایک منٹ۔میر کون ہے۔وہ اچانک کچھ یاد آنے پر رکے۔

وہ دونوں چونکے۔

ہر ہسبنڈ۔۔مرتسم کا لہجہ سپاٹ ہوا تھا۔

آئی تھنک وہ اپنے ہسبنڈ کے کافی کلوز ہیں مینز مینٹلی انسے کافی اٹیچ ہے۔بے ہوشی میں بھی وہ بار بار میر کہتے ہچکیاں لیتی رہی تھی۔

میرے خیال میں آپکو انہیں یہاں بلا لینا چاہئے۔

ڈاکٹر ایک نظر نظر انکے سپاٹ چہرے پر ڈالتے وہاں سے چلے گئے۔

یہ کیا کر دیا تم نے حازق۔اپنی محبت کو اپنے جنون کو اپنے ہاتھوں سے موت کے منہ میں انڈیل دیا۔

مہر بے جان سی بینچ پر گرتی سر ہاتھوں میں تھام گئ۔

کچھ ہی دیر میں وہاں غازی اور زرنور لوگ پہنچ گئے۔

مرتسم نے مختصر سا انہیں بتایا تھا کہ وہ کانچ کے ٹکڑوں پر پھسل گئ تھی۔

وہ چاہتا تھا ایزل کے ٹھیک ہونے پر وہ سب کو سچائی بتائے۔

Posted On Kitab Nagri

یااللہ میری بیٹی پتہ نہیں کتنی تکلیف میں ہو گی۔میں آپکو کہہ رہی تھی غازمیر ادل گھبرا رہا ہے میری بیٹی درد میں ہے۔زرنور روتے ہوئے بولی۔

مہر اسی پوزیشن میں بیٹھی رہی نا اسنے سر اٹھایا نا کسی کو دیکھا نا کچھ بولی نا تسلی دی۔

ارسل نے چونک کر دونوں کر اسے دیکھا تھا۔وہ دونوں جیسے نظریں چرا رہے ہوں۔

اور مہر وہ کیوں۔ایسے بیٹھی تھی۔

وہ غازی کو تسلی دیتا اسکی طرف بڑھا۔

مہر۔اسنے آہستہ سے پکارا۔

وہ اسی پوزیشن میں بیٹھی رہی۔

مہر ڈونٹ وری وہ ٹھیک ہو جائے گی زخم بھر جائیں گے۔ارسل اسے اپنے حصار میں لیتا نرمی سے بولا۔

مہر کی ساکت آنکھوں سے انسو موتی کی طرح ٹوٹ کر گرے۔

جسم پر لگے زخم بھر جاتے ہیں ارسل روح پر لگے زخم کبھی نہیں بھرتے۔وہ سسک پڑی۔

ارسل نے چونک کر اسے دیکھا۔

ارسل آج میں بھی وہی کھڑی ہوں جہاں سالوں پہلے تو اپنے بیٹے کی غلطی کی وجہ سے کھڑا تھا۔

وہ اسکے کندھے پر سر ٹکائے مدھم لہجے میں سسکتے بولے۔

لہجوں اور لفظوں کے وار کبھی نہیں بولتے۔لہجے بھول بھی جائیں پھر بھی لفظ نہیں بھولتے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔ ارسل بات کی تہہ تک پہنچتا لب بھینچ گیا۔

یقیناً ایزل حازق کے ہاتھوں سے ٹوٹی ہے لیکن کیوں وہ سمجھ نہیں پایا۔

مہر تیری طعبیت پہلے ہی ٹھیک نہیں کچھ دن پہلے ہی تو ہارٹ اٹیک سے بچی سے بس کر دے سنبھال خود کو۔

ارسل نے اسے ڈپٹا لیکن وہ زارو قطار رو رہی تھی۔

ارسل کی بات پر غازی اور ولی بھی چونکے تھے۔

ایزل کی ٹینشن میں مہر پر تو انکا دھیان ہی نہیں گیا۔

غازی اسکی طرف بڑھنے لگا لیکن سینے سے لگی روتی ہوئی زرنور کو دیکھتے بے بسی سے اسنے ولی کو دیکھا۔

وہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتا آنکھوں سے تسلی دیتا مہر کی طرف بڑھا۔

ایزل بے شک انکا خون تھی انکی اولاد تھی لیکن مہر انکی خون نہیں تھی پھر بھی بیٹی سے بڑھ کے بیٹی جیسی ہی پیاری تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری جان کیوں ہلکان کر رہی ہو خود کو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ولی اسکے دوسری طرف بیٹھتا اپنے حصار میں لیتا بولا۔

مرتسم سرخ آنکھوں سے بس اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

وہ دونوں بیٹے کی اس ایک غلطی پر بلکل ٹوٹ چکے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

مہر کو سنبھالنے والے تو بہت تھے لیکن اسکا تو سہارا ہی وہی تھا اسکے قد جتنا لمبا، اسکے جیسا دکھنے والا، اسکا مضبوط سہارا اور وہ اسی کے ہاتھوں ٹوٹ گیا تھا۔

وہ لب بھینچتے آنکھیں مینچتے دیوار سے ٹیک لگا گیا۔

اولاد کا دیا گیا غم انسان کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتا ہے۔

💞💞💞

ایزل کے نروس بریک ڈاؤن کا بس وہی دونوں جانتے تھے اور دونوں ہی اندر ہی اندر گھٹ رہے تھے۔

پورا دن وہ لوگ انتظار کی سولی پر لٹکتے رہے۔ شاہ ولا میں بھی سب کو خبر ہو چکی تھی۔ لیکن مرتسم نے فلحال انہیں یہاں آنے سے منع کر دیا تھا ویسے بھی ایزل بے ہوش تھی۔

اسے رات میں ہوش آیا تھا۔

لیکن وہ ابھی بھی نیم غنودگی میں تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صرف ایک ہی بندے کو اس سے ملنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اور وہ ایک زرنور تھی۔

زرنور تقریباً دو گھنٹے اسکے پاس بیٹھی رہی۔ وہ غنودگی میں بھی ہلکی ہلکی سسکاریاں بھرتی زرنور کو تڑپا دیتی

۔

اسلام علیکم!

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اسکے بازو اور پیٹ پر بندھی پٹی دیکھتے وہ تڑپ تڑپ کے رو دی تھی۔

دو گھنٹے بعد ڈاکٹر نے اسے باہر جانے کا کہا۔

ارسل اور آیت کے ساتھ اسے زبردستی گھر بھیج دیا گیا تھا کیونکہ اسکی بہت حالت کافی خراب ہو رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حالت تو مہر کی بھی خراب تھی لیکن وہ وہاں سے جانے کے لیئے راضی نہیں تھی۔

رات مرتسم، مہر اور غازی ہی اسکے پاس تھے۔غازی اور مرتسم کچھ دیر تک اسکے پاس بیٹھے رہے پھر وہ لوگ باہر اگئے۔جبکہ مہر اسکے پاس ہی تھی۔

وہ ایک بار بھی اٹھ کے اسکے قریب نہیں گئ۔بس دور سے ہی اسے دیکھتی رہی۔

اسے کسمساتے دیکھ وہ آہستہ سے اٹھتے اسکے قریب آئ۔

ایزل اپھو کی جان۔اسکی لرزتی پلکیں دیکھتے اسنے جھک کے اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

ایزل نے آہستہ سے آنکھیں کھولیں۔

اسکی آنکھیں سوجھی ہوئ تھی۔ہیزل آنکھوں میں درد کی گہری لکیر تھی۔

اپھو۔آہستہ سے لب ہلے۔

اپھو قربان جائیں۔میری جان بولو۔اسکے گال پر ہاتھ رکھتے وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

درد ہو رہا ہے۔۔اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے پوچھا۔

وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

میں۔ٹ۔ٹھیک ہوں۔اپ م۔مت روئیں۔ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں کہا۔

مہر کے بالوں پر آنسوں پھسلتے ایزل کے چہرے پر گرے تھے۔

اپنے درد میں بھی اسے اپھو کی تکلیف کا احساس تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اپھو کو معاف کر دینا ایزل۔ اسکے ہاتھ چومتے وہ شرمندہ لہجے میں بولی۔

ایزل نے تڑپ کر نفی میں سر ہلایا۔

ایسے مت کہیں اپھو۔ بے اواز لب ہلے تھے۔

نرس اسکا چیکاپ کرنے آ گئ تو وہ سائیڈ ہو گئ۔

اسکا چیک اپ کرتے نرس نے اسکی ڈرپ میں ایک انجیکشن لگایا تو وہ پھر سے غنودگی میں چلی گئ۔

مہر اسکے پاس بیٹھی اسکے بال سہلاتی رہی۔

عیشاء کی نماز ادا کرے وہ کمرے میں پڑے صوفے پر بیٹھ گئ۔

غازی اور مرتسم اسے پھر سے دیکھنے آئے تھے۔

غازی نم آنکھوں اپنے جگر کے ٹکڑے کو دیکھتا رہا۔

کتنا وہ چاہتا تھا کہ اسے کبھی سرد ہوا بھی نا لگے اتنا ہی وہ تکلیف سے گزر رہی تھی۔

وہ تڑپ ہی تو گیا تھا۔

آنکھیں صاف کرتے اسنے جھک کے اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

تمہیں ایسے دیکھ کر وہ اور پریشان ہو گی میری جان۔ پاس کھڑی مہر کو سینے سے لگاتے نرمی سے کہا۔

وہ خاموش ہو گئ۔

غازی اور مرتسم باہر چلے گئے کیونکہ کمرے کے اندر صرف ایک کو ہی رکنے کی اجازت تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مہر صوفے پر بیٹھی آیات وغیرہ پڑھتی غنودگی میں چلی گئ باہر بیٹھے مرتسم اور غازی بھی بینچ پر دیواروں سے ٹیک لگائے اونگ رہے تھے۔

رات بارہ بجے جہاں ہوسپٹل میں ہر طرف خاموشی چھائی تھی۔

ایسے میں ایک سایہ ایزل کے کمرے کی طرف بڑھا۔

دروازے پر ٹھہر کو اسنے زخمی نظروں سے مرتسم اور غازی کی ٹوٹی حالت دیکھی۔

سرد آنکھیں سختی سے رگڑتے وہ آہستہ سے دروازہ کھولتے اندر کی طرف بڑھا۔

دروازہ بند کرتے اسکی نظر سیدھا اپنی جنت سے جا ٹکرائی۔

وہ صوفے پر سکڑی سمٹی سی لیٹی تھی۔

حازق دبے قدموں سے اسکی طرف بڑھا گھٹنا ٹکاتے وہ اسکے پاؤں کے قریب بیٹھا۔

مام۔لبوں سے سسکتی سی سرگوشی نکلی تھی۔

اسکے چہرے اور گردن پر مہر کے ناخون کی خراشیں ابھی بھی واضح تھیں۔

آنکھیں سرخ انگارہ ہو رہی تھی۔لب سختی سے بھینچے ہوئے تھے۔

بہت برا بیٹا ہونا میں۔اسکے پاؤں پر آہستہ سے لب رکھتے سرگوشی میں بولا۔

مہر ہلکا سا کسمسای تو وہ فوراً پیچھے ہوا۔

بہت رلاتا ہونا میں آپکو۔اسکے چہرے پر آنسوں کے نشان دیکھتے وہ تلخی سے مسکرایا۔

Posted On Kitab Nagri

بس کچھ دن پھر میں آپکو اس گلٹ اور اس تکلیف سے نکال دوں گا۔ آپ مجھے دعا دیں کہ میں کامیاب ہوں۔وہ سرگوشی میں بول رہا تھا۔

آپ دعا کریں میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوتا لوٹوں۔۔ سرگوشی میں کہتے وہ تھوڑا سا اوپر ہوا اور مہر کے ماتھے پر لب رکھے۔

مہر کی پلکیں ہلکی سی ہلی۔وہ کسمسای تو حازق فورآ پیچھے ہو گیا۔

وہ کچھ دیر کسمساتی رہی پھر دوبارہ سو گئ۔

اسکا چہرہ انکھوں میں بھرتے وہ نم آنکھیں رگڑتا جیسے ہی پلٹا نظریں سیدھا اس دشمن جاں سے جا ٹکرائ۔

اسکے قدم بے ساختہ اسکی طرف بڑھے۔

ہوسپٹل کے نیلے ڈریس میں وہ اسے برسوں کی مریضہ لگی۔

دونوں ہاتھوں پر ڈریس لگی ہوئ تھیں۔

وہ اسکے قریب آتا رکا۔

گلابیاں بکھیرتا چہرہ زرد ہوا پڑا تھا۔ہیزل آنکھوں کے پپوٹے سوجھے ہوئے تھے۔

نچلہ لب زخمی تھا۔

وہ اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا اس پر جھکا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکی دہکتی سانسوں اور مخصوص خوشبو سے ایزل کی پلکیں لرزیں۔

وہ اسکے ماتھے پر لب رکھنے لگا جب اسکی آواز کانوں میں گونجی۔

مجھے مت چھو میر مجھے اپنا آپ ایک بازارو عورت کی طرح لگتا ہے۔ایزل کی لرزتی آواز پر وہ سختی سے لب بھینچ گیا۔

وہ کچھ دیر اسکے چہرے کو دیکھتا رہا پھر خود کو نا روکتے اسکے ماتھے پر لب رکھ گیا۔

ماتھے سے ہوتے اسکی آنکھوں پر لب رکھتے اسکے رخسار پر لب رکھے تو ایزل کی مدھم سسکی نکلی۔

حازق نے ایک پل کو رکتے اسکا چہرہ دیکھا۔ اسکی پلکیں لرز رہی تھیں۔لیکن شائید وہ دوائیوں کے زیر اثر آنکھیں نہیں کھول پا رہی تھی۔

حازق اسکے بازو پر بندھی پٹی کو دیکھتا کرب سے آنکھیں مینچ گیا۔وہ جھکا اور اسکے بازو پر نرمی سے لب رکھے۔

بھوری آنکھوں سے کئی آنسو ٹوٹتے ایزل کے بازو پر بندھی پٹی میں جذب ہوئی تھی۔

وہ کچھ دیر وہیں رکا پھر کانپتے ہاتھوں سے اسکی شرٹ اٹھاتے اسکے پیٹ کا زخم دیکھا جہاں پر بینڈج ہوئی تھی۔بینڈج کے اوپر سے بھی چھلکتا خون اس بات کا گواہ تھا کہ اسکا زخم بہت گہرا ہے۔

اسنے سختی لب بھینچتے اپنی سسکی روکی تھی۔

نچلہ لب دانتوں میں دباتے وہ جھکتے اسکی بینڈیج پر لب رکھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

کتنی ہی دیر وہ جھکا رہا۔

کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوا تو بھوری آنکھیں لہو رنگ ہوئی تھی۔

اسکی نظر ایزل کے پیروں پر گئ جہاں خراشیں تھیں۔

وہ اسکے پاؤں کے قریب ایا۔

اسکے پاؤں پر انگلیاں سہلاتے جھک کر باری باری لب رکھے۔

اس سے پہلے کہ وہ ضبط کھوتا جلدی سے پیچھے ہٹا۔

بازو سے اپنی سرخ آنکھیں رگڑتے اسنے جیسے ہی بازو ہٹایا نظریں سیدھا خود کو تکتی ہیزل آنکھوں سے جا ٹکرائیں۔

وہ آنکھوں میں درد کی تصویر لیے اسے دیکھ رہی تھی۔

حازق اسکے قریب ایا۔

اسکی ہیزل آنکھوں میں دیکھتے وہ اسکے قریب ہی کھڑا رہا۔

میر۔ایزل کے لب ہلے۔

بائیاں بازو اٹھاتے اسے اپنے قریب جھکنے کا اشارہ کیا۔

حازق بے یقینی سے اسے دیکھتا اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا اس پر جھکا۔

ک۔کیا تم ا۔اسے بھی ان ہو۔ہونٹوں سے چھوتے تھے۔وہ لرزتی آواز میں بولی۔

Posted On Kitab Nagri

سب سے زیادہ تو یہی بات چبھی تھی کہ کیا مقابل اپنی قربت کسی اور کو بھی نصیب کرتا تھا۔

حازق اسکی بات پر ہلکے سے ہنسا۔

نہیں خدا کی قسم نہیں تمہارے علاوہ ان ہونٹوں نے کسی کو چھونے کی گستاخی نہیں کی۔ اسکے اٹھے ہاتھ کی ہتھیلی چومتے وہ مدھم لہجے میں بولا۔

ت۔ تمہارے س۔ینے پر نشان۔ اسے تھوڑا سکون ہوا تھا لیکن وہ لسپٹک کا نشان نہیں بھولی تھی۔

حازق اسکی بات سنتے اپنی شرٹ کے بٹن کھول گیا۔

ایزل کا دل دھک سے رہ گیا۔

اسکے سینا ٹھیک اسکی جگہ سے سگریٹ سے داغا ہوا تھا۔

وہ صرف غلطی سے ٹکرانے کی وجہ سے لگا تھا۔

تمہارے علاوہ کبھی خود بھی اس سینے پر اپنے ہاتھ کا لمس نہیں چھوڑا۔ وہ اسکا ہاتھ تھامتا اپنے سینے پر رکھتا بولا۔

تم نے مجھے دوسری عورت بنا دیا میر۔ لبوں سے اسکی نکلی۔

نہیں بنایا تھوڑا سا بھروسہ کرو تمہاری قسم تمہارے علاوہ نا کوئی تھی نا ہے نا ہو گی۔

وہ تڑپ کر بولا۔

ایزل نفی میں سر ہلا گئی۔ مجھے تمہاری شکل نہیں دیکھنی چلے جاو۔ دور چلے جاو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ منہ پھیر گئ۔

چلا جاؤں گا، بہت دور چلا جاؤں گا لیکن مجھے بولنا مت ایک غلطی سمجھ کر ہی یاد رکھنا۔ وہ التجائیہ لہجے میں کہتا اسکے ماتھے پر جھکا۔

آخری حوس زدہ لمس سمجھ لینا۔ اسکے ماتھے سے لب ہٹاتا وہ اسے دیکھے بغیر مہر کو ایک نظر دیکھتا تیزی سے باہر نکلتا چلا گیا۔

ایزل نے نم بے یقن آنکھوں سے اسے دیکھا۔

وہ تو کہتا تھا جنون ہے اسکے کہنے پر کبھی کبھی نہیں چھوڑے گا پھر اب کیوں ایک ہی بار کہنے پر چلا گیا۔

وہ سسکتے سوچ کر رہ گئ۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دروازہ کھولتے وہ جیسے ہی باہر نکلا تو سامنے بینچ پر لیٹے مرتسم کو دیکھتے وہ خود کو اسکے پاس جانے سے روک نہیں پایا۔

اسکے قریب گھٹنہ ٹکا کر بیٹھتے وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھے گیا۔

جانتا ہوں بہت تکلیف دی کے آپکو مجھے اپنا بیٹا کہتے بھی شرم آرہی ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن میں جارہاہوں آپ دعاکیجیے گا کہ میں کامیاب ہوتا شہادت کا رتبہ حاصل کرکے سبز پرچم میں لپٹا لوٹوں تاکے اپکا سر فخر سے اونچا ہوسکے۔

سرگوشی میں کہتے اسنے مرتسم کا ماتھا چوما اور تیز قدموں سے وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

اسکے جانے کے بعد مرتسم نے آنکھیں کھولتے اسکی پشت دیکھی۔

اسکی شہادت کی بات اسے بہت کچھ سمجھا گی تھی۔

دل چاہاہاتھ بڑھاتے اسے روکتے سینے میں بھینچ لے لیکن نہیں یہ وقت نہیں تھا۔

وہ دوبارہ سے آنکھیں موند گیا۔

بند آنکھوں سے ایک آنسو نکلتا اسکی کنپٹی میں جزب ہوا تھا۔

💞💞💞

اسے دوسری بار جب مکمل ہوش آیا تو اسکے پاس زرنور اور ماہم اپیا تھیں۔

اسے حازق کے ساتھ ہوئی وہ ساری باتیں ایک خواب لگ رہی تھیں کیونکہ وہ اس وقت نیم غنودگی میں تھی اسے لگ رہا تھا کہ وہ خواب میں اسکے پاس آیا تھا۔

اسنے کسی سے بات نہیں کی جیسے وہ سب سے روٹھ گئی ہو۔

سب اس سے ملنے آئے وہ آنکھیں بند کیے لیٹی رہی۔

نا وہ کسی کو دیکھنا چاہتی تھی نا ملنا چاہتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سب نے یہی سمجھا شائید بیماری کی وجہ سے وہ ایسی ہو گی ہے اس لیے خاموش رہے۔

اب اسکے پاس زرنور، ارسل اور ماہم اپیا تھے۔باقی سب کو گھر بھیج دیا تھا۔

💞💞💞

وہ دونوں سرد نظروں سے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے جب کرنل خان کھنکھنارے۔

میجر،۔ڈونٹ ایکٹ لائیک ٹین ایج بوائز۔انہوں نے دونوں کو سنجیدگی سے گھورا۔

وہ دونوں سیدھے ہوئے۔

یہاں کسی کی کوئی پرسنل دشمنی یا دوستی کی کوئی اہمیت نہیں اہمیت ہے تو انکے کام کی۔

آپ دونوں یہاں کے سینئیرز ہیں اپ دونوں میجر ہیں لیکن دونوں ہی ایک دوسرے کے جانی دشمن لگتے ہیں۔ایسے چلتا رہا تو آپ دونوں اس مشن کو کیسے مکمل کر پائیں گے۔

وہ انہیں ڈانٹ رہے تھے۔

دونوں سر جھکا گئے۔

مجھے اس مشن میں اسکا ساتھ نہیں چاہئے میں اس مشن کے بہت قریب ہوں اور اس مقصد کے لیئے بہت کچھ گنوا چکا ہوں میں نہیں چاہتا کہ اب کوئی اور بیوقوفی ہو۔

Posted On Kitab Nagri

میجر میر سرد لہجے میں بولا۔

مجھے بھی اسکے ساتھ کام کرنے کا کوئ شوق نہیں بہتر ہے اسے کرنے دیں۔ میجر شاہ نے بھی سرد لہجے میں کہا۔

شٹ اپ یو بوتھ آف یو۔ یہاں کا سینئیر میں ہوں اور میرا آرڈر تم لوگوں کے لیئے ہر چیز سے پہلے ہونا چاہیئے اگر یونہی دشمنیاں نبھانی ہیں تو اس جگہ پر تم دونوں کی کوئ ضرورت نہیں تم دونوں جاسکتے ہو۔ وہ غصے سے دھاڑے۔

سوری سر۔ وہ دونوں بروقت بولے۔

میجر میر میں جانتا اس مشن میں آپکا پرسنل بہت نقصان ہوا ہے اس لیے مشن کے آخر پر آپکو دشمن سے بدلہ لینا کا پورا موقع دیا جائے گا لیکن اس وقت آپکو میجر شاہ کے ساتھ کی ضرورت ہے۔

آپ میجر شاہ سے واقف نہیں وہ آپسے زیادہ سروائیو کر چکے ہیں۔ کرنل خان سرد لہجے میں بولے۔

میجر میر کی آنکھوں میں الجھن لہرائی تو وہیں میجر شاہ کی آنکھوں میں ازیت۔

آپ دونوں ساتھ کام کریں گے اور جلد از جلد اس مشن کو کمپلیٹ کریں گے اٹس مائ ارڈر۔

وہ کہتے رخ موڑ گئے۔ جسکا مطلب تھا وہ دونوں جاسکتے تھے۔

دونوں انہیں سلیوٹ کرتے باہر آگئے۔

اب دونوں کو ساتھ کام کرنا تھا تو یہی بہتر تھا کہ پرسنل دشمنی سائیڈ پر رکھ کے ایک ساتھ کام کریں۔

Posted On Kitab Nagri

دونوں ایک ساتھ ڈسکس کرتے الگ الگ راستے نکلے تھے۔

دونوں کو ہی اپنے اپنے شکار کرنے تھے اب اس کھیل کو ختم کرنے کا وقت آگیا تھا۔

💞💞💞

وہ چہرے پر سپاٹ تاثرات سجائے گھر میں داخل ہوا۔

اسے دیکھتے صوفے پر بیٹھی سلینہ چہکتی کھڑی ہوئی تھی۔

کب سے انتظار کر رہی تھی میں تمہارا اور تم اب آرہے ہو۔ خفگی سے کہتی وہ اسکے قریب ائی۔

تم ہمیشہ ہی مجھے انتظار کرواتے ہو۔ وہ بولتے اس سے پہلے کہ اسکے چہرے کو چھوتی حازق کا بھاری تھپڑ اسکے ہوش ٹھکانے لگا گیا۔

حازق۔ وہ اوندھے منہ زمین پر گری چیخی تھی۔

دماغ خراب ہو گیا ہے تمہارا۔ وہ تن فن کرتی اٹھی۔

مینے تم سے کہا تھا نا کہ میں یہ سب اپنے طریقے سے ہینڈل کروں گا تو پھر تمہاری یہ زبان وہاں رکی کیوں نہیں۔ وہ اسکا جبڑا دبوچتے سرد لہجے میں پھنکارا۔

سلینہ سے تھوک نگلتے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کیا فرق پڑتا ہے ویسے بھی تم اسے چھوڑنے ہی والے تھے تم نے وعدہ کیا تھا مجھ سے اور اب تک ایسے۔وہ اپنا پتہ پھینکتے جلدی سے بولتی بات ادھوری چھوڑ گئ۔

حازق تلملا اٹھا۔

تمہاری وجہ سے اگر میری مام کو کچھ ہو جاتا تو۔وہ اسکا جبڑا چھوٹے گلا دبوچ گیا۔

ح۔حا۔سلینہ نے کچھ کہنے کی کوشش کی لیکن کہہ نہیں پائ کیونکہ حازق کی گرفت کافی مضبوط تھی۔

حازق لمحہ بالمحہ اسکے گلے پر شدت بڑھاتا سے مارنے کے درپہ تھا۔

اسکی آنکھیں باہر ابلتے دیکھ اسنے جھٹکے سے اسے چھوڑا

وہ زمین۔پر گرتے بری طرح سے کھانسنے لگی۔

حازق ایک گھنٹہ ٹکاتے اسکے قریب بیٹھا۔

سوری ڈارلنگ بٹ تمہارے لیے یہ ضروری تھا میری مام میرے لیے سب کچھ ہیں۔وہ اسکے گال پر ہاتھ پھیر تا نرمی سے بولا۔

سلینہ آنکھوں میں آنسو لیے اسے دیکھنے لگی۔

وہ پن ڈرائیور ریڈی کر دی تمنے۔اب وہ اسکا گلا نرمی سے سہلاتا پوچھ رہا تھا۔

سلینہ نم انکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔

کر لی ہے لیکن ملے گی تب جب تم میری خواہش پوری کرو گے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکا ہاتھ جھٹکتے اٹھی تھی۔

حازق لب بھینچ گیا۔

آج رات تمہاری خواہش پوری ہو جائے گی لیکن اس سے پہلے مجھے وہ پن ڈرائیو چاہیئے۔ وہ اسے بازو پکڑ تا اپنے مقابل کرتا بولا۔

سویٹ ہارٹ کمرے میں آ کے لے لو۔ وہ مسکا کر کہتی کمرے کی طرف بڑھ گئ۔

حازق نے پچھلی گردن پر ہاتھ پھیرتے اسے سہلایا اسے اس عورت کے ارادے ٹھیک نہیں لگ رہے تھے۔

افف بے بسی سے آنکھیں مینچ کر کھولتے وہ کمرے کی طرف بڑھا۔

وہ جیسے ہی کمرے میں آیا پیچھے سے دروازہ خود بند ہو گیا۔

وہ لب بھینچ گیا۔

پلٹ کر اسنے سلینہ کو دیکھا تو بے ساختہ اسے کراہیت سی محسوس ہوئ۔

وہ بلیک کلر کی شارٹ نائیٹی میں ملبوس تھی جو اسکے گھٹنوں تک آ رہی تھی۔

ڈارلنگ پن ڈرائیو چاہیئے تو لبوں سے نکالنی پڑے گی۔ وہ اسکے سامنے ہی پن ڈرائیو اپنے نائیٹی کے ڈیپ گلے میں پھینک چکی تھی۔

حازق نظریں پھر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

نظریں مت چراؤ بیوی ہوں تمہاری ہر طرح سے دیکھ سکتے ہو کم اون۔

مجھے آج رات تمہاری سلگھتی قربت چاہیئے۔

تمہاری شدتیں چاہیئے اس سے کہیں زیادہ جو تم اسکے وجود پر چھوڑتے ہو۔وہ بے تابی سے آگے بڑھتے اسکے چہرے پر انگلی ٹریس کرتے بولی۔

میں کیسے مان لوں اس پن ڈرائیو میں واقعی سب کچھ ہے۔

وہ اسے پیچھے کرتا سنجیدگی سے بولا۔

میں جانتی تھی تم اتنی آسانی سے نہیں مانو گے ایسے ہی تو نہیں میں تم پہ قربان ہوئی۔وہ دلکشی سے مسکرائی۔

آگے بڑھتے اسنے پن ڈرائیو نکالتے لیپ ٹاپ کے ساتھ کنیکٹ کی۔

اسے کچھ مین پوائینٹس دکھائے۔حازق کا دل چاہا وہ جھپٹ کر اس سے وہ پن ڈرائیو کے لے۔

لیکن ضبط کیے کھڑا رہا۔

اب بولو سویٹ ہارٹ۔وہ پن ڈرائیو نکالتے دوبارہ اسی جگہ پر گرا گئی۔

حازق کھڑکی پر نظریں جمائے کچھ سوچنے لگا۔

اتنا مت سوچو حازق۔اور مت تڑپاو۔وہ بے چینی سے اسکی پشت پر سر ٹکاتے بولی۔

حازق کرنٹ کھاتے اس سے دور ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہوا۔سلینہ نے حیرت سے اسے دیکھا۔

ویٹ اسیکینڈ آئی وانٹ کاوائلڈ رومینس۔وہ لبوں پر مسکراہٹ سجائے کہتا کبڈ کی طرف بڑھا۔

سلینہ کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی۔

وہ جانتی تھی ایسی ادائیں دیکھتے وہ پگھل ہی جائے گا۔

وہ مزے سے بیڈ پر بیٹھی اسکی کاروائی دیکھنے لگی۔

حازق اسکے کبڈ سے بیلٹ نکالتا اسکے قریب ایا۔

اسکے دونوں ہاتھ بیلٹ سے باندھتے اسنے بیڈ کروان سے باندھ دیئے۔

اسکی آنکھوں پر ایک بلیک پٹی باندھتے اسنے لائیٹس بھی اوف کر دیں۔

حازق۔سلینہ نے اسے پکارا۔

میں یہیں ہوں۔لیکن اب تم بولو گی نہیں بس آہیں بھروں گی۔میں تمہاری سسکیاں سننا چاہتا ہوں۔

کیونکہ رومینس کے دوران مجھے خود بولنا اور بولنے والی سخت زہر لگتی ہے۔وہ کسی کو میسیج کرتا مسکراتے

بولا۔

سلینہ مسکرا کر خاموش ہو گئی۔

وہ بے چین تھی کب وہ اسے اپنی شدتوں سے رنگے گا لیکن وہ شائید اسے اور تڑپانا چاہتا تھا۔

کچھ دیر بعد کمرے میں دبے قدموں سے کوئی ایا۔

Posted On Kitab Nagri

زرا سا بھی رحم نہیں کھانا اسکی چیخیں مجھے باہر تک سنائی دینی چاہیئے۔اچھے سے طلب مٹانا اسکی۔

وہ اس ہٹے کٹے انسان کے کان میں کہتا متبسم ہوتا خود باہر کی طرف بڑھ گیا۔

حازق۔سلینہ ابھی کچھ بولتی کہ اسکے لبوں پر کسی کا ہاتھ ایا۔

وہ حازق کا ہاتھ سمجھتے خاموش ہو گئ۔

وہ رئیس نامی آدمی للچای نظروں سے اسے دیکھتا کسی بھوکے شیر کی مانند اس پر جھپٹ پڑا۔

سلینہ کی آہیں کمرے میں گونجنے لگیں۔

وہ حازق کو محسوس کرتے اور تیزی سے سسکیاں لیتی۔

رئیس اسکے سینے پر جھکتے ایک جھٹکے میں نائیٹی نکلتا اسے ہر پردے سے آزاد کرا گیا۔

اسکا سفید بدن دیکھتے اسکی آنکھیں چمکیں تھیں۔

وہ لبوں پر زبان پھیرتا اسکے سینے پر جھکا بری طرح سے کاٹنے لگا۔

وہ پن ڈرائیو اٹھاتے اسنے سائیڈ ٹیبل پر رکھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سلینہ کی سسکیاں بڑھنے لگیں۔رئیس بری طرح سے اسکے وجود پر دانتوں کے نشان ڈالتا وحشی ہو رہا تھا۔

وہ اسکے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کرتا اسکے بال دبوچتا پوری شدت سے اس میں سمایا ساتھ ہی اسکے لب چھوڑتے گردن پر جھک گیا۔

Posted On Kitab Nagri

سلینہ کی دردناک چیخ گونجی تھی۔

حازق۔وہ بری طرح سے چیخی۔

شش۔رئیس اسکے نچلے لب پر کاٹتا اسے خاموش کرو تا پوری شدت سے اس میں سمارہا تھا کہ سلینہ تڑپنے لگی۔

لیکن بندھے ہاتھوں کی وجہ سے وہ کچھ کر نہیں پارہی تھی۔

وہ بری طرح سے چیخ رہی تھ رئیس کو اسکی چیخیں اچھی لگ رہی تھیں۔وہ مزید پرجوش ہوتا اسکی فلک شگاف چیخیں نکلوا گیا۔

💞💞💞

باہر بیٹھا حازق اسکی چیخیں سنتا پرسکون ہورہا تھا۔

اسکی چیخیں اسے سکون دے رہی تھیں۔

کتنی ہی دیر وہ چیختی، سسکتی رہی، پھر آہستہ آہستہ اسکی چیخیں مدھم ہوتی بلکل ہی ختم ہوتی چلی گئیں۔

کچھ دیر بعد رئیس باہر ایا۔

سر وہ بے ہوش ہو گئ ہے۔چہرے سے پسینہ صاف کرتے اسنے گھبرا کر حازق کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پن ڈرائیو اسنے حازق کے حوالے کر دی۔

تم جاسکتے ہو۔۔بند آنکھوں سے جواب دیا۔

رئیس ایک نظر بند کمرے پر ڈالتا کندھے اچکاتا وہاں سے چلا گیا۔

حازق صوفے کی پشت سے سر ٹکائے آنکھیں موندیں پڑا رہا۔

اسکے سامنے ہر ایک پل گھوم رہا تھا جب جب وہ اسکی پناہوں میں ہوتی تھی۔

کبھی شرمائی گھبرائی سی، کبھی جنگلی بلی کے روپ میں، کبھی غصے میں تو کبھی خفگی میں۔

مدھم سی مسکراہٹ اسکے لبوں پر مچل گئ۔

وہ اسکے خیالوں میں کھویا نیند کی گہری وادیوں میں چلا گیا۔

فجر کی اذان کے ساتھ اسکی آنکھ کھلی تھی۔

آزان کا جواب دیتے اسکے اپنی اکڑی ہوئی گردن پر ہاتھ رکھتے ادھر سے ادھر سر گھمایا۔

کچھ دیر تک وہ سلینہ کے بند کمرے کو گھورتا رہا پھر فون اٹھاتے کسی کا نمبر ملایا۔

پانچ منٹ میں اسے پاس پہنچنے کا کہتے وہ بند کرتا وضو کے لئیے اٹھ گیا۔

وضو کر کے باہر آیا تو اسے بے ساختہ میثم یاد آیا جسے وہ روز فجر کے لئیے زبردستی اٹھاتا تھا۔

اسنے سر پر ہاتھ رکھتے ماتھا سہلایا۔

گھر تو وہ گیا ہی نہیں جانے کس حال میں ہو گا میسم۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے پاس تو مرحا بھی نہیں تھی۔اور مرتسم اور مہر تو ہوسپٹل میں تھے۔افف وہ کتنا سینسٹیو تھا وہ جانتا تھا۔اسے سوچتے وہ بے چین ہوا تھا۔

نماز ادا کرتے وہ گھر کا سوچتے نکلا۔

جاتے ہوئے میڈ کو ہدایت دے گیا تھا کہ سلینہ کی حالت ٹھیک کر دے۔

شاہ ولا کے سامنے گاڑی روکتے اسنے گہری سانس لی۔

گارڈ کو چابی دیتے وہ لب بھنچتا گھر میں داخل ہوا۔

سب سے پہلے اسکا ٹکراؤ وشہ سے ہوا۔

حازق تم۔

یہ تمہارے چہرے اور گردن پر کیا ہوا ہے اور تم کب آئے تم تو آسٹریلیا گئے ہوئے تھے نا۔وہ اسے دیکھتے حیران تھی۔

وہ لب بھینچ گیا۔

جانتا تھا اسکی غیر موجودگی کا کوئی نا کوئی بہانہ تو بنایا ہی ہو گا۔

نہیں چاچی میں کراچی میں تھا فلائیٹ ڈیلے ہونے کی وجہ سے واپس آنا پڑا۔وہ آہستہ سے بولا۔

وہ سب تو ٹھیک ہے لیکن یہ خراشیں یہ کیا ہوا ہے۔

وہ پریشان ہوئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں چاچی بس چھوٹا سا ایکسیڈینٹ ہو گیا تھا۔وہ نظریں جھکائے دھیمے لہجے میں بولا۔

کتنی عجیب بات ہے ناوہاں ایزل کی حالت اتنی بری ہے اور یہاں تم۔تمنے اس پر کچھ لگایا بھی نہیں۔

وہ پہلے حیرت اور پھر خفگی سے بولی۔

تم بیٹھو میں ٹیوب لگاتی ہوں۔اسے بازو سے پکڑتے صوفے پر بٹھایا۔

نہیں چاچی میں ٹھیک ہوں۔وہ اسکا ہاتھ ہٹاتا نرمی سے بولا۔

میں کچھ نہیں سنوں گی۔بیٹھو اگر مہر بھابھی نے تمہیں ایسے دیکھ لیا نا تو جانے کیا حال ہو گا انکا پہلے ہی ایزل کو لے کر انکی حالت بری ہو گئی ہے۔وشہ بڑبڑاتے فرسٹ ایڈ باکس لینے چلی گئی۔

حازق سختی سے مٹھیاں بھینچ گیا۔

وشہ باکس لاتے اسکے قریب بیٹھتے نرمی سے ٹیوب لگانے لگی۔

وہ خراشوں پر ہوتی جلن پر لب بھینچ گیا۔

یہیں بیٹھو میں دودھ لاتی ہوں تمہارے لیے۔وہ فرسٹ ایڈ باکس رکھتی بولی۔

نہیں چاچی میں کچھ دیر آرام کرنا چاہتا ہوں۔یہ ٹیوب کافی ہے۔وہ نرمی سے اسکے ہاتھوں پر بوسہ دیتا بولا۔

پکانا۔وہ مطمئن ہیں ہوئی۔

جی پکا آپ پریشان مت ہوں۔وہ اسکا ماتھا چومتا سیڑھیوں کی طرف بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

وشہ پریشانی سے اسکی پشت دیکھتی کچن میں چلی گئ۔

حازق میسم کے کمرے کے سامنے رکا۔

آہستہ سے دروازہ کھولتے وہ اندر آیا۔

کمرے میں نیم اندھیرا تھا۔اسنے لائیٹس اون کی تو نظر سیدھا بیڈ پہ گئ جہاں وہ اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا۔

حازق گہری سانس بھرتا بیڈ کے قریب گیا۔

اسے دیکھتے وہ پر سکون ہوا تھا۔

وہ ایسا ہی تھا اپنے رشتوں کے معاملے میں۔میثم کے معاملے میں وہ ایک باپ جیسا ثابت قدم تھا جو ہر قدم پہ اسکے ساتھ تھا۔گرنے سے پہلے ہی اسے تھام لیتا۔

اسنے جھک کے اسکے سر پہ بولا دیا تو اسے کچھ حرارت سی محسوس ہوئ۔

اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھا تو وہ جل رہا تھا۔

افف۔وہ پہلے ہی جانتا تھا یقیناً وہ اپنی طبعیت خراب ہو چکا ہو گا۔

میثم اسنے نرمی سے پکارا۔میثم اسنے پکارنے پر ہلکا سا کسمسایا۔

آنکھیں کھولتے سامنے دیکھا تو حازق کو دیکھتے اسکا چہرہ کھل اٹھا۔

بھائ۔وہ تیزی سے اٹھتا اسکے سینے سے لگا تھا۔

بھائ کہاں چلے گئے تھے اپ۔میں آپکو بہت مس کر رہا تھا۔وہ خفگی سے بول رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق مدھم سا مسکرایا۔اسکے بالوں سہی کرتے اسنے میثم کا ماتھا چوما۔

میں یہیں تھا تم لوگوں کو چھوڑ کر کہاں جاؤں گا۔تم یہ بتاؤ یہ کیا حال کر لیا ہے تمنے اپنا۔ایسے چھوڑ کے گیا تھا تمہیں۔وہ پہلے نرمی پھر سختی سے استفسار کرنے لگا۔

لیکن آپ چھوڑ کر تو گئے تھے نا۔

مرحو آپی بھی نہیں ہیں اور ایزل آپی بھی نہیں ہے۔

آپکو پتا ایزل آپی کو کتنی چوٹیں ائی ہیں۔

ماما کی بھی طعبیت ٹھیک نہیں اور بابا بھی بہت پریشان ہیں۔میرے پاس کوئ بھی نہیں تھا۔وہ خفگی سے کہتا روہانسا ہو گیا۔

ایسے کیسے کوئ نہیں ہے میں آگیا ہوں نا اب۔

ڈنر کیا تھا رات کو۔اسکے بال ماتھے سے ہٹاتے سنجیدگی سے پوچھا۔

جی ماما کے ساتھ۔وہ بچوں کی طرح اثبات میں سر ہلاتا بولا۔

حازق اسکی بچوں جیسی حرکت پر نفی میں سر ہلاتا کبڈ سے فرسٹ ایڈ باکس لینے چلا گیا۔

آپکے فیس پہ کیا ہوا ہے بھائ۔وہ اسکا چہرہ دیکھتا دل میں مچلتا سوال کر بیٹھا۔

حازق کے ہاتھ رکے پھر سر جھٹکتے تھرمامیٹر نکالتے اسنے میثم کو دیا جو وہ منہ بگاڑتا پکڑ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں ہوا بس ہلکی سی چوٹ لگی ہے۔وہ سنجیدگی سے بولا۔آپ ماما سے ملے وہ آپکو بہت یاد کر رہی تھیں۔

ایزل آپی کو لے کر وہ بہت پریشان ہیں بہت رو رہی تھیں اور آپکو بھی یاد کر رہی تھیں۔

وہ اب تھرمامیٹر نکالتا حازق کو دیتا اداسی سے بولا۔

حازق اسکی مہر کو اسے یاد کرنے والی بات پر چونکا۔

لب بھینچتے اسنے تھرمامیٹر چیک کیا اسے ٹیمپریچر تھا لیکن اتنا زیادہ نہیں تھا۔

وہ مطمئین ہوتا سر ہلا گیا۔

ناشتہ بھیج رہا ہوں اسکے بعد یہ میڈیسنز لے لینا پھر ریسٹ کرنا اوکے۔

تنبیہہ لہجے میں کہا۔جانتا تھا وہ میڈیسنز سے کتنا بھاگتا ہے۔

نہیں بھائی ریسٹ نہیں کرنا مجھے اینی سے ملنا ہے۔وہ جلدی سے بولا۔

کیوں۔فرسٹ ایڈ باکس واپس رکھتے اسے گھورا۔

شی۔ازمائی بیسٹی بھائی۔مجھے اسکے ساتھ اچھا لگتا ہے۔وہ خفگی سے بولا۔

اتنی صبح صبح سے ملنے جاوگے۔نرمی سے کہا۔

ہاں وہ روز اتنی صبح میرے لیے فریش جوس لاتی ہے جم میں۔وہ مسکراتے بولا۔

حازق چونکا۔پھر کچھ سوچ کر مسکرا دیا۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے لیکن پہلے ناشتہ اور پھر میڈیسنز پھر جانا ہے اور آج کوئی ورک اور نہیں کرنا جم میں۔اسکے بال بگاڑتے وہ اسے تنبیہہ کرتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

وشہ کو میثم کے لیئے کچھ ہلکا پھلکا سا بنانے کر کہتے وہ دوبارہ اوپر آیا تو نا چاہتے ہوئے بھی قدم مرتسم کے روم کے سامنے رکے۔

گہری سانس لیتے اسنے خود کو باز رکھنا چاہا لیکن ہاتھ خود بخود دروازہ کھول گئے۔

وہ اپنی ماں کو دیکھنا چاہتا تھا۔باپ کو دیکھنا چاہتا تھا۔

ماں کو دیکھے بغیر اسکے دن کی شروعات نہیں ہوتی تو وہ کیسے نا بے چین ہوتا۔

دروازہ کھولتے وہ اندر داخل ہوا تھا تو مہر کو جائے نماز پر بیٹھے دیکھ وہیں رک گیا۔

وہ مرتسم کی امامت میں دعا مانگ رہی تھی۔

دونوں کو دیکھتے اسکے دل میں سکون سا اترا تھا۔ماتھے کے بل ختم ہوتے چلے گئے آنکھو کی سرخی کم ہو گئی۔ہاتھ ڈھیلے پڑتے نیچے گرتے چلے گئے۔

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا آہستہ سے چلتا مہر کے قریب بیٹھا۔

کچھ پل اسکے چہرے پر بہتے آنسوں اور ہلتے لبوں کو دیکھتا رہا۔اوپر ہوتے اسکا ماتھا چومتے وہ وہیں زمین پر اسکی گود میں لیٹ گیا۔

مہر چونکی نہیں اسنے دعا جاری رکھی لیکن اسکی بند آنکھوں سے بہتے آنسوں کی رفتار تیز ہوئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اپنی دعا ختم کرتے اسنے چہرے پر ہاتھ پھیرا تو ہاتھ ہٹایا نہیں۔

حازق اسکی گود میں سر رکھے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔اسکے دعا ختم کرتے ہی نرمی سے اسکے ہاتھ ہٹاتے اپنے سر پہ رکھے۔اسکی انگلیاں اپنے بالوں میں پھیرنے کی کوشش کی۔

جبکہ دوسرا ہاتھ لبوں سے لگاتے اپنے گال پر ٹکا گیا۔

مرتسم دعا مانگتے فارغ ہوا تو جائے نماز اٹھاتے پلٹا۔

سامنے حازق کو دیکھتے ایک پل کو چونکا پھر گہری سانس چھوڑتے جائے نماز رکھتا صوفے پر بیٹھتا ان دونوں کو دیکھنے لگا۔

مام۔مہر کے ہاتھوں میں کوئ حرکت نا ہوئ تو اسنے بے چین ہوتے پکارا۔

آواز میں نمی سی گھلی تھی۔ایک یہیں آکر تو وہ مضبوط انسان بے بس ہو جاتا تھا۔

مہر سختی سے آنکھیں مینچ گئ اسکے آنسو حازق کے بالوں میں گرتے جزب ہوتے جا رہے تھے لیکن اسنے آنکھیں نہیں کھولیں۔وہ جانتی تھی ایک بار اگر اسے دیکھ لے گی اپنا ضبط کھو دے گی۔

مرتسم لبوں پر مٹھی جمائے اسکا ضبط دیکھنے لگا۔جانتا تھا کچھ ہی پل میں وہ ہار جائے گی۔

مام ایسے مت کریں۔حازق اسکی گود میں چہرہ چھپائے سسک پڑا۔

مہر نے تڑپ کر آنکھیں کھولیں۔

حازق اسکا وہ بیٹا تھا جو مشکل سے مشکل وقت میں بھی آنکھوں میں نمی تک نہیں آنے دیتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ح۔حازق۔اسکے بالوں میں انگلیوں کو حرکت دیتے اسنے کپکپاتے لبوں سے پکارا۔

ضبط کے باجود حازق کی ہچکی نکلی تھی۔

حازق مام کی جان ادھر دیکھو میری طرف۔اسنے تڑپ کر اسکا سر اٹھاتا۔

دل دھک سے رہ گیا۔

تپتی ہوئ پیشانی، سرخ نم آنکھیں، چہرے پر خراشوں کے نشان، گردن پر بھی ویسی ہی خراشیں تھیں۔

ضبط سے بھینچے لب وہ تڑپ ہی تو گئ تھی۔

مرتسم اسے دیکھتا نظریں پھیر گیا۔

ی۔یہ۔اسے یقین نا آیا کہ یہ اسنے اپنے ہاتھوں سے اپنے بیٹے پر بے رحمی دکھائ ہے۔

س۔سوی میرا بچہ مام بہت بری ہے نا۔ایم سوری۔وہ دیوانہ وار اسکا چہرہ چومتی ہچکیوں سے رونے لگیں۔

مام پلیز مت روئیں مجھے تکلیف ہوتی ہے۔نفی میں سر ہلاتا اسکے آنسو صاف کرتا بولا۔

مرتسم نے تاسف سے اسے دیکھا۔دو دن میں وہ کتنا زیادہ رو چکی تھی۔اتنا تو وہ پوری زندگی میں نہیں روئ ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

تمنے ایسا کیوں کیا حازق۔ تمنے ایزل اتنی تکلیف کیوں دی۔ دیکھو وہ کیسے تمہاری بے وفائی پر تڑپ کر مرنے والی ہو گی ہے۔

کیوں کیا تم نے ایسا کیوں دی مجھے اتنی تکلیف۔ وہ اسے خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں بول رہی تھی۔

ایم سوری مام میں بہت جلد سب ٹھیک کر دوں گا آئی پرومس۔ آپ پلیز روئیں مت۔ مجھ سے یہ برداشت نہیں ہو رہا۔

وہ اسکے سر پہ بولا دیتا نم لہجے میں بولا۔

وہ اسے خود میں بھینچے کبھی اسکا چہرہ چومتی تو کبھی ہاتھ چومتی کوئی دیوانی لگ رہی تھی۔

مام میں کچھ دیر آپکو گود میں لیٹ جاوں۔ کچھ دیر بعد حازق اس سے دور ہوتا التجائیہ لہجے میں بولا۔

مہر اسکا ماتھا چومتے سر ہلا گئی تو وہ کسی بچے کی طرح اسکی آغوش میں سمٹتا آنکھیں موند گیا۔

مرتسم سختی سے لب بھنچتا اپنی نم آنکھیں صاف کرتا صوفے کی پشت سے سر ٹکا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

پسونا۔ بدر نے تیسری بار بے چارگی سے اسے پکارا۔

مرحا نے لیپٹاپ سے نظریں ہٹاتے ائیبرو اچکاتے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے یہ صوفہ چھب رہا ہے۔ معصومیت سے کہا۔

بدر کیا مسلا ہے آپکے ساتھ اگر آپکو یہاں نہیں سونا تو مت سوئیں مینے نہیں کہا آپسے میرے پاس سوئیں۔

کبھی آپکو صوفہ چھوٹا لگتا ہے، کبھی آپکو چھبتا ہے۔

آپکو جانا ہے تو دوسرے کمرے میں جا کر سو جائیں۔ بہانے مت بنائیں۔

وہ اسے گھورتے خفگی سے بولا۔

بدر بوکھلا گیا۔

مینے کب کہا ہے میں جانا چاہتا ہوں اور یہ صوفہ یہ تو بہت ہی زیادہ اچھا ہے میں تو بس ایسے ہی کہہ رہا تھا۔

مزاق کر رہا تھا۔

وہ جلدی سے بولا مبادا وہ کہیں کمرے سے ہی نا نکال دے۔

نہیں آپ چلیں ہی جائیں دوسرے کمرے میں ایسے لگ رہا جیسے میں آپ پر بہت ظلم کر رہی ہوں۔ وہ نروٹھے پن سے بولی۔

دو ہی دن میں سارا پیار اتر گیا۔ بڑبڑاتے وہ واپس سے لیپٹاپ کی طرف متوجہ ہوئ۔

Posted On Kitab Nagri

بدر کبھی بے بسی سے صوفے کو دیکھتا تو کبھی بیڈ کو جہاں وہ ایک سائیڈ خود بیٹھی ہوئی تھی۔ گود میں لیپ ٹاپ رکھا تھا جہاں کر وہ کوئی کورئین شو دیکھ رہی تھی۔

جبکہ بیڈ کی دوسری سائیڈ پر بہت سارے چپس، پوپکورن چاکلیٹس، پڑے ہوئے تھے جنہیں وہ ساتھ ساتھ کھا رہی تھی۔

اسکے ساتھ ایک بڑا سا پنک ٹیڈی بیئر تھا جو وہ مرحا کو دلا کر پچھتا رہا تھا۔

وہ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سے ایسے ہی بیٹھی تھی بدر رات میں بھی کافی لیٹ گھر آیا تھا اسکی نیند پوری نہیں ہوئی تھی اور اب اسکی بیوی نہیں کرنے دے رہی تھی۔

ایک ہی ہفتے میں اسکی بیوی نے اسے تگڑی کا ناچ نچا دیا تھا۔

افف بے چارگی سے سوچا۔۔

وہ جو مزے سے ڈرامہ دیکھ رہی تھی اچانک پتہ نہیں کیا ہوا گھبرا کر لیپٹاپ بند کرتے اسنے اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھا۔

پسونا کیا ہوا۔ بدر تیزی سے سیدھا ہوا۔

وہ منٹوں میں تیزی سے رونے لگی۔

بدر بوکھلا گیا۔

پچھلے دو، تین دن سے ایسے ہی ہو رہا تھا وہ اچانک بیٹھے بیٹھے گھبرا جاتی، ہستے ہستے رونے لگتی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرحو کیا ہوا کیوں رو رہی ہیں۔وہ اسے خود سے لگاتا پریشانی سے بولا۔

ب۔بدر مجھے کچھ ہو رہا ہے۔م۔مہر ادل بہت تیزی سے دھڑک رہا ہے۔

م۔مجھے یہاں تکلیف ہو رہی ہے۔وہ نچلہ لب نکلاتے بچوں کی طرح روتے اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھتے بولی۔

بدر کا دل اچھل کے حلق میں آیا اسے دل میں درد ہو رہا تھا۔

اٹھیں ہم ابھی ڈاکٹر کے پاس جائیں گے۔وہ اسے اٹھاتا بولا۔

نہیں ڈاکٹر والا بدر یہ وہ والا پین نہیں ہے۔م۔میں کیسے سمجھاؤں۔وہ ہچکیوں سے رونے لگی۔

کیسا پین ہے پسونا پلیز بتائیں کیا ہوا ہے۔

جب حازق کو تکلیف ہوتی ہے یا پھر اسے کہیں چوٹ لگتی ہو تو مجھے ایسا فیل ہوتا۔

میں کتنے دن سے کہہ رہی آپکو مجھے گھر کے چلیں۔

میرا دل بہت گھبراتا ہے بہت عجیب فیل ہوتا ہے۔

د۔دکھیں یہاں کچھ ہو رہا ہے۔

ح۔حازق تکلیف ہے میں وہ ٹھیک نہیں ہے۔وہ اسکی شرٹ جکڑتے بے بسی سے چلائی۔

بدر اسے خود میں بھینچتا خاموش کروانے لگا۔

حازق اور مرحا جڑواں تھے جب ایک تکلیف میں ہو تو دوسرے کو بھی تکلیف ہوتی ہے اسنے سنا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بدر حازق کے پاس لے چلیں۔ پتہ نہیں گھر میں سب کیسے ہونگے۔ پلیز لے چلیں۔ وہ سسکیاں بھرتی بولی۔

اچھا رونا بند کریں۔ بلکل چپ میں ابھی آپکو لے چلتا ہوں۔ اسکے آنسو صاف کرتے بولا۔

ابھی جانا ہے۔ روتے ہوئے کہا۔

ابھی چلیں گے میری جان۔ اٹھیں۔ اسکا ڈوپٹہ سہی کرتے وہ اسے خود سے لگا تا باہر لے ایا۔

اب وہ مزید اپنی بیوی کا رونا نہیں دیکھ سکتا ہے۔ پچھلے تین دن سے وہ مستقل کہہ رہی تھی اسکا دل گھبراتا ہے کچھ ہو رہا ہے۔ اس سے پہلے کہ کہیں کوئ بڑا نقصان ہو جائے وہ اسے اسکے اپنوں کے پاس لے جانا چاہتا تھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

وہ وہیں ماں کی گود میں سر رکھے آنکھیں موندیں لیٹا رہا مہر کو لگا وہ سو گیا ہے وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتی رہی۔

کچھ دیر بعد وہ کسمساتا اٹھا تو وہ دونوں چونکے۔

مجھے جانا ہے مام۔وہ اسکے ہاتھ تھامتا نظریں جھکائے بولا۔

ک۔کہاں اور کیوں۔وہ بے چین ہوئی۔

یہ سب ختم کرنے ماما۔آئی پرامس آپکو پھر کبھی مجھ جیسے بیٹے ہونے پر شرمندگی نہیں ہو گی۔

وہ اسکے ہاتھ چومتا مسکراتے ہوئے بولا۔

حازق میں۔مہر نے کچھ کہنا چاہا لیکن وہ نفی میں سر ہلا گیا۔

نہیں مام کچھ مت بولیں۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دن کی مہلت دیں میں سب ٹھیک کروں گا۔وہ اسے اٹھاتا خود بھی اٹھ کھڑا ہوا۔

مہر خاموش ہو گئ۔

اسکا ماتھا چومتے اسے کامیابی کی دعائیں دیتے اسنے مرتسم کو دیکھا جو حازق کو گھور رہا تھا۔

حازق اسکی نظروں کے تعاقب میں دیکھتا مسکرایا۔

ایک منٹ مام میں زارا آپکے شوہر کو دیکھ لوں۔اسکا سر چومتا اسے بیڈ پہ بٹھاتا وہ مرتسم کے قریب آیا۔

دونوں باپ بیٹے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔

بابا میں۔حازق کچھ کہنے لگا لیکن مرتسم کے بھاری ہاتھ کا تھپڑ اسے خاموش کروا گیا۔

شاہ۔مہر نے دہل کر اسے دیکھا۔

حازق مسکرایا تھا۔

مرتسم اسے مسکراتے دیکھ سلگھا اگلے ہی پل اسے کھینچتے خود میں بھینچ گیا۔

حازق مدھم سا ہس دیا۔

مرتسم کچھ بھی کہے بغیر اسے خود سے لپٹائے بے اواز رونے لگا۔

اپنے قد جتنے بیٹے کا غم اسے توڑ کر رکھ گیا تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

مہر نے اسے زبردستی ناشتے تک روک لیا کہ جہاں بھی جانا ہے ناشتہ کر کے چلا جائے۔

وہ جب تک فریش ہو کے آیا مہر ناشتہ بنا چکی تھی۔

میثم ناشتہ کر کے اینارہ سے ملنے جا چکا تھا۔

سب لوگ ہی ایزل کی وجہ سے کافی دیر تک ہوسپٹل میں رکے تھے اسلیے نماز کے بعد دوبارہ سو گئے۔

سوائے وشہ اور عادی کے۔اب وہ پانچوں ڈائیونگ پر بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے۔

جب پورچ میں گاڑی رکنے کی آواز پر چونکے۔

💞💞💞

گاڑی رکتے ہی مرحا تیزی سے گاڑی سے نکلتی اندر کی طرف بھاگی تھی۔

بدر نے اسکی پشت دیکھتے لب بھینچے۔

وہ پانچ گھنٹے کا سفر تین گھنٹوں میں طے کر آیا تھا۔

ریش ڈرائیونگ کرتے کیونکہ اسکی بیوی مسلسل ہچکیوں سے رو رہی تھی جو اسکی برداشت سے باہر تھا۔

وہ گاڑی پارک کرتا اسکے پیچھے ہی نکلا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جتنی تیزی سے بھاگ رہی تھی بدر کو ڈر تھا وہ گر ہی نا جائے۔

وہ تیز قدموں سے اسکے پیچھے بھاگا۔

اور وہی ہوا جسکا ڈر تھا۔وہ ابھی داخلی دروازے کی سیڑھیوں پر تھا جبکہ مرحا سپیڈ سے بھاگتے اندر جا چکی تھی۔

کارپیٹ میں اسکا پاؤں رہتا اور وہ اوندھے منہ گری۔اسکی چیخ کے ساتھ ہی بدر کی دھاڑ بلند ہوئی لیکن وہ گری نہیں کیونکہ دو مہربان بازو اسے سمیٹ چکے تھے۔

مرحا نے لرزتی پلکوں سے مقابل کو دیکھا سامنے حازق کو دیکھتے وہ اونچی آواز میں روتے اسکے سینے میں چھپ گئی۔

بدر دروازے کو تھامتا اپنی رکی سانس بحال کرنے لگا۔اسے گرتے دیکھ اسکا دل اچھل کر حلق میں آیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن حازق اسے بروقت سنبھال چکا تھا۔

مرحا اور بدر کو اچانک یہاں دیکھتے وہ چونکتے اٹھ کھڑے ہوئے۔

وہ بلند آواز میں روتی پتہ نہیں کیا کیا بولے جا رہی تھی۔

حازق لب بھینچے بدر کو سرد نظروں سے دیکھتا اسکو تھپکنے لگا لیکن وہ چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہر نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا

مر تسم آگے بڑھتے اسے خود سے لگا گیا۔

اسکی بلند آواز سنتے سب اپنے کمروں سے نکل ائے۔

کمرے کے دروازے سے نکلتی نورین کی نظر مرحا سے ہوتی داخلی دروازے پر گئ تو اسے لگا جیسے اسکی آنکھوں کا دھوکا ہے۔

لیکن نہیں وہ دھوکا نہیں سچ تھا۔وہ ننگے پاؤں تیزی سے سیڑھیوں کی طرف بھاگی تھی۔

بدر کی نظریں بے اختیار اسکی طرف اٹھی اس سے پہلے کہ وہ آگے بڑھتا نورین تیزی سے بھاگتے اسکے سینے سے لگی تھی۔

بدر بے ساختہ اسے خود میں بھینچ گیا۔

م۔میرا بدر،م۔میرا بیٹا آگیا۔وہ بے یقینی سے اسکا چہرہ چھوتے بول رہی تھی۔

بدر نے اسکی ہتھیلیاں چومیں۔

میں ہی ہوں ماں آپکا بدر۔وہ نرمی سے کہتا اسے خود میں بھینچ گیا۔

نورین بے اواز رو دی۔

ماما پلیز مت روئیں میں آگیا ہوں نا۔وہ بے بسی سے بولا۔

نورین نم آنکھیں صاف کرتی اسکا ماتھا چومتے اب مرحا کو دیکھنے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تم ٹھیک نہیں تھے نا۔ مجھے پتہ تھا میں جانتی تھی تم ٹھیک نہیں ہو۔ میں تین دن سے بدر سے کہہ رہی تھی مجھے درد ہوتا ہے حازق ٹھیک نہیں۔ تمہیں پتہ ہے ناجب تمہیں درد ہوتا ہے تو مجھے بھی ہوتا ہے۔

وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتی اسکے زخموں پر لب رکھتی سسکیوں سے بولی۔

حازق مسکرا اٹھا۔

وہ جانتا تھا وہ دونوں ایک دوسرے کی تکلیف محسوس کر سکتے ہیں۔

نفی میں سر ہلاتے اسکا ماتھا چومتے اسے خود میں بھینچا۔

میں بلکل ٹھیک ہوں اب تم آ گئ ہو نا۔ وہ آہستہ سے بولا۔

بدر اسے مسلسل سسکیاں بھرتے دیکھ بے چین ہو اٹھا۔

وہ گاڑی میں بھی مسلسل روتی آئ تھی ایسی تو نہیں تھی کہ اتنا رونے والی۔

اب تو اسکا وجود بھی ہچکولے کھا رہا تھا۔

وہ نرمی سے نورین کو خود سے الگ کرتا بے اختیار اسکی طرف بڑھا۔

حازق اسے اپنے سامنے کرتا اسکے بھیگے بال چہرے سے ہٹاتا ابھی کچھ بولتا کہ بدر تیزی سے مرحا کو اپنی طرف کھینچ گیا۔

یہ سب اسنے لمحوں میں کیا تھا کہ مرحا اور حازق دونوں ہی سمجھ نہیں پائے۔

بدر بنا کچھ کہے اسے اٹھاتا صوفے کی طرف بڑھا۔

Posted On Kitab Nagri

سب کے منہ کھلے تھے۔

اسے نرمی سے صوفے پر بٹھاتے اسنے ٹیبل پر پڑے پانی کے جب سے گلاس میں پانی ڈالتے اسکے لبوں سے لگایا۔

وہ ایک ہی سانس میں ختم کر گئ۔

اور چاہیئے۔اسکے قریب گھٹنوں کے بل بیٹھتے اسکے بال سمیٹتے پوچھا۔

وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

اسکی محبت پر سب نے نم آنکھوں سے انہیں دیکھا تھا۔

جبکہ حازق ابھی سرد نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

اپنے بولا آپکا دل بے چین ہے میں آپکو لے آیا نا اپنوں میں اب کیوں رو رو کر مجھے بے چین کو رہی ہیں۔دیکھیں اپنے خود کا کیا حشر کر لیا ہے پلیز اب اور مت روئیں مجھے یہاں کچھ ہوتا ہے۔وہ اسکا ہاتھ اپنے سینے پر رکھتا بے بسی سے بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرحاسب کے سامنے سرخ پڑتے سٹپٹاتے اپنا ہاتھ پیچھے کر گئ۔

اب اگر آپکی آنکھ سے ایک آنسو بھی نکلا تو میں آپکو واپس لے جاوں گا۔وہ دھمکانے کے انداز میں بولا۔

تم میری بیٹی کو میرے سامنے ہی دھمکا رہے ہو۔مرتسم اسے گھورتے مرحا کے پاس بیٹھتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

آپکی بیٹی میری بیوی ہے اور آپ لوگوں کی وجہ سے مسلسل پچھلے کئ گھٹنوں سے رو رہی ہے جو میں برداشت نہیں کر سکتا۔

وہ بے بسی سے بولتا اٹھا تھا۔

اسکے انداز پر سب نے مسکراہٹ دبائی تھی۔

مرحا سرخ پڑتے مرتسم کے سینے میں چہرہ چھپا گئ۔

حازق سر جھٹکتا مہر کو اپنے حصار میں لیتا صوفے کی طرف بڑھا۔

ہاں باپ اور بھائ ہی یاد ہے ماں کی کب کسی کو یاد آتی ہے۔وہ حازق کے کندھے پر سر رکھتے مصنوعی خفگی سے بولی۔

مرحا نے جھٹ سے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

وہ اٹھنے لگی لیکن پھر کچھ سوچتے رک گئ۔

میں آپکی بیوی سے ناراض ہوں۔مرتسم کو دیکھتے خفگی سے کہا۔

کیوں۔۔؟مرتسم نے اچھنبے سے اسے دیکھا۔

بریرہ کو اپنے حصار میں لیے کھڑا بدر بھی چونکا تھا۔

کیونکہ انہوں نے زبردستی میرا نکاح اپنے داماد سے کروایا تھا۔

وہ خفگی سے بولتے مرتسم کے کندھے پر سر رکھ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

مہر نے اسے گھورا اور ساتھ بیٹھے مرتسم کو بھی۔

وہ گڑبڑا گیا۔

جبکہ اسکی بات سنتے سب نے حیرت سے مہر کو دیکھا کیا وہ پہلے سے جانتی تھی۔

اچھا ہم سے کوئی ناراضگی نہیں ہے ہم سے تو ملو۔

عالم بابا اپنی لاڈلی پوتی کو دیکھتے بے تاب ہوئے تھے۔

مرحا انکی آواز سنتے جھٹ سے اٹھتی انکے گلے لگی تھی۔

پھر باری باری سب سے ملتے اسنے ماہم کی غیر موجودگی محسوس کی۔

ماہم پھوپھو کہاں ہیں۔وہ اسکی غیر موجودگی پر حیران ہوئی تھی۔اسوقت وہ کہاں جا سکتی تھی۔

اپی۔ تبھی اسکے پیچھے سے میثم کی چیخ سنتے سب چونکے تھے۔

میسم جو ایناره اور انوشے کے ساتھ اندر آیا تھا مرحا کو دیکھتے بے یقین ہوا تھا۔

وہ انوشے کو نیچے اتار تا مرحا کی طرف بھاگا۔

مرحو آپی آپ کہاں چلی گئی تھیں سب نے آپ کتنا ڈھونڈا۔

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

مرحا نے اسکا ماتھا چوما۔اسکے بدن کی حرارت سے اسے فیل ہوا تھا اسے بخار ہے۔

تمہاری آپی کو ماما نے زبردستی اپنے داماد کے حوالے کر دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکے ماتھے سے بال ہٹاتے آہستہ سے بولی۔

اپنے شادی کرلی۔ کسی نے بھی میثم کا نہیں سوچا۔ سب نے مجھے اکیلا چھوڑ دیا نا۔ وہ اسکے کندھے پر سر رکھتا ناراضگی سے بولا۔

سب خاموشی سے انکی گفتگو سن رہے تھے۔

مرحا چونکی۔ کیوں کس نے اکیلا کیا میرے میثم کو میں نہیں تھی باقی سب تو تھے نا۔ حازق، ایزل، ماما۔ وہ سب کے اڑے چہرے دیکھ چونک کر بولی۔

کوئ بھی نہیں تھا۔ آپکو نئ پتا کیا حازق بھائ تو پچھلے پندرہ دنوں سے گھر ہی نہیں تھے ایک دن آئے تھے پھر کل کہیں چلے گئے۔

اور ایزل اپی۔ وہ ابھی کچھ اور بولتا کہ مہر گھبرا کر اسے ٹوک گئ۔

میثم بس کرو ابھی آئ ہے اسے آرام کرنے دو۔ وہ اسے آنکھوں کے اشارے سے منع کر گئ مرحا کو کچھ بتانے سے۔

وہ وہیں خاموش ہو گیا۔

نہیں ماما اسے بولنے دیں۔ کہاں ہے ایزل وہ کیوں نہیں تھی تمہارے پاس بتاؤ مجھے۔ وہ بے چینی سے بولی۔

میثم ادھر مت دیکھو بتاؤ مجھے کہاں ہے ایزل۔ وہ اسکے مہر کے دیکھنے پر اسکا چہرہ اپنی طرف کرتی بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایزل آپی کو پتہ نہیں کیا ہوا تھا۔وہ اتنی اداس اداس سی رہتی تھیں اور پھر کل وہ پتہ نہیں کیسے کانچ پر گر گئیں۔

انکی پوری باڈی پر کانچ کی خراشیں ہیں اور بازو اور پیٹ پر بہت گہرا زخم ہے۔وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

مرحا بے یقینی سے اسے دیکھے گئ۔

ایزل کے ذکر پر حازق لب بھینچ گیا۔

م۔م۔مجھے کسی نے ب۔بتانا بھی ضروری سمجھا۔میں اتنی پرائ تو نہیں تھی۔

میری ب۔بہن ۔ دوست پ۔پتہ نہیں کس حال میں ہے اور میں بے خبر رہی۔ وہ بے یقینی سے لڑکھڑائ تو بدر نے بے ساختہ اسے تھاما۔

اپ۔اپ سب جانتے تھے نا اسی لیے۔اسی لیے آپ میری ایزل سے بات نہیں کروا رہے تھے۔وہ بدر کو شکوہ کناہ نظروں سے دیکھتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدر نے لب بھینچتے حازق کو دیکھا اسکا سرخ چہرہ دیکھ وہ سر جھٹکتا مرحا کی طرف متوجہ ہوا۔

آپ مجھے ابھی اسکے پاس لے چلیں۔مجھے ابھی ملنا ہے اسے دیکھنا ہے۔وہ بدر کی شرٹ جکڑتے رندھے لہجے میں بولی۔

مرحوا دھر آؤ میرے پاس۔مہر نے بازو وا کرتے اسے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بدر کے حصار سے نکلتی تیزی سے مہر کی طرف بڑھتے اسکی آغوش میں آتے ہی پھر سے رو دی۔

مر حو۔ڈونٹ کرائے۔میرا بہادر بچہ۔ایزل ٹھیک ہے۔وہ اسکا سر چومتی محبت سے بولی۔

مجھے اسکے پاس لے جائیں نا۔وہ نچلہ لب نکالتے بچوں کی طرح منہ بسورے بولی۔

ہاں ابھی لے چلتے ہیں۔مہر نے اسکے ماتھے پر بوسہ دیا۔

او میں لے چلتا ہوں تمہیں۔حازق اسے اپنے حصار میں لیتا بدر کو جتانے کے انداز میں دیکھتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

بدر اسے گھورتا اسکے پیچھے ہی بڑھا تھا۔

باقی سب انکی بچگانہ حرکتوں پر نفی میں سر ہلا گئے۔

مہر انوشے کو اٹھاتے خود سے لپٹا گئی۔

وہ اب سب سے کافی سہم گئی تھی۔

مہر ماما کیا میں انوشے کو کچھ دیر کے لیئے باہر لے جاؤں اسکا دل بہل جائے گا۔

کاشان اسکا سہما چہرہ دیکھ مہر سے بولا۔

مہر نے ایک پل کے لیئے سوچا پھر ہاں میں سر ہلا دیا۔

بھائی کے ساتھ باہر جانا ہے۔آپکو آئیس کریم بھی کھلائیں گے۔

اپنی گردن سے اسکا چہرہ نکالتے مہر نے اسے پچکارا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کچھ پل کاشان کو دیکھتی رہی پھر ہاں میں سر ہلا گئ۔

گڈ گرل۔ جاو شاباش اور بھائ کو بلکل تنگ نہیں کرنا اوکے۔ اسکا ماتھا چومتے مہر نے اسے کاشان کے حوالے کیا۔

جو اسکی انگلی تھامتا اسے لیے باہر کی طرف بڑھ گیا۔

چلیں سب ناشتہ کر لیں ناشتہ ریڈی ہے۔

اور پریشان مت ہوں بلکہ یہ تو خوشی کی بات ہے ایزل بھی ٹھیک ہے اور مرحا بھی واپس اگئ۔

مہر نے آسودگی سے مسکراتے کہا تو سب اسکی بات پر اتفاق سے سر ہلا گئے۔

💞💞💞

ہوسپٹل کے سامنے گاڑی روکتے حازق کی آنکھوں کی سرخی بڑھی تھی۔

بدر اپنی گاڑی سے نکلتا جلدی سے مرحا کی طرف بڑھتا اسے اپنے حصار میں لیتا اندر کی طرف بڑھ گیا۔

مرحا نے پیچھے مڑتے حازق کو دیکھا جو اثبات میں سر ہلا گیا۔

وہ مطمئن ہوتی بدر کے ساتھ اندر اگئ۔

ایزل کے کمرے کا پوچھتے وہ لوگ جب وہاں پہنچے تو ماہم اور زرنور اسے دیکھتی شاک ہوئ تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مرحا تم کب ائی۔ماہم اسے خود سے لپٹاتی بے یقینی سے بولی۔

میں کچھ دیر پہلے ہی آئی تھی پھوہھو۔وہ آہستہ سے بولی۔

زرنور نے اسے دیکھتے بازو وا کیے تو وہ بے ساختہ روتے اسکے گلے لگی۔

ایزل بہت لاپرواہ ہے مامی میں اس سے بلکل بات نہیں کروں گی۔وہ اسکے کمرے کے دروازے کو دیکھتے خفگی سے بولی۔

زرنور ہس دی۔اب تم آگئ ہو نا تو کس کے بل نکالنا اسکے۔پیار سے اسکے بال سہلاتے کہا۔

وہ ناک سکوڑتے ایک نظر بدر کو دیکھتے کمرے میں چلی گئ۔

سلام کا رواج نہیں ہے کیا دامادجی۔زرنور اسے نروس ہوتے دیکھ جان بوجھ کر سنجیدگی سے بولی۔

بدر خجل ہوتا جلدی سے سلام کر گیا۔

اور وہ دونوں ہس دی۔

ارسل جو ابھی وہاں آیا تھا چونکا۔

مرحا کے آنے کا سنتے اسے خوشگوار حیرت ہوئ تھی۔

بدر سے ملتے وہ ماہم اور زرنور کو لیے گھر کے لیئے نکل گیا کیونکہ وہ دونوں رات سے کافی تھک گئ تھیں۔

مرحا ایزل کے پاس تھی اس لیے وہ مطمئین ہوتے نکل گئے۔

حازق وہیں گاڑی میں بیٹھا انہیں جاتا دیکھتا رہا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ آہستہ سے دروازہ کھولتی اندر آئی۔

ماما مینے کہا نا مجھے نہیں بات کرنی کسی سے آپکو سمجھ۔ایزل آنکھوں سے بازو ہٹاتے جھنجھلا کر بولتی کہ سامنے مرحا کو دیکھتے وہ خاموش ہوئی۔

ساکت پلکوں میں جنبش ہوئی، سوکھی آنکھوں میں پھر سے پانی جمع ہونے لگا لیکن وہ بے رخی سے چہرہ موڑ گئی۔

ایزل۔مرحا اسکے چہرہ موڑنے پر تڑپ کر اسکی طرف بڑھی۔

مر گئی ایزل۔وہ بے رخی سے بولی۔

ایسے تو مت کہو۔ تمہیں تو میری عمر بھی لگ جائے۔وہ اسکے قریب آتے دہل کر بولی۔

مجھے نہیں چاہیے اپنے پتی کو دے دینا جسکے ساتھ تھی اتنے دن۔وہ ہنوز خفا تھی۔

پتی نہیں ہیں میرے ماما کے داماد ہیں۔وہ منہ بسورتی اسکے ساتھ جگہ بناتے بیٹھی۔

ایزل نے اسے گھورا۔

ایسے مت دیکھو مجھے پیار ہو جائے گا ان آنکھوں سے۔وہ اسکی ہیزل آنکھوں کو چومتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل سٹپٹائی۔

کیا بدر بھائی نے تم میں بے شرمی کا کوئی پرزہ تو نہیں فٹ کر دیا۔وہ اسے گھورتے بولی۔

مرحا کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

ایسا ہی سمجھ لو۔وہ آنکھ ونک کرتے بولی۔

ایزل مسکرا دی۔کتنے دنوں بعد آج وہ دل سے مسکرائی تھی۔

پہلے کیوں نہیں آئی۔

اسکے بازو سے سر ٹکاتے ادسی سے پوچھا۔

وہ ابھی اٹھ کر بیٹھ نہیں سکتی تھی کہ پیٹ کا زخم ابھی کچا تھا۔

بے خبر تھی۔مرحا آنسو پیتے مدھم لہجے میں بولی۔

بے خبر تھی یار و مینس میں غرق تھی۔ایزل اسے ہسانے کو بولی۔

لیکن وہ ہسنے کی بجائے رو دی۔

ایزل اسکے بازو سے سر ٹکائے بے اواز رونے لگی۔

ایم سوری مجھے تیرے پاس ہونا چاہیئے تھا نا۔وہ اسکے برنولہ لگے ہاتھ کو نرمی سے چھوتے بولی۔

ایزل خاموش رہی۔

ناراض ہے۔مرحا نے چہرہ موڑتے اسے دیکھا وہ بے آواز رو رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایزل۔ایم سوری نامیں انجان تھی نہیں تو آئی سویر اسی وقت تیرے پاس ہوتی۔وہ بوکھلا گئی۔

لیکن ایزل نفی میں سر ہلاتے ہچکیوں سے رونے لگی۔

کیا کہیں درد ہو رہا ہے۔مرحا پریشان ہوئی۔

ایزل نفی میں سر ہلا گئی۔

بس تجھے دیکھتے رونا آگیا۔وہ آنسو صاف کرتے بولی۔

اتنی بری بھی نہیں لگ رہی۔مرحا نے ناک سکوڑا۔

ایزل روتے روتے ہس دی۔

تبھی دروازہ نوک ہوا اور بدر اندر آیا۔

مرحا کو ایزل کے اتنے قریب بیٹھے دیکھ اسکا چہرہ خوامخواہ سرخ ہوا۔

وہ ایزل سے جیلس ہو رہا تھا لیکن سمجھ نہیں پایا۔

اسلام علیکم جی جاجی۔ایزل اسے دیکھتے لفظ توڑ کر بولی۔

مرحا نے اسے گھورا۔

وعلیکم سلام سالی صاحبہ۔وہ سر کو خم دیتا محظوظ ہوتے بولا۔

کیا حال ہے۔۔وہ اب فکر مندی سے اسے دیکھ رہا تھا۔

ایزل مرحا کو عزیز تھی تو اسے بھی عزیز تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں ٹھیک ہوں وہ نرمی سے مسکرای۔

بدر نے غور سے اسے دیکھا۔

اسکی آنکھوں میں ازیت سی چھلک رہی تھی،انجانا سا درد رسا تھا۔

اسے بے ساختہ ایزل پر ترس ایا۔وہ نازک سی لڑکی پتا نہیں کتنی تکلیف میں تھی۔

لیکن میں آپسے ناراض ہوں۔ایزل اسے خاموش دیکھ بولی۔

وہ کیوں۔اسنے ائیبرو اچکایا۔

اپنے مرحوم کو کڈنیپ کیا مجھے بھی کرنا چاہیئے تھا۔

آخر کو میں اسکی بیسٹی ہوں۔

کیا ہو جاتا اگر میں بھی آپ لوگوں کے ٹریجیڈی نکاح میں شریک ہو جاتی۔وہ تاسف سے بول رہی تھی۔

بدر کو بے ساختہ ہسی ائی۔

کتنی معصوم،بے ضرر سی لڑکی تھی وہ۔

اچھا اب جب لے کر جاؤں گا تو آپکو ساتھ لے کر جاؤں گا آپ بس ٹھیک ہو جائیں۔

وہ نرمی سے بولا۔

ایزل مسکادی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرحا ایک منٹ بات سنیں۔وہ اسے آنکھوں سے کچھ اشارہ دیتا بولا۔

ایزل نے معنی خیز نظروں سے اسے دیکھا۔

شٹ اپ۔وہ ایزل کی نظروں سے جھنپتی بول۔

ایزل ہس دی۔

مرحا نفی میں سر ہلاتے بدر کے پیچھے ہی باہر نکلی تھی۔

ایزل کی مسکراہٹ مانند ہوئی۔

کچھ لمحوں کے لیئے ہی سہی اسکا دل بہل گیا تھا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپکو شرم نہیں آتی کیا سوچے گی وہ۔مرحا خجل ہوتی اسے گھورتے بولی۔

کچھ نہیں یہی سوچے گی کہ مجھے اکیلے میں کچھ وقت چاہیئے۔وہ معصومیت سے بولا۔

مرحا کچھ بولتی کہ وہ جلدی سے بول اٹھا۔

میرے خیال میں حازق کو اسکے ساتھ اکیلے میں وقت دینا چاہیئے۔وہ سامنے کھڑے حازق کی طرف اشارہ کرتا بولا جو فون کان سے لگائے کچھ بول رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سمجھ کر سر ہلا گئ۔

چلیں پھر۔بدر نے کہاتو وہ اسکے ساتھ چل دی۔

ہمنے ایزل سے مل لیا ہے۔ویسے تو میں اسکے پاس رکنا چاہتی تھی لیکن فلحال اسے مجھ سے زیادہ تمہاری ضرورت ہے۔

وہ شرارت سے اسے دیکھتے بولی۔

حازق نے مسکراتے اسکا سر چوما۔

تم رہ لیتی مجھے کوئ پرابلم نئ۔وہ نرمی سے بولا۔

نہیں اب اتنی بھی ظالم نئ۔وہ آنکھیں پٹپٹا کر کہتے بدر کے ساتھ باہر کی طرف چل دی۔

حازق کے چہرے سے مسکراہٹ غائب ہوئی۔

اسنے کن اکھیوں سے کمرے کے دروازے کو دیکھا۔

وہ کچھ پل ضبط سے کھڑا رہا پھر ضبط ٹوٹا اور وہ کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

پھر سے دروازہ کھلنے پر ایزل نے بے ساختہ دروازے کی طرف دیکھا اندر آتے حازق کو دیکھتے اسکے چہرے پر کرب کے تاثرات لہرائے تھے اگلے ہی پل اسکا چہرہ سپاٹ ہو گیا۔

وہ چہرہ موڑے سامنے دیوار کو گھورنے لگی۔

وہ آہستہ سے چلتا اسکے قریب آیا۔

Posted On Kitab Nagri

کیسی ہو۔اسکے قریب رکتے وہ آہستہ سے بولا۔

وہ خاموش رہی۔

میں تمہیں سننا چاہتا ہوں۔وہ جیسے التجائیہ ہوا تھا۔

ایزل۔حازق نرمی سے پکارتا اسکے قریب جھکا۔

اسکی سانسیں ایزل کے چہرے پر پڑنے لگیں۔

ایزل ضبط سے آنکھیں مینچ گئ۔

حازق نے ہاتھ اٹھاتے نرمی سے اسکا چہرہ اپنی طرف کیا۔

کیا تم مجھے دیکھنا نہیں چاہتی۔اسکے چہرے سے بال ہٹاتے پوچھا۔

نہیں۔یک لفظ جواب ایا۔

اچھا میں تو دیکھنا چاہتا ہوں۔وہ کچھ پل خاموش ہوا پھر اسکی سوجھی آنکھوں کو انگلی سے چھوتا مدھم لہجے میں بولا۔

حازق پلیز چلے جاؤ میں اس وقت نا تمہیں سننا چاہتی ہوں نا دیکھنا۔وہ بہت ضبط سے بولی۔

روح پر لگے وہ سارے زخم پھر سے اڈھڑنے لگے تھے۔وہ رات پھر سے آنکھوں کے سامنے ان ٹھہری۔

جبکہ وہ تو اسکے منہ سے حازق سنتا ہی خاموش ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حازق نہیں میر۔کیا تم بھول گئ تم مجھے میر بلاتی ہو۔وہ اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا اسکی خوشبو میں گہری سانس کھینچتا بولا۔

وہ پرانی بات تھی ایزل عازیان شاہ پرانی باتوں کو یاد نہیں رکھتی۔وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے تنفر سے بولی۔

ایزل غازیان شاہ نہیں ایزل حازق میر۔وہ اسے روکتا نرمی سے بولا۔

اب سے نہیں رہوں گی۔وہ سپاٹ لہجے میں بولی۔

حازق کا چہرہ سرخ ہوا۔لیکن وہ آنکھیں مینچ کر کھولتے خود پر قابو پا گیا۔ہاں وہ غصے پر ضبط نا کرنے والا اپنی بیوی کی علیحدگی کی بات پر بھی اپنے غصے پر قابو پا گیا۔

اچھا بولو میر پھر چلا جاؤں گا۔۔وہ اسکی ہیزل آنکھوں میں بھوری آنکھیں گاڑھتا بولا۔

ایزل نے حیرت سے اسے دیکھا اسے لگا تھا اب وہ دھاڑے گا لیکن وہ خاموش کیوں ہو گیا تھا۔کیا سچ میں وہ صرف اسے استعمال کر رہا تھا اسے کوئ فرق نہیں پڑتا تھا ایزل کے جدا ہونے سے۔

دل میں ہوک سی اٹھی۔آنکھوں میں پانی ان ٹھہرا لیکن وہ نچلہ لب دباتے اپنے آنسوں روک گئ۔

نہیں کہوں گی اور کبھی نہیں کہوں گی۔تم اب سے آج سے میرے لیے صرف حازق ہو حازق میر شاہ۔اسکی آنکھوں میں دیکھتے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کی بھوری آنکھوں میں سرخی چھلکی تھی۔

وہ پورے خاندان کی واحد لڑکی تھی جو ڈنکے کی چوٹ پر اسے میر بلاتی تھی اور حازق میر کو ناگوار گزرتا تھا لیکن آج جب وہ اسے میر نہیں حازق بلا رہی تھی تو یہ بھی اسے تیر کی طرح چبھا تھا۔

پوری دنیا کے لئیے ہوں حازق میر تمہارے لیے صرف میر

میری جنگلی بلی۔وہ نرمی سے مسکرایا۔

جبکہ چہرے پر قہر کے تاثرات تھے۔

ایزل نے سپاٹ نظروں سے اسے دیکھا اسکا ہاتھ جھٹکتے وہ چہرہ موڑتے آنکھیں موند گئ۔

حازق یہ بھی ضبط کر گیا۔

غصہ کر لو چیخو چلاؤ لیکن خاموش مت رہو۔اسکا چہرہ نرمی سے اپنی طرف کرتے کہا۔

حازق مینے کہانا چلے جاؤ یہاں سے میرے درد میں اضافہ مت کرو۔

وہ بائیں ہاتھ کر حرکت دیتے پھر سے اسکا ہاتھ جھٹکتے چلائی تھی۔

چلانے سے اسکی پیٹ پر کھنچاؤ پڑا تو منہ سے کراہ نکلی تھی۔

وہ سسکتی تکیے پر سر پٹک گئ۔

حازق نے تڑپ کر اسے دیکھا۔وہ سیدھا ہوتا اسکی شرٹ ہیٹ سے اٹھاتا اسکا زخم دیکھنے لگا۔

ایزل کا چہرہ سرخ پڑا۔وہ نچلہ لب کاٹتے اسے دیکھنے لگی مزید حرکت کرنے سے قاصر تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق فکر مندی سے اسکی بینڈج کو نرمی سے انگلیوں سے سہلاتا اسکے پیٹ پر جھکتا خراشوں کا معائنہ کرنے لگا۔

حازق پیچھے ہٹو۔وہ شرم سے سرخ پڑتے جلدی سے بولی تھی۔

حازق ان سنا کرتے اسکی خراشوں کو انگلیوں سے چھوتا لہو چھلکاتے چہرے سے دیکھ رہا تھا۔

وہ بے اختیار ہوتا جھکتا اسکی خراشوں پر لب رکھ گیا۔

ایزل کی آنکھوں سے آنسو ٹوٹتے چہرے پر پھلسے تھے۔لبوں سے سسکی بلند ہوئی۔

حازق نرمی سے اسکی خراشوں پر لب رکھتا اسکی شرٹ سہی کرتا سیدھا ہوا۔

وہ نم آنکھوں اور گلابی چہرے سے اسے زخمی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

کیا تھوڑا سا بھروسہ اور نہیں کر سکتی۔وہ اسکا نچلہ لب دانتوں سے آزاد کراتا بولا۔

نہیں۔وہ بے رخی سے بولی۔

حازق لب بھینچ گیا۔

ایک بار بولو میر چلے جاؤ چلا جاؤں گا۔

اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے اسکے ماتھے پر لب رکھتے کہا۔

ایزل اسکی بھوری آنکھوں کو دیکھنے لگی۔جن میں حد سے زیادہ سرخی تھی۔

آنکھوں سے ہوتی نظر اسکے چہرے اور گردن کے زخموں پر گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ ٹرانس کی سی کیفیت میں اسکی زخموں پر انگلی ٹریس کرتے اسکے لبوں تک آتے رکی۔

اسکے لبوں کو دیکھتے اسے پھر سے وہ منظر یاد آیا تو آنکھوں میں چنگاریاں سی پھوٹی پڑیں۔

حازق بغور اسکے تاثرات دیکھنے لگا۔

اگلے ہی پل وہ اسے خود پر جھکاتی اسکے لبوں کو دانتوں سے کچلنے لگی۔

اتنی بری طرح سے کے حازق کا چہرہ ضبط سے سرخ ہوا تھا۔

لیکن وہ بے دردی سے اسکے لبوں کو زخمی کرتی رہی۔

کچھ دیر بعد وہ پیچھے ہوئی تو اسکے دونوں لب خون سے رنگے ہوئے تھے۔

اسنے کافی برے طریقے سے کاٹا تھا کہ خون کی پھوار نکلتی اسکے لبوں کو گیلا کر گی۔

لیکن اسنے افف تک نہیں کیا۔

حازق میر میری نظروں سے دور چلے جاؤ اس سے پہلے کہ میں خود کو کچھ کر جاؤں۔ وہ بگڑے تنفس سے اسے دیکھتے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حازق اسکے پھر حازق بولنے پر زخمی نظروں سے اسے دیکھتا قدم پیچھے کو لیتا ایک جھٹکے سے وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

پیچھے وہ پھر سے رو دی۔

جانے کیوں یہ آنسو اسکے مقدر میں لکھ دیئے گئے تھے۔ تلخی سے سوچا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

حازق جب واپس آیا تو سلینہ سو رہی تھی۔

میڈ نے اسے بتایا تھا کہ دوپہر میں اسے ہوش آیا تھا کافی بری حالت تھی اسکی۔

حازق متبسم ہوا تھا۔

ابھی وہ روم میں آیا تو آہٹ سے سلینہ جاگ گئ۔

اسے دیکھتے سلینہ کی آنکھوں میں نمی دوڑ گئ۔

حازق۔ اسنے نم لہجے میں لاڈ سے اسے پکارا۔

تم تو ایک ہی رات میں ڈھ گئ حتیٰ کہ جتنی تمیں طلب تھی تمہیں تو رات کیا دن کیا۔

وہ صوفے پر بیٹھتا سرد لہجے میں بولا۔

تم نے بھی تو مجھ پر زرا بھی رحم نہیں کیا۔ مجھ سے چلا بھی نہیں جا رہا۔ وہ بھیگے لہجے میں بولی۔

اسنے گردن تک کمفرٹ لیا ہوا تھا لیکن اسکے چہرے پر حازق کو اچھے خاصے نشان دکھ رہے تھے۔

چچ چچ۔ ڈارلنگ اتنی جلدی ابھی تو میرا آج رات بھی سپیشل رومینس کا ارادہ ہے۔ وہ متبسم ہوتے بولا۔

تمہارا دماغ خراب ہے یہاں میری حالت بری ہوئ پڑی ہے۔ وہ چیخی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آگ بھی تو تمہیں ہی لگی تھی۔وہ ٹانگ پہ ٹانگ چڑھائے مزے سے بولا۔

مینے رومینس کا بولا تھا جنگلی پن کا نہیں۔میں بیوی ہوں تمہاری کوئی بکاؤ عورت نہیں۔وہ اسے گھورتے بولی۔

گریٹ۔تو پھر بیویوں والے حق نبھاؤ آج رات تم بے ہوش ہوئی تو تمہاری خیر نہیں۔وہ سرد لہجے میں کہتا اٹھتا دروازے کی طرف بڑھا۔

سلینہ نے خوفزدہ ہوتے اسے دیکھا۔

یہ تمہارے ہونٹوں پر کیا ہوا ہے۔وہ اسکے دونوں ہونٹوں کو زخمی دیکھ چونکی تھی۔

مائینڈ یور اون بزنس۔وہ سرد لہجے میں کہتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رات ہوتے ہی وہ حازق کے سامنے موجود تھا۔

آج اسے اپنے ساتھ لے جانا آگے تم بہتر جانتے ہو ان جیسی عورتوں کو کیسے ہینڈل کرنا ہے۔افٹر آل بیوی ہے تمہاری۔

حازق رئیس کو دیکھتا معنی خیز لہجے میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

رئیس مسکرایا دیا۔

جی بلکل سر۔وہ حازق کے اشارے پر سلینہ کے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

حازق تباہی خیز مسکراہٹ لبوں پر سجائے گھر سے باہر نکلتا چلا گیا۔

سلینہ سے وہ ساری انفارمیشن نکلوا چکا تھا اب وہ اسکے کسی کام کی نہیں تھی۔

اور ناہی وہ اسکی بیوی تھی۔وہ سب تو اسے پھنسانے کے لیئے ایک کھیل رچایا گیا تھا۔

💞💞💞

وہ کھانا کھاتے ابھی لیٹی ہی تھی کہ دروازہ کھلا۔

اسنے پلٹ کر دیکھا لیکن اپنے سامنے کسی انجان مرد کو دیکھتے وہ چونکی۔

کون ہو تم اور یہاں کیا کر رہے ہو۔وہ سامنے لمبے چوڑے سانولے سے مرد کو حقارت سے دیکھتے چیخی۔

آواز نیچے ہمارے یہاں بیویاں شوہروں کے سامنے اتنا اونچا نہیں بولتیں۔

رئیس سرد لہجے میں کہتا اپنی شرٹ اتارتا صوفے پر پھینکتا اسکی طرف بڑھا۔

کیا بکواس کر رہے ہو۔کون ہو تم اور میں تمہاری بیوی نہیں ہوں۔وہ غرائی تھی۔

حازق۔حازق۔وہ بیڈ سے اٹھتی دروازے کی طرف بڑھی لیکن وہ لاک تھا۔

Posted On Kitab Nagri

د۔دیکھو میرے قریب مت انا۔اسے اپنی طرف بڑھتے دیکھتے وہ ہکلا کر بولتے دروازے میں گھسی۔

کل رات تو بہت آہیں بھرتی رہی تھی تم اور آج کہہ رہی ہو قریب مت انا۔وہ مزے سے بولا۔

سلینہ کا رنگ فق ہوا۔

کیا بکواس کر رہے ہو۔کل رات میرا شوہر تھا میرے پاس۔وہ صدمے سے چیخی۔

وہی تو بول رہا ہوں شوہر تھا یعنی کہ میں۔وہ اسکے تاثرات انجوائے کر رہا تھا۔

سلینہ کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔یقیناً اسکے ساتھ کھیلا گیا تھا۔

وہ کسی بڑے خطرے میں تھی اپنے گارڈز کو وہ کل رات ہٹوا چکی تھی۔

کیمرے بھی وہ ریمو کر چکی تھی کیونکہ وہ حازق کے ساتھ کسی قسم کے کوئ مداخلت نہیں چاہتی تھی۔

وہ بری طرح سے پھنسی تھی۔

د۔دیکھو مجھے چھونا مت۔وہ رئیس کے بلکل قریب آنے پر رونے لگی۔

رئیس ایک ہی بازو میں اسے اٹھا بیڈ پر پٹک گیا۔

وہ روتی، منتیں کرتی رہ گئ لیکن رائیس نے اسکی ایک نا سنی۔کل کے مقابل آج وہ اور زیادہ شدت سے اسکے وجود کو بھنبھوڑ رہا تھا۔

سلینہ کی چیخیں پورے گھر میں گونجنے لگیں لیکن پرواہ کسے تھی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

انفارمیشن کے مطابق دونوں میجرز اپنی آرمی ٹیم کے ساتھ انکے مخصوص کیمپ پر حملہ آور ہوتے انہیں شکست دے گئے تھے۔

اس حملے میں انکے بھی دو فوجی زخمی ہوئے تھے جبکہ مقابل کے بارہ کے بارہ مارے گئے تھے۔

اب انہیں انتظار تھا تو بس ایک بڑی جنگ کا جسمیں وہ دشمن کو آر یا پار کر دیتے۔

💞💞💞

عاشر اور روشانے ابھی تک واپس نہیں آئے تھے کیونکہ انکا ایک مہینے کا پیکج تھا جبکہ ہانم اور داؤد پیرس کے بعد ترقی جانے والے تھے۔

وہ لوگ گھر میں ہوئے حادثے سے انجان تھے نا صرف وہ بلکہ آبان اور زمل بھی۔

ایزل کو تین دن تک ہوسپٹل رکھا گیا پھر اسے گھر بھیج دیا گیا۔

سب اسکا بہت خیال رکھتے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن وہ پہلے جیسی رہی ہی نا تھی۔نابلا فصول کی بات کرتی ناقہقہ لگا کر ہستی تھی۔بس ہلکا سا مسکرا دیتی تھی۔

بات بھی ناہونے کے برابر کرتی سوائے مرحا کے۔

مرحا زیادہ تر اسکے پاس ہی رہتی تھی کیونکہ بدر اسے یہاں چھوڑ کر جانے کہاں غائب ہو گیا تھا۔

فون پر اس سے بات ہوتی تو وہ کہہ دیتا ضروری کام سے گیا ہے بہت جلدی آجائے گا۔

مرحا جب اسکے اس پاس ہوتی تو وہ بات بھی کر لیتی تھی تو ہستی بھی لیکن صرف اسکی موجودگی میں۔

ورنہ وہ جیسے سب سے روٹھ گئی تھی۔

زیان، ارحم، میسم، ایناره سب لوگ اسے ہسانے کی بہت کوشش کرتے لیکن وہ انہیں جھڑک دیتی تھی یا جھنجھلا جاتی تھی۔

یونہی گزرتے گزرتے پندرہ دن گزر گئے۔

وہ بے رحم اس دن کا گیا اب تک واپس نالوٹا تھا۔

ایسی ہی ایک صبح تھا جب مرحا کی صبح سے طعبیت خراب تھی۔اسے شدید بخار تھا اور وہ بخار میں بار بار حازق کو پکار رہی تھی۔

ایسا تب ہوتا تھا جب حازق بھی کسی تکلیف میں ہو۔

لیکن اسکا تو کسی کو کوئی پتہ ہی نہیں تھا وہ کہاں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اسے دیکھ کر مہر کی حالت بھی بری ہو گئ۔اسکا اپنا دل صبح سے گھبرا رہا تھا۔

لیکن مرحا کے لیئے وہ خود پر قابو پائے اسے سنبھلا رہی تھی۔

لیکن دل تھا کہ ڈر سے کانپ رہا تھا جیسے کچھ برا بہت برا ہونے والا ہو۔

💞💞💞

پندرہ دن میں وہ دشمن پر کافی حد تک بھاری پڑے تھے۔

کشمیر میں سب کچھ شانت ہو چکا تھا لیکن وہ لوگ پھر بھی الرٹ تھے۔

وہ لوگ صبح ہی بھاری نفری کے ساتھ بلوچستان کے لیئے نکلے تھے جب راستے میں ہی انہیں بلوچستان کا بارڈر جو افغانستان کے ساتھ جڑا تھا وہاں ہر حملہ ہو چکا ہے۔

بہت کوششوں کے باوجود انہیں وہاں پہنچتے تین گھنٹے لگ چکے تھے۔

دونوں میجرز چہرے پر غضب ناک تاثرات لیے میدان میں اتر چکے تھے۔

دونوں طرف سے گولیوں کی برسات جاری تھی۔

انکے کافی اوفیسرز شہید ہو چکے تھے لیکن وہ بنا ہمت ہارے بھاری نفری سمیت ان پر حملہ آوار ہوتے انہیں دھول مٹی چٹا چکے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

کافی حد تک وہ دشمن پر قابو پا چکے تھے آہستہ آہستہ سب گولیوں کی آواز کم ہوتی گئ۔

ہوا میں پھیلا دھواں چھٹنے لگا۔

میجر میر اور میجر شاہ فخر سے مسکرا کر ایک دوسرے کو دیکھتے قدم آگے بڑھانے لگے جب اچانک شانت ہوئ فضا میں گولیوں کی تھرتھراہٹ گونجی گولیاں دونوں طرف سے برسائ گئ تھیں۔

میجر میر کے سامنے سے آتی گولی جو سیدھا اسکے سینے میں پیوست ہوئ تھی۔

جبکہ اسکے پیچھے سے آتی گولی میجر شاہ کے سینے سے تھوڑا نیچے لگی تھی۔

ابھی وہ لوگ کچھ سمجھتے کہ دو اور اکھٹی گولیاں چلیں ایک میجر میر کے بازو میں دوسری میجر شاہ کی ٹانگ میں پیوست ہوئ تھی۔

دونوں بے یقینی سے ایک دوسرے کو دیکھتے گھٹنوں کے بل زمین پر گرے تھے۔

انکی وردی پر لگی نیم پلیٹ پر خون کے چھینٹے پڑتے انکا نام چھپا گئے تھے۔

انکے باقی افسران جلدی سے انکی حفاظت کے لیئے انکے سامنے آتے مقابلے بازی پر اتر چکے تھے۔

جلدی ہی وہ مقابل کے ان چار بندوں کو ڈھیر کرتے ان دونوں کی طرف مڑے۔

وہ ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے۔

اچانک پھر سے فضاء میں ٹھاہ کی آواز گونجی اور دیکھتے ہی دیکھتے ایک اور گولی میجر میر کے سینے میں دائیں جانب پیوست ہوئ اور وہ ڈھرام سے زمین بوس ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میجر شاہ اسے بے یقینی سے دیکھتا اسکی طرف بڑھنے لگا لیکن اسے بھی دو گولیاں لگی تھی جسکے باعث وہ تیورا کر زمین پر گرا تھا۔

لبوں سے بے اواز نکلا تھا۔

حازق۔

💞💞💞

ادھر وہ وطن کے لیئے جان دیتا خاک پر گرا ادھر مرحا کی چیخیں بلند ہوئ تھیں۔

وہ سوتے ہوئے اچانک چیخ پڑی۔

اپنے سینے پر ہاتھ رکھتے وہ بری طرح سے تڑپنے لگی۔

بابا۔بابا حازق کو بلا دیں۔

ماما حازق کو بلائیں وہ بہت تکلیف میں ہے مام مجھے بہت زیادہ تکلیف ہو رہی ہے یہاں پہ ماما اسے بلا دیں۔

وہ تڑپ تڑپ کر رو دوری فریاد کرنے لگی۔

مہرا اسکی حالت دیکھتے بری طرح سے رو رہی تھی۔

جڑواں تو ہانیہ اور عاشر بھی تھے لیکن ہر جڑواں الگ ہوتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

کسی کسی جڑواں میں یہ خاص بات ہوتی ہے کہ وہ ایک دوسرے کی چھوٹی سے چھوٹی تکلیف بھی محسوس کر سکتے ہیں جیسے کہ حازق اور مرحا۔

وہ بن پانی کے مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی۔

اور اسے دیکھتے ایزل کی حالت بھی بری ہو گئ تھی۔

وہ دشمن جاں آخر کہاں تھا کوئ نہیں جانتا تھا۔

سب لوگ شاہ ولا میں جمع تھے مرحا کو زہرہ نے نیند کا انجیکشن لگا دیا تھا کہ بامشکل ہی سہی وہ کچھ دیر کے لیئے سو گئ۔

سب لاؤنج میں بیٹھے تھے۔

حازق سے ہر طرح سے رابطہ کرنے کی کوشش کی گئ لیکن ہو نہیں سکا۔

جانے وہ کہاں تھا کس حال میں تھا۔

یقیناً وہ کسی مشکل میں تھا جس طرح سے مرحا تڑپ رہی تھی یقیناً وہ بھی تکلیف میں تھا اور یہی سوچ سوچ کے سب کے دل بیٹھے جا رہے تھے۔

صبح سے شام ہو گئ لیکن حازق کا کوئ اتا پتہ نہیں ملا۔

اچانک مرتسم کا فون زور و شور سے بج اٹھا۔

زین کا فون تھا وہ بوکھلایا ہوا اسے ٹی۔وی اون کرنے کا کہہ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

سب لوگ چونکے تھے۔

مرتسم نے جلدی سے ٹی وی اون کرتے اسکا بتایا گیا نیوز چینل لگایا۔

ناظرین ہم اپکو آگاہ کرتے چلیں ایک اہم خبر سے کہ پہلے کشمیر اور پھر آج بلوچستان کے باڈر پر دہشتگردوں کے حملے سے ہمیں بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔

سب سانس روکے سننے لگے۔

ہمارے کئ افسران شہید جبکہ کئ بری طرح سے زخمی ہو چکے ہیں اسکے ساتھ ہی ہم اپکو ایک اور ایک خبر سے آگرہ کرتے چلیں کہ اس مشن کو اوپریٹ کرنے والے میجر حازق میر شاہ جو کہ ایک معروف مشہور بزنس مین مرتسم میر شاہ کے صاحب زادہ ہیں اور انکا تعلق اسلامباد سے ہے اور دوسرے میجر بدر عالم شاہ جو مشہور بزنس مین اور اب سیاست سے جڑے بدر عالم شاہ کے اکلوتے صاحب زادے ہیں اور انکا تعلق بھی شاہ خاندان سے بتایا جارہا ہے۔وہ دونوں بری طرح سے گولیوں کی زد میں آچکے ہیں۔ مزید تحقیقات ابھی جاری ہیں کہ وہ کس حد تک زخمی ہیں۔غازی ٹھہرتے ہیں یا شہید۔ مزید خبروں کے لئیے ہمارے ساتھ رہیئے۔

حال میں جان لیوا خاموشی چھائی تھی۔

اینکر ابھی بھی بول رہی تھی تبھی اس جان لیوا خاموشی میں مرحا اور ایزل کی بھیانک چیخیں گونجیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مہر حوش کھوتے صوفے پر جا گری۔

بریرہ، ایناره، پریشے سب کی چیخیں بے ساختہ تھی۔

سب کو سنبھلنا انکے لیئے مشکل ہوا تھا۔

جبکہ نورین ساکت بیٹھی تھی۔

ناوہ چیخی چلائی بس ساکت نظروں سے سکرین کو گھورے جا رہی تھی۔

مرتسم بے یقینی سے کبھی سکرین کو دیکھتا تو کبھی بے ہوش مہر کو۔

مرحا کو ارسل اٹھائے باہر کی طرف بھاگا تھا کیونکہ وہ بے ہوش ہو چکی تھی اسکے ناک سے پانی کی طرح خون بہہ رہا تھا۔

ایزل غازی کے سینے سے لگے بری طرح سے رو رہی تھی۔

گھر کے سارے مرد خود ابھی تک بے یقین تھے۔

آیت اور روحاما مہر کو ہوش میں لانے کی کوشش کر رہی تھیں۔

ماہم اپیا اور زہرہ نے بامشکل ایناره، پریشے اور بریرہ کو سنبھالا تھا۔

ولی میثم کو خود سے لپٹائے کچھ کہہ رہا تھا جو بس زار و قطار روتا جا رہا تھا۔

نور۔عالم نے بے یقنی سے نکلتے اسے پکارا۔وہ ابھی تک ساکت بیٹھی تھی۔

نور۔اسے خود سے لگائے عالم نے پھر سے پکارا۔

Posted On Kitab Nagri

ع۔عالم م۔میرا بد۔رم۔۔میرا امن۔وہ خوفزدہ سی بے ربط جملے بولنے لگی۔

شش کچھ نہیں ہو گا۔۔وہ خود پر ضبط کرتا اسے چپ کروانے لگا جو دیوانی سی ہو گئ تھی۔

💞💞💞

وہ کھانا گرم کرتے ٹیبل پر لگا رہی تھی۔ساتھ ساتھ آبان کو بھی آواز دے رہی تھی جو آدھے گھٹنے میں بھی فریش نہیں ہوا تھا۔

وہ آج جلدی گھر آچکا تھا۔اور اسے باہر گھمانے لے جانے کا ارادہ تھا لیکن وہ ڈنر بنا چکی تھی اس لیے وہ جلدی ہی ڈنر کرتے باہر گھومنے پھرنے کا پلان بنا چکے تھے۔

آبان ابھی جائیں مجھے بھوک لگی ہے۔وہ اونچی آواز میں بولتے ٹی۔وی بند کرنے لگی جب اسکے کانوں میں اینکر کی آواز گونجی۔

اسکی چیخ نکلی تھی۔

آبان جو ایک فائل ریڈ کر رہا تھا اسکی چیخوں ہر بھاگتا نیچے آیا تھا جبکہ سامنے ٹی۔وی پر چلتی نیوز نے اسکے ہوش اڑائے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ا۔ابان۔ حازق بھائی ۔ب۔بدر بھائی وہ گولیاں ۔ وہ اونچی آواز میں رونے لگی آبان بروقت اسے سنبھال نہیں پایا۔

وہ دونوں اسے بتائے بغیر کب اتنے بڑے مشن پر نکلے تھے وہ انجان تھا۔

زمل کو اپنے حصار میں لیتے وہ سوچوں کے تانے بانے بن رہا تھا کل شام ہی تو اسکی بدر سے بات ہوئی تھی باڈر پہ سب ٹھیک تھا تو پھر یہ سب آج اچانک۔

اسکے حواس کھونے لگے۔وہ دونوں اس سے چھوٹے تھے اور چھوٹے بھائیوں کی طرح جان سے زیادہ عزیز تھے کتنا روکا تھا اسنے ان دونوں کو آرمی میں جانے سے لیکن دونوں نے ہی اسکی ایک نا سنی تھی۔

وہ نم آنکھوں سے سکرین پر چلتی اس نیوز کو دیکھنے لگا جو ان سب کی جان نکال گئ تھی یقیناً شاہ ولا میں قیامت اچکی ہو گی اس خبر سے۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بامشکل وہ سب ایک دوسرے کو سنبھالتے بلوچستان کے لیئے روانہ ہو چکے تھے۔

کیونکہ اب مزید ایک پل بھی انکے لیئے یہاں ٹھہرنا جان نکال دینے کے برابر تھا۔

سب کے لبوں پر مستقل انکی خیر کی دعائیں تھیں۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

یہ ان دنوں کی بات تھی جب بدر پانچ سال پہلے پاکستان واپس آیا تھا۔

اور اسنے سب سے چھپ کے آرمی کے لئیے اپلائے کیا تھا۔

وہیں حازق کو بھی آرمی کا جنون تھا۔ اسے بھی آرمی میں جانا تھا لیکن اس کے لئیے اسے کسی نا کسی کے سپورٹ کی ضرورت تھی اور وہ سپورٹ اسے دانین، آبان اور زین سے ملا۔

جس دن انکا انٹرویو تھا اسی دن زین نے بدر کو دیکھا تھا۔

دانین اور زین بدر کو اچھی طرح سے پہچانتے تھے۔ یوں وہ حازق اور آبان سے متعارف ہوا۔

لیکن حازق اور اسکی کچھ خاص نا بنی تھی۔

دونوں ہی آرمی میں سیلیکٹ ہو چکے تھے اور انکی کھٹن ٹریننگ شروع ہو چکی تھی۔

حازق بظاہر تو ان دنوں آبان سے ملنے آیا تھا لیکن اصل میں وہ اپنی ٹریننگ مکمل کر رہا تھا۔

اور تین سال تک وہ دونوں ایک اچھے اور قابل مضبوط افسر کے طور پر جاننے لگے۔

لیکن وہ ابھی دنیا کے سامنے نہیں آسکتے تھے کیونکہ وہ لوگ آرمی کی جس فیلڈ میں تھے اسے ہم ایجینسی کہتے ہیں ایسی ایجنسی جسمیں ہمارے آرمی آفیسر چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔

چھپے ہوئے محافظ۔ ایک سیکریٹ ایجینٹ جو بظاہر ایک عام شہری کے طور پر کام کرتے ہیں لیکن اپنے کسی مشن کے دوران وہ مختلف روپ اپناتے ہیں۔

دو سال پہلے انہیں اکھٹے ایک مشن کو اوپریٹ کرنا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جسمیں حازق اور بدر کو چنا گیا تھا لیکن دونوں کو الگ الگ پوسٹ پر بھیجا گیا تھا۔

بدر کو واپس ملک کے باہر جبکہ حازق کو یہیں پاکستان میں۔

وہ لائیر بنا کیونکہ لائیر کی فیلڈ میں وہ ایسے وکیلوں پر ہاتھ ڈالنا چاہتا تھا جو بظاہر لائیر بن کے ملک اور عوام میں فساد برپا کرتے دہشت گردی کا کام کرتے تھے۔

کچھ جو یونیورسٹیوں میں بظاہر ٹیچرز ہوتے لیکن اس قوم کے بچوں کو ڈرگز پہ لگاتے انکا مستقبل تباہ کر رہے تھے۔

سلینہ نامی لڑکی جو کہ اس کینگ کا حصہ تھی۔وہ حازق کو اسی فیلڈ میں ملی تھی۔

وہ پہلی ہی نظر میں حازق پر بری طرح سے دل ہار چکی تھی جسکا اندازہ اسے اچھے سے تھا۔

انہوں نے دو سال میں ہر ممکن طریقے سے چپ چاپ ملک کو تباہ کرتے ان کیڑوں کو مٹایا تھا۔

جبکہ دوسری طرف بدر نے ہر ممکن کوشش کے ساتھ پاکستان سپلائے ہونے والے ڈرگ کے اڈرز تباہ کیے تھے۔اور اب وہ کوشش کر رہا تھا کہ وہ کسی نا کسی طرح پاکستان میں چھپے انکے ماسٹر مائنڈ کا پتا لگا سکے اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب رہا۔

اور سلینہ کا پاٹنر وہ ماسٹر مائنڈ کوئی اور نہیں ایزل کے ساتھ کام کرنے والا ڈاکٹر شاہ ویر ہی تھا۔

حازق کو پہلے ہی اسپر شک تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جب حازق اور ایزل کے نکاح کی بات چل رہی ہی تھی تبھی دونوں کو میجر کے عہدے پر فائز کیا گیا تھا اور اسی دوران انہیں یہ خبر ملی تھی کہ سلینہ نامی وہ لڑکی کوئی عام لڑکی نہیں تھی وہ بلوچستان کے اکثر علاقوں میں اپنے اندر بمب سے دھماکے کر چکی تھی۔ لڑکیوں کو بہلا پھسلا کر وہ اپنے قابو میں کرتے انسے دھندے کرواتی تھی اور آگے سمگل کرواتی تھی۔

وہ بہت ہی شاطر قسم کی لڑکی تھی آرمی کے ایک بہت ہی قابل ایجنٹ کو پھسا کر ملک کے بہت ہی اندرونی راز حاصل کر چکی تھی اب سے جلد از جلد افغانستان جانا تھا لیکن اس سے پہلے ہی حازق نے اس میں دلچسپی دکھانا شروع کی۔ سلینہ تو پہلے ہی اسپر دل ہارے ہوئے تھی وہ چاہتی تھی کہ بس کسی طرح وہ حازق کے ساتھ ایک رات کے لیئے ہی سہی فزیکل ہو جائے۔

لیکن حازق مسلمان تھا وہ حرام ریلیشن شپ میں دلچسپی نہیں رکھتا تھا اس لیے اسنے اسے کورٹ میرج کا حل پیش کیا جسے حازق نے کچھ دنوں بعد ایکسیپٹ کر لیا۔

اس طرح اپنے اور ایزل کے نکاح سے ٹھیک ایک دن پہلے اسنے سلینہ سے کورٹ میرج کی جھوٹی کورٹ میرج۔ وہ وکیل تھا پیپرز کو الٹنا پلٹنا اسکے دائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔ کورٹ میرج تو ہوئی تھی لیکن حازق سے نہیں رئیس نامی آدمی سے۔ جس کی پہلے سے ہی تین بیویاں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

سلینہ کو اسکی قربت چاہیئے تھی اور حازق کو اس سے وہ راز جو اسنے اس آرمی آفیسر کے ناک کے نیچے حاصل کیا تھا۔ اسکے علاوہ بہت ہی خاص انفارمیشن تھی اسکے پاس جیسے کہ وہ عام پبلک میں اگلا حملہ کب کہاں اور کس وقت کرنے والے ہیں۔

اسے سلینہ کو وقت دینا پڑ تا تاکے وہ جلد از جلد اسے اپنے قریب کر سکے اور دو بار ایزل اسے دیکھ چکی تھی۔ اسے اسے بری طرح سے اگنور کرنا تھا تاکہ سلینہ یہ نا جان سکے کہ حازق میر کی کوئ کمزروی بھی ہے۔

ایزل کے بیوی ہونے والے انکشاف پر سلینہ بہت بھڑ کی تھی تب حازق نے اس سے کہا تھا کہ اسے گھر والوں کی خوشی کے لیئے ایزل سے نکاح کرنا پڑا تھا۔

کیونکہ وہ اپنی ماں کو انکار نہیں کر سکتا تھا۔ کسی نا کسی طرح وہ اسے راضی کر چکا تھا۔

لیکن مسلہ تب ہوا جب ایک دن اچانک وہ اسکے آفس اگئ۔

وہ اسکی قربت چاہتی جبکہ حازق کو اس سے نفرت تھی۔ وہ کام کر رہا تھا جب ٹیبل پر پڑی کافی کے کپ سے اسکا ہاتھ لگا جسکے نتیجے میں کافی اسکے کپڑوں پر گر گئ تو اسے چینج کرنا پڑا۔

شرٹ کے بٹن یو نہی کھولے وہ جلے ہوئے سینے کو راحت دینا چاہتا تھا لیکن تبھی اچانک سلینہ ٹپک پڑی۔ وہ اسے وہاں سے بھیجنا چاہتا تھا اسے ثناہ میں کب اسکی لپسٹک کے نشان اسکے سینے پر لگے وہ انجان تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس پر سختی بھی نہیں کر سکتا تھا ابھی وہ اسے آرام سے سمجھاتا کہ وہ اسکا چہرہ تھامتی اسکے ہونٹوں پر جھکی تھی اسنے ابھی کوئی ریکشن نہیں دیا تھا کہ ایزل اور مہر کا اچانک آنا اسکے لئیے کسی دھماکے سے کم نہیں تھا۔

وہی جانتا تھا اسنے کتنی مشکلوں سے اس وقت ایزل کے سامنے وہ الفاظ ادا کیے تھے۔

لیکن وہ مجبور تھا۔

سلینہ پر ہر وقت نظر رکھی جا رہی تھی وہ اسے اتنی آسانی سے قابو نہیں کر سکتے تھے سو مجبوراً حازق کو وہی طریقہ اپنانا پڑا۔

چھوٹی موٹی انفارمیشن وہ پہلے ہی حاصل کر چکا تھا اس سے اور یہ بھی کہ وہ کس حد تک اس ملک کے رازوں سے واقف ہو چکی ہے وہ محبت میں اندھی ہوتی اپنی گینگ سے وفاداری نا کر سکی۔

وہ اسے رئیس کے حوالے کر چکا تھا یہ کہہ کے وہ زندہ کبھی اسکے گھر سے نہیں نکلنے چاہئے اور رئیس نے اس بات کو یقینی بنایا تھا۔

بدر اسکی جھوٹی کورٹ میرج سے آگاہ تھا لیکن وہ فلحال کافی دور علاقے میں تھا جہاں پر وہ سلینہ کے دوسرے دو ساتھیوں پر نظر رکھ سکتا تھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اسے کسی طرح ان دونوں کو اپنے قابو میں کرنا تھا انہیں وہ دونوں زندہ چاہئے تھے اور بدر بہت مشکلوں سے ان دونوں پر رسائی تو پا چکا تھا لیکن ان میں سے ایک مر چکا تھا جبکہ دوسرا زخمی تھا۔

جسے اسنے اسی دن ہیڈ کوارٹر پہنچا دیا تھا۔

اسے خود بھی جلد از جلد کشمیر کے لیئے نکلنا تھا بس مرحا کو شاہ ولا چھوڑ کے۔ لیکن اچانک ایزل کے ساتھ ہوئے حادثے نے سب کچھ الٹ پلٹ کر دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق کا دھیان بھٹکا تھا اور دشمن اسکے غیر موجودگی میں حملہ کر چکے تھے لیکن پھر بھی وہ لوگ بروقت اس حملے کو روک چکے تھے۔

بہت حد تک ان لوگوں نے دہشتگردوں پر قابو پا لیا تھا انہیں ختم کرنا تو ناممکن تھا ابھی۔

اچانک بلوچستان کے حملے نے ان سب کو ایک بار پھر سے چونکا دیا تھا۔ جس پر وہ دونوں پیش پیش تھے۔ اپنے ملک کی حفاظت کرتے کرتے آج وہ دونوں ہی سینے پر گولیاں کھائے وطن سے وفاداری نبھا گئے تھے۔

💞💞💞

حال:

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ لوگ رات کی فلائیٹ سے بلوچستان پہنچ چکے تھے۔

سب کی حالت بگڑی ہوئی تھی۔

سپیشلی مرحا کی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ہر پل حازق کی تکلیف محسوس کر سکتی تھی۔ ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ وہ جسکی جڑواں ہے جلد از جلد اسکو اسکے پاس بلایا جائے ورنا اسکی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے لیکن وہ لوگ اسے نہیں لا سکتے تھے اس لیے مرحا کو لے کر اسکے پاس جا رہے تھے۔

زین وہیں تھا اسی نے انہیں پک کیا تھا وہ پہلے ہی انکے لیئے وہاں گھر کا انتظار کر چکا تھا۔

سب سے پہلے وہ انہیں گھر لے کر گیا اور وہاں جا کر حالات سے آگاہ کیا تھا۔

حازق کو تین جبکہ بدر کو دو گولیاں لگی تھیں۔

دونوں ہی شدید بری حالت میں تھے۔

انکا علاج جاری تھا لیکن فلحال کچھ کہہ نہیں سکتے تھے۔

کوئ بھی گھر نہیں رک سکا تھا۔

اس لیے وہ لوگ اسی وقت ہوسپٹل کے لیئے نکلے تھے۔

روحا، ماما، عالم بابا اور رضوانہ ماما گھر پہ تھے جنکے پاس وشہ، عادی، زرنور اور آیت تھیں انکے ساتھ انوشے، ابراہیم، پریشے اور ایناره بھی وہیں تھی۔

جبکہ باقی سب لوگ ہوسپٹل کے لیئے نکلے تھے۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

انکی گولیاں نکالی جاچکی تھیں لیکن دونوں کی حالت کافی بری تھی بدر کے دل سے بلکل زرا ایک انگلی برابر گولی لگی تھی۔ جسکے مطابق 24 پرسنٹ چانسسز تھے اسکے بچنے کے کیونکہ سینے کی دیوار پر گولی لگنے سے یا گولی سے لگنے والی چوٹیں مختلف اہم اعضاء کی موجودگی کی وجہ سے زیادہ بیماری اور اموات سے منسلک ہوتی ہیں۔۔ دل، پھیپھڑے، چڑھتی اور اترتی ہوئی شہ رگ اور ، ریڑھ کی ہڈی، سبھی چھاتی پر لگی گولی کے سبب خطرے سے دوچار ہیں۔

جبکہ ٹانگ میں جو گولی لگی تھی اسکا اتنا نقصان نہیں ہوا تھا اور بھی بہت ساری چھوٹی موٹی چوٹیں تھی اسکے سر پر بھی کافی گہری چوٹ تھی لیکن اصلی خطرہ تو وہ سینے پر لگی گولی ہی تھی۔

دوسری طرف حازق اسے دونوں گولیاں ہی سینے پر لگی تھیں جبکہ دوسری بازو میں جسنے اسکے بائی سیپس پر اثر کیا تھا۔

بائیں طرف سینے پر جو گولی لگی تھی اسنے اسکے ہارٹ مسلز کو بری طرح سے افیکٹ کیا تھا جس سے ڈاکٹر کو خطرہ تھا کہ اسکے ہارٹ مسلز کام کرنا بند ہوسکتے ہیں یا پھر اسکے دل کا مسلہ بھی ہو سکتا تھا۔

دوسری گولی جو کہ سینے کے دائیں طرف تھی۔ وہ تھوڑا نیچے تھے سائیڈ کی طرف کہ پشت بیچ میں اجائے جو اسکی ریڑھ کی ہڈی کو خطرے میں ڈال سکتی تھی۔

جس سے اگر وہ بچ بھی جائے تو اگر گولی نے افیکٹ کیا تو وہ چلنے سے بھی ناکارہ ہو سکتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ سب سنتے وہ لوگ ہمت ہار گئے تھے۔

مرحا کو پھر سے انڈرابزرویشن رکھا گیا تھا کیونکہ اسکی حالت خطرناک حد تک بگڑ چکی تھی۔

مہر کو مرتسم بامشکل سنبھلا رہا۔

اسکے کانوں میں حازق کی سرگوشی گونج رہی تھی۔

میں جارہا ہوں آپ دعا کیجیے گا کہ میں کامیاب ہو تا شہادت کا رتبہ حاصل کر کے سبز پرچم میں لپٹا لوٹوں تا کے اپکا سر فخر سے اونچا ہو سکے۔

اسکا دل کانپ رہا تھا۔ آنکھوں میں نمی کی لکیریں تھی چہرے پر قرب وازیت کے تاثرات تھے لیکن اسنے ہمت نہیں ہاری اسکے دونوں بیٹوں نے اسکا سر واقعی فخر سے بلند کیا تھا دشمن کو مٹی چٹاتے۔

نورین کو عالم سنبھلا رہا تھا۔

جبکہ بریرہ کو ماہم اپ بمشکل سنبھالتے پرئیر روم میں لے گئ تھیں۔

میثم مسلسل روئے جارہا تھا وہ کسی سے سنبھالا نہیں جارہا تھا۔ ولی اور ارسل بامشکل اسے سنبھلا رہے تھے۔

ایزل کا خود رو رو کر برا حال تھا وہ زہرہ کے کندھے پر سر رکھے مستقل ہچکیوں سے روئے جارہی تھی۔

سب کے لب مستقل ہلتے انکے لیئے دعا گو تھے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

انکی گولیاں نکال دی جاچکی تھیں۔

لیکن دونوں کا ہوش میں انا ضروری تھا انکے دل کا صحیح سے کام کرنا ضروری تھا۔

اگلی شام جب وہاں ایک زخمی فوجی شہادت کا رتبہ پا گیا تو اسکے گھر والوں کی حالت دیکھتے سب کی ایک بار پھر سے چیخیں نکلی تھیں۔

مرتسم لوگ سب کو زبردستی گھر لے کر گئے تھے جہاں انہوں نے قرآن خانی کرتے دعا کروائی تھی۔

زمل اور آبان بھی رات پہنچ چکے تھے۔

دانین ،ساحل لوگ بھی انکے ساتھ ہی پہنچے تھے۔

صبح سویرے ہی وہ سب لوگ پھر سے ہوسپٹل میں جمع تھے جہاں پر انہیں بدر کے زرا سے ہوش میں آنے کی خبر ملی تھی۔

لیکن وہ ہوش میں آنے کے بعد پھر سے بے ہوش ہو چکا تھا۔

اور یہی بات ڈاکٹرز کو بوکھلائے ہوئے تھی دو سے تین ڈاکٹرز ائی سی او میں ہڑبڑاتے داخل ہوئے تھے جہاں وہ تیز تیز سانس لے رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکا جو دبری طرح سے تڑپ رہا تھا۔

نورین ہاتھ پاؤں چھوڑتے بے ہوش ہو چکی تھی۔

ایک بار پھر سے افرا تفری مچ چکی تھی۔

لیکن دو گھنٹے بعد ڈاکٹرز سے اسکے مکمل خطرے سے باہر ہونے کی نوید سنائی تھی۔

سب نے شکرانے کے نوافل ادا کیے تھے وہیں حازق کے لیئے دعا گو تھے۔

مرحا کی حالت کچھ سنبھل چکی تھی وہ تو بھائ اور شوہر دونوں کی حالت پر دو ہی دن میں نیم مردہ سی ہو گئ تھی۔

بدر ابھی بھی بے ہوش تھا لیکن اسے دیکھنے کی اجازت دے دی گئ تھی۔

سب سے پہلے اس سے نورین اور عالم ملنے گئے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

عالم د۔دیکھے نا کیسے پٹیوں میں جکڑا پڑا ہے مینے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میں اپنی آنکھوں سے اسے ایسے دیکھوں گی۔

اسے بولیں اٹھ جائیں میں مر جاؤں گی اسکے بغیر۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے وہ روتے ہوئے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

عالم نے فخر سے اپنے بیٹے کو دیکھتے اسکا ماتھا چوما تھا۔

ہمیں تو فخر ہونا چاہیئے اپنے بیٹے پر نور جسنے اپنی جان وطن کے لیئے قربان کی تھی۔ وہ نورین کو اپنے حصار میں لیتا بولا۔

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھے گئ۔

باری باری اسے سب دیکھنے ائے۔ سب سے آخر میں مرحا آئ تھی۔

لڑکھڑاتے قدموں سے وہ سوکھتے لبوں کو تر کرتی اسے دیکھتے نچلہ لب دانتوں تلے دبا گئ۔

اسکا سینہ پٹیوں سے جکڑا ہوا تھا۔ سر پر بھی پڑی بندھی تھی منہ پر آکسیجن ماسک تھا۔

اس حال میں تو نہیں گیا تھا۔ وہ چھوٹے چھوٹے قدم لیتے اسکے قریب ائ۔

ب۔بدر۔ بہت آہستہ سے پکارا۔

پاس رکھی چیئر پر بیٹھتے وہ اسکا چہرہ دیکھنے لگی اسے بند آنکھیں اچھی نہیں لگیں۔

بدر ایسے مت کریں میرے ساتھ میں یہ برداشت نہیں کر سکتی پلیز اٹھ جائیں۔

اسکا ہاتھ تھامتے وہ آہستہ سے بولی۔

حازق اور آپ دونوں نے ہمیں دھوکا دیا ہے اب یوں مت تڑپائیں۔ میں اور برداشت نہیں کر پاؤں گی مجھے آپکی ضرورت ہے اٹھ جائیں نا پلیز۔ اسکے بازو سے سر ٹکاتے وہ ہچکیوں سے رو دی۔

لیکن شائید آج وہ بے رحم بنا اپنے بدلے لے رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بدر آئی پرومس میں آپکو تنگ بھی نہیں کرونگی اور آپکو ب۔بچوں کی پلیننگ بھی کرنے دوں گی اٹھ جائیں نا۔وہ جیسے اسے لالچ دینے لگی۔

لیکن نا اسے اٹھنا تھا نا وہ اٹھا۔

وہ کتنی ہی دیر اس سے باتیں کرتی رہی لیکن وہ بے رحم بنا رہا۔

💞💞💞

حازق کو صرف ایک بار دیکھنے کی اجازت دی گئی تھی مرتسم اور مہر اسے دیکھنے گئے تھے۔

ح۔حازق یہ کیا حالت بنالی ہے۔مینے تمہیں ایسے تو نہیں بھیجا تھا۔

اور مت تڑپاو اپنی ماں کو اور کتنے غم برداشت کروں اٹھ جاو۔وہ ضبط کھوتے چیخ اٹھی لیکن اس پر کوئی فرق نہیں پڑا۔اسے دیکھتے مرتسم کا ضبط ختم ہوتا چلا گیا اور وہ ولی کے سینے سے لگتا رو دیا تھا۔

اسے بول اٹھ جائے اسکا باپ اس عمر میں اسکا غم برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

اسنے نم سرگوشی کی تھی۔

اسکی حالت پر سبکی آنکھیں نم ہوئی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

آج چوتھا دن تھا بدر کی حالت بہتر تھی۔

اسے آج مکمل ہوش آیا تھا۔

نرس نے باہر آتے سب کو یہ خوشخبری دی تو سب ہی اس سے ملنے کو بے تاب ہوئے تھے۔

اسے کومن روم میں شفٹ کرتے ڈاکٹرز نے انہیں اجازت دے دی تھی اس سے ملنے کی۔

ہوسپٹل میں اس وقت نورین، عالم، مہر، مرتسم، مرحا، ولی، اور ایزل تھے باقی سب کو گھر بھیج دیا گیا تھا انکے یہاں رہنے کا کوئی فائیدہ ہی نہیں تھا۔

وہ لوگ جب کمرے میں ائے تو آنکھیں کھولے چھت کو گھور رہا تھا۔

بدر میری جان۔نورین تیزی سے اسکے قریب ائی۔

تڑپ کر اسکے ماتھے پر لب رکھتے دیوانہ وار اسکا چہرہ چوما تھا۔

شکر الحمدللہ۔شکر ہے اس زات کا جسنے تمہیں دوبارہ زندگی عطا کی۔

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

بدر اسے دیکھتا ہلکا سا مسکرایا۔

مجھے فخر ہے تم پہ۔عالم اسکا ماتھا چومتے نم آنکھیں صاف کرتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

شکر ہے تمہیں ہوش آیا بدر۔ کیسا محسوس کر رہے ہو۔ کہیں تکلیف تو نہیں ہو رہی۔

مرتسم سنجیدگی سے اسے دیکھتا بولا تو وہ نفی میں سر ہلا گیا۔

نئی زندگی مبارک ہو غازی۔ ولی نے اسکا کندھا تھپتھپایا۔

اسنے ایک نظر مہر کو دیکھا جو اسکے دیکھنے پر قرب سے مسکرائی۔

کیسے ہو۔ وہ اسکے قریب آتے اسکا ماتھا چومتے بولی۔

حازق کیسا ہے۔ وہ آج سات دن بعد پہلا فقرہ بولا بھی تو کیا۔

سب کے لبوں پر قفل لگا تھا۔

حازق کہاں ہے، کیسا ہے۔ اسنے بے چینی سے پوچھا۔

وہ ٹھیک ہے تم پریشان مت ہو۔ پہلے پوری طرح ٹھیک ہو جاؤ پھر اس سے مل لینا۔ مرتسم نرمی سے بولا۔

کیا واقعی وہ ٹھیک ہے۔ وہ بے یقین تھا۔

ہاں وہ بلکل ٹھیک ہے۔ مہر کے کہنے پر وہ مطمئین تو نہیں ہوا لیکن خاموش ہو گیا۔

اسکی نظر بے ساختہ دروازے سے لگی کھڑی مرحا پر گئی تھیں۔

پسونا۔ لبوں سے ہلکے سے نکلا۔

وہ چاروں ایک دوسرے کو اشارہ کرتے وہاں سے نکلے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرحا ساکت سی بس اسے دیکھے جا رہی تھی۔

ادھر ائیں۔بدر نے ہاتھ اٹھاتے اسے اپنے پاس بلایا وہ ٹرانس کی سی کیفیت میں اسکے قریب اگئ۔

یہ کیا حالت بنالی ہے ایسے تو نہیں چھوڑ کر گیا تھا میں۔وہ اسکا زرد چہرہ، سوجھی آنکھیں، پپڑی زدہ ہونٹ، ہاتھ پر لکھے برنولے کو دیکھتے خفگی سے بولا۔

ا۔اپنے م۔میری بات نہیں سنی تھ۔ی نا۔ مینے کتنا بلایا آپکو ل۔لیکن آپ اٹھے ہی نہیں۔وہ شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھتے بولی۔

بدر مسکرا دیا۔

اچھا ہی ہوا نا آپکی جان چھوٹ گئ تھی۔وہ شرارت سے بولا۔

مرحا نفی میں سر ہلاتے اسکے سینے پر سر رکھتے اونچی آواز میں رو دی۔

میری جان نکل گئ تھی۔

آپکو پتہ ہے نا حازق کو تکلیف ہوتی تو مجھے بھی ہوتی ہے لیکن آپکو تکلیف میں دیکھ کر بھی مجھے اچھا نہیں لگا مجھے درد محسوس ہو رہا تھا جیسے کوئ میری جان نکال رہا ہو۔

پلیز آئیندہ ایسا مت کیجئے گا میں کیسے برداشت کیا ہے میں جانتی ہوں۔وہ سسکیاں بھرتے بولی۔

بدر بے ساختہ اسے خود میں بھینچ گیا۔

اسے احساس ہوا تھا مرحا کس تکلیف سے گزر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

وہ لوگ بدر کے روم سے باہر آئے تب انہیں اس بات کا خیال آیا کہ ایزل تو انکے ساتھ ہے ہی نہیں۔ نرس سے پوچھنے پر انہیں پتہ۔ چلا کہ وہ لڑ جھگڑ کر حازق کے روم میں جا چکی ہے۔ ڈاکٹر کو مجبوراً اسے ملنے کی اجازت دینی پڑی تھی۔

میرے خیال میں ایزل کو ملنے دینا چاہئے کیا پتا اسکے بلانے سے ہی اٹھ جائے۔ ولی اسکے کمرے کے دروازے کو دیکھتا آہستہ سے بولا۔

مہر سر ہلاتے مرتسم کے کندھے پر سر ٹکا گئ۔

بدر کی طرح وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا نا۔

امید سے اسے دیکھا۔

انشاءاللہ۔ وہ پُر امید تھا۔

پانچوں کی پر سوچ نظریں دروازے پر ٹکی تھیں۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

وہ ڈاکٹر سے باز پرست کرتے اسکے کمرے میں آ گئ اور اب لگ رہا تھا کہ اسنے غلطی کی۔ وہ اسے کبھی ایسے نہیں دیکھ سکتی تھی وہ دیکھ ہی نہیں پا رہی تھی۔

سفید پٹیوں میں جکڑا سینہ۔ بازوں میں لگی ڈرپس، ناک پر لگا اوکسیجن ماسک اور ساتھ پڑی مشین پر اوپر نیچے ہوتی اسکی ڈھرکنیں۔

اسنے کب تصور کیا تھا کہ وہ کبھی اسے ایسے دیکھے گی۔

مردہ قدم اٹھاتی وہ اسکے قریب گئ۔

اسے لگا جیسے وہ سانس نہیں لے پائے گی۔ قریب سے دیکھنا زیادہ مشکل تھا۔

اسکے قریب بیٹھتے اسنے ہاتھ اٹھاتے آہستہ سے اسکی بند پلکوں کو چھوا۔

اسے بھوری سرد سی آنکھیں بند اچھی نہیں لگی تھیں۔

کب تک پڑے رہو گے ایسے۔ تنگ کر رہے ہو نا مجھے۔ دھیمے لہجے میں کہا۔

رو رو کر گلا بھی بیٹھ چکا تھا۔

اس لیے کر رہے ہو نا کہ میں معاف کر دوں تمہیں۔ لیکن میں معاف نہیں کروں گی کچھ بھی کر لو سزا تو تمہیں ملے گی۔

اس لیے جلدی سے ہوش میں او۔ وہ تحکم سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

آنسو بے ساختہ گالوں پر پھسلے تھے۔

اگر تم اب نا اٹھے نا میں تمہیں پھر کبھی میر نہیں بلاؤں گی۔میں ویر سے بھی بات کروں گی اسکے قریب بھی کھڑی ہو نگی۔

وہ دھمکی دینے کے انداز میں بولی۔

کتنی ہی دیر وہ امید سے اسے دیکھتی رہی کہ شائید وہ اٹھ جائے۔

میر۔وہ پھر بھی نا اٹھا تو وہ اس پر جھکی۔

اٹھ جاؤ نا۔ تمہاری جنگلی بلی بلا رہی ہے۔ دیکھو میں کتنا رو چکی ہوں۔ تمہیں تو میری آنکھوں میں ایک انسو بھی برداشت نہیں تھا نا۔وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتے لاڈ سے بولی۔

اچھا اگر تم اٹھ گئے نا تو میں تمہیں معاف کر دوں گی اور رخصتی کے لیئے بھی مان جاؤں گی۔

اسکے کان میں سرگوشی کرتے اسے لالچ دیا تھا جیسے وہ واقعی میں اٹھ جائے گا۔

میں تمہیں کس بھی کروں گی رومینس بھی کروں گی اٹھ جاؤ نا۔ ہچکیوں سے رونے لگی لیکن وہ نہیں اٹھا۔

بہت برے ہو تم مت اٹھو۔ میں اب تم سے کبھی بات نہیں کروں گی۔۔وہ غصے سے اسے دیکھتے اپنی سسکیاں روکتی جلدی سے کمرے سے باہر نکل گئ۔

Posted On Kitab Nagri

ایک بار پیچھے مڑ کے دیکھ لیتی تو وہ حازق میر کی پلکوں کی حرکت اور مشینوں پر تیز ہوتی اسکی ڈھڑکن دیکھتے یقیناً خوشی سے چیخ اٹھتی۔

لیکن وہ تو اسکے نا اٹھنے پر ناراض ہو کر جا چکی تھی۔

وہ باہر نکلی تو سامنے مہر کو دیکھتے وہ بھاگ کے اسکے سینے سے جا لگی۔

اپھو آپ اسے بولیں نا اٹھ جائے۔ وہ اب بدلہ لے رہا ہے ہم سے مینے اسے بے رخی دکھائی تھی چہرہ موڑ لیا تھا اور دیکھیں وہ کیا کر رہا ہے۔

اسے بولیں نا مینے اسے معاف کر دیا ہے اٹھ جائے۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

مہر بے اواز روتے اسے چپ کروانے لگی۔

اسکی ہمت ٹوٹنے لگی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

تین دن اور گزر گئے۔ گھر سے سب لوگ آتے بدر سے مل چکے تھے حازق کے لیئے انکا غم بڑھتا جا رہا تھا اور امید ٹوٹ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹرز کے مطابق وہ بہتری کی طرف آرہا تھا لیکن اسکا ہوش میں انا بھی ضروری تھا۔

مہر نے تھکے سے انداز میں اسی بند پلکوں کو دیکھا۔

اٹھ جاؤ نا اس سے پہلے کہ تمہاری ماں تمہارا غم برداشت کرتے ہمیشہ کے لیئے آنکھیں موند لے۔ ہلکی سی سرگوشی کی تھی۔

آنکھیں اب اسکے اٹھنے کے انتظار میں تھکنے لگی تھیں۔

وہ اسکا ہاتھ آنکھوں سے لگائے سر جھکائے بیٹھی تھی جب اسے لگا اسکے ہاتھ میں حرکت ہوئی ہے۔

وہ چونکی۔۔ تیزی سے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

وہ بھوری آنکھیں کھولے اسے دیکھ رہا تھا۔

وہ آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے لگی۔

ح۔حازق ت۔تم یہ۔وہ بے یقینی سے اسکی کھلی آنکھوں کو چھونے لگی۔

ماں۔حازق کے لبوں سے ہلکی سی کراہ نکلی۔

الحمدللہ۔مہر کے اسکا ہاتھ لبوں سے لگاتے بولی۔

ماں صدقے ۔ میں قربان جاؤ میری جان۔ کوئ اتنا بھی تڑپاتا ہے۔ اسکے آنکھوں پر بوسہ دیتے وہ جلدی سے باہر کی طرف بھاگی۔

کچھ ہی دیر میں ڈاکٹرز اندر آئے تھے لیکن ان میں سے کسی کو بھی اندر آنے کی اجازت نہیں دی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

سب لوگ بے چینی سے بند دروازے کو دیکھتے ڈاکٹر کے باہر نکلنے کے انتظار میں تھے۔

بلآخر ڈاکٹر زباہر۔

بہت بہت مبارک ہو۔ آپ لوگوں کی دعائیں رنگ لے ائیں۔میجر میر کو ہوش آچکا ہے اور اب وہ خطرے سے باہر ہیں۔

ڈاکٹر شاہ مسکراتے ہوئے بولے تھے۔

اور وہ سب لوگ بے ساختہ بلند آواز میں الحمدللہ کی تسبیح کرتے چلے گئے۔

بالاخر انکا انتظار ختم ہوا اور حازق آج پندرہ دن بعد اپنی آنکھیں کھول چکا تھا۔

مرتسم نم آنکھیں صاف کرتا الٹے قدم لیتا تیزی سے باہر کی طرف سے اپنے رب کا شکر ادا کرنا تھا جسنے اسکا بیٹے کو دوبارہ زندگی دی تھی۔

حازق کے نام کے صدقے دیئے گئے جو پچھلے پندرہ دنوں سے ہی اسکے اور بدر کے نام کے دیئے جاتے تھے۔

پہلے امید کے لئیے دیئے جاتے تھے اور آج خوشی سے دیئے گئے تھے۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تم بہت برے ہو۔ بلکل بھی اچھے بھائی نہیں ہو۔ مرحا خفگی سے بولتے اسکے بازو سے چپکی تھی۔

وہ مسکرا دیا۔

شام تک اسے کو من روم میں شفٹ کرتے سب کو ملنے کی کی اجازت دے دی گئی تھی۔

اسی لیے تم نے رو رو کے میرے برابر کا بیڈ سنبھال لیا۔ وہ مسکراتے اسکا سر چومتے بولا۔

اسکے بازو کا زخم کافی حد تک بہتر تھا تو وہ بازو کو ہلکا ہلکا موو کر رہا تھا۔

جبکے سینے کے زخم تو زرا سا ہلنے پر بھی حد سے زیادہ تکلیف دے رہے تھے۔

آئیندہ ایسا مت کرنا میں سب میں برداشت نہیں کر پاؤں گی۔ تمہیں پتہ ہے نا مجھے تمہاری ہر چھوٹی سے چھوٹی تکلیف بھی محسوس ہوتی ہے۔ وہ بچوں کی طرح نچلہ لب نکلاتے روتے ہوئے بولی۔

حازق بس مسکرا دیا۔

سب لوگ باری باری اس سے ملتے روم سے نکلتے چلے گئے۔

مرحا بھی اس سے ملتے بدر کو دیکھنے اسکے روم میں اگئی۔

اب روم میں میثم، مرتسم اور مہر تھے۔

میسم اسے شکوہ کنوہ نظروں سے دیکھتا بچوں کی طرح منہ پھیلائے بیٹھا تھا۔

میثم۔ اسنے اسے پکارا۔

وہ بنا جواب دیئے اسکے قریب آکر بیٹھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ناراض ہو۔اسکے بال بگاڑتے آہستہ سے پوچھا۔

وہ چہرہ جھکائے بیٹھا رہا۔

میثم۔۔اسنے پھر سے پکارا۔

اگلے ہی پل وہ بھوجچارہ گیا۔

میثم اسکے ہاتھ پر چہرہ ٹکائے بچوں کی طرح رو دیا۔

بھائی میرے پاس تو آپکے علاوہ آپکی طرح خیال رکھنے والا محبت کرنے والا اور کوئی بھی نہیں ہے۔ پلیز آئیندہ ایسا مت کریئے گا۔ یہ دن بہت ازیت بھرے تھے جو ہم نے انتظار میں کاٹے۔ یہ انتظار بہت کٹھن تھا بھائی۔ جان لیوا انتظار تھا۔وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔

حازق نے لب بھینچتے اسے دیکھا۔

شش۔بس کرو میسم اب تو بھائی ہوش میں ہیں نا۔ چلو شاباش چپ کرو ورنا اب ڈانٹ لگاؤں گا۔وہ اسے پچکارتے بولا۔

اب ڈانٹ لیں لیکن پلیز آئیندہ ایسا مت کریئے گا۔اسکا ہاتھ تھامتے التجائیہ لہجے میں کہا۔

حازق نے سر ہلا دیا۔

میں مرحا آپی کو دیکھ کے آتا ہوں۔وہ کہتا باہر چلا گیا۔

حازق نے باپ کو دیکھا جو اسکے دائیں طرف بیٹھا اسکے زخموں کو گھور رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بابا۔اسنے آہستہ سے پکارا۔

باب۔اسکے الفاظ منہ میں رہ گئے مرتسم نے سر اٹھانے کے ساتھ ہی ہاتھ بھی اٹھاتے اسکے دائیں گال پر ہلکا سا تھپڑ جھڑا تھا۔

مہر نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

باپ سے ضد لگاتے شرم نہیں اتی۔وہ غرایا تھا۔

حازق ہس دیا۔

باپ کو خوار کرتے اب دیکھو کیسے ہس رہا ہے۔وہ سرخ آنکھوں سے اسے دیکھتا غرایا۔

بس بھی کریں اب۔حازق اسکا ہاتھ پکڑتے آنکھوں سے لگاتے نرمی سے کہا۔

مرتسم اپنا ہاتھ چھڑواتے چہرہ موڑ گیا۔

مہر لب کچلتے اسے دیکھنے لگی۔

اگر تمہارا باپ تمہارا غم برداشت نا کر پاتا تمہارے اٹھنے سے پہلے ہی مٹی تلے دفن ہو جاتا تو کیا برداشت کر پاتے تم۔وہ کچھ دیر نم لہجے میں بولا۔

شاہ۔بابا۔دونوں ہی تڑپے تھے۔

نہیں برداشت ہوا نا۔پھر باپ سے کیسے کہہ سکتے ہو دعا کروں کے اسکا بیٹا شہادت کے رتبے پر فائز ہوتا سبز پرچم میں لپٹا لوٹے۔وہ نم زخمی آنکھوں سے اسے دیکھتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

باپ کو روتے دیکھ اسکی سہی معنوں میں جان نکلی تھی۔

ایسے مت کہیں بابا۔ کیا آپکو فخر نہیں ہوتا اگر آپکا بیٹا شہادت کے رتبے پر فائز ہوتا۔ وہ تڑپ کر اسے دیکھتا بولا۔

مرتسم نے نچلہ لب دباتے اسے دیکھا۔

ہوتا نا بہت فخر ہوتا یہ سینا فخر سے چوڑا ہو جاتا۔ لیکن اسی وقت یہ سینہ تمہارے غم سے پھٹ جاتا۔ وہ چہرے پر ہاتھ رکھے بے اواز رو دیا۔

حازق باپ کو روتے دیکھ ساکت ہوا تھا۔

زندگی میں پہلی بار وہ باپ کو یوں ٹوٹتے دیکھ رہا تھا۔

بابا پلیز۔ وہ بے بس ہوا تھا۔

مہر خاموشی سے دونوں باپ بیٹے کی گفتگو سننے لگی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خدارا حازق آئیندہ ایسا کوئی قدم اٹھانے سے پہلے اپنے باپ کو زندہ مار جانا لیکن بے خبر رکھ کے اپنی اچانک موت کے خبر مت سنانا۔ وہ چہرہ صاف کرتا زخمی لہجے میں بولا۔

Posted On Kitab Nagri

آرمی میرا جنون ہے بابا۔وہ تھکے سے انداز میں بولا۔

مینے کب روکا ہے تمہیں اس جنون سے ایک بار آکر باپ کو بتا دیتے کم از کم میں کسی بھی حالات کے لیئے خود کو تیار تو رکھتا۔وہ شکوہ کناہ لہجے میں بولا۔

حازق خاموش ہو گیا۔

کیا تم نہیں جانتے تمہاری ماں کا اس اچانک خبر سے کیا حال ہوا ہو گا۔ تمہاری بہن موت کے منہ سے واپس آئی ہے، بھائی ہمت ہار چکا تھا، باپ کے کندھے جھک چکے تھے اور وہ تمہارے نام سے منسوب ہے اسکی حالت دیکھو گے تو یقیناً یہاں پر قیامت کھڑی کر دو گے۔

وہ غصے سے غرایا تھا۔

اس دشمن جاں کے زکر پر اسنے لب کاٹے تھے۔جب سے ہوش میں آیا تھا وہی تو ایک تھی جو نظر نہیں آئی تھی اور آنکھیں اسے دیکھنے کو بے تاب تھیں۔

اگر تم دونوں ہمیں آگاہ کرتے تو کم از کم ہم لوگ مینٹلی کسی بھی نیوز کے لیئے تیار رہتے لیکن یوں اچانک کوئی کیسے برداشت کر سکتا ہے۔وہ تھکے سے انداز میں بولا۔

ایم سوری بابا۔وہ کچھ دیر بعد بولا۔

مرتسم کچھ دیر اسے دیکھتا رہا پھر جھکتے اسکا ماتھا چوما۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے فخر ہے کہ میرے بیٹے نے دشمنوں کو ناک کے چنے چبوانے انہیں جہنم واصل کیا۔ جلی کٹی سنانے کے بعد اب وہ فخر سے بولا تو حازق نے شکوے سے مہر کو دیکھا۔

وہ تھکے سے انداز میں اسے دیکھتے مسکرا دی۔

کچھ ہی دنوں میں ماں کو اچانک سے حد سے زیادہ بوڑھا دیکھتے اسکا دل پہ بوجھ سا پڑا تھا۔

ایم سوری مام۔وہ اسکا ہاتھ لبوں سے لگا تاشر مندہ سا بولا۔

اسے احساس ہوا تھا کہ پہلے ہی اسے سب کو بتانا چاہئے تھا تاکہ وہ لوگ زہنی طور پر خود کو ہر سچویشن کے لئیے تیار رکھتے۔

اس عمر میں ماں باپ اولاد کے غم برداشت نہیں کر سکتے حازق۔

وہ مبہم سا کہتی اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے مرتسم کے ساتھ کمرے سے نکلتی چلی گئ۔

حازق نے انکی پشت دیکھتے گہری سانس چھوڑتے آنکھیں موند لیں۔

ایک پری چہرہ آنکھوں کے سامنے لہرایا تو جھٹ سے آنکھیں کھولیں۔

ہر ایک انسان اس سے ملنے آیا تھا سوائے اسکے۔

وہی جو کچھ دن پہلے اسکے کانوں میں جان لیوا سرگوشیاں کر رہی تھی۔

آخر کہاں تھی وہ۔۔اسنے بے چینی سے سوچا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

ایزل۔اسکے قریب بیٹھتے مہر نے آہستہ سے پکارا۔

وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے سر جھکائے بیٹھی ہوئ تھی۔

مہر کی پکار پر ہاتھ چہرے سے ہٹاتے اسے دیکھنے لگی۔

کتنے دن سے اس کی آنکھوں کے کھلنے کے انتظار میں تڑپ رہی ہو۔

اب وہ تمہیں دیکھنے کے لیئے بے چین ہیں تو تم یہاں چھپ کے کیوں بیٹھی ہو۔

مہر غور سے اسکا چہرہ دیکھتے بولی۔

اپھو کیا میں اس قابل نہیں تھی کہ وہ مجھے اپنا ہمراز بنالیتا۔

مینے بھی تو اسے زندگی کا ہمراز بنایا ہے پھر وہ مجھے اس چھوٹے سے سچ میں کیوں نہیں ہمراز بنا سکا۔

وہ اپنے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھتے دھیمے لہجے میں بولی۔

مہر نے اسکا چہرہ دیکھا۔

وہاں نا دکھ تھا،نا تکلیف تھی،نا کوئ آنسو تھے وہاں صرف ویرانی تھی۔

اسکی شرارت سے چمکتی ہیزل آنکھیں بلکل خالی ویران سی تھیں۔

ایسے کیوں کہہ رہی ہو میری جان۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے غلط کیا لیکن اسنے یہ بات صرف تم سے ہی نہیں ہم سب سے چھپائی ہے۔اسکی مجبوری۔ مہر اسکے ہاتھ تھامتے اسے سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی لیکن وہ اسکی بات کاٹ گئ۔

میں کیا باقی سب میں آتی ہوں اپھو۔ مینے تو اپنی زندگی ہی اسکے نام کر دی ہے وہ ایک راز میرے نام نہیں کر سکا۔

اپھو آپ لوگوں میں سے کسی نے وہ ازیت محسوس نہیں کی جو مینے کی ہے۔

خود کو دوسری عورت کی جگہ پر جانا تو لگا جیسے میں بھری دنیا میں بے عزت ہو گئ ہوں اپھو۔

وہ نفی میں سر ہلاتے ازیت سے مسکرائی تھی۔

چاہے نہیں تھی اپھو پر میں دوسری عورت کہلائ اپھو یہ تکلیف نا اپ سب کی تکلیف کے سامنے کچھ بھی نہیں ہے۔

وہ شخص جس پر کسی کی نظر بھی پڑے تو میں برداشت نہیں کر سکتی ہو کسی اور کو اپنی قربت بخشتا ہو گا یہ سوچنا ہی روح کھینچنے کے مترادف تھا اپھو۔

وہ گہرے گہرے سانس بھرتی خود ہر ہی ہسی تھی۔

آبان انہیں سب کچھ بتا چکا تھا۔

مہر نم آنکھوں سے اسے دیکھے گئ۔

Posted On Kitab Nagri

اپھو یہ سوچ ہی کسی زہر کی مانند ڈس رہی تھی کہ من پسند شخص جو صرف میرے نام تھا وہ پہلے ہی کسی اور کا تھا۔وہ پہلے ہی بٹا ہوا تھا۔

وہ سینے پر ہاتھ رکھتے گہری سانس لینے لگی جیسے سانس لینے میں مشکل ہو رہی ہو۔

اپھو وہ تکلیف میں تھا تو ہر پل یہاں تڑپی میں بھی ہو۔

لیکن اب میں اسے اپنی شکل بھی نہیں دکھاؤں گی جس طرح سے میں تڑپی ہوں نا اسے بھی تڑپنا پڑے گا۔

وہ شبنمی آنکھوں سے اسے دیکھتی تیزی سے وہاں سے نکلتی چلی گئ۔

مہر سر ہاتھوں میں گرا گئ۔

ایزل کی ایک ایک بات ٹھیک تھی اسکا کہاں گیا ایک ایک لفظ ازیت سے بھرا تھا۔

وہ سچ ہی تو کہہ رہی تھی جب اسے مرتسم شاہ کی بیوفائی کی خبر ملی تھی اسنے بھی تو کسی چیز کا لحاظ نہیں کیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دونوں باپ بیٹا ایک جیسے ہی تو تھے دونوں نے مجبوری میں سہی لیکن اپنی من پسند عورت کو اس ایک پل میں بری توڑا اسے توڑا تھا۔

وہ اسکی پشت دیکھتے سوچ کر رہ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

رات تک سب لوگ بدر اور حازق سے ملتے گھر جا چکے تھے۔

عاشر اور داؤد لوگوں کو جب پتہ چلا تھا تو وہ بہت ناراض ہوئے تھے کہ انہیں کیوں بے خبر رکھا انکا ٹرپ ختم ہونے میں ویسے بھی کچھ ہی دن تھے۔

ہانم لوگ بھی اپنا ترقی کا تڑپ کینسل کرتے عاشر لوگوں کے ساتھ ہی واپس آئے تھے لیکن وہ لوگ اسلا آباد میں ہی تھے کیونکہ سب لوگ واپس ہی آرہے تھے۔

ہوسپٹل میں اس وقت ایزل، مرحا، آبان اور دانین تھی۔

وہ چار واب ہوسپٹل رکے تھے باقی سب کافی دنوں سے تھکے ہوئے تھے اس لیے سب کو زبردستی گھر بھیج دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدر پہلے سے کافی بہتر تھا تو آبان سے باہر واک کے لئیے لایا تھا جب اسنے ایزل کو دیکھا۔

آبان کو اشارہ کرتے اسے وہاں سے جانا کا کہا۔

خود وہ لنگڑا کر کر چلتا ایزل کے قریب ایا۔

وہ یک ٹک آسمان کو دیکھ رہی تھی جب بدر کی آمد پر چونکی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ یہاں ایسے کیوں کھڑے ہیں ابھی اس طرح سے بغیر سہارے کے کھڑے ہونا آپکے لیئے ٹھیک نہیں۔

وہ فکر مندی سے اسے بولتے سہارا دیتے بینچ پر لے ائ۔

ویسے تو بدر اس سے چھوٹا تھا لیکن وہ رشتے کے لحاظ سے اسے عزت دیتی تھی۔

تھینکیو۔ سر کو خم دیتے اسے شکریہ کہا۔

بیٹھ جائیں کچھ باتیں ہی ہو جائیں۔ اسے ہنوز کھڑے دیکھ وہ مسکراتے لہجے میں بولا۔

ایزل نے نا سمجھی سے اسے دیکھا پھر ہلکا سا مسکراتے بینچ کے دوسرے کنارے پر ٹک گئ

جب میں پہلی بار اس سے ملا تھا مجھے لگا تھا کہ وہ بہت اٹیٹوڈ والا بندہ ہے جو خود کے سامنے کسی کو کچھ نہیں سمجھتا۔

سامنے بھاگتے لوگوں کو دیکھتے اسنے بات کا آغاز کیا۔

ایزل نے چونک کر اسے دیکھا۔

پھر جب اسے جانا اسکے ساتھ رہ کہ کام کیا تو پتہ چلا وہ سرد سا انداز ضرور رکھتا ہے لیکن خود سر نہیں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بس میری طرح اپنے کام سے کام رکھنے والا ہے لیکن میں کھی کبھار اپنے جزبات کے آگے بے بس ہو جاتا ہوں اپنوں کے سامنے جزبات چھپانے میں ناکام ہوتا ہوں۔جبکہ وہ۔۔

بدر مسکرایا تھا۔

اسکی مسکراہٹ کافی سحر انگیز تھی ایزل کو ماننا پڑا۔

وہ اسکے چہرے سے نظریں ہٹاتے آسمان کو دیکھنے لگی۔

وہ اپنوں کی فکر کرتا ہے انسے محبت بھی کرتا ہے انفیکٹ جان چھڑکتا ہے لیکن وہ جتاتا نہیں ہے۔وہ اپنے جزبات چھپا کر رکھنے کا عادی ہے۔

اپنوں کے لیئے مرنے مرانے پر بھی آجاتا ہے سالا۔وہ ہولے سے بڑبڑایا۔

لیکن ایزل سن چکی تھی۔

جس دن سے تمہارے اور اسکے نکاح کی خبر سنی تھی مینے اسے بے چین سا دیکھا تھا۔

اس وقت ہماری زیادہ نہیں تو تھوڑی بہت دوستی ہو گئ تھی۔

جب مینے اس سے بے چینی کی وجہ پوچھی تو پہلے تو وہ خاموش ہو گیا۔

ایزل نے بے تابی سے اسے دیکھا۔

پھر کہنے لگا جھوٹی ہی سہی بے وفائ تو کر رہا ہوں۔یہ بات ایزل شاہ سے زیادہ مجھے کاٹ رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اور میں بس اسکا چہرہ دیکھ کر رہ گیا۔

پھر جس دن تم لوگوں کا نکاح ہوا تھا مینے اس دن پہلی بار اسکے چہرے پر مکمکل سکون اور اطمینان دیکھا تھا۔

اسنے دن مینے ہر پل اسے مسکراتے دیکھا تھا۔

سلینہ اس وقت منظر عام پر نہیں تھی اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا تو وہ ایک الگ ہی حازق میر ہوتا تھا جسے میں تو جانتا ہی نہیں تھا۔

ایزل وہ لمحے یاد کرتے مسکرادی وہ واقعی ہی ایک الگ حازق میر لگتا ہے اسکے ساتھ۔

پھر جس دن اسنے مال میں تمہیں پہلی بار جھڑکا۔اس دن اسکے چہرے سے وہ اطمنان غائب ہو گیا۔

وہ تمہیں اگنور نہیں کر رہا تھا۔بس وہ تم سے نظریں چرا رہا تھا۔

جس دن تمہیں سلینہ اور اسکی جھوٹی کورٹ میرج کا پتہ چلا اس دن زندگی میں پہلی بار مینے اسے اتنا ٹوٹا دیکھا تھا۔

وہ ساری رات یونٹ کے گراؤنڈ میں دوڑتا رہا ایک پل کے لیئے بھی نہیں رکا اگر رک جاتا تو شائید وہ خود کو کچھ کر لیتا۔

Posted On Kitab Nagri

مینے اس دن اسکے چہرے پر ازیت،تکلیف دیکھی۔

وہ بس یہی لفظ دہرا رہا تھا وہ دوسری عورت نہیں ہے۔ وہی پہلی ہے وہی آخری ہے۔ مینے بارہا اسکے لبوں سے یہ جملہ سنا۔

ایزل کی آنکھیں آنسوں سے بھر گئیں۔

اور جب تمہارے ساتھ جو حادثہ ہوا اس رات مینے اسے پہلی بار روتے دیکھا تھا۔

وہ اندھیرے سائے میں اپنے آنسو خود ہی صاف کرتا اور پھر بہا دیتا۔

اور اس دن وہ پہلی بار میرے سامنے بھی رونے سے ہچکچایا نہیں۔

مجھ سے کہنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدر کچھ بھی کر لینا اپنی من پسند عورت کا اعتبار مت گنوانا۔ اسکا اعتبار کھو دیا تو سمجھ لینا تمنے زندگی میں کچھ پایا ہی نہیں۔

ایزل نے منہ پر ہاتھ رکھتے ہچکیاں دبائی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مینے پہلی بار اسے بے بس دیکھا تھا۔میں تو اسے تسلی کے دو بول بھی بول نہیں پایا۔

جب ہم لوگ بلوچستان کے لیئے نکل رہے تھے تو اسنے مجھ سے کہا اسے کچھ ہو گیا اور میں بچ گیا تو ایزل حازق میر شاہ کو کہنا حازق میر بے وفا نہیں تھا وہ تو بس وطن سے وفا کرنا چاہتا تھا۔

اسے کہنا کہ جب میں خون سے سنا واپس آؤں تو مجھے دیکھ کر رونا مت مجھے تمہاری آنکھوں میں ایک آنسو بھی برداشت نہیں۔

وہ سر جھکائے دھیمے لہجے میں بولتا ایزل شاہ کا دل نکال گیا تھا۔

ایزل کی ہچکیاں بندھ گئیں۔

اسنے تو بس وطن سے وفا کی تھی تم سے بے وفائی کا تو سوچ کر ہی وہ اپنے وجود کو راکھ کر ڈالتا کہ کجا کہ بے وفائی کرنا۔

ایک فوجی کی زندگی کا کوئی پتہ نہیں کب آخری سانس ہار دیں۔

اسے اتنا مت ستاو کہ پھر سے انتظار تمہارے مقدر میں لکھ دیا جائے۔

اور انتظار مت کرواؤ جاؤ شاباش۔اسکے سر پہ ہاتھ رکھتے بدر کہتا وارڈ بوائے کے سہارے وہاں سے چلا گیا۔

ایزل چہرہ ہاتھوں میں چھپائے ہچکیوں سے رو دی۔

کتنی ہی دیر روتی رہی۔

Posted On Kitab Nagri

پھر چہرہ صاف کرتے گہری سانس چھوڑتے اندر کی طرف بڑھ گئ۔

بدر ٹھیک کہہ رہا تھا اب زندگی کو اور کھٹن نہیں بنانا تھا۔

اسے اب سکون چاہیئے تھا زندگی میں نا کہ یہ گلے شکوے۔

💞💞💞

سر آپکی میڈیسن کا ٹائم ہے پلیز یہ لے لیں۔ نرس پچھلے ایک گھنٹے اسکی منتیں کر رہی تھی۔ لیکن وہ ڈھیٹ بنا آنکھوں پر بازو رکھے لیٹا ہوا تھا۔

سر پلیز۔ وہ روہانسی ہو گئ۔

آپ مجھے دے دیں میں دے دوں گی۔ ایزل کی دھیمی آواز سنتے اسنے تیزی سے آنکھوں سے بازو اٹھایا۔

تیزی سے حرکت کرنے کی وجہ سے سینے پر کھچاؤ پڑا تھا لیکن وہ لب بھینچ گیا۔

ایزل کی اسکی طرف پشت تھی وہ اسے دیکھنے کے لیئے بے چین ہوا تھا۔

نرس ایزل کو دوائیاں سمجھاتے جا چکی تھی۔

وہ جیسے ہی مڑی حازق نے شدت سے دعا کی تھی کاش وہ نا مڑتی۔

Posted On Kitab Nagri

سوجھی ہوئی ہیزل آنکھیں اسکے پپوٹے اتنے سوجھے ہوئے تھے کہ کوئی دور سے بھی دیکھ کر کہہ سکتا تھا کہ وہ مستقل روتی رہی ہے۔مرجھایا ہوا سا ویران چہرہ۔

گلابی لب جو کہ براؤن ہو رہے تھے دانتوں سے کاٹ کاٹ کر انہیں اچھا خاصہ زخمی کیا گیا تھا۔

سیاہ رنگ کی سادہ سی شلوار قمیض میں سر پر سیاہ ہی ڈوپٹہ رکھے وہ جھکی نظروں سے اسکے قریب کھڑی حازق میر کا دل بری طرح سے دھڑکا گئی تھی۔

وہ نظریں جھکائے اسکی قریب آتے میڈیسنز اسکے سامنے کر گئی۔

جبکہ دوسرے ہاتھ میں پانی کا گلاس تھا۔

وہ بغور اسکی جھکی نظروں کو دیکھتا ہلکا سا اوپر اٹھتے میڈیسنز اسکے ہاتھ سے لیتا منہ میں رکھ گیا۔

ایزل نے جلدی سے اسکے سر کے پیچھے ہاتھ رکھتے اسے پانی پلایا تھا۔

حازق کا چہرہ اتنے میں ہی سرخ پڑ گیا تھا کیونکہ اٹھنے سے اسکے سینے پر بری طرح سے کھنچاؤ پڑا تھا لیکن وہ سختی سے لب بھینچتا کنٹرول کر گیا۔

نرمی سے اسکا سر تکیے پر رکھتے اسنے پانی کا گلاس واپس رکھا اور اسکے قریب رکھی چیئر پر بیٹھ گئی۔

حازق یک ٹک اسے دیکھنے لگا۔وہ کتنی کمزور ہو گئی تھی نا۔آنکھوں کے گرد گہری حلقے اسکی رات جگائی کے گواہ تھے۔

پتہ نہیں اسکے زخم بھی ٹھیک سے ریکور ہوئے ہونگے یا نہیں۔سوچتے وہ بے چین ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کچھ بول کیوں نہیں رہی تھی اسے اسکی آواز سننی تھی اس سے باتیں کرنی تھیں۔

تمہاری خاموشی مجھے میرے سینے پر لگے ان سٹیچز سے زیادہ تکلیف دے رہی ہے۔

وہ آہستہ سے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتا مدھم لہجے میں بولا۔

اسکی بھاری آواز پر ایزل نے نظریں اٹھاتے اسے دیکھا۔

ہیزل آنکھیں جنمیں سرخی کی گہری لکیر تھی حازق میر شاہ کے دل پر بری طرح سے وار کر گئی تھیں۔

وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے ہوئے تھے۔

حازق نے اسکے ہاتھ پر گرفت مضبوط کی تو وہ جھٹکے سے ہاتھ چھڑواتے اٹھی تھی۔

اسکے ہاتھ کھینچنے پر حازق کے سینے پر دباو پڑا تھا اور اسکی کراہ بے ساختہ تھی۔

ایزل جو وہاں سے جانے لگی تھی تڑپ کر اسکی طرف بڑھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایم۔ ایم سوری مینے جان بوجھ کر نہیں کیا۔ کیا درد ہو رہا ہے۔۔ وہ اسکے پٹیوں میں جکڑے سینے پر مخروطی انگلیاں سہلاتے فکر مندی سے اسے دیکھتے بولی۔

حازق اسے خود پہ جھکے دیکھ اسکے سر کے پیچھے ہاتھ رکھتا اسے خود پر اور جھکاتا اسکے لبوں پر قابض ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل کی ہیزل آنکھیں ضرورت سے زیادہ پھیل گئیں۔

کیا وہ پاگل تھا ابھی موت کے منہ سے نکلا تھا۔پیٹوں میں جکڑا بستر پر پڑا تھا لیکن پھر بھی اسے بے بس کر گیا تھا۔

وہ شدت سے اسکے دونوں ہونٹوں کو اپنے لبوں میں لیتا اسکی سانسیں پینے لگا۔۔

ایزل نے احتیاط سے ہاتھ اسکے اطراف میں رکھے تھے اسنے مزاحمت نہیں کی جانتی تھی اگر وہ مزحمت کرے گی تو یہ اکڑ واتنا ہی خود کو تکلیف دیتا اس پر شدت ڈھائے گا۔

حازق لمحہ بالمحہ اپنی شدت شدید کرتا اسکا سانس حلق میں اٹھاتا پیچھے ہوا تھا۔

اب لگ رہا کہ ہاں زندہ ہوں۔ہاں زندگی ابھی باقی ہے۔اسکے نچلے لب پر انگوٹھا رگڑتے وہ گھمبیرتا سے بولا۔

ایزل کا چہرہ سرخ پڑا اسنے شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھا۔

بس اس بستر سے اٹھنے دو جنگلی بلی پھر تمہاری روح میں اترتا سارے شکوے مٹادوں گا۔وہ اسکی آنکھیں نرمی چومتا بے باکی سے بولا۔

ایزل سٹپٹا کر پیچھے ہوئی۔

سوچ ہے تمہارے کہ میں تمہیں اپنے قریب آنے دوں گی۔وہ ناک چڑھا کر بولی۔

حازق اسکی ادا پر مسکرایا۔

Posted On Kitab Nagri

پھر کیا کہتی ہو یہیں ٹریلر دکھاوں۔ وہ آنکھ ونک کرتا بولا تو ایزل سرخ پڑتے جلدی سے نظریں چرا گئ۔

ناراض ہو۔ کچھ دیر تک خاموشی چھائی رہی تو وہ آہستہ سے بولا۔

نہیں بس کچھ شکوے ہیں۔ وہ سادہ سے لہجے میں بولی۔

تو شکوے کرونا مجھ سے۔ وہ سننے کو بے چین ہوا تھا۔

کس کس چیز پر شکوہ کروں۔ کہنے کو تو کچھ بھی نہیں ہوا حازق لیکن جو ہوا ہے کیا وہ شکوے کرنے سے بھلایا نہیں جا سکتا ہے۔ وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے بولی۔

بے وفا نہیں ہوں۔ وہ بے ساختہ بولا۔

میں دوسری عورت نہیں تھی پھر بھی کہلائ۔ ازیت تو دی نا تم نے مجھے۔ مان تو توڑا تھا۔

تم نے صرف مان ہی نہیں مجھے بھی توڑ دیا حازق جس کے لیئے میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔

وہ مضبوط لہجے میں بولی۔ جیسے اس سے زیادہ خود کو باور کرایا ہو۔

اتنا قابل بھی نہیں رہا کہ تم مجھے میر کر سکو۔ حالانکہ وہ ویسا کچھ تھا بھی نہیں۔ وہ شکوے سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں کیونکہ تم میرے میر ہو ہی نہیں سکتے۔وہ میر مر تو سکتا تھا لیکن اپنی ایزل کو تکلیف نہیں دے سکتا تھا اپنی عورت کا بھروسہ نہیں توڑ سکتا تھا۔اسکی عزت پر بات نہیں آنے دے سکتا تھا۔

جس دن تمہاری وجہ سے دوسری عورت کہلائی تھی باخدا تم اسی دن دل سے اتر گئے تھے۔جو سالوں کی دفن محبت اڈی تھی مینے اسی وقت تھپک تھپک کر سلادی حازق میر کیونکہ مجھے میری عزت سے پیاری یہ دو ٹکے کی محبت بھی نہیں۔وہ استہزائیہ انداز میں بولی تھی۔

حازق اسے دیکھ کر رہ گیا۔

اور تم کہتے ہو نا کہ ایسا تو کچھ ہوا بھی نہیں تھا بہت آسانی سے کہ دیتے ہو میں بھی کہ دیتی ہوں۔

" ہوا تو کچھ بھی نہیں

بس تھوڑا سا مان ٹوٹا ہے

تھوڑے سے لوگ بچھڑے ہیں

تھوڑے سے خواب بکھرے ہیں

بس تھوڑی سی نیندیں اڑ گئیں ہیں

تھوڑی سی خوشیاں چھن گئی ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہوا تو کچھ بھی نہیں

بس اپنا آپ گنوایا ہے

آنکھوں کو کو برسنا سکھایا ہے

چاہتوں کا صلہ پایا ہے

ہوا تو کچھ بھی نہیں

بس کسی اپنے نے رلایا ہے"

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے شدت سے بولی تھی۔

کئ آنسوں ہیزل انکھوں سے پھلاتے اسکے چہرے پر گرے تھے اور وہ تیزی سے وہاں سے نکلتی چلی گئ۔

حازق بے بسی سے اسے جاتا دیکھ کر رہ گیا۔

اسنے ہاتھ کا مکا بنا بیڈ پہ مارا لیکن سینے میں ہوتی تکلیف سے لب بھینچ گیا۔

اسکی تکلیف شدید تھی لیکن ایزل کا ریکشن اسکی تکلیف سے زیادہ شدید تھا۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

اگلے کچھ دن تک حازق اور بدر وہیں ہوسپٹل میں رہے تھے۔

بدر بہتر تھا لیکن حازق کے لیئے سفر ابھی ناممکن تھا۔

آدھے لوگ واپس اسلا آباد جا چکے تھے جبکہ آدھے آج جانے والے تھے حازق اور بدر کے ساتھ۔

بدر اب بلکل ٹھیک تھا سینے پر جو گولی لگی تھی اس پر ابھی بھی بینڈیج تھی جبکہ ٹانگ کا زخم اور باقی سارے زخم بلکل ٹھیک ہو چکے تھے۔

حازق اب اٹھ کر بیٹھ سکتا تھا، چل بھی سکتا تھا لیکن پھر بھی اسکو ابھی احتیاط کی ضرورت تھی کم سے کم ایک ماہ کے لیئے تو۔

رات تک وہ لوگ اسلا آباد شاہ ولا میں موجود تھے۔

اتنے دن کی پریشانی اور مسلسل شب بیداری کی وجہ سے سب لوگ ہی تھکے ہوئے تھے اس لیے سو گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

وہیں جہاں سب لوگ آرام سے نیند پوری کر رہے تھے وہ بیزاری سے چھت کو دیکھتا کچھ سوچ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر تک کروٹیں بدلنے کے بعد بھی نیند نہیں آئی تو وہ اٹھ بیٹھا۔

کمرے سے باہر نکلتے اسنے ایک نظر پورے حال پر ڈالی جہاں گھپ اندھیرا تھا۔

وہ بنا آواز کے قدم آگے بڑھاتا مرحا کے کمرے کے سامنے روکا۔

ایزل شاہ ولا میں ہی تھی وہ جانتا تھا۔

آہستہ سے دروازہ کھولتے اسنے کمرے میں جھانکا بیڈ پر صرف ایک ہی وجود تھا یعنی مرحا بدر کے پاس تھی۔

وہ مسکرایا۔

دروازہ لوک کرتے اسنے بیڈ کی طرف قدم بڑھا۔

سب سے پہلے شرٹ اتار کر پھینکی۔اسکے سینے پر ابھی بھی بینڈیج تھی۔

کرٹنز گراتے اسنے بیڈ کی طرف قدم بڑھائے۔اب باہر سے آتی آتی روشنی بند ہو گئی کمرے میں بلکل مدھم سی روشنی تھی۔

ایزل کے قریب بیٹھتے اسنے اسے دیکھا۔

وہ گردن تک کمفرٹ لیے مٹھیوں میں کمفرٹ بھرے گہری نیند میں تھی۔

اسکے چہرے پر تھکاوٹ کے اثرات واضح تھے۔اسکے بال چہرے سے ہٹاتے وہ اس پر جھک ایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہوسپٹل میں جتنے بھی دن رہے وہ ہر پل اسکے پاس اسکے ساتھ تھی لیکن روٹھی روٹھی سی۔وہ اس سے ناراض نہیں تھی لیکن پھر بھی ایک کسک سی تھی جو اسے ہر حال میں مٹانی تھی۔۔اسکی بند آنکھوں کو دیکھتے سوچا تھا۔

انکھوں سے ہوتے اسکی نظر اسکے ہونٹوں پر گئ۔

اسکے نیم واگلابی ہونٹوں کو دیکھتے حازق کو اپنے حلق میں کانٹے سے اگتے محسوس ہوئے۔

وہ دائیں ہاتھ کو بیڈ پر ٹکاتا دوسرا ہاتھ اسکے گال پر رکھتا اسکے ہونٹوں پر جھکا۔

زرا برابر بھی نرمی نہیں دکھائی تھی۔

شدت سے اسکے دونوں ہونٹوں کو جکڑتے وہ اسکی سانسیں قید کر گیا۔

نیند میں ایزل کو اپنا سانس گھٹتا محسوس ہوا اسنے سانس لینے کی کوشش کی لیکن اپنے حلق میں اترتی گرم سانسوں سے وہ تیزی سے آنکھیں کھول گئ۔

خود پر جھکے حازق کو دیکھتے اسکی آنکھیں پھیلی تھیں۔

حازق کبھی اسکے نچلے لب کو سک کرتا کبھی اوپر لب کو تو کبھی دونوں کو اکھٹے۔ایزل کا سانس بری طرح سے آکھڑا تھا۔

وہ اسکے سینے پر ہاتھ رکھتے اسے پیچھے بھی نہیں کر سکتی تھی۔

بے بسی سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے لمس میں اتنی شدت تھی کہ ایزل سے برداشت کر پانا بہت مشکل تھا۔

وہ شائید پچھلے ایک ماہ کا جنون اتارنا چاہتا تھا۔

حازق اسکی سانسیں اکھڑتے محسوس کرتے پیچھے ہوا تھا۔

ایزل سینے پر ہاتھ رکھتے آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھتے اپنی سانسیں بحال کرنے لگی۔

م۔میر تمہارے زخم۔فکر مندی سے اسے دیکھا۔

پلیز ایسے مت جھکو تمہارے لیے ابھی اچھا نہیں۔اسکے بازو پر ہاتھ رکھتے پریشانی سے کہا۔

ٹھیک ہے نہیں جھکتا لیکن پھر تم ایسے میرے اوپر جھکتے رومینس کرنا پڑا گا۔ وہ اسکی آنکھوں میں بھوری آنکھیں ڈالتا بے باکی سے بولا۔

ایزل کی زبان تالوں سے جا چپکی۔

حازق متبسم ہوتے اسکے گال سہلاتا اسکی گردن پر جھکا تھا۔

اب لگ رہا ہے زندہ ہوں۔یہ خوشبو ہے تو زندگی ہے۔وہ اسکی گردن میں گہرا سانس بھرتا گھمبیرتا سے بولا۔

وہ ایسے سانسیں کھینچ رہا تھا جیسے کسی نشئ کو اپنا نشا ملا ہو۔

اسکی گردن کو اپنے ہونٹوں سے سک کرتے وہ سرخ نشان ڈال گیا۔

ایزل نے گھبرا کر اسے دیکھا۔چہرہ سرخ گلاب ہو رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میر۔اسے پکارا۔

لیکن وہ ان سنا کرتا اسکی شہ رگ پر اپنی مونچھیں سہلاتا اپنے دانت گاڑھ گیا۔

ایزل کی چیخ بے ساختہ تھی۔

حازق نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھتے نچلہ لب دانتوں میں دبائے ہوئے تھی۔

اہاں۔اسکا لب آزاد کراتے وہ پھر سے اسکے لبوں پر جھکا تھا۔

نچلے لب پر دانت گاڑھتے وہ اسے موقع دیئے بغیر اسکے کندھوں سے شرٹ کھسا گیا۔

اسکے کندھوں پر اپنا گیلا لمس چھوڑتے وہ شرٹ کے اوپر سے ہی اسکی دھڑکنوں پر جھکا۔

ایزل سختی سے آنکھیں مینچتے بیڈ شیٹ مٹھیوں میں جکڑ گئ۔

حازق اسکی دھڑکنوں پر اپنی شدت دکھاتا اسکے ہاتھ اچانک بیڈ شیٹ سے نکالتا اپنے سینے پر رکھ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

م۔میر تم۔ہار از خم۔لڑکھڑاتے لہجے میں کہا۔

یہاں الجھاو یہ انگلیاں اور سکون دو مجھے۔وہ اپنے سینے کے بالوں میں اسکی انگلیاں الجھاتا جنون خیزی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

آنکھوں میں مدہوشی رواں تھی۔

ایزل کانپتے وجود سے نظریں جھکائے زخم سے احتیاط سے اسکے سینے کے بالوں میں انگلیاں الجھا گئ۔

حازق اسکی دھڑکنوں پر پھر سے جھکتا اپنے دانت گاڑھ گیا۔

ایزل نے اسنے سینے کے بالوں کو نوچتے سسکی بھری تھی۔

حازق کا ہاتھ اسکی شرٹ کے اندر جاتے پیٹ پر ٹھہرا تو وہ کانپی تھی۔

م۔میر۔پ۔لیز۔۔وہ اسکی گردن میں بازو ڈالتے اوپر ہوتے اسکی گردن میں چہرہ چھپا گئ۔

حازق نے سرخ آنکھوں سے اسکے کانپتے وجود کو دیکھا۔

اگلے ہی پل وہ بیڈ پر گرتا اسے اپنے بازو پر گرا گیا۔

وہ شبنمی آنکھوں سے اسے دیکھتے اسکے کندھے پر تھوڑی ٹکا گئ۔

مینے تم سے کہا تھا نا ایزل حازق میر شاہ مجھے تم ہر حال میں ہر پل میری پناہوں میں چاہئیے۔

ناراض ہو، غصہ ہو یا کچھ بھی لیکن یہ سب بھی تمہیں میری ہی بانہوں میں رہ کے دکھانا ہے۔

وہ اسکی آنکھوں میں بھوری آنکھیں ڈالتا سرد لہجے میں بولا۔

ایزل تھوک نگلتے اسکی سرد آنکھوں سے ڈرتی اسکی گردن میں چہرہ چھپا گئ۔

اسکی خود سے ڈر کر خود میں چھپنے والی ادا پر وہ مسمرائیز ہوا تھا۔

میری بات کا جواب دو۔۔وہ لہجہ سخت کرتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

میر بڑے اب ہماری رخصتی کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو ایسے اچھا تھوڑی لگتا ہے۔وہ حلق تر کرتے مدھم لہجے میں بولی۔

حازق اسکے مدھم لہجے پر مسکرایا تھا۔

اسے مہر نے بتایا تھا کہ وہ لوگ اب اسکی اور ایزل کی اوفیشلی رخصتی کا سوچ رہے ہیں۔

ٹھیک ہے رخصتی تک ہی سہی لیکن ان چھوٹی موٹی جسارتوں سے تم مجھے نہیں روک سکتی۔

اسکی توڑی تھامتے چہرہ اوپر کرتے کہا۔

ایزل سر ہلا گئ۔

That's my girl.

اسکی نتھلی پر لب رکھتے مسکراتے لہجے میں کہا۔

سو جاو۔ایک ہاتھ سے اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے دوسرا ہاتھ اسکی کمر پر رکھتے اسے مکمل اپنے حصار میں لیا تھا۔

ایزل احتیاط سے اسکے کندھے پر سر رکھتی آنکھیں موند گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

اگلی صبح کا سورج نئی امید کے ساتھ طلوح ہوتا سب کو بیدار کر گیا تھا۔شاہ ولا میں رونق کا سا سماں تھا۔

کیونکہ آج وہاں صرف شاہ ولا کے افراد نہیں تھے بلکہ تین اور فیملیز بھی وہاں جمع تھیں۔

آہان شاہ کی فیملی، دانین لوگ اور احمد ولا کے تمام افراد وہاں جمع تھے۔

ہانم اور عاشر ان سب سے ناراض تھے۔

اب بس بھی کر دیں ہانم آپی ایسا لگ رہا جیسا آپکا منہ نہیں غبارہ ہو دیکھے تو کیسے پھولایا ہوا ہے اپ نے۔

ایزل آنکھیں پٹپٹاتے بولی۔

ہانم نے اسے گھورا۔

تم تو چپ ہی رہو۔شادی کیا کر دی آپ لوگوں نے تو مجھے دودھ سے مکھی کی طرح نکال دیا۔کچھ بھی بتانا ضروری نا سمجھا،چاہے وہ ایزل کے بارے میں ہو یا حازق اور بدر کے بارے میں۔وہ خفگی سے بولی۔

لیکن ہانم آپی دودھ سے مکھی تو ایسے ہی نکال دیتے ہیں آپکو نکالنے کے لئیے تھے بڑا پیسہ لگا ہے۔براق کی زبان پر کھجلی ہوئی تھی۔

اسکی بات پر سب کا قہقہ گونجا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہانم تمہیں تو پھر بھی رخصت کیا ہے یہاں تو میری بھی کوئی اہمیت نہیں جبکہ میں تو رخصت بھی نہیں ہوا۔

عاشر مصنوعی آنسو صاف کرتا بولا۔

بس کر دیں بھائی اور ایکٹینگ کے سورپے کٹیں گے۔ مرحا نے کہا تو اسنے صدمے سے اسے دیکھا۔

وہ کندھے اچکا گئی۔

بہت ہو گیا مستی مزاق اب وہ بات کر لیں جسکے لیئے یہاں جمع ہوئی ہیں۔

آہان شاہ کھنکھارتے بولے۔

ینگ جنریشن نے آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے سے پوچھا تھا آخر کو معاملہ کیا ہے۔ لیکن سارے ہی انجان تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بات دراصل یہ ہے کہ ہم لوگ چاہتے ہیں اب ایزل اور حازق کی شادی کر دی جائے۔ اور انکے ساتھ ہی مرحا اور بدر، براق اور نور، رمشاء اور ساحل کی بھی۔

مہران سب کے ایکسپریشن دیکھتے بولی۔

واؤ اتنی ساری شادیاں۔ بہارے کی پرجوش آواز گونجی تھی۔

عالم کیا خیال ہے۔ مرتسم نے اسے دیکھتے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

بہت اچھا سوچا ہے ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔وہ مسکراتے بولا۔

نورین نے بھی اسکی ہاں میں ہاں ملائی تھی۔

جبکہ بدر اور مرحا کی طرف سے تو پہلے ہی ہاں تھی۔

دانین تمہاری کیا رائے ہے اس بارے میں۔وجدان بھائی نے پوچھا تھا۔

میری بھی یہی رائے ہے نکاح تو ہو ہی چکا ہے اب باقی رسم و رواج بھی پورے کر دیتے ہیں۔وہ زین کو دیکھتے بولی جو اسکی بات پر سر ہلا گیا۔

دانین کی بات بلکل ٹھیک ہے۔ آہان شاہ بھی رضامند تھے۔ بلکل نکاح تو ہو ہی چکا ہے اور انہیں تو ویسے بھی چین نہیں ہے تو میرے خیال میں ہمیں یہ نام کی رخصتی بھی کر دینی چاہیئے۔

زینی شرارت سے سب کو دیکھتے بولی۔

ایزل،مرحا،نور،رمشاء چاروں گڑبڑائی تھیں۔

اب انکے شوہروں کو ہی چین نہیں تھا تو وہ لوگ کر سکتی تھیں۔

چاروں نے ایک ساتھ انہیں گھورا تھا۔جو آگے سے بے شرمی سے مسکرا دیئے۔

ارے بھئی تو منہ میٹھا کرواو اب ایسے خالی خالی کونسی خوشی ہوتی ہے۔روحاما نے کہا تو وشہ،زرنور اور مہر اٹھتی کچن کی طرف گئی تھیں۔

مٹھائی لاتے سب کا منہ میٹھا کروایا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کیوں روکھی سوکھی بیٹھیں ہیں جلدی سے منہ کھولیں۔

میسم زمل کو یونہی بیٹھے دیکھ گلاب جامن اسکے سامنے کرتا بولا۔

زمل پھیکا سا مسکرائی۔

نہیں میسم میرا دل نہیں تم کھاو۔وہ عجیب سا منہ بناتے اسکا ہاتھ پیچھے کر گئ۔

کھالو زمل تمہاری بیسٹ فرینڈ کی شادی کی خوشی میں ہے۔ایزل زبردستی اسکے منہ میں گلاب جامن ڈال گئ۔

زمل نے ابھی حلق میں اتارا ابھی نہیں تھا کہ اسے زوردار ابکائی ائ۔

وہ منہ پر ہاتھ رکھتے کچن کی طرف بھاگی تھی کیونکہ اس وقت سب سے نزدیک کچن تھا۔

اسکے یوں اٹھ کر بھاگنے پر سب چونکے تھے۔

زہرہ اور آیت جلدی سے اسکی پیچھے گئ۔

زمل کیا ہوا۔۔اسکی پشت رب کرتے آیت نے پریشانی سے پوچھا۔

پتہ نہیں ماما پچھلے ایک ہفتے سے یونہی ہو رہا ہے۔وہ نڈھال سی بولی۔

زہرہ اور آیت نے ایک دوسرے کو دیکھا۔

اچھا چلو باہر۔زہرہ اسے تھامتی باہر لے آئ جہاں سب پریشان سے بیٹھے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگ پریشان مت ہوں میں دیکھتی ہوں شائید کچھ الٹا سیدھا کھا لیا ہو گا۔ زہرہ کہتی مہر کو اشارہ کرتی اسے لیے اوپر کی طرف بڑھ گئ۔

وہ لوگ اسے روم میں لے آئیں۔

زمل مجھے بتاؤ بار بار وومیٹ ہوتی ہے۔ موڈ سوینگز ہوتے ہیں۔ اور کھانے میں بھی موڈ سوینگز ہو رہے ہیں۔ زہرہ اسے دیکھتے بے چینی سے بولی۔

یس ماما یہی ہو رہا ہے۔ چکر بھی آتے ہیں۔ وہ روہانسی ہو گئ۔

ایک منٹ میں آتی ہوں۔ مہر اسکی بات سمجھتے مسکرا کر کہتی باہر چلی گئ۔

کچھ دیر بعد وہ واپس آئ تو اسکے ہاتھ میں پریگننسی کٹ تھی۔

زمل یہ لو ٹرائے کرو۔ زہرہ نے کہا تو اسنے حیرت سے اس کٹ کو دیکھا۔

م۔ماما یہ۔ دل اچھل کر حلق میں آیا تھا۔

گھبراو مت جاؤ شاباش ٹرائے کرو۔ اسکا گال تھپکتے مہر نے پیار سے کہا۔

وہ گھبراتے وہ کٹ لیتے واشروم کی طرف بڑھ گئ۔

دس منٹ واپس آتے اسنے وہ کٹ انکے ہاتھ میں تھما دی۔

وہ تینوں بے چینی سے رزلٹ کے انتظار میں تھیں۔

جبکہ زمل کو تو سوچ سوچ کے کی عجیب لگ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

تقریباً پندرہ منٹ بعد مہر نے کٹ سامنے کی تو سامنے پوزیٹو رزلٹ دیکھتے اسکی چیخ نکلی تھی۔

اوئے مائی گاڈ آیت تم۔ تم دادی بننے والی ہو۔ وہ خوشی سے چیخی تھی۔

زہرہ منہ پر ہاتھ رکھتے بے یقینی سے اسے دیکھنے لگی۔

جبکہ زمل منہ کھولے سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ ہو کیا رہا ہے۔

میں نیچے سب کو بتاتی ہوں۔ مہر کہتے جلدی سے نیچے بھاگی تھی۔

افف اللہ کا لاکھ لاکھ کا شکر ہے۔ زہرہ اور آیت زمل کو خود سے لپٹاتے اسے بوکھلا کر رکھ گئیں۔

وہ اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھتے بے یقنی سے بیٹھی رہ گئ۔

💞💞💞

مہر پریشان سی اوپر گئ تھی اب ہنستے ہوئے واپس آئی تھی۔

آبان جو ابھی ابھی وہاں آیا تھا اسنے بھی چونک کر مہر کو تیزی سے سیڑھیاں اترتے دیکھا۔

مام آرام سے۔ میسم اور حازق اسکی طرف بڑھے تھے۔

ڈونٹ وری آج تمہاری ماما بہت خوش ہیں آج میں نہیں گروں گی۔ وہ مسکراتے لہجے میں بولی تھی۔

ارسل۔۔ وہ اسے دیکھتے ہسی اور ہستی چلی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

سب نے حیرت سے اسے دیکھا تھا۔

ارسل تو داد۔ہاہاہاہاہاتو دادا بننے والا ہے۔

وہ ہس ہس کے بے حال ہوتے صوفے پر گرتے سب کے سروں پر بم گرا گئ۔

آبان آنکھیں گھوماتے زمل کو ڈھونڈنے کی کوشش کر رہا تھا اسکے الفاظ پر ساکت ہوا تھا۔

کیا۔۔۔؟ لڑکیاں ایک ساتھ چیخی تھیں۔

ہاں۔وہ بھی انہیں کے انداز میں بولی تو وہ لوگ اوپر بھاگی تھیں۔

بہت بہت مبارک ہو۔وہ سب ہوش میں آتے ایک دوسرے کو مبارک باد دینے لگے۔

جبکہ ارسل مہر کی طرف جاتا اسکے پاس ہی صوفے پر گرا تھا۔

دونوں پاگلوں کی طرح ہس رہے تھے۔

ارسل کتنا فنی لگے گا ناجب کوئ تمہیں دادا بلائے گا۔وہ ہسی سے بے حال ہوتے بولی۔

ہاہاہامیں دادا لائک سیریسلی۔وہ آنکھوں میں ٹھہری نمی صاف کرتا خود بھی قہقہے لگا رہا تھا۔

مرتسم اور ولی دونوں کو گھور کر رہے گئے جو پاگلوں کی طرح ہستے جا رہے تھے۔

کیا تمہیں شوک لگ گیا۔عاشر آبان ہو ساکت کھڑے دیکھ ہستے ہوئے بولا۔

اسکو تو سچ میں شاک لگا ہے شائید اسے اپنی قابلیت پر یقین نہیں آرہا۔داؤد اور عاشر بے باکی سے اسکے نزدیک سرگوشی کرتے اسکا چہرہ سرخ کر گئے۔

Posted On Kitab Nagri

شٹ اپ۔وہ سرخ چہرے سے انہیں دیکھتا مہر کی طرف بڑھا۔

آپ سچ کہہ رہی ہیں میں۔ب۔بابا بننے والا ہوں۔

اسکے ہاتھ تھامتے بے یقینی سے کہا۔

ہاں بلکل سچ ہے میرے شہزادے۔وہ اسکا ماتھا چومتے پیار سے بولی۔

آبان کچھ پل بے یقینی سے اسے دیکھتا اگلے ہی پل جھٹکے سے اٹھاتا اوپر کی طرف بڑھا تھا۔

اسکی پشت دیکھتے وہ سب نفی میں سر ہلاتے اسکے پیچھے ہی بڑھے تھے۔

💞💞💞

زمل شرمائی،لجائی سی انکے درمیان بیٹھی تھی ہر تھوڑی دیر بعد کوئی نا کوئی اسے بچے کی طرح چومتا تو وہ بوکھلا جاتی۔

اسکی تو شرم سے نظریں ہی نہیں اٹھ رہی تھیں۔

ابھی وہ ان چڑیلوں سے جان چھڑوا نہیں پائی تھی کہ آبان تیزی سے کمرے میں داخل ہوا تھا۔

وہ سرخ پڑتے جلدی سے زہرہ کے پیچھے چھپ گئی۔

لڑکیوں کے قہقے بے ساختہ تھے آبان ابھی تک بے یقینی سے کھڑا اسے دیکھے جا رہا تھا۔

سب بڑے اسے پیار کرتے مبارکباد دیتے آہستہ آہستہ وہاں سے کھسک گئے۔

Posted On Kitab Nagri

سب کے جانے کے وہ پاؤں کی ٹھوکر سے دروازہ بند کرتا اسکی طرف بڑھا۔

زمل نظریں جھکائے ہونٹ کاٹنے میں مصروف تھی۔

وہ آہستہ سے اسکے قریب بیٹھا۔

نظریں اسکے پیٹ پر گئ تھیں۔

بے خودی میں وہ اسے دیکھتا ہاتھ اٹھاتا اسکے پیٹ پر رکھ گیا۔

ت۔تمہارا۔نہیں۔مطلب ہمارا۔ب۔ب۔بچہ۔وہ بے یقینی سے لڑکھائے لہجے میں بولا۔

زمل سختی سے آنکھیں مینچ گئ رنگ تابنے کی مانند سرخ پڑا تھا۔

آبان کچھ پل اسے دیکھتا رہا پھر جھٹکے سے اسے خود میں بھینچ گیا۔

اسکے سینے سے لگتے ہی وہ بے اواز رونے لگی۔آبان اسکا رونا محسوس کر کے ٹھٹکا۔

اسنے زمل کو اپنے سامنے کیا وہ واقعی رو رہی تھی۔

زمل کیا ہوا کیوں رو رہی ہو۔ک۔کیا کہیں پین ہو رہا ہے۔زہرہ ماما کو بلاؤں۔ہو پسٹل چلیں۔وہ بوکھلایا سا ایک ہی سانس میں سوال کر گیا۔

زمل نفی میں سر ہلاتے چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کے رو دی۔

فار گود سیک زمل مجھے بتاؤ گی نہیں تو پتہ کیسے چلے گا۔وہ اسے خود سے لگاتا پریشانی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

ایک منٹ کیا تم بے بی کی وجہ سے۔ وہ اچانک اسے خود سے الگ کرتا تیکھی نظروں سے اسے دیکھتا بولا۔

ن۔ نہیں ابان۔ وہ اسکے تیور دیکھتے سہم گئ۔

پھر مجھے بتاو کیوں رو رہی ہو۔ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے پیار سے پوچھا۔

آبان مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ بے بی کی زمہداری کیسے سنبھالوں گی میں۔ وہ روتے ہوئے بولی۔

آبان کا دل کیا سر پیٹ لے۔

زمل ابھی تو بے بی آنے میں بہت ٹائم ہے اور یہاں پر اتنے سارے لوگ ہیں بے بی کے لئیے کیوں پریشان ہوتی ہو۔ وہ اسے خود میں بھینچے نرمی سے بولا۔

آپ خوش ہیں۔ کچھ دیر بعد وہ جھجکتے پیچھے ہوتی اسے دیکھتے بولی۔

خوش۔ خوشی کا لفظ بہت چھوٹا ہے مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں تمہیں کیسے بتاؤں میں کیا فیل کر رہا ہوں۔

وہ اسکے چہرے پر دیوانہ وار اپنا لمس چھوڑتے خوشی سے بھرپور لہجے میں بولا۔

دل کر رہا ہے پوری دنیا کو چیخ چیخ کر بتاوں۔

اسے بانہوں میں اٹھاتے گول گول گھماتے وہ زمل کا بوکھلا گیا۔

آبان رکیں میرا سر گھوم رہا ہے۔ اسکی گردن میں ہاتھ باندھے وہ چیخی تھی۔

آبان کھکھلاتا اسے بیڈ پر بٹھا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

تھینکیو۔ تھینکیو سو مچ میری زندگی کا سب سے خوبصورت تحفہ دینے کے لیئے۔ وہ اسکے ماتھے پر لب رکھتا نم آنکھوں سے بولا۔

زمل مسکراتے اسکے کندھے پر سر رکھتے آنکھیں موند گئ۔

💞💞💞

ٹیسٹ کے بعد ڈاکٹر نے اسے پریگننسی کنفرم کر دی۔

زمل کی طرف سے ملنے والی اس خوشخبری نے انکی خوشیوں کو دوبالا کر دیا تھا۔

تو دوسری طرف شادی کی تیاریوں نے گھر میں بھرپور رونق لگا دی تھی۔

اگلے ماہ سے انکے شادی کے فنکشنز شروع ہونے تھے تب تک حازق اور بدر بلکل ٹھیک ہو جاتے۔

آبان نے بھی اپنی پوسٹنگ یہی کروانے کا سوچ لیا تھا۔

کیونکہ دادا کا کیس وہ تقریباً پوری طرح سے حل کر چکا تھا۔ دادا کے خلاف اڈرز جاری کر دیئے گئے تھے اور ڈھونڈنے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی تھی۔

یہ سارا ٹائم وہ زمل کے ساتھ ہی گزارنا چاہتا تھا۔

اس لیے اسنے ایپلیکیشن کے لیئے اپلائے کر دیا تھا تاکے جلد از جلد اسکی پوسٹنگ واپس پنڈی ہو سکے۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

شادی کی تیاریوں میں یہ ایک مہینہ کیسے پر لگا کر اڑا معلوم ہی نہیں ہوا۔

اس سارے عرصے میں عورتوں نے بھرپور شوپنگ کی تھی تو مرد بیچارے انکے ساتھ بازاروں میں پستے رہے تھے۔

نور کو آہان شاہ لوگ اسی دن واپس لے گئے تھے کہ اب وہ اسے اوفیشلی رخصت کریں گے۔

براق کو کوئی اعتراض نہیں تھا لیکن یہ دن کاٹنا مشکل تھا۔

دوسری طرف ساحل اور رمشاء کی ملاقات یونی میں ہو جاتی۔

اور وہ وہیں پر موقع دیکھتے اسکی جان حلق میں اٹکائے رکھتا تھا۔

مرحا پھر سے اوفس جوائین کر چکی تھی۔اور ایزل واپس ہوسپٹل۔

جبکہ بدر اور حازق اس دوران کشمیر میں دوبار گئے تھے۔

کیونکہ اب تو سب کو معلوم ہو چکا تھا تو سب انکے کام کی نوعیت جانتے تھے۔

سو ان چاروں کا سامنا ہونے کے برابر تھا۔

آج بھی یہی ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مائیوں کا دن سر پہ اچکا تھا اور دونوں دلہے لاپتہ تھے۔

ابھی وہ سب تیاریوں میں مصروف تھے جب انوشے داخلی دروازے سے بھاگتی ہوئی ائی۔

ماما۔ماما حازق بھائی، بدر بھائی آ گئے۔وہ سیدھا مہر کے پاس آتے بولی۔

مہر کے ساتھ کھڑے کاشان نے چونک کر اسے دیکھا۔

اسنے پیلے رنگ کی پاؤں کو چھوتی گھیرے دار فراق میں پہنی ہوئی تھی جو مرحا اور ایزل اسکے لیئے لائی تھیں۔

بالوں کی فرنچ چوٹیا بنائے۔

چھوٹے چھوٹے گلابی ہاتھوں میں پھولوں کے گجرے پہنے ہوئے تھے۔

کانوں میں ڈائیمڈز کے چھوٹے چھوٹے سے ٹاپس تھے جو ہمیشہ ہی ہوتے۔

میک اپ اسے ابھی مہریوز نہیں کرنے دیتی تھی البتہ ہونٹوں پر ہلکی سی لپسٹک لگائی ہوئی تھی۔

بڑی بڑی سیاہ آنکھوں سے وہ مہر کو دیکھتے تیز تیز بول رہی تھی۔

اسکی سفید رنگت اس وقت خوشی سے گلابی ہو رہی تھی۔

چہرے پر ازلی معصومیت سجائے وہ کاشان کو مبہوت کر گئی تھی۔

وہ آس پاس سے بیگانہ یک ٹک اسے دیکھے گیا۔

شان، شان، اسکا ہاتھ پکڑتے زور زور سے ہلاتے انوشے نے اپنی طرف متوجہ کیا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ چونک کر ہوش میں ایا۔

جی۔ہاں کیا ہوا۔وہ بوکھلاتے اپنی نظریں ہٹا گیا۔

میری پن اتر گئ ہے یہ لگا دیں۔وہ پنک کلر کی بچوں والی پن جس پر بٹر فلائے لگی تھی اسے دیتے بولی۔

ہاں دو۔اسکے ہاتھ سے لیتے اسکے بالوں میں پن لگائ تو وہ مہر کے پیچھے بھاگ گئ۔

کاشان نے منہ پر ہاتھ پھیرتے اسکی پشت سے نظریں چرائیں۔

افف کیا سوچ رہا ہوں میں بچی ہے وہ۔ جھنجھلاتے خود کو ڈپٹا۔

وہ اب پہلے سے کافی صحت مند ہو گئ تھی۔

مہر، مرتسم اور حازق کے بعد وہ سب سے زیادہ مرحا اور ایزل سے اٹیچ تھی اور انکے بعد کاشان اور میسم سے۔

وہ اب پہلے کی طرح ہسنے، کھیلنے لگی تھی۔گلابی رنگت پھر سے بحال ہو چکی تھی۔

لیکن ابراہیم سے وہ آج بھی ڈرتی تھی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اسکے ڈر سے وہ وشہ کے قریب بھی نہیں جاتی تھی۔
لیکن باقی سب سے وہ ہستے مسکراتے بات کر لیتی تھی۔
اسے حازق کی بانہوں میں کھلکھلاتے دیکھ وہ مسکراتا کام کی طرف متوجہ ہو گیا۔

اہو بگ برادرز آج آپ لوگوں کی مائیوں ہے اور اپکو آج بھی کام کی پڑی ہے ماما کہتی ہیں یہ ڈیز سپیشل ہوتے ہیں برائیڈ اینڈ گروم کے لیئے لیکن آپ دونوں کے لیئے تو کام سپیشل ہے۔ وہ خفگی سے دونوں کو دیکھتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

بدر سمیت حازق کا بھی قہقہ بے ساختہ تھا۔

سوری لٹل ڈول بٹ اب وہی کریں گے جیسے آپ کہیں۔

حازق اسکا گال چومتا بولا۔وہ کھکھلا دی۔

حازق اسے مہر کے حوالے کرتا چینج کرنے چلا گیا۔

مائیوں کا فنکشن فارم ہاؤس کے لان میں رکھا گیا تھا تاکے ایک ساتھ ہی رسم ہو سکے اور سب کا فنکشن ایک ساتھ بھی ہو جائے گا۔

کچھ ہی دیر میں تمام لڑکے وائیٹ کرتے میں ملبوس میں لان میں موجود تھے۔

جبکہ لڑکیوں کا ابھی تک کوئی نام ونشان نہیں تھا۔

تبھی اچانک ڈھول کی آواز پر سب چونکے تھے۔

ڈھول کے ساتھ ہی اونچی آواز میں ڈیک شروع ہوا اور لڑکیوں کی طرف سے ہوٹینگ شروع ہوئی تھی۔

لڑکے چونکتے کھڑے ہوئے تھے۔

کیونکہ سامنے سے مرحا اور ایزل پھولوں کے چادر تلے چلتی آرہی تھیں۔

جبکہ انکے ارد گرد بہت ساری لڑکیاں جھومتی اس منظر کو خوبصورت ترین بنا گئی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے آنکھیں چھوٹی کرتے اسے اوپر سے نیچے تک سکین کیا۔

پاؤں کو چھوتی پیلے رنگ کی فراق جس پر چھوٹے چھوٹے پیلے ہی پھول بنے ہوئے تھے جو اوپر کو ابھرے ہوئے تھے۔

اسکی نظریں نیچے سے ہوتی اوپر تک گئیں۔اسکے چہرے پر پیلے ہی ڈوپٹے کا گھونگھٹ دیکھتے وہ مطمئین ہوا تھا۔

وہ گھونگھٹ میں تھی لیکن اسکے ہاتھ پاؤں ڈھول کی تھاپ پہ بے چین ہوتے پھسل رہے تھے۔

وہ نفی میں سر ہلا گیا۔

وہ دلہن بن کے بھی نہیں سدھر سکتی تھی۔

جبکہ اسکے برابر چلتی مرحا بھی سیم اسی کے جیسی ڈریسینگ میں تھی لیکن ایزل کی نسبت وہ آرام سے چل رہی تھی۔

بدر اسکے چہرے پر گھونگھٹ دیکھتے مطمئین تو ہوا تھا وہیں اسکا چہرہ دیکھنے کو بے چین بھی۔

ایزل اور مرحا انکے قریب سے گزرتی سامنے پھولوں سے سجے جھولے کی طرف بڑھ گئیں۔

وہ لوگ جھولے میں بیٹھ گئ تو انکے بعد رمشاء اور نور کی اینٹری بھی بلکل ویسے ہی ہوئ تھی۔

ان دونوں کے چہروں پر بھی گھونگھٹ تھا۔

چلو بھئ رسم شروع کرو وقت نکلتا جا رہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

روحاما نے کہا مہر اور زرنور نے آگے بڑھتے مرحا اور ایزل کی نظر اتارتے انکے سر سے پیسے وارے تھے۔

پاس پڑی ہلدی اٹھاتے انکے بازوں اور پاؤں پر ہلکی سی لگائی تھی۔

انکے بعد زارا اور دانین نے رمشاء اور نور کی رسم کی تھی۔

تم لوگ وہاں کیوں کھڑے ہو تم لوگوں کی بھی آج ہی رسم کرنی ہے جلدی سے آ کے اپنی اپنی دلہنوں کے پہلو میں بیٹھو۔

مہر نے ان چاروں کو وہیں کھڑے دیکھتے ڈپٹا۔

لڑکیاں انکی عزت پر کھکھلائی تھیں۔

کیونکہ وہ واقعی ایسے کھڑے تھے جیسے کسی اور کی شادی میں آئے ہوں۔

مہر کے کہنے پر وہ چاروا اپنی دلہنوں کے ساتھ جھولے پر بیٹھ چکے تھے۔

انکی ماؤں نے رسم شروع کی۔

اور پھر رسم شروع ہوتے ہی اپٹن کا ایک نا ختم ہونے والا طوفان شروع ہو چکا تھا۔

ہر طرف قہقہے اور خوشیاں ہی خوشیاں تھیں۔

لڑکیاں کا تو نہیں البتہ لڑکوں کا بہت برا حال ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آج تو انہوں نے تو حازق کے غصے کو بھی کسی خاطری۔ نہیں لیا اور اسے بھی اچھے سے اپٹن سے رنگا تھا۔

وہ الجھن کا شکار ہوتا جلدی ہی وہاں سے اٹھ گیا۔

💞💞💞

وہ بریرہ کو اپٹن لگانے کے لیئے اسکے پیچھے بھاگ رہے تھی جب سامنے سے آتے ارحم کے منہ پر اسکے ہاتھ چھپے تھے۔

واٹ دا۔ وہ شاک سے چلایا۔

اوماڑا برانامانومائیوں ہے۔ وہ پشتو اینسینٹ میں کہتی کھکھلاتی تھی۔

ارحم کی نظریں بے ساختہ اسکے نقوش سے الجھی تھیں۔

وہ کھلے پیلے رنگ کے کمیض شلوار میں ملبوس تھی۔ چہرے پر لائیٹ سا میک اپ کر رکھا تھا۔

اسکے پٹھانی نقوش زارسی چیڑ چھاڑ سے قہر ڈھانے لگے۔

وہ بے انتہار خوبصورت تھی ارحم کو ماننا پڑا۔

بہارے اسکے سامنے سے ہٹی تو اسکا ارتقاز ٹوٹا وہ سر جھٹکتا آگے بڑھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

ثم دیکھ نالگائ میرا میک اپ خراب ہو جائے گا۔

پلیز میرا پیارا سا بڈی نہیں۔ایناره اسے پچکارتے بولی۔

وہ اس وقت اوف وائیٹ شلوار قمیض میں ملبوس تھی جو ییلو شیڈ بھی دیتا تھا۔

میک اپ میں صرف مسکارا لگایا ہوا تھا اور نیچرل لپسٹک۔

جبکہ گالوں پر اپٹن لگا ہوا تھا۔اسکی بھوری رنگت الگ سی چمک لیے ہوئے تھی۔

آہاں اینی جانم مجھ سے مسکے۔وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا بولا۔

اسنے اپنے لفظوں پر غور نہیں کیا ناہی ایناره نے۔

ثم نہیں نہیں پلیز۔وہ بھاگنے کو پر تولی۔

میسم نے اسکے بازو کو جھٹکا دیتے اسے اپنے قریب کیا تو وہ سیدھا اسکے سینے سے ٹکرائ۔

یہ عمل بے ساختہ تھا۔

دونوں ساکت ہوئے تھے۔ایناره کی بھوری رنگت میں سرخیاں گھلی تھیں وہیں میثم مبہوت ہوا تھا اسے دیکھ کر۔

وہ ب۔بہارے بلا رہی۔وہ زندگی میں پہلی بار میثم کے سامنے کنفیوز ہوئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں۔مجھے بھی کام تھا۔وہ اسے چھوڑتا نظریں چراتا وہاں سے الٹے قدموں نکلا تھا۔

اینارہ سینے پر ہاتھ رکھتے بے ترتیب ہوتی سانسیں بحال کرنے لگی۔

یہ کیا تھا۔

لو ہو گیا دلوں کو الہام، پہچان لیا روحوں نے، لکھ دی گئ قسمت۔

اب کیسے، کب، کہاں ملانا تھا نہیں یہ تو تقدیر نے طرح کرنا تھا جو دور کھڑی مسکرا رہی تھی۔

💞💞💞

رات کے گیارہ بجے تک سب مہمان جا چکے تھے۔

جیسے ہی لڑکے اور مہمان لان سے غائب ہوئے ایزل نے تیزی سے اپنا گھونگھٹ الٹا تھا اسکے ساتھ ہی رمشاء نے۔

اللہ ایسے لگ رہا تھا جیسے میں کسی کنوئیں میں گر گئ ہوں۔رمشاء پانی کا گلاس اٹھا کر منہ سے لگاتے لگاتے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

قسم سے میرا تو سانس ہی گھٹ گیا افف دلہن بننا کتنا مشکل کام ہے۔اوپر سے چپ رہ رہ کے میری زبان تھک گئ۔

ایزل اسکے ہاتھ سے گلاس لیتے ایسے انداز میں بولی کہ سب کے قہقے چھوٹے تھے۔

مرحا اور نور نے بھی گھونگھٹ اتار دیئے تھے۔

دلہن بننا تو واقعی مشکل ہے۔لیکن ایزل کے لیئے زیادہ مشکل ہے کیونکہ اسے ایک جگہ پہ بیٹھنا پڑ رہا ہے وہ بھی چپ ہو کے۔مرحا نے کہا تو سب کے ایک بار پھر سے قہقے چھوٹے تھے۔

وہ خفگی سے سب کو دیکھنے لگی۔

افف اب گئے نا مہمان ماما اب میں برائیڈ نہیں برائیڈ میڈ کے طور پر یہ رسم انجوائے کروں گی۔

وہ جھولے سے اٹھتے بولی۔

ارے بھئ اتنا سناٹا کوئ میوزک لگاؤ دلہن کی دوست ائ ہے۔وہ پریشے کو اشارہ کرتے خود مرحا کے سامنے بیٹھی اگلے ہی پل مرحا کی چیخیں نکلی تھیں کیونکہ ایزل نے اپٹن بھر بھر کے اسکے گالوں، گلے اور بازوں پر لگایا تھا۔

ایزل کی بچی رکو تم۔مرحا کہتی اسکے پیچھے بھاگی تھی۔

اب منظر یوں تھا کہ ایزل آگے آگے اور مرحا پیچھے پیچھے۔

Posted On Kitab Nagri

آخر کو ایزل پکڑی گئ اور مرحا نے اپنے سے برا حال اسکا بنایا تھا۔

افف کیا لگ رہی ہوں میں جوکر۔وہ ٹشو سے منہ صاف کرتے بڑبڑائی تھی۔

ہاں وہی جوکر جو تو نے مجھے بنایا اور مینے تجھے۔مرحا قہقہ لگاتے بولی۔

رمشاء کھانا کھاتے ان کی نوک جوک دیکھ رہی تھی تو وہی نور بیچاری کنفیوز تھی کہ وہ تو دلہنیں تھی لیکن ان تینوں کو دیکھ کر لگ نہیں رہا تھا۔

ایزل آپی ڈانس ہو جائے پھر۔ایمارہ نے کہا تو وہ فوراً تیار ہوئ۔

ہاں بھی کیوں نہیں آخر کو میری بھی ایک ہی شادی ہونے ہے۔وہ بڑبڑاتے گانا سیٹ کرنے لگی۔

سب لوگ اسے دیکھتے ہس دیئے۔وہ سب ہی جانتے تھے وہ مرحا اور اپنی شادی کے لیئے کتنی ایکسائیٹڈ تھی۔

اسکی یہ کیوٹ کیوٹ سی حرکتیں سب انجوائے کر رہے تھے۔

اوپر سے وہ لگ بھی بلکل گڑیا کی طرح رہی تھی۔

لائیٹ سے میک اپ میں وہ پھولوں کی جیلوری پہنے بلکل کانچ کی گڑیا سی لگ رہی تھی۔

💞💞💞

Posted On Kitab Nagri

میوزک شروع ہوا تو سب لڑکے چونکتے باہر آئے تھے۔

او کڑیو

گڑ کینے کھالیا

Sweety

لان کے وسط میں کھڑے ہوتے اسنے اتنے کیوٹ طریقے سے اشارہ کیا تھا کہ مہر نے بے ساختہ اسکی نظر اتاری تھی۔

گڑ والی چا کینے پیتی

Sweety

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پوا جی داناڑا کینے کھچیا

ہا---

او کھچ کے ماری کینے سیٹی

Posted On Kitab Nagri

اسنے زور دار سیٹی بجائی تھی اور اسکے ساتھ ہی بہارے، بریرہ ، ایناره اور پریشے اسکے پیچھے آئی تھیں۔

او چھڈو جی، چھڈو جا کے

پکڑو وہ حلوائی

او جس نے گڑ کی بنادی مٹھائی

او سب کو بات ہے یہ سمجھائی

او گڑ نالوں عشق اے میٹھا

او گڑ نالوں عشق میٹھا

وہ مہارت سے سٹیپس لیتی سب کو مبہوت کر گئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Oye hoye

او گڑ نالوں عشق میٹھا

Aye hyee

اور بالگ ناں کسے نو جاوے

گڑ نالوں عشق میٹھا

Posted On Kitab Nagri

اسنے دور کھڑے میسم لوگوں کو اشارہ کیا جو اگلے ہی پل اسکے ساتھ آئے تھے۔

دور کھڑی ایکسائیٹڈ سی مرحا بھی ایزل کے ہم قدم ہوئ تھی۔

سب مبہوت سے انہیں دیکھ رہے تھے جبکہ حازق میر کی بھوری آنکھوں میں تپش برپا تھا۔

وہ سب کے سامنے یوں ڈانس کرتی سبکو اپنی طرف بری طرح سے متوجہ کر گئ تھی۔

اسکا نازک سا سراپا کسی کو بھی بہکا سکتا تھا۔وہ مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا۔

سوہنی میرا دل لے گئ

Oye hoye

او کڑیو میری جان لے گئ

Aye hyee

او مجھ کو یار کوئ بچائے

او گڑنالوں عشق میٹھا

زیان نے ایزل جبکہ میسم نے مرحا کو گھمایا تو وہ کھلکھلا دیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں پھولوں کی جیلوری پہنے کھلا ہوا پھول ہی لگ رہی تھیں۔

چن چکورا، شگناں دا جوڑا

نچ دئیاں نے، شہنائیاں جی

رنگ رنگیلی، مہندی لا کے

بھر پر جان، کلائیاں جی

ڈولی لے کے آیا ڈھولنا

وہ آگے پیچھے گھومتی اپنا ڈانس ختم کر گئیں۔

پھولتی سانسوں سے جھولے پر بیٹھتے اسکی نظر حازق پر گئی جو سلگھتی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

اسنے گڑبڑا کر اپنا ڈوپٹہ سہی کیا۔

افف جانے اب وہ پاگل جنونی انسان کیا کرے گا اسکے ساتھ۔

تھوک نگلتے سوچا۔

💞💞💞

برقی قمقموں سے سجا اور قہقہوں سے گونجتا لان سب کے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مہندی کے فنکشن کے لحاظ سے بھرپور طریقے سے ڈیکوریشن کی گئ تھی۔

کل کی نسبت آج سب کے لیئے نیچے گدے سیٹ کر کے بیٹھنے کی جگہ بنائ گئ تھی کیونکہ لڑکیوں نے مہندی وغیرہ لگوانی تھی اس لیے ایسا سیٹ اپ کیا گیا تھا۔

جبکہ لڑکوں کا دوسرے لان میں سیٹ اپ تھا انکے لحاظ تھے۔

مہندی کے فنکشن میں کافی مہمان تھے اس لیے عورتوں اور مردوں کا انتظار الگ الگ کیا گیا تھا۔

مردوں کی طرف تو وہ سب لوگ فلحال ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالنے میں مصروف تھے جبکہ لڑکیوں کی طرف ابھی کہیں چوڑیاں بج رہی تھیں تو کہیں کوئ ہر ا انچل اڑتا دکھائ دے رہا تھا۔

مہر کہاں ہیں ساری لڑکیاں ارے بلاؤ بھی دلہنوں کو بلاو کوئ رونق لگاو۔

وہاں ایک عورت نے مہر سے کہا تو وہ مسکراتی انہیں اینٹرس کی طرف اشارہ کر گئ جہاں اچانک شور اٹھا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

NAVRAI MAJHI NAVSACHI NAVSACHI GA

APSARA JASHI INDRACHI INDRACHI GA

Posted On Kitab Nagri

میوزک شروع ہوا تھا اسکے ساتھ ہی پیلے اور ہرے رنگوں سی سجی پالکیاں اٹھائے فی میل گارڈز جو سپیشل دانین نے انکے لیئے اپائینٹ کی تھیں اندر داخل ہوئ تھیں۔

سب سے آگے گرین کلر کی شارٹ فراق اور بھاری شرارے میں ملبوس ایزل کی پالکی تھی جسکا آگے کا پردہ اسنے اٹھایاہوا تھا۔

NAVRAI MAJHI NAVSACHI NAVSACHI GA

APSARA JASHI INDRACHI INDRACHI GA GA GA GA

نیلے ڈوپٹے تلے چھپے چاکلیٹی بالوں کی سائیڈ فرینچ بنائے آگے سے کھجوری چٹیا بنائ ہوئ جسمیں گول بڑا سامانگ ٹیکا سیٹ تھا۔

کانوں میں چھوٹے چھوٹے جھمکی والی اویزے جھلملا رہے تھے۔

ہاتھوں میں بھر بھر کے ڈالی گئ کانچ کی چوڑیاں کھنکھنا رہی تھیں۔

لائیٹ سے میک اپ میں وہ اس قدر پیاری لگ رہی تھی کہ غازی نے اسے دیکھتے سب سے پہلے اسکا صدقہ نکالا تھا۔ کہیں اسے نظر ہی نا لگ جائے۔

نیوڈ لپسٹک سے سجے ہونٹ مسلسل گنگنا رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اور وہ بھرپور طریقے سے اپنی مہندی کی اینٹری انجوائے کر رہی تھی۔

SUNIYO JI ISKO RAKHYO JATAN SE

ایزل کے پیچھے ہی مرحا کی پالکی اندر آئی تھی۔

O BADI NAZUK HAI NAZUK HAI NAZUK

اورنج اور گرین کلر کی شارٹ شرٹ اور بھاری شرارے میں ملبوس وہ اپنی تمام تر معصومیت سمیت سب کے دل لوٹ گئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

KALI HAI ANMOL

KALI HAI ANMOL

Posted On Kitab Nagri

ایزل کی طرح چٹیا بنائے اسمیں ست رنگی گول مانگ ٹیکا سجائے چاکلیٹی بالوں پر اورنج ڈوپٹا سیٹ کر رہا تھا۔

لائیٹ میک سے سجے نقوش قیامت ڈھا رہے تھے۔

چوڑیوں سے بھرے ہاتھ اٹھاتے اسنے جب سٹیپس لیئے تو سب سے اونچی سیٹی ایزل کی تھی۔

AAO JI AAO, THUMKHA LAGAO

انکے پیچھے ہی رمشاء کی پالکی اندر آئی تھی۔

گرین کلر کی پٹھانی فراق کے ساتھ اسنے کھلا ساٹراوزر پہنا ہوا تھا۔ جسکے پہونچوں پر پٹھانی طرز کا کام ہوا تھا۔

اسکا پورا فراق بھی پٹھانی طرز کے کام سے بلکل سجا ہوا تھا۔ جس میں بلیو، پنک اور ریڈ کمبینیشن تھا۔

اس طرح سے وہ ملٹی شیڈ دے رہا تھا جو اسکی دودھیا رنگت پر جچ رہا تھا۔

سلور ماتھا پٹی جسمیں رنگ برنگے موتی لگے ہوئے تھے وہ اسکے چوڑے ماتھے پر سجی اسکی خوبصورتی کو کئی گنا بڑھا گئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہندی کے لحاظ سے لائیٹ میک اپ میں وہ اس رات کے اندھیرے میں چمکتے نقوش سے سب کو مبہوت کر گئ تھی۔

اسکی تھوڑی پر بنائے گئے وہ تین سیاہ نقطے ساحل کو بے چین کر گئے تھے۔

(بہارے نے اسے رمشاء کی پکچر سینڈ کی تھی)

ZARA BEHAKO JI BEHAKO JI BEHAKO

پالکی اوپر سے ڈھکی ہوئی نہیں تھی اسلیے وہ کھڑی ہوتی وہ اونچی آواز میں گانا گاتے سب کو بتا گئ تھی کہ ہاں وہ دانین کی ہی بیٹی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

KHUSHIYON KE BAAJE DHOL

KHUSHIYON KE BAAJE DHOL

اب وہ تینوں زمین پر رکھی پالکیوں سے اتری تھیں جبکہ انکے اترتے ہی گھبرائی سی پنک اور لائیٹ گرین شرارے شرٹ میں ملبوس نور بھی لڑکیوں کے ہجوم میں اندر آئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

AANKHON MEIN ISKE ISHAARE

بالوں کو دونوں اطراف سے کھولا چھوڑے گول ٹیکا لگائے لائیٹ میک اپ اور جیولری میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔
(پالکی سے وہ بہت ڈر گئی تھی اس لیے ان لوگوں سے اسے کمفرٹیبل کے لیئے سادہ سی اینٹری کی تھی)

BADE NAKHREELE NAKHREELE NAKHREELE

SAPNO KE LAKHON NAZAARE

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب وہ چاروں ایک ساتھ سٹیپس لیتی سب کو مبہوت کر گئی تھیں۔

SAARE RANGEELE RANGEELE RANGEELE

BAURAI CHALI SHARMATI GHABRATI WOH

Posted On Kitab Nagri

ہانم،روشانے،زمل دور کھڑی انہیں ہوٹینگ کرتیں انہیں سراہ رہی تھیں۔
مہارت سے سٹیپس لیتی وہ چاروں ایک ساتھ کھکھلاتی حوروں کو بھی مات دے رہی تھیں۔

PIYA KE GHAR ITHLATI BALKHATI WOH

SURMAI NAINA CHALKATI CHALKATI WOH

ایزل نے آگے اتے سٹیپس لیتے آنکھوں کی طرف اشارہ کیا تھا

PIYA KE GHAR BHARMATI, SAKUCHATI WOH

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکے برابر مرحانے آتے اسے گھمایا تھا۔
دونوں ایک دوسرے کا عکس لگ رہی تھیں۔
مہر نے بے ساختہ دل میں دونوں کی نظر اتاری تھی۔

Posted On Kitab Nagri

NAVRAI MAJHI LADACHI LADACHI GA

گانا چل رہا تھا لیکن وہ لوگ اب اپنی اپنی جگہ پہ بیٹھ چکی تھیں۔

افف ایزل آپی کیا اینٹری دی آپ لوگوں نے۔قسم سے مزہ آگیا۔

گرین اور پنک کلر کے لہنگے میں ملبوس ایمارہ چہک کر بولی۔

مہندی کے موقع کے لحاظ سے کیے گئے میک اپ اور جیولری میں وہ بہت پیاری اور معصوم سی لگ رہی تھی۔

سانولی سی رنگت کر کسی کے لیئے کشش سی بنی ہوئی تھی۔

ہاں بلکل یہ تو ڈریم ویڈینگ جیسا ہی ہو گیا۔

امارے خاندانوں میں تو لالا لوگ ہی ایسی مستی کرتا ہے ام عورتوں کو تو بس زنان خانہ میں بند کر دیتا ہے۔بہارے ان چاروں کو اشتیاق سے دیکھتے پٹھانی اینسینٹ بولی۔

یار رکتنا کیوٹ بولتی ہو تم۔ایزل نے اسکا گال کھینچتے کہا۔

وہ اس وقت اپنے کلچر کے مطابق پرپل کلر کی فراق پہنے ہوئے تھے۔اسکی چیسٹ پر پٹھانی طرز کا خوبصورت سا شیشوں کام ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

بالوں پر سلور کلر کی ماتھا پٹی لگائے وہ لائیٹ میک اپ میں پٹھانی نقوش کے ساتھ ہر کسی کی آنکھوں کا مرکز بنی ہوئی تھی۔

بہارے کی دھیال سے جو دور کی باقی عورتیں آئی تھیں انہوں نے بھی پٹھانی کپڑے ہی پہن رکھے تھے۔

انہیں کے کہنے پر رمشاء کے لیئے ہر رسم کا ڈریس پٹھانی طرز کا تھا کیونکہ وہ ایک خان کی خانی بننے والی تھی۔

چارو دلہنوں کو انکی جگہ پر بٹھاتے رسم کی تھی اور اسکے بعد لڑکیاں کافی دیر تک ڈھول لیے بیٹھیں بولیاں گاتی رہی۔

بلیک ایندہ گولڈن لہنگے پہنا مہندی کے لحاظ سے لائیٹ میک میں دور بیٹھی زمل بس انہیں دیکھتے مسکراتی رہی۔

پریگننسی کی وجہ سے وہ زیادہ دیر تک نیچے نہیں بیٹھ سکتی تھی اس لیے زہرہ لوگوں کے پاس اوپر صوفوں پر بیٹھی ہوئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ایسی رونق تو ہماری شادی پر بھی نہیں لگائی تھی جتنی اسنے اپنی خود کی شادی پر لگائی ہے۔ہانم قہقہ لگاتے بولی توسب ہس دیئے۔

وہ اس وقت پرپل اور گرین کلر کے کمبینیشن لہنگے میں تھی۔ مہندی کے لحاظ سے لیا گیا وہ لہنگا اسپر کھل رہا تھا۔

لائیٹ میک اپ کے ساتھ وہ لائیٹ سی جیلوری پہنے داؤد کا چین و قرار لوٹ گئ تھی۔

روشانے نے بھی اورنج اور بلو کمبینیشن کا لہنگا پہنا ہوا تھا۔ بندیا کی بجائے اسنے بھی ماتھا پٹی رکھار کھی تھی جس میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔باقی کوئ جیولری نہیں پہنی تھی۔

کھلی کھلی سی وہ عاشر کی قربت کے رنگوں میں نہائ حوروں کو شرمائے دے رہی تھی۔

کافی دیر تک فنکشن چلتا رہا پھر مہندی لگوانے والی آگئ تو کھانے کے بعد سب لڑکیاں مہندی لگوانے بیٹھ گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

💞💞💞

دوسری طرف لڑکے جو آج بیلو کرتے ملبوس تھے انکے کرتوں کا بیڑا تیل غرق کر چکا تھا۔

جبکہ ہاتھ پر رکھے نوٹ پر جو مہندی لگای جاتی ہے وہ انکے ہاتھوں پر اچھے خاصے نشان چھوڑ گئ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق نے تو آج سختی سے ان سب کو اپنے آس پاس بھی بھٹکنے سے ڈپٹا تھا۔ وہی حال بدر کا تھا جبکہ ساحل اور براق نے اپنے بالوں میں خوب تیل لگواتے اچھے سے اپنی رسم نبھائی تھی۔

پھر انکے دوست کافی دیر تک ہلہ گلہ کرتے رہے تھے۔

کھانے کے بعد سب مہمان آہستہ آہستہ جانے لگے تو وہ لوگ عورتوں کو بھی جاتے دیکھ اب انکی سائیڈ آئے تھے۔

💞💞💞

لڑکیوں کی مہندی کافی حد تک سوکھ چکی تھی۔

دلہنوں کے علاوہ ساری لڑکیاں ہی اپنی اپنی مہندی دھو دی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری تو کمر اکڑ گئی ہے ماما یار اور کتنی دیر تک ایسے بیٹھنا ہے۔ لان میں قدم رکھتے ہی اسکے کانوں میں ایزل کی جھنجھلائی سی آواز گونجی تھی۔

بے ساختہ اسکی نظر اس طرف اٹھی تھی اور یہاں حازق میر کو اپنی سانس رکتی سی محسوس ہوئی۔

کل وہ اس سے بچ گئی تھی کیونکہ ساری لڑکیاں ایک ہی کمرے میں سوئی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن آج، آج وہ شائید اپنی حالت پر خود ہی رحم نہیں کھانا چاہتی تھی۔

نچلہ لب باہر نکالے بچوں کی طرح مہندی سے چڑچڑی ہو رہی تھی۔

حازق کی نظریں اسکی ناک سی نتھ سے ٹکرائیں۔

ہیرے کی چھوٹی سی نتھ حازق میر کی جان لبوں پر لے آئی تھی۔

چہرے سے ہوتی اسکی نظریں اسکی مہندی پر گئی۔

اسکے فراق کے سلیوز کہنوں تک تھے۔ کہنیوں سے تھوڑا آگے تک دونوں بازوں اور ہاتھ مہندی سے سجے ہوئے تھے۔

اسکے دونوں پاؤں پر بھی مہندی لگی ہوئی تھی جو شائید سوکھ چکی تھی اس لیے ریلیکس انداز میں پاؤں پسارے بیٹھی تھی۔

اسکا دل کیا وہ اسے یہاں سے لے جاتے اس پل خود میں قید کرتے اپنی شدتوں سے بوکھلا دے۔

وہ ایسا کر بھی گزرتا کیونکہ اسے کونسا کسی کی پرواہ تھی لیکن اسکے بعد اسکی جنگلی بلی شائید اسکی ویڈینگ نائیٹ برباد کر دیتی جو وہ کسی صورت نہیں چاہتا تھا۔

بامشکل اس پر سے اپنی نظریں ہٹاتے وہ میثم کی طرف متوجہ ہوا جو اسے کچھ کہہ رہا تھا۔

حازق کے پیچھے وہ ان جنوں سے بچتا بچاتا لان میں داخل ہوا تھا جہاں رنگ و بو کا سیلاب آیا ہوا تھا۔

اسکی نظریں بے تابی سے مرحا کی تلاش میں اٹھیں اور ایک جگہ ساکت ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

ہائے ئے ئے۔لبوں سے بے ساختہ نکلا تھا اسنے اپنے سینے پر ہاتھ رکھتے سینے سے باہر نکلنے کو بے تاب دل کو تھپکا۔

وہ دنیا جہاں سے بے خبر مہر کے ہاتھ سے کھانا کھاتے پتہ نہیں کونسی باتیں کر رہی تھی۔

ہاتھوں پاؤں پر ایزل کی طرح بھر بھر کے مہندی رچی ہوئ تھی۔

اسکا یہ سلونا سنہرا روپ بدر کو چاروخانے چت کر چکا تھا۔

اسکا دل کیا وہ اسے ساری دنیا سے چرا لے اسکے علاوہ اسے کوئ نا دیکھ سکے۔

جبکہ اسکی حالت سے بے نیاز وہ ایزل کی کسی بات پر قہقہ لگا کر ہسی تو بدر کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا۔

افف پسونا اتنا ظلم۔بڑبڑاتے اسنے اپنی نظریں ہٹانا ہی بہتر سمجھا تھا۔

💞💞💞

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تیل سے اچھی خاصی ہولی کھیلنے کے بعد ان دونوں نے جلدی سے شاور لیا تھا ورنہ تیل میں ہی ڈوبے رہتے۔

شاور لینے کے بعد وہ دونوں بھی سب کے پاس نیچے لان میں آ گئے۔

ساحل نے بے چینی سے نظریں اپنی خانی کی تلاش میں نظریں دوڑائیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

اور وہ اسے نظر آگئ۔

اسکا یہ پٹھانی روپ دیکھتے ساحل خان کو اپنی دھڑکنیں سست ہوتی محسوس ہوئ تھیں۔

اسکی تھوڑی پر بنے ان نقطوں کو دیکھتے اسکا حلق سوکھا تھا۔

چہرہ جزبات کی شدت سے سرخ ہوا تھا۔

وہ اتنی خوبصورت لگ رہی تھی کہ ساحل کو خود پر کنٹرول ختم ہوتا محسوس ہوا۔

وہ تیزی سے وہاں سے ہٹ گیا ورنا سب کے سامنے اپنی خانی کو ایسی خراج تحسین پیش کرتا کہ شرم بھی شرما جاتی۔

براق جو اسکے ساتھ ہی آیا تھا اسکی نظر اپنی چھوٹی سی دلہن کی طرف اٹھیں۔

وہ زینی کے بازو سے ٹیک لگائے بیٹھی ہوئ تھی۔

گلابی خوبصورت چہرے پر تھکن کے اثرات نمایاں تھے۔

جبکہ مہندی کو دیکھتے لبوں پر شرمیلی مسکراہٹ دوڑ جاتی۔

وہ براق کو نازک سی کلی محسوس ہوئ جو اسکے اندر تک گھلتی جا رہی تھیں اور وہ بے بس کھڑا اسے خود میں سماتے دیکھتا رہا۔

وہ مبہوت سا اسے دیکھنے میں مگن تھا جب ارحم کی پکار پر ہوش میں آیا۔

بالوں میں ہاتھ پھیرتے گہری سانس بھرتے وہ اپنی نظریں اس پری پیکر سے ہٹا گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

طعبیت کیسی ہے۔زیادہ تھکان تو نہیں محسوس ہو رہی۔آبان اسکے قریب آتا فکر مندی سے اسے دیکھتا بولا۔

وہ زہرہ کے ساتھ بیٹھی ہوئ تھی جو ابھی کچھ دیر پہلے ہی اٹھ کے مرحا کے پاس گئ تھی اسے اکیلے دیکھ آبان وہیں آ گیا۔

جی ٹھیک ہے اور تھکان تھوڑی سی ہے۔وہ مدھم لہجے میں بولی۔

ویکینس کی وجہ سے اسکی طعبیت اکثر خراب ہو جاتی تھی اس لیے آبان اسکی چھوٹی سے چھوٹی بات کا بھی خود دھیان رکھتا تھا کہ وہ خود سے لاپرواہی نا برتے۔

اچھا چلو بہت انجوائے کر لیا اب کمرے میں چل کے آرام کرو۔

وہ اسے بازو سے پکڑ کے اٹھاتا بولا۔

آبان ابھی سب یہیں پر ہیں ہم کیسے۔وہ کنفیوز سی بولی۔

سب تھوڑی پریگنیٹ ہیں تم چلو چاپ چاپ نہیں تو میرے پاس اور بھی طریقے ہیں جو تمہیں اچھے نہیں لگے گیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے آنکھیں دکھاتا اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اپنے ساتھ لیے آگے بڑھ گیا۔

زمل اسکے بے باکی پر اسے گھور بھی نا سکی۔

آیت اور زرنور جو انکے قریب سے گزر رہی تھی ہس دیں۔

وہ خوامخواہ شرمندہ ہو گئ جبکہ آبان کو کوئ فرق نہیں پڑا۔

کمرے میں آتے آبان نے اسکی جیولری اتارنے میں مدد کی اور خود فریش ہونے چلا گیا۔

جب تک وہ آیا زمل میک اپ ریمو کر چکی تھی۔

وہ آئینے میں اسکا عکس دیکھتا مسکرایا تھا۔

ویسے آج بہت پیاری لگ رہی تھی میری بیوی۔وہ اسکے ہاتھ سے برش لیتا مسکراتے لہجے میں بولا۔

صرف اج۔زمل نے ائیبرو اچکائ۔

نہیں تم تو روز بروز حد سے بھی زیادہ پیاری لگتی ہو۔

وہ اسکے سر پہ بوسہ دیتا بولا۔

زمل مسکرا دی۔

تمہارے ہاتھوں پر مہندی بہت اچھی لگتی ہے۔اسکی ہتھیلیاں چومتے آبان نے محبت سے چور لہجے میں کہا تھا۔

یہ آپ ہی کی محبت کا رنگ تو ہے۔وہ مدھم لہجے میں بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آبان ہستا اسکا ماتھا چوم گیا۔

جب وہ چینج کر کے آئی تو آبان اسی کے انتظار میں تھا۔ اسکے لاکھ منع کرنے کے باجود آبان نے اسکے مالش کی مالش کی تھی کیونکہ دوسرے مہینے میں ہی اسکے پاؤں میں سویلینگ ہونا شروع ہو گئی تھی۔

اس لیے وہ اکثر رات کو اسکے پاؤں کی مالش کر دیتا تھا

وہ سکون محسوس کرتے جلد ہی نیند کی وادیوں میں اتر گئی۔

💞💞💞

کیا ارادہ ہے بیگم گھر نہیں چلنا کیا۔۔داؤد ہانم کے قریب آتا سرگوشی میں بولا۔

آج وہ سب گھر جا رہے تھے تاکے صبح لڑکے والے رسم کے مطابق برات لاتے اپنی دلہن رخصت کروا کے لے جاتے۔

نہیں میرے گھر میں ایک یا دو نہیں چار شادیاں ہیں میرے بہن بھائیوں کی آپکو لگتا ہے میں جاوں گی۔

وہ ائیں رو اچکاتے بولی۔

تو وہاں بھی آپکی نند کی شادی ہے۔وہ بظاہر مسکراتے لیکن بے چارگی سے بولا۔

تو وہاں صرف ایک ہے نا اتنا کام نہیں یہاں میری زیادہ ضرورت ہے۔

وہ اطمنان سے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

ہانی میری جان میں آپکو صبح چھوڑ جاؤں گا ویسے بھی فنکشن تو رات کا ہے نا۔ داؤد نے پیار سے پچکارا۔

ہانم نے اسے گھورا۔

پلیز ہانی کل بھی ساری رات آنکھوں میں کٹی ہے آپکے بغیر۔ وہ اسکے کچھ کہنے سے پہلے ہی جلدی سے بولا۔

ہانم کی ہسی چھوٹ گئ۔

اچھا ٹھیک ہے لیکن اپ پھر مجھے صبح ہی واپس چھوڑ کے جائیں گے وہ نیم رضامند ہوئ تھی۔

ہاں پکا وعدہ۔ وہ مان گیا۔

💞💞💞

وائفی بات سنیں آپ ہمارے ساتھ شاہ ولا چلیں گی ماما کو بتا دیں۔ عاشر اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اسکے کان میں سرگوشی کرتا کان کی لو کو ہونٹوں میں دباتا بھیگا لمس چھوڑتا بولا۔

وہ سب کے سامنے اسکی بے باکی پر کانپ گئ وہ تو شکر تھا کہ کوئ بھی انکی طرف متوجہ نہیں تھا۔

م۔ میری بہن کی شادی ہے۔ اسکی گرم سانسیں اپنی گردن پر محسوس ہوتے روہانسے ہوتے کہا۔

اپکی نند اور دیور کی بھی ہے۔ فنکشن رات کا ہے میں صبح چھوڑ آؤں گا۔

اسکی پشت کو خود میں بھینچتے مدھم لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

عاشر ماما لوگ کیا سوچے گیں۔ بامشکل اسکا ہاتھ کمر سے ہٹاتے رخ موڑتے اسے دیکھا۔

ہانم آپی بھی جا رہی ہیں داؤد بھائی کے ساتھ کوئی کچھ نہیں کہے گا۔ وہ اسکی بات پر مسکرایا تھا۔

چارو ناچار وروشانے کو اسکی بات ماننی پڑی۔

ہانم ماہم کو انفارم کرتی انکے ساتھ گھر کے لیئے روانہ ہو چکی تھی۔

براق بیچارہ موقعے کی تلاش میں رہا کہ ایک بار تو نور سے ملاقات ہو سکے لیکن بریرہ اور پریشے ایک منٹ کے لیئے بھی اسکے پاس سے نہیں ہلی تھیں وہ بس ٹھنڈی آہ بھر کے رہ گیا۔

💞💞💞

آہان شاہ لوگ نکلے تو دانین لوگ بھی انکے پیچھے ہی نکلنے والے تھے لیکن تب تک چائے کا پروگرام بنا سب ہی تھکے ہوئے تھے اس لیے کسی نے بھی منع نہیں کیا۔

یہیں ساحل کو موقع مل گیا۔

سب لوگ چائے پینے میں مصروف تھے تو وہ اپنی مہندی دھونے چلی گئی تھی۔

اسکے ساتھ بہارے بھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مہندی دھونے میں بہارے نے اسکی مدد کی تھی۔جب ساری مہندی دھل گئ تو اسے یاد آیا کہ وہ ٹاول تو باہر ہی چھوڑ آئ ہے۔

بھابھی آپ رکیں میں بس ابھی ٹاول لے کر ائ۔

وہ کہتی جلدی سے باہر کی طرف بڑھ گئ۔

راستے میں اسے ساحل ملا جسنے مکھن لگاتے اسے وہیں سے واپس بھیج دیا تھا اب اطمنان سے کمرے میں داخل ہوا تھا۔

مہندی کے گہرے رچے رنگ کو دیکھتی رمشاء نے چونک کر سر اٹھایا سامنے ساحل کو دیکھتے اسکے چودہ طبقے روشن ہوئے تھے۔

ا۔اپ ی۔یہاں کیا کر رہے ہیں۔ب۔بہارے کہاں ہے۔۔؟لڑکھڑاتے لہجے میں کہا تھا۔

وہ گہری نظروں سے اسے دیکھتا اسکی طرف بڑھا۔

رمشاء پیچھے کو قدم لیتی دیوار سے جا لگی تو وہ اسکے اطراف میں ہاتھ رکھتا اس پر جھک ایا۔

جب پورے کا پورہ اپکا بندہ یہاں ہے تو کسی اور کی کیا ضرورت۔وہ اسکے گیلے ہاتھ تھامتا ٹاول سے صاف کرتا شوخی سے بولا۔

بہت خوبصورت لگ رہی ہے یہ مہندی تمہارے ہاتھوں پر۔وہ مبہوت سا اسکے دودھیا بازوں اور ہاتھوں پر رچی گہری مہندی کو دیکھتے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

رمشاء نے بھی غور سے اپنی مہندی کو دیکھا واقعی اسکی مہندی کافی پیاری لگ رہی تھی۔

اور خوب رنگ بھی چڑھا تھا پاؤں کی وہ پہلے ہی دھو چکی تھی وہاں بھی خوب گہرا رنگ آیا تھا۔

سمجھ نہیں آرہا تھا یہ خوشبو مدہوش کرنے والی ہے یا تمہارے وجود سے اٹھ رہی ہے اس لیے مدہوش ہو رہا ہوں۔

وہ اسکی گردن پر جھکتا گہری سانس کھینچتا بولا۔

رمشاء سانس روک گئی۔

خ۔خان۔ حلق تر کرتے اسے پکارا۔

حکم خانم۔ وہ اسکے طرز مخاطب پر نثار ہوتا اسکا ماتھا چومتا بولا۔

ب۔باہر جانا۔ نظریں جھکائے آہستہ سے کہا۔

کچھ پل اپنے خان کے نام کر دو پھر چلی جانا ویسے بھی کل پوری طرح سے میری دسترس میں آجاؤ گی پھر کیسے بچو گی۔ وہ اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتا اسکی تھوڑی پر بنے نقطوں پر دانت گاڑھ گیا۔

رمشاء نے نچلہ لب دباتے سسکی روکی تھی۔

تم خان کی خانی کے روپ میں مجھے پاگل کر دی گی۔ اسکے لبوں پر جھکتے وہ بڑبڑایا تھا۔

رمشاء کچھ سمجھتی کہ وہ اسکے لبوں کو اپنی قید میں کر گیا۔

وہ پھر پھڑا بھی نا سکی۔

Posted On Kitab Nagri

ساحل شدت سے اسکے گلابی لبوں کا رس نچوڑتا اسے نڈھال کر گیا۔

اسکے نچلے لب کو ہونٹوں سے کھینچتے پیچھے ہوا تو وہ نڈھال سی اسکے کندھے پر سر گراتے گہری سانسیں لینے لگی۔

دل کر رہا ہے کھا جاؤں تمہیں۔اسکے عارض پر نرمی سے دانت گاڑھتے وہ گھمبیر تا سے بولا۔

رمشاء نے روہانسے ہوتے اسے دیکھا۔

خ۔خان پلیز۔کانپتے ہونٹوں سے سرگوشی کی۔

ساحل پھر سے اسکے کانپتے ہونٹوں پر جھکا زوردار بوسہ لیتے وہ جھٹکے سے پیچھے ہوا۔

کل تمہاری زرا سی بھی مزاحمت نہیں چلے گی رمشا ساحل خان۔

اسکے ماتھے پر لب رکھتے وہ گھمبیر تا سے کہتا تیزی سے کمرے سے نکلا تھا۔

پیچھے وہ دیوار سے ٹیک لگائے اپنی ابتر ہوتی دھڑکنیں درست کرنے لگی۔

افف اسکی زرا سی قربت اسکے حواس گم کر دیتی تھی جانے کل وہ کیسے سہے گی۔۔عارض پر ہوتی جلن محسوس کرتے ناک سکوڑتے سوچا تھا۔

💞💞💞

آبان جو سوئی ہوئی زمل کو سیٹ پر ٹھیک سے لٹاتا مڑا تھا حازق کی کال دیکھتے چونکا۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہوا۔۔؟ابھی تک گئے نہیں۔کال اٹینڈ کرتے حیرت سے پوچھا۔

تمہاری گاڑی میں جو دو پیسینجرز اور جانے والے تھے وہ جاچکی ہیں اس لیے اب تم بھی جاسکتے ہو یہی بتانے کے لئیے رکا تھا۔

وہ ایک پل کو سوچتا اچانک بولا۔

ایزل اور مرحا۔ آبان نے چونک کر پوچھا۔

ہاں۔۔یک لفظی جواب ایا۔

اسکے ہاں کہنے پر ساتھ بیٹھی ایزل جھٹپٹائی تھی جسکے دونوں ہاتھ اسکے ہاتھ میں تھے جبکہ منہ پر اسکا دوسرا ہاتھ تھا۔

وہ بلوٹوتھ کنیکیٹ کیے بات کر رہا تھا۔

کس کے ساتھ گئ ہیں وہ تو میرے ساتھ جانے والی تھیں۔وہ چونک کر بولا۔

مرحا اپنے شوہر کے ساتھ جبکہ ایزل اپنے شوہر کے ساتھ۔ وہ گاڑی کے شیشے سے اسے دیکھتا مسکراہٹ اچھالتا کہتا اسکی سنے بغیر کال کاٹ گیا۔

آبان نے دانت پیستے اسے گھورا تھا۔

پھر سر جھٹکتا گاڑی کی بیٹھتا گاڑی بھگا لے گیا۔

کچھ بھی ہو وہ دونوں اپنے شوہر کے ساتھ تھیں اس لیے وہ مطمئن تھا۔

Posted On Kitab Nagri

💞💞💞

اسکے منہ سے ہاتھ ہٹاتے بلوٹوتھ نکالتے سامنے رکھااور ایک مسکراتی نظر اس بپھری شیرنی پر ڈالی۔

ایزل اسکے منہ سے ہاتھ ہٹانے پر اپنی سانسیں بحال کرتی خون آشام نظروں سے اسے گھور رہی تھی۔

وہ تو بلکل نہیں جو تم مجھے خواب میں کرتے دیکھتی ہو۔۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

انوشے کا دل کیا زمین پھٹے اور وہ اسمیں سما جائے۔

کسی طرح بس وہ اسکی نظروں سے اوجھل ہو جائے۔

م۔میں آپکو نہیں کہہ رہی تھی مجھے لگا کوئی اور ہے۔۔ہڑبڑاہٹ میں جو منہ میں آیا بول گئ۔

کاشان کے ماتھے پر لیکروں کا جال سا بنا تھا۔

وہ دو قدم بڑھاتے اسکے قریب ہوا تو انوشے پیچھے کو کھسکی تھی۔

کاشان رکا نہیں وہ جیسے جیسے پیچھے بڑھتی جا رہی تھی وہ آگے بڑھاتا گیا کہ وہ دیوار سے لگ گئ۔

کوئی اور کون۔کسکی اتنی ہمت کہ تمہارے خواب میں آئے کجا کہ تمہارے ساتھ کوئی بے باکی کرے

۔۔اسکے اطراف میں ہاتھ رکھے وہ اسکی بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں جھانکا سپاٹ لہجے میں بولا۔

انوشے نے تھوک نگلا تھا اسکے انداز پر۔

Posted On Kitab Nagri

و۔و۔وہ۔۔لب تر کرتے کچھ کہنے کی کوشش کی لیکن بات نہیں بن پائی۔

ہم وہ۔۔؟ آئیبرو اچکاتے آگے بولنے کا کہا۔

انوشے نے بغور اسکی آنکھوں کی سرخی دیکھی۔

وہ کسی اور کا سنتے غصے ہو رہا تھا یعنی وہ جیلس ہو رہا تھا۔

اسکی شرارتی رگ پھڑکی۔

وہی جسکا رشتہ آیا ہے میرے لیئے۔۔اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے اعتماد سے کہا۔

اور کس کا رشتہ آیا ہے۔۔وہ ایک ایک لفظ چباتے بولا۔چہرے پر سرخی بڑھ رہی تھی۔

ہے ایک ہینڈسم سا لڑکا۔جو مجھے یہاں سے آپسے بہت دور لے جائے گا۔اچھا ہے نا آپ تو ویسے بھی میری شکل نہیں دیکھنا چاہتے۔۔وہ آنکھیں پٹپٹاتے معصومیت سے بولی۔

کاشان نے لب بھینچتے اسکا بازو پکڑتے اپنے قریب کیا۔

بہت شوق ہے مجھ سے دور جانے کا۔۔

جھٹکے سے اسکا بازو کمر سے لگاتے وہ اسکا رخ دیوار کی طرف کرتے غرایا تھا۔

ش۔شان۔۔وہ سہمی تھی۔

کاشان کی پکڑ اتنی مضبوط نہیں تھی کہ اسے ہرٹ ہوتا لیکن اتنی نرم بھی نہیں تھی کہ اسے محسوس نا ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بول بہت شوق ہے کسی اور کے خواب دیکھنے کا مجھ سے دور جانے کا ہاں۔۔وہ اسکے کان کے قریب غرایا تھا۔

اسکی سلگھتی سانسوں سے انوشے کو اپنی گردن جلتی محسوس ہوئی۔

اوپر سے اسکی غراہٹ سے اسے لگا جیسے کہ کان کا پردہ پھٹ گیا ہو۔

وہ سسک اٹھی۔

کاشان اسکی سسکی پر چونکا اسکا بازو چھوڑتے سیدھا کرتا دیوار سے لگا گیا۔

وہ سفید بازو پر سرخی دیکھتے شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھتی نظریں پھیر گئی۔

ادھر دیکھو۔۔کاشان نے حکم دیا تھا۔اسکے نظریں پھیرنے پر وہ جل ہی تو اٹھا تھا۔

انوشے چہرہ دائیں طرف کیے سامنے دیوار کو دیکھنے لگی۔

میری طرف دیکھو۔۔اسکا جبڑہ پکڑتے اسنے چہرہ اپنی طرف کیا۔

انوشے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھے اپنا جبڑہ چھڑوانے کی کوشش کرتے سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

یہ کونسا روپ تھا اسکا جو اسنے آج سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

مجھ سے دور جانا ہے۔۔اسکے چہرے کے قریب چہرہ کرتے سرد لہجے میں پوچھا۔

وہ پاگل ہی تو ہو گیا تھا اسکے دور جانے کا سنتے۔

انوشے نے تھوک نگلتے اسکی حد سے زیادہ سرخ ہوتی وحشت زدہ آنکھوں کو دیکھتے نفی میں سر ہلایا۔

Posted On Kitab Nagri

ن۔ نہیں جانا۔ٹوٹ کر لبوں سے الفاظ ادا ہوئے تھے۔

پھر کہاں جانا ہے۔۔وہ کچھ نرم پڑا۔

پ۔پاس ا۔انا۔۔وہ سہمے ہوئے لہجے بول۔

کاشان نے ائیبرو اچکایا تھا۔

انوشے اپنی ہی بات پر سٹپٹائی۔

وہ اسکا جبڑہ چھوڑے اب معنی خیز نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

تمہارے خوابوں میں تو تمہارے حد سے زیادہ پاس آچکا ہونگا اور کتنا پاس آنا ہے ہم۔۔وہ اسکے سر کے پیچھے ہاتھ رکھتا اسکا چہرہ اپنے قریب کیے گھمبیر تا سے بولا۔

انوشے کا چہرہ بھانپ چھوڑنے لگا۔عارض تپ اٹھے تھے۔پلکیں شرم سے جھکتی چلی گئیں۔ہونٹ کچھ کہنے کی کوشش کرتے کانپے تھے۔

وہ اسکی لرزتی پلکیں اور پھڑ پھڑاتے لبوں کی حرکت دیکھتا بے خود سا ہوا تھا۔

گلے میں گلٹی ابھر کر مدھم ہوئی۔

اس سے پہلے وہ بہک کر کوئی گستاخی کر جاتا اسے چھوڑتے تیزی سے پیچھے ہوتا وہ تیز قدموں سے اسکے کمرے سے نکلتا چلا گیا۔

انوشے سینے پر ہاتھ رکھے اپنی سانسیں بحال کرتی اپنے تپتے عارض سہلانے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

اپنی حالت سدھارنے کے بعد اسے کاشان کی بے چینیاں یاد آئی تو لبوں پر شرمیلی مسکراہٹ چھا گئ۔

💞💞💞

ایزل۔۔حازق نے تنبیہہ نظروں سے اسے دیکھا۔

ہم۔۔وہ اسکی بیرڈ پر مصروف سے انداز میں انگلیاں چلاتے آئیبرو آچکا گئ۔

حازق اسکے ٹانگیں اوپر کرتا اسے پوری طرح اپنی گود میں کرتا پھر سے کال میں مگن ہو گیا۔

ایزل نے خفگی سے اسے گھورا۔

حازق لیپٹاپ سامنے رکھے کان میں بلوٹوتھ لگائے کسی سے بات کر رہا تھا انکی باتیں کورڈورڈز میں تھی کہا ایزل کی سمجھ سے باہر تھیں۔

وہ لوگ کچھ دن پہلے ہی واپس آچکے تھے۔

حازق کافی دنوں سے بزی تھا وہاں سے ٹھیک سے ٹائم نہیں دے پا رہا تھا آج بھی اگر وہ گھر تھا تو لیپٹاپ پر ہی لگا ہوا تھا۔

ایزل نے تیکھی نظروں سے اسے گھورتے اسکی شرٹ کے پہلے دو بٹن کھولے۔

نظریں اٹھاتے اسے دیکھا وہ ہنوز مصروف تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ غصے سے اسے گھورتے اسکے سینے پر دانت گاڑھ گئ۔

حازق نے بے ساختہ لب بھینچے۔ جنگلی بلی کافی زور سے اسکے سینے پر ظلم کر رہی تھی۔

وہ جانتا تھا وہ اسکی توجہ چاہتی ہے پہلی بار وہ کام کی وجہ سے اسے ٹائم نہیں دے پا رہا تھا۔

وہ لیپٹاپ بند کرتا صوفے سے ٹیک لگائے سکون سے اسے دیکھنے لگا وہ اسکے سینے پر جگہ جگہ دانت گاڑھے اپنا غصہ اتار رہی تھی۔

اسکی پریگننسی کا تھرڈ منتھ چل رہا تھا۔ ایزل کو زیادہ موڈ سوینگز تو نہیں ہوتے تھے لیکن اسے کھانے پینے کی بہت کریوینگز ہوتی تھیں۔ کسی بھی وقت وہ کچھ بھی مانگ لیتی تو حازق کو اسے اسی وقت منگوا کے دینا پڑتا یا خود بنا دیتا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ایزل اسکے سینے پر نشان بناتی مطمئین ہوتی اسکے گردن کو لبوں سے چھونے لگی۔

حازق اسکی کمر سہلاتا گہری نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔

وہ اسکی شہ رگ پر دانت گاڑھتے اچھا خاصہ زخم دے گئ تھی۔

اپنے کام سے مطمئن ہوتے اسنے حازق کو دیکھا وہ گھمبیرتا سے اسے دیکھ رہا تھا۔

اسکی نظروں میں اپنی طلب محسوس کرتے وہ مسکراہٹ دبا گئ۔

چلو تم کام کرو میں کچھ اور کر لیتی ہوں تب تک۔ ایک زور دار انگڑائی لیتے وہ اسکی نظروں کو بہکتے محسوس کرتے فتح مندی سے مسکراتی اسکی گود سے اٹھی تھی۔

حازق گہری نظروں سے اسے دیکھتا اسکی ایک ایک حرکت نوٹ کر رہا تھا۔

وہ اسکی نظروں سے خائف ہوتی تیزی سے ڈریسینگ کی طرف بڑھی تھی۔

حازق بس اسے دیکھتا رہا کہ آخر وہ کرنا کیا چاہتی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ڈریسینگ روم کے دروازے پر نظریں جمائے ابھی سوچ رہا تھا کہ دروازہ کھولا اور وہ باہر ائی۔

حازق کی آنکھوں میں ہلکی سی سرخی پھیلی تھی۔

ایزل مسکراہٹ دبائے۔ آئینے کے سامنے ائی۔

اونائیس۔۔وہ خود کو دیکھتے ہونٹ گول کرتے ستائش سے بولی۔

اسنے ڈارک بلڈ ریڈ کلر کی سلک کی ساڑھی پہنی تھی جو کچھ دن پہلے ہی حازق نے اسے دلائی تھی۔

مینے سوچا ٹرائے کرلوں کیسی لگتی ہے۔اچھی لگ رہی ہے نا۔۔ہونٹوں پر لپسٹک کی گہری تہہ لگاتے وہ آنکھیں پٹپٹاتے آئینے میں اسے دیکھتے بولی۔

حازق منہ ہاتھ کی مٹھی جمائے اسے دیکھتا رہا آنکھوں کی سرخی بڑھتی جا رہی تھی۔

میر میری پکس تو کلک کر دو کچھ۔۔

وہ مڑتے اسے دیکھتے بولی۔

وہ سراپا قیامت لگ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکی ساڑھی سے واضح ہوتی برہنہ کمر اور اس پر چمکتی بیلی چین دیکھتے وہ بہکا تھا۔

ایزل کن اکھیوں سے اسے دیکھتے اپنے بال جھٹکتے ایک سائیڈ پر کیے تھے۔

اسکا بلاؤز بیک لیس تھا صرف دو ڈوریاں تھی جو پورا بلاؤز کیری کیے ہوئے تھیں۔

وہ مرر میں ہر اینگل سے خود کو دیکھتی مختلف پوز بنا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق اسے خود کو یوں دیکھنے پر پاگل ہوتا جھٹکے سے اٹھا تھا۔

مجھ سے پوچھو کیا بتانا ہے میں ہر زاویے اور اینگل سے تمہیں بتاؤں گا کہاں سے کیسی لگتی ہو۔وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اسکے بالوں میں چہرہ چھپائے گہری سانس کھینچتا گھمبیر تا سے بولا۔

ایزل نے فتح مند نظروں سے اسے دیکھا۔

نہیں میں خود دیکھ لوں گی۔اسکے حصار میں گھومتی وہ چہرہ اسکے مقابل کرتی اسکے سینے پر ہاتھ رکھے پیچھے کرتی بولی۔

ساڑھی کا پلو کندھے پر ڈالتے وہ اپنی بیلی چین سے چھیڑ خانی کرنے لگی۔

مقصد اسے تڑپانا تھا جیسے اسنے اگنور کیا تھا اسے تڑپا کر وہ خود سکون سے سونا چاہتی تھی لیکن شائید وہ ابھی تک اپنے جنونی شوہر کو جان نہیں پائی تھی۔

حازق نے آنکھوں میں خمار کی سرخی لیے اسکی بیک پر ٹکی ڈوریاں جھٹکے سے کھول دیں۔ساتھ ہی اسکے کندھے پر رکھا پلو نیچے گرایا تھا۔

وہ پل میں اسکی حالت بگاڑ گیا۔

ایزل نے بوکھلاتے اسے دیکھا۔

میر تم۔۔وہ کچھ کہتی کہ حازق اسکے ہاتھ اسکی کمر پر موڑتا اسکے سرخ ہونٹوں پر جھک گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل اپنی چال خود پر پڑتی محسوس کرتی روہانسی ہوئ تھی۔ اسنے تو سوچا تھا کہ وہ جلدی سے ڈریسینگ روم میں بھاگ جائے گی۔

حازق اسکے لبوں کی سرخی چنتا اپنی شدت سے سرخ کرتا نرمی سے اسکے لب دانتوں تلے دبا گیا۔

ایزل لب آزاد ہونے پر گہری سانسیں لیتی اپنی سانس بحال کرنے لگی۔

پیچھے ہٹو جاؤ اب بھی بزی رہو۔ خفگی سے کہتے اپنے ہاتھ آزاد کرانے چاہے۔

آہاں اپنی اتنی ہوٹ بیوی کو چھوڑ کر کام کروں۔ بیوی وہ بھی جو خود میری توجہ چاہتی ہے۔۔ وہ بے باکی سے اسکی کمر پر ہاتھ چلاتا خمار آلودہ لہجے میں بولا۔

ایزل جھنپی تھی۔

ن۔ نہیں تو میں تو نہیں چاہتی۔۔ ناک سکوڑتے کہا۔

لیکن مینے تو جان لیا۔۔ وہ اسکی نتھلی پر لب رکھتا بولا۔

ایزل لب دبائے اسے دیکھنے لگی۔

حازق دیوانہ وار اسکے چہرے پر لب رکھتا اسکی گردن کو دیوانوں کی طرح چومتے اسکی خوشبو خود میں اتارنے لگا۔

کچھ ہی پل میں وہ اسکی شفاف گردن کو اپنے شدتوں سے نیلا کر چکا تھا۔

ایزل بکھری سانسوں اور گلابی آنکھوں سے اسے دیکھتے گہری سانسیں بھر رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حازق اسکی ڈھرکنوں کو بے باک سے چھوتا اسے مچلنے پر مجبور کر گیا۔

میر۔۔۔وہ تڑپ کر اسکے بالوں میں انگلیاں پھنسائے اسکا چہرہ اوپر اٹھانے لگی۔

حازق اسکی ڈھرکنوں کو آزاد کرتا گھٹنہ ٹکاتے نیچے بیٹھا تھا۔

اسکے برہنہ پیٹ کو نرمی سے چومتے وہ اسکے تل کو پنے ہونٹوں میں دبا گیا۔

ایزل سسک کر رہ گئ۔

حازق اسے اٹھاتا بیڈ پر لے ایا۔

اسکے پھولوں سے وجود کو بیڈ پر منتقل کرتے وہ شدت سے اس میں سمایا تھا۔

ایزل اسکے کندھے پر دانت گاڑھے اپنی سسکیاں روک گئ۔

حازق اسکا چہرہ اپنی گردن سے نکالتا اسکے ہونٹوں کو قید کرتا اپنی شدت میں اضافہ کرتا چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میر ر۔۔وہ روہانسی ہوتی اسے دیکھنے لگی۔

اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا کسے کہتے ہیں آج ایزل کو پتہ چلا تھا۔

ہم۔۔وہ کندھوں کو چومتا اسے دیکھنے لگا۔

میں تھک گئ ہوں۔۔بے چارگی سے اسے دیکھا۔

وہ پچھلے دو گھنٹوں سے مستقل اسکی شدتوں سے نڈھال ہو چکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق اسکی بات سنتا کروٹ بدلتا اسے اپنے سینے کر گیا۔

اتنی جلدی ابھی تو مینے ٹھیک سے توجہ دی ہی نہیں۔اسکے ماتھے پر لب رکھتے اسے چھیڑا۔

ایزل نے اسکے سینے پر مکہ جھڑا۔مینے اس توجہ کی بات نہیں کی تھی۔

نروٹھے پن سے کہا۔

پھر کیسی توجہ چاہیئے جنگلی بلی۔۔وہ اسکے بال سہلاتا نرمی سے بولا۔

لانگ ڈرائیو پر چلیں۔۔وہ جھٹ سے بولی۔

اوکے۔۔وہ مان گیا۔

تم شاور لے کر تیار ہو جاؤ میں تمہارے لیئے کچھ کھانے کو لے کر آتا ہوں۔۔

وہ اسکا ماتھا چومتے اسے واشروم میں اتارتا اپنی شرٹ پہنتا باہر کی طرف بڑھ گیا۔

ایزل اسکے آنے پر شاور لے کو تیار ہو چکی تھی۔

تم یہ فنش کرو میں آتا ہوں۔۔وہ اسکے سامنے سینڈوچ کرتا خود واشروم میں بند ہوا تھا۔

جب تک وہ شاور لے کر آیا ایزل سینڈوچ ختم کر چکی تھی۔

چلیں۔۔ٹشو سے ہونٹ تھپتھاتے کہا۔

ہم چلو۔۔وہ گیلے بالوں میں ہاتھ چلاتا گاڑی کی چابیاں اٹھاتے اسے خود سے لگائے باہر آگیا۔

وہ جہاں کہتی رہی وہ اسے لے گیا اسے ڈھیر ساری شاپنگ کرواتے دونوں نے ڈنر بھی باہر ہی کیا۔

Posted On Kitab Nagri

رات کے نو بجے تک وہ لوگ واپس گھر آئے تھے۔ایزل تو آتے ہی ایسے سوئے جیسے کھیتی کر کے ائی۔

لیکن حازق اسے سلا کے دوبارہ سے کام میں مگن ہو گیا۔اج کل وہ لوگ ایک امپورٹنٹ مشن پر کام کر رہے تھے جسکی وجہ سے وہ دن بادن مصروف ہوتا جارہا تھا لیکن پھر بھی ایزل کے لئیے وقت نکال لیتا۔

اب جیسے جیسے اسکی پریگننسی کے منتھس بڑھ رہے تھے اسے اسکی کیئر کی زیادہ ضرورت تھی اس لیے وہ چاہتا تھا کہ اس کیس پر کام ختم کر کے وہ کچھ دنوں کا ریلیف لے لے۔

اسے کام کرتے گیارہ ہو گئے تھے۔

اسنے ایک نظر سکون سے سوئی ایزل کو دیکھا ساری تھکان لمحوں میں غائب ہوتی محسوس ہوئی۔

شرٹ اتارتے صوفے پر پھینکتے وہ بیڈ پر آیا تھا۔

اسے اپنے سینے پر کرتے خود میں بھینچتے وہ دونوں پر بلینکیٹ ٹھیک کرتا آنکھیں موند گیا۔

ایزل ہلکا سا کسمسای لیکن پھر اسکی گردن میں چہرہ چھپائے دوبارہ سو گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سوات کی سڑکوں پر ہڈیوں کو منجمد کر دینے والی سردی میں میں شرٹ پر صرف ایک ہڈی پہنے اطمنان سے چل رہا تھا۔

اسکے پاؤں میں پہنے جوگرز سے سڑک پر کھردری سی آواز پیدا ہو رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اس پاس لوگ ناہونے کے برابر تھے ابھی صرف رات کے آٹھ بجے تھے اور سردی اپنے عروج پر تھی ہر طرف دھند سی چھا گئ تھی۔

لوگ تو سر شام ہی اپنے گھروں میں بند ہو جاتے لیکن ایک وہ تھا جسے کوئ فرق ہیں پڑ رہا تھا۔

وہ ہڈی کی جیبوں میں ہاتھ ڈالتے ہلکا ہلکا گنگناتے جا رہا ہے۔

اسکے لبوں سے نکلتے لفظ اتنے واضح نہیں تھے کہ دوسروں کو سنائ دیتے لیکن وہ خود بار بار وہی الفاظ دہرا رہا تھا۔

    اوجھلیا کر لے تو تیاری کل حساب ہے

      تجھ کو عملوں کا دینا، اب جواب ہے

گنگناتے ہوئے اسکے کانوں میں کسی کی سسکیاں گونجی تو۔انکھیں گہرے قرب میں ڈوب گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

دنیا میں کیا باقی رہا،

      کیوں جانے خواہشیں کرے تو دل لگی کی

اس بار گنگناتے نظروں کے سامنے کسی کا کھکھلاتا چہرہ لہرایا تو لبوں پر مسکراہٹ چھا گئی۔

سن سائیاں

Posted On Kitab Nagri

تیرے

عشق دیاں خیراں منگیاں

انوشے کی آنکھوں میں کسی کا لہراتا عکس یاد کرتے اسکے لب گنگنائے تھے۔

وہ سوات کی بھیگی سڑکوں پر یہی لائینز دہراتا آگے بڑھاتا جا رہا تھا۔

پچھلے چار ماہ سے کسی ایک ٹھکانے پر نا تھا۔وہ خود کی تلاش میں نکلا تھا۔

اپنی نادانیوں اور پچھتاوں کے گہرے ناگ اسے اندر ہی اندر دستے کھوکھلا کر رہے تھے۔

وہ کتنی ہی بار تو معافی مانگ چکا تھا ازالہ کر چکا تھا۔

شائید اسکی معافی بھی قبول ہو چکی تھی کیونکہ اسے اب نماز میں سکون محسوس ہوتا تھا وہ بے چینی سے نہیں ہوتی تھی جو اسے شروع شروع میں ہوئی تھی۔

وہ آگے بڑھ چکا تھا لیکن پھر بھی ایک کسک سی باقی رہ گئی تھی۔

ایک خالی پن سا، ادھوری سی محبت تھی جو باقی تھی لیکن عنقریب وہ بھی ختم ہونے والی تھی کیونکہ وہ رب لینا جانتا ہے تو دینا بھی اس سے بڑھ کر جانتا ہے۔

اور آج اسے نوازنے کا یا پھر آج شائید اسکی آزمائش کا ایک اور دن تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ چلتے چلتے کافی دور آ چکا تھا۔

ہوش تو تب آیا جب پیر کو ٹھوکر لگی اور ساتھ ہی کسی صنف نازک کی چیخ سنائی دی۔

وہ حیرت سے اس پاس جگہ کو دیکھنے لگا وہ بے خیالی میں چلتے چلتے کہاں پہنچ گیا تھا۔

لیکن ایک بار پھر سے گونجتی صنف نازک کی چیخ اسکے اعصاب جھنجھوڑ گئ تھی۔

وہ چیخ کوئ عام چیخ تو نا تھا، دل دہلا دینے والی آہو پکار سے لرزتی کوئ چیخ تھی۔

ایک پل کو تو اسکا دل بھی کانپا تھا اس پکار کو سنتے۔

وہ آواز کی سمت بڑھا۔

آگے کافی گہرائ تھی پہاڑوں کے بیچ بیچ کوئ جھاڑیاں سی تھیں۔

وہ جیسے جیسے آگے بڑھتا گیا اسے آواز نزدیک سے نزدیک سنائ دینے لگی۔

پانچ منٹ بعد ہی اسے اپنے قریب کسی کی لرزتی سی آواز سنائ دی تھی کہ ابراہیم کے رونگٹے کھڑے ہوئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اللہ کا واسطہ ہے چھوڑ دو مجھے۔

یا اللہ تجھے تیرے محبوب کا واسطہ مجھے بچا لے ان درندوں سے۔

وہ صرف پکار نہیں تھی وہ فریاد بھی نہیں تھی وہ ابراہیم کے لیئے آزمائش تھی، اسکا امتحان تھا۔

Posted On Kitab Nagri

رب نے آج اسکا امتحان ختم کرنے کے لیئے وہ راستہ چنا تھا کہ جو اسے ساری زندگی کے لیئے اندھیرے میں ڈوبے ماضی سے دور لے جاتا۔

اسنے سانس روکتے قدموں کی چاپ بھی ساکت کی۔

وہ سانس روکے آہستہ سے جھاڑیوں کے بیچ آیا۔

ساتھ ہی اپنے موبائل کی ٹارچ بھی اون کی تھی۔

کون ہے۔۔ غراہٹ نما سی آواز سنائی دی لیکن اس بار اسکے چہرے پر ڈر یا گھبراہٹ نہیں تھی وہ پل میں معاملہ سمجھ چکا تھا۔

چہرے پر قہر لیے وہ جھاڑیاں ہٹاتا مکمل اندر آگیا۔

ایکے اسکی آنکھیں پھٹی تھیں۔

جھاڑیاں تو شائید صرف دکھانے کے لیئے تھی جبکہ انکے پیچھے جیسے ایک گھر کا سا سماں تھا۔

اس پاس چارپائیاں رکھی ہوئی تھی جبکہ روشنی کے لیئے پرانے زمانوں کی طرح شمع جل رہی تھیں۔

چارپائیوں پر شراب کی بوتلزں،ڈرگز،انجیکشنز جیسی چیزیں بکھری ہوئی تھیں۔

اسے کسی کی سسکیوں کی آواز سنائی دی۔

اسکی نظریں تیزی سے گومیں۔

Posted On Kitab Nagri

اور اسے احساس ہوا کہ مرد واقعی کتا ہے۔۔اسے بے ساختہ اپنے مرد ہونے پر بھی شرمندگی ہوئی تھی

۔

وہ ایک صنف نازک تھی اور تین درندوں نے اسے پکڑ رکھا تھا۔

وہ نیم برہنہ تھی۔زمین پر کسی لاش کی مانند تڑپتی اپنی عزت کے لئیے بھیک مانگ رہی تھی۔

وہ کرب سے آنکھیں مینچ گیا۔

ابراہیم کو دیکھتے اسکی آنکھوں میں ایک امید سی دوڑی تھی۔

وہیں وہ تین نشے میں دھدلفنگے ناگواری سے اسے دیکھتے اسکی طرف آئے۔

کیا چاہیئے۔۔ایک نے کڑی نظروں سے اسے دیکھا۔

ابراہیم نے سرد نظروں سے ان تینوں کو دیکھا اور دو قدم پیچھے ہوا۔

اپنی ہڈی اتارتے اسنے ہاتھ میں پکڑی اور پھر قدم پیچھے ہوا۔

یہاں تک کے وہ چارپائی کے قریب پہنچ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسنے نامحسوس انداز میں پیچھے پڑی ایک بوتل اٹھائی اور ان تینوں کو سمجھنے کا موقع دیئے بغیر تیزی سے انکی طرف بڑھا اور پہلے کھڑے آدمی کے سر پہ دے ماری اسنے یہ اتنی تیزی سے کیا تھا کہ وہ سمجھ ہی نہیں پائی۔

وہ نشے میں دھت آدمی اسکے ایک ہی وار سے زمیں بوس ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

زمین پر خون ہی خون ہوتا چلا گیا۔

باقی دونوں آدمیوں نے قہر برساتی نظروں سے اسے دیکھا اور اسکی طرف لپکے۔

ابراہیم انکے نیم برہنہ وجود کو دیکھتے اشتعال میں آیا تھا۔

وہ بھی تیز قدموں سے انکی طرف لپکا۔

لیکن اس سے پہلے ہاتھ میں پکڑی ہڈی اس لڑکی کے قریب زمین پر پھینکی تھی۔

وہ لڑکی جو سہمی ہراساں نظروں سے انہیں دیکھ رہی تھی چونک کو اس ہڈی کو دیکھتے کسی قیمتی متاع کی طرف اٹھاتے اسنے چوم کر اسے اپنے تن پہ پہنا تھا۔

وہ اسکی عزت کے رکھوالے کی امانت تھی عقیدت تو بنتی تھی۔

ابراہیم اب شرٹ کے بٹن کھولتا آستینیں چڑھا رہا تھا۔

اتنی شدید ٹھنڈ میں بھی اسکا وجود تپ اٹھا تھا یہاں تک کہ مساموں سے بھی پسینہ نکل آیا تھا۔

اسنے آگے بڑھتے وہ آدھی کانچ کی ٹوٹی بوتل دوسرے آدمی کے پیٹ میں دے ماری جبکہ تیسرے کی ٹانگ پر پاؤں سے وار کیا تھا۔

وہ دونوں غراتے گرے تھے۔

ابراہیم نے پھر انہیں اٹھنے کا موقع نہیں دیا اسنے ان تینوں کی حالت آدھ موا کر دی تھی یہاں تک کہ وہ بے ہوش ہو چکے تھے وہ پھر بھی نہیں رکا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لڑکی درخت کے سہارے بیٹھی منہ پر ہاتھ رکھے اسکے جنون کو دیکھ رہی تھی جبکہ اسکی اگلی حرکت پر اسکی آنکھیں ضرورت سے زیادہ پھیلی تھیں۔

اسکے لبوں سے فلک شفاف چیخیں نکلی تھیں۔

ابراہیم نے انہیں مارا نہیں تھا لیکن مر درہنے کے قابل بھی نہیں چھوڑا تھا۔

وہ صنف نازک اسکی اس قدر بے رحمی پر پل میں ہوش وحواس سے بیگانہ ہوئی تھی۔

ابراہیم نے کچھ گرنے کی آواز پر چونک کر پیچھے دیکھا۔

شٹ۔۔وہ تو اسے بھول ہی گیا تھا۔

لب کاٹتے اسنے زمین پر بے ہوش پڑے اس وجود کو دیکھا۔

اب کیا کروں۔۔وہ اپنی کنپٹی سہلاتے اسے دیکھتا سوچ رہا تھا۔

اسے یہاں تو چھوڑ کر نہیں جا سکتا تھا مجبوراً وہ آگے بڑھتا اپنی ہڈی میں ملبوس اس نازک وجود کو بازوں میں اٹھا گیا۔

اسکے ہاتھ کی پشت سے خون نکل رہا تھا لیکن اسے پرواہ نہیں تھی۔

وہ وجود شائید کچھ زیادہ ہی نازک تھا کہ ابراہیم کو اسکا وزن محسوس نہیں ہوا۔ وہ جم جانے والا بندہ ضرور تھا لیکن پھر بھی اتنا کم وزن بھی کسی کا نہیں ہوتا۔

وہ سوچ کر رہ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اسے لگ رہا تھا جیسے اسنے کسی بچی کو اٹھایا ہوا ہو۔

شائید یہ پتے کھاتی ہو گی۔

بڑبڑاتے وہ اسے لیے سڑک پر نکل ایا۔

یخ ٹھنڈی ہوا اسے اپنی ہڈیوں میں گھستی محسوس ہوئ۔ہاتھوں اور چہرے پر جو ہلکی خراشیں آئ تھیں وہ جل اٹھی تھیں۔

وہ لب بھینچ گیا۔

وہ اسے لیے سیدھا چلتا گیا جس راستے وہ آیا تھا۔

تقریباً پینتالیس منٹ بعد اسے اپنا اپارٹمنٹ نظر آیا جو کہ اسکے دوست کا تھا لیکن وہ خود یہاں نہیں تھا۔

وہ آس پاس سنبھال کر دیکھتا اپارٹمنٹ ان لاک کرتا اندر آیا تھا۔

سیڑھیاں چڑھتا اسے اپنے بیڈ روم میں لے ایا۔

اسے بیڈ پر لٹاتے اسکی ہڈی جو اس نازک وجود کے گھٹنوں تک آرہی تھی سرکی تھی وہ نظریں چراتا اسے بیڈ پر لٹاتا بلینکیٹ اسکے اوپر کر گیا۔

ڈاکٹر کو بلاوں کیا۔۔اسکے چہرے پر تھپڑوں کے نشان دیکھتے وہ اپنی ہلکی بئیرڈ کھجاتا سوچنے لگا۔

لیکن اس وقت ڈاکٹر کہاں ملے گا کافی ٹائم ہو گیا تھا۔

وہ کچھ سوچتا باہر چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد وہ واپس آیا تو اسکے ہاتھ میں پانی کا باول اور سفید پٹیاں تھیں۔

وہ چیئر کھینچتا اسکے قریب بیٹھا تھا۔

پٹیاں پانی میں بھگوتے وہ اچھے سے نچوڑتے آہستہ سے اسکا چہرہ صاف کرنے لگا چہرے پر گرم پانی پڑتے وہ ہلکا سا کسمسائی۔

ابراہیم ہاتھ وہیں روک گیا۔

لیکن اعصاب شائید بہت بھاری تھے کہ وہ ہوش میں نہیں ائی۔

وہ نرمی سے اسکا چہرہ صاف کرتا دوسری پٹی پانی میں بھگونے لگا اسنے یونہی پٹی نچوڑتے اسکے چہرے کی طرف دیکھا اسے اپنی دنیا رکتی سی محسوس ہوئی۔

سفید میدے جیسی رنگت آنکھوں پر خم دار مڑی ہوئی لمبی گھنی پلکوں کا سایہ تھا پھولے پھولے سے گلابی عارض جن پر تھپڑوں کے نشان ابھی تک واضح ہو رہے تھے۔ بھرے بھرے عنابی لب نچلہ لب جو کہ بائیں طرف سے پھٹ چکا تھا جو اسے اور پر کشش بنا رہا تھا۔۔ وہ اسکے پریوں سے حسن سے نظریں چرا گیا۔

پل میں سمجھ گیا تھا کہ وہ ان پہاڑوں میں رہنے والی پٹھانی ہے۔۔

نچلہ لب دباتے وہ اسکے شفاف پیشانی پر لگی خراشوں پر جمے خون کو نرمی سے صاف کرنے لگا۔

سسی۔۔وہ غنودگی میں بھی سسکی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ابر ہیم ہاتھ روکے اسکی لرزتی پلکوں کو دیکھنے لگا۔

وہ ہوش میں نہیں ائی لیکن لبوں سے ہلکی ہلکی سسکیاں بر آمد ہوئی تھیں۔

وہ بے چین ہو اٹھا۔

پٹیاں رکھتے وہ فرسٹ ایڈ باکس ڈھونڈنے لگا۔

آخر کار کبڈ میں اسے فرسٹ ایڈ باکس مل گیا۔

وہ باکس لیے اسکے قریب آ بیٹھا۔

اسکے چہرے پر تکلیف کے تاثرات دیکھتے وہ بہت نرمی سے اسکی بینڈج کرنے لگا۔

عارض پر چھپے انگلیوں کے نشانات پر ٹیوب لگاتے وہ سختی سے لب بھینچ گیا۔دل کیا وہ آدمی پھر سے اسکے سامنے آئے تو وہ اسکے چیتھڑے اڑا ڈالے۔

کم تو وہ کر کے نہیں آیا تھا لیکن پھر بھی اسکا دل نہیں بھر رہا تھا۔

بینیڈج کرتے وہ کمرے سے ہی باہر نکل گیا۔

اسکے بعد وہ ساری رات کمرے میں نہیں آیا بلکہ لاؤنج میں بیٹھے سگریٹ سے اپنی جان ہلکان کرتا رہا۔

چڑیوں کی چہچہاہٹ روشن دار سے آتی دھوپ کی کڑی روشنی سے اسکی آنکھوں کھل گئ۔

وہ کسمساتے اٹھ بیٹھا۔

Posted On Kitab Nagri

رات پتہ نہیں وہ کب صوفے پر ہی سو گیا تھا۔

آنکھیں مسلتے اسنے اوپر کمرے کی طرف دیکھا۔

پتہ نہیں وہ ہوش میں آئی ہو گی کہ نہیں۔۔لب دباتے سوچا۔

وہ نیچے والے ایک کمرے میں فریش ہوتے کچن میں اپنے لیے کافی بنانے کے بعد پر سوچ نظروں سے اوپر والے کمرے کو دیکھتا کافی کے سپ لے رہا تھا۔

کافی ختم کرتے وہ جھنجھلاتے ہوئے آخر سیڑھیوں کی طرف بڑھ گیا۔

آہستہ سے دروازہ کھولتا اندر آیا۔

جیسے ہی وہ اندر آیا دروازے کے پیچھے چھپے کھڑے وجود نے ہاتھ میں پکڑا واس اسکی پشت پہ دے مارا۔

وہ کراہ کر دہرا ہوا تھا۔پلٹ کر بے یقینی سے اس نازک وجود کو دیکھا۔

وہ منہ پر دونوں ہاتھ جمائے سمندری جیسی گہری نیلی آنکھوں میں خوف لیے چہرہ پر ہراساں تاثرات اور وہشت پھیلائے اسے ٹکر ٹکر دیکھ رہی تھی۔

نازک وجود شدت سے کانپ رہا تھا۔وہ تھر تھر کانپنے رہی تھی۔

ابراہیم دائیں کندھے پر ہاتھ رکھے لب بھینچے گلابی ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

س۔س۔سو۔ری۔م۔میں۔۔وہ خوفزدہ کانپتے لہجے میں بولتے دیوار میں سمانے کی کوشش کر رہی تھی

۔

Posted On Kitab Nagri

ریلیکس۔۔ریلکس میں کچھ نہیں کر رہا۔۔وہ پیچھے کو قدم لیتا نرمی سے بولا۔

ریلیکس رہو میں تمہیں نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔

وہ اس سے قدرے فاصلے پر ہو تا نرم لہجے میں بول رہا تھا۔

وہ ہنوز چہرے پر ہراساں تاثرات لیے اسے بے یقینی سے دیکھ رہی تھی۔

مینے تمہیں ان لوگوں سے بچایا تھا۔بینڈیج بھی کی ہے اور یہ ہڈی بھی میری ہی ہے۔ٹرسٹ می۔۔وہ اسے تھر تھر کانپتے دیکھ بولا۔

نیلی آنکھیں اس پر سے ہٹتے اپنے وجود پر گئ وہ خود میں سمٹ گئ۔

ہڈی اسے گھٹنوں تک چھپائے ہوئے تھی اسکی پنڈلیوں سے پلازو پھٹ چکا تھا۔

ابراہیم اسکا چہرہ دیکھتا آہستہ سے کبڈ کی طرف بڑھا۔

وہ ہراساں ہو کر بیڈ کی طرف بھاگی تھی۔

وہ ایک پل کو رکا پھر سر جھٹکتا کبڈ سے اپنا ایک ٹراوز اور شرٹ نکالتا اسکی طرف مڑا۔

فلحال یہی ہیں یہ پہن لو۔میں باہر جا رہا ہوں۔وہ نرمی سے کہتا کپڑے صوفے پر رکھتا باہر چلا گیا۔

وہ کتنی ہی دیر اس بند دروازے کو دیکھتی رہی پھر ڈرتے ڈرتے قدم اٹھاتے صوفے پر رکھے کپڑوں کی طرف بڑھی کپڑے لیتے وہ پھیلی آنکھوں سے ہر طرف کا جائزہ لینے لگی کچھ حوصلہ ہوا تو باتھ روم کی طرف بڑھ گئ۔

Posted On Kitab Nagri

شاور لیتے دماغ کچھ ٹھنڈا ہوا تو خود پر بیتی داستاں یاد آنے لگی۔اپنے وجود پر ان درندوں کے درندگی کے نشانات دیکھتے وہ چیخ چیخ کر رو دی۔

ابرہیم نے اسکی عزت لوٹنے سے بچا لیا تھا اسے لیکن یہ زخم اسے وہ درد دے گئے تھے جو ساری عمر نہیں بھر سکتے تھے۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنی گردن اور بازوں کو ناخنوں سے نوچتی وحشی ہو رہی تھی۔

رو رو کر وہ نڈھال ہو چکی تھی۔ آنسو بھی جیسے سوکھ چکے تو وہ چینج کرتے باہر آگئ۔

ٹراوزر شرٹ اسے کافی کھلا تھا۔

شرٹ تو پھر بھی قابلِ قبول تھی کھلی تھی لیکن اسکے گھٹنوں تک تھی لیکن ٹراوز وہ تو بہت بڑا تھا کے اسکے پاؤں ہی نظر نہیں آرہے تھے۔اسنے نیچے سے پاونچے کافی حد تک فولڈ کیے تو کچھ قابل ہوا تھا۔

وہ ہراساں نظروں سے اس پاس دیکھنے لگی تبھی کمرے کا دروازہ نوک ہوا۔

اسکی مدھم چیخ نکلی تھی۔

منہ پر ہاتھ رکھے وہ دروازے کو دیکھنے لگی جہاں سے پھر سے وہی وجود اندر آیا تھا۔

وہ سمٹ کر بیڈ کے کونے پر ہوئ تھی۔

کھانا لایا تھا تمہارے لیے۔۔وہ ایک نظر اسے دیکھتا نظریں جھکا تا بیڈ پر ٹرے رکھتا خود پیچھے ہو گیا۔

دیکھو میں جانتا ہوں جو کچھ ہوا اسکے بعد کسی پر بھروسہ کرنے تمہارے لیے ممکن نہیں لیکن یقین رکھو میرے گھر بھی بہنیں ہیں۔۔وہ اسے دیکھے بغیر نرمی سے بولا۔

پلیز یہ کھالو تمہیں اسکی ضرورت ہے۔وہ اسے کانپتے دیکھ کمرے کا ہیٹر اون کرتا کھانے کی طرف اشارہ کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھ پر بھروسہ کر سکتی ہو میں تمہیں تمہارے محافظوں کے پاس چھوڑ آؤں گا۔۔وہ یقین دلانے کے انداز میں بولا۔

وہ کتنی ہی دیر اسے سہمی نظروں سے دیکھتی رہی پھر کھانے کی ٹرے اپنی طرف کھسکاتے دودھ کا گلاس لبوں سے لگا گئ۔

دودھ پیتے اسنے ساتھ رکھا پاستہ اٹھاتے کھانا شروع کیا تو جیسے وہ اسے بھول ہی گئ۔شائید وہ کئ دنوں سے بھوکی تھی۔

اور چاہئیے۔اسے سارا ختم کرتے دیکھ اسنے نرمی سے پوچھا۔

وہ نفی میں سر ہلا گئ۔

نام کیا تمہارا۔۔وہ کچھ دیر بعد بولا۔۔

ز۔زر۔زرقہ۔۔ٹوٹتے لفظوں سے کہا۔

میں یہ نہیں پوچھوں گا۔وہاں کیسے پہنچی اور کیوں پہنچی تم مجھے اپنے گھر کا پتہ بتاو میں تمہیں وہاں چھوڑ آتا ہوں۔

وہ اسے دیکھتے بولا۔

جبکہ وہ جو سر جھکائے سن رہی تھی سر اٹھاتے تیزی سے نفی میں سر ہلایا۔

کیا ہوا تمہارا کوئ گھر نہیں ہے۔۔وہ تعجب سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

ہے۔۔ل۔لی۔کن لالا۔۔وہ اتنا کہتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

وہ مجھے اب کبھی گھر میں نہیں رکھے گیں وہ مجھے دیکھتے ہی گولی مار دیں گے۔پلیز مجھے مار دیں اپنے مجھے انسے بچالیا لیکن میرا وجود آپ چاروں کے سامنے عیاں ہو گیا ساری زندگی جس پردے میں رہی وہی پردہ ان ظالموں نے پل میں گرا دیا۔میں یہ زلت برداشت نہیں کر سکتی۔لالا مجھے مار ڈالیں گے وہ اب بھی مجھے گھر میں نہیں آنے دیں گے۔وہ بولنے پر آئی تو بولتی چلی گئی۔

ابراہیم ششدر رہ سا اسے دیکھتا رہ گیا۔

اسنے سن رکھا تھا خان مردوں کے بارے میں کہ وہ کتنے سخت ہوتے ہیں بہن بیٹیوں کے بارے میں تو وہ ایک لفظ برادشت نہیں کرتے کجا کہ ساری رات گھر سے باہر رہے تو وہ کیسے برداشت کر سکیں گے۔

وہ سمجھ چکا تھا یہ معاشرہ ایک لڑکی کو رات گھر سے باہر لاپتہ ہونے پر کبھی قبول نہیں کرتا۔

وہ گہری سانس چھوڑتا تاسف سے اسے دیکھنے لگا۔

جیسا تم سوچ رہی ہو ویسا کچھ نہیں ہو گا۔تمہارا بھائی ہے تم انہیں سب سچ بتا دینا یقیناً اسکے بعد وہ تمہاری بے گناہی جان جائیں گے۔۔وہ گلا کھنکھارتے بولا۔

زرقہ نے تلخی سے اسے دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ میرے لالا ہیں۔ غیرت والے اپنے قبیلے کے سب سے بے رحم سردار وہ میرے ٹکرے ٹکرے کرتے چیل کوؤں کو کھلا دیں گے لیکن مجھے قبول نہیں کریں گے۔بلکہ اب تک تو وہ سارے قبیلے میں میرے مرنے کا علان کر چکے ہونگے۔۔وہ سینے پر انگلی رکھتے ایک ایک لفظ چباتے بولی تھی۔

ابراہیم کی آنکھوں میں گہرا رنج اترا تھا۔

پھر تم کہاں جاؤ گی۔وہ بے ساختہ بولا۔

م۔میں کہاں جاؤں گی۔ مم۔میرا تو کوئی گھر ہی نہیں میں تو بے آسرا ہوں۔کاش مورے بابا مرتے ہوئے مجھے بھی ساتھ لے جاتے مجھے کیوں اس بے رحم دنیا کے سہارے چھوڑ دیا۔

وہ گھٹنوں میں سر دیئے لرزتی آواز میں بولی۔

اسکی آواز میں اتنا درد تھا کہ ابراہیم کا دل کانپ اٹھا۔

میں جی کر کیا کروں گی م۔مجھے مر جانا چاہیے ہاں م۔میں مر جاؤں گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔

م۔مجھے مرنا ہے۔۔وہ وحشت زدہ سی ادھر ادھر دیکھتے بڑبڑائی تھی۔

ابراہیم اسکے ارادے جانتا تیزی سے اسکی طرف بڑھا لیکن وہ تب تک سامنا پڑا گلاس ٹیبل پر مارتے توڑ چکی تھی۔اس سے پہلے کہ وہ اسے اپنی کلائی پر چلاتی وہ تیزی سے اس سے چھین چکا تھا جس سے اسکے ہاتھ پر گہرا زخم آیا لیکن اسنے پرواہ نہیں کی۔

کیا کر رہی ہو پاگل ہو گئی۔حرام موت مرنا چاہتی ہو۔۔وہ گلاس دور پھینکتے چلایا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں مرنا چاہتی ہوں کیا کروں جی کر بتاؤ کیا کروں کیسے جیوں۔ ایک عزت سنبھال سنبھال کر رکھی وہ بھی ان مردوں کے سامنے عیاں ہو گئی۔ انہوں نے مجھے پاک نہیں رہنے دیا ناپاک کر دیا میرے وجود کو۔ ایک لالا ہیں جنہوں نے کبھی پرواہ نہیں کی۔ پرواہ کی ہے تو صرف عزت اور غیرت کی اب وہ نا رہی تو وہ مجھے زندہ رکھ کے کیا کریں گے۔۔ وہ دھاڑی تھی۔

م۔ میں ہوں نا۔ میں تمہیں اپنے پاس رکھوں گا۔ وہ بنا سوچے سمجھے بولا تھا۔

زرقہ نے تھم کے اسے دیکھا۔

ا۔ اپ۔۔ لب ہلکے سے پھڑ پھڑائے۔

رکھیل بنا کر رکھیں گے۔۔ وہ شبنمی آنکھوں سے اسے دیکھتے بولی۔

شٹ اپ۔ جسٹ شٹ اپ۔۔ وہ سرخ چہرے سے غرایا۔

وہ سہم کر دیوار سے جا لگی۔

نکاح کر لیں مجھ سے۔۔ ہچکی لیتے کہا۔

م۔م۔ میں ساری زندگی آپکی غلام بن کر رہوں گی۔ آپ مجھے بے شک اپنے گھر کی نوکرانی بنا لینا اپنی مرضی سے شادی کر لینا اگر کر چکے ہیں تو بس مجھے اپنے نکاح میں لے لیں لیکن گھر میں نوکرانی بنا کر لے جایئے گا۔۔ سسکیوں سے روتے کہا۔

ابراہیم منہ پر ہاتھ پھیرتے بگڑے تنفس سے اسے دیکھنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر وہ اسے قہر برساتی نظروں سے دیکھتا رہا پھر بنا کچھ کہے تیز قدموں سے باہر کی طرف بڑھ گیا۔

زرقہ دیوار کے ساتھ نیچے بیٹھتے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

رونے کے علاوہ وہ کر ہی کیا سکتی تھی۔

وہ ہنوز اسی پوزیشن میں بیٹھی تھی لیکن اب رو نہیں رہی تھی۔ خالی خالی نظروں سے دیوار کو دیکھ رہی تھی جب دستک کی آواز پر چونکی۔

دل دھڑکا تھا۔

تبھی وہ اندر آیا۔ اسے دیکھے بغیر وہ کبڈ کی طرف مڑا اور اپنی شال نکالتے بیڈ پہ پھینکی۔

اوڑھو اسے باہر نکاح خواں آئے ہیں۔۔ سرد لہجے میں کہا۔

وہ بے یقینی سے اسے دیکھنے لگی۔

سنائی نہیں دے رہا تمہیں۔۔ اسے وہیں بیٹھے دیکھ وہ دھاڑا تھا۔

وہ اسکی دھاڑ سے اچھلتی اسکی شال اوڑھتے خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

چلو۔۔ مطمئین ہوتے وہ دروازے سے باہر نکلتا چلا گیا اسکی تقلید میں وہ بھی نکلی تھی۔

چہرہ مکمل چھپائے وہ کانپتے ہاتھوں سے اسکی شال جکڑے مرے مرے قدم اٹھاتے اسکے پیچھے آئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

بیٹھو۔۔صوفے کی طرف اشارہ کرتے کہا۔

وہ ہراساں نظروں سے اس پاس بیٹھے مردوں کو دیکھتی صوفے پر بیٹھی تھی۔وجود ایسے کانپ رہا تھا جیسے ابھی گر جائے گی۔

اور پھر کچھ ہی دیر میں وہ ہمیشہ کے لیئے ایک انجان شخص کے ساتھ بندھ گئ تھی۔

اسے نکاح کے دوران پتہ چلا تھا کہ وہ شاہ ہے اور شاہوں کے بارے میں جو اسنے سن رکھا تھا دل کہیں نا کہیں مطمئن ہوا تھا۔

نکاح کے بعد اسے فوراً سے ابراہیم نے اندر بھیج دیا۔

تقریباً آدھے گھنٹے بعد وہ واپس کمرے میں آیا تھا۔

وہ بیڈ پہ بیٹھی کسی گہری سوچ میں گم تھی جب وہ کنھارا۔

وہ چونکی تھی۔ابراہیم کو دیکھتے وہ سیدھی ہوئی۔

یہ لو چینج کر لو۔ان لائین منگوایا ہے شائید کچھ بڑا یا چھوٹا ہو تو ایڈجسٹ کر لینا۔جلدی کرو ہمیں ابھی یہاں سے نکلنا ہے۔۔سنجیدگی سے کہتے دو بیگز اسکی طرف بڑھائے۔

وہ کانپتے ہاتھوں سے بیگ تھامتی تشکر سے اسکی پشت دیکھتے چینج کرنے چلی گئ۔

Posted On Kitab Nagri

کپڑے اسے بلکل صحیح تھے نا چھوٹے نا بڑے تنگ نہیں تھے& ;nbsp تھوڑے کھلے تھے لیکن وہ مطمئن تھی۔ سادہ سے کمیض شلوار کے ساتھ بڑا سا ڈوپٹہ تھا جسے وہ سر پہ اوڑھتی ابراہیم کی شال اپنے گرد لے گئ۔

کیونکہ اسے شدید ٹھنڈ لگ رہی تھی کہ اسکے دانت بجنے لگے تھے۔

وہ کچھ دیر بعد آیا کبڈ سے اپنا سامان نکالا بیگ میں ڈالا اور اسے لیے اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گیا۔

وہ خوفزدہ سی اسکے پہلو میں بیٹھی تھی۔ ایک چور نظر اس پر بھی ڈال لیتی جو سنجیدہ چہرے سے ڈرائیو کر رہا تھا۔

وہ اسکا سنجیدہ چہرہ دیکھتے تھوک نگلتے سیٹ سے سر ٹکاتے آنکھیں موند گئ۔

ابراہیم ایک نظر اسے دیکھتا پھر سے واپس ڈرائیونگ پر دھیان مرکوز کر گیا۔

دوبارہ جب اسکی آنکھ کھلی تو وہ تب بھی ڈرائیو کر رہا تھا لیکن اب باہر شام کے اندھیرے پھیلے تھے۔

وہ حیرت سے باہر دیکھنے لگی کیا وہ اتنی دیر سوتی رہی تھی۔

حیرت سے سوچتے اسنے ابراہیم کو دیکھا جسکے چہرے پر تھکن واضح تھی۔ وہ یقیناً اتنی لمبی ڈرائیو سے تھک چکا تھا۔

افف کتنا سفر رہتا ہے۔۔ بھوک سے بے حال ہوتے سوچا۔

پیچھے کھانا رکھا ہے کھالو۔ ابراہیم کی سنجیدہ آواز سنتے وہ اچھلی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن وہ توجہ سے ڈرائیونگ کر رہا تھا۔

وہ کچھ دیر سینے پر ہاتھ رکھے اسے دیکھتی رہی پھر پچھلی سیٹ پر جھانکتے وہاں سے پیکٹ اٹھالیا۔

اندر دو سینڈوچ تھے جو کہ نیم گرم تھے شائید کچھ دیر پہلے ہی لیے ہونگے۔ سوچتے وہ سینڈوچ کھانے لگی۔

شئیرنگ کا پتہ ہے کیا ہوتی ہے۔۔ وہ ایک سینڈوچ کھا چکی تو ابراہیم نے ائیں رو اچکاتے اسے دیکھتے کہا۔

وہ شرمندہ سی ہو گئ۔

دوسرا آدھا کھایا سینڈوچ اسکی طرف بڑھایا جسے وہ اسکے ہاتھ میں تھامے ہی جھک کر چھوٹی سی بائیٹ لے گیا۔

بس کھالو اب تم۔۔ نوالہ نگلتے کہا۔

وہ حیرت سے اس عجیب سرد، گرم سے انسان کو دیکھنے لگی۔

لیکن خیر اسے بھوک لگی تھی اس لیے سینڈوچ سے بھرپور انصاف کیا۔

کافی گھنٹے ہو گئے تھے انہیں مسلسل ڈرائیو کرتے۔ اب تو باہر رات بھی اپنے پر پھیلا گئ تھی۔

تقریباً رات کے نو بجے کے قریب اسکے ایک عالی شان بنگلے کے سامنے گاڑی روکی تھے۔

وہ تھکن سے چور وجود سے اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

جب اسنے ہارن دیا تو گارڈ نے گیٹ کھولا۔

وہ اب سیدھی ہوتی آنکھیں چھوٹی کرتے بغور اس بنگلے کے اونچے ستونوں کو دیکھ رہی تھی

ابراہیم گاڑی روکتا اسے دیکھنے لگا جو انہماک سے اطراف کا جائزہ لینے میں مصروف تھی۔

یقیناً وہ ویل ایوجوکیڈیٹ لڑکی تھی جسمیں کانفیڈینس انتہا کا تھا۔

وہ سوچتا گاڑی سے باہر نکل گیا تو وہ چونکی تھی۔

او۔۔۔اسکی طرف کا دروازہ کھولتے اسے باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔

وہ جھجھکتی باہر اگئ۔

نظیر گاڑی پارک کر دینا۔۔بھاری لہجے میں دور کھڑے ملازم سے کہتے وہ اسکا ہاتھ تھامتا آگے بڑھتا چلا گیا۔

وہ کٹی پتنگ کی طرح اسکے ساتھ کھینچتی چلی جارہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام و علیکم!!

شاہ ولا میں اس وقت سب لوگ کھانے کے بعد چائے کے لئیے بیٹھے تھے جب اسکی بھاری آواز سنتے چونکے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

واعلیکم السلام !!شکر اللہ کا میرا بچہ صحیح سلامت لوٹ ایا۔وشہ تیزی سے اسکی طرف بڑھتے نم لہجے میں بولتے اسکی سینے سے لگی تھی۔

کوئی ماں سے بھی یوں ناراض ہوتا ہے۔شکوہ کناہ لہجے میں کہتے وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

زرقہ کی کلائی پر اسکی گرفت ڈھیلی پڑی تھی۔وہ اسکا بازو چھوڑ تا وشہ کو اپنے حصار میں لے گیا۔

ایم سوری ماما۔۔آہستہ سے کہتے وہ اسکے سر پر لب رکھتا آنکھیں موند گیا۔ایک خاموش آنسو ٹوٹتا وشہ کے بالوں میں جزب ہوا تھا۔

بس بھی کرو وشہ بیٹا گھر لوٹا ہے اتنے ماہ بعد اب آنسوں سے اسکا استقبال کرو گی۔ماہم اپیا نے نرمی سے اسے ٹوکا۔

نہیں میں تو اپنے بیٹے کی نظر اتارتے خدا کو شکر کروں گی۔۔وہ اسکا ماتھا چومتے برائے لہجے میں بولی۔

زرقہ سہمی نظروں سے ان سب کو دیکھتی ابراہیم کے پیچھے چھپی کھڑی تھی۔

بابا۔۔وہ وشہ کے پیچھے کھڑے عادی کو دیکھتا شبنمی لہجے میں بولا۔

وشہ پیچھے ہٹ گئی کہ باپ بیٹے اپنے اختلافات کلئیر کر لیں۔

عادی دو قدم لیتا اسکے سامنے آیا۔کچھ دیر دونوں باپ بیٹے نے ایک دوسرے کو دیکھا اگلے ہی پل عادی کا تھپڑ اسکا گال دہکا گیا۔

عادی۔۔وشہ نے دہل کر اسے دیکھا۔باقی سب بھی حیرت سے اسے دیکھنے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

زرقہ منہ پر ہاتھ رکھے تھر تھر کانپ رہی تھی۔

یہ سب کیا ہو رہا تھا کیا انکے نکاح کا سب کو پتہ چل گیا ہے۔لرزتے ہوئے سوچا۔

آئیندہ اگر تمنے اس گھر سے ایک قدم بھی مجھے بتائے بغیر نکالا تو ٹانگیں توڑ دوں گا تمہاری۔وہ غرا کر کہتا اسے خود میں بھینچ گیا۔

ابراہیم بے ساختہ مسکرا دیا۔

باقی سب کے چہروں پر بھی سکون پھیلا تھا۔

وہ اب عادی کے بعد باقی سب سے ملنے لگا جب ایزل کی چیخ پر سب چونکے تھے۔

ایزل کیا ہوا۔۔مہر نے گھبرا کر پوچھا۔

اپھو لڑکی۔۔وہ صدمے سے ابراہیم کے پیچھے کھڑی لڑکی کو دیکھتے چیخی تھی۔

اسکے اشارہ کرنے پر سب کی نظریں اس وجود پر اٹھی تو اس بار حیرت کا جھٹکا سب کو لگا تھا۔

ابراہیم کون ہے یہ۔۔وجدان بھائی نے سنجیدگی سے پوچھا۔

زرقہ سبکی نگاہیں خود پر محسوس کرتے کانپنے لگی۔

میری بیوی ہے۔۔وہ اسے اپنے نرمی سے اپنے حصار میں لیتا بولا۔

حیرت کا جھٹکا تو سب کو اب لگا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

تمہارا دماغ ٹھیک ہے کیا بکواس کر رہے ہو۔ پھر سے کچھ نیا کرنے کا دل کیا ہے تمہارا کوئی نیا تماشہ۔۔ عادی غصے سے بولا۔

بابا میں کوئی کھیل نہیں کھیل رہا۔

زرقہ میری بیوی ہے۔۔وہ سنجیدگی سے بولا۔

ایزل، انوشے بچی کو کمرے میں لے جاو۔۔ماہم اپیا نے کہا تو وہ دونوں سر ہلاتے آگے بڑھتے زرقہ کو تھامتی اوپر لے گئیں۔

وہ ابراہیم کے اشارہ کرنے پر ڈرتے ڈرتے انکے ساتھ قدم بڑھاتی گئ۔

یہ سب کیا ہے ابراہیم۔وشہ نے بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

میں سب بتاتا ہوں آپ لوگ پلیز مجھے بولنے کا موقع تو دیں۔۔وہ التجائیہ بولا تھا۔

بتاؤ پھر کیا ہوا ہے کون ہے یہ لڑکی۔ہم سب جاننا چاہتے ہیں۔مرتسم نے کہا تو وہ سب کو ایک نظر دیکھتا انہیں بتانے لگا۔

اسنے پوری بات ہی گول کر دی تھی کہ اسے وہ کس حالت میں ملی تھی۔بلکہ اسکی جگہ وہ بات گول کر گیا تھا کہ وہ راستے پر بے ہوش ملی تھی تو وہ اسے ہوسپٹل لے گیا رات بھر وہ وہاں ایڈمیٹ رہی۔ صبح جب وہ اسے اسکے گھر لے کر گیا تو اسکا بھائی اسے اپنانے کو تیار نہیں تھا الٹا وہ ابراہیم سے اسے جوڑ رہا تھا۔

وہ اسکی وجہ سے بدنام ہو رہی تھی اس لیے اسنے اس سے نکاح کر لیا۔

Posted On Kitab Nagri

اتناسب ہو گیا اور تمنے ایک فون تک کرنا گوارا نہیں کیا۔مہر نے ناراضگی سے اسے دیکھا۔

میں چاہتا تھا سب کو ایک ہی بار خود بتادوں۔۔وہ نرمی سے بولا۔

ماما اب ایسے تو مت دیکھیں مجھے ویسے بھی شادی تو کرنی ہی تھی نا۔وہ وشہ کی بھیگی نگاہیں دیکھتا بے بسی سے بولا۔

ابراہیم کیا وہ بچی یہ سب ایکسیپٹ کر پائے گی۔جو کچھ بھی ہوا ہے کسی بھی لڑکی کے لیئے برداشت کرنا کوئی عام بات تو نہیں۔۔مہر فکر مندی سے بولی۔

اب اسنے ہاتھ تھاما ہے تو نبھائے گا بھی۔وشہ نے شکوہ کناہ لہجے میں کہا۔

ماما آپکو کوئی اعتراض تو نہیں ہے نا۔۔وہ وشہ کے ہاتھ تھامتا بولا۔

مجھے اس بچی سے کوئی اعتراض نہیں ہے ابراہیم کیونکہ یہ زندگی تمہاری ہے تمہیں گزارنی ہے یہ تمہارا فیصلہ ہی ہونا چاہیئے لیکن یہ طریقہ بہت غلط ہے۔۔وہ صاف گوئی سے بولی۔

وقت اور حالات ہی ایسے تھے ماما یہ قدم اٹھانا پڑا۔۔وہ تھکی سی سانس خارج کرتا بولا۔

ماما۔۔انوشے کی آواز پر سب نے سر اٹھاتے اسے دیکھا سوائے اسکے۔

وہ سر تو جھکائے ہوئے تھا ساتھ نظریں بھی جھکا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ماما حازق بھائی کا فون آیا تھا وہ کہہ رہے ہیں ایزل آپی کو میڈیسنز دے دیں انکی۔وہ سب کی نظریں خود پر محسوس کرتے کنفیوز سی بولی۔

تم چلو آرہی ہوں میں۔مہر نے کہا تو وہ سر ہلاتے تیزی سے وہاں سے چلی گئ۔

نام کیا ہے تمہارا۔۔ایزل نے بغور اسکے تیکھے نقوش دیکھتے کہا۔

جبکہ زرقہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔اسنے اپنے حسن کے چرچے تو بہت سنے تھے لیکن سامنے بیٹھی لڑکی کے آگے اسے اپنی خوبصورتی بھی کم پڑتی محسوس ہوئ۔

وہ پریگنیٹ تھی لیکن اپنے وجود کو بڑی سی چادر میں چھپائے ہوئے تھی اسکے باوجود اسکی خوبصورتی میں زرا برابر جو کوئ کمی ہو۔زرقہ نے سن رکھا تھا کہ پریگننسی میں عورتوں کے چہرے پر کافی داغ دبے بن جاتے ہیں،رنگ پھیکا پڑ جاتا ہے لیکن سامنے کھڑی لڑکی تو اسکا الٹ ہی تھا۔

بلکہ اسکے چہرے پر چمکتی ممتا کی چمک اسے حد سے زیادہ خوبصورت بنا رہی تھی۔

کیا تم بول نہیں سکتی۔۔ایزل اور روشانے نے حیرت سے اسے خاموش دیکھ پوچھا۔

ن۔نہیں بولتی ہوں۔۔وہ سٹپٹاتے تیزی سے بولی۔

او شکر ہے ورنہ میری دیورانی اور وہ بھی گونگی۔۔ایزل جلدی سے بولی تو زرقہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

اچھانام کیاہے تمہارا۔۔روشانے تاسف سے ایزل کو دیکھتے نرمی سے بولی۔

زرقہ۔۔وہ ہچکچاتے بولی۔

سہی ہو گیااب تم مجھے یہ بتاو کہ۔وہ مزید اسکاانٹرویو کرتی کہ انوشے اسکافون لیے بھاگتی ائی۔

آپی حازق بھائی کافون ہے۔وہ اسکی شکل دیکھتے معصومیت سے بولی۔

ایزل نے کڑواسامنہ بنایا۔وہ تین چار گھنٹے پہلے ہی تو گیا

تھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھاہوا دنیاتک پہنچاناچاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

یقیناً اب اسنے میڈیسنز کا یاد دلانے کے لئیے فون کیا تھا۔

ہاں بولوں میر۔۔فون کان سے لگاتے وہ آئینے کے سامنے آتی اپنے بال سہی کرنے لگی۔

کیسی طبعیت ہے جنگلی بلی۔۔وہ بلوٹوتھ کان میں لگائے اس سے بات کر رہا تھا جبکہ ہاتھ تیزی سے لیپٹاپ پر چل رہے تھے۔جو کہ کسی کی لوکیشن تلاش رہے تھے۔

بلکل بھی ٹھیک نہیں ہے میر مجھے بہت چکر آرہے ہیں اور مجھے براؤنیز کھانے کا بھی بہت دل کر رہا ہے۔۔وہ آواز کو ہلکا سا کرتی معصومیت سے بولی۔

انوشے اور روشانے کو تو اسکی حرکتوں کا پتہ تھا لیکن زرقہ حیرت سے اس انوکھی سی مخلوق کو دیکھ رہی تھی جو اب اپنی لپسٹک اور ڈارک کر رہی تھی۔

کیا ہوا ڈارلنگ صبح تو تک تو بلکل ٹھیک تھی۔وہ چونکا تھا۔

لیکن ابھی نہیں ہے نا تم آجاؤ گھر پلیز مجھے بلکل بھی اچھا فیل نہیں ہو رہا۔۔وہ فوراً سے آواز میں نقاہت لاتے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

حازق پریشان ہوا تھا۔ اچھا تم اپنی میڈیسنز لو میں ماما سے کہتا ہوں تمہیں براؤنیز بھی منگوا دیتی ہیں میں آرہا ہوں گھر۔۔وہ کام وائینڈاپ کرتا گاڑی کی چابیاں اٹھاتا باہر کی طرف بڑھتا بولا۔

جلدی آنا پلیز اور براؤنیز بھی تم ہی لے کر آنا۔ میں میڈیسنز لے لیتی ہوں۔۔دھیمے لہجے میں کہا۔

اوکے ڈارلنگ میڈیسنز لو آرہا ہوں میں۔۔وہ کہتا کال کاٹتا فون سیٹ پر پھینکتا گاڑی بھگا لے گیا۔

شرم کریں ایزل آپی آپ ہمیشہ ہے حازق بھائی سے یونہی جھوٹ بول کے گھر بلاتی ہیں۔ انوشے نے تاسف سے اسے دیکھا جبکہ زرقہ تو ابھی تک قدمے میں تھی کہ آخر سامنے کھڑی لڑکی چیز کیا ہے۔

اب دیکھنا کیسے پندرہ منٹ میں میر یہاں ہو گا۔ میں تو چلی اپنے شوہر کا ویلکم کرنے تم لوگوں جلو ہنہ۔۔ وہ بال جھٹک کر کہتی دروازے سے باہر نکل گئ۔

انوشے اور روشانے نفی میں سر ہلاتے اسکی پشت دیکھ کر رہ گئ جبکہ زرقہ کو اب اسکے شوہر بے چارے پر ترس آرہا تھا کہ کس بلا کے ہتھے چڑھ گیا۔ لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ بلا تو اسکا شوہر تو جو اسکی اسکی جان کو چمٹنے والا تھا۔

ایزل اور حازق ایک ماہ پہلے ہی اسلام آباد اچکے تھے۔ ایزل کی پریگننسی کی وجہ سے حازق نے بہت مشکلوں سے اپنی پوسٹنگ یہاں ہیڈ کواٹر میں کروائی تھی۔ اسکی پچھلی اچھی کارکردگی کو دیکھتے اسکی درخواست قبول کرلی گئ اور وہ لوگ اسلا آباد آگئے۔

Posted On Kitab Nagri

یہاں پر حازق کا کام بہت کام تھا لیکن اتنا کم بھی نہیں۔ لیکن مجال ہے جو ایزل اسے وہ بھی کرنے دے۔

وہ سارا ٹائم اسے اپنے پاس ہی چاہتی تھی یونہی وہ ڈیوٹی پہ جانے کا نام لیتا وہ فوراً آنکھوں میں آنسو لے آتی تو کبھی چکر کھاتے بے ہوش ہو جاتی، کبھی اسکا دل خراب ہونے لگتا۔ شروع شروع میں حازق بہت پریشان ہوا تھا لیکن پھر اسکی نوٹنکیاں اچھے سے سمجھ گیا تھا لیکن پھر بھی وہ جب ایسے کرتی تو حازق کو اس پر ٹوٹ کے پیار آتا تھا۔ جاننے کے باجود وہ ناٹک کر رہی ہے وہ رک جاتا تھا اگر چلا جاتا تو وہ پیچھے سے فون کر کے اسے یونہی کچھ نا کچھ کہہ کے پریشان کرتی واپس بلا لیتی تھی۔

اب تو سب لوگ ہی جان گئے تھے اسکی نوٹنکیاں۔ لیکن حازق کے خاموشی سے واپس آجانے پر حیران بھی ہوتے تھے کہ کیا یہ وہی حازق میر تھا جو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتا تھا لیکن اس بار وہ مکھی پوری کی پوری اس پر غالب اچکی تھی اور وہ اس چھوٹی سی مکھی کے قبضے میں تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام و علیکم!! تقریباً پچیس منٹ کی ریش ڈرائیونگ کے بعد وہ شاہ ولا میں موجود تھا۔

واعلیکم السلام!! تم اتنی جلدی آگئے۔ مہر نے حیرت سے اسے دیکھا۔

جی ماما کام کم تھا اسلیے جلدی آگیا۔ وہ ابراہیم سے ملتا بولا۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا چلو فریش ہو جاو میں کھانا لگواتی ہوں۔۔وہ اسکے ہاتھ میں بیگ دیکھتے سمجھ چکی تھی کہ ایزل نے ہی پھر سے کوئ شرارت کی ہو گی۔

تاسف سے سوچتی اسکے لیئے کھانا گرم کرنے چلی گئ۔

حازق فل حال زرقہ والی بات سے انجان تھا اسلیے ابراہیم سے مل کے وہ اپنے کمرے میں چلا گیا۔

دروازہ لاک کرتے متلاشی نگاہیں اسکی تلاش میں دوڑائیں لیکن وہ کمرے میں تو نظر نہیں ائ۔

شرٹ کے بٹن کھولتے وہ ابھی باتھ روم چیک کرنے کے لیئے آگے بڑھا ہی تھا کہ وہ ڈریسینگ روم سے نکلتی باہر آئ تھی۔

میر۔۔اسے دیکھتے وہ کھل اٹھی۔

تم سچی میں اگئے۔۔دھیمے قدموں سے اسکے قریب آتے خوشی سے کہا۔

وہ اسکے پاؤں پر پاؤں رکھ کے کھڑی ہوتی اسکے گلے میں بازوں حائل کرتے اسکے گال پر لب رکھ گئ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیسے اسکے ڈیوٹی سے واپس آنے کے بعد کرتی تھی۔وہ روز یونہی اسکے سینے سے لگتے اسکا استقبال کرتی تھی۔

کیسی طبعیت ہے اب۔۔وہ اپنے ٹراوزر شرٹ میں چھپے اسکے بھرے بھرے وجود کو بانہوں میں بھرتا فکر مندی سے بولا۔

Posted On Kitab Nagri

ایزل جانتی تھی جب وہ کمرے میں آجائے تو پھر اسے باہر نہیں جانے دے گا اس لیے وہ اسکے آنے کے ٹائم پر کمرے میں ایسی ہی اسی کی شرٹ ش ٹراوزر پہنے رکھتی تھی۔

بلکل بھی ٹھیک نہیں ہے میر۔اسکے سینے پر سر رکھتے فوراً سے آنکھوں میں نمی لیے کہا۔

کیوں کیا ہوا۔دل گھبرا رہا ہے یا کہیں پین ہو رہا ہے۔۔وہ صوفے پر بیٹھتا اسے اپنی گود میں بٹھاتا چونک کر بولا۔

نہیں لیکن مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے۔میر مجھے اتنی بھوک لگتی ہے لیکن مجھے سمجھ نہیں آتا کہ میں کھاؤں کیا۔اپنی فیورٹ چیزیں دیکھ کر بھی میرا دل نہیں کرتا انہیں کھانے کو میں اتنا کھاتی ہوں میر اتنی موٹی ہو گی ہوں بے بی آنے کے بعد تو میں ڈبل ہو جاوں گی۔۔وہ نچلہ لب باہر نکالے اسے یوں شکائتیں لگا رہی تھی جیسے ان سب میں حازق کا ہی سارا قصور ہو۔۔

حازق اسکے شکووں پر صبر کے گھونٹ بھر کے رہ گیا اسکی باتیں یونہی ہوتی تھی جنکا نا کوئی سر نا پیر۔

لیکن اسکے لب باہر نکالنے والی حرکت پر وہ ضبط نا کر سکا جھک کے وہ نرمی سے اسکے نرم ہونٹوں کو اپنی گرفت میں لے گیا۔

ایزل آنکھیں پھیلائے اسے دیکھنے لگی۔

یہاں وہ بقول اسکے اتنی امپورٹنٹ بات بتا رہی تھی اور اسے رومینس کی پڑی تھی تملاتے سوچا۔

Posted On Kitab Nagri

حازق ہلکی سی شدت اسکے لبوں پر دکھاتا کہ اسکا سانس پھول گیا۔وہ اسے سانس دیتا اسکے نچلے لب پر دانتوں کا دباؤ دیتے چھوڑ گیا۔

سسی۔۔وہ اسکے کندھے پر مکہ مارتے شکوہ کناہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

اب بتاؤ کیا بول رہی تھی۔وہ مسکراہٹ دباتا ٹیبل پر رکھا براؤنیز والا بیگ اٹھاتا بولا۔

میں نہیں بتا رہی اب۔۔ناک چڑھاتے کہا۔

تمنے جھوٹ بولا تھا نا کال پہ۔۔براؤنی کا پیس اسکے ہونٹوں کے قریب کرتے مصنوعی گھورتے کہا۔

اسے برا نہیں لگتا تھا ایزل کا اسے یوں جھوٹ بول کر بلانا۔ایزل کو اسپر جو مان تھا کہ وہ یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ جھوٹ بول رہی ہے پھر بھی آئے گا یہی مان وہ خود پر چاہتا تھا اور یہی مان اسے رکھنا تھا۔

ہاں تو میرا شوہر ہے میں جب مرضی بلواوں۔۔

اسکے رخساروں پر ہتھیلیاں جماتے روعب سے کہا۔

حازق بے ساختہ اسکی ہتھیلیاں چوم گیا۔

وہ کھکھلا دی۔۔

تبھی دروازہ نوک ہوا۔

وہ ایزل کو صوفے پر بٹھاتا دروازے کی طرف بڑھا۔

مہر نے انکے لیئے کھانا بھجوایا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ میڈ سے کھانا لیتا دروازہ بند کرتا اسکی طرف مڑا جو اب بچوں کی طرح منہ اور ہاتھ گندے کیے براؤنیز کھا رہی تھی۔

وہ تاسف سے اسے دیکھتا پہلے خود فریش ہونے چلا گیا۔

چینج کرتے بعد میں اسکے ہاتھ اور منہ دھلوایا اور پھر اسے کھانا کھلایا۔جانتا تھا وہ اب تک بھوکی ہی ہو گی اسکے بغیر وہ اب کھانا نہیں کھاتی تھی۔

میر۔۔وہ اسکی میڈیسنز نکال رہا تھا جب وہ اسے پکارتی اپنے بازو وا کر گئ۔

حازق چونک کر اسے دیکھتا بازوں میں اٹھا گیا۔

تھینکیو سو مچ میر۔میں تمہیں اتنا تنگ کرتی ہوں پھر بھی تم میری اتنی کیئر کرتے ہو۔

آئ لو یو سو مچ۔۔اسکے گال پر ہاتھ رکھتے محبت سے کہتے وہ اسکے ہونٹوں پر اپنے مخملی لب رکھ گئ۔۔

وہ اسکا اتنا خیال رکھتا تھا بدلے میں اتنا تو ڈیوز رو کرتا تھا۔

حازق نے اسے پیچھے نہیں کیا لیکن اسے رسپونس بھی نہیں دیا۔

ایزل کو وقت بے وقت اس پر پیار آتا رہتا تھا لیکن اب اگر وہ اسے رسپونس دیتا تو جانتا تھا نا چاہتے ہوئے بھی شدت دکھا جائے گا جو اب وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

اس لیے نرمی سے اسے بیڈ پر لٹاتا بلینکیٹ ٹھیک کرنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

تم آرام کرو مجھے ایک کال کرنی ہے میں آتا ہوں۔ اسکے ماتھے پر بوسہ دیتے وہ کہتا لائیٹس اوف کرتا بالکونی میں چلا گیا۔

ایزل جانتی تھی وہ پندرہ۔ منٹ سے زیادہ نہیں لے گا اس لیے آرام سے آنکھیں موند گئ۔

بلکل پریشان ہونے کی یا ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اب تو ہم لوگ ہی تمہارے اپنے ہیں اور یہ صرف کہنے کے لیئے نہیں ہیں اپنو کا مطلب سمجھتی ہو نا۔

ماہم پیار سے اسے سمجھاتے بولیں۔

وہ شبنمی آنکھوں سے انہیں دیکھتی اثبات میں سر ہلا گئ۔

ویری گڈ۔ یہاں پر سب تمہاری ہم عمر ہیں لیکن تعارف صبح کروائیں گے ابھی بہت رات ہو گئ ہے آرام کرو۔۔ وشہ نے نرمی سے کہا تو باقی سب بھی اسے دعائیں دیتے کمرے سے نکلتے چلے گئے۔

ان سب کے نکلتے ہی وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں۔ کیا یہ لوگ سچ میں ایک دوسرے سے اتنا پیار کرتے ہیں۔

اسنے ابھی ایک لڑکی کو ابراہیم کے کندھے سے لگے دیکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس سے شائید ناراض تھی خفگی اسکے چہرے سے عیاں تھی ابراہیم بار بار اسکا سر چومتے اسے کچھ کہتا تو وہ کھکھلا کر ہس دیتی اور وہ جان وارتی نگاہوں سے اسے دیکھتا۔

ایسے بھی تو بھائی تھے۔یہ سوچتے اسے اور شدت سے رونا آیا۔

رو رو کر بھی جب دل بھر گیا تو اپنے زخموں میں اٹھتی ٹھیسوں پر سسکیاں نکلی تھیں۔

اسکے وجود کے گھاؤ اتنے زیادہ گہری نہیں تھے لیکن اتنے بھی چھوٹے سے نہیں تھے کہ ایک دن میں ٹھیک ہو جاتے۔

چہرے پر لگے نشان تو مٹ گئے تھے لیکن ہونٹ کا زخم ابھی بھی تازہ تھا۔

وہ ایک نظر پوری کمرے پر دوڑاتی مطمئین ہوتی آئینے کے سامنے ائی۔

مہرا سے کچھ ڈریسز دے کر گئ تھی جو بلکل نیو تھے وہ سوچ رہی تھی کہ چینج کر لے۔

اسنے چادر اتارتے بیڈ پر رکھی اور ڈوپٹہ بھی اتار دیا۔

اپنی گردن پر خراشیں دیکھتے اسکا دل چاہا وہ چیخ چیخ کر سب کو بتائے کہ مرد کتنا بڑا جانور ہے بلکہ وہ تو جانور کہلانے کے بھی لائق نہیں ہے۔لیکن پھر دوسری طرف مرد کا دوسرا روپ دیکھتے اسکا دل کرتا کہ وہ رو رو کر اپنے رب کا شکر ادا کرے کہ اسنے اسکے لیئے ایسا محسن چنا۔

ایک محتاط نظر کمرے میں دوڑاتے اسنے اپنی کمر پر ہاتھ لے جاتے زپ کھسکائی۔

Posted On Kitab Nagri

کانپتے ہاتھوں سے کندھوں سے شرٹ کھسکائی تو اپنے شفاف کندھوں پر زخموں کے نشان دیکھتے اسے خود سے گھن سے ائی۔

آہہہ کیسے زندہ ہوں میں تین تین مردوں نے مجھے نیم برہنہ دیکھا ہے مجھے اپنے غلیظ ہاتھوں سے چھوا ہے کیسے کیسے پھر بھی زندہ ہوں میں۔۔وہ شرٹ مزید کھسکاتے اپنے سینے پر اور کمر پر بھی نشان دیکھتے خود پر ہنسی تھی۔

اسکا پورا جسم ہی تو داغدار تھا ان درندوں کی درندگی سے۔۔

اس سے پہلے کہ وہ یونہی کھڑے شرٹ اپنے وجود سے ہی اتار دیتی کلک سے دروازہ کھلا اور پھر لاک ہوا

۔

وہ ساکت رہ گئ جیسے جسم میں جان نہیں بچی تھی۔شرٹ میں الجھا ہوا وہیں رک گیا آنکھوں کی پتلیاں بھی وہیں ساکت ہو گئیں۔

ابراہیم اس وجود سے انجان روز کی طرح کمرے میں داخل ہوتا دروازہ لوک کرتا یونہی پلٹا سانسیں اسکی بھی اٹکی تھیں۔

اسکے برہنہ کندھوں اور کمر کو دیکھ کر نہیں ان پر لگے زخموں کو دیکھ کر۔

زرقہ ہوش میں آتی تیزی سے پلٹتے دیوار سے جا لگی اسکا وجود بری طرح سے کپکپانے لگا۔

عارض شرمندگی اور شرم سے سرخ گلاب ہوئے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں تو بہت زخم آئے ہیں تمنے بتایا کیوں نہیں۔۔وہ پریشانی اور فکر مندی سے بولتا اسکی طرف ایا۔

زرقہ شرٹ کندھوں سے تھامتے حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

چپ کیوں ہوں زبان ہے نا چلتی بھی ہے تو تب سے بولا کیوں نہیں۔۔وہ اب سختی سے اسے ڈپٹ رہا تھا۔

زرقہ شبنمی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی جو کبڈ کھنگالتا پتہ نہیں کیا ڈھونڈھ رہا تھا۔

پلٹو۔۔اسے اتنے برے طریقے سے کانپتے دیکھ بھی وہ اگنور کرتا سنجیدگی سے بولا۔

